البیان فی علوم القرآن

مقدمہ

تفسیر حقانی

تصنیف

مولانا عبدالحق حقانیؒ

toobaa-elibrary.blogspot.com

اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَامُ

دین تو خدا کے نزدیک اسلام ہی ہے

ضرورت چاہتی تھی کہ بمقابلہ سائنس اور فلسفۂ حال اسلام اور قرآن کے اصول نظریات

وعملیات (خدا تعالیٰ کی ذات وصفات۔ فرشتہ۔ مرنے کے بعد روح کا باقی رہکر بغیر تناسخ ایک دوسرے عالم میں جزا وسزا پانا۔ ثواب عذاب قبر جنت ودوزخ نبوت والہام۔ نبی کی وحانی قوت معجزہ وغیرہ) کو برہان سے ثابت کرکے جملہ شکوک و شبہات کا رد کر دیا جاوے۔ اور جملہ مذاہب کا اصلی حال بیان کرکے ان کے باطل ہونا کافی مسائل سے ثابت کر دیا جاوے کہ وہ مذہب جو انسان کو جاودانی زندگی کا رشتہ بتاتا ہے وہ صرف اسلام ہی ہے۔ اور جسقدر قرآن اور نبی علیہ السلام کے اصول ومسائل اسلامیہ مخالفوں نے اعتراضات کرکے اسلام کی روشنی پر پردہ ڈالا ہے اسکو جواب تحقیقی الزامی وتیکر اٹھا دیا جاوے۔ للہ الحمد کہ ایسی کتاب جو ان سب باتوں کو حاوی اور زمانہ حال کی ضرورتوں کو کافی ہو

البیان فی علوم القرآن

۲۴ جلد

اسکے مصنف علامہ دہلوی ابو محمد عبدالحق صاحب حقانی نے اس کتاب میں قرآن کے علوم اور انکے طرز بیان اور دلکش انداز کی تشریح کرتے ہوئے فصاحت بلاغت مجاز استعارہ۔ کنایہ۔ تشبیہ تمثیل وغیرہ امور پر بھی محققانہ بحث کرکے جہت اعتراضات کو تو سرے سے ہی اڑا دیا۔ اور ثابت کر دیا ہے کہ معترض نے اصل مقصد کو سمجھا ہی نہیں اور سیر مصطلحات قرآنیہ اور ناسخ ومنسوخ۔ اختلاف قرأت۔ حذف ابدال۔ شان نزول۔ قرآن کی جمع وترتیب محکم ومتشابہ تفسیر وتاویل وغیرہ امور پر بھی بڑی محققانہ بحث کی ہے۔ اور مفسرین اور قرأت کے مقامات بھی بیان کرکے ماواقعوں کو تنبیہ کر دیا ہے کہ ہر تفسیر اسلامیوں کے نزدیک معتبر نہیں نہ ہر ایک طب وایر جو مخالفین کا سرمایۂ اعتراض ہے۔

بعہد میمون حامی اسلام محسن القرآن شاہ دکن اعلیحضرت حضور نواب آصفجاہ میر محبوب علی خان بہادر خلد اللہ ملکہ

باہتمام خاکسار حافظ محمد عبدالستار بیگ

در مطبع ہندی دہلی طبع شد

تعداد جلد ۱۰۵۰ (جملہ حقوق بذریعہ رجسٹری محفوظ ہیں) قیمت پختہ ۴ھ

toobaa-elibrary.blogspot.com



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تبارک الذی نزل الفرقان علی عبدہ لیکون للعلمین نذیرا فسبحان من بعث من عبادہ رسولا ھادیا للناس الی الحق وجعلہ سراجا وھاجا وقمرا منیرا ہ وصلوٰۃ اللہ علیہ وسلامہ وعلی آلہ واصحابہ الناشرین لدینہ وکلامہ المتمسکین باھدابہ الناصرین لسنتہ وکتابہ

اما بعد - قرآن خدا کا وہ نور ہے جو دنیا کو جبکہ وہ اندھیریوں میں سراسیمہ ہو رہی تھی - روشن کرنے کے لیئے فاران کی چوٹیوں سے جلوہ گر ہوا اور آفتاب عالمتاب کی طرح سے روشن ہوتا گیا جسنے تھوڑے سے زمانہ میں دنیا کو مشرق سے مغرب تک روشن کر دیا یہ مکہ کی خشک پہاڑیوں سے چشمۂ رحمت جاری ہوا کہ جس نے عالم کو بہت جلد سیراب کر دیا جسکی رکاوٹ اور بھی اسکے چاروں طرف پھوٹ کر بہنے کا سبب ہوتی گئی کسیکا کوئی بھی حجاب اس آفتاب کی شعاعوں کو مانع نہ آسکا اسنے انسان کو خدائے غیر محسوس کا ایسا وجود مستقل ثابت کر دکھایا کہ جسکی نہ ابتدا ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

نہ انتہا ہے جو نہ کسی شکل میں محدود ہے نہ کسی مکان میں محصور ہے جو فنا اور زوال
اور حدوث کے جملہ دہشتوں سے پاک ہے جو جملہ کمالات کا سرچشمہ ہے اسپر جمیع
اسباب کا سلسلہ تمام ہوتا ہے وہ نہ صرف انہیں چیزوں کا خالق و مالک ہے جو انسانی
حواس سے محسوس ہیں بلکہ جہانتک اسکا ادراک اِس مکدر اور کثیف عالم سے ترقی
کر جائے اور عالم مجردات اور لطائف تک اسکی چشم پر نور دیکھنے لگے اِنکا بھی وہی خالق
اور مالک ہے۔ بلکہ جہانتک اسکے ادراک عقل و کشفی کا طائر تیز پرواز بھی نہ اڑ کر جا کر
انکا بھی وہی خالق و مالک ہے عالم کے جملہ تغیرات اسیکے زبردست ہاتھ کا کام ہے
موجودات میں سے کوئی بھی اسکی خدائی میں شریک اور حصہ دار نہیں بلکہ کسیکا وجود
بھی وجود اصلی نہیں ہے اِس کتاب مبین نے انسان کے لیئے سعادت دارین کی
راہیں بتائیں اسی نے اِسکی قوت نظریہ اور عملیہ کی تکمیل کر دی عقلی ادراک اور سائنس
کے اغلاط جو اسکی ضعف ادراک اور اوہام کی آمیزش سے پیدا ہوتے ہیں واضح
کر دیئے عالم کی ابتدا اور انتہا اور اسکی پیدائش اور ظہور تدریجی کا نقشہ سامنے
رکھدیا انسان کو اسکے سفر وجودی کے منازل کہ یہ کہاں سے آیا ہے اور کہاں جائیگا
اور اسکو مقام اصلی کے لیے اِس عالم میں کیا کیا کرنا چاہیئے۔ صاف صاف بتا دیئے
تہذیب اخلاق تدبیر المنزل سیاست مدن کے علوم بھی اوسنے سکھا دیئے اوسنے
انسانکو اپنی خدائی مہربانی سے محبت اور عشقبازی کے دستورات اور اسرار بھی
تعلیم فرمائے انسان جو پیکر جسمانی کے سبب حیوانوں جیسی زندگی لہو لعب شہوات
و لذات کو پسند کرتا ہے اور اوسی پیکر جسمانی کی وجہ سے ابتدا اُسکا ادراک بھی نہایت
ہی محدود رہتا ہے وہ عالم مکدر کی چیزوں کا ادراک حواس خمسہ سے کرنا ہی جانتا ہے
اِس کتاب مقدس نے اوسکو پاکیزہ زندگانی کرنی بھی سکھادی اور اوسکی ادراک
محدود میں بھی ایک وسیع ترقی پیدا کر دی جس کتاب کی نسبت یہی اِقرار کرتے

toobaa-elibrary.blogspot.com

بن آتی ہے ؎

لا یدرک الواصف المطری خصائصہ ÷ وان یکن سابقا فی کل ما وصفت ÷

ز فرق تا بقدم ہر کجا کہ مے نگرم کرشمہ دامن دل می کشد کہ جا اینجاست

یہ کتاب مقدس اپنی آپ تفسیر ہے اسکے مطالب میں کچھ بھی ایچ پیچ نہیں کہ جنکو بجز اشخاص معدودہ کے اور کوئی نہیں جانتا ہو بلکہ ہر ایک زبان داں عالم وجاہل علی قدر استعداد فہم سمجھ سکتا ہے لیکن (۱) جو لوگ زبان نہیں جانتے وہ تفسیر اور ترجمہ کے محتاج ہیں (۲) اسیطرح اہل زبان بھی بعض مطالب عالیہ کو جو عبارت کی تہ میں مستور ہیں یا عہد نزول قرآن کے معاملات کہ جنکی طرف الفاظ میں اشارے ہیں۔ یا عبارت کے الفاظ میں تقیید و اطلاق عموم و خصوص استعارات و کنایات و مجاز و تشبیہات ہیں انکو بغیر کسی ماہر کے بتائے عمدہ طرح سے نہیں سمجھ سکتے اس لیئے خود پیغمبر علیہ السلام نے بھی آیات کی تفسیر بیان فرمائی اور آپکے بعد صحابہ و اہل بیت نے اور ان کے بعد اُنکے فیض یافتوں نے بھی تفاسیر بیان کیں اور ہر پیدا ہونیوالا جسقدر دقتیں اور ضرورتیں پیش آتی گئیں تفاسیر لکھنی شروع ہوتی گئیں جنکی تعداد ہزاروں تک پہنچتی ہے جنمیں معتبر بھی ہیں اور نامعتبر بھی ہیں اور عدم اعتبار یا فنون روایت و درایت اور علوم عربیہ کے ناواقفیت کے سبب سے ہے یا عمداً خیالات فاسدہ کی قلعی چڑانے اور آیات کے اصلی مطالب کو اولٹ پلٹ کر دینے سے ہے۔

اِس زمانہ میں توفیق الٰہی نے مجھ ناچیز کو بھی زمانہ کی ضرورتوں کا احساس کرا کے تفسیر لکھنے پر مامور فرمایا۔ بحمداللہ تفسیر مکمل ہو کر ہدیۂ ناظرین ہوئی اور زمانہ نے اپنی ضرورتوں کا کافی چارہ گر سمجھ کر ہاتھوں ہاتھ لیا اور آنکھوں سے لگایا اب مسئلہ ہے درد مندان اسلام نے یہ مناسب جانا کہ اسکا انگریزی وغیرہ مغربی اور مشرقی زبانوں میں ترجمہ کیا جائے اسلیئے اِن کے مذاق کے موافق مجھے مقدمہ تفسیر کی

toobaa-elibrary.blogspot.com

ترتیب بدلنی اور بعض بعض مضامین کم و بیش کرنے کی ضرورت ہوئی اور اس ترتیب جدید کے لحاظ سے اسکا نام اَلْبُیَان فی عُلُوم القرآن نہایت موزوں اور مناسب خیال کیا گیا۔

اِس کتاب میں وہ امور بیان ہونگے کہ جنکو مطالب و مضامین قرآنیہ سے نہایت تعلق ہے اور اسمیں ایک مقدمہ اور تین باب ہیں ؎

مُقَدِّمَہ

فصل اوّل یہ امر بدیہی ہے کہ اِنسان کا ادراک کئی طرح سے ہے اوّل ادراک حسّی کہ وہ اپنے حواس خمسہ سے ادراک کیا کرتا ہے آنکھہ سے دیکھتا کانوں سے سنتا ہے زبان سے چکھتا ناک سے سونگھتا ہے یہ چار قوتیں چار اعضا میں قدرت نے رکھدی ہیں جنکے ذریعہ سے اسکو علم حاصل ہوتا ہے۔ ہاتوں سے ٹٹولتا ہے یہ قوت لامسہ انسان کی تمام جلد میں ہے البتہ ہاتھوں میں اور پھر انگلیوں میں زیادہ تر ہے اِن پانچ قوتوں کے ذریعہ سے جو کچھہ انسان جانتا ہے وہ اسکا علم یقینی ہے نہ شکی اسبات پر جملہ عقلا متفق ہیں مگر حکماء میں سے ایک فریق سوفسطائی اُس علم کو بھی یقینی نہیں کہتا۔ وہ آنکھہ سے دیکھی ہوئی کان سے سنی ہوئی ناک سے سونگھی ہوئی زبان سے چکھی ہوئی ہاتوں سے ٹٹولی ہوئی چیزوں میں بھی شک کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اِن حواس کے ادراک میں بارہا مغالطہ ہو جاتا ہے چھوٹی چیز بڑی اور بڑی چھوٹی اور ایک کی دو دکھائی دیا کرتی ہیں کبھی تمام چیزیں سرخ کبھی سبز کبھی زرد دکھائی دینے لگتی ہیں حالانکہ سب ایک رنگ کی نہیں ہوتی ہیں۔ اسیطرح ذائقہ کی علطیاں ہیں کبھی تمام چیزیں تلخ اور کبھی شیریں معلوم ہوا کرتی ہیں حالانکہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

سبکا ایک مزا نہیں ہوتا پھر کونسے حس کا اعتبار کیا جائے اور کسکو یقینی قرار دیا جائے
یہ عالم خیال ہے کسی چیز کی بھی کوئی اصلیت نہیں۔ انکا **جواب** یہ ہے کہ حواس کا
مغالطہ حواس کے خلل پذیر ہونے سے ہوا کرتا ہے سلامتی حواس کے وقت یہ مغالطہ
نہیں ہوتا آخر تم بھی تو کہتے ہو کہ موٹی چیز مٹھی اور شیریں تلخ اور سفید زرد معلوم ہوا
کرتی ہے اگر حواس کے ادراک پر تمہارا یقین نہیں تو تمکو کیونکر معلوم ہوا کہ وہ چیز
موٹی تھی اور وہ شیریں اور وہ زرد تھی جو ہمیں چھوٹی اور تلخ اور زرد دکھائی دی۔
آگ اور پانی دراصل دو چیزیں جداگانہ ہیں دونوں کی دو حقیقت متمائزہ ہیں جن کے
آثار و خواص جدا رہے ہیں کہ یہ وہمی اور خیالی نہیں علوم حسیہ اور عالم محسوسات کی
بابت یہ چند ابحاث ہیں جنکا بیان کرنا اس مقام پر نہایت ضروری اور بہت ہی مفید ہے

(۱) ان حواس خمسہ ظاہرہ کی حقیقت میں جو حکماء نے غور و فکر کی تو باہم بہت
کچھ اختلاف پیدا ہوا مثلاً آنکھ سے جو چیزیں دکھائی دیتی ہیں اسکی متعدد وجہ
بیان ہوئی ہیں **بعض** کہتے ہیں کہ آنکھ میں سے ایک جسم شعاعی نکلکر ایک مثلث
مخروطی کے طور پر پھیلتا ہے کہ جس کا قاعدہ مبصر پر پڑتا ہے اور اسکا زاویہ آنکھ
سے ملا ہوا ہوتا ہے **بعض** اس مخروط کو سراسر مصمت[1] کہتے ہیں بعض کہتے ہیں
کہ زاویہ کے پاس سے تو مصمت ہوتا ہے اور آگے چلکر اوسمیں خطوط شعاعی پیدا
ہو جاتے ہیں اور ان خطوط شعاعیہ میں جو ہوا ہوتی ہے وہ بھی انہیں خطوط
شعاعیہ کیطرح نورانی ہو جاتی ہے اور رویت میں مدد دیتی ہے **بعض** کہتے ہیں
کہ آنکھ سے ایک خط شعاعی نہایت باریک نکلکر مبصر پر جا کر منتہی ہوتا ہے پھر
فی الفور وہ سطح نورانی بمقدار مبصر بن جاتا ہے **بعض** کہتے ہیں کہ مبصر توسط
ہوا رصافی آنکھ کی رطوبت جلیدیہ میں آکر منطبع ہو جاتا ہے پھر **امام رازی** نے
خروج شعاع کے یہ معنی بیان کیے ہیں کہ مبصر جب شعاع بصری کے مقابل ہوتا ہے

[1] شکل ۱۲

toobaa-elibrary.blogspot.com

تو مبدء فیاض سے اوسکی سطح مقابل پر شعاع فائض ہوتی ہے جو ایک مخروطی شکل میں متوہم ہوتی ہے جسکا قاعدہ خود یہ شعاع اور زاویہ آنکھ کے قریب ہوتا ہے اور وہ ہوا جو مبصر اور دیکھنے والے کے درمیان ہوتی ہے اس شعاع سے تکیف ہو کر دیکھنے کا سبب بنجاتی ہے اور اب حال کی تحقیقات نے اور بھی غوامض حل کر دیئے ہیں اس سطح دیگر حواس کے محل اور کیفیت ادراک میں کلام ہے

(۲) ان حواس خمسہ ظاہرہ کے مقابلہ میں پانچ اور حواس باطنہ حکماء نے تسلیم کیئے ہیں اوّل حس مشترک کہ جو کچھ حواس خمسہ ظاہرہ سے معلوم کیا جاتا ہے اوسکی صورت اس میں آکر مجتمع ہو جاتی ہے اور اوس کی جگہ دماغ کے بطن مقدم کا اوّل حصہ ہے اور دلیل اوسکے وجود پر یہ ہے کہ آسمان سے جب کوئی پانی کا قطرہ گرتا ہے تو ایک خط مسلسل معلوم ہوتا ہے۔ حالانکہ وہ ایک قطرہ ہے جس سے معلوم ہوا کہ قطرہ کی اول صورت جو حس بصر نے محسوس کی تھی وہ اس خزانہ میں جمع تھی جب وہ قطرہ اپنے مکان سے دوسری جگہ منتقل ہوا تو اوسکی صورت بھی وہیں جا کر جمع ہو گئے جس سے ایک مسلسل خط معلوم ہونے لگا۔ دوئم حس مشترک کے مدرکات کی محافظ ایک دوسری قوت ہے جسکو خیال کہتے ہیں وہ تمام صورتیں اسمیں جمع رہتی ہیں جس سے ہم پہلے کی دیکھی ہوئی چیز کو پہچان لیتے ہیں کہ یہ وہی ہے جسکو ہمنے پہلے دیکھا تھا اور اسکا مقام بطن مقدم دماغ کا آخری حصہ ہے۔ سوئم ایک اور قوت ہے جو حس مشترک کے مدرکات میں سے معانی جزئیہ کا ادراک کرتی ہے جیسا کہ بکری شیر کی صورت مدرکہ سے عداوت اور اپنے بچہ کی صورت مدرکہ سے محبت کا ادراک کرتی ہے اور اسکا نام وہم ہے اور کبھی اسکو تخئیل بھی کہتے ہیں اور اس کا مقام دماغ کا بطن اوسط ہے چہارم ایک اور ہی قوت ہے جسمیں یہ جملہ معانی جزئیہ مجتمع رہتے ہیں اور وہ ان سبکا خزانہ ہے اوسکا نام حافظہ ہے اور اوسکا مقام دماغ کا

حس مشترک

خیال

وہم و تخئیل

حافظہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

آخری حصہ ہے اگر خاص اسپر کوئی آفت آجائے تو کوئی صورت مدرکہ کبھی یاد نہ رہے سب کو بھول جائے پنجم ایک اور قوت ہے جو ان معانی جزئیہ میں تصرفات کیا کرتی ہے کبھی ایک معنی کو دوسرے کے ساتھ ملا دیتی ہے جیسا کہ ایک انسان کو دو بازو اور دس سر اور چار ہاتھ اور چار مونہ کا تصور کرنا اور کسی چیز کا انسان کا چہرہ اور شیر کا دھڑ خیال کرنا یا ہاتی کا چہرہ اور انسان کا بدن اوسکی ساتھ ملا دینا وغیر ذالک اور کبھی ایک معنی اور ایک صورت کو دوسرے معنی اور صورت سے جدا کر دیتی ہے جیسا کہ انسان کو بے سر کا خیال کرنا اور گھوڑے کو دو پاؤں کا خیال کرنا اور انسان کو ایک ٹانگ کا خیال کرنا اور کبھی اس قوت کا تصرف خارج کے موافق اور کبھی مخالف ہوا کرتا ہے اس قوت کا نام متصرفہ ہے اور جب اس ترکیب دینے اور جدا کرنے میں وہم اس سے کام لیتا ہے تو اوسکو متخیلہ کہتے ہیں اور جب نفس ناطقہ اس سے کام لیتا ہے تو اسکو مفکرہ کہتے ہیں اور دماغ میں اسکے لیے کوئی مقام مخصوص نہیں۔ متصرفہ

حکماء کی ان قوی میں بھی مختلف موشگافیاں اور تحقیقات عجیبہ اور اختلافات ہیں جنکے ذکر کا یہ مقام نہیں۔

(۳) ان حواس سے جو چیز معلوم کیجاتی ہے وہ جسمانی اور مادی ہوتی ہے اور مادی میں بھی جب لطافت آجاتی ہے تو کبھی سب حواس اوسکے ادراک سے عاجز ہوجاتے ہیں کبھی بعض بیکار ہوجاتے ہیں۔ مثلاً ہوا مکدر کو آنکھ دیکھ سکتی ہے اور جب وہ لطیف ہوتی ہے تو وہاں بجز قوت لامسہ کے سب معطل ہوجاتے ہیں نہ آنکھ دیکھ سکتی ہے نہ کان سن سکتے ہیں جبکہ اسمیں تموج کی آواز نہ پیدا ہو نہ زبان چکھ سکتی ہے نہ ناک سونگھ سکتی ہے۔ ہاں بدن پر لگنے سے معلوم ہوتی ہے اور جب اسمیں کچھ بھی روانی نہو تب وہ بدن پر لگنے سے بھی معلوم نہیں ہوتی۔ کیونکہ اسکا بدن پر لگنا ہی محسوس نہیں ہوتا +

toobaa-elibrary.blogspot.com

موجودہ حکمار نے حواس کی اعانت کے لیئے آلات ایجاد کیئے ہیں بڑی بڑی نفیس دوربینیں بنائی ہیں۔ جن سے بہت دور کی چیزیں صاف دکھائی دیتی ہیں نیرات اور ستارے اور اُن کے حرکات اور دیگر حالات دیکھنے کیلئے خورد بینیں بنائی ہیں جن سے وہ چیزیں بھی جو نہایت باریک ہیں جو بغیر اسکے آنکھ سے دکھائی نہیں دیتیں صاف اور موٹی دکھائی دینے لگتی ہیں جن سے بہت سے امور کرۂ ہوائی کے دریافت کیئے ہیں۔ اسیطرح شعاع بصری کی نفوذ کو قوت دینے والے آلات ایجاد کیئے ہیں جو اجسام متجمہ سے بھی پار ہو کر انکے پیچھے کی چیزوں کے ادراک میں کام دیتے ہیں۔ یا سمندر کی تہ کی چیزوں کو اور زمین کے اندر کی اشیاء کو یا اندھیرے میں اشیاء کو دکھانے میں مدد دیتی ہیں یا ہوا رمطوب کو دکھاتے ہیں جس سے یہ بات معلوم کر لیجاتی ہے کہ اسقدر عرصہ میں ابر بنکر پانی برسنے لگے گا یا اسقدر عرصہ میں ہوا کا طوفان آئیگا وغیرہ وغیرہ۔

اسیطرح قوت شنوائی کے متعلق عمدہ آلات ایجاد کیئے ہیں۔ آواز جو ہوا مرتکیف ہے اسکو کسی آلہ میں بند کر لینا اور پھر قوت کے بعد اسی آلہ کے ذریعہ سے اوس بولنے والے کی آواز کو سُن لینا سُنا دینا یا آواز کو محفوظ کر کے آلہ کے ذریعہ سے دور تک پہنچا دینا یا اندر رونہ آواز و نکا سُن لینا یا بہت دور و دراز کی آواز سُن لینا۔ اور پھر بھاپ اور برقی اور گیاس کی قوتوں سے عجیب و غریب کام لیا اور صدہا اختراعات کیئے ہیں اور کرتے جا رہے ہیں۔ ریل۔ اسٹیمر کام کرنے والی مشینیں بنائی ہیں یہ سب مادیات میں تصرف اور جسمانی اشیاء کے متعلق اختراع ہے۔ اِس سے یہ سمجھ لینا کہ حقائق عالم کا انکشاف کر لیا ہے ایک غلط خیال ہے ابھی کرات عناصر اور دیگر اجسام کے جملہ خواص و تاثیرات جو فرداً فرداً یا ترکیباً ظہور پذیر ہوتے ہیں۔ بہت ہی دور ہیں۔ اِن آلات و علوم کے اختراع سے پہلے جسطرح اِن امور عجیبہ کو اوہام عامہ ناممکن کہتے تھے اسیطرح اور لاکھوں اسرار کو جو ہنوز ظہور پذیر نہیں ہوئے

لہ نوٹ کرات ۱۲

کچھ عجب نہیں کہ موجودہ حکمت و فلسفہ کے ترتیب یافتہ دماغ بھی ناممکن کہتے ہوں +

(۴) یہ حواس کچھ نوع انسانی کیلئے ہی مخصوص نہیں بلکہ اس مبدء فیاض کا فیض عام حیوانات بلکہ بعض نباتات تک بھی پہونچا ہے جس نے جملہ افراد حیوان و نباتات کے حالات کو کما حقہ جان لیا ہے معتبر قول تو ایسا ہے کہ آیا سب کو یہ سب حواس دیئے گئے ہیں یا انکے علاوہ دیگر حواس بھی دیئے گئے ہیں کہ جو ادراک و انکشاف کیلئے انسانی اختراعات سے بھی زیادہ کارآمد اور قوی ہوں یا انمیں سے کیسکو سب اور کیسکو بعض دیئے گئے ہیں پھر ان کے حواس انسانی حواس سے برابر ہیں یا کم و زیادہ ہیں اور کمی و زیادتی ہو تو کن کن حواس میں ہے اور کن کن انواع حیوان میں ہے

۱۷ دوربین خوردبین وغیرہ ۱۲ منہ

حکما نے اس بارہ میں متعدد کتابیں تصنیف فرمائی ہیں مگر ہنوز وہ سب اس بحر بیکنار کا ایک قطرہ ہیں۔ مور وغیرہ بعض طیور کی شنوائی چیل اور گدھ کی بینائی۔ چنیونٹی کی ناک مشہور ہے۔ بعض طیور آنیوالی وبائی حوادث کو پہلے سے معلوم کرکے وہانسے چلے جایا کرتے ہیں۔ انواع حیوانی کے حالات اور ان کے صنائع اور طبیعت اور تربیت اولاد اور موسموں کے لیئے ذخائر جمع کرنے کے علوم پھر اونکا قومی اتفاق اور نوع کی ہمدردی اور مخالفوں سے جنگ و جدال اور باہم نر و مادہ کا اختلاط اور اپنے منافع اور مضار کا احساس بیماروں کی تیمارداری و مداوی حیرت خیز ہے جس سے ان کے لیئے حواس اور دیگر ذرائع ادراک کا ثابت ہونا یقینی امر ہے +

اسیطرح نباتات کے حالات ہیں۔ چھوئی موئی کا ہاتھ لگاتے ہی سمٹ جانا۔ بالیدگی کے حجاب سے ادھر ادھر ہو کر اوپر نکل جانا۔ بعض نباتات میں نر و مادہ کے امتزاج سے توالد و تناسل ہونا بارلانا اسبات کی دلیل ہے کہ مبدء فیاض نے اونکو بھی حس و ادراک کا کچھ نہ کچھ ان کی ضرورت کے موافق حصہ دیا ہے جمادات میں اون کی خواص اور باہمی کشش اور دیگر حالات نابت کرتے ہیں کہ وہ بھی اس فیض سے محروم نہیں +

toobaa-elibrary.blogspot.com

متعلق عجائب وغرائب فنون ایجاد کیے قسم قسم کے اسلحۂ آتش فشاں اور جلد جلد چلنے والے بنائے۔ اوس نے برقی قوت اور گیاس اور بھاپ سے انجن چلائے زمین پر ہزاروں من بوجھ لیکر تیز رفتار ریلیں تیار کیں سمندر کو سٹیمروں سے پامال کر دیا۔ عجائب و غرائب کپڑے۔ اور شیشے اور تانبے لوہے وغیرہ کی چیزیں بنانے والی کلیں ایجاد کیں سینکڑوں کوس طرفۃ العین میں خبر رسانی کے ذرائع تار برقی وغیرہ پیدا کیے دوربینوں کے ذریعہ سے تیرات کے حالات دریافت کیے طب میں بھی اسنے سحر کاری کی عیش و راحت کے بہی صدہا سامان پیدا کیے۔ اب یہ غباروں میں بیٹھ کر اوپر بہی اوڑنے لگا۔ اور جانے کیا کیا کریگا اور کیا کیا کر رہا ہے۔ پہر انہیں سے ترقی کر کے روحانی علوم کے لیئے بہی بہت سے افراد قایم ہوئے جنکے کشف و ادراک روحانی نے عالم کے صدہا راز بستہ آشکارا کر دیئے انہیں قدرت نے جذبہ اور شوق بہی ودیعت رکھا ہے جس کے ذریعہ سے یہ فرشتوں پر بہی سبقت لے گئے ؛

یہ عالم جواہر و اجسام ایک بڑا وسیع عالم ہے اسکے صدہا ہزار افراد ہیں جنکو علماء و حکماء نے موضوع علم قرار دیکر ان کے حالات سے بحث کی ہے اور وہ مجموعہ بحث و تحقیقات ایک علم قرار پا گیا ہے۔ مثلاً جوہر مجرد کے حالات سے جو بحث کی تو اس علم کو الٰہیات (اثولوجیا) کہنے لگے جنمیں نفوس انسانیہ یعنے ارواح و ملائکہ و خدائے تعالیٰ کی ذات و صفات کی تحقیق اور بحث ہے۔ پہر عالم اجسام میں سے صرف آسمانوں اور ستاروں اور چاند اور سورج اور زمین کی شکل طبیعی سے جو بحث کی ہے اور اُن کے حالات کا مجموعہ جو اپنی تحقیقات سے ہم پہونچا یا عام ہے کہ وہ سب صحیح ہوں یا اسمیں کچھ یا بہت سے مسائل غلط ہوں اِس علم کا نام علم ہیئۃ رکھا ہے۔ قدماء نے اسکو بہی ریاضی کی ایک قسم بتایا ہے کیونکہ اُنہوں نے مجردات کے بعد مادیات کی دو قسم قرار دی ہیں کہ یا تو وہم انکو مادہ سے ایک گونہ مجرد کر سکتا ہے اور ان کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

چاہے کمالات میں ترقی کر جائے مگر اسکو توڑ نہیں سکتا خوشبو بدبو کا ادراک بجز قوت شامہ کے اور کسی حس سے نہیں کر سکتا میٹھی کھٹی کڑوی کسیلی اور پھیکی درجات کا ادراک بجز قوت ذائقہ کے اور کسی حس سے نہیں کر سکتا آواز وغیرہ کا بجز قوت سامعہ کے اور کسی حس سے نہیں معلوم کر سکتا دوسرا **جوہر** ہے پھر اوسکی دو قسمیں ہیں جوہر مجرد جو جسم نہو جوہر یہ عالم محسوس میں داخل نہیں۔ حواس موجودہ میں سے کوئی بھی اسکا ادراک نہیں کر سکتا جیسا کہ ارواح و ملائکہ۔ دوسرا جوہر **جسم** جسم اسکو کہتے ہیں کہ جسمیں طول و عرض و عمق ہو۔ پھر جسم کی بھی دو قسم ہیں **علوی** جسکی ترکیب عناصر سے نہو یا یوں کہو جسکا مادہ عنصری نہو جیسا کہ افلاک اور ستارے چاند اور سورج اور انمیں رہنے والے دوسرا **سفلی** پھر اسکی بھی دو قسمیں ہیں۔ **بسائط** جیسا کہ عناصر آگ ہوا پانی۔ خاک یعنے ان کے اجزا ترکیبی نہیں کہ اوس سے ملکر بنے ہوں ہاں اجزا تحلیلی پیدا ہو سکتے ہیں۔ پھر پانی کو تولوں اور ماشوں میں تقسیم کر سکتے ہیں۔

حکماء حال انکو بسائط نہیں کہتے بلکہ انہوں نے جنہیں بسائط ثابت کئے ہیں جنکی تعداد ساٹھ کے قریب بتائی گئی ہے خواہ انکو انہیں اربع عناصر کے اقسام کو جو بلحاظ بعض صفات کے جداگانہ شمار کئے گئے ہیں یا جداگانہ عنصر ہوں میں اس مسئلہ کا فیصلہ کرنا اسمقام پر نہیں چاہتا **دوئم مرکبات** پھر اون کی تین قسمیں ہیں **جمادات** **نباتات** **حیوانات** انکو موالید ثلثہ کہتے ہیں۔ پھر ہر ایک کی بیشمار اقسام ہیں۔ یہاں یہ بحث بھی مناسب نہیں کہ عالم اجسام کی پیدائش اور حیوانات کا توالد و تناسل کیونکر ہوا اور کیونکر ہوتا ہے۔ نہ اسبات کی بحث ہے کہ یہ انواع قدیم ہیں یا حادث۔ حیوانات کے اقسام میں سب کا عطر **حضرت انسان** ہیں اسنے دنیا پر آکر اپنے علوم و ادراک خداداد سے وہ ترقی کی کہ موالید ثلثہ کا حاکم بنگیا اور یہی اسکی زمین پر وہ خلافت ہے جو اسکو مبدء فیاض نے عطا فرمائی ہے اس نے تمدن کے

متعلق عجائب وغرائب فنون ایجاد کیے قسم قسم کے اسلحۂ آتش فشاں اور جلد جلد چلنے والے بنائے۔ اوس نے برقی قوت اور گیاس اور بھاپ سے انجن چلائے زمین پر ہزاروں من بوجھ لیکر تیز رفتار ریلیں تیار کیں سمندر کو سٹیمروں سے پامال کر دیا۔ عجائب و غرائب کپڑے۔ اور شیشے اور تانبے لوہے وغیرہ کی چیزیں بنانے والی کلیں ایجاد کیں سینکڑوں کوس طرفۃ العین میں خبر رسانی کے ذرائع تار برقی وغیرہ پیدا کیے دوربینوں کے ذریعہ سے تیرات کے حالات دریافت کیے طب میں بھی اسنے سحر کاری کی عیش و راحت کے بہی صدہا سامان پیدا کیے۔ اب یہ غباروں میں بیٹھ کر اوپر بہی اوڑنے لگا۔ اور جانے کیا کیا کریگا اور کیا کیا کر رہا ہے۔ پہر انہیں سے ترقی کر کے روحانی علوم کے لیئے بہی بہت سے افراد قایم ہوئے جنکے کشف و ادراک روحانی نے عالم کے صدہا راز بستہ آشکارا کر دیئے انہیں قدرت نے جذبہ اور شوق بہی ودیعت رکھا ہے جس کے ذریعہ سے یہ فرشتوں پر بہی سبقت لے گئے ؛

یہ عالم جواہر و اجسام ایک بڑا وسیع عالم ہے اسکے صدہا ہزار افراد ہیں جنکو علماء و حکماء نے موضوع علم قرار دیکر ان کے حالات سے بحث کی ہے اور وہ مجموعہ بحث و تحقیقات ایک علم قرار پا گیا ہے۔ مثلاً جوہر مجرد کے حالات سے جو بحث کی تو اس علم کو الٰہیات (اثولوجیا) کہنے لگے جنمیں نفوس انسانیہ یعنے ارواح و ملائکہ و خدائے تعالیٰ کی ذات و صفات کی تحقیق اور بحث ہے۔ پہر عالم اجسام میں سے صرف آسمانوں اور ستاروں اور چاند اور سورج اور زمین کی شکل طبیعی سے جو بحث کی ہے اور اُن کے حالات کا مجموعہ جو اپنی تحقیقات سے ہم پہونچا یا عام ہے کہ وہ سب صحیح ہوں یا اسمیں کچھ یا بہت سے مسائل غلط ہوں اِس علم کا نام علم ہیئۃ رکھا ہے۔ قدماء نے اسکو بہی ریاضی کی ایک قسم بتایا ہے کیونکہ اُنہوں نے مجردات کے بعد مادیات کی دو قسم قرار دی ہیں کہ یا تو وہم انکو مادہ سے ایک گونہ مجرد کر سکتا ہے اور ان کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

وجود فرض کرنے میں کسی مادۂ مخصوصہ کی حاجت نہیں ہے تو ایسے امور کے حالات سے بحث و تحقیق کو علم ریاضی[1] کہتے ہیں کہ نفس کو مجردات کے حالات سے بحث کرنے کے لیے ریاضت ہوتی ہے پھر اوسکی چار قسمیں ہیں کیونکہ اسکا موضوع کم یعنے مقدار ہے۔ پھر وہ مقصل ہے یا منفصل و مقصل متحرک ہے یا ساکن۔ پس کم مقصل متحرک سے جو بحث ہے تو اسکا نام ھیئۃ ہے اور ساکن سے جو بحث ہے تو اسکا نام علم ھندسہ ہے اور کم منفصل کے اجزاء میں اگر باہم نسبت تالیفیہ ہے تو اسکے علم کو علم موسیقی کہتے ہیں کہ ایک آواز کو دوسرے سے زیر و بم یعنے پست اور بلند ہونے میں کیا نسبت ہے جس سے راگ پیدا ہوتے ہیں اور اگر باہم نسبت تالیفیہ معتبر نہیں ہے تو اس کے علم کو علم حساب کہتے ہیں پھر ہندسہ اور حساب کی بہت سی قسمیں ہیں علم اکر علم مثلث۔ علم مرایا و مناظر علم زیج۔ علم نجوم وغیرہ اگر ان چیزونکا وجود بغیر مادہ کے متوہم بھی نہو سکے اور خاص مادہ ان کے لیئے شرط ہو تو انکے علم کو علم طبیعات کہتے ہیں پھر علم طبعی کی صدہا قسمیں ہیں۔ اگر سمندروں کے متعلق تحقیق ہے کہ انمیں جزر و مد کیوں ہوتا ہے اور کب ہوتا ہے اور پانیوں کے طبقات میں کیا کیا ہے اور اور انکا طوفان اور تموج کیوں ہوتا ہے۔ اور آفرینش عالم کے بعد کیا حال تھا وغیرہ الک تو اسکو علم البحار کہتے ہیں اور اگر کرہ ہوائی سے بحث ہے تو اسکو علم الھواء کہتے ہیں اسپر اور رونکو قیاس کرتے جایئے

حکماء حال نے ان علوم میں بیحد ترقی کی ہے اور ان سے فوائد بھی بیشمار حاصل کئے ہیں۔

جوہر مجرد تو محسوس ہو ہی نہیں سکتا کیا عالم اجسام بھی محسوس ہوتا ہے کہ نہیں؟ یہ ثابت ہو گیا ہے کہ جسم صافی بھی حس بصر سے محسوس نہیں ہوتا بلکہ اجسام مکدرہ بھی حس بصر سے محسوس نہیں ہوتے کیونکہ جو کچھ حس بصر سے محسوس ہوتا ہے وہ

[1] اور علم تعلیمی اور حکمت وسطی بھی کہتے ہیں ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

اجسام کا لباس ہی محسوس ہوتا ہے یعنی انکی مقدار انکی سطوح ان کے الوان۔ حواس کی حقیقت اور انکا رتبہ معلوم ہوا۔

(۷) قدم اور حدوث کی بحث چھوڑ کر اب مرکبات میں کلام کیجئے کہ ذی شعور و ذی درک و ذی حرکت ارادہ مخلوق کیا ہے۔ چند عناصر سے مرکب ہے۔ یا ایک ہی سے بنی ہے؟ حیوان و نباتات کے اقسام تو ضرور چند چیزوں سے مرکب ہیں مشاہدہ سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ ان میں خاکی مادہ بھی ہے رطوبت بھی ہے جس سے معلوم ہوا کہ خاک اور پانی تو ضرور انکی ترکیب میں داخل ہیں مگر انمیں گرمی اور حرارۃ بھی پائی جاتی ہے۔ جس سے وہ غذا ہضم کرتے ہیں اور ان کی حرکات اسکی بدولت ہیں۔ اسلئے قدیم حکماء نے آگ کو بھی اسکی ترکیب کا جزء قرار دیدیا ہے مگر بعض نے اسمیں کلام کیا ہے اور کہدیا ہے کہ خاک اور پانی جو اسکے اجزاء بدنی ہیں وہ خاک اور آب صرف تو ہیں نہیں ممکن ہے کہ قدرت نے انمیں بیرونی حرارت رکھدی ہو اور وہ ایک عارضی ہے جسم کی حقیقت میں داخل نہیں۔ اب رہا چوتھا جزء ہوائی اسکو بھی حکماء قدیم نے تسلیم کر لیا ہے۔ مگر بعض نے اسپر بھی اعتراض کیا ہے کہ اسکے اجزاء میں جہاں خلاء ہے ہوا بھر گئی ہے اسکی ترکیب کا جزء نہیں۔ اسلئے ان حکیموں کے نزدیک چاروں کے باہم مخلوط ہونے سے جو کسر و انکسار کے بعد ایک کیفیت متوسط ماننے کا مسئلہ تھا جسکو مزاج کہتے تھے اس سے دستگاری ہو گئی اور اعتراضات عقلیہ سے بھی سبکدوشی ہو گئی +

ایسے مرکبات کے محسوس ہونے میں کوئی بھی کلام نہیں اور ضرور محسوس ہونے چاہئیں۔ مگر جب ترکیب اور تکوین کا انحصار انہیں دہ محسوس عنصر و پر نہ مانا جائے گا تو ایسی بہت سی مخلوق تسلیم کرنے میں کوئی اعتراض لازم نہ آئے گا۔ کہ جنکی ترکیب ہوا اور آگ غیر محسوس عنصر وں سے ہوئی ہو یا ان بہت سے عناصر سے ہوئی ہو جنکو حکماء حال نے ثابت کیا ہے یا ایسی مخلوق ہو کہ جنکا کوئی مادہ لطیف ہے جسکو ہم نہیں جانتے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ایسی مخلوق کی نفی پر یہ دلیل پیش کرنا کہ اگر وہ موجود ہے تو ہمکو دکھائی کیوں نہیں دیتی۔ اور ہمکو محسوس کیوں نہیں ہوتی؟ محض بیکار بات ہے جو عالمانہ مذاق کے بالکل برخلاف ہے کیسلئے کہ جب حال کی فلسفہ نے جملہ عالم جسمانی کی اصل ایتھر یعنے مادۂ اثیر یہ تسلیم کر لیا ہے تو یہی دلیل اُسکی نفی پر بھی قائم ہوگی کیونکہ ایتھر بھی محسوس نہیں بلکہ ہوا رصافی و ساکن کی بھی نفی کرنی پڑے گی جو ایک برتن یا شیشہ میں موجود ہو جسکو آلہ سے نکالا کرتے ہیں کیونکہ وہ بھی محسوس نہیں +

(۸) اِن حواس سے انسان میں کیا چیز ادراک کرتی ہے؟ کیا آنکھ دیکھتی ہے یا آنکھ کے ذریعہ سے کوئی اور دیکھتا ہے۔ یا خود کان سنتے ہیں یا اوس سوراخ سے کوئی اور سنتا ہے؟ علیٰ ہذا القیاس۔ ایک جلد باز جسکو حقائق الاشیاء پر نظر نہیں شاید بہت جلد کہہ اُٹھے کہ خود آنکھ دیکھتی ہے اور کان سنتے ہیں لیکن جنکی نظر حقائق الاشیاء تک ہے وہ تو یہی کہے گا کہ ہرگز ہرگز یہ ادراک اِن اعضاء کا کام نہیں۔ کس لیئے کہ جب اصلی مدرک کسی دوسری طرف محو و مشغول ہوتا ہے یا کلورا فارم وغیرہ سے بیہوش کر دیا جاتا ہے تو باوجودیکہ سب اعضاء سلامت ہوتے ہیں مگر ادراک نہیں کرتے نہ آنکھ دیکھتی ہے نہ کان سنتے ہیں۔ پھر جہانتک غور کیا گیا تو یہی ثابت ہوا کہ ادراک مجردات ہی کی شان ہے مادہ اور مادی اشیاء میں ادراک کی قابلیت ہی نہیں نہ ادراک حسّی کی نہ ادراک کی جسکو ہم آیندہ چلکر تبلاتے ہیں۔ اسلیے حکماء قدیم نے بالاتفاق جملہ مدرکین کے لیئے خواہ وہ مدرک باادراک حسّی ہوں یا غیر حسّی ایک نفس یعنے روح ثابت کی ہے۔ اِن کے لیئے جمادات اور نباتات میں کسی قسم کا حس و ادراک ثابت نہیں ہوا تو انہوں نے صاف کہدیا کہ یہ چیزیں غیر ذی روح ہیں اور جب نیرّات و سماوات میں ایک حرکت انتظامی دیکھی تو اونکے لیئے روح تو ثابت نکی بلکہ یہ کہدیا کہ نفوس مجردہ (فرشتہ) انکو حرکت دیتے ہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

پھر اس قاعدہ سے نباتات میں تغذیہ و تنمیہ و توالد و تناسل دیکھکر انکے یہ کام طبیعت کی طرف منسوب کئے اجسام کے خواص و آثار کا محافظ ان کی صورت نوعیہ کو بتایا۔ ہرچہ باشد اس مقام پر ہمکو اس مسئلہ کی تحقیق مقصود نہیں صرف یہ ثابت کرنا مطلوب تھا کہ مادیات کی شان ادراک نہیں +

اب تلاش کیجئے کہ انسان کے اندر وہ کون ہے جو ان سوراخوں یا کھڑکیوں کے ذریعہ سے محسوسات کا ادراک کیا کرتا ہے؟ لو ہمی بتلائے دیتے ہیں یہ وہی حضرت ہیں کہ جنکی تمام جسم پر حکومت ہے۔ جب یہ آنکھ کو بند کرنیکا حکم دیتے ہیں تو بند ہو جاتی ہے جب ہاتھ پاؤں اعضاء کے لئے حرکات کا حکم دیتے ہیں تو وہ حرکت کرتے ہیں اور جب سکون کا فرمان صادر کرتے ہیں تو ساکن ہو جاتے ہیں پھر یہ کون حضرت ہیں؟ کیا طبیعت ہے جو مبدء فیاض نے اجسام کے سرانجام کے لئے مسلط کر رکھی تھی یہ طبیعت بھی نہیں کس لئے کہ طبیعت تو قدرت کی مشین ہے جس کام پر قدرت نے لگا دی ہے بے ارادہ و بے اختیار چلا کرتی ہے نہ اسکو حس و ادراک ہے نہ شعور و ارادہ ہے یہ تو جب بھی اپنے کام اسے ہی کئے چلے جاتی ہے حکہ انسان کو کچھ بھی حس و ادراک نہیں ہوتا جیسا کہ بے ہوشی کے وقت اور جب یہ سست اور بیکار ہو جاتی ہے تو حس و ادراک اور ہوش بھی کچھ کام نہیں دیتے جیسا کہ امراض یا انحطاط عمر کے وقت اسی سے حکماء نے افعال طبیعہ اور افعال ارادیہ میں جو اسی حضرت کے ہیں فرق کیا ہے اور جو کوئی بے شعور دونوں کاموں میں امتیاز نکرے اور زیادہ اور سفید میں تفاوت نہ سمجھے تو یہ اوسکے ادراک کا قصور ہے حضرت تلاؤ تو سہی وہ کون حضرت ہیں؟ جناب وہ نفس ناطقہ ہے جسکو عرف شرع میں روح کہتے ہیں۔

بیان سابق سے یہ ثابت ہو گیا کہ روح نہ مادہ ہے نہ مادی ہے بلکہ جوہر مجرد ہے۔ آئندہ چلکر ہم روح کی حقیقت پر بحث کرینگے کہ وہ کیا ہے اور بدن سے جدا

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہونے کے بعد بھی وہ قائم رہتی ہے اور اسکا ادراک پہلے سے بھی زیادہ ہوتا ہے اور اسکو رنج وراحت بھی ہے۔

واضح ہو کہ روح کا جتنک اِس جسم کے ساتھ تعلق ہے جسکو عرف عام میں حیات کہا جاتا ہے اسوقت تک وہ مادیات اور محسوسات کا ادراک اِن حواس کے ذریعے سے کرتی ہے۔ اور کبھی اِس زمانۂ تعلق میں بھی ان حواس کی محتاج نہیں ہوتی۔ جیسا کہ عالمِ خواب و مکاشفہ

(۹) انسان کو اِس عالم جسمانی میں جسقدر لذتیں اور درد ہیں زیادہ تر تو وہ جسمانی اور حواس کے ذریعہ سے پہونچتی ہیں اُنکو اسنے عمدہ چیزیں خوبصورت شکلیں نفیس باغ اور دریا اور خیگلوں اور پہاڑوں کی نزہت گاہوں یا عجائب اور دلکش رقص اور تماشوں کو دیکھ کر لذت وسرور حاصل کرتا ہے اسکے برخلاف چیزوں کے دیکھنے سے کدر اور متالم ہوتا ہے عمدہ نغمات اور فرحت خیز خبروں اور نفیس عبارت نظم ونثر سنکر لذت پاتا ہے اِس کے برخلاف سنکر رنج اٹھاتا ہے نفیس خوشبوئیں سونگھ کر خوش ہوتا ہے بدبو سونگھ کر تکلیف پاتا ہے۔ مزے دار کھانے اور سرد وشیریں چیزیں کھا پیکر لذت پاتا ہے اِس کے برخلاف دکھ اُٹھاتا ہے۔ بدنپر مناسب چیزوں کے لمس سے جنمیں جماع بھی داخل ہے لذت پاتا ہے اِس کے برخلاف زیادہ گرم اور سرد یا زخم وخراش پیدا کرنے والی چیز یا چوٹ یا کسی عضو کے کٹنے سے یا اوسمیں کوئی نامناسب مادہ داخل ہوجانے سے دکھ پاتا ہے پھر روتا ہے چیختا ہے چلاتا ہے +

اور زیادہ تر کہ تیز ہمنے اسلیئے لگائی تھی کہ کبھی بغیر حواس کے بھی اسکو ایک قسم کی لذت وسرور اور رنج والم ہوتا ہے اور وہ سرور اور رنج روحانی کہلاتا ہے جو حسی سرور اور رنج سے زیادہ قوی اور دیرپا ہے۔ اسلیئے حکماء نے کہا ہے کہ دنیاوی لذتیں خسیس اور جلد فنا ہوجانے والی ہیں اور اکثر انسے پہلے بھی دکھ اور بعد میں بھی الم ہوتا ہے۔ مثلاً پیاس نہ لگے تو سرد پانی کا مزہ نہ آئے اور پینے کے بعد پانیکی

toobaa-elibrary.blogspot.com

برُودت ایک سستی پیدا کرتی ہے۔ بھوک کی تکلیف نہو تو کھانیکا مزہ نہ آئے۔ اور کبھی کبھی ہضم کرنے کی تکلیف اٹھانی پڑتی ہے اسلیئے جنکی روحانیت ظلمت جسمانیت میں محاط نہیں ہوتی انکو لذات حسیہ پر اسقدر فریفتگی نہیں ہوتی۔ برخلاف انکے کہ جنکی روحانیت ظلمت بہیمیہ میں دبی ہوئی ہے وہ بہائم کی طرح انہیں لذات میں غرق ہوتی ہیں وہ اسباب لذات حسیہ کے فراہم کرکے اونسے کامرانی کرنے کو ہی سعادت اور فوز المرام سمجھا کرتے ہیں اور حال یہ ہے کہ دنیا میں یہ حواس راحت کی بہ نسبت الم کے اسباب زیادہ محسوس کرتے رہتے ہیں اسلیئے تعطیل حواس خواہ بذریعہ خواب ہو خواہ بذریعہ مسکرات ہو موجب راحت خیال کیا جاتا ہے۔ اسمیں حواس اور طبیعت کو سکون ہو جانے سے پھر جسم میں ایک تازگی پیدا ہو جاتی ہے۔ بشرطیکہ حد اعتدال سے تجاوز نہو اور مسکر کا آخری نتیجہ حواس اور قوی بدنیہ کے سُست اور بیکار کرنیکا برآمد ہوتا ہے اسلیئے اہل کمال نے اسکے استعمال کو ممنوع قرار دیدیا ہے۔

(۱۰) حواس کا ادراک اصلی کمال نہیں، تو بہائم کو یہی حاصل ہے ادراک حسی سے کیسنے خواہ کیسی ہی اختراع ایجاد کرلی ہو اور عالم جسمانی کی ترکیب و انفصال اور اوسکے استحالات سے اسنے جس حد تک چاہیئے ایجاد و اختراع میں ملکہ بہم پہونچایا ہو وہ روحانی کمالات میں ترقی کرنے والوں کے نزدیک طفل مکتب ہے اور اسلیئے کمالات روحانی کے کامل ایسے علوم و فنون کیطرف متوجہ بھی کم ہوتے ہیں جیسا کوئی مدبر ملکی خانہ داری کے چھوٹے چھوٹے معاملات روزانہ خرید فروخت کھانے پکانے اور اُن کے اسباب کے سرانجام کیطرف بہت ہی کم متوجہ ہوتا ہے اور اس میں توجہ کرنے کو تضیع اوقات بھی سمجھتا ہے۔ کیونکہ عالم جسمانی فانی ہے اور اُنکے کمالات بھی فانی ہیں +

toobaa-elibrary.blogspot.com

دوسرا ادراک غیر حسی

اسکی بھی کئی قسمیں ہیں (۱) علم حضوری نفس ناطقہ کو اپنی ذات اور صفات کا علم اور اپنی خوشی اور رنج کا ادراک اور جملہ وجدانیات بھوک پیاس خوف خوشی رنج درد کا علم حس ظاہر سے نہیں نہ آنکھ سے نہ ناک سے نہ ذائقہ سے نہ کان سے نہ ٹٹولنے سے یہ بھی اسکا فیض عام ہے جو سب افراد بنی آدم کو شامل ہے پر موجودات کا انحصار مدرکات حس ظاہر پر کرنا کسقدر بے عقلی ہے اسکے بعد کے مراتب ادراک البتہ موجب ترقی ہیں جسمیں ہر ایک کا حصہ نہیں۔

(۲) ادراک عقلی و استدلال یعنی چند امور کلیہ کو باہم ترتیب دیکر یا چند قضایا کو باہم ملاکر ایک نامعلوم چیز کو معلوم کر لینا۔ اس ترتیب دینے اور ملانے نتیجہ برآمد کرنے میں خلاف قاعدہ ہو جانے سے غلطی بھی واقع ہو جاتی ہے اس غلطی سے محفوظ رہنے کے لیئے حکماء نے **علم منطق** بنایا ہے مگر اسپر بھی صدہا اغلاط باقی رہتے ہیں۔

انسانی علم کو اول یوں تقسیم کیا ہے کہ اگر کسی چیز کا علم اسطرح پر ہے کہ اسمیں ہست نیست نہیں مثلاً زید کا تصور بغیر اسکے کہ اسکو موجود یا معدوم سفید یا سیاہ وغیرہ اوصاف سے متصف کیا جائے اور اسپر ان اشیاء کا ثبوت یا اوس سے نفی کیجائے تو یہ تصور ہے اور اگر ہست نیست کے ساتھ ہے کہ زید قائم ہے یا زید قائم نہیں تو یہ **تصدیق** ہے۔ پر تصور اگر ایسا ہے کہ وہ بجز ایک چیز کے دوسرے پر صادق نہ آسکے تو اوسکو **جزئی** کہتے ہیں۔ جیسا کہ زید کا تصور کہ وہ بجز اوس ذات مشخص کے اور پر صادق نہیں آسکتا۔ اور جو بہت سی چیزوں پر صادق آسکے تو اسکو **کلی** کہتے ہیں جیسا کہ تصور انسان کیونکہ وہ اسکی ہر ایک فرد پر صادق آسکتا ہے۔ زید۔ عمر۔ بکر۔ وغیرہ پر۔ اور یہ زید وغیرہ اس انسان کلی کے افراد کہلاتے ہیں۔ کلی کا ادراک بھی حواس سے نہیں ہوتا۔ حواس سے کلی کے افراد کا

toobaa-elibrary.blogspot.com

ادراک ہوتا ہے عقل اوس سے بحذف مشخصات ایک امر مشترک پیدا کرلیتی ہے۔ اور وہی معنے کلی ہے +

پھر کلی کی پانچ قسمیں ہیں کیونکہ کلی اگر اپنے افراد کی پوری حقیقت ہے کہ اسکے سوا، جو کچھ ہے وہ امر عارض ہے اسکی حقیقت صرف یہی کلی ہے تو اوسکو **نوع** کہتے ہیں۔ جیساکہ انسان کیونکہ اُسکے افراد زید بکر کی یہی حقیقت ہے کہ وہ انسان ہیں باقی انکا دیگر امور سے متصف ہونا اور اوں کی خصوصیات وہ سب عوارض ہیں۔ اور اگر افراد کی حقیقت کا جزو ہے۔ پس اگر جزو غیر مشترک ہے تو اسکو **فصل** کہتے ہیں۔ اور اگر جزو مشترک ہے کہ اسکے سوا، درحقائق میں بھی پایا جاتا ہے نہ وہ خود مخصوص ہے نہ اسکا کوئی جزو مخصوص ہے بلکہ وہ تمام مشترک ہے تو اُسکو **جنس** کہتے ہیں۔ مثلاً حیوان ناطق یہ دونوں انسان کی حقیقت کے جزو ہیں دونوں سے ملکر انسان کی حقیقت بنی ہے مگر حیوان تمام مشترک ہے انسان کے سوا، اور حقائق میں بھی پایا جاتا ہے۔ گدھا گھوڑا درند پرند سب حیوان ہیں اور ناطق بجز انسان کے اور کسی حقیقت میں نہیں پایا جاتا۔ نطق گویائی ناطق گویا۔ اوس سے زبانی گویائی مراد نہیں بلکہ محسوسات اور معقولات کا ادراک کرنا اور اگر وہ کلی اپنے افراد کی حقیقت میں داخل نہیں بلکہ عارض ہے پھر اگر خاص ہے تو اسکو خاصہ کہتے ہیں۔ ورنہ **عرض عام**۔ ضاحک انسان کے لیئے بوجہ مخصوص ہونے کے خاصہ اور ماشی یعنے چلنے والا ہونا اِس سبب سے کہ اور حیوانات پر بھی صادق آتا ہے عرض عام ہے مگر دونوں حقیقت میں داخل نہیں۔

اِن کلیات کو جو باہم ترتیب دی جاتی ہے تو اس مجموعہ کو **معرف**[۲] کہتے ہیں پھر اوسکی چار قسمیں ہیں اگر جنس و فصل قریب سے مرکب ہے تو اسکو **حد تام** کہتے ہیں اور اگر فصل

---

[۱] یہ بات اور حیوانات میں نہیں تحدیث نے انسان کو جملہ حیوانات پر اسی خوبی سے فوقیت بخشی ہے

[۲] ڈیفینس ۱۲

قریب اور جنس بعید سے یا صرف فصل قریب سے مرکب ہے تو اسکو حد ناقص کہتے ہیں اور جنس قریب یا خاصہ سے مرکب ہے تو اسکو رسم تام کہتے ہیں اور اگر یہ نہیں تو اسکو رسم ناقص کہتے ہیں معرف سے وہ نامعلوم تصور حاصل ہو جاتا ہے کہ جسکے لئے یہ تعریف ترتیب دی گئی ہے۔

تصدیق میں اگر ایک چیز پر کوئی دوسری چیز حمل کی گئی ہے یعنے اسپر رکھی ہے۔ جیساکہ زید قائم ہے زید پر قائم کو رکھدیا ہے زید کو موضوع اور قائم کو محمول کہتے ہیں تو ایسے مجموعہ کو قضیہ حملیہ کہتے ہیں عام ہے کہ ثبوت ہو یا نفی اور اگر ایک قضیہ کو دوسرے کے ساتھ متصل کیا گیا ہے جیساکہ اگر آفتاب طلوع کر آیا ہے تو دن موجود ہے تو اس جملہ کو قضیہ شرطیہ متصلہ کہتے ہیں اور اگر انفصال کیا ہے تو اسکو شرطیہ منفصلہ کہتے ہیں جیساکہ یہ عدد یا زوج ہے یا فرد۔ شرطیہ میں جزء اول کو مقدم اور جزء ثانی کو تالی کہتے ہیں۔ پھر ان قضایا کے بہت سے اقسام اور احکام ہیں مگر ان قضایا کو باہم ترتیب دیکر ایک نامعلوم نتیجہ حاصل کرتے ہیں اور اس مجموعہ مرتب کو حجۃ اور دلیل کہتے ہیں پھر آگے اسکے تین اقسام ہیں۔ قیاس، استقرار، تمثیل پھر قیاس اقترانی۔ استثنائی یہ قوانین تو حجۃ و دلیل کی صورت کے لئے تھے اب اس کے مادہ کے حالات سنئے کیونکہ وہ یا تو مقدمات یقینیہ سے مرکب ہے یا غیر یقینیہ سے اول صورت میں اوسکو برہان کہتے ہیں۔ اگر حد اوسط جیساکہ ذہن میں اکبر کی اصغر کے لئے ثبوت کی علت ہے سیطرح خارج میں وجود کی بھی علت ہے تو اسکو برہان لمی ورنہ انی کہتے ہیں اور یقین کسی چیز کا جازم اعتقاد کر لینا ہے کہ یہ یوں ہی ہے اور واقع میں بھی ویسا ہی ہو اور اعتقاد بھی جازم ہو جسکا زوال نہو سکے اس قید سے کہ وہ واقع میں ویسا ہی ہو جہل مرکب نکل گیا کیونکہ وہاں اعتقاد جازم تو ہوتا ہے مگر خلاف واقع ہوتا ہے اور جازم کی قید سے ظن نکل گیا کیونکہ وہ جازم نہیں ہوتا بلکہ جانب مخالف بھی پیدا ہوتی ہے گو مرجوح اور ضعیف سہی (اور جہاں دونوں پلہ مساوی ہوں اس کو

toobaa-elibrary.blogspot.com

شک کہتے ہیں اور ضعیف پلہ کی جانب کو وہم کہتے ہیں اور زائل نہو سکنی کی قید سے اعتقاد تقلیدی خارج ہو گیا کیونکہ وہ کسی کے شبہ اور شک پیدا کر دینے سے زائل ہو جاتا ہے۔ یقینیات کچھ تو بدیہی ہیں کہ جنکو ہر ایک تصدیق کرتا ہے اور کچھ نظری ہیں کہ جنکو صاحب نظر و استدلال ہی یقین کرتے ہیں۔ بدیہی یقینیات چھ چیزیں ہیں کس لیئے کہ قضایا یقینیہ میں صدق کا حکم دینے والا حس ہے یا عقل ہے یا دونوں ہیں اگر حاکم عقل ہے تو دو حال سے خالی نہیں یا موضوع و محمول کو تصور کرتے ہی عقل صدق کا حکم کر دیتی ہے تو ایسے قضایا کو اولیات کہتے ہیں جیسا کہ کل جزء سے بڑا ہے۔ اور اگر اوس کے ساتھ کسی واسطہ کی بھی حاجت ہے تو وہ واسطہ ذہن سے دور نہو جانے والا بھی نہیں تو ایسے قضایا کو **قضایا قیاساتہا معہا** کہتے ہیں کہ انکا قیاس یعنے دلیل انکے ساتھ ہے، جیسا کہ چار کا عدد زوج یعنے جفت ہے کیلئے کہ جو شخص چار اور جفت کے معنے کو تصور کرے گا کہ جسکے برابر کے دو ٹکڑے ہو سکیں تو فوراً کہدیگا کہ چار دو دو پر مساوی تقسیم ہوتا ہے اور جو مساوی تقسیم ہوتا ہے وہ جفت ہے نتیجہ نکلے گا کہ چار کا عدد جفت ہے اور اگر حاکم حس ظاہر ہے تو انکو **مشاہدات** کہتے ہیں جیسا کہ آفتاب روشن ہے اور اگر انسان کی کوئی اندرونہ قوت حاکم ہے تو انکو وجدانیات کہتے ہیں جیسا کہ بھوک پیاس خوف خوشی رنج کا ادراک اور اگر دونوں حاکم ہیں یعنے حس و عقل اب اگر حس سمع ہے تو انکو **متواترات** کہتے ہیں۔ جیسا کہ مکہ ایک شہر ہے تواتر میں راویوں کی تعداد شرط نہیں البتہ اسقدر ہوں کہ عقل ان کو جھوٹ نہ سمجھے اور اگر حس سمع شریک نہیں تو دو حال سے خالی نہیں یا تو یکے بعد دیگر عقل کو یقین کرنے کے لیئے متعدد مشاہدوں کی حاجت ہے یا نہیں اگر ہے تو انکو **تجربات** کہتے ہیں کہ فلاں دوا کا یہ اثر ہے جو بار بار کے مشاہدے سے یقین ہو گیا ہے اور اگر حاجت نہیں ہے تو ان کو **حدسیات** کہتے ہیں حدس میں ذہن جلد مبادی سے مقاصد کیطرف منتقل ہو جاتا ہے برخلاف فکر کے کہ اسمیں ذہن

toobaa-elibrary.blogspot.com

اول بہادی کیطرف منتقل ہوتا ہے پھر مبادی سے مطالب کیطرف اسمیں دو حرکت پائی جاتی ہیں برخلاف حدس کے کہ اسمیں سرے سے حرکت ہی نہیں ہوتی بلکہ دفعۃً ذہن منتقل ہوجاتا ہے جیساکہ یہ قضیہ کہ چاند کا نور آفتاب سے حاصل ہے۔ کیونکہ چاند کے نور کا کم زیادہ ہونا آفتاب کے مقابل ہونے یا نہونے سے فوراً معلوم ہوجاتا ہے کہ یہ آفتاب کی روشنی ہے۔ لازم سے ملزوم کا اور مصنوع سے صانع کا اور علامات سے اشیاء کا علم بھی عقلی وحسی ادراک ہے۔

مجربات اور حدسیات مقابل کے سامنے حجت نہیں ہوسکتی۔ ممکن ہے کہ اسکا تجربہ اور حدس اسکو نہوا ہو۔ اسیطرح قضایا غیر یقینیہ بھی چھ قسم کے ہیں۔ مشہورات کہ لوگوںمیں شہرت پاگئے ہوں اور شہرت کا سبب یا تو ان امور کا مصلحت عامہ پر مشتمل ہونا ہے جیساکہ یہ قضیہ عدل بہتر ہے ظلم برا ہے یا لوگوں کے طبائع کی رقت ہے جیساکہ یہ قضیہ ضعیفوں کی مراعت عمدہ ہے یا ان کی حمیت ہے کہ برہنہ ہونا برا ہے۔ یا ان کے عادات کا اثر ہے جیساکہ جو لوگ گوشت نہیں کھاتے ان کا قول ہے حیوانات کا ذبح کرنا برا ہے حالانکہ اور قوموں کے نزدیک برا نہیں ہے یا ان کی شریعت اور دستور کے سبب شہرت ہوگئی ہے وغیرذلک اور ہر قوم اور ملک کے مشہورات جدا ہوتے ہیں جنکے جیسے عادات و رسوم و اخلاق ہوتے ہیں۔ مشہورات کبھی سراسر خلاف واقع ہوتے ہیں اور کبھی صحیح بھی برخلاف اولیات کے کہ وہ صحیح ہوتے ہیں دونوں میں یہ بڑا امتیاز ہے۔ مسلّمات یہ وہ قضایا ہیں جو مقابل کے نزدیک مسلم ہیں اسسے دلیل مرکب کرنے کا یہی مطلب ہوتا ہے کہ مخالف کو الزام دیا جاوے اور جو دلیل کہ مشہورات و مسلمات قضایا سے مرکب ہو اسکو جدل کہتے ہیں تیسرے مقبولات یہ وہ قضایا ہیں کہ جنکے قائلین کیطرف لوگوں کا حسن اعتقاد ہو خواہ وہ دینی پیشوا رہوں یا سلاطین و حکام رہوں۔ چوتھے مظنونات یعنے وہ قضایا جو ظنی ہوں یقینی نہوں جیساکہ فلاں رات کو پہرا کرتا ہے اور جو رات کو پہرا کرتا ہے وہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

چور ہوتا ہے نتیجہ نکلا کہ فلاں چور ہے حالانکہ جورات کو پیرے یقینی بات نہیں کہ وہ چور ہی ہو
مظنونات و مقبولات سے جو کلام مرکب ہوتا ہے اسکو خطابہ کہتے ہیں۔ یہ لوگوں کو کسی
بات پر آمادہ کرانے یا منع کرنے میں بالخصوص امور معاش و مصالح عامہ و حسن سیرت کیطرف
لانے میں نہایت کارآمد ہوتا ہے جیسا کہ واعظین اور سپیکر کیا کرتے ہیں۔ پانچویں
تخیلات یہ وہ خیالی قضایا ہوتے ہیں نفوس کو متاثر کرتے ہیں تاکہ رغبت یا نفرت دلائی
جائے جیسا کہ خراب کی خوبی کہ وہ یاقوتی رنگ اور چناں اور چنیں ہے فلاں شخص کی صورت
ایسی اور ایسی ہے چاند سا چہرہ ہے یا دیو جیسی صورت ہے۔ ایسے قضایا سے جو کلام مرکب ہو
ہے اسکو شعر اور کلام شعری یا شاعرانہ خیال بندی کہتے ہیں۔ اور جب اس کلام کو ردیف
و قافیہ میں لاکر نظم کر دیا جاتا ہے اور پھر اسکو کوئی خوش الحان گاتا ہے اور سرود بھی ہوتا ہے
تو نفس کو جلد ہیجان میں لاتا ہے۔ لیکن یہ کمال روحانی نہیں۔ چھٹے وہمیات یعنے غلط مقدمات
جو وہم کے حکم بیجا پر بنے ہوں کیلئے کہ غیر محسوس چیزوں پر وہم کا فتوے غلط ہوتا
ہے جیسا کہ یہ قول کہ جو موجود ہے تو ضرور وہ محسوس بھی ہے کہ جسکی طرف اشارہ کر سکتے
ہیں ورنہ موجود نہیں یا یہ کہ اس گھر میں مردہ ہے وہ ضرر پہونچائیگا یہ وہمی اقوال کبھی
اس درجہ تک لوگوں کے ذہن نشین ہوجاتے ہیں کہ مشکل سے دور ہوتے ہیں اور جاہل
ملکوں میں ایسے وہمیات اقوال پر ان کے مذہب اور رسم و رواج کی بنیاد ہوتی ہے
اور کبھی مسائل حقہ کی تفسیر و تشریح میں بھی وہمیات کا دخل ہوجاتا ہے اسلئے شرائع
صادقہ میں بھی ہر دور زمانہ تحریف ہوجاتی ہے بات کچھ تھی بنا لیتے کچھ اور ہیں اپنے وہم
کا لباس پہنائے بغیر نہیں چھوڑتے آجکل مسلمانوں کے رسم و رواج بجائیں بھی اسکا
بہت کچھ دخل ہوگیا ہے اور خیال نے اسکو اسلام سمجھ لیا ہے وہمیات سے جو کلام اور
قیاس مرکب ہو اسکو سفسطہ کہتے ہیں۔

یہ انسان کی علمی ترقی ہے۔ اسلئے اس علم میں ہر ایک کا حصہ نہیں۔ حکما رمشائین اور

toobaa-elibrary.blogspot.com

متکلمین کے کمال کا مدار علم استدلالی پر ہے جیسا کہ حال کے حکماء کا مدار کہربائی تجارب اور آلات کے ذریعہ سے مشاہدات پر ہے ؛

(۳) علم منامی ہے۔ یہ بھی انسانی کمالات کا ذریعہ ہے اسلئے اسمیں سے بھی ہر ایک کو حصہ نہیں دیا گیا۔ **خواب** میں حواس ظاہرہ سے تو کچھ کام لیا ہی نہیں جاتا ہاں حواس ظاہرہ کے مدرکات خزانۂ خیال میں مجتمع تھے اور اسیطرح قوت وہمی کے بھی مدرکات جزئیہ خزانۂ حافظہ میں مجتمع تھے اور یہ سب خواب میں سامنے ہوتے ہیں اور ہر قوت اپنے قبضہ فرمیکا نہیں رہتی اسلئے خواب میں بیشتر عالم سفلی کے مدرکات گوناگوں صورتوں میں پیش آتے ہیں یہ معمولی خواب ہیں جنکو اضغاث احلام کہتے ہیں۔ بے تمک نہ ان کا کچھ اعتبار ہے نہ یہ وسیلہ ترقی ہو سکتے ہیں۔ لیکن کبھی نفس ناطقہ جبکہ وہ اس عالم حس کیطرف سے بسبب معطل ہو جانے حواس کے جو اس کے جاسوس تھے اپنے خیر اعلیٰ عالم نورانی کیطرف متوجہ ہو جاتا ہے تو اس جوہر صافی پر عالم غیب کے واقعات اسطرح منعکس ہوتے ہیں کہ جیسا صاف آئینہ میں محسوسات کی صورتیں پر پیدا ہو کر کبھی ہو بہو اوس واقعہ کو ادا کرتا ہے اور اسکے مطابق اوسکا ظہور دیکھتا ہے اور کبھی ان معانی مجردہ کو اسکی قوت متخیلہ ان کے مناسب صور محسوسات کا لباس پنا دیتی ہے۔ مثلاً معلوم یہ معنے ہوئے تھے کہ کوئی دشمن قوی اسپر حملہ کر رہا ہے قوت متخیلہ نے اسکو اس صورت میں لے لیا کہ ہاتھی یا شیر یا اور کوئی موذی درندہ اسپر حملہ کر رہا ہے۔ مُعَبِّر اوس صورت محسوسہ سے وہی معنے الگ کر کے بتا دیتا ہے۔ اس علم کے علماء نے معانی مجردہ کی مناسب صورتیں بیان کر دی ہیں اور اس مناسبت کی تشخیص میں بھی معبر اور اس فن کے ماہروں سے غلطیاں ہو جاتی ہیں۔ صورت محسوسہ میں ڈھالنے کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ وہ اس محسوسات ہی کے ادراک کے عادی ہیں اور انہیں تک انکی دسترس ہے۔ ایسے خوابوں کو بھی اضغاث احلام بتانا بڑی بے تمیزی اور سچے واقعات کا انکار کر دینا ہے ؛

خواب کی حقیقت

اور جو اوزان کا ستعمال ہے اسی احلام اور رؤیا کی تشخیص پر اسمیں متوجہ ہوتا ہے اور کبھی ان معانی مجردہ کو اسکی قوت متخیلہ ان کے مناسب صور محسوسات کا لباس پنا دیتی ہے۔ مثلاً معلوم یہ معنے ہوئے تھے کہ کوئی دشمن قوی اسپر حملہ کر رہا ہے قوت متخیلہ نے اسکو اس صورت میں لے لیا کہ ہاتھی یا شیر یا اور کوئی موذی درندہ اسپر حملہ کر رہا ہے۔ مُعَبِّر اوس صورت محسوسہ سے وہی معنے الگ کر کے بتا دیتا ہے۔ اس علم کے علماء نے معانی مجردہ کی مناسب صورتیں بیان کر دی ہیں اور اس مناسبت کی تشخیص میں بھی معبر اور اس فن کے ماہروں سے غلطیاں ہو جاتی ہیں۔ صورت محسوسہ میں ڈھالنے کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ وہ اس محسوسات ہی کے ادراک کے عادی ہیں اور انہیں تک انکی دسترس ہے۔ ایسے خوابوں کو بھی اضغاث احلام بتانا بڑی بے تمیزی اور سچے واقعات کا انکار کر دینا ہے ؛

toobaa-elibrary.blogspot.com

بسا اوقات بعض لوگ خواب میں مردوں سے ملے ہیں اور مردوں نے انکو وہ باتیں بتائی ہیں کہ جنکو یہ جانتے بھی نہ تھے پھر بیدار ہو کر انکو ویسا ہی پایا ہے کبھی مردوں نے وہ چیزیں بتائی ہیں کہ جنکو کوئی بھی نہ جانتا تھا کبھی انکو مطالب علمیہ و حقائق انیقہ و اسرار موجودات بتائے ہیں کبھی اسکو رنج و محن اور مصائب سے رستگاری کی بر جستہ تدابیر بتائی ہیں اور پھر بیدار ہو کر ویسا ہی پایا ہے یہ علوم اسکو یقیناً بغیر ذریعہ حواس کے خواب میں حاصل ہوئے ہیں کبھی دیکھا گیا ہے کہ خواب میں کسی شہر میں گئے ہیں اور وہاں جا کر فلاں فلاں اشخاص سے ملے ہیں جنکی یہ صورتیں ہیں اور ایسے مکان میں ٹھہرے ہیں اور وہاں یہ کھایا پیا ہے۔ حالانکہ بیداری میں اب تک نہ یہ شہر دیکھا تھا بلکہ سنا بھی نہ تھا نہ وہاں کے مکانات دیکھے تھے نہ اون لوگوں اور نہ ان کھانوں نہ اُن سامانوں کو دیکھا تھا پھر بیدار ہو کر کیونکر ہو بہو ویسا ہی پیش آیا ان خواب کی چیزوں کو متخیل تو کہہ ہی نہیں سکتے کیلئے کہ اب تک انکا حواس سے ادراک بھی نہیں ہوا تھا۔ پھر یہ ایک اگر ادراک روحانی نہیں تو اور کیا ہے؟ کیلئے کہ خواب میں نہ وہ ان پاؤں سے چل کر گیا ہے تو ان آنکھوں نے اوسنے کچھ دیکھا ہے نہ اس مونہہ سے کچھ کھایا ہے۔

اسلئے محققین نے فرمایا ہے کہ نفس ناطقہ گو اس مادہ اثیریہ سے مجرد ہے مگر وہ خود بھی ایک لطیف جسم رکھتا ہے جسمیں ایسے ہی اعضا لطیفہ ہیں جیسا کہ اس جسم کے لئے تھے اور وہ اس جسم کے بغیر بھی لذت و سرور رنج و محن پاتا ہے۔ اس جسم کے چھوڑ دینے کے بعد اسپر سب کچھ رنج و راحت گزرتی ہے جسکو شریعت میں قبر کے عذاب و ثواب سے تعبیر کیا گیا ہے

حضرات انبیاء علیہم السلام کو خواب میں بہت امور غامضہ بتائے گئے ہیں خاتم الانبیاء علیہم السلام نے بھی اسلئے خواب کو نبوت کا ایک جزو بتایا ہے۔

(۴) ادراک کشفی ہے۔ قبل اسکے کہ ہم اس ادراک کی حقیقت بیان کریں انسان کا کچھ حال بیان کرنا مناسب سمجھتے ہیں۔ جو اس کا محل ہے۔ انسان کا ایک حصہ تو یہی جسم ہے

انسان کی حقیقت اور ادراک کشفی

toobaa-elibrary.blogspot.com

جو ایک قطرۂ منی سے بنا ہے اور وقتاً فوقتاً بڑھتا اور اغذیہ سے بدل ما تحلل ہوتا رہتا ہے اور ایک حد پر پہونچ کر اسکے قویٰ میں فرق آنے لگتا ہے اور ہوتے ہوتے درخت کیطرح بیمردہ ہو کر گر پڑتا ہے۔ اِس حصہ کے لحاظ سے یہ بھی اچھا حیوانات بہی نباتات کے ہیں جسطرح ایک دانہ میں قدرت نے اِس کے کمالات مقدرہ ودیعت رکھدیئے ہیں اور زمین میں پڑکر رفتہ رفتہ وہ عالم وجود میں ظہور کرتے ہیں اور تکمیل کی حد پر پہونچکر پھر وہی یا ویسا ہی دانہ برآمد ہوتا ہے یہی حال انسانی جسم کا ہے فرق یہ ہے کہ وہ زمین میں یہ عورت کے رحم میں اوگتا ہے۔ پھر جسم کی جو کچھ اطبار نے تشریح بیان فرمائی ہے اور اسکی بناوٹ میں قدرت کا کمال دکھایا ہے وہ کہے دیتا ہے کہ یہ آفرینش کسی بے شعور (طبیعت) کا کام نہیں بلکہ کسی حکیم وعلیم کی صناعی ہے خیالات عامہ تو اِس جسم کے پتلے کو کہ جو ایک قسم کی تروتازہ لکڑی ہے نہ جس میں کوئی ادراک ہے نہ عقل ہے نہ نیک وبد کی پہچان ہے انسان کہتے ہیں مگر جب اسکے ادراک اور عقل وحواس پر غور کیا جاتا ہے تو صاف معلوم ہوتا ہے کہ اِس پتلے میں کوئی اور ہی مدرک اور صاحب شعور ہے جو تمام جسم کو اپنی طرف نسبت کیا کرتا ہے کہ میرا سر میرا پاؤں میرا دھڑ میرا جسم اور یہ ظاہر ہے کہ منسوب اور منسوب الیہ دو چیزیں جداگانہ ہوتے ہیں جبکہ کوئی کہے کہ میرا گھوڑا توصاف ہے کہ گھوڑا دوسری چیز ہے اور میرا کہنے والا دوسری چیز ہے اور سب باتوں کو جانے ویکھے صرف خواب میں آیندہ آنے والے واقعات دیکھے۔ اِن آنکھوں نے ہرگز نہیں پس جوہر مجرد نفس ناطقہ ہی جسکو روح کہتے ہیں اور ہر زبان میں اسکا ایک نام ہے) اصل انسان ہے جو اِس خاکی پتلے سے ایسا وابستہ ہے کہ گویا دونوں ایک ہیں ایک کا دوسرے پر اثر پہونچتا ہے +

انسان اور روح کا تعلق

اب اِس جوڑے میں دو صفت ہیں ایک جسمانی آتا رہیمیت وظلمات اور عالم پستی کیطرف رغبت کرنا لذات وشہوات کیطرف مائل ہونا دوسرا وصف روحانی ہے جسکا

toobaa-elibrary.blogspot.com

تقاضا عالم بالا کیطرف رغبت ہے۔ چونکہ وہ نورانی ہے نورانی اخلاق و افعال کیطرف میلان بھی کرتا ہے دونوں میں عجیب کشمکش رہتی ہے۔ ؎

آدمی زادہ طرفہ معجونیست — از فرشتہ رشتہ از حیوان

یارب یہ دل ہے یا کوئی مہمانسرائے ہے — غم رہ گیا کبھی کبھی آرام رہگیا

اہل کمال روحانیت کو قوت دینے کے لیئے جسمیت کے پست کرنے میں بڑی بڑی ریاضات شاقہ کیا کرتے ہیں اسلیئے ایک حد اعتدال تک شرائع انبیاء علیہم السلام نے بھی ریاضیات قائم کی ہیں۔ روزہ۔ حج۔ نماز۔ مراقبہ۔ ذکر وغیرہ اسیطرح بیجا خواہشوں سے روکا ہے جیسا کہ زنا۔ اور اس کے اسباب و دواعی تاج و رنگ باجے گاجے برہنہ تصویر شہوت انگیز افسانے اور مخش اشعار شراب کھانے پینے میں شتر بے مہار ہونا اور جملہ ملکات رذیلہ جھوٹ مکر ظلم وغیرہ۔

اہل ریاضات دو قسم کے لوگ ہیں ایک وہ جو کسی انبیائی طریق کے پابند نہیں انکو حکماء اشراقین کہتے ہیں قدماء میں افلاطون الٰہی بھی تھا۔ اور اہل ہند میں جوگی سنیاسی وغیرہ۔ دوسرے وہ جو طریق انبیاء علیہم السلام کے پابند اور انہیں کی تعلیم کردہ روحانی ترقیوں کی راہوں پر چلنے والے ہیں۔ یہ گروہ اولیاء کرام و صوفیائے عظام کا ہے ہر چند دونوں گروہ روحانی کمالات میں ترقی کرتے ہیں اور جب روح سے حجاب جسمیت دور ہوتے ہیں تو اس آئینہ صافی میں ہزاروں علوم منعکس ہوتے ہیں۔ اور یہی وہ ادراک کشفی ہے ؛

مگر دونوں گروہوں میں بڑا فرق ہے گروہ اول کی ریاضات میں بیقاعدہ ہونے کے سبب محنتیں بھی زائد اور نتائج بھی کم اور پھر نتائج میں غلطی کا احتمال بھی زیادہ باقی رہتا ہے برخلاف گروہ دوئم کے ؛

toobaa-elibrary.blogspot.com

ادراک کشفی کے درجات

(۱) اہل ریاضت کا کشف ہے۔ قدرت نے انسان کو جسطرح محسوسات کے ادراک کے لئے حواس ظاہرہ و باطنہ عطا کئے ہیں۔ اسیطرح عالم روحانی کے ادراک کے لئے اس عالم میں **لطائف سبعہ** بھی عطا کیے ہیں۔ لطیفہ قلب۔ لطیفہ روح۔ لطیفہ سر۔ لطیفہ خفی۔ لطیفہ اخفی۔ ان پانچوں لطیفوں کا مقام سر سے نیچے کے بدن یعنی سینہ میں ہے لطیفہ نفس۔ لطیفہ سر ان کا مقام سر میں ہے۔ مگر ان کی تعلیم اور ان میں ترقی اور ان کے انوار کی کیفیات بغیر روحانی معلم کے جو بنیائی طریق کے سجادہ نشین اور ہادی ہیں میسر نہیں آتی۔ ہر ایک لطیفہ کے انوار اور انکے کیفیات جداگانہ ہیں جن سے عالم روحانی کے حقائق اور نور غیبی منکشف ہوتے ہیں اور ایک عجیب مستی اور کیف پیدا ہوتا ہے۔ مگر سالک طریق ان حقائق و اسرار کو اپنے مقصد اصلی کے مقابلہ میں کسی عزت کی نگاہ سے نہیں دیکھتا۔

ان لطائف سے جبکہ آنکھیں بند ہوتی ہیں ہزاروں کھلی آنکھوں کے محسوسات بھی دکھائی دیجاتے ہیں اور عالم مجردات کی صدہا ایسی چیزیں بھی نظر آیا کرتی ہیں کہ نہ خلکو کوئی دوربین یا کوئی آلہ دکھا سکتا ہے۔ روحانیوں سے ملتے ہیں اور اپنی روح کو بھی عیاناً دیکھتے ہیں اور صدہا عالم ملکوت کے اسرار منکشف ہوتے ہیں یہ **اول درجہ** ہے پھر انہیں بھی یکے بعد دیگر بہت سے درجات ہیں۔ **دوسرا درجہ** صفات باری میں مراقبہ اور ان کے انوار و آثار کی تجلیات کا ظہور ہے جس سے سکی روح پر انہیں انوار کا انعکاس ہوتا ہے اسکی محبوبیت کا رنگ چڑھتا ہے تو مخلوق میں محبوب و مرغوب ہو جاتا ہے قدرت کے اثار تجلی کرتے ہیں تو اسکی طاقت اجسام کی طاقت سے بڑھ جاتی ہے اس سے وہ بڑے بڑے کام نمایاں ہونے لگتے ہیں جو ظاہر اسباب پر مبنی نہیں ہوتے خلکو **کرامت** و خارق عادات

toobaa-elibrary.blogspot.com

کہتے ہیں توحید کی تجلی ہوتی ہے تو صرف اسکا وجود مطلق شئونات گوناگوں میں دکھائی دیا کرتا ہے۔ لیکن اب تک اسکا انکشاف اور اسکے کیفیات اس مرتبہ تک نہیں پہونچے جو غلطی اور آمیزش وہم سے معصوم مانے جائیں۔ پھر اس مرتبہ میں بھی درجات مختلفہ ہیں کیونکہ جسطرح سب اجسام اور جسمانی قوتیں برابر نہیں اسیطرح روحانی قوتوں اور خود ارواح میں بھی ویسا ہی تفاوت ہے بلکہ اس سے بھی بڑھکر ایک شخص کو مدتوں کی ریاضات شاقہ کے بعد بھی وہ مرتبہ نصیب نہیں ہوتا جو دوسرے قوی النفس ناطقہ کو تھوڑی سی توجہ میں ہو جاتا ہے یہاں تک دائرہ ولایت تمام پھر اسکے اوپر تیسرا درجہ نبوت و رسالت کا ہے

درجات کشف

اس مرتبہ میں ذات باری کی تجلی روح پر ہوتی ہے اور ان لوگوں کے نفوس وارواح بھی اسدرجہ پر ہوتے ہیں کہ اور کسیکے نہیں ہوتے اور اس مرتبہ میں انکے علوم اور ان کے مکاشفات اور ان کے حالات آمیزش وہم وتخیلات سے بھی بالکل پاک اور سراسر حق اور مطابق واقع ہوتے ہیں تمام روحانی ترقیوں کا یہاں خاتمہ ہو جاتا ہے یہی لوگ پیشرو ہوتے ہیں انہیں کے انکشاف پر اعتماد کلی ہوتا ہے اور ان کے انکشاف کو الہام اور وحی کہا کرتے ہیں اسلیے یہ لوگ مخلوق کی ہدایت کیلئے اسکی رحمت کے مامور کیے جاتے ہیں۔

حکمت نبوت

(۱) بھلا جس رحیم وکریم نے اپنی کمتر درجہ کی مخلوق نباتات وحیوانات کے لیے بھی انکے حد کمال کے رستہ واضح کردے وہ انسان جیسے اشرف مخلوق کو یوں ناکمل رکھے بعید از قیاس اور خلاف شان رحمت ہے اسلیے نفوس بشریہ میں سے چند ایسے نفوس بھی بنائے

ف اور یہ کوئی خلاف عقل بات نہیں عالم جسمانی میں کہ جہاں اثر وتاثر بہ نسبت مجردات و روحانیات کے بہت ہی کم ہے۔ پھول کا اثر مٹی میں اور آگ کا لوہے میں ایسا محسوس ہے کہ مٹی خوشبو میں پھول اور حرارت میں لوہا آگ کا کام دیتا ہے پھر روحانیات ولطائف میں تو بدرجہا ولے ہے روح لطیف جب انوار حق متجلی ہوتے ہیں تو پھر اوسکی قدرت وطاقت کا کیا بیان ہو سکتا ہے اور قدرت وطاقت عالم اجسام میں بھی لطافت کے سبب زیادہ پائی جاتی ہے۔ خاکی اور ہوائی اثیر سے جانب کی اور اس لیے لطافت کے برقی طاقت بھی زیادہ ہوتی ہے

۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

جو انسانی سعادت کے رہنما اور پکے ہادی ہیں انہیں ایک جذب مقناطیسی بھی ایسا رکھدیا ہے جو نفوس بنی آدم کو کشاں کشاں سیدھے رستہ پر لاتے ہیں انہیں ایک نورانی قوت بھی ایسی رکھی ہے کہ جس سے ذرا سی صحبت بلکہ غائبانہ عقیدت و محبت سے بھی روح میں خود بخود نورانیت مشتعل ہو جاتی ہے ٭

جب انسانی جملہ علوم و مکاشفات غلطی سے معصوم نہیں تو ایسی حالت میں اگر ایسے اشخاص ہوں کہ جنکے ادراک و انکشاف بالکل معصوم ہوں اور انہوں نے مرنے کے بعد کے جملہ حالات اور خدا کی صفات و ذات اور عالم روحانی کے واقعی حالات اور ارواح کے مہلک امراض اور ان کے یقینی شفا دینے والے سلاجات نہ دریافت کر لیئے ہوں تو بنی آدم کی زندگی برباد اور اسکو پیدا کرنا عبث ہو جائے۔ پھر انبیاء کے بھی درجات متفاوت اور حالات مختلف ہیں۔ یہ برگزیدہ گروہ جسطرح اپنی قوت عملیہ میں معصوم ہے کہ انکی ملکیت کیوجہ سے اسپر بہیمیت غلبہ ہی نہیں پاسکتی جو خلاف فطرت کام کرنے پر اسے اسیطرح وہ اپنی قوت نظریہ میں بھی معصوم ہیں کہ قوت متوہمہ و متخیلہ ان میں کوئی انیرش ہی نہیں کرسکتی۔ وما زاغ البصر وما طغیٰ۔ انکے علاوہ انسان نے اپنے علوم و ادراک کے لیے اور بھی ذرائع و اسباب پیدا کر لیئے ہیں جیسا کہ۔

(۱) **نجوم رمل جفر** وغیرہ۔ اول تو ان کے قواعد و احکام ہی ظنی ہیں دوئم ان کا انطباق اور بھی ظنی ہے۔ اسلیئے انسے دریافت کیئے گئے۔ عالم جسمی کے حالات بھی قابل اعتبار نہیں چہ جائیکہ روحانی اور عالم مجردات کے احوال۔ اسلیئے بارہا ان کے احکام غلط ثابت ہو جاتے ہیں ٭

(۲) **علم بالآثار والعلامات**۔ مثلاً دھواں دیکھکر آگ کا علم حاصل کرنا۔ اگر آثار و علامات وضعیہ ہیں کہ واضع نے فلاں فلاں چیزوں کو فلاں فلاں چیزوں کے لیئے علامات اور نشان مقرر کر دیا ہے جیسا کہ جھنڈیوں اور رسیوں کو میلوں کے لیئے نشان بنا دیا۔ اور

toobaa-elibrary.blogspot.com

تار برقی کے ذریعہ سے سوئی کے حرکات یا آواز کو مطالب کے لیئے یا حروف مکتوبہ کو الفاظ کے لیئے اور الفاظ کو معانی کے لیئے یا مخصوص آوازوں کو مخصوص مطالب کے لیئے یا مخصوص اشاروں کو مخصوص مقاصد کے لیئے مقرر کر لیا ہے جیسا کہ ون میں آئینہ کے ذریعہ سے اشارات کو رات میں برقی لالٹینوں کے اشارات کو مطالب مخصوص کے لیئے خاص کر لیا ہے تب تو اسنے جو علم حاصل ہوگا وہ معتبر ہوگا۔ جسکی صداقت حس و عقل سے ہے۔ اور اگر قدرتی آثار و علامات سے استدلال ہے جیسا کہ بارش اور زلزلہ اور موسمی سردی و گرمی کے لیئے اور امراض و حوادث کے لیئے تجارب سے آثار و علامات معلوم کر لیئے ہیں تب یہ علم کبھی ظنی اور کبھی غلط ہوگا یہاں بھی حس اور عقل دونوں حکم کیا کرتے ہیں اس علم کو شرعاً اخبار بالغیب نہیں کہتے۔ ایسے آثار و علامات دریافت کرنے کے لیئے تر امیٹر وغیرہ آلات بھی بنائے گئے ہیں۔

(۳) ارواح غیر مرئیہ جن وغیرہ سے علوم و حالات کا دریافت کرنا یہ علوم بھی کبھی صحیح ہوتے ہیں۔ کیونکہ خود ارواح خبیثہ اور جن کو علوم روحانیات صحیح اور یقینی نہیں ہوتے ہاں عالم محسوس کی چیزیں اور حالات تو ان کے دیکھے سنے ہوئے ہوتے ہیں۔ عرب میں ایسے لوگ بھی تھے جو جنوں اور ارواح سے سیکھ کر لوگوں کو خبریں دیا کرتے اور ایک سچ میں دس جھوٹ ملا دیا کرتے تھے۔ ان کو **کاہن** کہتے تھے۔ شارع نے اس سلسلہ کو مرد و زن کو بہت سخت الفاظ سے ممنوع کر دیا۔

اور اگر ارواح خبیثہ اور جنوں کا ذریعہ نہیں بلکہ عالم مجردات کے اشخاص کا جیسا کہ **ملائکہ غیب** تو اسمیں بھی کلام ہے جسکی تفصیل کسی دوسرے مقام پر کیجائیگی

اور کبھی شیاطین اور ارواح خبیثہ لوگوں پر مسلط ہو کر دور دراز کی اور آئندہ واقعات کی خبریں دیا کرتے ہیں تاکہ ان سے اعتقاد ہو جائے اسلیئے اپنے نام بھی بزرگان دین کے نام بتایا کرتے ہیں کہ میں فلاں ولی یا فلاں شہید ہوں تاکہ پھر جو کچھ یہ شرک کی تعلیم دیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

مذموم احکام بتائے تو اسپر لوگ قائم ہو جائیں ان کو پوجنے لگیں مصیبت میں انکو پکاریں۔ ان کی نذر و نیاز کیا کریں۔ اور بیشتر تو توہمات باطلہ اور مکر ہی ہوتا ہے اسلیئے اسکو بھی شرع نے مذموم اور ناقابل اعتبار ٹھرایا۔

(۴) سب سے زیادہ ذلیل اور حقیر ذریعہ علم شگن اور فال ہے جو سراسر پوچ اور بے اصل ہے جاہل قومیں کسی کام کے ہونے یا نہونے کا علم شگن اور فال سے حاصل کیا کرتے ہیں۔ مثلاً کسی کام کو جاتے وقت اگر کسینے چھینک دیا تو جانتے ہیں کہ یہ کام نہوگا اس لیے نہونے کامیابی اور ناکامی کے لئے مہورت اور لگن۔ یعنے بحساب نجوم اوقات اور تاریخیں مقرر کر رکھی ہیں۔ انہیں خیالات پر آنی والے مصائب کا دفعیہ خاص خاص اوقات میں خاص جانوروں کا ذبح کرنا جیسا کہ بھینسا۔ اور سونا۔ بیل۔ خلہ۔ تیل وغیرہ مخصوص اشیاء خاص لوگوں کو دینا مصائب کا روکنے والا سمجھ رکھا ہے۔ اون کے اعتقاد میں ایسے عطیات و افعال امراض شدیدہ طاعون۔ ہیضہ۔ قحط۔ موت۔ غلبہ دشمن کو روک دیتے ہیں اسیطرح حصول مقاصد تندرستی فتحیابی رزق کی فراخدستی کا بھی ایسے عطیات و اعمال کو سبب بنا رکھا ہے اور پھر اسکے سایۂ اور بھی شاخسانے ہیں جنہیں جاہل اور بت پرست قومیں غرقاب ہیں اور ان کے پیشواؤں۔ پنڈتوں برہمنوں۔ جوگیوں۔ کا آج سے نہیں ہزاروں برسوں سے یہی ذریعۂ معاش ہے یہ لوگ قدیم زمانہ میں بھی اپنے راجاؤں مہاراجاؤں کے لیئے اسی قسم کے جگ اور پاٹ کیا کرتے اور خوب مال اوڑایا کرتے تھے۔

مگر افسوس آج کل مسلمانوں پر بھی جہالت کے سبب ان کی صحبت کا رنگ آگیا۔ ان میں بھی پنڈت جوگی پیدا ہو گئے۔ یہ بھی سلسلہ مکر و فریب سراسر خلاف عقل و نقل ہے کبھی اتفاقاً اپنے نتائج کا مرتب ہو جانا ان کے توہمات کی تائید کر دیتا۔

(خلاصہ بحث)

یہاں تک ہمنے ان چند چیزوں کا ثبوت کامل کر دیا ہے (۱) یہ کہ موجودات کا انحصار

toobaa-elibrary.blogspot.com

انہیں چیزوں پر نہیں جو حواس خمسہ سے محسوس ہیں۔ یہ کہنا کہ ہم صرف انہیں چیزوں کو تسلیم کرتے ہیں کہ جو ہمکو آنکھ سے دکھائی دیتی زبان سے چکھی جاتیں ناک سے سونگھی جاتیں کان سے سنی جائیں ہاتھوں سے چھوئی جاتی ہیں محض حماقت اور سراسر جہالت ہے۔ ایسے لوگ عجائب وغرائب آلات بنانے میں کہیں تک ترقی کر گئے ہوں حیوانات سے زیادہ انکا مرتبہ نہیں کہ جن کا ادراک محسوسات تک ہی محدود ہے ادراک عقلی سے انکو کچھ بھی حصہ نہیں دیا گیا ہے کس کے کہ عقل سلیم نے موجودات کا دائرہ محسوسات تک محدود نہیں کر دیا ہے نہ مرکبات کو جسم کثیف ومحسوس میں محدود مانا ہے۔

(۲) اسطرح آنکھ سے دیکھی ہوئی چیز کا یقین ہوتا ہے اسیطرح عقل کی آنکھوں سے دیکھی ہوئی چیزوں کا یقین ہوتا ہے بلکہ اس سے بھی زائد۔ کیا مصنوع کے دیکھنے کے بعد عقل اسکے صانع کو نہیں دیکھتی؟ اور لازم کے دیکھنے کے بعد ملزوم کا یقین نہیں کرتی اور کیا دونوں یقینوں میں کچھ فرق ہے؟ یا انسان کو اپنے صفات نفسانی بھوک پیاس خوف واطمینان درد وراحت میں کوئی شک ہے؟ حالانکہ انمیں سے کوئی بھی حواس سے محسوس نہیں نہ آنکھ سے نہ ناک سے نہ کان سے نہ ذائقہ سے نہ چھونے سے۔ ایسے حقائق کے وجود میں سائنس[1] اور فلسفۂ حال کا مکابرہ وانکار خود ان کے بطالت کی دلیل ہے (۳) ادراک کرنا خواہ کسی قسم کا اور اک ہو مادہ اور مادیات کا کام نہیں

[1] موجودہ فلسفہ کا جولاں گاہ اشیاء محسوسہ ہی ہیں اسکی تمام تر کوشش تجارب کہربائی اور آلات اور تیزابوں کے ذریعہ سے اجسام محسوسہ اور کرات کی تحقیقات ہے یا حیوان ونباتات وجمادات وفلزات کی تفتیش ہے یا دوربینوں کے ذریعہ سے نیرات ونظام شمسی کی تحقیق ہے ان کے علوم کا موضوع صرف محسوسات ہیں سائنس میں موجودات کے حقائق سے بحث ہوتی ہے خواہ محسوسات ہوں یا معقولات ہوں خواہ نظریہ ہوں خواہ عملیہ مگر موجودہ یورپ کا سائنس عجب ہے جسکے مسائل نہ براہین عقلیہ قائم کیے گئے ہیں نہ نقلیہ نہ مشاہدات وتجارب پر مبنی ہیں محض خیالات بے سروپا ہیں۔ تاوقتیکہ یہ معلوم ہو کہ وہ انسانی

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۴) انسان اصلی وہ روح یعنے جوہر مجرد ہے وہ عالم کثیف کا ادراک تو صرف حواس سے کیا کرتی ہے اور عالم لطیف کے ادراک میں اسکو ان حواس کی ضرورت نہیں اس کے لیئے اور ہی آلات ہیں اور وہ خود بخود بھی بغیر ذریعہ آلات مدرک ہے (۵) حواس کی رسائی صرف مادیات اور مادیات میں سے بھی مادیات کثیفہ ہی تک ہے۔ ان کو تو اجسام لطیفہ وصافیہ بھی محسوس نہیں ہوتے ہوا و صافی وساکن اور خود مادہ یعنے ایتھر بھی محسوس نہیں ہوتا (۶) ادراک استدلالی وکشفی میں ترقی کرنا انسانی کمال ہے اور بجز کشف انبیائی ان میں سے کوئی ایک بھی آمیزش وہمانی سے پاک ہونے کا دعویٰ نہیں کرسکتا ۔

فصل ۲

یہ بات متفق علیہ ہے جسمیں کسی عاقل اور کسی مذہب وملت کو بھی خلاف نہیں کہ کوئی انسان ہمیشہ دنیا میں نہیں رہتا اسمیں امیر وغریب بادشاہ ورعیت عالم وجاہل نیک وبد سب شامل ہیں جسکے لیئے نہ فلسفہ قدیم نے کوئی نسخہ بہم پہونچایا نہ فلسفہ وسائنس حال نے کوئی تدبیر نکالی۔ اگر کوئی عوارض سے بچا رہا تو عمر طبعی نے آخر ایک حد پر پہونچکر جواب دیا اور لطف یہ ہے کہ عمر طبعی اچانک جواب نہیں دیتی بلکہ ایک عرصہ بیشتر اپنے پیغام بھیج بھیجکر تنبیہ کرتی رہتی ہے مرگ اجاب واعزہ میں رمزاً تقاضا ہوتا ہے کہ تو تم بھی تیار رہو یہی دن

بقیہ نوٹ صفحہ ۳۴) اور ادراکات مذکورہ بالا میں سے کونسی قسم کا ادراک ہے محسوس اور ادراک میں خطاط سے خفاظت کا کیا قاعدہ ہے ان بے سروپا اقوال پر اعتقاد وجازم کرلینا اور پھر باوجودیکہ انمیں ترمیم وتنسیخ بھی جاری ہے یہ سمجھ لینا کہ کلام الہانی کی صحت کا اسکی مطابقت پر مدار ہے کسقدر کمزور اور جاہل مدعی کا کام ہے کہ جسکو صرف اتنی بات نے فریفتہ کرلیا کہ یورپ کے مشاہیر کے اقوال ہیں اور یورپ نے صنعت وحرفت میں یہ ترقی کی ہے حالانکہ صنعت وحرفت کی ترقی میں جہاں بہائم سیرت زیادہ مشاق ہوتے ہیں کیونکہ یہ قوت تخیلیہ کا کام ہے اور وہ انمیں زیادہ ہوتی ہے کارخانوں کے بڑے بڑے انجنیروں کا امتحان کرنیسے معلوم ہوسکتا ہے حال میں جاپان نے ان امور میں کسقدر ترقی کی ہے حالانکہ انکے علوم وادراک کا یہ حال ہے کہ ابتک بت پرستی کرتے ہیں اور صدہا توہمات میں گرفتار ہیں ۱۲۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

تمہارے لیئے بھی سر پر کھڑا ہے۔ مگر یہ بیمیت میں مست و مدہوش کب التفات کرتا ہے پھر تو کڑے کڑے تقاضے ہونے۔ لگتے ہیں آج کیا ہے بال سفید ہوگئے۔ کل دانت گرنے لگے۔ بینائی میں ضعف آنا شروع ہوگیا ہاضمہ بھی جواب دینے لگا چہرہ کی تازگی میں بھی فرق آچلا اول تو یہی خیال کیا کم انسان کی تمام امنگوں کو خاک میں ملا دینے والا ہے کیونکہ جب چند روزہ ہی قیام ہے تو شروت وعیش سے بسر کی تو کیا اور فقر و فاقہ سے ایام گزارے تو کیا محنت شاقہ اوٹھا کر فلسفہ و ریاضی کے نحو امنع حل کیے تو کیا۔ ہفت اقلیم کا بادشاہ ہوگیا تو کیا عیش وعشرت کے جملہ سامان مہیا ہوئے تو کیا ع

جرس فریاد میدارد کہ بر بندید محملہا

ٹرین تیار ہے کوچ کی گھنٹیاں بج رہی ہیں۔ دوئم جب یہ ثابت ہوگیا کہ مرکر نیست و نابود نہیں ہوجاتا بلکہ جو اس پیکر جسمانی میں بولتا چالتا حس و ادراک کرتا رنج و راحت اٹھاتا بُرے بھلے کام کرتا تھا وہ اس نقش سے نکل گیا اور اپنی ساتھ اس عالم سے حاصل کردہ سعادت و شقاوت ساتھ لے گیا اب ایک دوسرے عالم لطیف میں اسکو عیش و عشرت بھی ہے یا یہ عذاب و مصائب شاقہ میں مبتلا ہے اور ہزاروں اور بے حساب زمانہ تک رہے گا تو یہ کسقدر جاں گداز مسئلہ ہے کہ جسکے آگے عاقل کو کبھی دوسری بات کا خیال بھی نہ آئے وہ شب و روز حیات جاودانی کے اسباب بہم پہونچانے میں مصروف و مشغول ہونے کے سوا کسی لذت و سرور کیطرف ادنیٰ التفات بھی نکرے اور ہائے ہائے کرکے روتا رہے۔ فلیضحکوا قلیلاً و لیبکوا کثیراً بہت کم ہنسو اور بہت زیادہ روؤ

یہ ایسا معاملہ درپیش ہے کہ جس سے عاقل کو چین و آرام نہیں نہ معلوم کہ وہاں کیا اعتقاد اور کون کون سے اعمال نجات اور سرور دائمی کا باعث اور کون کون ابدی عذاب و ذلت کا سبب ہیں؟ اب یہاں فلسفۂ حال اور جدید سائنس تو ایک قدم بھی ساتھ نہیں دیتے ان کی تو عالم جسمانی اور حسی سے ذرا بھی باہر نظر نہیں وہ کوتاہ بیں بلکہ اندھے

toobaa-elibrary.blogspot.com

تو یہی کہتے ہیں کہ مرتے ہی سسٹم سرد ہو جاتی ہے۔ نہ روح کوئی ادراک جوہر ہے نہ مرنے کے بعد باقی رہتی ہے نہ کسی نیک و بد کا ثواب ہے نہ عذاب ہے۔ مگر اس اندھے طبیب کے اسقدر کہنے سے روح جوہر دراک کو تسکین کب ہو سکتی ہے وہ تو اولٹ کر یہ کہے گی کہ اچھا اگر تمہارا کہنا سچ ہے اور تمہارے حکم سے دنیا کے لذات و شہوات میں حیوانوں کی طرح شتر بے مہار بھی رہے تو چلو کوئی حرج نہیں اور اگر تمہارا کہنا غلط ثابت ہوا جیسا کہ روز مرہ تمہارے انکشاف و تحقیقات میں غلطیاں ثابت ہوتی رہتی ہیں ہر روز فلسفہ اور سائنس[1] میں ترمیم ہوتی جاتی ہے برخلاف اسکے ایک گروہ عظیم مقدس لوگوں کا کہنا سچ نکلا جنکا ادراک عقلی بھی بڑھا ہوا ہے اور یہ تمام سلسلہ انبیائی اور ان کے معتقد لوگوں کا گروہ ہے اور وہ کوئی دیوانہ اور پاگل بھی نہیں ہیں تو پھر بتاؤ کیا ہوگا پھر تو کوئی تدارک بھی ممکن نہیں ہمتاری جان کو کون رونے بیٹھے گا کم سے کم ایک خطرہ عظیم تو دل کو لگا رہا۔ پھر کونسا عاقل ہے کہ

[1] اس سائنس و فلسفہ نے تو انسانی اخلاق کی بھی کوئی عمدہ تعلیم نہیں دی بلکہ اسکا اثر تو نفس پروری خود غرضی بخل حیا نعت شہوت رانی انبار جنس کو بہائم سمجھکر ان کو اپنے عیش و آرام کے لئے مخلوق شدہ سمجھنا وغیرہ مشاہدہ میں آرہا ہے۔ سوائے شہوت پرستوں لذات حسیہ میں آزاد ہو کر غرق ہونے والوں کے اور کون اس فلسفہ کو پسند کر سکتا ہے اور یہ تمدن کے بھی کیا کام آسکتا ہے؟ ہندوستان میں جب مغربی فلسفہ اور سائنس کا ورود ہوا تو بہت سے لوگ اسکی بدق برق پر فریفتہ ہو گئے لیکن مذہبی قید اور ملکی رسم و رواج اس بیقیدی کے مانع تھی اسلئے سب سے اول مذہب سے مقابلہ کی ٹھہری اور جب اس سے کسلم کھلا مقابلہ کی جرأت نہ پائی تو تاویل و تحریف کی آڑ سے مقابلہ شروع کیا دیکھیں تو یہ تھا کہ کوئی ہمپر اعتراض نکرے بے قید ہو کر دنیا کے جائز و ناجائز مزے اڑائیں بے حجابی سے اپنی مستورات کا جلوہ اوروں کو دکھائیں اور اوروں کی مستورات سے خود حظ اٹھائیں ایک دسترخوان پر متعدد کھانے جمع ہو جانے سے زیادہ لذت ہوگی اور الزام مذہب اور علماء مذہب پر یہ گیا کہ دنیاوی ترقی اختراع و ایجاد جو آج مغربی ممالک میں جلوہ افروز ہے یہ اسکے مانع ہیں یہ روشن خیالی کے بھی برخلاف ہیں۔ پھر تفاسیر کے ذریعہ سے قرآن

toobaa-elibrary.blogspot.com

کہ جو ذرا سی بات کے لیئے اپنے آپ کو ایسے خطر عظیم میں ڈالے ؟ حکمار قدیم کا فلسفہ روح کا باقی رہنا اور نیک و بد کا عذاب و ثواب پانے کا تو اقرار ہی ہے مگر اسکے ادراک استدلالی اور کشفی میں بھی غلطیاں پیش آجاتی ہیں حکمار کا اختلاف ہی اسکی دلیل ہے وہ جو کچھ آیندہ زندگی کی متعلق تدابیر تبلاتے ہیں اسسے بھی تسلی نہیں ہوسکتی۔ ہمکو تو ایسے ہدایات میں ایسے لوگوں کی پیروی کرنی چاہیئے کہ جنکا کشف اور ادراک غلطیوں سے پاک ہو وہ جو کچھ فرماتے ہوں اپنے مشاہدے سے اور دیکھے ہوئے حالات بیان فرماتے ہوں سو وہ گروہ پاک بجز حضرات انبیاء علیہم السلام کے دنیا میں اور کوئی نہیں۔ انہیں کی پیروی سے دلکو تسلی ہوتی ہے اور یہ اسی کام کے لیئے مبعوث بھی کیئے گئے تھے انبیائی سلسلہ میں سب سے اخیر حضرت محمد مصطفےٰ ہیں صلی اللہ علیہ وسلم۔ ان کی نبوت کی صداقت انپر نازل ہوئی کتاب قرآن سے بخوبی ہوسکتی ہے جس کا مثل بنانا بشر سے ناممکن ہے۔ جسمیں تمام انبیائی اصول سعادت اور روح کی ترقی اور پاکیزگی کے طریقے اور نیز تمدن و اخلاق کی اصلاح بوجہ اتم و اکمل ایسی پائی جاتی ہے جو کسی انبیائی کتاب میں نہیں پائی جاتی اور نیز الحضرت صلعم کی پاک سیرت اور آپکا وہ اثر روحانی جو ایک برقی قوت سے بھی زیادہ ہے جسنے نصف صدی سے پہلے دنیا کو اپنے رنگ میں رنگدیا آپ کی نبوت و رسالت کیلئے روشن دلیل اور زندہ برہان ہے

(بقیہ نوٹ صفحہ ۳۷) و احادیث کو پڑھنا شروع کیا اور بچوں اسپیچوں میں انکے مریدوں نے نائے قوم ہائے قوم کے نعرے بلند کرنے شروع کیئے اور انکو خوشامدی اور کاسہ لیس بھاٹوں نے شاعروں نے جنکی شکل و صورت پر بھی اندھیرنا تاریکی نمایاں ہے نظموں مسدسوں قطعات غزلوں میں یہی راگ آلاپنا شروع کر دیا۔ مگر جب مسلمانوں کے یورپین کے فیشن اور ان کے آزادانہ تمدن کے سوا انکی اصلی ترقی صنعت و حرفت تجارت و اتفاق میں سے تو کچھ بھی نہ لیا۔ نہ اسکو انکی تمدنی ترقی کا سبب خیال کیا بلکہ ممالک مغربی میں تعلیم پانے یا سیر و سیاحت کرنے ہی گئے تو انکا فیشن اور اور انکا آزادانہ تمدن ہی لیکر آئے جو اور بھی انکی بربادی اور خاندانی ننگ و ناموس دولت و ثروت کا برباد کنندہ ہوتا ہے۔ افسوس ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل ۳

شاید ناظرین کے دلمیں یہ دو باتیں کھٹکتی رہگئی ہونگی (۱) روح کا مرنے کے بعد باقی رہنا (۲) اسکے نیک و بد کا بدلہ ملنا۔ ان دونوں باتوں پر باستثنای چند اقوام کے یا تو وہ جاہل اور خبطی ہیں یا ان کی ترقی کا دائرہ محسوسات اور جسمانی اشیاء کی تحقیق و انکشاف تک محدود ہے جسلیئے وہ بھی اہل علوم عقلیہ و روحانیہ کے نزدیک جاہل ہیں۔ تمام دنیا اور کل انبیائی سلسلہ گواہ ہے اور یہ شہادت جسمیں بڑے بڑے عقلاء اور اہل کمال داخل ہیں اور ابتک دنیا کے معتقد مانے جاتے ہیں۔ کافی اور وافی ہے۔ کیا ان کی یہ شہادت کسی وہمی اور خیالی بات پر ہے؟ ہرگز نہیں یا انہوں نے جھوٹھ بولا ہے۔ یا ان کی یہ شہادت کسی طمع نفسانی اور مکر و فریب پر مبنی ہے؟ ہرگز نہیں اور نہو سکتی ہے۔ جو شخص دنیا بھر کو اور دنیا کے ایسے ایسے مقدس بزرگوں عقلاء و حکماء کو قاطبۃً دروغ گو اور غلط خیال کرنے والا سمجھے خود اسکے دماغ میں خلل ہے اسپر شہوات و لذات حسیہ کا پردا پڑا ہوا ہے۔ وہ اس شہادت کو اپنی نفسانی خواہشوں کے برخلاف سمجھکر انکار کرتا ہے یہ اسکی سخت **بدنصیبی** اور ازلی محرومی ہے۔ وہ روحانی ریاضیات اور سلسلہ انبیائی کی پیروی کرکے آپ دیکھ سکتا ہے کہ روح جوہر مجرد ہے مرنے کے بعد بھی باقی رہتی ہے اور اسکو وہاں اس کے دنیاوی نیک و بد اعتقادات و ملکات و افعال کا عذاب و ثواب بھی ہے۔ یوں دور سے انکار کرنا اور اسطرف کوشش نکرنا سخت **بعقلی** ہے **دوئم**۔ جب ہم یہ ثابت کر آئے ہیں کہ ادراک مادیات کی خاصیت نہیں بلکہ جوہر لطیف کا کام ہے جو بغیر ان حواس کے بھی ادراک کرتا ہے اور وہ روح ہے تو ثابت ہوا کہ وہ روح جسم سے دوسری چیز ہے۔ اور یہ بات بھی ہر عاقل کے نزدیک ثابت بلکہ مشہور ہے کہ جسمانیات میں بھی دیرپا وہ اجسام ہیں جو لطیف ہیں جیسا کہ بسائط۔ اور نیرات و سماوات کی بقا کو اور موالید ثلثہ جسم حیوانات

toobaa-elibrary.blogspot.com

و انسانی اور نباتات و جمادات کے بقا کو دیکھو دونوں میں کسقدر فرق ہے۔ اب لطیف اجسام کی بقا اور دیرپا ہونے پر مجردات اور روحانی چیزوں کی بقا کو قیاس فرمایئے کہ وہ کسقدر باقی اور دیرپا ہونگی، اور روح بھی جو ہر مجرد ہے نتیجہ نکلا کہ وہ بھی باقی اور دیرپا ہے

اب رہا نیک و بد اعمال کا اثر جب یہ ثابت کر دیا گیا کہ ادراک علم مجردات کا خاصہ ہے اور موجودہ زندگانی میں بھی ادراک و علم روح کا ہی کام تھا۔ بلکہ یہ پیکر جسمانی تو اسکے ادراک و علوم میں مانع و حاجب تھا۔ اور لذت و درد سب ادراک پر مرتب ہیں کیونکہ اس عالم جسمانی میں بھی جب انسان کو کلورافارم وغیرہ سے بیہوش کر دیا جاتا ہے تو اس کو کوئی بھی حسی درد و لذت نہیں محسوس ہوتی ہاتھ پانوں کاٹ ڈالو خبر بھی نہیں لاکھ اسکے سامنے سامان لذت پیش آئیں اسکو کچھ بھی لذت نہیں۔ اور یہ بھی ثابت ہے کہ قدرت نے جسطرح اجسام میں تاثیرات رکھی ہیں جنکا کوئی بھی انکار نہیں کر سکتا اسیطرح انسانی علوم و ملکات اور اسکے کاموں میں بھی تاثیرات ہیں جن سے خود اسکی روح متاثر ہوتی ہے علمی لذات و سرور کے مست دنیا میں ہزاروں موجود ہیں۔ پھر جب یہ حجاب جسمانی اٹھ گیا اور روح کا ادراک بھی پورا ہو گیا تو کیا وجہ کہ اب اسکو ان تاثیرات کا ادراک نہو؟ اور یہی ثواب و عقاب ہے البتہ یہ ایک سر روحانی ہے کہ وہ نیک و بد ادراک نیک و بد صور و اشکال میں بھی محسوس ہوتا ہے۔ اسلیئے عذاب و ثواب کی دو قسمیں ہیں ایک روحانی جسکو جنت و دوزخ روحانی کہتے ہیں کہ روح کو خود بخود تقرب بارگاہ الٰہی سے ایک بیحد فرحت و سرور ہوگا اور اسکی دوری اور ناراضی سے رنج و تکلیف ہوگی۔ دوئم جسمانی۔ جسمانی سے جسم عنصری مراد نہیں تاکہ شبہات وارد کیئے جائیں بلکہ یہ کہ صور و اشکال میں وہ دکھہ اور آرام کی کیفیت محسوس ہوگی۔ آرام کی صورتیں باغ انہار حور و قصور اور رنج کی جہنم کی آگ تنگ و تاریک مکان میں محسوس ہونگی۔ ان صور و اشکال کو اور انبیاء نے بھی مگر قرآن نے بہت تفصیل سے بیان فرمایا ہے جسپر ناسمجھ اعتراض کیا کرتے ہیں واللہ الہادی ✣

toobaa-elibrary.blogspot.com

باب اوّل

(فصل اوّل)

ہم کہہ چکے ہیں کہ انسانی سعادت کے متعلقہ جملہ علوم حقہ جنمیں ذرا بھی آمیزش وہم ونمو وہ صرف حضرات انبیاء علیہم السلام کے ذریعہ سے بندونکو پہونچے ہیں۔ آخر زمانہ میں جبکہ انبیائی طریق مٹ چکنے کو تھا۔ اور آمیزش اوہام نے اسکی بھی اور ہی صورت کردی تھی گویا روحانیت کا ایک بیجان سا چراغ ٹمٹما رہا تھا جسکی روشنی بہت ہی دھندلی تھی (آپ کو آگے چلکر ثابت ہوگا) تو اُس رحیم وکریم نے فاران کی چوٹیوں پر آفتاب ہدایت جلوہ گر کیا۔ دنیا کو اندھیریوں میں سے نکال کر نور کیطرف لایا یعنی حضرت سید المرسلین محمد صلے اللہ علیہ وسلم کو نبی مرسل بناکر بھیجا اور انپر کتاب نازل فرمائی جسمیں تمام اگلے اصول انبیاء کو صاف پاک کرکے انکے ساتھ اور صدہا علوم مفیدہ اضافہ فرماکر جمع کیا اِس کتاب مقدس نے نوع انسانی کو علمی وعملی کمال کی حد تک رہنمائی کی۔ اسکو وہ وہ اسرار اور حواس سے مستور امور بتلائے کہ جہاں تک نہ حواس کی رسائی ہوسکتی تھی نہ حکماء کا سائنس[1] پہونچ سکتا تھا احکام عملیہ بھی طہارت سے لیکر تہذیب اخلاق وعبادت ومدن وسیاست وتزکیہ روح تک وہ بیان فرمائے[2] کہ جن بغیر انسانی زندگی بالکل نامہذب اور بہائم زندگانی تھی +

---

[1] قرآنی علوم پاک ومان کے آگے سائنس کی وہی مثال ہے جیسا کہ آفتاب نصف النہار پر ہو پھر کوئی چراغ کی روشنی سے کام لے کیا خوب کہا ہے کسینے مشعر مصطفے اندر جہاں دآنگہ کسے جوید ز عقل + پیش مہر نور افشاں از مہا جوید ضیا + اسلیئے اسلامیوں کو قرآن نے سائنس سے بے نیاز کردیا +۔

[2] آسمانی کتاب کی درصل یہ ضرورتیں ہیں نہ یہ کہ فلسفہ اور ریل گاڑی تار برقی کلیں انجن بنانے کے علوم

toobaa-elibrary.blogspot.com

علمی چیزوں میں سے ہم اُن چند اشیاء کا ذکر کرتے ہیں کہ جو انسان کی علمی ترقی کا نصاب کامل ہیں اور اسلئے اِن کے یقین کرنے کو شرع محمدی نے ایمان قرار دیا ہے جس سے نجات اور حیات جاودانی وابستہ ہے اور یہی عمل خیر کیطرف بھی محرک ہوتا ہے ؛

ان میں سب سے اول خدائے تعالیٰ کی ذات وصفات کا علم ہے

خدا کی ذات بابرکات کا ثبوت قرآن کے پہلے ہی جملے سے دکھایا ہے اسطرح پر کہ وہ ایک حکیم فیلسوف کے مذاق کے موافق برہان بھی ہے اور عوام وما نع بھی اپنے سادہ مذاق کے بموجب اوس سے یقین حاصل کر سکتے ہیں ؛

دلیل اوّل ۔ الحمد للہ رب العلمین ۔ یہاں چار لفظ ہیں۔ حمد یعنے ستایش اور خوبی اللہ جو اس ذات واجب الوجود کا علم ہے جسمیں جملہ صفات کمال حاصل ہیں۔ رب پرورش کرنے والا اور جو بدرجہ کسی چیز کو اس کے کمال تک پہونچانے والا جس سے وہ شے اپنے

(بقیہ نوٹ ۱۱ سے) سکھانا جیسا کہ آریہ کے پیشوا نے ویدوں کی نسبت بیان کیا ہے۔ کیونکہ (۱) تو یہ علوم بنی آدم اپنی خداداد عقل اور تجربہ سے خود پیدا کر سکتے ہیں انکے لئے الہام کی کوئی بھی ضرورت نہیں یورپ وامریکہ میں ان فنون کا ایجاد واختراع کسی الہامی کتاب سے نہیں ہوا ہے (۲) اگر ویدوں کے الہام کی بھی ضرورت تھی تو انہیں یہ علوم بھی ہونے چاہیں حالانکہ ویدوں کا کوئی پنڈت بالخصوص آریہ کا پیشوا بھی انجن کا بنانا تو کجا انجن چلانا بھی نہیں جانتا۔ (۳) اگر ایسا ہی تھا تو جب یہ کتاب تازہ تازہ الہام ہوئیں تھیں اور ان کے علم بھی موجود تھے تو تشریح و تفسیر کرنے پر قادر تھے تو ان کے زمانہ میں ان علوم وفنون کا ہندوستان میں زیادہ چرچا ہونا چاہیئے تھا اور پھر یونا فیونا انمیں ترقی ہوتی رہتی حالانکہ معاملہ برعکس ہے ابتک بھی ہندو بغیر ذریعہ علوم مغربیہ کے ان چیزوں کے نام سے بھی واقف نہیں نہ ان چیزوں کے آثار پائے جاتے ہیں۔ یہ پنڈت جی نے کیسی کمزور اور خلاف واقعہ بات کہی شاید ان کی نظر وں میں بھی اس صنعت وعزت نے اپنا اثر کر لیا تھا۔ ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

مربی سے کسی حال اور کسیوقت بھی مستغنی نہیں رہسکتی۔ ہر وقت اسکی طرف دست احتیاج کشادہ رہتا ہے۔ عالمین۔ عالم کی جمع یعنے بہت سے عالم جواہر۔ عالم مجردات۔ عالم اجسام۔ عالم مادیات۔ عالم سفلیات۔ عالم عناصر و بسائط۔ عالم نباتات۔ عالم حیوانات۔ عالم انسان۔ عالم محسوس۔ عالم معقول۔ عالم جہان کو کہتے ہیں۔

اب عاقل آخر سے اول تک نظر کرتا چلا آئے۔ خود بخود اشیاء مذکورہ میں سے ایک دوسرے کے لئے ثابت ہوتی جائے گی۔ جب صرف عالم محسوس میں سے عالم نبات و عالم حیوان عالم انسان ہی کو غور سے دیکھے گا تو صاف اور بے حجاب معلوم ہوگا کہ انمیں سے کسی ایک کا وجود بھی اپنا نہیں ہے انمیں سے کسی ایک نے بھی اپنے آپ کو بنایا ہے۔ پھر دیکھئے ہر عضو اپنی مناسب جگہ پر کسطرح لگا ہوا ہے جن تشریح کے دیکھنے سے بڑی حیرت ہوتی ہے کہ اعضاء اندرونی و بیرونی میں کیا کیا صنعتیں اور انجام اندیشتیں ملحوظ رکھی گئی ہیں۔ ہر نر کے ساتھ مادہ کا بھی جوڑا لگا دیا ہے ہر نر کے اعضاء اور قوئے میں وہ امور ملحوظ رکھے گئے ہیں جو اسکے لئے بہت ہی ضروری تھے۔ اسیطرح مادی کے لئے وہ باتیں ملحوظ رکھی ہیں جو اسکو مناسب اور ضروری ہیں پھر انکا توالد و تناسل انکا باہم میل طبعی۔ پھر انکا نشو و نما پھر انکے لئے آلات ادراک و تکلم جو کچھ عطا کئے گئے ہیں حیرت انگیز ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ضرور کوئی نہ کوئی حکیم و مدبر اسکا بنانے والا ہے جسکی طرف بننے کے بعد بھی اسکا سلسلۂ احتیاج قائم ہے وہ کون ہے؟ اسجگہ سائنس اور فلسفۂ مغربی نے تو قدم پھسل گیا جس نے کبھی مادہ کبھی طبیعت کبھی نیچر کا نام لیا۔ جب اسنے سوال ہوتا ہے کہ آخر بات تو بداہت عقل سے بھی معلوم ہوتی ہے کہ خواہ وہ کوئی ہو مگر مدرک و انجام بیں تو ضرور ہے کیونکہ یہ حکمت کسی بے شعور و بے ارادہ کا کام نہیں۔ پھر مادہ اور طبیعت تو ان کے نزدیک بھی مدرک نہیں وہ کیونکر مربی ہو سکتے ہیں؟ ہاں یہ بات مسلم ہے کہ اسنے انکے مادہ میں کاریگری کی ہے اور طبیعت کی کل بھی ان کے سر انجام مہام کے لئے قائم

toobaa-elibrary.blogspot.com

کردی ہے۔ اب نیچر کو بتاؤ وہ کیا ہے؟ یہ کہدینا کہ اسکا عقل ادراک نہیں کرسکتی کافی نہیں کیونکہ گو اسکی حقیقت وماہیت کا پورا ادراک نہ کرسکے مگر کیا اسکے کچھ اوصاف بھی جان نہیں سکتی؟ اگر یہ ہے تو ایسے مجہول مطلق کو کیلئے تمنے مربی بنادیا۔ اب بتاؤ کہ نیچر محسوس ہے کہ نہیں اگر کہیں نہیں تو تمنے اپنے قاعدہ مسلمہ سے بھی انحراف کیا کہ جو محسوس نہیں ہم اس کے وجود کے قائل نہیں اچھا محسوس نہیں معقول ہے پھر اتنا تو بتاؤ کہ وہ مدرک و با اختیار و ارادہ بھی ہے کہ نہیں اگر کہیں نہیں تب وہ بھی مربی نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ مصنوع اپنے صانع پر ضرور دلالت کرتا ہے۔ ہر مصنوع کیحالت صانع کی حالت کا آئینہ ہوتی ہے۔ اگر زمین پر چند لکیریں بے ترتیب کھنچی ہوئی نظر آئیں اور اس کے پاس کسی جانور یا درخت کی تصویر بھی نہایت عمدہ کھنچی ہوئی دکھائی دے تو پھر کیا عاقل یہ نہ سمجھے گا کہ تصویر کسی اس فن کے باہر نے کھینچی ہے پھر یہ بھی بتاؤ کہ ہر شے کا ایک ہی نیچر ہے یا جدا جدا نیچر ہیں۔ اگر وہ ایک ہے اور صانع و مدرک و با اختیار بھی ہے تو چلو جھگڑا مٹا اسیکو ہم اللہ کہتے ہیں۔ اگر متعدد نیچر ہیں تو ضرور کہنا پڑے گا کہ نیچر ان کی حقیقت میں داخل ہے کوئی عارضی بات نہیں کیلئے کہ بے معنی عارضی بات سے تعبیر کرنے کے کوئی وجہ نہیں جب حقیقت میں داخل ہوا اور یہ جزو تمام مشترک جملہ افراد نیچر میں پایا گیا تو ضرور کوئی دوسرا جزو بھی ان کی حقیقت کا جزو ممیز ہوگا ورنہ باہم ان کی حقائق میں امتیاز نہ رہے گا پھر متعدد نیچر کہنا غلط ٹھہر جائیگا پھر جب یہ بھی جزو حقیقت ہوا تو نیچر کی حقیقت کے دو جزو ثابت ہوگئے جن سے وہ مرکب ہوا ہے اور یہ عقلی قاعدہ ہے کہ ہر مرکب حادث ہے اور ہر حادث کیلئے ضرور ایک محدث یعنے پیدا کرنے والا بھی ہے اب بتاؤ کہ ان نیچروں کو کسنے بنایا؟ معلوم ہوا کہ ان کا بنانے والا اور ہی زبردست حکیم وعلیم ہے۔ ہم اسیکو اللہ کہتے ہیں۔ الغرض کسیطرف چلو جہاں جاکر جس کی طرف سلسلہ احتیاج تمام ہوگا وہی اللہ ہے وہو بکل شی محیط۔ موجودات کا ہر طرف سے اپنے احاطہ کر رکھا ہے +

toobaa-elibrary.blogspot.com

جب عالم کا مزمی اللہ قرار پایا اور ہر پہر کرا دہر ہی آنا پڑا یہ بھی ثابت ہوگیا کہ جملہ موجودات کا وہی مزمی ہے اسکی طرف دست احتیاج کشادہ ہے اسنے اپنے فیض عام سے مخلوق کی آفرینش میں حکمت واتقان ملحوظ رکھا ہے۔ جب یہ ہے تو اسمیں جملہ صفات کمال بھی ہیں اور جسمیں جملہ صفات کمال ہوں۔ وہی ہر طرح کی ستایش ونیایش تعریف ومدح کا مستحق ہے اس جملہ کو اب دوسری طرح سے بقاعدہ حکما ترتیب دے لو پوری برہان خدا تعالے کے وجود اور صفات کمال پر قائم ہوجائے گی۔ بایں طور۔ تمام عالم اور اسکے جملہ افراد موثر سے مستغنی نہیں۔ کیونکہ ان کا وجود ترتیبی اور بقار کی احتیاج یہی بتا رہی ہے۔ انسان کو تو دیکھ ہی چکے ہو اب اوپر نیرات کا بھی اوڑکر ملاحظہ کرلو۔ نیرات کے یہہ تیز حرکات کہ بعض ایک گھنٹے میں چوبیس ہزار میل کا فاصلہ طے کرتے ہیں اور پھر ان کے یہ بھاری بھاری اجسام کہ جنکی نسبت زمین ایک رائی کے دانہ کے برابر ہے۔ بتاؤ کون حکیم ومدبر ہے۔ جسنے ان کے اجسام میں ایک ایسی محدود کشش رکھی ہے کہ جس سے وہ ایک انچ بھی اپنے دورے کے مدار سے بتجاوز نہیں کرسکتے اور ان سب کے دوروں کا ایسا باقاعدہ انتظام کردیا ہے کہ جس سے انمیں باہم ٹکر ہونے نہیں پاتی سڑیلوں پر بڑے ہوشیار محافظ ہوتے ہیں اور وہ معدودے چند ہوتی ہیں۔ اسپر بھی ٹکرا جاتی ہیں۔ یہ نیچر مادے طبیعت کسی بے شعور کا کام نہیں۔ یہ صغریٰ دلیل تمام کبریٰ یہ ہے اور جو موثر سے مستغنی نہیں وہ حادث ہے نتیجہ نکلا کہ عالم بجمیع افرادہ جسمیں جواہر اعراض معقولات ومحسوسات سب داخل ہیں حادث ہے یعنے ہمیشہ سے نہیں اسکو کسینے بنایا ہے اور وہ بنانے والا کاریگر علیم وقدیر خدا ہے۔ الحمد للہ رب العلمین +

عالم محسوس زمین۔ اور اسکی تمام چیزیں موالید ثلثہ اور عناصر وبسائط۔ اسیطرح صدہا ہزارہا نیرات ثوابت وستارے جنکی تعداد بجز اسکے کوئی بھی نہیں جانتا جنمیں سے بہت سے تو بعد مسافت کے سبب دوربینوں سے بھی دکھائی نہیں دیتے۔ ایک ایک ستارا

toobaa-elibrary.blogspot.com

زمین سے ہزاروں حصّہ بڑا ہے۔ پھر انمیں بھی زمین کی چیزوں کی طرح نہ معلوم کیا کیا چیزیں ہیں۔ اِن کے رہنے والوں کو زمین ایک بہت ہی چھوٹا سا تارا دکھائی دیتا ہے۔ اور پھر یہ بھی معلوم نہیں کہ اِن کا کیا مادہ ہے یہی ایک مادہ اثیریہ (ایتھر) ہے یا ہر ایک کے جداگانہ مواد ہیں اور اِن کے اردگرد بھی اسیطرح کے عناصر اور بسائط ہیں جیسا کہ زمین کے اردگرد محیط ہیں یا اور مختلف الحقیقت ہیں۔ اِس بارے میں جس حکیم و فیلسوف نے جو کچھ کہا ہے وہ اسکی رائے ہے ممکن ہے کہ صحیح ہو یا غلط۔

اب اِس تمام مجموعہ کو اسکی دریائی ہستی کا ایک قطرہ اور میدان وجود کا ایک ذرہ سمجھنا چاہیئے اور ایسے بے تعداد بحار وجود اور بوادی شہود اِس قادر مطلق کے زیر حکم ہیں۔ پھر وہ اِن میں کیونکر سما سکتا اور لطافت کے سبب حواس سے کیونکر دکھائی دیسکتا ہے؟ **عالم معقول** تو عالم محسوس سے بھی کہیں زیادہ وسیع ہے۔ جنۃٍ عرضھا کعرض السمٰوٰتِ والارضِ۔ اور پھر عالم معقول کے بعد دیگر لطافت و تجرد میں مرتب ہیں انکی مخلوق اور ان کے حالات کا ادراک بشر کیا احاطہ کر سکتا ہے۔

آسمان کی حقیقت تو وہی جانتا ہے۔ مگر حکماء حال نے حواس کی تیزی کے لئے دوربینیں بنا کر جو غور سے دیکھا تو انکو بجز ایک نیلگوں رنگت کے اور کچھ بھی دکھائی نہ دیا اس لئے انہوں نے کہدیا کہ صرف فضاء وسیع کا نام آسمان ہے سبع سیارہ کے سبب سات آسمان آج سے نہیں بلکہ جب سے بنی آدم کا ظہور ہے مشہور ہو گئے ہیں۔ وہ صرف فضاء ہے جو ایک موہوم شے کے سوا اور کچھ نہیں۔

اب یہ نیلگوں رنگ جو حکماء نے اِس کوشش سے ملاحظہ کیا جسکو خاص و عام بھی دیکھتے ہیں یہ کیا ضرور ہے کہ انوار نیرات اور ظلمت فضاء سے مرکب ہو کر نظر آنے لگا ہو ممکن ہے کہ آسمانوں کا اصلی رنگ ہو۔ اور خیر یہی سہی مگر جب بسائط حس بصر سے دکھائی نہیں دیتے تو آسمانوں کا دکھائی نہ دینا کیا تعجب خیز بات ہے اور یہ نیلگوں رنگت گو اپنے عارض نہو

toobaa-elibrary.blogspot.com

گرمحدّ و جہات ہونے کے سبب اُنکیطرف تو ضرور عارض ہے جسلئے اِن کو آسمانوں کی رنگت کہنا کچھ بھی غلط بات نہیں جو کچھ ہو مگر محسوس نہونے سے اِن کے وجود کی نفی کرنا خلاف عقل ہے جیساکہ ہم مقدمہ میں ابھی ثابت کر آئے ہیں۔

الغرض عالم محسوس اور عالم معقول کے لاکھوں اجناس ہیں اور ہر جنس کے بیشمار انواع واصناف ہیں اور ہر نوع وصنف کے بیشمار افراد ہیں۔ اگر ہر ہر فرد اور ایک ایک چیز کی پیدائش اور اِن کے حالات میں غور کیا جاوے تو ہر ایک خدائے قادر علیم وخبیر کے وجود اور صفات کمال پر ایک روشن دلیل ہے۔

اسلیئے قرآن مجید میں عالم کے چند افراد کو پیش کرکے اپنی ہستی اور کمال کو دکھایا۔ اور انکو آیت قدرت اور دلیل وجود بنایا ہے اِس قسم کے قرآن میں بہت سے دلائل مذکور ہیں۔ جنکا چشمہ یہی جملہ الحمد رب العٰلمین ہے اور سب اسکی تفسیریں ہیں۔ ہم بھی کسیقدر ان کو ذکر کرتے ہیں۔ مگر یہ سب دلائل آفاق کہلاتے ہیں یعنے انسان سے بیرونی خود انسانی کے اپنے حالات بھی اسکی قدرت وکمال کے آیات بینات ہیں جنکو دلائل انفس کہتے ہیں قرآن میں اِن دونوں قسم کے آیات ودلائل کیطرف اِس آیت میں اشارہ ہے سنریھم ایاتنا فی الافاق وفی انفسکم افلا تبصرون۔

اِس جملہ الحمد للہ رب العٰلمین میں ذات وصفات کا ثبوت دکھاکر اپنے صفات میں سے ایک خاص صفت کا ثبوت کرتا ہے جو خدا اور بندے میں رشتۂ محبت قائم کرتی ہے اور جسکا ثبوت اِس جملہ سے ہوتا ہے الرحمٰن الرحیم کہ وہ بڑا مہربان نہایت رحم کرنیوالا ہے۔ رحمانیت کا مقتضیٰ ہی تو تھا جو تمام مخلوق کو عالم وجود میں لایا۔ اور پھر ان کی تربیت کر رہا ہے۔ رحیمیت کا مقتضیٰ یہ ہے کہ وہ نیکوں کے ساتھ ایک دوسرے عالم میں جس کی طرف اسکے بعد کے جملہ میں اشارہ ہے۔ مالک یوم الدین ایک خصوصیت خاصہ سے پیش آئے گا اور وہ خصوصیت خاصہ بندیکو نہ کسی دولت وثروت سے نصیب ہوتی ہے نہ کسی

toobaa-elibrary.blogspot.com

فضل و کمال سے بلکہ اِس اقرار اور دلیل اِسکو مستحکم کرنے سے ایاک نعبد وایاک نستعین کہ اے عالم کے صانع اور مربی اور بڑے ایک آنے والے دن کے مالک ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں۔ کیونکہ اور کسیکا عبادت میں حق ہی نہیں کیونکہ نہ اور کوئی موجد ہے نہ مربی ہے۔ اور اپنے ہر کار بار میں خواہ اُس عالم کے متعلق ہو خواہ اِس عالم کے اور ہر حاجت میں جو امکان کا خاصہ ہے تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں کیونکہ اور ہے کون جو کسیکے کام آئے اور مدد کرسکے۔ اِس اقرار نامہ پر قائم رہنا بلحاظ اسکے کہ انسان میں قوئی ملکیہ کے ساتھ قوئے بہیمہ کا بھی پورا اثر ہے جو اسکو توہمات میں مبتلا کرتی ہیں بے صبری و ناعاقبت اندیشی کی وادی میں ڈالکر لذات و شہوات فانیہ میں بھی مبتلا کرتی ہے۔ خیالی معبودوں کی طرف بھی جھکا دیتی ہیں اسکی توفیق و عنایت بغیر ممکن نہیں۔ اسلئے اسپر قائم رہنے کے لیئے اوسی رحمان و رحیم رب العالمین سے دعا کرنے کا بھی ایما رہے۔ اہدنا الصراط المستقیم کہ ہمکو سیدھی راہ دکھا۔ یہ ایک ایسا عام لفظ ہے جو دنیاوی اور آخروی معاملات سب کو شامل ہے راہ راست ہر امر میں مطلب کیطرف پہونچاتی ہے انسان کو قدرت نے دو قوتیں عطا کیں ہیں **قوت نظریہ** یعنے علم و ادراک جاننا اور یقین کرنا۔ یہ سب علوم کو شامل ہے جنمیں کیفیت عمل کا تعلق نہیں خدا تعالے اور اِس کی ذات و صفات ملائکہ اور انبیا اور مرنے کے بعد کے حالات سعادت و شقاوت کے علوم یہ سب قوت نظریہ کے متعلق ہیں مرنے کے بعد یہی قوت موجب نجات ہے اور اسیکی درستگی کو ایمان اور غلط کار یکو کفر کہتے ہیں۔

اسمیں افراط یہ ہے کہ خلاف واقع اور غلط طور پر جانے۔ خدا کا انکار کرے یا اِس کے لئے صفات قبیحہ ثابت کرے یا اسکی صفات میں اور ذکو بھی شریک بنائے یا اور کو بھی عالم کا متصرف جانے (اِسکو شرع میں شرک کہتے ہیں) دوسری تفریط وہ یہ کہ حقائق موجودہ میں سے جنکا جاننا اور اپنے ایمان لانا ضرور تھا انکو بھی نہ جانے دوسری **قوت عملیہ** ہے تہذیب اخلاق۔ تدبیر المنزل سیاست مدن کے جملہ علوم اسکی شاخیں ہیں اسمیں بھی

toobaa-elibrary.blogspot.com

افراط و تفریط ہے۔ مثلاً سخاوت جو وجوہ انسان کی ایک عمدہ صفت اخلاقی ہے اسمیں افراط کا نام تبذیر ہے یعنے فضول خرچی کرنا اور مال اُڑا دینا اور تفریط بخل ہے۔ اسلئے جس صراط مستقیم کی ہدایت کا سوال کرنا بتایا تھا۔ اسکی تعین اور تحقیق کیطرف بھی سوال میں اشارہ ہے۔ صراط الذین انعمت علیہم سیدھی راہ سے اِن لوگوں کی راہ مراد ہے کہ جنپر تو نے انعام کیا جنپر چلکے وہ مراد کو پہونچے۔ وہ کون تھے؟ انبیاء اور ان کے اتباع اسکی تفسیر خود قرآن میں آگئی ہے من النبیین والصدیقین والشہداء والصالحین۔ اِن میں نبی پر قوت نظریہ کا پرتو اکامل ہوتا ہے اور صدیق اسکا ظلل ہوتا ہے اور نبی کی قوت عملیہ کا پرتو اشہید ہوتا ہے اور پھر صالح ہے۔ انعمت علیہم کا پتا اسلئے دیا کہ کسی شے کے نیک نتیجہ کے تجربہ کرنے سے اس شے کے مفید ہونے میں شک اور تردد نہیں رہتا۔ پھر اس کے بعد صراط مستقیم کی جانب افراط کی نفی بھی کردی۔ غیر المغضوب علیہم کہ نہ ان لوگوں کی راہ کہ جنپر تیرا غصہ ہوا۔ حقیقت میں غضب الٰہی کا فوران قوت نظریہ کی افراط سے ہی زیادہ تر ہوتا ہے اور اسیطرح جانب تفریط کی بھی نفی کردی گئی و لا الضالین اور نہ اِن لوگوں کی راہ کہ جو گمراہ ہوئے۔ اب اِن دونوں کا مصداق اُمم ماضیہ میں سے کوئی فرقہ ہو جسقدر گمراہ فریق دیکھو گے کسمیں افراط ہے تو کسی میں تفریط۔ خواہ ابنیائی سلسلہ کے نامزد فریق ہوں جیسا کہ یہود و نصاریٰ خواہ حکماء کے فریق ہوں ✣

دلیل دوئم۔ علویات۔ آسمانوں اور ستاروں کی پیدائش اور ان کے حالات ہیں قرآن مجید میں متعدد مقامات پر کہیں آسمانوں کے بنانے اور انمیں وسعت قائم کرنے اور اِن میں استحکام رکھنے سے استدلال ہے۔ کہیں آفتاب و ماہتاب کے پیدا کرنے اور اِن کی حرکات معینہ سے استدلال ہے[1] وَالشَّمْسُ تَجْرِیْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ذٰلِكَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ۝ وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِیْمِ ۝

[1] اور آفتاب بھی کہ اپنے مقام پر ٹھہرا ہوا چلتا ہے۔ یعنے چلتا دکھائی دیتا ہے۔ یہ اندازہ ہے زبردست باخبر کا

toobaa-elibrary.blogspot.com

لَا الشَّمْسُ يَنْبَغِي لَهَا أَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ وَكُلٌّ فِي فَلَكٍ يَسْبَحُونَ ۝

وجہ استدلال یہ ہے کہ اگر بقول منکرین خدا۔ خود ابتدا سمٹ سمٹ کر آفتاب ماہتاب اور ستارے بنگئے ہیں اور ان کے اندر کا گیاس ہی ان کی روشنی ہے۔ تو یہ بتاؤ کہ (۱) انکی جسامت اور ان کے انوار کے مقدار و کیفیات کے تفاوت کا کیا باعث ہے؟ کس لیئے کہ جب علت فاعلیہ مادہ ٹھہرا اور وہ یکساں تھا تو اس کے افعال غیر ارادیہ بھی کل اور طبیعت کے افعال کیطرح یکساں ہونے چاہیں (۲) وہ کیف، التفق بغیر ترتیب ہوتے کیلئے کہ ہم ہر روز مشاہدہ کرتے ہیں کہ کسی چیز کا مادہ سمٹ کر اور خشک ہو کر جو اس کے مختلف اجزاء پیدا ہو جاتے ہیں تو ان کے اجزاء میں کوئی بھی ترتیب نہیں ہوتی سیدھے ڈول اور مختلف الاشکال والاوضاع ہوا کرتے ہیں۔ گیلے گارے کو دیکھو جب تالاب کے خشک ہو جانے سے اس میں گارا سمٹ جاتا ہے تو چھوٹے بڑے ڈھیلے ہو جاتے یا در زمین پڑ کر مختلف ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتے ہیں۔ پہر پہاڑوں کی چٹانوں کو ملاحظہ کرلو۔ (۳) فلسفۂ جدید کے مطابق آفتاب کو سکون اور ستاروں کو حرکت کس نے دی؟ اور پہر ان کے حرکات کا یہ تفاوت بتین کہ کوئی تو ایسا سریع السیر کہ ایک گھنٹے میں چوبیس ہزار میل طے کرتا ہے۔ اور بعض ایسے بطی الحرکات کہ چوبیس ہزار برس میں ایک درجہ کو بھی پورا طے نہیں کرتے خبکو ثوابت

(بقیہ نوٹ ص۴۹) اور چاند کے لیئے جدا منزلیں مقرر کردی ہیں یہاں تک کہ اس مسافت سے آخر ماہ میں ایسا پتلا اور ٹیڑھا نظر آتا ہے کہ جیسے کھجور کی پرانی ٹہنی۔ نہ تو آفتاب ہی کا مقدور ہے کہ چاند کو پکڑے اور نہ رات ہی دن سے آگے دوڑ سکتی ہے۔ اور ہر ایک ستارہ ہر ایک مدار (یا آسمان) میں تیرتا پھرتا ہے ۱۲ منہ

حکماء قدیم کی ہیئت کے برخلاف آج سے تیرہ سو برس آگے جبکہ ان تحقیقات کا نام و نشان بھی نہ تھا ان آیات میں یہ چند باتیں ظاہر کردیں (۱) آفتاب کے لیئے مستقر فرمایا۔ اگر آفتاب و ماہتاب آسمانوں میں جڑے ہوئے ہوتے اور دونوں کی آمد و رفت ہی سے حرکت ہوتی تو ایک کے لیئے مستقر اور دوسرے کے لیئے مناسخ کہ ہوتے (۲) ہر ستارہ تیرتا پھرتا ہے یہ بتلایا ہے کہ وہ آسمانوں میں جڑے ہوئے نہیں جیسا کہ موجودہ ہیئت کہتی ہے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

کہتے ہیں۔ عجب کاریگری ہے بعض کو تو ساکن اور بعض کو قریب بسکون اور بعض کو بیحد اسیر رفتار با
پرعت کے بھی درجات متفاوت رکھے۔ پھر حیامت کا یہ تفاوت کہ بعض کا رقبہ اربوں میل تک کا
جیسا کہ آفتاب اور بعض اس سے کم اور بعض اوس سے بھی کم اور پھر ان کے دوائر مدار با وجود
بیشمار ہونے کے متفاوت کوئی آفتاب کے گرد لاکھوں میلوں کے فاصلہ سے اپنی حرکت
دوری سے دائرہ پیدا کرتا ہے کوئی اوس سے بھی دور ہو کر کوئی اوس سے بھی قریب ہو کر اس
قرب و بعد کے تفاوت کو جو ثوابت و سیارات کے دوائر میں ہے اگر مفصل بیان کیا جائے
تو عمر نوح بھی کافی نہو۔ اور پھر ان دوائر کے طے کرنے میں کیا مجال کہ ایک دوسرے سے
ٹکرا جائے پھر ان کے انوار کا تفاوت کہ کسیکا سرخ کسیکا زرد کسیکا سبزی مائل کسیکا
سفیدی مائل۔ کوئی نیلگوں کوئی سیاہی مائل۔ حیرت انگیز صنعت ہے۔

یہ بات ہم بھی مانتے ہیں کہ ان سب کے لیئے مادہ ہے۔ کیونکہ مجردات میں سے نہیں ہیں
مگر مادہ کو علت فاعلیہ قرار دینے میں کلام ہے اب بتاؤ وہ علت فاعلیہ کون ہے جس کے
زبردست ہاتھ اور اس کے وسیع علم و حکمت نے باختیار خود یہ تفاوت انمیں رکھا ہے؟
مادہ تو ہو نہیں سکتا۔ اب طبیعت کیطرف چلو وہ بھی نہیں ہو سکتی (۱) اس لیئے کہ طبیعت
اجسام عارض ہے معروض کے وجود سے پہلے وہ نہیں پائی جاتی پھر اسکو ان کے بنانے
اور ان میں یہ تفاوت دکھا کر کمال دکھانے کا کیونکر موقع مل سکتا ہے (۲) اگر یہ بھی مان لیا
جاوے کہ ان کی طبیعت ان کے مادہ کے ساتھ ان کے مخلوق ہونے سے پہلے تھی تو پھر
مادہ یکساں تھا طبیعت بھی یکساں ہونی چاہیئے پھر ان تفاوتوں کا کون فاعل ہے۔؟

ہم مانتے ہیں کہ صانع علیم نے اجسام کے اندر تدبیر و تصرف کرنے کے لیئے طبیعت
قائم کی ہے جو غیر مدرک اور غیر مشعر ہے اور وہ قدرت کی ایک کل ہے۔ جو ہر جسم میں اپنا
کام یکساں کیئے چلی جاتی ہے۔ مگر وہ علت فاعلیہ نہیں ہو سکتی (۳) اسوجہ سے بھی کہ جو
افعال حکمت و ارادہ اور صانع کے علم و اختیار کا اظہار کر رہے ہیں (طبیعت چونکہ ان اوصاف

toobaa-elibrary.blogspot.com

معلوم ہے) وہ اسکی طرف منسوب نہیں ہو سکتے ۔

اب حضرت نیچر کو بلائیے کہ جہاں منکرین خدا عاجز آکر ایسے افعال کو اسکی طرف منسوب کر دیا کرتے ہیں اور لطف یہ ہے کہ جب نیچر کا کچھ حال دریافت کیا جاتا ہے تو کانوں پر ہاتھ دھر لیتے ہیں کہ ہم نہیں جان سکتے۔ مگر واہ رے عقل ایسے مجہول مطلق کی طرف ایسے افعال محکمہ وصنائع متقنہ کو بیدھڑک منسوب کرتے وقت کچھ نہیں سمجھتے کہ وہ ہے کیا؟

نیچر میں وہ کلام ہوگا جو دلیل اوّل میں ہوا تھا۔ اگر ایک ہے اور اسمیں علم و قدرت و ارادہ بھی ہے اور باوجود غیر محسوس ہونے کے اسکو تم مانتے بھی ہو تو وہی خدا ہے۔ اور اگر متعدد نیچریں تو پھر عجب ہے کہ ان کی باہم ایسی کمیٹی اور اس کے ایسے دانشمندانہ اصول و قواعد ہوں کہ آجتک انکے کام میں کوئی بھی خلل نہیں ہوا۔ برخلاف حکمار یورپ و امریکہ کے کہ ان کے باہمی تدابیر میں صدہا غلطیاں پیش آجاتی ہیں اور انتظام میں خلل پڑ جاتا ہے ۔

آیحضرت حکمار تم بات تو منہ سے نکالتے ہو اور اپنے طائر طبع کو بلند پرواز بھی کرتے ہو مگر اتنا نہ سوچا کہ مقصود تک نہیں پونہچے تو آؤ تمہیں ہم بتلائیں کہ وہ بیشمار نیچریں کیا ہیں؟ وہ ملائکہ ہیں جو طبیعت اجسام کے بھی محافظ ہیں اور انکو الہام نے مدبرات الامور بتایا ہے۔ وہ سب ایک بالاتر زبردست علیم و قدیر کے بندے اور اسکی مخلوق ہیں۔ ان کا بھی قرآن نے بہت کچھ حال بیان فرمایا ہے جسکی تفصیل ہم بحث ملائکہ میں کرینگے ۔

المدبرات امرا

تیسری دلیل

عناصر اور بسائط اور ان کے تغیرات و حالات اور جواسمار کی کائنات ہے ایک ایک چیز میں غور کر لیجئے تو اُس قادر مطلق بیچون و بے چگون کی یکتائی اور کمال قدرت کی دلیل اور آیات بینات ہیں قرآن مجید میں انسے بھی متعدد مقامات پر نئے نئے اسلوب سے استدلال کیا ہے۔ اِنَّ[1] فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِیْ تَجْرِیْ فِی الْبَحْرِ بِمَا یَنْفَعُ النَّاسَ وَمَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ

[1] بیشک آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور رات اور دن کے انقلاب اور ان کشتیوں میں جو آدمیوں کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

مِنْ مَّآءٍ فَاَحْیَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِیْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ وَّتَصْرِیْفِ الرِّیٰحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَیْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ۝

اشیاء مذکورہ میں جو کچھ حکمت بالغہ ہے وہ کسی آنکھ والے سے بھی مخفی نہیں انمیں سے ہر ایک قدرت کاملہ کا نمونہ ہے۔ اِس بات کو غور کرو کہ جب تمام جسمانیات کا ایک مادہ (عنصر) ہے تو اسمیں یہ تفریق کسکے زبردست ہاتھ نے کی ہے کہ اسمیں سے علویات بنائے نیرات وافلاک وغیرہ اور اسمیں سے مختلف الطبائع عناصر بنا دیئے پھر نیرات کی حرکات سے رات و دن بنائے پھر وہ کسطرح بدلتے رہتے ہیں کبھی دن بڑھے چلے جارہے ہیں کبھی راتیں اور یہ انقلاب زمین کی مخلوق کیلئے موجب بقا اور باعث راحت ہے۔

حکماء قدیم کہتے ہیں کہ ہوا کے اوپر کرۂ نار ہے (آتش ہے) لطافت کے سبب ہوا کیطرح وہ بھی دکھائی نہیں دیتا مگر اسکے وجود پر یہ دلیل ہے کہ اوختہ ارضیہ جو اوپر کو جاتے ہیں تو ہوا کے کرہ سے اوپر جاکر کرۂ نار کے سبب انمیں آگ لگ جاتی ہے جو رات کو ستارے ٹوٹتے ہوئے معلوم ہوتے ہیں اور اگر مادہ زیادہ ہوتا ہے تو دیر تک مشتعل رہتا ہے۔ اور دمدار ستاروں اور ہیئت مختلفہ میں مہینوں دنوں راتوں کو نظر آیا کرتے ہیں اور انکی راکھ نیچے گرتی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔ اگر اسمقام پر کرۂ نار نہیں تو اوختہ ارضیہ کے مشتعل ہونے کی کیا وجہ! ہمکو اسمقام پر اِس مسئلہ کی تحقیق مقصود نہیں صرف استرداد دکھانا مقصود ہے کہ یہ تین کرے کرۂ ہوا۔ کرۂ پانی کرۂ خاک مختلف الطبائع یکے بعد دیگر کہ زمین پر پانی اور پانی پر ہوا محیط ہے۔ اور بقول حکماء قدیم ہوا پر آگ محیط ہے۔ اوسی ایک ایتھر سے کسنے بنا دیئے؟ اِن کے طبائع کا اختلاف حرارت برودت رطوبت یبوست میں بھی ہے۔ اور

(بقیہ نوٹ ۵۲) نفع کی چیزیں لیکر دریا میں چلا کرتی ہیں اور اوپر سے پانی برسانے اور اِس سے خشک زمین کو تر و تازہ کر دینے میں اور اِس سے زمین پر جانور پھیلانے میں اور اِن بادلوں میں جو آسمان اور زمین میں ادھر رہتے ہیں البتہ عقلمندوں کے لیئے بڑی بڑی نشانیاں ہیں ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہر ایک کے لیے فضا میں جگہ بھی معین ہے جسکو خیر طبعی کہتے ہیں۔ یہاں تک کہ اگر ہوا کو کسی برتن میں بند کر کے سمندر کی عمیق تہ میں لیجاؤ اور وہاں جا کر چھوڑ دو تو پانیوں کو چیرتی پھاڑتی وہ اوپر ہی اپنے خیر طبعی کیطرف آئے گی۔ اور اسیطرح ہر ایک کے ثقل اور کشش میں بھی تفاوت ہے طبیعت اور مادہ اور نیچر کا نام لیا جاوے گا تو وہی بحث پیش ہوگی جو اوپر گزری لامحالہ خدائے قادر و حکیم کا ہی قائل ہونا پڑے گا۔ پھر ہواؤں کے بدلنے کو دیکھئے کہ ابھی تو مشرقی چل رہی تھی۔ ابھی مغربی چلنے لگی یہ پنکھا کس کے زبردست ہاتھوں میں ہے؟ ایسے۔ پھر ان کرات کے امتزاج سے جو کچھ عجائب غرائب اشیاء پیدا ہوئیں جمادات نباتات حیوانات اور ہر ایک کے لیے طبیعت جداگانہ اور ہر ایک کے لیے صورت طبعی بھی جداگانہ اور ہر ایک کے خواص و آثار بھی مختلفہ اوسی ایک تیرے کسنے قائم کر دیئے۔؟

زمین سے آفتاب کی حرارت کے سبب ابخرات اوٹھتے رہتے ہیں پھر وہ ہوا کے سرد طبقہ میں جا کر منجمد ہو جاتے ہیں انکو ابر۔ بادل کہتے ہیں۔ وہ نہ زمین پر ہیں نہ آسمان میں ہیں بلکہ درمیان میں ہیں۔ ان کے ثقل کا مقتضا تو یہی تھا کہ وہ نیچے گر پڑتے۔ مگر کس موزونیت کیساتھ ان میں ثقل رکھا ہے کہ نہ نیچے گرنے پاتے ہیں نہ اوپر جانے پاتے ہیں۔ قدرت کا کرشمہ ہے۔ پھر انمیں سے کبھی اولے گرتے ہیں کبھی پانی کی بوندیں گرتی ہیں پانی کا ریلا ایکبارگی نہیں گرنے پاتا۔ پھر کبھی اسقدر پانی برستا ہے کہ زمین پر طوفان آجاتا ہے کبھی بہت ہی کم۔ پھر انکے لشکروں کی روانگی بھی عجیب و غریب ہے گویا ایک لشکر کسی افسر کے حکم سے چلا جا رہا ہے اور جہاں چاہتا ہے برساتا جاتا ہے اور جہاں چاہتا ہے نہیں برساتا۔ پھر ان کی رگڑ سے ایک ایسی آواز ہولناک پیدا ہوتی ہے جو سخت سے سخت اجسام کی رگڑ سے بھی کم پیدا ہوتی ہوگی۔ انمیں برقی مادہ کس زور سے انکو توڑ کر نکلتا ہے اور اس ٹوٹنے سے کیسی مہیب آواز پیدا ہوتی ہے اور پھر وہ بجلی بنکر زمین پر گرتی ہے تو کیا آفت پیدا کرتی ہے۔ عجب ہے کہ وہیں پانی بھی ہے اور وہیں بجلی بھی ہے جو دو متضاد الطبیعت

toobaa-elibrary.blogspot.com

چیزیں ہیں۔ یہ کاریگری کسکی ہے؟ اسی زبردست علیم وحکیم کی۔

ف انبیاء علیہم السلام جن کی نظر سباب سے گزر کر مسبب الاسباب ہی کیطرف منتہی ہوتی ہے اشیاء کے امور طبعیہ کو کبھی اسی مسبب الاسباب کیطرف منسوب کر دیتے ہیں جنسے طبعیت اجسام پیدا کی اور کبھی طبعیت کے محافظوں کیطرف جو اسنے طبائع پر موکل کر رکھے ہیں یعنے ملائکہ۔ اسلیئے خاتم المرسلین نے فرمایا کہ بادلوں کو خدا کے فرشتے ہانکتے ہیں وہ گرج اور کڑک ان کی تسبیح وتقدیس کی آواز ہے بجلی ان کا کوڑا ہے یہ کلام دراصل ان عارفان حقیقت شناس کا کنایہ ہے نہ کہ فلاسفی۔ اوسپر اعتراض کرنا نہایت غلط بھی ہے۔

پھر اس پانی سے کیا کیا گلکاری کی ہے۔ انسے نباتات کا اوگنا تو معمولی نظروں کو بھی معلوم ہے جسکی طرف فاحیا بہ الارض بعد موتہا۔ میں اشارہ ہے مگر اوس سے زمین پر چلنے والے حیوانات بھی پیدا کیئے۔ قسم قسم کے حیوانات پیدا ہوکر چلنے پھرنے لگتے ہیں تخلیق حیوانات کا مسئلہ ہم آگے چلکر بیان کریں گے۔ پھر ہوا کے ثقل اور میلان حیزی کو دیکھیئے کہ ہزاروں من بوجھ سے بھری ہوئیں کشتیاں پانی کی سطح پر بادبانوں۔ انجنوں۔ برقی قوتوں سے کس تیز رفتار سے دوڑتی پھرتی ہیں۔ ہوا کا میلان حیزی انکو پانی میں ڈوبنے نہیں دیتا۔ حکماء نے اس کا اندازہ کر لیا ہے۔ اگر اوس سے زیادہ اجسام کشتی میں بھر دیئے جاتے ہیں تب اجسام کا میلان حیزی ہوا کے میلان حیزی پر غالب آکر اس کشتی کو نیچے ہی لے بیٹھتا ہے +

اس ایک مادہ میں یہ امتیاز اور یہ خصائص کیا خود بخود پیدا ہو گئے؟ ہرگز نہیں۔ پھر وہ کون ہے؟ وہی زبردست خدائے قادر اسلیئے فرمایا کہ ان باتوں میں عقلمندوں کے لیئے اسکے وجود اور کمال قدرت پر نشانیاں ہیں۔ نہ کہ بدفہم کوتاہ بینوں کے لیئے۔

چوتھی دلیل زمین کے پہاڑ اور دیگر احجار وجمادات اور ان کے اوضاع واشکال مختلفہ اور ان کا ثقل طبعی جو زمین کو لرزنے نہیں دیتا خواہ وہ متحرک ہو یا ساکن

جمادات اور ان کے حالات

toobaa-elibrary.blogspot.com

مگر ڈگمگاتی نہیں ورنہ اسپر بسنا محال ہو جاتا اگر کبھی کہیں اساب سے لرزتی ہے تو قیامت برپا ہو جاتی ہے (قرآن میں جو پہاڑوں کو زمین کی میخیں کہا گیا ہے اسکے یہی معنے ہیں) پہران کے آثار و خواص مختصہ کہ انہیں میں سے یاقوت والماس وغیرہ بنا دیئے۔ انہیں میں سے۔ سونا۔ چاندی۔ تانبا۔ لوہا۔ وغیرہ بنا دیا۔ انہیں میں سے گندک شورہ نوشادر۔ پھٹکری۔ نمک۔ کوئلہ۔ وغیرہ۔ بنا دیئے کہ جو دھاتوں اور دیگر اشیاء مختلفہ اور کارآمد کے اصول ہیں جنہیں انسان خداداد علم سے کیا کیا تصرف کر کے شان خلافت دکھا رہا ہے۔ پہر پہاڑوں میں کوئی سیاہ۔ کوئی سفید کوئی زرد مختلف الالوان ہیں۔ اور پہران میں ان رنگتوں کے پہرونے کیا کیا دھاریاں پڑی ہوئی قدرت و کمال کا نمونہ دکھا رہی ہیں۔ پہر کہیں وہ متصل ہیں کہیں انمیں آنے جانے کی گھاٹیاں اور درے ہیں پہر بعض بہت بلند ہیں اور بعض پست ہیں۔ پہر بعض میں سے پانیوں کے چشمہ پہوٹ پہوٹ کر نکل رہے ہیں اور زمین پر بہ کر آب شیریں سے کیا کیا باغ اور کھیتیاں اور عمدہ عمدہ نباتات اگہا رہے ہیں اور ان سے جملہ حیوانات نفع پا رہے ہیں اور زمین ایک باغ بن رہی ہے۔ اور بعض میں سے آتش کے شعلے نکل رہے ہیں وغیر ذلک۔ اب بتاؤ کہ ایک ہی مادے نے کیا خود بخود یہ مختلف صورتیں پیدا کر دی ہیں؟ ہرگز نہیں۔ اور مادہ تو ہمیشہ منفعل ہوا کرتا ہے یعنے وہ دوسرے کا اثر فعل قبول کرتا ہے انمیں فعل کرنے اور فاعل ہونے کی صلاحیت ہی نہیں۔ پہر افعال کو اسکی طرف نسبت کرنا فنون حکمت و فلسفہ سے ناواقفیت کی دلیل ہے۔ اب بتاؤ وہ فاعل کون ہے؟ اور یہ ضرور ہے کہ وہ صاحب علم و ادراک اور نہایت انجام پر نظر رکھنے والا ہے جسنے اس قسم کے تغیر میں دور تک مصلحتیں ملحوظ رکہی ہیں طبیعت اجسام کی صورت نوعیہ و جسمیہ و شخصیہ تو ہو نہیں سکتیں کس لیئے کہ یہ تو اس تغیر کے بعد پیدا ہوئی ہیں اور فاعل کا وجود مقدم ہونا ضرور ہے۔ اب رہا وہ مجہول نیچر۔ انمیں وہی کلام ہے جو پہلے ہوا۔ نیچر کے بندے پہلے انمیں علم و ادراک تو ثابت کریں اور ان تغیرات سے پہلے اوسکا وجود مستقل مان لیں۔ اور ایسی قوی اور مدرک

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور مستقل الوجود غیر محسوس چیز کے قائل ہو جائیں تب اسکو پیش کریں۔ اور جب وہ ایسا تسلیم کریں گے تو نزاع ہی اُٹھ جائے گی کیونکہ ان کے قصور ادراک سے قطع نظر کرکے ہم بھی اسیکو واجب الوجود اور صانع عالم کہتے ہیں۔ خواہ وہ اسکو نیچر کہیں یا دہر کہیں یا اسکا کوئی اور نام رکھیں ہاں اسمیں جو کچھ وہ صفات نقصان ثابت کرینگے اور کرتے ہی ہیں وہ ان کے ادراک کا قصور ہے جو انمیں ادراک ابنیائی کے چھوڑ دینے سے پیدا ہوا ہے۔

قرآن مجید نے امور مذکورہ بالا سے بھی استدلال کیا ہے اور ان چیزوں کو بھی آیات فرمایا ہے۔ اور یہ استدلال مختلف سورتوں میں مختلف صورتوں سے کیا ہے۔ کہیں انمیں سے بہت چیزوں کو مجتمع کرکے پیش کیا ہے کہیں بعض کو ثبوت میں گواہ دیا ہے۔

وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَاَنْهٰرًا وَّسُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝ سورہ نحل۔ رکوع ۲ (۱) وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْجِبَالِ اَكْنَانًا۔ سورہ نحل۔ رکوع ۱۰ (۲) وَمِنَ الْجِبَالِ جُدَدٌۢ بِيْضٌ وَّحُمْرٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهَا وَغَرَابِيْبُ سُوْدٌ سورۂ فاطر۔ رکوع ۳۔

پانچویں دلیل نباتات کا زمین سے اوگانا۔ اور پھر ان میں خواص مختصہ اور مختلف حالات پیدا کرنا اس کے وجود اور توحید اور کمال قدرت کی دلیل ہے۔ خاک میں پانی کی آمیزش سے ایسی صلاحیت پیدا کر دینا کہ اوسپر صورت نباتیہ فائض ہو جائے۔

نباتات اور ان کے حالات

---

(۱) اور اسنے زمین پر بھاری بوجھل پہاڑ ڈالدیئے تاکہ زمین تمکو لیکر ادھر اودھر نہ جھکے۔ اور اسنے ندیاں اور رستے بنائے تاکہ تم راہ پاؤ۔ اسمیں زمین کے رستوں کیطرف اور اس استدلال سے خداشناسی کے رستہ پانے کی طرف بھی کس لطف سے اشارہ ہے ۱۲ منہ

(۲) اور اللہ ہی نے اپنی پیدا کی ہوئی چیزوں میں سے تمہارے لیئے سائے بنا دیئے۔ اور پہاڑوں میں سے تمہارے لیئے چھپ بیٹھنے کی جگہیں بنا دیں۔

(۳) اور پہاڑوں میں بھی مختلف رنگوں کے طبقات ہیں۔ بعض سفید اور بعض سرخ مختلف رنگوں کے۔ اور بعض کالے سیاہ پتھر

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور اس کے احوال و حالات کی محافظت کے لئے اسپر طبیعت بنایۃ مسلط کر دی۔ پھر وہ رفتہ رفتہ خاک تر کو کس خوبی سے اپنا جزر بدن بناتی اور میدان وجود میں کس اندازہ کی رفتار سے چلکر اپنے کمالات موعودہ کو ظاہر کرتی جاتی ہے۔ جس سے پھول پھل برآمد ہوتے ہیں اور اس کے قد کی جو حد معین رکھی گئی ہے وہاں تک پہونچتی ہے۔ پھر ہمیں توالد و تناسل بھی ہے تغذیہ و تنمیہ بھی ہے اور پھر کمال تک پہونچکر کسطرح اوندھے پاؤں پھرتی ہے معدوم ہونے لگتی ہے اور چورا ہو کر پھر وہی خاک خاک میں جا ملتی ہے۔ گویا بحر عدم سے سر نکالکر پھر ڈبکی لگا جاتی ہے۔ عرصہ کے بعد یہ بھی معلوم نہیں کہ اس خاک نے کبھی بھی صدہا بنایۃ اختیار کی تھی راتوں رات ہزاروں کروڑوں اشیاء بحر عدم سے باہر آ رہے ہیں اور ایک عرصہ کے بعد پھر اسمیں غوطے لگا رہے ہیں۔ اگر چشم بینا ہو تو قدرت کا عجب دلکش منظر ہے

اب غور فرمائیے کس قانون قدرت کی پابندی ہے کہ تمام پتے تمام پھول تمام پھل کس سانچے میں کیساں ڈھلے ہوئے ہیں۔ کس قدرت کی کل نے یکساں بنایا ہے۔ اور پھر تینوں پھولوں میں جو کچھ گل کاری کی ہے وہ حیرت میں ڈال رہی ہے اور زبان حال سے کہہ رہی ہے ؎ کوئی معشوق ہے اس پردۂ زنگاری میں۔ پیٹر کی بے شعور طبیعت کو کیا لیاقت ہے کہ وہ یہ صنعت کر سکے یہ تو کسی بڑے صناع کے دست قدرت کا کام ہے۔

اِن مساوات کے ساتھ قدرت نے ایک دوسرا رخ بھی پلٹ کر دکھا دیا۔ ایک ہی پیڑ ایک ہی شاخ ہے ایک ہی پانی دیا جاتا ہے اسمیں پھول رنگ برنگ کے ہیں پھل بھی مختلف مزے کے ہیں۔ آجتک حکماء نے باوجود یکہ بہت ہی خوض و فکر کی مگر اسکی وجہ معلوم نہ ہوئی کہ ایک تخم کے اسپسے پتے کیوں ہوتے ہیں اور ایک ہی شاخ میں مختلف رنگ کے کیوں پھول آتے ہیں اور ایک ہی پھول اور پتے میں مختلف رنگتیں (اور وہ بھی مخصوص) کیوں ہوتی ہیں؟ پھر عالم نباتات میں طرح طرح سے قدرت کے کرشمہ دکھائے۔ بعض زمین پر بیل بنکر پھیلتے

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہیں۔ بعض اپنے قد پر کھڑے ہوتے ہیں پھر بعض کا قد بہت دراز اور تنومند اور بعض کا متوسط اور بعض کا اس سے بھی چھوٹا پھر بعض کے پتے بڑے بڑے جیسا کہ ناریل اور کیلا اور بعض کے باوجودیکہ درخت بڑا تن آور بہت ہی چھوٹے پتے جیسا کہ املی۔ اور بعض کے پتے کم ملتے ہیں اور بعض کے ایسے کہ ایک منٹ میں سو بار سے زیادہ حرکت کرتے ہیں جیسا کہ پیپل۔ پھر بعض کے پھلوں میں اندر کا مغز کار آمد اور باہر چھلکا جیسا کہ بادام بعض برعکس جیسا کہ کھجور پھر بعض پھل کھلے ہوئے اور بعض گابھے اور عمدہ جھلی میں بڑی احتیاط سے لپٹے ہوئے بعض درخت تو بڑے تن اور مگر پھل بہت ہی چھوٹے جیسا کہ جامن اور بعض برعکس جیسا کہ تربوز۔ بیگن وغیرہ۔ پھر پھلوں میں شیرینی ہے تو صدہا اقسام کی ترشی ہے تو وہی گوناں گوں اور کیلے ہیں تو انہیں قدرے شیرینی اور ترشی۔ اور شیریں اور ترش ہے تو قدرے کیلاپن۔ پھر بعض ایسے ہیں کہ نہ انہیں پھل ہے نہ پھول صرف ان کے پیڑ سے کام لیا جاتا ہے جیسا کہ نیشکر۔ پھر بعض ایسے ہیں کہ جنہیں صرف پھل آتے ہیں پھول نہیں جیسا کہ گولر۔ بعض برعکس جیسا کہ گلاب۔ پھر پھولوں کی خوشبوؤں کو غور کیجئے صدہا اقسام ہیں جن کی وجہ اختلاف ابتک عقلاء کی سمجھ میں نہیں آئی۔ پھر بعض خاردار ہیں اور بعض میں خار نہیں اب ان کے خواص و آثار کا حال تو ایک بحر ذخار ہے۔ تجربہ سے یہ تو عقلاء نے دریافت کر لیا ہے کہ اس کے یہ خواص ہیں مگر یہ معلوم نہوا کہ اسمیں یہ خواص کیوں ہیں دوسرے میں کیوں نہیں ؟۔

اب ان کے تولد و تناسل کو غور فرمائیے بعض تو تخم سے اوگتے ہیں اور بعض درخت کی شاخ اور بعض پتے ہی سے پیدا ہو جاتے ہیں۔ اور بعض بالکل زمین پر نہیں ہوتے امربیل کیطرح ہوا میں درختوں پر پھیلے ہوتے ہیں ان کے تمام جسم میں ان درختوں اور ہوا سے غذا حاصل کرنے کی قابلیت رکھی گئی ہے بعض صرف پانیوں کے سطح ہی پر ہوتے ہیں۔ بعض بحر شور میں ہوتے ہیں۔ وہیں بڑھتے ہیں جیسا کہ خونگا۔ الغرض جتنے

toobaa-elibrary.blogspot.com

احتمالات عقل میں آسکتے ہیں اُنسے بھی زیادہ نباتات۔ اور حیوانات میں پائے جاتے ہیں۔ پھر انمیں ایک قسم کا حس و ادراک بھی معلوم ہوتا ہے وہ بیمار تندرست بھی ہوتے ہیں جوان بوڑھے بھی ہوتے ہیں۔ بعض کے توالد و تناسل میں نر و مادہ کا اختلاط بھی شرط ہے۔ وہ جو اُونسے بھی ایک حصہ مناسب چوستے رہتے ہیں گویا یہ اِن کا تنفس ہے یہ امہات مرکبہ میں ترقی کی اول سیڑھی جسکو قدرت نے دوسری سیڑھی حیوانیت اور اِس سے اوپر کی سیڑھی انسانیت تک نہیں چڑھنے دیا ہے۔ اب بھی کوئی احمق کہہ سکتا ہے کہ یہ مادہ کا کام ہے یا اِن کی طبیعت کی کاریگری ہے یا مجہول و جاہل نیچر کی صنعت ہے؟ خلقِ جسم حقیقت میں عطا ہے اِن کے نزدیک تو ہر ہر درخت کا ایک ایک پتا اِسکی معرفت کا دفتر اور اِس کے جمال کا آئینہ ہے پھر لطف یہ ہے کہ سب میں حضرت انسان کے لئے بیشمار منافع ہیں دنیا میں اِس مہمان عزیز کے لئے اوسنے یہ باغ لگایا ہے۔

قرآن مجید میں نباتات اور اِن کے حالات سے اپنے کمال قدرت اور یکتائی پر استدلال اور نیز بندے پر اپنے احسان و انعام کا اظہار بھی ہے۔ اور وہ بھی ہر موقع پر اس کے مناسب۔ کبھی احکام میں۔ کبھی قصص امم ماضیہ میں کبھی رد شرک میں کبھی اثبات حشر و نشر میں عجیب غریب مناسبت سے ہے۔

[1] وَهُوَ الَّذِي أَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَخْرَجْنَا بِهِ نَبَاتَ كُلِّ شَيْءٍ فَأَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِرًا نُّخْرِجُ مِنْهُ حَبًّا مُّتَرَاكِبًا وَمِنَ النَّخْلِ مِن طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ وَجَنَّاتٍ مِّنْ أَعْنَابٍ وَالزَّيْتُونَ وَالرُّمَّانَ مُشْتَبِهًا وَغَيْرَ مُتَشَابِهٍ انظُرُوا إِلَىٰ ثَمَرِهِ إِذَا أَثْمَرَ وَيَنْعِهِ إِنَّ فِي ذَٰلِكُمْ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۝ سورہ انعام رکوع ۱۱ وَهُوَ الَّذِي أَنشَأَ جَنَّاتٍ مَّعْرُوشَاتٍ وَغَيْرَ مَعْرُوشَاتٍ وَالنَّخْلَ وَالزَّرْعَ مُخْتَلِفًا أُكُلُهُ وَالزَّيْتُونَ وَالرُّمَّانَ

[1] اور وہی ہے کہ جسنے آسمان سے پانی برسایا جس سے ہمنے ہر چیز کی بوٹیاں نکالیں پھر اِن سے ہم نے سبز شاخیں نکالیں کہ جن سے ہم تہ بہ تہ دانے نکالتے ہیں۔ اور کھجور کے گابھے سے گچھے نکالے کہ جو

toobaa-elibrary.blogspot.com

پیدائش حیوانات اور
ان کے حالات

مُنْشَاتٍ وَّغَيْرَ مُنْشَاتٍ ۝ سورہ انعام رکوع ۱۶) ۝ هُوَ الَّذِيْ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً لَّكُمْ مِّنْهُ شَرَابٌ وَّمِنْهُ شَجَرٌ فِيْهِ تُسِيْمُوْنَ ۝ يُنْۢبِتُ لَكُمْ بِهِ الزَّرْعَ وَالزَّيْتُوْنَ وَالنَّخِيْلَ وَالْاَعْنَابَ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝ سورہ نحل رکوع ۱) اس قسم کی اور بہت آیات قرآنیہ متعدد سورتوں میں وارد ہیں۔

چھٹی دلیل

پیدائش حیوانات اور ان کے مختلف حالات ہیں۔ اول وہ مرکبہ نباتیت سے جب ترقی کر جاتا ہے تو حیوانانیت کے مرتبہ میں پہونچتا ہے حیوانات میں بھی نباتیت ہوتی ہے۔ اس مرتبہ میں ایک صورت حیوانیہ بھی فائض ہوتی ہے۔ اب حس و ادراک اور حرکت بالارادہ بھی پیدا ہو جاتی ہے اور اپنے مافی الضمیر کو خواہ بہت

بقیہ اوٹ حاشیہ) بوجھ کے مارے جھکے پڑتے ہیں۔ اور انگوروں اور زیتونوں اور انار وغیرہ کے باغ اگہائے جھکے پھل صورت میں ملتے جلتے اور مزے میں مختلف ہیں۔ انکے پھولوں کا آنا اور پھلنا تو دیکھو جبکہ وہ آتے ہیں بیشک اسمیں ان لوگوں کے لیئے جو ایمان لاتے ہیں ہماری قدرت کی بڑی بڑی نشانیاں ہیں ۱۲ منہ۔

۲ وہی تو ہے کہ جسنے باغ اگائے جنمیں سے چھتری چھائے ہوئے بھی ہیں اور غیر چھتری چھائے بھی ہیں اور کھجور اور کھیتی بھی اگائی جن کے مختلف مزے ہیں اور زیتون اور انار بھی اگائے جنکی صورتیں ملتی جلتی اور پھل مزوں میں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ ۱۲ منہ۔

۳ وہی ہے کہ جس نے تمہارے لیے اوپر سے پانی برسایا جسمیں سے کچھ تو تمہارے پینے میں آتا ہے اور کچھ ایسا ہے کہ جس سے پیڑ اگتے ہیں کہ جنمیں تم مویشی چراتے ہو۔ وہی تمہارے لیے اوس پانی سے کھیتیاں اگاتا ہے اور زیتون اور کھجور اور انگور بھی اور ہر قسم کے پھل بھی۔ بیشک اسمیں اُن کے لیئے جو غور کرتے ہیں بڑی نشانی ہے ۱۲ منہ

ف پہلے کیطرف دیکھو۔ کہ ایک ہی وہ غذا یہ ہے جسکو درخت جڑ و نکے ذریعہ سے چوستا ہے پھر اسمیں سے کیسقدر کو پوست کیسکو درخت کی بالیدگی میں کیسکو پتے اور پھول بنانے میں ہر ایک کے مناسب گفت دیگر صرف کرتا ہے اور پھر اسمیں سے پھلوں کیطرف کیا عمدہ شیرینی بنا کر پہونچاتا ہے عقل دنگ ہے یہ کسکا کام ہے اسیکا جو طبیعت اجسام کے ذریعہ سے کر رہا ہے۔ فرق اتنا ہے کہ ناداں کھلوں کا کام کو انہیں کیطرف دانا کل بنانے اور چلانے والے کیطرف منسوب کرتا ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

صاف طور سے خواہ اصوات مبہمہ سے تعبیر کرنے کی قوت بھی آجاتی ہے۔ صاف لفظوں میں انسان اور اصوات مبہمہ سے دیگر افراد حیوان بولتے ہیں منطق الطیر بھی اسیکی ایک قسم ہے بعض اہل کمال اسکو بھی سمجھتے ہیں۔ یوں تو نباتات بھی اپنے حس و ادراک کے موافق بولتے ہیں مگر ان کی بولی میں آواز نہیں اسکا ادراک بھی خدا نے اہل کمال کو عطا فرمایا ہے۔ ہر مخلوق اپنے اپنے ادراک اور اپنی گویائی کے موافق اپنے خالق کی تسبیح و تقدیس کرتی ہے کبھی اسکو بھی باکمال لوگ سمجھ لیتے ہیں معمولی اشخاص جو اس ادراک سے بے نصیب ہیں اسکو محال جانتے اور یہ توجیہ کرتے ہیں کہ وہ دلالت حال سے تسبیح و تقدیس کرتے ہیں۔ یعنے ان کی حالت صانع کی یکتائی بیان کر رہی ہے۔

حیوان دو قسم کے ہیں ایک قسم تو وہ ہے جو مادا کے رحم میں نر کے تخم سے پیدا ہوتے ہیں۔ دوئم وہ جو بغیر اس کے پیدا ہوتے ہیں۔ قسم اوّل درند۔ چرند۔ پرند۔ آدمی وغیرہ قسم دوئم کے حشرات الارض کیڑے مکوڑے وغیرہ۔ جہاں مادہ میں خمیر ہو کر روح حیوانی فائض ہونے کی صلاحیت ہوئی فی الفور مبدء فیاض سے اوسپر روح حیوانی فائض ہو جاتی ہے۔ پھلوں۔ کھانوں۔ بلکہ گوبر۔ کیچڑ۔ سڑے ہوئے پانی نمناک گارے۔ چونے بلکہ نجاسات میں بھی جانور پیدا ہو جاتے ہیں۔ مچھر۔ پسو۔ جوئیں۔ مکھیاں۔ کیڑے۔ کھنکھجورے۔ بچھو۔ سانپ۔ مینڈک۔ مچھلیاں۔ ٹڈی وغیرہ اور کبھی بعد میں اس قسم کے جانوروں میں بھی نر و مادا سے توالد و تناسل ہونے لگتا ہے۔ اور بہت ہی زیادہ ہوتا ہے۔ اس قسم کے حیوانات میں بنائیت زیادہ ہے اسلئے انمیں قسم اول کے حیوانات جیسا حس و ادراک نہیں ہوتا۔ اس قسم کے حیوانات سے اسفل کرہ ہوائی اور کرہ ارضی اور کرہ مائی بلکہ انسانی اجزا[1] واخلاط وغیرہ بھی بہت کم خالی ہیں۔ اور اس قسم کے کیڑے بہت ہی چھوٹے ہوتے ہیں جو خوردبینوں سے بھی بمشکل دکھائی دیتے ہیں۔

[1] حال کے حکما نے منی اور خون میں بہت مہین کیڑے معلوم کئے ہیں ۱۲ منہ،

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور کبھی انہیں سمیت پیدا ہو جاتی ہے تو انسانی صحت کو بہت ہی مضرت پہونچاتی ہے۔

اور عجب سر پیدائش ہے کہ کبھی یہ چھوٹے چھوٹے جانور بہت جلد فنا ہو جاتے اور ان کی جگہ دوسرے پیدا ہو جاتے ہیں اور کبھی یہ تغیرات پاکر ایک صورت اور ایک صنف بلکہ ایک نوع سے دوسری نوع کیطرف بھی منتقل ہو جاتے ہیں۔ کیڑے پر دار جانور بنتے بارہا مشاہدہ میں آئے ہیں۔ ان کے انواع و اصناف اور خواص و افعال پر مطلع ہونا تو اُس علیم و خبیر کا کام ہے جو ہر ایک کو پرورش کرتا اور اسکے اسباب حیات بہم پہونچاتا رہتا ہے انہیں میں سے ترقی یافتہ وہ حیوانات ہیں جو نر و مادا کے اختلاط سے مادا کے رحم میں پیدا ہوتے ہیں۔ ابتداءً آفرینش میں یہ حیوانات غالباً اسی قسم کے کیڑے ہونگے جو انواع مختلفہ میں سے منتقل ہو کر ان انواع و اصناف میں آگئے اور یہ بھی ممکن ہے کہ ابتداءً خاکی مادہ سے پیدا ہوئے ہوں[1] اور پھر ان کے توالد و تناسل کا سلسلہ جاری ہو گیا ہو۔ کبھی انواع حیوانی کا سلسلہ ہزاروں برسوں تک جاری رہتا ہے اور کبھی مٹ جاتا ہے۔ ممکن ہے کہ انسان کی پیدائش سے پہلے یا اس کے وقت تک اس قسم کے انواع و اصناف حیوانات بھی ہوں کہ وہ حس و ادراک میں ترقی کر کے قریب قریب انسان کے پہونچ گئے ہوں اور انسانوں جیسے ہی ان کے افعال و حرکات بھی ہوں۔ مگر غلبہ حیوانیت سے ظلم اور فسق و فجور ان کی سرشت میں زیادہ تر ہو گا۔ اسلئے قدرت نے جبکہ اس کرۂ ارضی پر انسان کا ظہور کرنا چاہا ہو تو انواع و اصناف کا استیصال کر دیا ہو۔ ابن عباس کی وہ حدیث کہ جسمیں محدثین نے بلحاظ سلسلہ روایت کے کلام کیا ہے کہ زمین کے طبقات

[1] مشاہدہ میں آیا ہے کہ ترچونے اور گھٹے میں سے چھوٹے چھوٹے سانپ بنگئے اور پروہ بڑے ہو کر اور سانپوں کیطرح بچے دینے لگے۔ اسیطرح تراناج سے جبکہ اسمیں خمیر آگیا مکھیاں بنگئی ہیں اور دوسری مکھیوں میں مل گئیں۔ اسیطرح مٹی سے مینڈک اور چوہے بنتے دیکھا ہے پر وہ توالد و تناسل کے ذریعہ سے بہت سے ہو گئے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

یعنے قطعات میں تمہارے جیسے انسان ہیں تمہارے آدم جیسا ان کا بھی آدم اور تمہارے انبیاء جیسے انکے بھی انبیاء ہیں۔ شاید اسی مضمون کیطرف اشارہ ہو۔

ممکن ہے کہ جب نسل آدم پھیلی ہو اسوقت تک بھی پہاڑوں اور جنگلوں اور جزائر میں کچھ ان انواع کے باقی اشخاص ہوں شاید انہیں میں کا بقیہ وہ لوگ ہوں کہ جنکو دیو اور پریاں کہا جاتا ہے۔ اور ان کے اشکال کی بھی عجائب وغرائب حکایات کیے جاتے ہیں کہ کہ سر پر دو سینگ اور گھوڑوں جیسے لمبے لمبے چہرے وغیرہ۔ اور پارسیوں میں بھی مشہور ہے کہ رستم نے سفید دیو کو مارا تھا۔ اور ہندوؤں میں بھی اسی قسم کی روایات مشہور ہیں اور ہندو انکو راکش کہتے ہیں اور انہیں میں سے بعض کو خواہ کسی عمدہ صفت کے لحاظ سے یا ان کے خوف سے جو ان کی قدآوری اور طاقت سے محسوس ہوتا تھا۔ پرستش کرنے لگے ہوں۔ جنکی عجائب غرائب صورتیں اب تک مندروں پر کندہ پائی جاتی ہیں۔ اور ممکن ہے کہ یہ محض ان کی قوت متخیلہ کی کاریگری ہو جو متبتر گرم ملکوں اور جاہل قوموں میں جلوا کیا کرتی ہے۔ واللہ علم عند اللہ العلیم۔

ان قسم دوم کے حیوانات کے ہزارہا اقسام ہیں بعض علماء نے اٹھارہ ہزار قسمیں شمار کی ہیں نہ معلوم یہ شمار کہاں تک صحیح ہے۔

انکی ایک تقسیم یہ ہے کہ وہ یا پرند ہیں کہ پر کے ذریعہ سے ہوا میں اڑتے ہیں۔ یا غیر پرند ہیں پھر غیر پرند یا تو زمین پر رہتے ہیں عام ہے کہ بالائی سطح یا سوراخوں میں جیسا کہ حشرات الارض یا پانیوں میں زندگی بسر کرتے ہیں۔ اور انمیں بھی بعض پردار ہیں۔ اور یا وہ پرند تو نہیں مگر پرندوں جیسی جست کرتے اور بلند درختوں اور اونچی چیزوں پر پرندوں کیطرح جست کر کے ادھر سے ادھر چلے جاتے ہیں جیسا کہ گلہری۔ ایک تقسیم یہ بھی ہے کہ یا تو وہ انڈے نکالتے ہیں ہمیں کل وہ حیوانات شامل ہیں جنکی کان باہر جسم پر نمودار نہیں اور اعضاء تناسل بھی باہر نمودار نہیں جیسا کہ جملہ پرند اور اکثر دریائی جانور اور حشرات الارض میں سے سانپ وغیرہ یا وہ بچے نکالتے ہیں یہ وہ حیوانات ہیں کہ جن کے کان اور اعضاء تناسل باہر نمایاں ہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہیں۔ جیسا کہ کل بہائم اور درندے اور انسان۔ پھر زمین پر چلنے والوں کی کئی قسمیں ہیں۔ بعض وہ ہیں جو دو پاؤں سے چلتے ہیں جیسا کہ کشر پرند اور انسان۔ اور بعض چار پاؤں والے ہیں۔ جیسا کہ جملہ بہائم۔ درند۔ اور بعض کے چار سے بھی زیادہ پاؤں ہوتے ہیں جیسا کہ بعض حشرات الارض کھس کھجورا وغیرہ۔ اور بعض ایسے ہیں کہ ان کے ایک بھی ہاتھ اور پاؤں نہیں جیسا کہ سانپ اور اکثر مچھلی وہ اپنے تمام جسم کے زور سے پاؤں والوں کے برابر دوڑتے ہیں۔

اب اس تمہید کے بعد دیکھنا یہ ہے کہ انکے مادہ مرکبہ میں یہ گوناگوں کاریگری کس نے کی ہے؟ جہاں تک احتمالات عقلیہ کا طائر بھی پرواز نہیں کر سکتا اوس حد سے بھی زیادہ کس پردہ خفی میں رکھ کر اقسام وانواع کے حیوانات بنائے اور کیسی کیسی انکی صورتیں حسن کے سانچے میں ڈھالیں اور اوپر کیا کیا مینا کاری کی ایک ہی مادہ ہے اسمیں سے ہڈی اسمیں سے پٹھے اور سمیں رگیں اسمیں سے گوشت اسمیں سے اعضاء مختلف بنائے اسمیں سے ہر ایک کے مناسب سرخ۔ سبز۔ سیاہ کہیں باہم ملے ہوئے کہیں دھاریاں پڑی ہوئیں کیا کیا خوش رنگ پر اور بازو اور کیا خوشرنگ بال نکالے پھر اسمیں سے دانت چنگل چونچ پنجے ایسے سخت بنا دیئے جو لوہے کے آوزاروں کا کام دیتے ہیں پھر ان کو کیا مناسب علوم و ادراک اور ان کے اعضاء دیئے کہ بڑے سے بڑا عاقل سمجھنے میں بھی حیران ہے مکڑی کو ایسا سفید رنگ جالا بننا سکھایا کہ جسکو انسان بھی نہیں بنا سکتا کھماری کو کیا عمدہ کوٹھری دار مٹی سے گھر بنانا سکھایا پرند کیا مناسب گھونسلے بناتے ہیں بئے کی صنعت قابل دید ہے۔ شہد کی مکھیوں کے دلمیں ڈالا کہ بلند جگہ چھتا بنائیں اور کس قدرت کی پرکار سے بنے ہوئے مسدس خانہ ہوتے ہیں کہ بیچ میں ذرا بھی جگہ باقی نہیں رہتی پھر موم اور شہد کس طرح پیدا کرتی ہیں اور چیونٹ چیونٹ کر کس کس عمدہ پھل اور پھول کو چوس کر آتی ہیں اور آنے میں اپنا گھر نہیں بھولتیں پھر زوادہ کے اختلاط کے علوم اور باہمی قومی اتحاد و ارتباط اور اپنے یگانہ اور بیگانہ کی شناخت۔ اپنے ضروری مصالح کے علوم اپنے دشمن سے لڑنے اور اس کے صدمہ سے

toobaa-elibrary.blogspot.com

بچنے کی سمجھ بوجھ پیر موسموں کا ادراک اپنے مریضوں کی دوا کرنا سکھایا۔ پھر ان کے نغمات اور دلفریب آوازوں کو دیکھو کہ انسان نے ہی شاید انہیں کی شاگردی کر کے موسیقی اور باجے بنانے سیکھے ہوں۔ پھر انعین جو کچھ آثار و خواص ہیں وہ تو ادراک بشری سے بھی باہر ہیں۔ بتاؤ اس پردہ حسی میں یہ کون علیم و خبیر عجائب قدرت دکھا رہا ہے یا وہ تو سرے سے منفعل ہے طبیعت مخلوق ہونے کے بعد پیدا ہوتی ہے۔ نیچر محض جاہل اور بے شعور ہے۔ اتو صاف کہو وہی ہے وہی ہے۔ جسنے ہر ہر حیوان میں کیا کیا دور اندیشی سے کام لیا ہے اور سب میں اس ناشکر انسان کے فوائد بھی ملحوظ رکھے ہیں۔

منکرین خدا بتائیں کہ پردہ حسی میں وہ کونسی بات کرے اور اپنے وجود اور قدرت کے کیا کیا آیات دکھائے۔ تب وہ غیر محسوس کو بقاعدہ عقل یقینی طور سمجھائیں تاکہ ہم وہی آیات بینات پیش کریں۔ وہ جو کچھ بتائیں گے اوس سے بھی زیادہ اس نے صرف ایک حیوانات ہی میں دکھا دیئے مگر ہائے رے کوری عقل پھر بھی نہیں دیکھتا چشم عقل تو ہر ایک مخلوق کے آئینہ میں سے اسکو بیحجاب دیکھ رہی ہے۔ یہاں تک کہ اسکے وجود سے زیادہ کوئی چیز بھی مشہود نہیں ؎

ہر چہ بینی بدانکہ مظہر اوست کہ بچشمانِ دلِ مبین جز رو دوست

ایک عارف فرماتے ہیں ما رایت شیئا الا و رایت اللہ فیہ۔ کہ میں جو کوئی چیز دیکھتا ہوں پہلے اسمیں سے اللہ کو دیکھتا ہوں۔ یہانتک کہ ایک جنگلی عرب نے بھی آخر یہ کہہ ہی دیا البعرۃ تدل علی البعیر و اثر الاقدام علی المسیر + افنما ذات ابراج والارض ذات فجاج لا تدلان علی اللطیف الصانع الخبیر کہ جب اونٹ کی مینگنی سے اونٹ اور نقش پا سے چلنے والا معلوم ہو جاتا ہے تو پھر کیا آسمان برجوں والا اور زمین نشیب و پست والی اپنے خالق لطیف و خبیر کو نہیں بتا رہی ہے ؎

کہے دیتی ہے شوخی نقش پا کی۔ یہی اس راہ سے کوئی گیا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قرآن مجید میں حیوانات اور ان کے حالات سے بھی قدرت و کمال پر استدلال عجب لطف سے متعدد صورتوں میں کیا گیا ہے اور ہر ایک ثبوت آیت ہے۔

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا طَائِرٍ يَطِيرُ بِجَنَاحَيْهِ إِلَّا أُمَمٌ أَمْثَالُكُمْ مَا فَرَّطْنَا فِي الْكِتَابِ مِنْ شَيْءٍ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّهِمْ يُحْشَرُونَ ۔ سورۂ انعام رکوع ۳۔

وَالْأَنْعَامَ خَلَقَهَا لَكُمْ فِيهَا دِفْءٌ وَمَنَافِعُ وَمِنْهَا تَأْكُلُونَ ۝ وَلَكُمْ فِيهَا جَمَالٌ حِينَ تُرِيحُونَ وَحِينَ تَسْرَحُونَ ۝ وَتَحْمِلُ أَثْقَالَكُمْ إِلَىٰ بَلَدٍ لَّمْ تَكُونُوا بَالِغِيهِ إِلَّا بِشِقِّ الْأَنفُسِ إِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوفٌ رَّحِيمٌ ۝ وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيرَ لِتَرْكَبُوهَا وَزِينَةً وَيَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُونَ ۔ سورہ نحل رکوع ۱)

وَإِنَّ لَكُمْ فِي الْأَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُّسْقِيكُم مِّمَّا فِي بُطُونِهِ مِن بَيْنِ فَرْثٍ وَدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَائِغًا لِّلشَّارِبِينَ ۔ نحل رکوع ۶

وَأَوْحَىٰ رَبُّكَ إِلَى النَّحْلِ أَنِ اتَّخِذِي مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا وَمِنَ الشَّجَرِ وَمِمَّا يَعْرِشُونَ ثُمَّ كُلِي مِن كُلِّ الثَّمَرَاتِ فَاسْلُكِي سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا يَخْرُجُ مِن بُطُونِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ فِيهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ ۝ نحل رکوع ۸

أَوَلَمْ يَرَوْا إِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ صَافَّاتٍ وَيَقْبِضْنَ مَا يُمْسِكُهُنَّ إِلَّا الرَّحْمَٰنُ إِنَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ بَصِيرٌ ۔ سورہ ملک رکوع ۱۔

يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ إِذَا قَضَىٰ أَمْرًا فَإِنَّمَا يَقُولُ لَهُ كُن فَيَكُونُ ۔ آل عمران۔ رکوع ۶۔

لہ اور جسقدر حیوانات زمین پر چلتے پھرتے اور جسقدر اپنے دو بازوں سے اڑتے پھرتے ہیں سب ہی تو تمہارے جیسے گروہ (قومیں) ہیں ہم نے کتاب میں لکھنے سے کوئی چیز نہیں چھوڑی۔ پھر وہ سب اپنے رب کے پاس حاضر کیے جاتے ہیں۔ یعنی بنی آدم جسطرح مخلوق مختلف الحالات ہے یہی حال دیگر حیوانات کا ہے کتاب سے مراد یا تو قرآن ہے جسمیں اجمالاً یا تفصیلاً ہر چیز کا بیان ہے۔ ورنہ تقدیر و قدر کا دفتر علم الٰہی میں تعین ہے جسکو لوح محفوظ کہا جاتا ہے۔ کیونکہ وہ لکڑی یا لوہے کا کوئی تختہ نہیں۔ یعنی جملہ حیوانات

toobaa-elibrary.blogspot.com

اِن کے سوا اور بہت آیات ہیں جنمیں یہ بھی ذکر ہے کہ اسنے دو پاؤں والے اور چار پاؤں والے اور اس سے زیادہ پاؤں والے اور پیٹ کے بل چلنے والے بھی حیوانات پیدا کیے ہیں اور یہ بھی کہ انکی رنگتیں اور حالات بھی مختلف بنائے۔

بقیہ نوٹ ص۶۷) اور ان کے حالات ہمیں معلوم ہیں اپنے رب کے پاس یا تو قیامت میں لوگ حاضر کیے جائینگے۔ یا یہ مراد کہ بسطح ایشار کا وجود اسی مبدء فیاض سے شروع ہوتا ہے اور عالم وجود کے انقلابات کے بعد پھر اسیطرف سمٹ آتا ہے۔ ۱۲ منہ ۵۲ اسنے تمہارے لیے چارپائے بنائے جنمیں (انکی کمال اون پشم اور اون میں) تمہارے لیے سردیکا بچاؤ بھی ہے اور دیگر منافع بھی ہیں اور کچھ تمہارے کھانے میں بھی آتے ہیں اور جب تم صبح کو چرانے لیجاتے اور شام کو واپس لاتے ہو تو تمہیں بہت ہی بھلے معلوم ہوتے ہیں۔ اور جن شہروں تک تم اپنا اسباب جان آئے بغیر نہیں لیجا سکتے وہاں یہ آسانی سے پہونچا دیتے ہیں یہ تمہارے رب کی تمپر بڑی مہربانی اور عنایت ہے اور تمہارے لیے گھوڑے اور خچر اور گدھے بھی بنائے کہ تم انپر سوار بھی ہوا کرو اور تمہاری آرایش بھی ہے۔ اور وہ بہت سی اور بھی ایسی چیزیں پیدا کرتا اور آیندہ کریگا کہ جنکو تم جانتے بھی نہیں جیسا کہ اس زمانہ کے بارکش ریل سٹیمر ٹریموے وغیرہ ۱۲ منہ

۵۳ اور تمہارے لیے چارپایوں میں بھی غور کیجگہ ہے کہ ان کے پیٹ میں جو کچھ ہے اسمیں سے گوبر اور خون سے جدا کرکے تمہارے لیئے خالص دودھ نکالتے ہیں جو پینے والوں کو مزیدار معلوم ہوتا ہے۔

۵۴ اور آپکے خدا نے کھیوں کو یعنی وحی کی زبان کے دلمیں ڈالا) کہ پہاڑوں میں اور درختوں میں اور جو لوگ ٹٹیاں چھا لیتے ہیں انمیں اپنے چھتے بنائے پھر ہر ایک پھل چوسے اور اپنے سوراخوں میں سے سمٹ کر آیا جایا کرے ان کے پیٹ سے شربت نکلتا ہے (شہد) جسمیں لوگوں کے لئے شفا ہے۔ بیشک غور کرنے والوں کے لیئے اسمیں قدرت و کمال کی ایک بڑی نشانی ہے ۱۲ منہ

۵۵ کیا اپنے اوپر پرندوں کو نہیں باندھے نہیں دیکھتے کہ کبھی پر کھولدیتے ہیں اور کبھی سکیڑ لیتے ہیں۔ انکو (ہوا میں) بجز رحمٰن کے اور کون تھامے رہتا ہے کیونکہ وہ ہر چیز کا نگہبان ہے ۱۲ منہ

۵۶ کہ وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے اور جب کچھ کرنا چاہتا ہے تو کہتا ہے ہو جا پس وہ چیز ہو جاتی ہے (کسی کی احتیاج نہیں رہتی) ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

انسان کی حقیقت اور اسکے حالات

ساتویں دلیل

خود حضرت انسان اور ان کے حالات حیرت خیز ہیں۔ اول تو اس کی پیدائش موجودہ دیکھو منی کا قطرہ عورت کے رحم میں جاکر کیا کیا چکر کھاتا ہے پھر اسکا جوہر کیا کیا صورتیں بدلتا ہے اور ایک مدت کے بعد اسکا خون بستہ ہوجاتا ہے پھر گوشت کا لوتھڑا بنتا ہے پھر اسمیں اعضاء انسانی نمودار ہوتے ہیں ایک نقطہ سا دل اور ایک دماغ اور جگر بنتا ہے پھر رفتہ رفتہ اسکے تمام اعضاء ہڈیاں اور پوست اور گوشت رگ اور پٹھے نمودار ہوتے ہیں پھر اس نباتیت پر روح حیوانی کا جوہر روح انسانی اسپر فائض ہوتی ہے۔ پھر ایک عرصہ تک رحم میں ہی پرورش پاتا ہے جب اس کے اعضاء پختہ ہوجاتے اور وہیں نر و مادہ جو کچھ بنانا مقصود ہوتا ہے بن جاتا ہے۔ اور رحم میں جو کچھ اس کے غذا اور اخراج فضلہ اور تنفس کے سامان و آلات بہم کئے جاتے ہیں بڑا عاقل بھی ان کی حقیقت سمجھنے سے عاجز ہے چہ جائیکہ منی کے قطرہ کے لئے انسان بننے کا کبھی حکمت سے بندوبست کرسکے یا کسی اور حیوان کے نطفہ کو ایسا ہی حیوان بنا سکے۔ پھر ایک مدت کے بعد جسکا معمولی اندازہ نو مہینے ہیں اور کبھی کم و زیادہ بھی ہوجاتی ہے باہر آتا ہے اور ماں کا دودھ چوستا خدائی مدرسے پڑھکر آتا ہے۔ پھر جوں جوں اس کے اعضاء میں قوت آتی جاتی ہے ویسا ہی اسکا اور اک بڑھتا جاتا ہے پھر نشو و نما کے منازل طے کرتا ہوا ایک حد معین پر آٹھہرتا ہے اس کے بعد پھر واپس ہونا شروع ہوتا ہے۔ اعضاء کی اندرونی و بیرونی قوت کم ہوتے ہوتے آخر ایک روز یہ شجر دلربا گر پڑتا ہے اور اس خول میں سے وہ مدرک جو رحم مادر میں اس کے ساتھ وابستہ کیا گیا تھا دور ہوجاتا ہے وہ چونکہ لطیف ہے اسلئے جاتا نظر نہیں آتا پھر اسکو بذات خود ایک نئی زندگی اور نیا جہان جسکو بڑا تکلم ہوتا ہے آتا ہے اور جو کچھ نیک و بد اس قالب میں رہکر کیا تھا وہ بھگتنا پڑتا ہے۔ رہا یہ قالب یہ تو جس خاک کی غذاؤں سے اسکا مادہ نموی بنا تھا اور جس خاک کی غذائیں کھا کر اسنے نشو و نما پایا تھا اسمیں ملجاتا ہے گویا خاک ایک

toobaa-elibrary.blogspot.com

دور کر کے پھر اپنی اصلی حالت پر آ گیا۔

یہ تو ان حضرت کی (جو اب خدائی دعویٰ کرتے ہیں اور خدا کی قدرت میں جھگڑتے ہیں) اصلی کیفیت بہت مختصر سی ہے۔

(اسکے کمالات صوری)

لَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ کہ ہمنے بنی آدم کو شرافت دی اور بر و بحر میں سوار کیا۔ پھر فرمایا۔ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ کہ ہمنے انسان کو عمدہ سانچہ پر بنایا ہے

(۱) اسکی شکل زیبا اسکے اعضاء کا تناسب۔ اس کا بانکا قد، بالوں اور تیلیوں کی سیاہی ناخنوں۔ گوشۂ چشم دانتوں کی سفیدی اور سفیدی بھی دلفریب جس میں چمک دمک ہے۔ پھر اس کے گاؤدم دوہاتھ اور دو ٹانگیں بازو اور رانیں بھری ہوئیں سینہ کشادہ گردن کی خوبی پیشانی کی کشادگی پھر دو کمانوں جیسی بھویں اور ناک کی بلندی اور باریکی وہ اسکے پتلے پتلے سرخ یاقوتی ہونٹ۔ پھر اس کی یہ سرخ و سفید عجب رنگت۔ مردوں کے چہرہ پر رخساروں کو چھوڑ کر ڈاڑھی کا سیاہ حلقہ عورتوں کے جسم کا تناسب کس حسن کے سانچے میں ڈھلا ہوا ہے پھر اپنے سرداری برس رہی ہے۔ حیوانات میں کوئی بھی ایسا خوبصورت نہیں سب کی شکل دیکھ کر جو قدرت الٰہی کا نمونہ[1] ہے سب حیوانات اس کے آگے سر نیچا نہ کر دیں تو کیا کر سکتے ہیں۔ حیوانات کی کیا حقیقت۔ فرشتوں اور جنوں کو بھی اس کے آگے سر تسلیم[2] خم ہی کرنا پڑا۔ اسکی شکل زیبا اور اسمیں سرداری کے آثار نمایاں دیکھ کر

---

[1] ان اللہ خلق آدم علی صورتہ۔ کہ خدا نے آدم کو اپنی صورت پر بنایا۔ کے یہی معنی ہیں۔ اضافت تشریفیہ ہے ۱۲ منہ

[2] فرشتوں کا آدم کو سجدہ کرنا یہی بات تھی وہ اسکے کمال کے معترف ہو کر رسم سلام بجا لائے جو اسوقت رائج تھا۔ یہ سجدہ عبادت نہ تھا جو غیر اللہ کے لیے حرام ہے نہ خدائے جبار و قہور کی شان تھی کہ وہ ایسا حکم دیتا۔ نہ ملائکہ کی کو جو عارفین حقیقت ہے کہ وہ غیر اللہ کو سجدہ کرتے جس کیلئے سجدہ عبادت سمجھکر شیطان کی وکالت کی ہے کہ وہ یکا موحد تھا اس لیے اس نے غیر اللہ کو سجدہ نہ کیا پھر جس نے خالف اسلام نے اعتراض کیا ہے یہ سب انکی غلط فہمی ہے جو قوت متخیلہ کی آمیزش سے پیدا ہوئی ہے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

اسکے حریف[1] جل بھن کے کباب ہو گئے۔ سر پر خاک اوڑانے لگے اور اس حسد میں اپنے خالق و مالک سے بھی بگڑ گئے کہ ہائے ہائے اس خاکی پتلے کو یہ خوبی دیگئی۔ اسکو مخلوق کا محبوب اور سردار بنا دیا گیا۔ ہماری ناک ہی کیوں نہ کٹ جائے عزت و حرمت ہی کیوں نہ برباد ہو جائے مگر جاتا کہاں ہے۔ اس کے اور اس کی بھولی بھالی اولاد کے نورانی چہرہ پر داغ ہی لگا کر نہ چھوڑا تو ہمارا نام۔ اس کے اندر قویٰ بہیمہ تو موجود ہی ہیں۔ بس اب کیا ہی انمیں ایسی تحریک پیدا کر دوں کہ یہ لذت و شہوت۔ غصہ۔ طمع ان تین بھوتوں کے پنجے سے نہ چھوٹے اور اپنے اوس محسن و خالق کے احکام کی کچھ بھی پروا نکرے اور اس سے باغی و سرکش ہو جائے۔ وہمیات کے پھندے میں ایسا اُلجھے کہ سیکڑوں خیالی معبود بنا کر پوجنے لگے اور اس کی عقل جو کہے کہ ان کو جبکہ یہ آسمان و زمین اور بشر اور کسی ایک چیز کے بھی خالق نہیں نہ مالک نہ کچھ انکو نفع و نقصان پہونچانے کا اختیار ہے تو ان کو معبود و مسجود ہونے کا کیا حق ہے تو میں اسمیں قوت متخیلہ کی وہ پچر لگاؤں کہ ساری عقل گم ہو جائے اور صرف اسیقدر خیالی سہارے پر جا رہا کہ یہ ہمارے اور خدا کے درمیان وسائل ہیں انہیں کے ذرائع سے اوسکا فیض پہونچتا ہے۔ یہ چیزیں اس کے اظہار کمالات کے آلات اور اس کے مظاہر ہیں یہ اس کے کارخانوں کے مالک و مختار ہیں دنیا میں بھی شاہی کارندوں کی نذر و نیاز بغیر کوئی کام نہیں چلتا۔ ایسا ہی خدائی کارخانہ ہے میں اسکو جبکہ یہ کیسقدر علوم و فنون کے دریا میں تیرنے لگے تو ایسا غوطہ دوں کہ پھر کبھی اوپر ہی نہ ابھرے کہ کیسا خدا اور کہاں کے فرشتے اور کہاں مرنے کے بعد روح کی بقا

[1] وہ حریف خاص شیطان اور اسکی ذریت تھی جو ظہور آدم سے پہلے دنیا پر سکہ مخالفت جمائے ہوئے تھے۔ وہ موالید ثلثہ میں سے نہ تھے انکی سرشت میں ایسے عناصر زیادہ تھے جو ہر وقت محسوس نہ ہو سکیں انمیں بہیمت کا زیادہ غلبہ ہے اس لئے شہوات و لذات کیطرف انکو زیادہ رغبت ہے اور اوس ناری مادہ کے سبب غرور اور سرکشی اور فخر و تعلی بھی انمیں بہت ہے چندے شیطان رہا تھا کر کے صف خدا پرستان یعنی ملائکہ ارضیہ میں شامل ہو گیا تھا۔ اسکی تحقیق آگے آتی ہے انشاء اللہ

اور کہ ہر کے عذاب و ثواب جو گروہ اپنے آپ کو انبیاء کہلاتے ہیں وہ بھی معمولی حکماء رہیں اقوام کو خیالی ترغیب و تربیت سے اپنے قوانین پر چلنے کے لیئے آمادہ کیا کرتے ہیں بھلا غیر محسوس چیزوں کا یقین کر لینا اور ان کے لیئے دنیا کے مزے چھوڑ بیٹھنا کس عقل کا فتویٰ ہے چلو جو چاہو کیا کرو آزادی ہے انسانی فطرت میں آزادی ہے۔ الغرض اس محسن و مالک سے ایسی لڑائی کرادوں جو اس کے فرستادے صلاح اور ملاپ کرانے بھی دنیا میں آئیں۔ اور اپنی صداقت کے لیئے سکو وہ باتیں بھی دکھائیں جو معمولی قدرتوں سے باہر ہوں (معجزات و خوارق) تب بھی یہ سرکش برسر آشتی نہ آئے اور ان کی باتوں اور عمدہ نصائح کو ٹھٹھوں میں اڑا دے اور برسر مقابلہ آجائے ؛

وَعَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَالَمْ یَعْلَمْ
کر جتنے انسان کو وہ کچھ سکھایا کہ جسکو جانتا بھی نہ تھا

قرآن نے انسان کو اس سرگذشت اور ان کے دشمن کے اصلی ارادے۔ اور اسکی تدابیر سے متعدد مقامات پر متنبہ فرمایا ہے ؛

انسان کے معنوی کمالات

(انسان کے معنوی کمالات)

(۱) اس کے اندر جو جو قوتیں رکھی ہیں انہیں سے ایک کی بھی تشریح کیجائے تو ایک دفتر بھی کافی نہو۔ ادراک کے اقسام جنکا ہم ذکر کرائے ہیں اور ان کے آلات اور ان میں ترقی و تنزل کے اسباب بہت کچھ قدرت نے ودیعت رکھے ہیں اور اسلیے بنائیت اور حیوانیت کے مراتب کو طے کر کے یہ انسانیت کے بلند مرتبہ پر پہونچا ہے۔ چونکہ اسمیں بہیمت و ملکیت کا امتزاج ہوا ہے اور قدرت نے اسمیں ایک عجیب اعتدال ملحوظ رکھا ہے جس سے ان نمکین و شیریں مادوں کے ملنے سے عجائب غرائب ملکات فاضلہ جذبۂ محبت رضا و تسلیم کے آبدار موتی اور مونگے پیدا ہوتے ہیں۔ ملکیت جب اس رنگ میں رنگی گئی تو اسمیں وہ باتیں پیدا ہوگئیں جو نفوس مجردہ فرشتوں میں بھی نہ تھی اور یہی سر الٰہی ہے کہ انسان کی روح کو جو جوہر مجرد ہے دنیا میں اس قالب خاکی کے ساتھ وابستہ کیا جاتا ہے۔ اسکا روحانی انجذاب جب حق سبحانہ کیطرف ہوتا ہے تو تمام محسوسات

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور غیر محسوسات مخلوق کو نیست سمجھتے ہوئے اور جملہ حجابات کو پھاڑتے ہوئے اسی بارگاہ قدس تک جا پہونچتا ہے جو اس کا قرار گاہ اور آرام دل ہے پھر اس کے ساتھ اس کا وہ درد دل اور وہ سوز و گداز جو بہیمت کے امتزاج سے حاصل ہوا ہے اسکو ملائکہ پر بھی بعض وجوہ سے فوقیت بخشتا ہے اور یہی وہ امانت الٰہی ہے کہ جسکو نہ آسمان و زمین اٹھا سکے نہ پہاڑ سر پر لے سکے مگر اس ظالم نا عاقبت اندیش نے سر ہی تو جھکا دیا کہ لیجئے حاضر ہوں جو کچھ بار محبت ہے وہ اس سر پر سودا پر رکھدیجئے اور کیسکو آپ کے فدائی کے ہوتے کیا حق ہے

نشود نصیب دشمن کہ شود ہلاک تیغت سر دوستاں سلامت کہ تو خنجر آزمائی۔

اور جب اسکی روح میں بہیمت کی ظلمات سے صفائی آجاتی ہے تو تمام عالم ملک و ملکوت کے اسرار اسپر منکشف ہونے لگتے ہیں اور اس کے آئینہ صافی میں حق سبحانہ کا آفتاب جمال چمکنے لگتا ہے تب تو اسمیں وہ قوت و قدرت پیدا ہو جاتی ہے کہ جس کے ادراک سے عقول عامہ دنگ رہجاتی ہیں ایسی حالت میں اس کے کام مافوق القدرت الانسانیہ سرزد ہوتے ہیں۔ کیونکہ در اصل وہ کام کسی اور ہی قوی قدرت کے ہوتے ہیں ؛

ادھر بہیمت کے غلبہ اور محسوسات کی رغبت سے اسکا ادراک محسوسات کے حقائق و دقائق دریافت کرکے وہ وہ حیرت انگیز کاریگریاں دکھاتا ہے کہ حیوانات تو حیوانات جنات بھی حیران رہجاتے ہیں۔ یہ اپنی روزی اپنا لباس اپنا مکان اپنے اسباب معاش میں وہ وہ تغیرات دیکر فوقیت حاصل کرتا ہے کہ کوئی حیوان بھی نہیں کرسکتا۔ اس نے ریلیں بنائیں انجرات اور گیاس اور برقی قوت سے کیا کیا ستم ڈھائے ہزاروں کلیں ہیں کہ کام کر رہی ہیں ہزاروں من بوجھ کو آناً فاناً خشکی اور تری میں انجن گھسیٹے لیے جارہے ہیں۔ بجلی کی طاقت سے کیا کیا حیرت انگیز کام کر رہا ہے۔ اسنے طبقات الارض اور سمندروں کی تہ کی چیزیں دریافت کیں کرہ ہوائی کے عجائب حالات پر مطلع ہوا دوربینوں سے نیرات کے حالات دریافت کیے اجزاء مفردہ کے خواص و آثار پر مطلع ہوکر ان سے ترکیب دیکر

إِنَّا عَرَضْنَا الْأَمَانَةَ عَلَى السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَالْجِبَالِ فَأَبَيْنَ أَنْ يَحْمِلْنَهَا وَأَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْإِنْسَانُ إِنَّهُ كَانَ ظَلُومًا جَهُولًا کہ ہمنے آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں کی سامنے امانت پیش کی تو انہوں نے اٹھانے سے انکار کیا اور اس سے ڈر گئے اور انسان نے اٹھایا کیونکہ وہ بڑا ظالم نا عاقبت اندیش ہے ؛

آسمان بار امانت نتواند کشید
قرعۂ فال بنام من دیوانہ زدند

امانت محبت و انجذاب کی فرمداری آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں میں یہ مادہ نہیں رکھا گیا اسکو بار امانت نہ اوٹھانے سے انسان میں یہ مادہ رکھا گیا اسکو اوٹھانے سے بطور استعارہ کے تعبیر فرمایا۔ ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

کیا سحر آمیز کام کیے الغرض خدائی میں قدم دھرنے لگے۔ اِس نے قدرت کے کاموں کی نقل اتارنے اور انمیں تغیرات کرکے عجب صنعت وکارخانے میں بھی حیرت انگیز ملکہ پیدا کیا ہے۔ یہ کون ہے وہی قطرۂ منی وہی ہیچ وپچ جو اپنے مونہ سے مکھی بھی نہ ہٹا سکتا تھا جو اپنے اندر کے درد کو بھی اظہار نکر سکتا تھا۔ آج یہ ناشکرا اپنے معلم کو بھول گیا جس نے اسکو یہ قوی اور یہ ادراک عطا فرمایا پھر دیکھو جو کچھ تمام عالم میں ہے اِن سب کا نمونہ حضرت انسان میں بھی ہے اسلیئے اسکو عالم صغیر کا خطاب دیا گیا ہے۔ خود اپنے اندر غور کرنے سے بیشمار آیات بینات قدرت وکمال باری تعالےٰ پر مطلع ہو سکتا ہے یہ دلائل انفس کے نام سے موسوم ہیں۔ انسان کی بہیمت وملکیت کے امتزاج سے کئی قسم کے انسان ہو گئے کیونکہ یا تو دونوں قوتیں باہم موافقت سے ہیں یا مخالفت سے۔ اول صورت میں دو قسم ہونگے اوّل قوت ملکیہ کا غلبہ اور بہیمت اسکی مطیع یہ حضرات انبیا علیہم السلام میں پھر اوس سے نیچے اوتر کر درجہ بدرجہ اولیاء وصلحاء وغیرہم اسکے برعکس کہ بہیمت نے ملکیت کو دبا لیا کبھی اوبھر نے ہی نہیں دیتی۔ یہ وہ ازلی بے نصیب ہیں کہ شب وروز لہو ولعب لذات وشہوات میں گرفتار ہیں خدا تعالےٰ اور اسکی صفات اور مرنے کے بعد کے حالات پر بہیمت کی ظلمت یقین ہی نہیں آنے دیتی یہ وہ کفار ومشرکین اور پھر انمیں اوتر کر فساق وفجار ہیں کہ جنپر کسی ہادی کا کوئی اثر نہیں پہونچتا اِس حالت کو قرآن نے کبھی اِن کے دلوں پر مہر کر دینے سے کبھی آنکھوں وغیرہ مشاعر پر پردہ ڈالنے سے تعبیر کیا ہے اِن کے حق میں بعثت انبیا محض اتمام حجت ہے۔ ستم دوئم کی بھی دو حالت ہیں اوّل یہ کہ ملکیت غالب ہے مگر اس کے ساتھ بہیمت بھی کبھی اپنا زور دکھا جاتی ہے۔ یہ عوام ایماندار وصلحاء امت ہیں کہ نیک کاموں کے ساتھ کبھی اِن سے بمقتضیٰ بہیمت برائی بھی ہو جاتی ہے۔ مگر ملکیت کا غلبہ پھر انکو توبہ واستغفار کیطرف مجبور کر دیتا ہے۔ اور عنایت الٰہی میں داخل ہو جاتے ہیں خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا اُولٰٓئِكَ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ۔ اِن لوگوں کے لیئے ریاضات شاقہ اور نفس کشی کی زیادہ حاجت ہے۔ اِس لیئے

ع
سورۂ توبہ رکوع ۱۲

toobaa-elibrary.blogspot.com

احکام کی ریاضت شریعت نے قائم کردی۔ **دوئم** وہ کہ جبکی بہیمیت غالب ہے اور کبھی کبھی ملکیت کی چمک بھی اوپر پڑجاتی ہے۔ ایمان اور اعمال صالحہ کیطرف رغبت بھی ہوتی ہے برے کاموں کو بُرا سمجھنے لگتے ہیں مگر بہت جلد ظلمات بہیمیت کے پردے آپڑتے ہیں ایسے لوگوں کو عرف شریعت میں **منافق** کہتے ہیں۔ ان کی مثال قرآن میں بارش اور بجلی اور کڑک کے ساتھ دی ہے۔ کلما اضاء لہم مشوا فیہ۔ کہ جب انوار ملکیت کی بجلی چمکتی ہے تو اسکی روشنی میں دو چار قدم چلتے ہیں واذا اظلم علیہم قاموا۔ اور جب بہیمیت کی اندھیری چھا جاتی ہے تو رک جاتے ہیں اور احکام الٰہی اور مواعید آخرت سننے کے بھی روادار نہیں ہوتے جعلوا اصابعہم فی اذانہم اپنی انگلیاں کانوں میں کرتے ہیں۔ پھر ان کے بھی مختلف درجات ہیں +

مرنے کے وقت بھی غلبہ قوت ملکیہ وبہیمیہ کے موافق حالات پیش آتے ہیں۔ بعض اسوقت اوس عالم کے مشتاق ہوتے ہیں اور مرنا بند قفص سے آزاد ہوکر عالم قدس کے طائران خوش الحان میں ملجانا سمجھتے ہیں۔ اور بعض کی بہیمیت اور عالم خاک کی محبت وانس کے سبب یہاں سے جانا عذاب الیم خیال کرتے ہیں جب جاہ ومال زن وفرزند کے بھاری لنگر روح کو عالم بالا تک پرواز نہیں کرنے دیتے اور بند قفص ٹوٹنا ضرور ہے اسلئے ایک عذاب الیم اور ہیبتناک منظر سامنے ہوتا ہے۔ العیاذ باللہ + مرنے کے بعد بھی ارواح کو یہی معاملہ بقدر اس تعلق وعدم تعلق جسمانیت کے پیش آتا ہے جسقدر بے تعلقی ہے اسیقدر اسکو رفعت ہے اور جسقدر تعلق ہے اسیقدر پستی ہے۔ اسلیے اشرار کے ارواح عالم سفلی میں معذب ہوتے ہیں۔ جسکو عرف شریعت میں **سجین** کہتے ہیں۔

انسان ایک حقیقت جامعہ ہے جسنے اسکو جان لیا ضرور اس نے خدائے قادر کو جان لیا یوں تو ہر مصنوع وجود صانع اور اس کے کمال کی دلیل ہے مگر ایسا مصنوع کہ اس کے جمال کا پورا آئینہ بھی ہو بھلا جسنے اسمیں نظر کی تو بشرط صحت بصیرت

toobaa-elibrary.blogspot.com

اِسکو خدائے قادر کے دیکھنے میں کچھ بھی شک باقی رہتا ہے۔ ظاہری آنکھ سے محسوس کے دیکھنے میں جسقدر یقین ہوتا ہے اوس سے بھی کامل یقین چشم باطن سے دیکھنے میں ہوتا ہے جو وہ اپنے صانع کو عیاناً دیکھتی ہے۔ اسلیئے حقیقت انسانیہ کی بابت کسی عارف نے کیا عمدہ فرمایا ہے من عرف نفسہ فقد عرف ربہ کہ جس نے اپنی ذات کو جان لیا یقیناً اسنے اپنے رب کو جان لیا۔

انسان کا سلسلہ مختلف افراد سے نہیں (اسکے بہت سے دلائل ہیں جنکے ذکر کا یہاں موقع نہیں) بلکہ ایک شخص سے جسکو خدائے جہان آفرین نے ابتداءً خاک سے پیدا کیا تھا۔ جیسا کہ اب بھی ہم بہت چیزوں کو خاک سے پیدا ہوتے مشاہدہ کرتے ہیں۔ اوس اول شخص کا نام **حضرت آدم** ہے علیہ السلام۔ اِن کے بعد اِن کی بیوی اُنکی بائیں پسلی سے پیدا ہوئیں جنکا نام حوا رہے۔ بائیں پسلی سے پیدا ہونا شاید سمجھ میں نہ آئے۔ مگر جب تخلیق حیوان کا اب تک سلسلہ جاری اور آنکھوں کے سامنے ہے تو یہ کیا محال بات ہے آدم کے ایک جزء سے وہ پیدا ہوگئی ہوں۔ بعض علماء کہتے ہیں کہ وہ بھی آدم کیطرح خاک سے پیدا ہوئیں تھیں اور بائیں پسلی سے پیدا ہونا اسطرف کنایہ ہے کہ عورت مرد کی ہم پہلو اور قدرتاً اوس سے کم مرتبہ اور اسکی سرشت میں کجی ہے وخلق منھا زوجھا کی تاویل کرتے ہیں مگر یہ قول ضعیف اور سست ہے +

انہیں حضرت آدم کی تمام انسان نسل ہیں۔ انہیں سے ملائکہ کے سجود اور شیطان کے حسد و انکار کا واقعہ پیش آیا تھا۔ اِنسے پہلے حیوانات و نباتات سب کچھ تھے۔ ہنود اور مجوس کے نزدیک تو اِن کی پیدائش کا زمانہ اسقدر دراز ہے کہ گنتے گنتے بھی آدمی تھک جاتا ہے عجب چکر دیکر کروڑوں بلکہ اسسے بھی زیادہ برس بتائے ہیں اور زمانوں کو خیالی طور پر تقسیم کیا ہے۔ یہ صرف اِن کے خیالات ہیں جنپر نہ کوئی دلیل ہے نہ برہان نہ کوئی تاریخی شہادت ستاروں سے حساب لگاکر یہ مدت قائم کرنا بالکل غلط ہے۔ حکماء یونان کا

toobaa-elibrary.blogspot.com

ایک گروہ تو انواع کو قدیم ہی کہتا ہے اور ابدی بھی مانتا ہے جسکے قول کا بطلان روزمرہ کا مشاہدہ کر رہا ہے۔ اور ایسے لوگ سب انسانوں کو ایک شخص کی اولاد بھی نہیں کہتے۔ مختلف افراد سے مختلف سلاسل نسل جاری مانتے ہیں۔ بعض حال کے فلاسفر کہتے ہیں کہ نباتات ترقی کر کے حیوانات بنگئے اور بعض حیوانات (بندر) ترقی کر کے انسان بنگئے یہ غلط خیال ہے انسان نے نباتیت سے ترقی کر کے حیوانیت اور حیوانیت سے انسانیت ضرور حاصل کی ہے۔ مگر اس کے یہ معنی نہیں کہ جو ان حضرات نے سمجھے ہیں بلکہ وہ کہ جنکو ہم اوپر بیان کر آئے ہیں کہ ابتدا آفرینش انسان میں نباتیت یعنے نشو ونما ہوتا ہے پھر حیوانیت یعنے حس و ادراک آجاتا ہے پھر تکمیل ہو کر رحم ہی میں انسانیت پیدا ہو جاتی ہے جسکی تکمیل باہر آکر ہوتی رہتی ہے۔

حضرت آدم کہاں پیدا ہوئے تھے۔ اسمیں علماء کے مختلف اقوال ہیں۔ بعض کہتے ہیں عدن میں بعض کہتے ہیں فلسطین میں۔ بعض کہتے ہیں آرمینیہ کے کسی بالائی مقام میں جہاں قدرتی باغ لگا ہوا تھا۔ ان کی پیدائش کا زمانہ علماء اہل کتاب سات ہزار برس سے اوپر کہتے ہیں جسکو وہ انکی اولاد کے انبیاء علیہم السلام کی عمروں سے لیتے ہیں +

اکثر علماء فرماتے ہیں کہ خدا نے آدم کو پیدا کر کے بہشت میں رہنے کا حکم دیا تھا کسی مصلحت سے صرف ایک پیڑ کے کھانے سے منع کر دیا تھا شیطان نے بہکا کر وہ کھلوا دیا جسکی سزا میں بہشت سے نکالے اور زمین پر ڈالے گئے مدتوں روتے۔ ہے آخر گناہ معاف ہوا آئندہ کے لیے احتیاط کی تاکید کر دی گئی۔ پھر دنیا پر آکر انکی نسل پھیلی پھر وہ کہاں رہے اور کہاں انکی وفات ہوئی اور ان کے روبرو ان کی کسقدر نسل پھیلی تھی اور ابتدا میں ان کے قد و قامت اور عمریں کتنی ہوتی تھیں اور ان کا تمدن کیا تھا یہ سب باتیں مؤرخین نے لکھی ہیں جنمیں ان کا اختلاف بھی ہے +

toobaa-elibrary.blogspot.com

ذٰلِكَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ الَّذِيْٓ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ ۝ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ۝ ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝

حاصل کلام

ایک ادنیٰ میں یہ صنعتیں اور ایسی دور اندیشی سے اسمیں وہ کمالات بدیعہ کس نے پیدا کیے اس مصنوع نادر میں اپنی قدرت و کمال کا یہ حیرت انگیز جلوہ کسنے دکھایا ہے؟ کیا خود بخود ادنیٰ سے اعلیٰ ہو گیا اور از خود اس نے میدان وجود میں یہ انقلابات عجیبہ دکھائے ہیں کہ جن کے ادراک علت و حقیقت سے اب تک عقول حکما عاجز ہیں؟ ہرگز نہیں جسطرح کوئی عقل سلیم کسی عمدہ عنددقیقہ کو دیکھکر فی الفور یہ حکم لگا دیتی ہے کہ یہ عمدہ کسی کاریگر صنعت اندیش کا کام ہے ٹکڑی لوہے کے ٹکڑے آپ سے آپ اگر اس ترتیب عجیب سے نہیں مل گئے ہیں اور نہ انمیں یہ تعلق و تکاز خود بخود پیدا ہو گئے ہیں اسیطرح اس مصنوع عجیب کو دیکھکر حکم دیتی ہے کہ نہ یہ کسی علیم و خبیر قادر مطلق صناع کا کام ہے کہ جس نے اسکو اس اسلوب عجیب سے پیدا ہی نہیں کیا ہے بلکہ تمام عالم میں اس کے مصالح بھی ملحوظ رکھے ہیں۔ ایک ادنیٰ بات جسکو حال کے فیزک نے تسلیم کر لیا ہے یہ ہے کہ انسانی نظر کے لیئے نیلا اور سبز رنگ زیادہ مناسب ہے بالخصوص سفید رنگ مضر ہے۔ پہر اسنے سطح بالائی کی اور اس کے بعد کرۂ آب کی رنگت جو کرۂ ارض کو محیط ہے نیلگوں بنا دی اور پہر زمین پر اسقدر اشجار و نباتات پیدا کر کے اسکی رنگت سبز کر دی اس کے علاوہ اسکی زندگی اور بقاء کے کیا کیا سامان پیدا کیئے۔ پہر وہ علیم و خبیر قادر مطلق جو تمام عالم پر حاوی ہے کون ہے؟ طبیعت! سبحان اللہ یہ ہی نہیں کیونکہ وہ غیر مدرک اور اجسام کے وجود سے پہلے اسکا وجود نہیں اور نیز ایک جسم کی طبیعت دوسرے اجسام پر کیا اثر پیدا کر سکتی ہے کہ جہاں اسکی رسائی ہی نہو۔ پہر وہ نیچر یا دہر ہے! وہ بھی نہیں کیونکہ وہ مجہول الحال ہیں اس کے سوا، وہ علم و ادراک اور قدرت و کمال سے بھی بے بہرہ ہیں اور اگر کوئی سب سے بالاتر ایسا ہے کہ جسمیں قدرت و کمال اور علم و ادراک بھی ہے اور تمام کائنات کا سلسلہ اسی پر جا کر منتہی ہوتا ہے وہی خدائے قادر ہے خواہ کوئی اوس کو

ہم پر کہ اسکا انکار کرتے ہو ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

کس لفظ سے تعبیر کرے نیچر کہے یا دہر کہے یا کوئی اور نام رکھے۔ یہ نزاع لفظی ہے +

قرآن میں انسان کی پیدائش اور اس کے حالات و تغیرات اور اس کے لئے مفید اشیاء کے پیدا کرنے سے اسقدر دلائل پیش کیے ہیں کہ جو قرآن خواں سے مخفی نہیں اور جنکا نقل کرنا بہت طوالت ہے +

فصل دوم ۲

بحث صفات میں

صفات میں

خدا تعالےٰ جمیع صفات حمیدہ سے موصوف اور جملہ برے اوصاف سے پاک ہے۔ علم حیات۔ قدرت۔ ارادہ وحدانیت۔ ازلیت ابدیت۔ رحمت غضب۔ تکلم۔ لطافت صمدیت۔ غفار۔ تقدس۔ عدالت۔ وغیرہ سب صفات حمیدہ قرآن نے خدا تعالےٰ کے لئے ثابت کیے ہیں۔ حدوث۔ فنا۔ احتیاج۔ جہل۔ تشبیہ یعنے مانندیت۔ جسمانیت اور اسکے لوازم ظلم۔ وغیرہ جملہ عیوب سے پاکیزگی بیان فرمائی ہے +

علم وہ سب چیزوں کو جانتا ہے ازل میں اسکو ہر ایک ہونے والا معاملہ معلوم تھا۔ ہمارے علوم کے لئے جسقدر امور حجاب ہیں اس کے لئے کوئی حاجب نہیں۔ وہ عالم حتی کی تمام چیزوں کو بھی جانتا ہے خواہ تعداد میں جنگل اور دریا کی ریت سے زیادہ کیوں نہوں خواہ وہ زمین اور دریاؤں کی تہ میں ہوں۔ یہ چیزیں ہمارے نزدیک غائب مگر اس کے نزدیک حاضر ہیں۔ اسیطرح وہ عالم مجردات کی بھی سب چیزوں کو جانتا ہے اور مجردات سے بالاتر عالم جبروت و لاہوت کی باتیں بھی سب جانتا ہے جو غیب الغیب ہیں وعندہ مفاتیح الغیب۔ وَعِنْدَهُ خَزَائِنُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا إِلَّا هُوَ۔ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ۔ عَلَّامُ الْغُيُوبِ۔ العلیم الخبیر۔ اس کے لئے سننا۔ دیکھنا۔ السمع۔ البصر بھی بلحاظ علم ادیات کے قرآن نے بیان فرمایا ہے۔ کیونکہ عرف عباد میں ادیات کا علم

toobaa-elibrary.blogspot.com

ان دو آلو سے حاصل ہوتا ہے ورنہ یہ ظاہر ہے کہ بندوں کی طرح سے نہ اس کے دو کان مضغہ گوشت اور نہ دو آنکھ پارہ جسم ہیں نہ ہوا رکے ذریعہ سے وہ سنتا ہے نہ خطوط شعاعی یا انطباع اشکال کے وسیلہ سے دیکھتا ہے +

حکمائے یونان نے اپنے اس قاعدہ کی پابندی سے کہ ماتیات جزئیات کا علم حواس سے مختص ہے اور خدا حواس سے پاک ہے کسلئے کہ یہ جسمانیت سے تعلق رکھتے ہیں۔ کہدیا کہ خدا کو جزئیات مادیہ کا علے وجہ التفصیل علم نہیں۔ یہ انکی بڑی غلطی ہے جیسا کہ مقدمہ کتاب میں حالت خواب کے علم کو آپ جان چکے ہیں کہ بغیر حواس جسمانیہ کے بھی روح جزئیات مادیہ کا علے وجہ التفصیل ادراک کیا کرتی ہے۔ اور جب تک روح اس جسمانی پیکر سے متعلق ہے اسوقت تک وہ ان حواس کے روزنوں سے ادراک کرتی ہے پھر جب اس سے آزاد ہوگئی تو ان پانچ کھڑکیوں میں سے ادراک کرنے کی اسکو کوئی بھی ضرورت نہیں وہ ہر طرف سے ادراک کرسکتی ہے۔ جب روح کا یہ معاملہ ہے تو خدائے قدوس جو سب لطیفوں سے لطیف تر ہے وہ انکا کیوں محتاج ہونے لگا

علوم عقلیہ اور ادیان غیر اسلامیہ سب میں کچھ نہ کچھ علم الٰہی کی تنقیص ہے توریت موجودہ اور اناجیل مروجہ اور ویدوں اور وساتیر کے مطالعہ سے ہمارے بیان کی تصدیق ہوسکتی ہے +

سوال۔ نقص علم الٰہی تو قرآن سے بھی ثابت ہوتا ہے بہت جگہ آیا ہے لیعلم لنبلوکم کہ فلاں کام اس لئے کیا کہ خدا کو یہ بات معلوم ہوجائے یا خدا امتحان کرتا ہے یا اس نے امتحان کے لئے ایسا کیا کہ کون سچے اور کون جھوٹے ہیں **جواب** خدا تعالے کا علم حضوری ہے جو حصولی سے بالاتر ہے اور حضوری بھی قدیم لیکن علم کی دو قسم ہیں ایک قبل الوقوع یہ علم اسکا مخلوق اور واقعات کے ظہور سے پہلے بھی تھا وہ سب اس کے علم ازلی میں حاضر تھے دوسرا علم بعد الوقوع یہ بندوں پر حجت ہے مقامات مذکورہ میں علم

toobaa-elibrary.blogspot.com

مراد قسم اخیر کا علم ہے جس سے قسم اول کے علم کی نفی نہیں ہوسکتی

حیات - زندگی - ہر چیز کی حیات اسکی بقا ہے اور ہر شے کی بقا اسکی ذات کے مطابق ہے - خدا تعالیٰ ہمیشہ تھا ہے اور ہمیشہ رہیگا - یہی اسکی حیات ہے - ایشیا کے اوصاف مختصہ کا زوال بھی ایک قسم کی فنا ہے خدا اس سے بھی پاک ہے هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ کیونکہ وہ واجب الوجود اور علۃ العلل ہے اس کے جملہ صفات اور اسکی ذات کسی دوسرے کی طرف سے نہیں جو زوال پذیر ہوسکے برخلاف ممکن کے ۔

قدرت و ارادہ

جملہ ممکنات پر اس کی قدرت ہے انہیں جسطرح چاہتا ہے اپنے ارادے اور اختیار سے تصرف کرتا ہے - مخلوق کا پیدا کرنا ان کی پرورش انکا کمال و زوال سب اسکے ارادہ و اختیار سے ہے - اسپر کوئی مجبوری نہیں کہ بلا ارادہ و بلا اختیار اسکو وہ کام کرنا پڑے - یہ بات اور ہے کہ اس نے اپنے ارادہ و اختیار سے بلحاظ مصالح و بمقتضائے عدل و انصاف و رحمت - اسباب و علل عادیہ پر نتائج و آثار مرتب کر دیئے ہیں آگ میں حرارت آفتاب میں روشنی رکھدی ہے - پانی سے پیاس کا بجھنا کھانے سے بھوک کا دور ہونا - انجرات سے ابر بننا - بادل سے بارش نازل فرمانا نر و مادا کے اجتماع سے بچہ پیدا ہونا - بیسیات میں زہر - برے افعال پر برے نتائج اچھے کاموں پر اچھے نتائج مرتب کر دیئے ہیں - یہ بھی اس کے اختیار اور ارادہ اور قدرت سے باہر نہیں چاہے تو مرتب نہ ہونے دے یا وہ مخصوص نتائج ان اشیاء پر مرتب کر دے جنپر خلاف نتائج مرتب ہوتے تھے - آگ میں سردی - اور پانی میں حرارت قائم کرسکتا ہے - اسباب و علل کے سلسلہ پر جو نتائج مرتب ہوتے ہیں فی الحقیقت یہ بھی اسی کے افعال ہیں - تلوار کا کاٹنا قلم کا لکھنا کل کا کوئی کام کرنا دراصل تلوار مارنے والے اور قلم اور کل چلانے اور بنانے والے کا ہی کام ہے ہاں مجازاً تلوار اور قلم اور کل کیطرف بھی نسبت کر دیتے ہیں و ہو ارو ہمارے کی تاثیر بھی اسکی طرف سے مرتب شدہ ہے -

إِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ - يَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يَشَاءُ - وَيَحْكُمُ مَا يُرِيدُ ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ابنائی رستہ چھوڑ کر اسمقام پر بھی اور لوگوں کے ادراک نے ٹھوکر کھائی ہے اور خدائے قادر میں صفت نقص پیدا کر دی ہے ۔

حکمائے یونان

کہتے ہیں کہ یہ عالم اس سے بلا ارادہ و اختیار پیدا ہوا ہے۔ اور اشیاء کے خواص مختصہ و آثار لازمہ اشیاء سے وہ دور نہیں کر سکتا اور نہ عالم کے سلسلہ انتظام میں خلل ڈال سکتا ہے۔ قدرت کے مذکورہ ترتیبات کا قانون ہے قانون قدرت کے برخلاف کوئی کام ہو نہیں سکتا محال ہے اسلئے وہ معجزات انبیاء علیہم السلام و کرامات اولیاء کرام کو جو ان کے روحانی کام ہیں اور وہ ایک اور دوسرے قانون قدرت کے تحت میں ہیں نہیں مانتے اس قسم کی روایات کو خرافات اور قصہ اور کہانیاں جانتے ہیں۔ آجکل کے حکماء میں بھی وہ پرانا مسئلہ مسلم ہو رہا ہے انکا بھی ایسا ہی خیال ہے ۔

خلفاء بنی العباس کے عہد میں جب یونانی فلسفہ اور حکمت عربی زبان میں ترجمہ ہو کر آئے اور قلوب سے نور نبوت دنیاوی تجملات و اسباب تمدن سے کم ہوتا گیا اور ظلمت بہیمیت پھیلتی گئی تو مسلمانوں کے ایک گروہ پر وہ فلسفہ اثر کر گیا۔ اس لیئے ان کی تمام کوشش اسطرف متوجہ ہوئی کہ اسلام کو فلسفہ کے حملے سے بچائیں۔ مگر فلسفہ کو تو وہ ایک انچ بھی نہ ہٹا سکے۔ بلکہ اسلام کے روشن اصول کو ہی پیچھے ہٹانے لگے یعنے تاویلات و توجہات کے ذریعہ سے اصلی معنی کو چھوڑ کر ان آیات و احادیث میں فلسفہ کو ٹھہرانے لگے اور ان کی کمزور طبیعتوں میں یہ کام بڑا احسان اسلام اور مسلمانوں پر شمار ہونے لگا۔ اس فرقہ کا نام معتزلہ تھا گو ان کے مقابلہ میں حکماء اسلام میں سے بھی وہ لوگ اوٹھ کھڑے ہوئے جنہوں نے ان کے فلسفہ کی جو انکا مایہ ناز تھا دلائل عقلیہ سے دھجیاں اوڑا دیں اور یونانیوں کی غلط فہمیوں کو آشکارا کر دیا۔ جیسا کہ امام غزالی اور فخر رازی وغیرہ جزاہم اللہ خیراً۔ ہمارے زمانہ میں بھی بعض وہ حضرات پیدا ہو گئے جو علوم اسلامیہ سے بہرہ اسرار شریعت سے واقف نہ مشرقی فلسفہ سے بہرہ مغربی فلسفہ سے مطلع۔ بلکہ مغربی علوم کی زبان سے بھی آگاہ نہیں۔ صرف سفر یورپ اور وہاں کی زرق برق سے ان کی کمزور آنکھیں چوندھیا گئیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

اسلئے ان کی نظروں میں اسلام موجودہ فلسفہ سے کامل شکست پاگیا۔ اور یورپ کی ترقی ان کے نزدیک ان کی صنعت اور حرفت اتفاق باہمی۔ ہمدردی کوشش پر نہیں بلکہ ان کے نیشن اور طرز تمدن اور ان کے الحاد اور بے قیدی اور انہماک لذات وشہوات اور اس قسم کی خرافات پر مبنی معلوم ہوئی تو وہ قوم کے ہمدرد اسلام کے حقیقی بہی خواہ بھی قرآن کی تاویل کی طرف متوجہ ہوئے اور جملہ ان آیات و احادیث میں جو ان کو یورپ کے خیالات کے برخلاف معلوم ہوئیں خواہ وہاں کے بازاریوں ہی کے خلاف کیوں نہ ہوں سب میں انہیں کے خیالات قطع و برید کرکے بھرنے شروع کردے اور اسی مراد سے انہوں نے بھی قرآن کی تفسیر اور ترجمہ کے ذریعہ سے مسلمانوں میں یہ روشن خیالی پھیلانی چاہی جو دراصل تنگ خیالی تھی مگر ان کے مقابلہ میں بھی خدا کے بندے کھڑے ہوگئے اور انکا تمام تار و پود توڑ پھوڑ کر رکھدیا جسپر انہوں نے اور ان کے کاسہ لیس شاعروں اور اخباروں نے بہت کچھ غل مچایا مگر ابھی تک مسلمان ایسے گئے گذرے نہ تھے جو وہ ان کی نلع کاری پر فریفتہ ہوجاتے بے اصل بات تو بے اصل ہی ہوتی ہے ادہر ان کی تعلیم گاہوں سے جو فیشن اور بے قیدی کی تعلیم پاکر نمونہ نکر نکلے اور وہ صنعت و حرفت اکتساب معاش کے علوم سے عاری جنکا مدار کار نوکری کی امیدواری اسپر یورپین سوشیل کے مصارف اور ہر مذہب وملت و قوانین اخوت برداری سے آزادی اسپر افلاس اسنے اور بھی برہم بگاڑ دیا کیونکہ تجربہ بڑی دلیل ہے ہنود میں بھی انہیں کے قدم بقدم دو گروہ **مصلح قوم** پیدا ہوئے اول انگریزی خواں بنگالیوں میں **برہمو دہرم** پیدا ہوا انہوں نے تو ایک صلح کل ایسا مذہب ایجاد کیا جو سب کے نزدیک عزیز ہو حالانکہ ہر دلعزیز ہر دل ذلیل ہوجایا کرتا ہے اور کسانے پینے کے بھی جملہ قیود جو ہندو دہرم میں تھیں سب اوٹھ گئیں در اصل ہندو دہرم کی سخت قیود کی پابندی سے کوئی قوم قوم نہیں رہ سکتی دوسرا گروہ ہندو پنڈتوں میں **آریہ دہرم** نکلا اس کے بانی کی نظروں میں ویدوں اور شاستروں اور پرانوں میں

ف فرقہ آریہ کے بانی نے نیا فلسفہ اور نیا سائنس بھی نیایا ہے جسکی نہ کسی دلیل عقلی پر بنیاد ہے نہ دلیل نقلی پر

toobaa-elibrary.blogspot.com

بوجہ غلط اور جاہلانہ تعلیم تہی، وہام پرستی اور جاہلانہ قصص و حکایات وہ نہ صرف ایک عاقل اور روشن خیال آدمی کے لیئے باعث عار و ننگ ہے بلکہ ان کے بزرگوں کے لیئے بھی بڑا سیاہ دھبہ ہے جس سے انکی حقیقت معلوم ہوتی ہے) وہ سب قابل رد قرار پا چکی تھی۔ سب کا سرانجام تو ناممکن تھا مگر اس باہمت شخص نے اور سب خرافات کو خیرباد کہکر صرف چاروں ویدوں کے حصہ اول سنگتا ہی پر قناعت کرنا غنیمت جانا اور جہاں تک ہو سکا (گو خلاف لغت و محاورہ سنسکرت ہی کیوں نہو) اس کے اگلے شارحین کیوں نہ فریاد ہی کرتے ہوں کہ اے مہاراج کیا غضب کرتے ہو تمنے تو اصلی کلام کو بالکل پلٹ دیا) تاویلات کرنے شروع کیئے اور تفسیر بھی لکھی مگر تمام مکر سکے۔ علوم جدیدہ کی چمک سے ان کی آنکھیں بھی خیرہ ہو چکی تھیں ویدوں کے اعتبار و وقار دلانے کے لیئے انہیں کھینچ تانکر حکمار کے اصول بھی ٹھونسے بلکہ ریل تار سٹیم بنانے کے علوم کے بھی مدعی ہو گئے۔ مگر جب انہیں کسی ایک معمولی چیز بنانے کا بھی علم نہ تھا نہ عقائد و اخلاق و طہارت و عبادت کی بابت نہ دار آخرت کی بابت کچھ بتا سکے تو بیچارے

بقیہ ص ۸۳ اپنے تراشیدہ معانی کا کبھی کبھی شت پتھ وغیرہ کتب ہنود کیطرف حوالہ دیا کرتے ہیں مگر کبھی بھی مگر کبھی بھی ندکورہ میں اثبات کا نام و نشان بھی نہیں ہوتا ہاں کتب مذکورہ کے مطالب کو شاید کسی اونی مناسبت سے کھینچ تانکر اپنے موافق تاویل کرتے ہوں منجملہ ان کے مطالب فلسفیانہ کے ایک یہ بھی ہے کہ جملہ ارواح انسانیہ اگلے جنم کے کرموں کے مطابق نباتات حیوانات انسانوں کی شکل میں بطور تناسخ ظہور کیئے ہوئے ہیں اس صورت کے کرموں پہلے اعمال کے موافق پھر کسی دوسرے جنم میں ظہور کرینگے۔ اول تو ابتداء آفرینش میں کس جنم کے کرموں کا ظہور قرار دیا جائیگا جبکہ ان موالید ثلاثہ کا حادث ہونا ثابت ہو جائیگا ثانیاً نباتات و حیوانات کے افعال قابل جزا و سزا تسلیم کرنے پڑینگے اور یہ بغیر اسکے کہ انکو حس و ادراک کامل اور اپنے افعال میں اختیار و قدرت اور پھر انکو کوئی الہام و وحی متنبہ کرنیوالا نہو ناممکن ہے۔ حالانکہ کسی وید میں انسان کیلئے بھی یہ نہیں بتایا گیا ہے کہ فلاں کام سے فلاں جنم میں جاتا ہے اور فلاں سے نجات پاتا ہے۔ پھر جب انکے الہام نے انسان ہی کی حاجت پوری نہ کی اور بغیر بتائے اسکو سوجھ سکتا کہ جنم دیا جاتا ہے تو وہ آئندہ حال نباتات و حیوانات مگر بتا سکے کون ما

toobaa-elibrary.blogspot.com

پنڈت مہراج بجھا سکے اور کیا کرتے کہ اعمال میں تو ہون کرنے کو تمام علوم و حکمت عملیہ کا سرچشمہ بنایا۔ اور علوم نظریہ کے لیے آشون وغیرہ جو ویدوں میں الفاظ وارد ہیں ان کے معنے کبھی آفتاب کبھی گھوڑے کبھی سانپ کبھی گیاس کے قرار دیکر کہدیا کہ سب جدید صنائع کے یہی اصول ہیں انہیں سے انجن چلتے ہیں یہ ویدوں میں موجود ہیں انسے سیکھ کر اہل یورپ نے یہ تمام صنعتیں نکالیں ہیں۔ کہیں مہرشی پنڈت کے مقابلہ میں اہل یورپ نہ بول اوٹھیں کہ ویدوں سے سیکھنا تو کجا سامنے تو ان کے نام بھی نہیں سنے۔ اب حال میں چند علماء جرمن کو زبانوں کا شوق پیدا ہوگیا ہے ویدوں کو پرانی کتاب سمجھکر چھپوا دیا اور سنسکرت زبان میں مہارت پیدا کرلی ہے جیسا کہ بازندی زبان اور دیگر قدیم زبانوں کو حاصل کیا ہے آریہ کے عقیدہ میں بھی خدا کی قدرت ویسی ہی محدود ہے جیسا کہ اوپر بیان ہوا۔ بلکہ وہ تو خدا کو نہ جواہر کا خالق سمجھتے ہیں نہ اعراض کا۔ ارواح مادہ بسائط عناصر سب قدیم اور خدا کے غیر مخلوق اور غیر مقدور ہیں خدا بندہ کے آثار افعال کو دور نہیں کرسکتا جو کچھ اس عالم میں بندہ کو راحت و رنج پہونچ رہا ہے۔ یا آئندہ نتائج کے ذریعہ سے پہونچے گا اسمیں خدا کو کچھ بھی اختیار نہیں کہ بندہ کی توبہ و ندامت و استغفار سے اسکو دور کرسکے۔ مخلوق میں سے کوئی جانور بھی اس کے پیدا کرنے سے پیدا نہیں ہوا ہے ایسے عاجز و مجبور خدا کے ماننے کی انکو کیا ضرورت پیش آئی اپنے بھائیوں فرقہ ناستک اور بودہ اور جینیوں کیطرح اسکا بھی انکار کردیتے تو معاملہ صاف تھا اور اب بھی ایک قسم کا انکار ہی ہے +

آگ پر گھی وغیرہ جلانا ۱۲ منہ

مآل یہ قرن جعل ہے کہ محالات عقلیہ مقدور ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتے۔ جیسا کہ اپنا مثل پیدا کردینا یا اپنے ذات میں صفات ذمیمہ حدوث و فنا کذب و ظلم وغیرہ پیدا کرلینا۔

وحدانیت

واحدانیت وہ جسطرح اپنی ذات مقدسہ میں یکتا ہے اسیطرح اپنے صفات کمال میں بھی یکتا ہے۔ کیونکہ عالم وجود میں سوا اس کے اور کوئی واجب الوجود ہی نہیں۔ پھر جو کچھ موجود ہے وہ سب فی حد ذاتہ ممکن ہے اس کے وجود کا پرتو اپڈکر

toobaa-elibrary.blogspot.com

مخلوق موجود ہوئی ہے اسیطرح اپنے اس کے صفات کا بھی ایک اثر نمایاں ہوا ہے۔ مخلوق کی قدرت اسکا علم اسکی حیات اسکا ارادہ محدود ہے اور جو کچھ ہے اسیکا عطا کردہ ہے۔ اسینے اِن کے اسباب عطا کیئے ہیں۔ مخلوق کے صفات علے حسب مراتب بلحاظ ملائکہ و انبیاء علیہم السلام کہیں تک وسیع ہوں مگر اس کے صفات کے مقابلہ میں ایسے ہیں کہ جیسا بحر خضم کی نسبت ایک قطرہ۔ کسی مخلوق کو خواہ وہ کتنی ہی عند اللہ محترم ہو اسکی ذات اور صفات میں مساوی یا حصہ دار سمجھنا شریعت محمدیہ علے صاحبہا الصلوٰۃ والسلام میں **شرک** ہے جو اشد معصیت ہے جیسا کہ اسکی ذات و صفات میں کمی تصور کرنا **کفر** ہے۔

توحید پر بہت سے براہین عقلیہ قائم کیئے گئے ہیں۔ (۱) اگر اور بھی کوئی دوسرا خدا ہو تو ضرور ہے کہ ہر خدا میں خدائی اسکی حقیقت میں داخل ہوگی نہ کہ عارضی۔ اِس صورت میں خدائی دونوں کے لیئے جنس ہوگی جو دونوں میں مشترک ہے۔ تو اب کوئی دوسرا جز بھی ہونا چاہیئے کہ جس سے باہم ایک دوسرے کو امتیاز ہو جائے ورنہ دونوں گے۔ پھر جب یہ ثابت ہیں دو جز ثابت ہوئے تو ہر ایک کی حقیقت دو جزؤں سے مرکب ٹھہرے گی۔ اور ہر مرکب بقاعدہ عقلیہ حادث ہے کیلئے کہ ترکیب سے پہلے انکا وجود نہ تھا اور ہر حادث کے لیئے ایک **محدث** یعنی پیدا کرنے والا اور دونوں جزؤں کو ملا دینے والا ضرور ہے تب یہ خدا خدا نہ رہا بلکہ مخلوق ہو گیا۔ در اصل خدا ہی محدث ہے۔ اب اِس محدث کیساتھ اور بھی کوئی محدث ہے تو یہی کلام ہوگا اور دوسرا محدث ماننا پڑے گا۔ غیر متناہی سلسلہ لازم آئے گا اور وہ محال ہے یا کہو اور کوئی دوسرا محدث نہیں تو وحدتی حاصل ہوگا کہ خدا واحد ہے۔ قرآن مجید میں کیا عمدہ عنوان سے دلیل توحید بیان ہوئی ہے لَوْ كَانَ فِيهِمَا آلِهَةٌ إِلَّا اللَّهُ لَفَسَدَتَا۔ کہ اگر آسمانوں اور زمینوں کے دو خدا ہوتے تو کبھی کے خراب ہو گئے ہوتے +

کیلئے کہ ہر ایک قدرت و اختیارات میں مستقل ہے ورنہ خدا خدا نہ ہوگا۔ بلکہ کسی کمیٹی کا

توحید

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہوگا۔ جو دنیاوی امور میں بھی مستقل کچھ بھی اختیار و قدرت نہیں رکھتا۔ ایسا خدا اگر مانیں گے تو عیسائی مان سکتے ہیں۔ جو باپ بیٹے روح القدس کی کمیٹی بنا کر خدائی کروایا کرتے ہیں۔ اور جب مستقل ہوا تو ایک کو دوسرے کے خلاف میں کوئی کام کرنے کی قدرت ہوگی یا نہوگی۔ اگر نہوئی تب وہ مستقل یا حیات بقدرت نرہا اور جو ہے تو یہی مختار مخالفت آسمانوں اور زمینوں اور جملہ انتظام عالم کا محرک ہے۔ حالانکہ عالم کا انتظام قائم ہے تو معلوم ہوا کہ اور کوئی دوسرا خدا نہیں صرف ایک ہی خدائے قادر وحدہٗ لاشریک ہے

اگر عاقل مجموعہ مخلوقات میں سے کسی ایک چیز میں بھی غور کرے گا تو فی الفور اسکو توحید محض کا جلوہ دکھائی دیگا۔ چنانچہ اسی بات کو عرب کے کسی شاعر نے اس شعر میں ادا کیا ہے۔ ؎

فی کل شئے لہ شاہدٌ یدل علی انہ واحدٌ

کہ ہر شے میں اس کے لیئے ایک شہادت دینے والا موجود ہے جو شہادت دے رہا ہے کہ وہ واحد ہے +

اور **عارف** کی نگاہ میں تو اس کے سوا اور کوئی دوسرا موجود ہی نہیں اور جو کچھ موجود ہے اسکے وجود اصلی کا پرتو ہے پھر دوسرا خدا ہونا تو درکنار دوسرے کا وجود بھی نہیں ؎

بخدا غیر خدا در دو جہان چیزے نیست بے نشان است کزو نام و نشاں چیزے نیست

قرآن مجید میں ان امور کیطرف بھی جا بجا اشارہ کیا گیا ہے +

اوہام بنی آدم جو بسبب کے خمیر سے پیدا ہوا کرتے ہیں کبھی عالم میں کسی کے تصرفات خیال کر کے اسکو بھی خدائی میں شریک کر لیا کرتے ہیں اور نادیدہ خدا میں مخلوق پر قیاس کر کے صدہا ایسے اوصاف پیدا کر دیتے ہیں جو ان کے خیال میں تو وہ اوصاف کمال ہوتے ہیں لیکن در اصل وہ اس کی ذات مقدسہ کی نسبت سخت سے سخت عیوب ہوتے ہیں۔ یہ وہمی آمیزش ایک ایسی بلا ہے کہ جس سے

toobaa-elibrary.blogspot.com

وہی بچ سکتا ہے جو طریقۂ انبیاء علیہم السلام کا پیرو اور ان کے قدم بقدم چلتا ہے۔ یہ توہمات کا ایسا بحر ذخار ہے کہ جسمیں صدہا کشتیاں غرق ہوگئیں اور کسیکا ایک تختہ بھی اوپر نہ اوبھرا ؎

دریں ورطہ کشتی فرو شد ہزار کہ پیدا نشد تختۂ بر کنار

طوائف بنی آدم نے کبھی تو ارواح بقدر بکثیر شریک الوہیت کر لیا۔ انکی نذر و نیاز پرستش کے طریقے جاری کر لیے اور جب انسے تحقیق کیا گیا تو یہی کہتے ہیں کہ جسطرح دنیا کے بادشاہ اپنے امور سلطنت کارندوں کے سپرد کر دیتے ہیں اور انہیں کے رضامند کرنے سے کام نکلتے ہیں اسیطرح خدا نے بھی امور قضا و قدر ان اشخاص کے سپرد کر دیئے ہیں۔ وہ مواخذہ سختی تندرستی۔ بارش ارزانی فتح و نصرت دفع بلا کرتے ہیں قیامت میں بھی اپنے پرستش کرنے والوں کی شفاعت کرینگے۔ پھر کبھی یہ اختیارات حضرات انبیاء علیہم السلام اور ان کے خاندان کے اور کبھی اولیاء اللہ کے سپرد کرتے ہیں کبھی فرشتوں کے اور انمیں اور خدا میں رشتۂ ابوت بھی قائم کر دیتے ہیں کہ یہ خدا کی بیٹیاں ہیں اور کبھی جنوں کے اور کبھی اپنے مشاہیر کے۔ اور کبھی خیالی اشخاص چڑیل بھوت کے

یہ وبار کچھ عرب ہی میں نہ تھی بلکہ اور ملکوں میں بھی تھی اور ہندوستان میں تو ابتک موجود ہے گو مسلمان بادشاہوں نے بہت کچھ دفع کیا ایسے خیالات پر قرآن میں جا بجا عتاب کر کے کہا گیا ہے ما انزل اللہ بھا من سلطان کہ تمہارے ان خیالات پر کہ خدا نے ان چیزوں کو اختیارات دے رکھے ہیں اور وہ نذر و نیاز کی رشوت میں تمہارے کام کر دیتے ہیں کوئی بھی سند نہیں اتاری اور کبھی فرمایا ہے کہ اسپر کوئی دلیل تو پیش کرو۔ کبھی اپنا جبروت اور قدرت و یکتائی کا اظہار فرما کر ارشاد کیا ہے کہ ہمارے سوا اور کوئی بھی نہ نفع دیسکتا ہے نہ ضرر پہونچا سکتا ہے کبھی یہ فرمایا ہے کہ تمہارے ان معبودوں نے میری مخلوق میں سے کونسی چیز بنائی ہے اور کبھی یہ کہ اگر ہم تمہارے معبودوں کو ہلاک کر ڈالیں تو کوئی ان کو بچا سکتا ہے۔ اور کبھی خدا کو ایک بادشاہ قوی الہیکل فرض کر کے جملہ لوازمہ دربار بشریہ سے

toobaa-elibrary.blogspot.com

ثابت کرتے ہیں کبھی ایک بوڑھا بزرگ سفید ریش نورانی صورت سریر عمامہ گلے میں کرتا باتنگ ننگ بدن پر بصورت مے سانپوں کی مالا گلے میں ڈالے بیل پر سوار ہاتھ میں ترسول لال لال تہرا لودہ آنکھیں نتھنوں سے آتش کے شعلہ نکل رہے ہیں وغیرہ ذلک اشکال میں تصور کرتے ہیں۔ اور کبھی اسکو کسی حسین عورت یا مرد کی صورت میں تصور کرکے اس کے لیے زلف عنبریں اور عارض گلگوں اور دہن دندان خیال کرکے اور اس فرضی خدا کے شوق میں آہ و نالہ کرتے ہیں۔ مگر وہ سبوح و قدوس ان سب وہمی اشکال و اوصاف سے پاک اور مقدس ہے۔ اسلیئے قرآن میں صاف صاف فرمادیا سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُونَ کہ رب العزۃ ان کے اوصاف تراشیدہ سے پاک ہے۔ ایک جگہ فرماتا ہے اَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ کہ اے پیغمبر آپنے انکو بھی دیکھا کہ جنہوں نے اپنی خواہش کو خدا بنا لیا خواہش کی اطاعت کرتے اور خیالی قوالب میں اسکی صورت ڈھالتے ہیں +

ازلیت ابدیت[۱]

وہ ازلی ہے اسکی ابتدا انتہا نہیں اس سے پہلے کوئی چیز نہیں جہانتک زمانہ کی درازی ذہن فرض کرتا چلا جاوے وہ اس سے بھی پہلے سے ہے اور سیطرح اسکی انتہا بھی نہیں کہ اس کے بعد اور کوئی چیز ہو جہاں تک اسطرف زمانہ کی درازی فرض کیجائے وہ اوس کے بھی بعد تک ہے +

واجب الوجود کے لیئے یہ دونوں باتیں لازمی ہیں جسطرح اور صفات میں کوئی اسکے مساوی شریک نہیں سیطرح ان صفات میں بھی کوئی چیز اس کے برابر نہیں۔ حکماء یونان کا فلسفہ جیسا کہ اور صدہا توہمات پر مشتمل ہے اور امور متخیلہ کو حقائق حقہ سمجھ رکھا ہے۔ سیطرح اس مسئلہ میں بھی انپر قوت وہمیہ غالب آگئی کہ وہ عالم اسمانوں اور زمین اور نیرات اور عناصر و بسائط کو قدیم مانتے ہیں انکو بھی ازلی اور ابدی کہتے ہیں۔ انہیں کی تقلید سے اور حکماء بھی ایسا ہی کہتے ہیں اور فرقہ آریہ کا بھی یہی اعتقاد ہے وہ ارواح کو بھی ازلی اور ابدی کہتے ہیں۔

[۱] فلسفہ حال نے تو نیرات و سماوات کی ابدیت و ازلیت کی علمی کو کرکرا کیا اور ثابت کردیا کہ یہ بھی ایک پرانا دقیانوسی خیال ہے کیونکہ آلات سے ثابت کیا ہے کہ نیر سے نیرات بنتے اور بنے ہوئے تغیر پذیر ہوتے ہیں اب کے سال وغیرہ معمولی سورجی اور برف باری ہولی ترآفات رعد سے ڈرکر حکماء حال نے کہا کہ کئی ارب میل کے فاصلہ پر ہیں کیا اس کم بیشی۔ اور جب نیرات میں اس قسم کے تغیرات مشاہد ہیں تو پھر ان کے حادث و فانی ہونے میں کیا شک ہاں یہ ضرور ہے کہ یہ چیزیں دیر پا ضرور ہیں جنکی عمر کا کوئی حساب نہیں پہلے حکماء اور ان کے مقلدین نے ان کے دیرپا ہونے سے ان کو ازلی اور قدیم ہی سمجھ لیا اور وہی مقدمات پر کرکے وہی دلیل بھی پیش کردی۔ ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

ان سب کے نزدیک خدائے قادر کیساتھ اور صدہا چیزیں وجود کی ازلیت وابدیت میں برابر ہیں خدا کو اسبات میں کوئی فوقیت نہیں۔ اس شرک کا کیا ٹھکانا ہے۔ ان کے پاس اس خیال باطل پر کوئی برہان نہیں حکمار یونان نے جو کچھ خیالی دلائل قائم کیئے ہیں علمار کلام نے سب کو توڑ پھوڑ دیا ہے۔ آریہ یہ دلیل پیش کیا کرتے ہیں کہ اگر یہ چیزیں جب سے وہ ہے اسوقت سے اسکے ساتھ نہوں اور جب تک وہ رہے اسوقت تک نہ رہیں تو اسکی خالقیت وحکومت کس چیز پر ہو؟ اسکا **جواب** یہ ہے کہ اول تو یہ ممکن ہے کہ مذکورہ اشیار کے علاوہ اور صدہا چیزیں اس کی اظہار خالقیت وحکومت کے لیے ایسی ہوں کہ جنکو ہم نہیں جانتے اور وہ قادر ایک زمانہ معین تک انکو باقی رکھہ کر مٹا ڈالتا ہو اور پھر اور چیزیں پیدا کرتا ہو اور پھر انکو بھی مٹا ڈالتا ہو اور انکی جگہ اور دوسری پیدا کرتا ہو اسطرح ازل سے ابد تک وہ نئی نئی چیزیں عالم وجود میں لاتا اور مٹا ڈالتا ہے اس صورت میں اسکی خالقیت وحکومیت کا انحصار کرنا اس کے صفات کو بلا دلیل محدود کرنا ہے **دوئم** کسی صفت کا وجود اس کے اظہار پر موقوف نہیں فرض کرو کہ کسیکو کلام کرنے کا ملکہ ہے اور وہ کبھی نہ بولے تو کیا اس کے ملکہ کلام میں کچھہ فرق آسکتا ہے غایۃ الامر وہ شخص کہ جسنے اسکو بولتے نہ سنا ہو وہ اس کے ملکہ تکلم کا مشاہدہ نہونے کے سبب قائل نہوا کرے یہ بھی اسکی بیوقوفی ہے کیونکہ علم ویقین کا مدار کچھہ مشاہدہ پر نہیں **سوئم**۔ جب یہ چیزیں ان کے نزدیک ازلی اور ابدی ہیں تو وہ اس کی مخلوق اور محکوم کسطرح سے ہوسکتی ہیں؟ کس لیئے کہ خالق اور مخلوق میں تقدم وتاخر ضروری ہے جب بوجہ خالق ہونے کے وہ متقدم ہوا اور یہ چیزیں متاخر ہوئیں تو انکی ازلیت کہاں رہی؟ کیونکہ ازلی تو اسکو کہتے ہیں کہ جس کے وجود پر عدم سابق نہو اس تقدیر میں بھی انکا مدعی اظہار خالقیت وحکومت بھی فوت ہوگیا۔ پھر ان اشیار کا ازلی اور ابدی ہونا بغیر اس کے ممکن نہیں کہ انکو واجب الوجود مانا جاوے۔ اور جب

toobaa-elibrary.blogspot.com

یہ اشیاء واجب الوجود ہوئیں تو جسطرح اپنی ذات میں غیر سے مستغنی ہیں اسیطرح اپنی صفات میں بھی مستغنی ہیں جیساکہ واجب الوجود کی شان ہے پھر جو چیز اپنی ذات اور صفات میں مستغنی اور بے نیاز ہے تو اسپر کسیکی حکومت بھی کیونکر ہو سکتی ہے یہ نہ معلوم آریہ عقلاء نے اسمیں کونسی فلاسفی سوچی ہے۔؟

رحمت وغضب

رحمت وغضب یہ دو صفات آپسمیں متضاد ہیں۔ ہر ایک کا اپنے اپنے موقع اور وقت پر ظہور ہوتا ہے۔ اسمیں کوئی شبہ نہیں کہ خالق کو اپنی مخلوق سے بہت کچھ رحمت اور محبت ہے ماں باپ اولاد کے خالق نہیں اسپر انسان سے لیکر درند و پرند وحوش تک میں ایک تعلق خاص سے کسقدر مرحمت و محبت ہے۔ پھر اسکی محبت و مرحمت کا کیا اندازہ ہو سکتا ہے قرآن نے ابہات کو بھی واضح کر دیا ہے۔ اِنَّ رَحْمَتِیْ وَسِعَتْ کُلَّ شَیْءٍ۔ کہ میری رحمت نے ہر شی کو گھیر رکھا ہے۔ ہر چیز اسکی رحمت کے وسیع دائرہ میں ہے۔ پھر خالق ہونے کے سوا وہ مربی اور پرورش کرنے والا بھی ہے اسلئے اسلام کی تمام تعلیم کا خلاصہ یہی دو باتیں ہیں اول تعظیم لامر اللہ۔ خدا کی باتوں کی تعظیم کرنا۔ دوم شفقت بر مخلوق خدا۔ اور اس کی اس رحمت ہی کا تقاضا ہے کہ اس نے کوئی چیز بھی ناقص اور نامکمل پیدا نہیں کی اور پیدا کر کے ہر شے کو اس جملہ اسباب کمال و حاجت عطا فرما دیئے ہیں اَعْطٰی کُلَّ شَیْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰی۔ بالخصوص انسان عزیز ترین مخلوق کی چند روزہ زندگی کے لیئے کیا کیا نعمتیں عطا کیں وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ۔ عالم علوی و سفلی سب کو اس کے کام میں لگا دیا ہے ؎

ابر باد و مہ و خورشید و فلک در کارند تا تو نانے بکف آری بغفلت نخوری
ہمہ از بہر تو سرگشتہ و فرماں بردار شرط انصاف نباشد کہ تو فرماں نبری

اور اسی رحمت کا مقتضے ہے کہ اس نے ایک آنے والی حیات جاودانی حاصل کرنے کے لیئے دنیا میں حضرات انبیاء علیہم السلام بھیجے وَاللّٰهُ یَدْعُوْ اِلٰی دَارِ السَّلَامِ

toobaa-elibrary.blogspot.com

تاکہ اسکے بندوں کو مضرات ومنافع سے مطلع کریں +

مگر اوہ رے انسان تیرے اندر قدرت نے جو کچھ قدرت و اختیار تیری فوائد کے لیئے رکھدیا ہے۔ تو اسکو لذات وشہوات اور اپنے آقا قدیم کی نافرمانی میں صرف کرتا ہے۔ نہ محسن کا شکریہ نہ اسکے وجود کا اقرار نہ اسکے صفات پر ایمان نہ اس کے فرمودہ پر یقین کہ ان زہردار پہلو ان کا یہ برا اثر ہے جسکا نتیجہ تجھی کو بھگتنا پڑے گا۔ پھر اس کے فرستادوں سے مقابلہ۔ ایذا رسانی کی فکریں بجائے اس کے اونک حرام تو نے اپنے ہاتھ کی کھودی ہوئی مورتیں اور وہم وخیال کے گھڑے ہوئے معبود بنائے ارے او بے غیرت تو مالک محسن قدیم کے آگے نہ تو جھکا جھکا تو اپنی جیسی بلکہ اپنے سے بھی کم مرتبہ مخلوق کے آگے جھکا اپنی مصیبتوں میں اوس رحیم وقادر کو تو نہ پکارا جو بغیر پکارے بھی فریادرسی کرتا ہے پکارا تو ان فرضی معبودوں کو جو تیری پکار بھی نہیں سن سکتے اور جو سنیں بھی تو انکو قدرت فریادرسی کی نہیں اور ہو بھی تو تجھپر رحم کھانے کا انکو کیا تعلق +

اب ایسی حالت میں جب انسان زمانے اور گمراہی اور گناہ میں آگے ہی قدم دھرتا چلا جائے تو اس پر **غضب** الہی نہو تو کیا ہو؟ اب غضب کبھی تو دنیا میں ظاہر ہوتا ہے زلزلہ خسف قحط۔ سیلاب۔ ژالہ باری۔ بیماری۔ طاعون۔ تنگدستی۔ غلبۂ اعداء شکست ذلت۔ تدابیر میں ناکامی۔ باہمی نفاق وخود غرضی۔ دشمنوں کے ہاتھ سے قتل و اسیری زوال دولت وحشمت۔ بے برکتی۔ بدامنی۔ بے چینی۔ مرگ اولاد واقارب وغیرہ صورتوں میں مگر واہ واہ انکی رحمت اسپر بھی اگر بندے توبہ و استغفار کریں اپنی بدکاری وشرارت سے باز آئیں۔ مخلوق پر صدقات وخیرات سے مہربانی کرنے لگیں تو وہ اپنا عذاب اوٹھا لیتا ہے قرآن میں اسکی تصریح ہے۔ کبھی آخرت میں ظاہر ہوتا ہے۔ مرنے کے بعد روح کو آتش جہنم تنگ وتاریک قید خانوں کی قید وغیرہ وغیرہ جنکی قرآن واحادیث میں بہت کچھ تصریح وتشریح ہے۔ مگر اب توبہ واستغفار کا وقت نہیں رہا۔ جس بارود میں یہ آگ لگا کر آیا تھا اس میں

toobaa-elibrary.blogspot.com

آپ جلیگا۔ یہاں بھی اگر قوت نظریہ کے جرائم میں گرفتار نہ تھا بلکہ ایمان تھا اعمال کے جرائم تھے کبھی وہ رحیم محدود سزا کے بعد معاف کر دیتا ہے کبھی اپنی رحمت سے بے سزا معاف کر دیتا ہے اور کبھی معافی کے اسباب پیدا کر دیتا ہے۔ زندوں کا اس کے لیئے دعا کرنا اسکی طرف سے صدقات و مبرات کرنا +

اس مقام پر بھی خلاف کرنے والے گروہ غلطی میں پڑ گئے۔ عیسائیوں نے اول تو خدا کو ایسا تنگ حوصلہ اور قہار محض سمجھا کہ آدم کے ایک ذرا سے گناہ کو باوجود توبہ و استغفار اور دنیاوی سزا پر بتانی وغیرہ کے معاف نکرنا تھا نہ کیا اسکا انتقام ناکردہ گناہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے لیا کہ جو آبائی سلسلہ کے لحاظ سے حضرت آدم کی نسل سے بھی نہ تھے بلکہ بالکل اجنبی۔ انکو صلیب پر کھنچوا دیا۔ ان کے رونے اور آہ و زاری پر کچھ بھی رحم نہ آیا اور ایک ناکردہ گناہ کو تین روز جہنم میں رکھا اور لعنتی بنایا۔ پھر اس کے رحم کیطرف آئے تو ایسے آئے کہ اس واقعہ کے بعد سب کو آزادی دیدی۔ حلال و حرام اور توریت کے احکام موکدہ و موبدہ سب سے آزادی بخشدی۔ بلکہ گناہ کرنے کی اجازت بھی عطا کر دی کہ شتر بے مہار ہو کر جو چاہو کرو۔ سب معاف **یہود** اور **ہنود** نے اس کی رحمت کو خاص اپنے ہی لیئے مخصوص کر لیا کیونکہ وہ خدا کے فرزند دلبند اور محبوب ہیں۔ گناہ پر مواخذہ بھی ہوا تو بہت ہی کم۔ برہمن آزاد ہے کوئی شودر خواہ کتنا ہی نیک اور خداپرست بنجائے برہمن کے درجہ کو نہیں پہونچتا برہمن معمولی جرائم کی سزاؤں سے بھی معاف ہے اور اگر سزا بھی ہے تو ایسی ہی جیسا کہ یورپین کو ہندوستانی کے مقابلہ میں ہوا کرتی ہے۔ ان کے خاندانوں سے خدا قول ہار چکا ہے ثروت و شوکت ہے تو انہیں کے لیئے نبوت و فضائل انسانی ہیں تو انہیں کے خاندانوں میں۔ اور تمام بنی آدم ان کے غلام اور وحوش کیطرح ان کے آرام کے لیئے پیدا کیئے گئے ہیں۔ آریہ کے خدا کو کبھی نہ رحم آتا ہے کہ کیسے کرم و گیان کی سزا میں اوسے سور کھلی بھرے کتے کی جون میں نہ جانے دے نہ کسی بدکرم و بدگیان پر قہر

toobaa-elibrary.blogspot.com

کر وہ اپنی طرف سے کوئی سزا دیسکے۔ البتہ مہاراج معزول بادشاہ کی طرح چپکے بیٹھے تماشہ دیکھا کرتے ہیں۔

تکلّم اللہ تعالےٰ اپنے مطلب کو اپنی مخلوق پر ظاہر کرتا ہے۔ حال و ماضی و مستقبل کی خبریں دیتا ہے نیک باتوں کا حکم بُری باتوں سے منع کرتا ہے اور اسکی یہ صفت بھی ازلی ہے ہاں اِس کے تعلقات حادث ہیں۔ جیسا کہ پیدا کرنا اِس کی ایک صفت ازلی ہے مگر زید کا پیدا کرنا عمر کا پیدا کرنا یہ اِس کے افراد و تعلقات حادث ہیں۔ اور اسیکو کلام نفسی[1] کہنا چاہیئے لیکن جسطرح ہمارے دیکھنے سننے اور اِس کے دیکھنے سننے میں زمین و آسمان کا فرق ہے ہم اعضاء جسمانی سے دیکھتے سنتے ہیں وہ اپنے بھی بہتر بغیر اعضاء جسمانی کے دیکھتا سنتا ہے۔ اسیطرح ہمارے کلام کرنے اور اِس کے کلام کرنے میں بھی زمین و آسمان کا فرق ہے۔ ہم بذریعہ آلات جسمانیہ کے مافی الضمیر ادا کرتے ہیں۔ اسلئے اِن کے خصوصیات بھی جداگانہ ہیں ہم زبان سے بولتے ہیں اِس سے آواز کے ساتھ لغات موضوعہ میں مطالب ادا کرتے ہیں اور کبھی مافی الضمیر کو کتاب و حرکات سے بھی بتا دیتے ہیں جیسا کہ تار برقی میں ہوتا ہے اسکا کلام اِن سب باتوں سے پاک ہے۔ وہ کبھی ملائکہ مقربین کے وسیلہ سے عمدہ الفاظ میں مطالب بندہ کو سنوا دیتا ہے کبھی بندے کے دل میں القاء کرواتا ہے اور کبھی خود اِس کے دل میں کلام القاء کرتا ہے۔ روحانی طور پر خوب عمدہ فصاحت و بلاغت کے ساتھ باتیں ہوتی ہیں اِس کے کلام کے خصائص بھی جداگانہ ہیں۔ ہزاروں کوس دور بیٹھے اہل کمال روحانی ایک دوسرے کے بغیر زبان اور بغیر الفاظ و اصوات خوب عمدہ طور سے باتیں کر لیتے ہیں۔ خواب میں ارواح سے کلام کرتے ہیں جہاں نہ یہ زبان کام دیتی ہے نہ اسکے الفاظ و اصوات وہاں اور ہی زبان ہوتی ہے اور ہی طرح کے آواز و حروف پیدا ہوتے ہیں۔ ممکنات غیر انسانیہ بھی بقدر مراتب کلام کرتے ہیں اِن کے کلام کے آلات و اسباب ہی جداگانہ ہیں

[1] صفت قدیم کو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

روحانیات و ملائکہ کے کلام کے دوسرے ہی وسائل اور کیفیات ہیں۔ خدا کے کلام کو بشر کے کلام پر قیاس کر کے بیہودہ اعتراضات کرنا سخت نافہمی ہے۔

إِنَّ اللّٰهَ لَطِيفٌ خَبِيرٌ
کہ بیشک اللہ لطف والا ہے ۱۲ منہ

دنیا میں حضرات انبیاء علیہم السلام کے ذریعے سے جو کچھ بندوں نے فرمایا گیا ہے وہ سب اوسکا کلام ہے جسکو جمع کر لیا گیا ہے۔ اور اِس جمع شدہ کا نام توریت۔ زبور۔ انجیل۔ قرآن صحف انبیا ہے۔ اوس کلام کے لیے حروف و نقوش محافظت کرنے والے بندوں نے ایجاد کر لیے ہیں اور کاغذ و پنر وہی لکھے جاتے ہیں پتھروں پر دلوں پر وہی کندہ کئے جاتے ہیں مگر قرآن کے مطالب و عبارت جو نقوش حروف کے قوالب میں مکتوب ہے سب خدا کا کلام ہے اسمیں ایک حرف بھی کم و بیش نہیں نہ پیغمبر علیہ السلام کیطرف سے ہے۔

لطافت

لطافت خدا تعالے ادہ سے پاک ہے اس کی ذات مادہ اور مادیات اور ہر قسم کے جسم اور جسامت سے بری ہے بلکہ مادہ اور مادیات اور جملہ اجسام خود اِس کے پیدا کیے ہوئے ہیں وہ جملہ خصوصیات جسمانیہ و مادیہ سے بھی پاک ہے اسلیئے وہ **حواس** بشریہ سے محسوس نہیں ہو سکتا۔ نہ آنکھ سے دکھائی دیسکتا ہے نہ کانوں سے سنا جا سکتا ہے نہ زبان سے چکھا جا سکتا ہے نہ ناک سے سونگھا جا سکتا ہے نہ ہاتھوں سے ٹٹولا جا سکتا ہے۔ کسلئے کہ حواس بشریہ مادیات کثیفہ کے سوا جسمانیات لطیفہ کو بھی حس نہیں کر سکتے۔ جیسا کہ مقدمہ کتاب میں مذکور ہوا۔ ہاں روحانی آنکھوں سے بقدر امکان اس کو دیکھ سکتے ہیں اور اسلئے اِس پیکر جسمانی کے بعد جنت میں دیکھیں گے اور اسکو تبلا و بلا موٹا لمبا چوڑا ابھی نہیں کہہ سکتے اور نہ اسکو گورا کالا۔ شیریں تلخ۔ خوشبودار بدبودار کہہ سکتے ہیں کسلئے کہ یہ سب امور خاص جسمانی چیزوں کے لیئے ہوتے ہیں نہ اِس کے لیے کوئی مکان خاص تجویز کر سکتے ہیں کہ وہ آسمانوں پر ہے یا زمین پر ہے یا فلاں جگہ بیٹھا رہتا ہے یا وہ کھاتا پیتا۔ سوتا جاگتا ہے یا وہ بوڑھا جوان یا وہ کسی عورت سے بچے جناتا ہے۔ کیونکہ یہ سب خصائص جسمانیہ ہیں اور وہ جملہ خصائص جسمانیہ سے پاک ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور نیز جملہ سماوات وستارے اسکے آگے ایک ذرہ ہے پھر وہ اس ذرہ میں کیونکر سما سکتا ہے البتہ یوں ہر جگہ اس کا جلوہ اور ہر جگہ حاضر ناظر ہے۔ لیکن اس کے اس ظہور وحضور کو کبھی مقامات مقدسہ واکمنہ رفیعہ کیطرف اسکی عظمت وجبروت کے اظہار کے لیے منسوب کر دیا کرتے ہیں۔ مثلاً آسمانوں پر یا عرش پر خدا ہے۔ یا پانیوں پر اسکا تخت تھا اور وہ پانیوں پر تھا۔ یا مومن کے دل میں خدا ہے۔

یہ سب استعارات ہیں۔ اس کے جہت رفعت وعلو کے لیئے یا اجسام ومخلوق کے احاطہ کے لیئے۔ یا اس کے تقدس کے لیئے۔ مثلاً جب آسمان ماتحت کو اور آسمانوں کو فلک الافلاک محیط ہوا جسکو شرع میں عرش کہتے ہیں۔ تو یہاں تک عالم اجسام تمام ہو چکا وہ قدوس وقادر اس سے بھی بالاتر ہے تو اس معنی سے وہ آسمانوں پر بھی ہوا اور عرش پر بھی ہوا۔ اور عرش عالم اجسام میں سب سے بالاتر اور لطیف تر ہے اس کے قوام کا ذریعہ روحانیات ہیں اس لیے اس کے عرش کے گرد ملائکہ صف بستہ کھڑے ہوئے اور اسکے عرش کو اوٹھائے کہنا درست ہوا۔ اس کے عرش کو رام لیلا کی سنگھاسن اور اسکے اٹھانے والوں کو کہار سمجھنا اور اوسپر خدائے بریں کو برہمنوں کے دوچھوکروں رام ولچھمن کیطرح بٹھا کر بازاروں کی سیر کرانا اور پھر اسپر لالہ جی کا اعتراض کرنا خود لالہ جی کی سمجھ کا قصور ہے +

صمدیت بے نیازی استغنا۔ وہ پاک ذات کسی بات میں بھی کسیکا محتاج نہیں نہ اپنی حیات میں نہ اپنی ذات میں نہ اپنی صفات میں۔ تمام مخلوق نکو کار وابرار ہو جائے اور راتدن اس کی تسبیح وتقدیس کرنے لگے تو اسکو کچھ بھی نفع نہیں نہ اوسکا کوئی کام اٹکا ہوا درست ہوگا۔ اور اگر تمام مخلوق بدکار ہو جائے فسق وفجور کرنے لگے شریعت کے تمام احکام چھوڑ بیٹھے بت پرستی کرنے لگے تو اسکا کچھ بھی نقصان نہیں۔ نہ اس کی سلطنت میں ذرہ برابر فرق آئے گا۔ غنا کے معنی بھی اسکی

toobaa-elibrary.blogspot.com

قریب قریب ہیں عالم کے جملہ انتظام اور اسکے پیدا کرنے اور فنا کرنے اور پرورش کرنے میں بھی اسکو کسی کی احتیاج نہیں۔ سطح خدا کو نہ کیسے روپیہ کی ضرورت ہے نہ کسی کے کپڑے کی نہ کسی جانور کے گوشت اور خون کی بلکہ وللہ خزائن السماوات والارض کہ آسمانوں اور زمین کے خزانے سب اسی کے لیئے ہیں اِنَّ اللّٰہَ لَغَنِیٌّ عَنِ الْعٰلَمِیْنَ وہ تمام عالم سے بے نیاز ہے گرچہ وہ اپنی مخلوق کی آپ حاجت براری کرتا ہے۔ مگر جسکو خدا نے دولت و نعمت عطا فرمائی ہو تو اسپر اسکا شکریہ بھی لازم ہے۔ کم از کم خدا کی مخلوق کے ساتھ سلوک تو کرے یہی ہے وہ اعلیٰ عبادت جو خدا کی رضامندی کا باعث ہے۔ اور جسکا اسنے حکم موکد دیا ہے۔ کبھی بندکو طعنہ بھی دلایا ہے کہ جو کچھ تو نیک کاموں میں صرف کرے گا وہ ضائع نہ جائے گا ہم اسکا اجر دینا و آخرت میں ضرور دیں گے پھر اس مضمون کو کبھی یوں تعبیر کیا ہے کہ وہ سب تمہارا دیا ہمارے پاس جمع ہے۔ تمکو ملے گا۔ کبھی یوں کہ کوئی فقیر محتاج کیا دیتا ہے گویا ہمیں دیتا ہے کیونکہ ہماری خوشنودی میں صرف کرتا ہے۔ کبھی یہ بھی فرمایا ہے کہ ان کاموں میں صرف کرنا ہمکو قرض دینا ہے کون ہے جو ہمکو قرض حسنہ دے کہ ہم اسکو اصل اور نفع دیں ؛

یہ باتیں کچھ ایسی باریک تو ہیں نہیں کہ کوئی نہ سمجھتا ہو مگر بعض دشمنان اسلام نے اپنی انصاف پسند طبیعت کا یہ جوہر دکھایا کہ اسپر مضحکہ اڑایا کہ اسلامی خدا محتاج ہے بندوں سے قرض مانگتا ہے اور کوئی ایسی ضرورت پیش آئی ہے کہ دو گے تگنے دینے کا وعدہ کرتا ہے سبحان اللہ ہزار افسوس ہیں ہمت مردانہ اور یہ خیال کر لینا کہ جو کچھ ہم اسکے لئے دیتے ہیں خدا اپنے کام میں لاتا ہے۔ یا ہمارے نذرانہ پر وہ ہمارا کام کر دیا کرتا ہے غلط خیال ہے۔ توہمات انسانیہ یہاں تک بڑھے کہ اختیارات خدائی اس کی مخلوق کو تقسیم کرنے شروع کر دیئے۔ یہاں تک کہ اس قادر کو ایک معزول بادشاہ سمجھنے لگے اور تمام نذرانے ان غرضی مختاروں کو پہونچنے لگے۔ پھر اس سے بھی نیچے گرے تو ماتہ کی تراشی ہوئی

لَنْ یَّنَالَ اللّٰہَ لُحُوْمُھَا وَلَا دِمَاؤُھَا وَلٰکِنْ یَّنَالُہُ التَّقْوٰی مِنْکُمْ خدا کے پاس نہ تمہاری قربانیوں کے گوشت پہونچتے ہیں نہ ان کے خون البتہ تمہاری پرہیزگاری اور خدا ترسی وہیں کے پاس پہونچتی ہے اسکو قربانیوں کے خون اور گوشت کی کوئی حاجت نہیں۔ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تنذروا فان النذر لا یغنی من القدر شیأ وانما یستخرج بہ من البخیل یتقی علیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نذریں نہ مانا کرو کیونکہ نذر تمہاری تقدیر میں کچھ تغیر پیدا نہیں کرسکتی ہاں نذر سے بخیل کا کچھ مال نکلوا دینا ہو تو ہو کر رہیگا تم کو اگر نذر ادا کرنا ہو تو صرف نذر کے ذریعہ سے نہیں بلکہ اللہ کی خوشنودی کے لیئے ترک

toobaa-elibrary.blogspot.com

مورتوں پر نذرانے چڑھنے لگے بتوں کو کھانا کھلایا کپڑے پہنائے جاتے ہیں وہ گہری نیند سو جاتے ہیں تو زور زور سے گھنٹیاں بجا کر جگایا جاتا ہے انکو قوالوں کا راگ سنایا۔ اور انکی خوشنودی کے لیئے بجایا جاتا ہے۔ ہندوستان کے بتخانوں کو کوئی آکر دیکھ لے۔ شرک اور بت پرستی کے ایسے ہی اسباب واقع ہوئے ہیں +

تقدس سب آلایش امکان وحدوث وما دیت وجسمیت وزمانیت ومکانیت سے وہ پاک ہے۔ زوال وفنا بھی اسپر طاری نہیں ہوتا۔ نہ عجز وقصر وبیماری نداست وغیرہ +

تقدس

عدالت وہ عادل ہے کسی پر کچھ بھی ظلم نہیں کرتا۔ بندہ پر دنیا یا آخرت میں کوئی دکھ اور مصیبت پیش آتی ہے تو فیما کسبت ایدیکم بندہ کے اعمال بد سے پیش آتی ہے وہ جرم سے زیادہ سزا نہیں دیتا نہ کسیکا جرم کسی اور پر ڈالتا ہے۔ ولا تزر وازرۃ وزر اخری نہ باپ کے جرم میں اولاد کو گرفتار کرتا ہے نہ اولاد کے جرم میں باپ کو اسمقام پر بھی دہم کی آمیزش سے کہ قومیں محفوظ رہی ہیں عیسائی ہندو۔ آریہ خود اپنے سائل غور کریں۔ اسی طرح وہ نیکی کی جزا بھی پوری پوری دیتا ہے۔ بندہ کبھی نیکی کر کے سخت تر برائی کرتا ہے اس برائی کے اثر قوی سے وہ نیکی کا ثمرہ ضعیف بھی مٹ جاتا ہے۔ یہ خدا کا ظلم نہیں بلکہ خود بندہ کا اپنے اوپر ظلم ہے اس اثر مٹ جانے کو شریعت نے حبط اعمال سے تعبیر کیا ہے۔

عدالت

وہ غفور ورحیم۔ جواد وکریم۔ بھی ہے اپنے فضل وکرم سے کبھی کم سزا دیتا ہے کبھی سزا ہی نہیں دیتا۔ درگزر کر جاتا ہے ویعفوا عن کثیر اور تھوڑے سے کام کا بہت سا بدلہ بھی چاہتا ہے تو دیدیتا ہے۔ اور کیسکو اپنی عنایت ازلیہ سے بغیر عمل کے بھی بہت کچھ عطا کر دیتا ہے یہ کوئی ظلم اور خلاف عدل نہیں۔ اپنی مرضی کی بات ہے جس کو جو چاہا انعام دیا جسکو چاہا کم دیا۔ اسمیں نعمائے دنیا اور توفیق سعادت اور استعداد ترقی کمالات

toobaa-elibrary.blogspot.com

دنیا و آخرت سب آگئے۔ بنی آدم میں تفاوت کا یہی باعث ہے۔ اسکو اگلے جنم کے کرم کا پھل کہنا محض غلط خیالی ہے جسپر کوئی بھی دلیل عقلی اور نقلی نہیں۔ علاوہ اس کے اس صورت میں کوئی بھی خدا کا ممنون منت و مرہون احسان نہیں ہوگا۔ پھر اس کی دیا کرپا۔ کا کیا اثر اور کہاں ہوگا؟ کیونکہ جو کچھ کسیکے پاس نعمت ہے وہ تو بقول ہنود اس کے کرم کا پھل ہے۔ اول تو ایشور ہی ایسا کمزور اور کم قدرت فرض کیا تھا کہ ارواح۔ مادہ کچھ بھی اسنے نہ بنایا تھا۔ نہ اسکا سلسلہ انتظام عالم میں کچھ دخل و اختیار تھا۔ اب کرپا۔ اور دیا سے بھی عاری کر دیا ہر ایک عاقل با انصاف کہہ سکتا ہے کہ یہ ضرور قوت نظریہ کا قصور ہے خدا شناسی میں وہم نے اغلاط پیدا کر دیئے اور اس ورطہ ظلمات میں اپنے چند تراشیدہ اصول کی پابندی سے پڑ گئے۔ آجتک ایک بھی ایسی دلیل کوئی نہیں لاسکا کہ جس سے معلوم ہو جائے کہ وہ اگلے جنم میں کون تھا کہاں پیدا ہوا تھا کس شہر میں کس کے گھر اور اس نے کیا کیا کرم کیے تھے اور کب اور کس بیماری میں کہاں مرا تھا۔؟ اور ان کے اعزہ و اقارب میں سے جو مر گئے ہیں اب وہ اس دنیا میں کس جنم میں آئے ہیں اور کہاں ہیں اور کس حال میں ہیں؟ برہمن ایسے واقعات بتانے میں کوئی تسلی بخش جواب نہیں دے سکتے یوں جاہلوں کے بہکانے کے لیئے بہت سی تدبیریں کیا کرتے ہیں جو راز کھل جانے پر شرمندہ ہوتے ہیں۔

نوٹ ص ۹۰ ۱؎ ظلم صرف عمل خیر کا نیک بدلہ نہ دینا۔ باشر کے بدلہ میں عمل سے زیادہ سزا دینا ہے بعض اعمال جو قوت نظریہ یعنی اعتقاد سے متعلق ہیں وہ انسان سے اگر وہ توبہ نہ کرے تو کبھی جدا نہیں ہوتے۔ یہاں تک کہ عقائد فاسدہ کا شخص ابد الاباد تک میں مبتلا رہے تو انہیں پر جا رہے اسلیئے ایسے اعمال کی سزا بھی دائمی ہے شریعت محمدیہ نے اسیلئے فیصلہ کر دیا ہے کہ کفر و شرک کی سزا دائمی جہنم ہے اور یہ جرم علمی جرائم سے اشد ہے کسلئے کہ عمل پر بھی اعتقاد اور علم ہی محرک ہوتا ہے۔ یہ بھی خدائے عادل کا کوئی ظلم نہیں کہ ونی خویش آمدنی پیش آمد منہ

۲؎ فضل و کرم۔ ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

خالق

وہ خالق بھی ہے

عالم وجود میں جو کچھ موجود ہے یا موجود تھا یا آئندہ ہوگا خواہ اعراض ہوں۔ یا جواہر سب کا وہی خالق ہے۔ ملائکہ ارواح مادہ علویات۔ سفلیات موالید ثلثہ بالخصوص انسان اور اس کے اعمال بھی اسی کے پیدا کیئے ہوئے ہیں اسنے عمدہ پھولوں میں خوشبو اور بُروں میں بدبو پیدا کی ہے۔ اسنے سانپ کے منہ میں زہر اور بعض دیگر مخلوق کے مونہہ میں تریاق رکھا ہے۔ آگ میں حرارت آفتاب میں نور اسنے پیدا کیا ہے۔ یہ کہنا کہ معدوم سے کوئی چیز موجود نہیں ہوسکتی ہاں مادہ میں تصرف کرکے نئی نئی صورتیں بنا سکتے اور بنی ہوئیوں کو بگاڑ سکتے ہیں۔ خدا بھی اس سے زیادہ اور کچھ نہیں کرتا۔ ایک بڑا لغو خیال ہے۔ کیلئے کہ جب واجب الوجود وہی ایک قادر ذوالجلال ٹھہرا تو جسکو جو کچھ وجود کا حصہ ملا ہوگا اسکی طرف سے ہوگا یہی معدوم سے موجود کرنا ہے۔ اب یا تو عالم میں کوئی چیز موجود نہ مانی جائے حالانکہ یہ سراسر غلط ہے یا موجود مانی جائے تو یہ کہنا پڑے گا کہ اسکو وجود اسکیطرف سے عطا ہوا ہے تب یہ شے حادث بھی ماننی پڑے گی اور معدوم سے موجود بھی تسلیم کرنی پڑے گی۔ مخلوق کو جو اس نے موجود کیا تو اس کے یہ معنی نہیں کہ اس کے وجود میں سے اجزا منفصل ہوکر مخلوق بنی ہے جیسا کہ ہنود کا خیال ہے کہ فلاں شے خدا کے مونہہ سے فلاں بازوؤں سے فلاں پاؤں سے بنی جس کے سبب وہ اقوام میں تفاضل ثابت کیا کرتے ہیں اور یہ مضمون وید میں ہے۔ کیونکہ اس سے اسکی تجزی لازم آتی ہے۔ جو اسکی ذات مقدسہ کے لیئے سخت عیب ہے +

اور نہ یہ بات ہے کہ وہ ہر ہر شے میں حلول کیئے ہوئے ہے نہ یہ کہ ہر شے وہی ہے اور اس کلی نے تعینات و تشخصات اختیار کرکے ظہور کیا ہے۔ کیلئے کہ خالق و مخلوق میں عقلاً و نقلاً تغائر ذاتی ہے وہ قدیم مخلوق حادث ہے وہ خالق مخلوق مخلوق ہے اور اس صورت میں دونوں متحد ہوجاتے ہیں۔ اور جو شیونات و تعینات کے سبب

toobaa-elibrary.blogspot.com

تغائر بتلایا جاتا ہے اور تمثیل میں حباب اور دریا یا موم اور اسکی مختلف اشکال پیش کی جاتی ہیں وہ کافی نہیں کیلئے کہ اعیان خارجہ جسمیں کلام ہو رہا ہے اسکی حقیقت اگر وہی خدا ہے تو وہی اتحاد لازم آگیا اور یہ تعینات کچھ بھی موجب امتیاز نہیں ہو سکتے کس لیئے کہ یہ معدومات ہیں یا موجودات اگر موجودات ہیں تو وہی وجود مابہ الاشتراک ہے مابہ الامتیاز کچھ بھی نرہا۔ اور خدا اور اسکی مخلوق میں مابہ الامتیاز باقی نرہتا تمام شرائع سابقہ اور قرآن مجید اور آنحضرت صلعم کے اقوال اور جزا و سزا دوزخ و جنت سب کا درپردہ انکار ہے۔ چھٹی صدی ہجری سے بیشتر بڑے بڑے اولیاء اہل اسلام میں گزرے ہیں۔ حضرت سید عبدالقادر جیلانی۔ جنید شبلی۔ بایزید بسطامی۔ حسن بصری۔ صحابہ۔ واہل بیت کوئی بھی اسکا قائل نہ تھا ہاں یہ دوسری بات ہے کہ جسطرح کھینچ تان کر بذریعہ تاویلات نصوص قرآنیہ یہ **وحدت الوجود** ثابت کیا جاتا ہے اسیطرح ان بزرگوں کے اقوال سے ثابت کیا جائے تو کون مشکل بات ہے۔ یہی مسئلہ ہنود میں بھی آج سے نہیں کئی ہزار برس سے مروج ہے ایسے لوگوں کو **ویدانتی** کہتے ہیں۔ بیاس جی کا ویدانت شاستر جو زردشت پارسی سے تعلیم پاکر تصنیف کیا ہے اسی مسئلہ کی توضیح و ثبوت میں ہے۔ البتہ اس کے الفاظ سنسکرت زبان کے ہیں جنکو ہمارے موجودہ صوفیہ کرام نہیں سمجھتے۔ اسلام میں اس مسئلہ کے بانی حضرت شیخ **محی الدین ابن العربی** قدس سرہ ہیں۔ اسمیں کچھ بھی شبہ نہیں کہ حضرت شیخ صاحب مکاشفات و مقامات علیہ تھے ان پر مخلوق و وجود ظلی کی حقیقت منکشف ہو جانے کے بعد انکو وہی موجود اور مطلق۔ ان پر دو نہیں دکھائی دیا ہو۔ جو کچھ انکا حال اور ذوق تھا درست ہوگا مگر وجدانیات و کیفیات باطنیہ کے بیان کرنے میں یہی الفاظ و عبارت استعمال کئے گئے جو ان معانی کو پوری طرح ادا نہیں کر سکتے۔ اسی لیے حضرت شیخ نے بھی عوام کو منع کر دیا تھا کہ میری کتابیں نہ دیکھا کریں۔ اسپر بھی اسی عہد میں اس مسئلہ پر ایک شورش پیدا ہو گئی۔ اور حضرت علاء الدولہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

سنسنانی قدس سرہ جیسے جلیل القدر شیخ الطریقہ مقابلہ پر اٹھ کھڑے ہوئے اور اس مسئلہ کو زندقہ و الحاد کہے بغیر نہ رہ سکے شیخ ابن العربی کی جماعت نے بھی جواب دینے میں کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھا خیر جو کچھ ہو مگر اتنی بات حضرت شیخ اکبر کی نسبت ہم کسیطرح سے منسوب نہیں کر سکتے کہ وہ خالق و مخلوق میں امتیاز نہ رکھتے تھے یا ان اعیان خارجہ کو عین خدا بتلاتے تھے۔ حاشاہ ثم حاشاہ +

مگر افسوس تو بعد کے طرفداروں پر ہے کہ جنہوں نے اس سر مکتوم کو اپنی نظموں میں نہایت بری طرح سے ادا کیا اور ہندوی وحدت الوجود کے رنگ میں رنگا اور پھر اسی خیال کو طریقت و حقیقت سمجھا انہیں نظموں پر جبکہ تال و سر سے گائیں جائیں وجد کرنا ناچنا کودنا کلمات خلاف قرآن و احادیث موہنہ سے بکمال ذوق ہے۔ خواہ شیخ اکبر ہوں یا شیخ اصغر کسیکا عرفان و کشف حضرت رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے خدام کے برابر بھی نہیں۔ آپ سرگروہ عارفین ہیں جسقدر جسکا کشف و عرفان آپکے برخلاف ہے اسیقدر اسمیں نقص ہے۔

فصل (۳)

(وہ عالم کا موجد و محدث ہے)

اس کے سوا جو کچھ ہے وہ عالم ہے بروزن قالب۔ ما یعلم بہ الشئی عالم کو اسی لیئے عالم کہتے ہیں کہ اس سے اسکے صانع اور محدث کا علم حاصل ہو جاتا ہے وہ اپنے خالق کے جمال کا مصفا آئینہ ہے بشرطیکہ آنکھ بھی دیکھنے والی ہو۔ خدا نے انسان کی فطرت میں بینائی پیدا کی ہے کہ وہ اس آئینہ سے اپنے خدا کو دیکھ سکے۔ مگر انسان کے لذات و شہوات حیات پر فریفتگی۔ اسکی کوری ہے اسلیئے خدا کا انکار اگر کیا ہے تو انہیں لوگوں نے کیا ہے نہ اہل بصیرت نے +

عالم۔ کے بہت سے اقسام ہیں عالم محسوسات عالم معقولات۔ پھر عالم محسوسات کہ جسکو

وہ عالم کا موجد و محدث ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

عالم ناسوت کہتے ہیں بہت سے اقسام ہیں علویات۔ آسمان۔ ستارے عالم سفلیات۔ عناصر۔ بسائط۔ جمادات نباتات۔ حیوانات۔ انسان جو ان سب کا عنصر ہے اور بجائے خود ایک دوسرا عالم ہے جسکو عالم صغیر کہتے ہیں۔ اسلیئے خدا نے ہر ایک کے حالات و تغیرات سے اپنے وجود و کمال قدرت پر استدلال کیا ہے جیسا کہ آپ کو معلوم ہوا۔ پھر عالم معقولات کے بھی بہت سے اقسام ہیں۔ عالم لاہوت۔ عالم جبروت۔ ذات و صفات کا عالم عالم ملکوت میں ملائکہ۔ ارواح۔ اور بہت سی چیزیں ہیں۔

تکوین عالم

تکوین عالم

جیسا کہ الہام انبیاء علیہم السلام سے ثابت ہوا یوں ہوئی ہے کہ وجود باری تعالےٰ کو ایک قسم کی تجلی ہوئی ذات بحت میں صفات کا تعین و ظہور ہوا۔ پھر بحر وجود نے تموج کیا تو غیر مادی اشیاء کا ظہور ہوا اسلیئے کہ وہ بھی غیر مادی اور لطیف ہے ان اشیاء کو اس سے زیادہ تر مناسبت ہے۔ اسلیئے یہ اشیاء جو اول مظہر ہیں اپنے وجود اور صفات میں بھی دیگر اشیاء سے فائق و اکمل ہیں۔ جیسا کہ ملائکہ و ارواح۔ پھر اس کے بعد اور بھی انبساط ہوا تو ان اشیاء کے واسطہ سے عالم حسی کا ظہور ہوا۔ گویا وہ موجودات بجرد سے تنزل کرتے کرتے مادیت و جسمانیت کے مرد ترمرتبہ میں آ گئیں اور عالم اجسام ظہور پذیر ہوا۔ یہ عالم ناسوت بحر وجود کی موج کا آخری اور انتہائی مرتبہ ہے۔ اسکے بعد وہ موج وجود پھر سمٹتی ہوئی اور ہر ہی جاتی ہے اس عالم کی اشیاء کثافت کا جامہ اتار کر پھر اوسی عالم ملکوت کیطرف پھر جاتی ہیں۔ کُلُّ اِلَیْنَا رٰجِعُوْنَ ہ آدمی مر کر فنا نہیں ہو جاتا جیسا کہ پانی اجزات بنکر اڑ جانے سے نیست نہیں ہو جاتا۔ کل شیٔ عِنْدَہٗ بِمِقْدَارٍ اس تمام بیان کی تصدیق یہ آیت کر رہی ہے۔ قُلِ اللّٰہُ خَالِقُ کُلِّ شَیْءٍ وَّھُوَ الْوَاحِدُ الْقَھَّارُ ہ سورہ رعد۔ کہ اے نبی کہدے ہر شے کا خالق وہ اللہ واحد و قہار ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

عالمِ جسمانی

عالم جسمانی

کی تکوین اجمالاً قرآن نے یوں بیان فرمائی ہے اَللّٰہُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَیْنَھُمَا فِیْ سِتَّۃِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ ط۔ السجدہ۔ کہ اللہ تو وہی ہے کہ جسنے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان کے اندر ہے سب کو چھہ روز میں بنایا پھر تخت حکومت پر جلوہ گر ہوا۔ قُلْ اَئِنَّکُمْ لَتَکْفُرُوْنَ بِالَّذِیْ خَلَقَ الْاَرْضَ فِیْ یَوْمَیْنِ وَتَجْعَلُوْنَ لَہٗ اَنْدَادًا ط ذٰلِکَ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ وَجَعَلَ فِیْھَا رَوَاسِیَ مِنْ فَوْقِھَا وَبٰرَکَ فِیْھَا وَقَدَّرَ فِیْھَا اَقْوَاتَھَا فِیْ اَرْبَعَۃِ اَیَّامٍ ہ سَوَآءً لِّلسَّآئِلِیْنَ ۝ ثُمَّ اسْتَوٰٓی اِلَی السَّمَآءِ وَھِیَ دُخَانٌ فَقَالَ لَھَا وَلِلْاَرْضِ ائْتِیَا طَوْعًا اَوْ کَرْھًا قَالَتَآ اَتَیْنَا طَآئِعِیْنَ ۝ فَقَضٰھُنَّ سَبْعَ سَمٰوَاتٍ فِیْ یَوْمَیْنِ وَاَوْحٰی فِیْ کُلِّ سَمَآءٍ اَمْرَھَا ط وَزَیَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْیَا بِمَصَابِیْحَ وَحِفْظًا ط ذٰلِکَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ۝ حم سجدہ۔ رکوع ۲۔ اسنے پوچھو کیا تم اوس قادر مطلق کی خدائی سے انکار کرتے ہو کہ جسنے زمین کو دو دن میں بنا دیا۔ تم اس کے لئے شریک ٹھہراتے ہو وہ تمام جہانوں کا رب ہے۔ اور اسنے زمین کے اوپر بھاری بوجھ رکھدے (پہاڑ بنائے) اور اسمیں برکت رکھی اور اس کے پیداوار کا سائلوں کے لیے برابر کرنے کو چار دنمیں اندازہ بھی کر دیا۔ (دو روز اس کی پیدائش کے اور دو روز اس میں ان چیزوں کے بنانے کے اسلیئے سب چار روز ہوئے) پھر وہ آسمان کیطرف متوجہ ہوا اور وہ اسوقت بخارات تھے تب اسکو اور زمین کو حکم دیا کہ دونو چلے آؤ۔ (یعنے بخاؤ خوشی سے یا زبردستی سے ان دونوں نے عرض کیا کہ بخوشی خاطر حاضر ہیں۔ تب ان ابخارات کو دو روز میں سات آسمان بنا دیا۔ اور انتظام کا ہر آسمان میں حکم دیدیا۔ اور نیچے کے آسمان کو تند ہیلوں سے بچایا اور ان کی حفاظت بھی کی

toobaa-elibrary.blogspot.com

یہہ ہی اندازہ زبردست خبردار کا ءَنتُمْ أَشَدُّ خَلْقًا أَمِ السَّمَاءُ بَنَاهَا رَفَعَ سَمْكَهَا فَسَوَّاهَا وَأَغْطَشَ لَيْلَهَا وَأَخْرَجَ ضُحَاهَا وَالْأَرْضَ بَعْدَ ذَٰلِكَ دَحَاهَا أَخْرَجَ مِنْهَا مَاءَهَا وَمَرْعَاهَا وَالْجِبَالَ أَرْسَاهَا نازعات۔ کیا تمہارا بنانا سخت ہے (مرنے کے بعد) یا آسمانوں کا جسنے اسکی چھت بلندی پر اسکو ہموار کر دیا۔ اور اسکی رات سیاہ بنائی اور اس کی دھوپ نکالی اور اس کے بعد زمین کو ٹھیک کیا اسمیں سے اسکا پانی اور چارا نکالا اور پہاڑوں کو اسکا بوجھ بنایا۔

حضرت رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کان اللہ ولم یکن شئی قبلہ وکان عرشہ علی الماء ثم خلق السماوات والارض رواہ البخاری۔ کہ اللہ ہی تھا اس سے پہلے کوئی نہ تھا اور اسکا تخت پانی پر تھا۔ پھر اسنے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا۔ زہری کہتے ہیں کہ میں نے آنحضرت صلعم سے پوچھا کہ مخلوق کے پیدا کرنے سے پہلے اللہ کہاں تھا فرمایا فی عماء اسکے ہوا رو ما فوقہ ہوا رو خلق عرشہ علی الماء رواہ الترمذی۔ کہ غیب میں تھا اس کے اوپر بھی عدم اور نیچے بھی عدم تھا یعنے کچھ نہ تھا اور اپنا تخت پانی پر بنایا۔ آپنے فرمایا ہے کہ اگر کہ یعنی تم اپنا کیطرف رسی لٹکاؤ گے تو وہ آخر خدا ہی تک پہونچے گی یعنے موجودات حسیہ کے باہر خدا ہی خدا ہی اگر کسی رسی وغیرہ سے موجودات حسیہ کو ناپا جائے تو آخر کار خدا ہی کیطرف منتہی ہو گا۔ پھر آپنے یہ آیت پڑھی ہو الاول والاخر والظاہر والباطن وہو بکل شی علیم کہ اول بھی وہی ہے آخر بھی وہی ہے ظاہر بھی وہی ہے باطن بھی وہی ہے اور وہ ہر چیز جانتا ہے۔ اس حدیث کو امام احمد اور ترمذی نے روایت کیا ہے +

ان تمام آیات و احادیث کے ملانے سے وہی مطلب پیدا ہوتا ہے کہ جس کو حال کے حکماء نے دوربینوں اور فلسفی دلائل سے ثابت کیا ہے وہ یہ ہے کہ عالم ناسوت میں سب سے اول خدا نے ایتھر یعنے مادہ پیدا کیا جو من و بہ لطیف بھی ہے وہ کیا ہے ؟ اجزاء ایتھر یہ غیر متجزی۔ اور اسیکو دھوئیں اور بخارات سے تعبیر کیا جاتا ہے تمام فضاء

toobaa-elibrary.blogspot.com

غیر محدود میں وہی بھرا ہوا تھا۔ پھر اس کے دو حصہ ہو گئے فوقانی و تحتانی۔ تحتانی حصہ کچھ تو منجمد ہو گیا جس سے زمین بنی اور بہت کچھ مستحیل ہو کر پانی یعنے سمندر بنگیا۔ اب پانی میں ایک جنبش اور تموج تھا کچھ تو اس کے ابخرات مرتفعہ کا اور کچھ اسی ایتھر کا ایک دھواں ہی دھواں تھا تب خدائے قادر نے اسی مادہ سے تلے اور پرسات آسمان بنا دیئے اور باقی مادہ کا ایک بڑا حصہ جسمیں گیلیس بھی پیدا ہو گیا تھا سمٹ کر آفتاب اور باقی کی چاند اور سیارے اور بے تعداد ستارے بن گئے اور ہر ایک آسمان اور نیرات و نجوم میں قوت و کشش اور ان کے اندر ایک مدار خاص پر خاص حرکت کرنے کا انتظام کر دیا۔ اور چونکہ اوس ایتھر کی طبیعت متساوی تھی اس لیئے ان جملہ اجسام کی شکلیں بھی کروی بنائی گئیں جو ہر سمت سے مساوی ہوتی ہیں۔ مگر ابھی زمین پر اندھیرا تھا بسبب ابخرات متکاثفہ کے آفتاب کی شعاعیں صاف نہ پڑتی تھیں ان ابخرات میں سے پانی برسنا شروع ہوا جن سے کٹ کٹ کر زمین کے اونچے نیچے قطعات ہو گئے اور مرتفع حصوں میں بھی دھاریں پڑ گئیں مختلف اشکال کے بلند بلند ٹیلے ہو گئے۔ اب شعاعیں بھی صاف ہو گئیں جن کے سبب وہ قطعات صلب و سخت ہو کر پہاڑ ہو گئے اور پہاڑوں سے چشمہ نکلنے شروع ہوئے جسلئے زمین میں بھی ایک ثقل طبعی پیدا ہو گیا اور ادھر ادھر لڑھکنے سے باز رہی اور ندی نالوں چشموں کے سبب نباتات بھی پیدا ہوئے بمقدار عرصۂ دو روز کے اول زمین کو پیدا کیا تھا اور اسوقت تخت حکومت پانی ہی پر تھا وہی ہر طرف محیط ہو رہا تھا اور وہ خدا کے بس میں تھا اور اسپر تخت حکومت ہونے کے یہی معنی ہیں تکوین چھ روز کے اندر ہوئی ہے +

پھر زمین پر اول نباتات گوناں گوں اگہائے اور وہ نئی نئی صورتیں پلٹتی رہیں۔ اور کچھ میت اور کچھ نئی پیدا ہوتی گئیں۔ زمین میں قابلیت پیدا ہو جانے کے بعد حیوانات کی پیدائش شروع ہوئی اور ان کی جنس بھی ترقی کرتی گئی۔ اور آخر حضرت انسان کو پیدا کیا

toobaa-elibrary.blogspot.com

(یہ بحث) کہ آسمانوں کا وجود ہی نہیں اور جسکو نیلی رنگت کا آسمان بتایا جاتا ہے وہ دراصل فضاء ہے جو اجزاء ارضیہ سے پر ہے اور زیرات کی سفیدی اور اصلی ظلمت سے مرکب ہوکر نیلگوں دکھائی دیتے ہیں محض بے دلیل و بے سند بحث ہے۔ اول تو اس لیے کہ اگر ہم یہ بھی تسلیم کرلیں کہ یہ نیلگوں رنگت آسمانوں کی نہیں ہے تب بھی آسمانوں کے وجود کی نفی نہیں ثابت ہوتی کیونکہ ممکن ہے کہ آسمان لطافت مادہ کے سبب نظر نہیں آتے ہوں۔ دوئم اسپر بھی کوئی دلیل نہیں کہ یہ نیلگوں رنگت آسمانوں کی نہیں یہ بھی ایک قیاسی بات ہے۔ جیساکہ اور صدہا باتیں اہل سائنس نے محض قیاسات سے پیدا کر رکھی ہیں۔ اور اسلیئے ایک عرصہ کے بعد ان کی غلطی ظاہر ہوتی جاتی ہے +

حکماء قدیم نے یہ ثابت کیا ہے کہ آسمان سلسلے اوپر محیط ہیں اور وہ آپسمیں ملے ہوئے ہیں اور ان کی تعداد سیارات کے سبب معلوم ہوئی ہے۔ وغیر ذلک +

ہمیں اس تعداد میں بحث نہیں نہ ان کے محیط ہونے میں ہاں یہ محل بحث ہے کہ سیارات انہیں میں جڑے ہوئے ہیں اور ایک آسمان دراصل کئی آسمان ہیں انہیں سے ایک کی حرکت کیساتھ کہ جسکو تدویر کہتے ہیں سیارات حرکت کرتے ہیں اور نیز یہ کہ وہ باہم ملے ہوئے ہیں کلام ہے فلسفۂ جدیدہ کے مسائل اسموقع پر قرین قیاس ہیں۔

حکماء قدیم یہ بھی کہتے ہیں کہ آسمانوں کے نیچے کرۂ نار ہے اس کے نیچے کرۂ ہوا ہے اس کے نیچے کرۂ آب ہے اس کے نیچے کرۂ زمین ہے۔ صرف آسمان حرکت کرتے ہیں انہیں کی حرکات سے راتدن پیدا ہوتے انہیں کی حرکات سے سیارات کو حرکت ہے زمین ساکن ہے +

اس سے اسلام کو نہ اتفاق ہے نہ خلاف ہے نہ بالصراحت یہ مسائل قرآن میں بیان کیے گئے ہیں نہ قرآن کا منصب ان مسائل کا بیان کرنا ہے نہ حضرات انبیاء علیہم السلام اس قسم کے مسائل بیان کرنے کے لیئے بھیجے گئے ہیں۔ نہ ہیئت جدیدہ کا اسلام

toobaa-elibrary.blogspot.com

عامی ہے نہ ہیئت قدیم کا اور جس بزرگ نے آیات کے اشارات سے اس قسم کے مسائل پیدا کر کے ان کا قرآن کو ذمہ دار ٹھہرایا ہے۔ یہ اس کی غلطی ہے۔ اور یہ مسائل صرف اس استنباط کے نتائج ہیں جنمیں خطا و صواب دونوں کا احتمال ہے +

(تکوین عالم میں)

تکوین عالم میں

حکماء اور دیگر مذاہب کے عجائب غرائب اقوال ہیں جنکا باہمی اختلاف ہی انکی صحت میں شک پیدا کرتا ہے۔ چنانچہ حکیم سالیس ملیطی۔ پانی کو جملہ عالم کی اصل قرار دیتا ہے۔ جو پانی منجمد ہوگیا وہ زمین ہے اور باقی پانی مستحیل ہوکر ہوا بنا اور کچھ ہوا حرکات کے سبب آگ بنی۔ اور ان کے ابخرات سے آسمان پیدا ہوئے۔

حکیم انکسامانس ملیطی تمام عالم کی اصل ہوا کو کہتا ہے وہی مستحیل ہوکر دوسرے عناصر بنے ہوا رلطیف سے فرشتہ وارواح غیر مرئی اشیاء پیدا ہوئیں کثیف سے محسوسات۔ حکماء مشائین ارسطاطالیس وغیرہ کہتے ہیں کہ سب سے پہلے اسنے عقل اول (یعنی ایک چیز جوہر مجرد) پیدا کی عقل اول نے بلحاظ اپنے وجود کے عقل دوئم کو پیدا کیا اور بلحاظ وجوب بالغیر کے روح کو پیدا کیا اور اپنے امکان ذاتی کے لحاظ سے فلک الافلاک یعنی نویں آسمان کو پیدا کیا۔ پھر عقل دوئم نے عقل سوئم اور آٹھویں یعنی فلک الثوابت کو پیدا کیا یہاں تک کہ نویں عقل نے فلک القمر سب سے نیچے کے آسمان کو اور دسویں عقل کو پیدا کیا اسی طرح دس عقول اور نو آسمان پیدا ہوئے۔ دسویں عقل نے کہ جسکو عقل فعال کہتے ہیں باقی سب چیزوں کو پیدا کیا +

ہنود

اقوال ہنود

کے اقوال اس امر میں نہایت وحشت انگیز ہیں جنکو نہ عقل سے لگاؤ ہے نہ نقل سے +

toobaa-elibrary.blogspot.com

وہ کہتے ہیں

کہ سب سے اول جسکو اوس قادرِ مطلق نے پیدا کیا ہے وہ برہما ہے۔ برہما بے انتہا مدت تک ایک انڈے میں رہا پھر اوسنے اوس انڈے کو توڑ دیا اس کے بالائی حصہ سے سورگ یعنی بہشت اور تحتانی سے زمین بنی۔ اور ان کے درمیانی خلا سے آسمان وغیرہ بنے اور طاقت سے نر و مادہ تصور کر بنایا پھر اہنکار یعنی خودی سے مہاتو (عقل اول) اور وشے بھوگ اندریان (حواس) بنائے۔

ان کے اقوال متعارضہ سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ مخلوق اوس خالق کے اجزا بدنسے بنی ہے سر سے کوئی اور ہاتوں سے کوئی اور پاؤں سے کوئی۔ پھر یہ اشیاء آخر فنا کا چکر کھاتے کھاتے اوسمیں جا ملتے ہیں اور یہی ان کی کشش یعنی نجات ہے۔ اور انہیں کی کتابوں سے ایسے ایسے واہیات مضمون بھی آفرینش عالم کی بابت معلوم ہوتے ہیں کہ جو مہذب لوگوں کے سامنے ذکر کرنے کے بھی قابل نہیں آریہ کے مرشد نے اسلامی تکوین عالم پر یہ اعتراض کیا ہے اور اسیکو ہم ان کے باقی اعتراضات کے لیئے نمونہ بناتے ہیں کہ چھ روز میں پیدا کرنا اس کے عجز و قصور قدرت کی دلیل ہے۔ اسکا جواب یہ ہے کہ اگر ایک آن میں پیدا کر دینے کی قدرت کی نفی ثابت ہو جاتی تو اعتراض بجا تھا سو وہ ثابت نہیں بلکہ اس کے برخلاف یہ ثابت ہے کہ وہ جس چیز کو پیدا کرنا چاہتا ہے تو کن کہتے ہی پیدا کر سکتا ہے اب اگر کوئی قادر اپنے اس کام کو کہ جسکو وہ ایک منٹ میں کر سکتا ہے اگر اپنی کسی مصلحت سے چھ روز یا برس میں کرے تو اس سے اسکا عجز کیونکر لازم آتا ہے شاید یہ ہندی منطق کا نتیجہ ہو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل (۴)

صفات متشابہات

(صفات متشابہات)

الہامی کتابوں کا مقصود بندوں کو سمجھانا ہوتا ہے۔ مگر جب اسکی ذات و صفات وغیرہ اِن اشیاء کا بیان مقصود ہوتا ہے کہ جو بشر کے اور اک حسی سے باہر ہوں تو انکی استعداد فہم کے موافق ضرور استعارات و تشبیہات کے پیرایہ میں بیان کرنا پڑتا ہے جس سے وہم انکو محسوسات ہی کیطرف کھینچکر لیجاتا ہے۔ ہاں افہام سلیمہ جو علوم انبیاء سے تربیت یافتہ ہوتے ہیں انکو اصلی معانی پر محمول کرتے ہیں۔ لیکن جنپر حسیت کا حجاب پڑا ہوتا ہے اور اِن کے دلمیں شرارت اور کجی بھی ہوتی ہے تو وہ الہام پر نکتہ چینی کرنے کے لیے یا اپنے منشاء فاسد کے موافق مراد لینے کے لیئے دوسرے معنے پیدا کرتے ہیں۔ ایسے آیات و صفات کو شرع میں **متشابہات** کہتے ہیں۔ جنکا اِن آیت میں ذکر ہے هُوَ الَّذِیْ اَنْزَلَ عَلَیْكَ الْكِتٰبَ مِنْهُ اٰیٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ هُنَّ اُمُّ الْكِتٰبِ وَ اُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ فَاَمَّا الَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ زَیْغٌ فَیَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ وَ ابْتِغَآءَ تَاْوِیْلِهٖ وَ مَا یَعْلَمُ تَاْوِیْلَهٗۤ اِلَّا اللّٰهُ وَ الرّٰسِخُوْنَ فِی الْعِلْمِ یَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِهٖ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا وَ مَا یَذَّكَّرُ اِلَّاۤ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝ (آل عمران۔ رکوع ۱۶)

اس آیت کے بموجب علماء ربانی اِن کے علم کو حوالہ بخدا کرکے اپنے ایمان لانا ہی سعادت

لہ کہ اسنے آپ پر اسے نبی کتاب نازل کی ہے جسمیں کھلے کھلے احکام بھی ہیں جو کتاب کی بنیاد ہیں اور کچھ متشابہات بھی ہیں۔ پھر جن کے دلوں میں کجی ہے جو فتنہ برپا کرنے کے لیئے اور تاویلیں کرنے کے لیئے اِن کے وہی معنی قرار دیتے ہیں جو دوسرا پہلو رکھتے ہیں۔ اور تاویل تو اِن کی خدا ہی جانتا ہے اور راسخین فی العلم کہتے ہیں ہم سب پر ایمان لائے یہ سب ہمارے رب کیطرف سے ہے۔ اور سمجھنا تو دانشمندوں ہی کا کام ہے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

جانتے ہیں وہ ان کے کوئی معنی قائم نہیں کرتے چہ جائیکہ فاسد معنی پیدا کریں اور فتنہ اوٹھائیں اور تاویلیں بنائیں۔ متاخرین اہل علم فرماتے ہیں کہ ان کے معنی سمجھنے کا راسخین فی العلم کو بھی حق ہے اسلیئے وہ ان آیات کے قوانین شرعیہ و اصول اسلامیہ کے موافق ایک عمدہ معنی قائم کرتے ہیں جو الفاظ سے بھی بطور استعارہ و کنایہ و مجاز و تشبیہ سمجھے جا سکتے ہیں اور ان کے وہ معنی ہرگز مراد نہیں لیتے جو شان تقدس اور دیگر آیات تقدیس و تنزیہ کے صریح مخالف ہوں۔ اور بات بھی ٹھیک ہے کیلیئے کہ بلیغ و فصیح کلام میں استعارہ کنایہ۔ مجاز۔ تشبیہ۔ ایک جزء اعظم ہے اور اسکا استعمال قرآن میں بکثرت ہے پھر تفسیر آیات تنزیہ جو قرینہ صارفہ ہے کیوں نہ مان لیا جائے۔ کہ کنایہ و استعارہ مراد ہے

متشابہ ۔ وہ کلام ہے کہ جسکے الفاظ سے متعدد معانی پیدا ہوتے ہوں ایک معنی دوسرے متشابہ یعنے ملتا جلتا ہو جب تک کہ کوئی قرینہ خاص ایک معنی کے لیئے پیدا نہو۔ اسوقت تک ہر ایک معنی کا احتمال برابر ہو۔

قرآن مجید میں بہت سے متشابہات ہیں۔ از انجملہ الرحمن علی العرش۔ استوی۔ ید اللہ عین اللہ۔ قدم۔ وجہ ساق وغیرہ۔ اسنے یہ سمجھنا کہ جسطرح دنیا کے بادشاہ اپنے تخت چوبین پر بیٹھتے ہیں یا جسطرح ان کے تختوں کو خدام اٹھا کر چلتے اور اوپر وہ بیٹھے ہوتے ہیں یا اسکا سونہ ایسا ہی ہے کہ جیسا جسمانی مخلوق کا محض غلط خیال ہے جسکو آیات تنزیہ و تقدیس رد کر رہی ہیں +

فصل (۵)

(تنزیہات)

خدا تعالےٰ نے قرآن میں اپنی ذات مقدسہ کو جملہ عیوب و نقصانات سے منزہ ثابت کیا ہے اور وہ در اصل ازل سے منزہ و منزہ ہے مگر خیالات و اوہام بنی آدم

toobaa-elibrary.blogspot.com

اسکی عظمت و جبروت کو جسمانی قوالب میں ڈھال لیتی ہیں پھر بجائے جسمانیات کے خصائص اسمیں تصور کرنے لگتے ہیں۔ خیال کہیں سے کہیں لے اڑتا ہے۔ پھر ایسے خیالات عوام میں مشہور ہو جانے سے یا نسل در نسل متوارث چلے آنے سے ایسے پختہ اور حق الیقین ہو جاتے ہیں کہ پھر مشکل سے دور ہوتے ہیں۔ اسلئے حضرات انبیاء علیہم السلام اور انپر وحی والہام کا فرض منصبی ہے کہ وہ بنی آدم کو اس اندھیری سے نکالکر نور کیطرف لائیں ۔

قرآن میں بہت آیات تشریح وارد ہیں انمیں سے بجملہ۔ لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ۔ کہ اسکی مثل کوئی چیز نہیں ہے۔ انمیں سے بجملہ أَفَمَنْ يَخْلُقُ كَمَنْ لَا يَخْلُقُ۔ کہ کیا خالق مخلوق جیسا ہو سکتا ہے انمیں سے بجملہ تَعَالَىٰ عَمَّا يُشْرِكُونَ۔ کہ وہ ان کے شریکوں سے پاک اور بلند تر ہے۔ انمیں سے بجملہ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا أَحَدٌ ۔ کہ نہ اس نے کسیکو جنا ہے نہ اس کو کسینے جنا ہے اور نہ کوئی اسکا کفو۔ کنبہ برادری مانند و مثل ہے۔ انمیں سے بجملہ لَا تَأْخُذُهُ سِنَةٌ وَلَا نَوْمٌ۔ کہ نہ اسکو اونگھ آتی ہے نہ نیند۔ انمیں سے بجملہ لَا تُدْرِكُهُ الْأَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْأَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ ۔ کہ اسکو کوئی آنکھ نہیں دیکھ سکتی (کیونکہ آنکھ محسوس کو دیکھتی ہے اور وہ محسوس اور مادی نہیں) بلکہ وہ غیائی کو دیکھتا ہے اور وہ لطیف ہے ہر شے کا اسکو علم ہے ۔

نہ وہ جسمانی ہے نہ مادی ہے۔ اسلئے بجملہ خواص جسمانیہ سے پاک ہے۔ محسوس ہونا کسی جگہ میں ہونا۔ اسپر زمانہ کا اثر ہونا۔ بوڑھا۔ جوان ہونا۔ موٹا دبلا۔ لمبا۔ پست قد ہونا بیمار و تندرست ہونا۔ کھانا پینا۔ شہوانی خواہشوں۔ جماع وغیرہ۔ طمع طیش وغیرہ۔ بھول و نسیان۔ سب سے پاک ہے۔ یہ سب امور جسمانیات کا خاصہ ہیں۔ اسی طرح حدوث۔ احتیاج۔ سب سے پاک ہے۔ وہ بیچون و بے چگون ہے۔ جہاں تک انسان کی عقل اور اسکا طائر ادراک حسی اوڑکر پہونچے وہ خدائے بیچون و بے چگون اوس سے

toobaa-elibrary.blogspot.com

بالاتر ہے اور قوت متخیلہ جس صورت میں اسکو تصور کرے وہ اس سے بھی پاک و منزہ ہے ؎

اے برادر بے نہایت در گمیست ہر چہ بردے میری برے امیست

رہتا ہے یار قہقہہ دیوار کے پرے جاؤں میں کس طرح مرے بال و پر نہیں

کیف الوصول الی سعادہ دونہا ظل الجبال وودو سنن خیوف

اسلیے اسکی کنہ حقیقت کا ادراک محال ہے جو کچھ انسان کو اسکی ذات کا علم و یقین ہے وہ اسکی صفات و حالات سے ہے۔ علم بالکنہ و کنہ دونوں وہاں مفقود ہیں۔ البتہ علم بالوجہ و بوجہ موجود ہیں۔ مگر بلحاظ ادراک انبیاء علیہم السلام و اولیاء کرام میں بھی ایسا تفاوت ہے جیسا کہ آسمان و زمین میں ہے +

البتہ[1] عارفان الٰہی و ساکنان طریق وصول خدائی بہ اذکار و مراقبات و دیگر ریاضات روحانیہ سے اسکی تجلی ان کے مذاق و رغبات کے موافق اشکال و صور حسیہ میں بھی ہوتی ہے۔ پھر جوں جوں مرتبہ ادراک بلند ہوتا جاتا ہے اسیقدر یہ تجلیات تجرد اختیار کرتی جاتی ہیں اور بندہ کو اسکی طرف کشش مقناطیسی اور بیخودی اور شوق و انجذاب بڑھتا جاتا ہے اور اسیقدر اسکی روح میں نور و قوت و آثار جبروت و ملکوت پیدا ہوتے جاتے ہیں ؎ جمال ہمنشین در من اثر کرد + وگرنہ من ہماں خاکم کہ ہستم۔

اور ارواح میں قابلیت و استعداد ابھی ازل سے جداگانہ ودیعت رکھی گئی ہے۔ جو

[1] دارمی نے عبدالرحمن بن عائش سے اور ترمذی نے انس سے اور ابن عباس سے ایک حدیث نقل کی ہے جسکی صحت اور معنی میں محدثین نے کلام بھی کیا ہے اس کے یہ الفاظ ہیں۔ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رأیت ربی عزوجل فی احسن صورۃ۔ قال فیما یختصم الملاء الاعلی قلت انت اعلم قال فوضع کفہ بین کتفی فوجدت بردھا فعلمت ما فی السماوات والارض ۱۲ منہ

ف یہی علم وہ حجاب اکبر ہے اس کی بدولت فسق و فجور طمع نفسانی خود غرضی وغیرہ قبائح کے دریا ان تعلیم یافتوں میں موجزن ہیں۔ خاطر دریا دلی الانصار مع بگاڑا بچتے خوبصورت بنا کے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

ایک شخص کو سخت سے سخت محنت شاقہ سے برسوں میں مرتبہ نصیب ہوتا وہ دوسرے کو جسمیں استعداد و قابلیت زیادہ ہوتی ہے تھوڑیسی توجہ سے نصیب ہو جاتا ہے اسلیئے افراد بنی آدم میں درجات مختلف ہیں سب سے بڑھکر حضرات انبیاء علیہم السلام ہیں اور انمیں خاتم سلسلۂ معرفت حضرت سید الانام محمد مصطفے ہیں صلے اللہ علیہم اجمعین۔

اوس محبوب مطلق کیطرف ہر افراد موجودات میں قدرتی میلان و انجذاب رکھا ہوا ہے آسمان اور ستارے سب اپنی حرکت دوری میں اسیطرف چکر کھا رہے ہیں۔ باغ میں پھول ہر زبان سے اسکی تسبیح و تقدیس کر رہا ہے ؎

سروے جنبد بصحن بوستاں در ہوائے قامت دلجوئے تو

مگر انسان ہے کہ اس کے انجذاب میں شہوات و لذات کی رغبت۔ طمع و غصہ کے روڑے اٹکے ہوئے ہیں جنکو نہ کوئی فلسفہ دور کر سکتا ہے نہ کوئی سائنس ہٹا سکتا ہے بلکہ یہ انسان کی سادہ زندگی میں تکلفات پیدا کر کے اسکو انسانیت کے بلند مرتبہ سے گرا کر حیوانیت کے مرتبہ میں پہونچا دیتے ہیں ہاں وہ نور نبوت ہی رہبری کر سکتا ہے جو اس رحیم و کریم نے ابتدا سے انسان کے لیئے ہادی بنا رکھا ہے۔ جسکو شراب بہیمیت کا مست شہوات کے گرد و غبار سے گل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ آخر کار یہی اسکے لیئے آتش جہنم بنکر پیش آتا ہے +

فصل (۶)

(ملائکہ کا بیان)

بحث ملائکہ

اوس رحیم و کریم نے اپنے بندوں کے علوم و ادراک کامل کرنے کے لیئے ایک ایسی مخلوق کے وجود سے بھی قرآن مجید میں خبر دی ہے۔ کہ جو انسان کے حواس خمسہ سے محسوس نہیں اور ان کی حیات مخلوق سے جنمیں نہ انسانی توالد و تناسل ہے نہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

انسانی تغذیہ وتنمیہ ہے نہ انسانی خواہشیں رکھتے ہیں نہ جن اشیاء سے انسانی لذت وآرام پاتا ہے اوس سے وہ لذت وآرام پاتے ہیں چونکہ مادی اور جسم عنصری سے ان کا قوام نہیں اسلئے انہیں بہیمیت بھی نہیں اور جب بہیمیت نہیں سراسر ملکیت ہے تو اوس نورانی مخلوق کو خدا کی عبادت ذکر وتقدیس وتسبیح ہی میں لذت وآرام ہے اور انسانی شہوات سے وہ معصوم ہیں ؛

فرشتہ

اِس قسم کی مخلوق کا نام فرشتہ عربی میں ملک ہے۔ اور اصل میں یہ لفظ ملاک ہے جیسا کہ شمائل حبکی جمع ملائک وشمائل آتی ہے۔ اور ت ملائکہ میں جمع کے لحاظ سے زائد کر دی گئی ہے۔ (بیضاوی) اسیطرح یونانی رومی عبرانی۔ ایرانی۔ ہندی۔ زبان میں فرشتوں کے لیئے الفاظ مقررہ ہیں۔ جس سے پایا جاتا ہے کہ طوائف متمدنہ بنی آدم سب ملائکہ کے وجود کے قائل ہیں آج سے نہیں ہزاروں برسوں سے۔ اسیطرح انبیائی سلسلہ میں فرشتوں کے وجود کا اقرار ہے۔ چنانچہ موجودہ توریت کتاب پیدائش کے سولھویں باب میں ہاجرہ والدہ حضرت اسماعیل علیہ السلام کو فرشتہ کا نظر آنا اور سارا کے پاس واپس جانے اور اولاد میں برکت دینے کا ذکر ہے۔ اور اسی کتاب کے اٹھارھویں باب میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس تین فرشتوں کا مہمان بنکر آنا اور تولد فرزند کی بشارت دینا اور سدوم کے لوگوں کی ہلاکت کی خبر دینا مذکور ہے۔ اسیطرح کتاب دانیال کے ساتویں باب اور انجیل متی کے چھبیسویں باب اور انجیل لوقا کے دوسرے باب میں ملائکہ کا وجود ثابت ہے اور نامہ عبرانیاں کے بارھویں باب سے کروڑوں بلکہ کروڑہا در کروڑہا فرشتوں کا ہونا معلوم ہوتا ہے۔ اور اہل کتاب حواریوں تک سب اسبات کے قائل تھے کہ فرشتوں کے باہم درجات مختلف ہیں جبرئیل ومیکائیل کا نام اور انکی عظمت کتب اہل کتاب میں مذکور ہے۔ اور ان کی کتب مقدسہ سے یہ بھی پایا جاتا ہے۔ کہ فرشتے انسانوں کی صورت میں متشکل ہوکر دکھائی دیجاتے تھے اور قدماء اہل کتاب کا بھی

toobaa-elibrary.blogspot.com

اعتقاد رکھتا کہ اجسام ملائکہ کا مادہ ہمارے مادۂ اجسام جیسا نہیں کیونکہ وہ جب چاہتے ہیں دوگونکو دکھائی دیتے ہیں اور جب چاہتے ہیں نظر وسے غائب ہوجاتے ہیں۔ اہل کتاب اسکے بھی قائل ہیں کہ فرشتوں میں مرد و عورت نہیں نہ وہ انسانی حوائج رکھتے ہیں۔ البتہ بت پرست قوموں نے یہ باب نہ معلوم کیونکر قرار دے رکھی تھی کہ فرشتوں میں نر و مادہ کی ہیں چنانچہ ہنود اتبک دیوی۔ اور دیوتا کے قائل ہیں اہل کتاب ملائکہ کی نسبت یہ بھی اعتقاد رکھتے ہیں کہ فرشتوں میں انسان سے عقل و علم بھی بہت زیادہ ہے اور قدرت و طاقت بھی زیادہ ہے اور وہ پاک و برگزیدہ بھی ہیں اور وہ خدا کی مرضی و منشا کے اظہار کا ذریعہ ہیں۔ اور یہ کہ وہ عالم کے تدبیر و تصرف میں بحکم الٰہی مصروف ہیں۔ اس کے حکم و مشیت کے خلاف کچھ بھی نہیں کرتے ہیں +

اسلامیوں کا عقیدہ بھی اس معاملہ میں قریب قریب اہل کتاب کے ہے قرآن مجید نے فرشتوں کے بہت کچھ حالات متعدد آیات و مقامات میں بیان فرمائے ہیں۔ جن سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ ملائکہ مدرک مستقل الوجود متحرک بالارادہ جواہر ہیں وہ اعراض نہیں جو کسی کی صفات قرار دے جائیں جیسا کہ بعض کم ہمتوں نے حال کے حکماء کی تقلید میں جو غیر محسوس اشیاء کے قائل نہیں بذریعہ تاویلات رکیکہ ملائکہ کو کبھی صفات باری تعالےٰ کبھی اجسام نامیہ کے قوی کبھی اسمار الٰہی بتایا ہے اور اس کو تاویلات میں تناقض اقوال اور مخالفت جمہور علماء مفسرین و اہل لغت و اہل حدیث و خلاف سیاق و سباق وغیرہ عجب پریشان بیانیاں پیش آئی ہیں جن سے مادل کی بے علمی اور وناع کی کمزوری ثابت ہوتی ہے۔ از انجملہ الذین یحملون العرش و قد یحمل عرش ربک فوقھم یومئذ ثمانیۃ از انجملہ وہ ملائکہ ہیں جو صرف خدا کی تقدیس و تسبیح ہی کیا

مقدمہ تفسیر حقانی میں اس کے اقوال کو نقل کرکے کمال وضاحت سے رد کیا گیا ہے اور دکھایا گیا ہے کہ مادل کو نہ علوم اسلامیہ سے بہرہ ہے نہ علوم حکمیہ و سائنس سے آشنائی ہے محض بے تکی تاویلات ہیں جو کسی غرض بناء پر بنائی گئی ہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

کرتے ہیں یُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ۔ یُسَبِّحُوْنَ اللَّیْلَ وَالنَّهَارَ لَا یَفْتُرُوْنَ۔
ازانجملہ وہ ملائکہ ہیں جو حضرات انبیاء علیہم السلام کے پاس وحی اور پیغام لاتے ہیں
یَصْطَفِیْ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا۔ جَاعِلِ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا اولی اجنحۃ مثنی
وثلث وربع۔ اس قسم کے ملائکہ بہت جلد عالم سفلی سے عالم بالا تک صعود و نزول کرتے
ہیں اسلئے ان کی تیز رفتار یکو بطور استعارہ کے پروں اور بازوؤں سے تعبیر کیا ہے
نہ یہ کہ جبرئیل کو ؤں کیطرح ان کے بازو اور پر ہیں۔ جسپر بعض کم فہم معترض اعتراض کرتے
ہیں اس گروہ کے سر دفتر۔ جبرئیل امین ہیں **ازانجملہ** وہ ملائکہ ہیں جو جملہ عالم کے
تدبیر و تصرف پر متعین ہیں اجسام سفلی و علوی کے طبائع جو بمنزلہ قدرت کی کلوں کے
ہیں انکو اس ادراک و دور اندیشی سے ملائکہ ہی بحکم الٰہی چلاتے ہیں وَالنّٰزِعٰتِ
ذروًا الی قولہ فالمقسمات اَمْرًا۔ وقولہ والنازعٰت غرقًا والنّٰشِطٰتِ
نَشْطًا والسّٰبِحٰتِ سَبْحًا فالسّٰبِقٰتِ سَبْقًا فالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا **ازانجملہ**
وہ ہیں جو بوقت مرگ حیوان و انسان کی بدنسے روح قبض کرتے ہیں قُلْ یَتَوَفّٰىكُمْ
مَلَكُ الْمَوْتِ الَّذِیْ وُكِّلَ بِكُمْ وقولہ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ
رُسُلُنَا۔ **ازانجملہ** وہ ہیں جو قیامت کو صور پھونکیں گے۔ ان کے سرگروہ اسرافیل
ہیں یَوْمَ یُنْفَخُ فِی الصُّوْرِ۔ **ازانجملہ** وہ ہیں جو مرنے کے بعد عالم برزخ اور حشر میں

نفیہ ۱؎ وہ جو عرش اٹھاتے ہیں۔ اور تمہارے رب کے عرش کو اسروز آٹھ اٹھائے ہوئی ہونگے۔ وہ رات دن تسبیح کرتے نہیں تھکتے ۱۲
۱؎ خدا اپنے فرشتوں میں سے رسول برگزیدہ کرتا ہے۔ اسنے فرشتوں کو رسول بنایا ان کے بازو بنائے دو دو اور تین تین
اور چار چار ۲؎ قسم ہے ان فرشتوں کی جو عالم وجود میں آثار قدرت پھیلاتے ہیں۔ وہ جو امر قضاء و قدر تقسیم کرتے
ہیں۔ وہ جو گھسکر جان نکالتے ہیں۔ وہ جو مومنوں کے اجسام سے ارواح کی گھر میں کھولتے ہیں۔ وہ جو فضاء عالم میں
تیرتے پھرتے ہیں۔ وہ جو تعلیم احکام کے لیئے آگے دوڑتے ہیں۔ پھر وہ تدبیر امور کرتے ہیں ۳؎ کہدو کہ تمہاری جان
وہ فرشتہ موت نکالتا ہے جو تم پر موکل کیا گیا ہے۔ یہاں تک کہ جب کسیکو موت آتی ہے تو اسکی جان ہمارے فرشتہ قبض
کرتے ہیں ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

بندوں کو ان کے اعمال کے ثواب و عذاب پر متعین ہیں جنکے حالات قرآن میں بکثرت ہیں

حقیقت ملائکہ میں اختلاف ہے حکمار قدیم اُن کو جواہر مجردہ بتاتے ہیں سلسلہ اجنبائی کے پابند ان کو اجسام لطیفہ کہتے ہیں مگر نہ جسم عنصری و حسی بلکہ ایک اور جسم لطیف جو بمنزلہ ارواح کے ہے اور جسکی حقیقت ہم نہیں جانتے ہیں۔ اسلئے وہ جب چاہتے ہیں ہمکو نظر آجاتے ہیں اور جب چاہتے ہیں غائب بھی ہوجاتے ہیں۔ اس لطافت کے سبب وہ طرفۃ العین میں مشرق سے مغرب تک پہونچ جاتے ہیں اور قوت بھی انمیں بہت ہی زیادہ ہوتی ہے۔ عالم محسوس کی اشیا خواہ وہ ہماری نظر دسے کتنی ہی غائب ہوں اور ہزاروں کوس دور ہوں اور اسیطرح عالم ملکوت کی اشیا۔ ارواح اور ان کے حالات سب انپر اسیطرح عیاں ہوتے ہیں کہ جیسا عالم محسوس کی مشاہد چیزیں ہمارے سامنے۔ ہماری آنکھوں سے عالم حسی کی غائب چیزیں جسطرح غیب اضافی ہیں کہ بخیر آلات و اسباب عادیہ انپر مطلع ہوجانا خارق عادت سمجھا جاتا ہے اسیطرح ملائکہ کی مشہود اشیاء بھی ہماری بنسبت غیب اضافی ہیں۔ ملائکہ کا غیب جسپر انکو خدا تعالے وقتاً فوقتاً مطلع کرتا ہے البتہ غیب حقیقی ہے۔ جسکا پورا علم اسی علام الغیوب لطیف و خبیر کا خاصہ مختصہ ہے +

بعض **عیسائیوں** کا اعتقاد تھا کہ نیک انسانوں کے ارواح ملائکہ ہیں اگر ان کی یہ مراد ہے کہ نیک انسانوں کے ارواح مرنے کے بعد ملائکہ میں ملجاتی ہیں اور ہ۔ جیسے بنی آدم کیا ان کے دادا حضرت آدم بھی پیدا ہوئے تھے اسوقت سے پہلے بھی فرشتہ تھے +

ملائکہ کے بھی درجات **مختلف** ہیں۔ بعض علوی ہیں اور بعض ہوائی بھی بعض مقرب بارگاہ اور موجودات کا سلسلہ بلحاظ تجرد باری تعالے انہیں سے شروع ہوکر درجہ بدرجہ نیچے اوترتا آتا ہے اور عالم محسوس و اجسام کثیفہ تک منتہی ہوتا ہے

حقیقت ملائکہ

تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ سَلٰمٌ هِيَ لیلۃ القدر میں فرشتے اور روح اپنے خدا کے حکم سے ہر بات سے سلامتی کیلئے اترتے ہیں موضح میں تم سے کہتا ہوں کہ لوگوں کا ہر گناہ اور کفر بکنا معاف کیا جاوے گا مگر وہ جو روح کے حق میں کفر بکتے ہیں وہ معاف نہ ہوگا۔ (انجیل متی باب ۱۲) منہ علماء کا اختلاف ہے بعض روح القدس سے مراد جبرئیل علیہ السلام لیتے ہیں بعض دوسرا فرشتہ کہتے ہیں ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور عالم کثیف میں مرکبات کا وجود سب کے بعد ہے اب بلحاظ لطافت و کثافت کے غور کیجئے گا تو حق سبحانہ اور اس کی مخلوق مادیہ اور کثیفہ میں کسقدر بون بعید معلوم ہوگا۔ اِس سلسلۂ وجود کا ارتباط انہیں ملائکہ کے سبب سے ہے اِن کے سبب سے یہ تمام سلسلہ مربوط ہوگیا۔ اِس لیئے فیض الٰہی پہونچنے کے یہی ملائکہ وسائط ہیں جبلئے انکو مدبرات امرا کہا جاتا ہے اب اِس درمیانی وسائط میں بیشمار درجات کے بعد دیگر پیدا ہونے ضرور ہیں۔ اسلیئے اعلیٰ قسم کے ملائکہ وہ ہیں جو مقربین اور عالم قدس میں رہتے ہیں اور ان سب کا سلسلۂ ایک ایسے عظیم الشان فرشتہ پر منتہی ہوتا ہے جسکو **روح اعظم**۔ **روح القدس** کہتے ہیں۔ تمام ارواح بنی آدم کو اسکیطرف ایک ایسا جذب مقناطیسی ہے کہ جیسا ذرات کو آفتاب کیطرف۔ اور سب سے نچادرجہ ملائکہ سفلی وارضی کا ہے۔ جن کا مادہ اسلئے بھی نیچے درجہ کی ایک مخلوق غیر محسوس کے قریب قریب ہے۔ اور یہ مخلوق لاتعد ولاتحصی ہے۔ جسکو وہی علام الغیوب خوب جانتا ہے +

فصل (۷)

(جن کی حقیقت)

اِس قسم کی مخلوق میں سے ایک قسم کا نام **جن** ہے۔ لغت عرب میں اس کے معنی پوشیدگی کے ہیں چونکہ یہ قوم بنی آدم کی آنکھوں سے پوشیدہ ہے اس لیئے انپر لفظ جن کا اطلاق ہوا۔ اور جس لفظ میں جیم نون جمع ہوتے ہیں انمیں پوشیدگی کے معنی ملحوظ ہوتے ہیں۔ دل چونکہ مخفی رازوں کا خزانہ ہے اِس لیئے اسکو **جنان** کہتے ہیں۔ اور ڈھال کی آڑ میں چھپتے ہیں اسلیے اسکو **جنہ** کہتے ہیں اور جنون چونکہ عقل کو پوشیدہ کرلیتا ہے اسکو جنوں کہتے ہیں اور **جنین** جسکی جمع اجنۃ

toobaa-elibrary.blogspot.com

آلی ہے ماں کے پیٹ کے بچے کو کہتے ہیں اور باغ اپنے پتوں اور درختوں سے زمین کو ڈھانک لیتا ہے۔ اِس لیئے اسکو جنت کہتے ہیں اِس قسم کی مخلوق کا مادہ جسم لطیف ہے اسلئے نظر نہیں آتی۔ اور یہ کوئی محال اور ناممکن بات نہیں کہ بسائط جدیدہ و اجسام غیر محسوسہ سے کوئی شے مخلوق ہو۔ بلکہ یہ بات خلاف عقل اور نہایت بعید الفہم ہے کہ مرکبات کا دائرہ صرف مٹی اور پانی ہی میں محدود مانا جاوے۔ اِن کے سوا اور کسی عنصر سے کوئی چیز مرکب نہو سکے اور جب محدود نہیں تو ضرور ہے کہ پانی اور مٹی کے سوا اور عناصر سے مرکب چیزیں نظر نہ آئیں جیسا کہ اِن کا مادہ نظر نہیں آتا +

اور یہ بھی ثابت ہو چکا ہے کہ اجسام لطیفہ میں بہ نسبت کثیفہ کے طاقت و استحکام بھی زیادہ ہوتا ہے۔ اسلئے ایسی مخلوق قوی اور دیرپا بھی ہوتی ہے اور بجلی یا ہوا کیطرح آناً فاناً میں دور ہی پہونچ جاتے ہیں۔ اِس مادہ ترکیبیہ کے لحاظ سے اِس قسم کی مخلوق کے بہت سے اقسام ہیں۔ بعض وہ ہیں کہ جن کا مادہ بالکل لطیف ہے اِس لطافت کے لحاظ سے انمیں اور سفلانی ملائکہ میں بہت ہی کم فرق ہے اور بعض وہ ہیں کہ انکا مادہ بالکل لطیف تو نہیں بلکہ مادہ کثیفہ بھی ان کی ترکیب میں داخل ہے مگر غلبۂ لطافت کے سبب نظر نہیں آتے۔ اِس قسم کے جنوں میں خیر و شر دونوں کا مادہ ہوتا ہے اسلئے وہ بھی انسانوں کیطرح احکام الٰہی کی تعمیل پر مامور کیئے جاتے ہیں۔ انکو بھی عذاب و ثواب ہے۔ اسلیئے قرآن میں انسانوں کے ساتھ انکو بھی مخاطب بنایا گیا ہے یَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ۔

اِس قسم میں مشیر مادہ ناری زیادہ ہوتا ہے وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ کہ ہمنے جن کو آگ کے شعلہ سے پیدا کیا ہے اور اسلیئے اُن کی سرشت میں عرور و سرکشی بھی زیادہ ہوتی ہے۔ اور بعض ایسے بھی ہیں کہ اِن میں ہوائی مادہ زیادہ ہوتا ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

بلحاظ مادۂ غیر محسوسہ کے اِن کے بہت سے اقسام ہیں۔ اور عرب میں انہیں اقسام وصفات کے لحاظ سے جداجدا[1] نام بھی ہے۔ مگر اِس قسم کی انواع میں مادۂ رویہ زیادہ ہوتا ہے اِس لئے شر کیطرف زیادہ رغبت ہوتی ہے اور خیر کیطرف بہت کم۔ اور اِس قسم کی انواع میں توالد وتناسل بھی ہوتا ہے اور بعض اقسام تو ایسے ہیں کہ جنکو مزاج انسانی سے بہت ہی مناسبت ہے جیسے اِن کے نام اور اِن کا تمدن اور اِن کی زبان اور اِن کے ادیان ومذاہب ہر ملک کے انسانوں جیسے ہوتے ہیں۔ اور کبھی اِن کے نروماده انسان کے نروماده کے ساتھ اختلاط بھی کرتے ہیں۔ اور جس قسم کی شکل میں چاہتے ہیں ظاہر ہوجاتے ہیں اور پھر جب چاہتے ہیں غائب ہوجاتے ہیں +

حکمائے قدیم نے جن کی یہ تعریف بیان کی ہے جسم ناری تشکل باشکالِ مختلفۃ کہ وہ جسم ناری ہے ہر شکل میں ظاہر ہوسکتا ہے تمام اہلِ کتاب یہودی اور عیسائی ہمیشہ سے اِس مخلوق کے قائل ہیں +

توریت کتاب پیدائش کے تیسرے باب میں سانپ کا حضرت آدم علیہ السلام کو دھوکا دینا مذکور ہے۔ اور باتفاق علمائے یہود اوس سے شیطان مراد ہے۔ اور کتاب اول سموئیل کے اٹھیسویں باب درس ۹ (جملہ) میں یہ ہے اور خداوند کی طرف سے وہ بری روح ساؤل پر پڑی۔ بری روح شیطان اور اِسی قسم کی غیر محسوس مخلوق ہے۔ جنکو لطافت کے سبب روح سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ اور لطافت کے سبب اُنکا انسان پر تسلط اور اِس کے خیالات میں دخل بھی ہوتا ہے اور یہی وہ شیطان کا گمراہ کرنا ہے۔ اسیطرح ملائکہ کا نیک لوگوں پر تسلط ہوتا ہے تو اِن سے وہ ملکی صفات اور انسانی قدرت سے بالاتر افعال

---

[1] چنانچہ وہ جن جو انسانوں کے ساتھ رہتے ہے اُنکو عامر کہتے ہے اور جو اڑکے باؤں کو ستاتے ہیں اُنکو ارواح کہتے ہے جنکو ہندی میں بھوت پریت کہتے ہیں۔ اور جو زیادہ سرکش اور موذی ہیں اُنکو شیطان کہتے ہیں اور جو اِس سے بھی زیادہ موذی ہیں اُنکو مارو اور عفریت کہتے ہے۔ جنکو ہندی میں دیت

toobaa-elibrary.blogspot.com

سرزد ہونے لگتے ہیں۔ انجیل متی کے چوتھے باب میں لکھا ہے کہ شیطان حضرت مسیح علیہ السلام کو فریب دینے آیا اور ان کو ہیکل کے کنگورے پر لے گیا اور پھر اونچے پہاڑ پر لے گیا اور وہاں سے دنیا کی ساری بادشاہتیں اور شان و شوکت انکو دکھا کر کہنے لگا کہ اگر تو مجھے سجدہ کرے تو میں یہ سب تجھکو دیدونگا تب مسیح نے فرمایا کہ اے شیطان دور ہو کیونکہ سجدہ اور بندگی خالص خاص خدا تعالےٰ کے لئے سزاوار ہے اور کوئی اسکا مستحق نہیں۔ پھر انجیل متی کے آٹھویں باب سولھویں درس میں یہ ہے کہ جب شام ہوئی اس کے پاس بہتوں کو جنہیں دیو چڑھے تھے لائے اور اس نے ان دیوؤں کو کلام ہی سے دور کیا۔ یعنے کچھ پڑھکر پھونک دیا۔ اسماء الٰہی کی برکت سے وہ بھاگ گئے پھر اسی انجیل کے نویں باب کے بتیسویں جملہ میں یہ ہے جسوقت وہ باہر نکلے دیکھو لوگ ایک گونگے کو جسپر دیو چڑھا تھا اس پاس لائے اور جب دیو نکالا گیا وہ گونگا بولا۔ اور لوگوں نے تعجب سے کہا کہ اسرائیل میں کبھی ایسا دیکھا نہیں گیا پر فریسیوں نے کہا کہ وہ دیووں کے سردار کی مدد سے دیوؤں کو نکالتا ہے۔ اسیطرح اور بھی جنوں کا نکالنا اور انکا نکلکر سور بنکر جھیل میں ڈوب مرنا۔ ان انجیلوں میں اور نیز شیطان کا بہت سا حال مکاشفات یوحنا میں مذکور ہے +

شیطان ابلیس

شَیْطَان ۔ بروزن فیعال شَطَن سے مشتق ہے جسکے معنی ہیں نیکی سے دور کے بعض کہتے ہیں نون زائد ہے شاط بمعنی لبطل سے مشتق ہے **ابلیس**۔ بلس سے

بقیہ حاشیہ ۱۲ فارسی میں دیو کہتے ہیں۔ اور جو جنگلوں میں آوازیں دیتے ہیں انکو **ہاتف** کہتے ہیں اور جو جنگلوں میں بھولوں کو راستہ بتاتے ہیں ان کو **رجال الغیب** کہتے ہے۔ ہندی میں انکو کہ جسپر جن یا ہوائی غالب ہوتا ہے بھوت کہتے ہیں ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

مشتق ہے جسکے معنی میں نا امید اور فریبی کے گرچہ ان صفات ذمیمہ کے لحاظ سے یہ الفاظ بنی آدم کے بدبختوں پر بھی مجازاً بولے جاتے ہیں جیسا کہ نیک فرشتہ کہتے ہیں۔ مگر ان دونوں لفظوں کا مصداق در اصل ایک شخص اسی قسم کی مخلوق غیر محسوس میں سے ہے جو اپنا مادہ آتش بتاتا ہے۔ خَلَقْتَنِیْ مِنْ نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِیْنٍ۔ یہ وہی ہے کہ جسنے آدم کو سجدہ نہ کیا اور وہ راندہ گیا اور اس نے آدم اور اس کی اولاد کے گمراہ کرنے پر کمر باندھی اور بہکا کر وہ درخت ممنوع آدم کو کھلا دیا اور حضرت عیسے کی آزمایش کی غیرہ

فوائد

(۱) ملائکہ اور جن کے وجود پر باوجود امکان کے حضرات انبیاء علیہم السلام اور دیگر صادقوں کی شہادت کافی ہے حضرت انبیا علیہم السلام کے سوا انجیل لوقا کے بھی چوتھے باب میں یہ ہے اور عبادت خانہ میں ایک شخص تھا جسمیں شیطان کی ناپاک روح تھی وہ بڑی آواز سے چلایا کہ اے یسوع ناصری ہمیں چھوڑ تو ہمیں ہلاک کرنے آیا ہے یسوع نے دھمکا کر کہا کہ تو اسمیں سے نکل جا چنانچہ وہ نکل گیا اور کچھ نقصان نہ پہونچایا ؛

پھر اسی انجیل کے آٹھویں باب میں یہ حیرت خیز واقعہ مذکور ہے۔ کہ جب مسیح دریا کے کنارے پر اترے تو ایک شخص کہ جسپر مدت سے جن مسلط تھا اور برہنہ پھرا کرتا تھا اور قبروں میں رہتا تھا انکو ملا وہ دیکھتے ہی یسوع کے پاؤں پر گر پڑا اور کہنے لگا کہ میں آپکی منت کرتا ہوں مجھے دکھ نہ دیجئے۔ کیونکہ اوس شخص کا یہ حال تھا کہ ہر چند لوگ اسکو پکڑ لے اور لوہے کی زنجیروں میں باندھ کے رکھتے تھے مگر وہ توڑ کر نکل جاتا تھا۔ مسیح نے اوس سے

(۲) روحانی بزرگوں اور کلمات اللہ کے قدرتی تاثیر سے اس قسم کی مخلوق بہت ڈرتی اور اپنے تکلیف پہونچتی ہے بلکہ یہ مخلوق اگر مسخر ہی ہو جاتی ہے اور اس تاثیر سے مرہی جاتی ہے اس قسم کے حیرت خیز صدہا واقعات دیکھے گئے ہیں اس قسم کی مخلوق سے بلکہ کلمات کے موکلات سے حیرت خیز معاملات ظہور پذیر ہوئے ہیں ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

پوچھا کہ تیرا کیا نام ہے وہ بولا تو کہ میرا نام لشکر ہے کیونکہ بہت سے جن اوسپر ہوتے مسیح سے عرض کیا کہ ہمکو نہایت عمیق گڑھے میں جانیکا حکم نہ دیجئے اور وہاں پہاڑوں پر سوروں کا ایک غول چر رہا تھا کہا ان میں بھیجنے کی اجازت دو۔ چنانچہ مسیح نے اجازت دی اور وہ سب اوس شخص میں سے نکلکر سوروں پر جا پڑے اور سوروں کا غول کڑاڑے سے کودکر جھیل میں ڈوب مرا +

اسیطرح حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم اور قرآن کی شہادت اِن کے وجود پر کافی ہے۔ سورۂ جن میں اِن کے حالات مذکور ہیں اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر صدہا ہزار جن ایمان لائے۔ جیسا کہ احادیث صحیحہ میں مذکور ہے +

اور پھر صدہا ہزار معتبر اشخاص کو ایسے واقعات پیش آئے۔ ایک ہندو عورت جو صاف اُردو بھی نہیں بول سکتی تھی فارسی و عربی زبان تو کجا اور اسکو سب جانتے ہے وہیں کی پیدائش ہوئی تھی۔ اسپر جن مسلط ہوا اور وہ فارسی اور عربی زبان میں کس فصاحت و بلاغت سے حقائق و دقائق علمیہ بیان کرتی تھی +

فلسفۂ حال اِس قسم کی مخلوق کا قائل نہیں وہ کہتے ہیں کہ جو چیز آنکھ سے دکھائی نہ دے کان سے سنی نہ جائے زبان سے چکھی نہ جائے ناک سے سونگھی نہ جائے ہاتھ سے ٹٹولی نہ جائے اِس کے وجود کا قائل ہونا خلاف عقل اور وہم پرستی ہے یہ فلسفی خیال کچھ ابھی یورپ میں پیدا نہیں ہوا ہے بلکہ جب یورپ وادی جہالت میں ٹکراتا پھرتا تھا اور ایشیا کی جملہ کمالات میں سرداری مانی جاتی تھی اسوقت بھی ایشیا ہی میں بہت سے لوگ اِن خیالات کے تھے۔ شہرستانی کی ملل و نحل کتاب کو ملاحظہ کرو ایسے لوگوں کا جب کسیوجہ سے اعتبار اور عزت بڑھ جاتی ہے تو بعض سست اعتقاد اہل مذاہب اپنے مذہب کو تاویلات کے ذریعہ سے انہیں کے خیالات کے مطابق کرنیمیں سلامتی مذہب سمجھنے لگتے ہیں۔ خود مسلمانوں میں پہلے معتزلہ اِس قسم کی تاویلات

فلسفۂ حال

toobaa-elibrary.blogspot.com

کیا کرتے تھے اور ہمارے زمانہ میں ایک شخص بانی مذہب نیچری نے تفسیر کے ذریعہ سے ایسی بہت کچھ تاویلات کیں ہیں ملائکہ کو قویٰ نامیہ وصفات باری تبلایا ہے۔ جنوں کو خبگلی قوم ٹھہرایا ہے جو پہاڑوں میں رہنے کے سبب لوگوں سے مخفی رہتی تھی چلئے انکو جن کہنے لگے۔ بہت خوب۔ مگر اسقدر آیات کی کہ جن سے اِن کا ایک دوسری قسم کی مخلوق ہونا پایا جاتا ہے کچھ بھی تاویل نہ بن سکی اور نہ بن آئے گی یہ ایسی تاویلات گگیہ ہیں کہ جیسا بانی مذہب آریہ ویدوں کی تاویل کرکے کاہ کا کوہ بنا دیا کرتا ہے یا جیسا کسی مداری فقیر نے امت بالملہ و ملئکۃ کے یہ معنی بیان کیے تھے کہ بیوی امت کا بلا ان کی ملائی کہا گیا تھا۔ یا جیسا ایک پنڈت نے جو فارسی جانتا اور تصوف میں بڑا دم مارتا تھا مثنوی کے اِس شعر کے یہ معنی بیان کیے تھے۔ بشنو از نے چوں حکایت میکند وز جدائیہا شکایت میکند + کہ سری بشنو نے یعنی بنسری بجا کر یہ حکایت کرتے تھے۔ اسلام میں بھی مذاہب باطلہ پیدا ہوتے ہیں۔ اِن کے بانی دراصل پورے مسلمان تو ہوئے نہیں قرآن وحدیث کا دام بچھا کر تاویلات رکیکہ کے ذریعہ سے مسلمانوں کو پھنسایا کرتے ہیں جیسا کہ آج کل ایک صاحب پہلے شیل مسیح پھر مسیح پھر جو ایک مہینے میں کسوف خسوف ہوا اسکو مہدی کی خاص علامت سمجھکر مہدی آخرالزماں ہونے کا بھی مدعی ہوگیا اور برسوں گزر گئے بجز اس کے کہ تاویلات اور اپنے مناقب اور مریدوں کی جھوٹی فہرست چھاپنے اور مہمل مہین گوئیاں کرکے کہ جنکے جو چاہو معنی ٹھہالو۔ اور کوئی فائدہ اسلام کو

ف کیا وہ عاقل ہے جو ہوا رصافی کا انکار کرتا ہے جبکہ وہ ایک شیشہ میں ہوا دیکھی حس سے بھی محسوس نہیں اور کیا وہ فلاسفر کہلا سکتا ہے جو ایثر (مادہ) کا انکار کرتا ہے جو کسی حس سے بھی محسوس نہیں اور کیا وہ عاقل کہلا سکتا ہے جو طبیعت جسام کا انکار کرتا ہے جو کسی حس سے بھی محسوس نہیں اور جو وجدانیات اور لازم سے ملزوم اور مصنوع سے صانع کے وجود کا منکر جبکہ وہ کسی حس سے بھی محسوس نہیں علم و دانا کہلا سکتا ہے؟ ہرگز نہیں پھر خیال کرنا چاہیے کہ تخیل کسدرجہ کا پھر اور غلط ہے پھر اسکے اعتماد پر اصول الٰہیہ کا انکار کسدرجہ کی نادانی ہے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

پہونچایا نہ اسکی انکو توفیق ہوئی۔ ہاں اپنا فائدہ دنیا تو حاصل کرلیا کہ سادہ لوح مریدوں کی ایک جماعت نان وحلوا اور اپنی بیٹیاں دینے کے لیئے موجود ہوگئی۔ جس سے باطمینان آپ نبوت کا بھی دعوی کرنے لگے۔ کوئی دنیں خدائی دعوی بھی کرنے لگیں گے۔ اب شروع تو کیا ہے کہ اپنے آپ کو ہندوؤں کا کرشن اوتار کہنے لگے ہیں ٭

جبکہ فلسفہ کا یہ دعوے ہی سے بے بنیاد ہے کہ جو چیز حواس خمسہ سے محسوس نہیں وہ موجود نہیں جیسا کہ مقدمہ کتاب میں ہم ثابت کرچکے ہیں تو اس لغو اور باطل اصول پر الہامی اصول کا انکار کرنا اور انکار کو تاویل کے پردہ سے چھپانا سراسر نادانی اور کمزوری دماغ اور سستی ایمان کی نشانی ہے ٭

(۲) فرشتوں اور جنوں کے سوا اور بھی غیر محسوس مخلوق ہے۔ بعض انسانوں کی ارواح خبیثہ بھی مرنے کے بعد عالم سفلی میں محبوس اور معذب ہوتی ہیں۔ وہ بھی کبھی لوگوں پر شیاطین کے زمرہ میں داخل ہوکر مسلط ہوجاتے ہیں ٭

(۳) فرشتوں۔ جنوں۔ ارواح۔ کو بسبب انہیں تعلقات کے اوہام عامہ پوجنے لگے اور پھر ہر ایک کے ساتھ صفات مختصہ قائم کرکے ان کی پرستش کے جداگانہ طریق اپنے اپنے خیال اور مذاق کے موافق پیدا کیئے۔ جیسا کہ صفات باری تعالے کو اپنے خیالی مظاہر میں تصور کرکے ان کے جدا جدا بت بنائے محبت کو عورت کیصورت میں غضب وانتقام کو شیر کیصورت میں تصور کرکے کہیں حسین عورت کی کہیں شیر کیصورت کو پوجنے لگے کلدانی قوموں میں اسی قسم کی بت پرستی تھی۔ بلکہ اجرام علویہ آفتاب ماہتاب ستاروں کو بھی اس کی کسی خاص صفت کا مظہر سمجھکر ان کے موافق بڑے بڑے عظیم الشان بت خانے اور بت بنائے تھے۔ یونانی۔ مصری۔ رومی۔ عرب اکثر اس بلا میں مبتلا تھے۔ ہندوستان میں تو ابتک وہی حالت موجودہ ہے پھر انکی نذر ونیاز اور ان کے دستورات اور ان کے نام کی تسبیح وتقدیس۔ بوقت مصیبت

toobaa-elibrary.blogspot.com

اِن کو پکارنا قربانیاں چڑھانا وغیرہ اسقدر خرافات تھی کہ جنکی شرح ایک بڑی کتاب میں بھی نہیں آسکتی ٭

اسلام نے اسکو حرام قرار دیدیا۔ اور قرآن اور نبی اسلام نے مختلف دلائل سے ثابت کردیا کہ خدا کے سوا اور کوئی نہ نفع دیسکتا ہے نہ نقصان پہونچا سکتا ہے وہی قادر مطلق اپنی رحمت سے اپنی مخلوق کی حاجت روا کرتا ہے۔ مخلوق کی قدرت و اختیار عام ہے کہ دواؤں اور اسمار کی تاثیر ہو۔ یا ذہنی اور اک اشیاء کے اقتدارات حیات یا بعد ممات ہوں جیسا کہ ایک زندہ شخص کا دوسرے کو نفع و نقصان پہونچانا۔ سب محدود ہیں۔ اور اِن کے آلات و اسباب بھی محدود اور اس کے قبضۂ قدرت میں ہیں۔ اگر وہ پہنچا ہے تو کوئی دوا اثر نکرے عالم حیات میں کوئی کسیکو کچھ نفع و نقصان دے سکے نہ بعد ممات یہ تمام تیلیاں اِس کے ہلانے سے ہلتی ہیں۔ کل کچھ نہیں کرتی جو کچھ کر رہا ہے کل چلانے والا کر رہا ہے۔ کسی فرشتہ جن ارواح کو اِس کی خدائی میں ذرہ کے برابر بھی حصہ نہیں۔ اسلئے اُسیکو پوجنا چاہیئے۔ اسیکو پکارنا چاہیئے وہی اِس قابل ہے کہ

ف اسیطرح جاہل اور گرم تو موں اور ملکوں میں محض وہم پرستی سے بات بات میں بھوت۔ دیو۔ پری کا سایہ اور مردوں کی ارواح کا ظہور سمجھا جاتا ہے معمولی بیماری بلکہ حیوانات کی کمزوری اور دیگر اسباب عادیہ بھی جن بھوت پری دیو کے کرشمے اور نظر بد فال بیشگن کے آثار خیال کیئے جاتے ہیں ہر حوادث دہر کو بھی ستاروں کی تاثیر مستقل بتایا جاتا ہے اِس قسم کی اوہام پرستی کو اسلام نے شرک بتایا ہے کیونکہ ایسے لوگوں کی نظر مسبب الاسباب پر نہیں ہوتی صحابہ کبار تعویذ گنڈے جھاڑے منتر کو بھی بہت بُرا سمجھتے تھے اور جو اِس قسم کی روایات مشہور ہیں وہ غیر معتبر بے اصل ہیں اسلام جملہ توہمات و شکوک سے پاک ہے اسمیں ہر ہر بات کو خدا ہی کے ید قدرت کا فعل سمجھنا تعلیم کیا گیا ہے ۱۲ منہ

۱۲ ۱۲ ۱۲

toobaa-elibrary.blogspot.com

کہ اسکے نام کی تسبیح و تقدیس کیجائے یہ مضمون قرآن میں بکثرت ہے - اور سلسلہ انبیائی خصوص ملت ابراہیمہ کا توحید خالص سب سے پہلا حکم موکد ہے - ملحد اور موحد میں انتہا ہی تو فرق ہے کہ ملحد اسباب کیطرف اور موحد مسبب الاسباب کیطرف نظر کرتا ہے پھر یہ کتنا فرق ہے کہ ایک کی نظر گھر کے مالک کیطرف اور دوسرے کی اس کے اسباب - اور خادموں کیطرف ہے +

فصل (۸)

روح کا بیان

بحث روح

ہم مقدمہ کتاب میں ثابت کر چکے ہیں کہ اس عالم حیات میں اصل مدرک بذریعہ حواس یہ جسم نہیں ہے اور نہ جسم میں اس قسم کے ادراک کی قابلیت ہے بلکہ وہ مدرک ایک دوسرا شخص ہے اور وہی اس جسم کو اپنے ارادے کے موافق حرکت بھی دیتا ہے بلکہ اسکی محافظت اور اسمیں تدبیر و تصرف بھی اسیکا کام ہے اسیکے وجہ سے اسکے تمام کلیں اور پرزے چلتے ہیں اگر وہ اس سے دور ہو جائے تو پھر یہ ایک خاک کا ڈھیر ہے در اصل وہی انسان ہے وہ کون ہے روح - جسکی جمع ارواح آتی ہے اور حکماء اسکو نفس ناطقہ اور ہندو آتما کہتے ہیں - اور ہر زبان میں اسکا ایک نہ ایک نام ہے - وہ بھی حواس خمسہ سے بسبب لطافت کے محسوس نہیں - ہر رنج و راحت و کلفت سکھ سب اسیکو ہیں اور وہی بڑے بھلے علوم اور افعال کی فاعل بھی ہے جسم اوس کا اس عالم محسوس میں ایک آلہ ہے - دونوں میں قدرت نے ایسا پیوند لگایا کہ جس کا سرا تک کسیکی سمجھ میں نہیں آیا - یہ روح طبی روح نہیں جو خون کے لطیف اجزا سے پیدا ہوتی ہے - جو تمام جسم کے لیئے سیٹم ہے - بلکہ روح کا مرکب نسمہ ہے اور اسکا روح طبی اور اسکا تمام جسم +

toobaa-elibrary.blogspot.com

فوائد

(۱) روح حکماء کے نزدیک جوہر مجرد ہے۔ جملہ جواہر مجردہ میں اور اسمیں کوئی تمیز بھی ہے مگر سلسلۂ انبیاء کے پابندوں کے نزدیک روح بھی جسم لطیف یا کہو جسم نورانی ہے اور اسکے مطابق اس کے اعضاء اور شکل بھی ہے۔ اسمیں قدرت نے کیا کیا کمالات ودیعت رکھے ہیں اگر انسان انپر مطلع ہوجائے تو عارف وکامل بنجائے روح کا حسن حیرت انگیز ہے اگر کوئی دیکھے تو فریفتہ ہوجائے +

وہ جسم لطیف ہونے کے سبب ایسے ہی اجسام لطیفہ سے مرنے کے بعد لذت والم باقی ہے وہ مرنے کے بعد باقی رہتی ہے اور اسکو دنیا دی باتیں بھی یاد رہتی ہیں اور اپنے احبہ سے محبت اور اعداء سے نفرت بھی باقی رہتی ہے +

(۲) ارواح قدیم نہیں نہ کوئی شے اس کی ذات کے سوا قدیم ہے اس عمدہ صفت میں اوسکا کوئی بھی شریک نہیں پر بعض علماء کہتے ہیں کہ جسم کے مکمل ہوجانے کے بعد جبکہ اسمیں روح کے تعلق کی صلاحیت پیدا ہوجاتی ہے۔ تب روح پیدا ہوتی ہے۔ مگر جمہور کا یہ قول ہے کہ وہ اس پیکر انسانی سے ہزاروں لاکھوں برس پہلے خدا نے پیدا کی۔ اور اور خطیرۃ القدس میں رہتی تھیں اور ان کی تعداد خدا کے سوا اور کوئی نہیں جانتا۔ انکے تکمیل کی غرض سے خدا نے انکو اس دنیا میں اجسام سے متعلق کیا ہے۔ اور ایک معین زمانہ کے بعد پھر جدا ہوجاتی ہے۔ اور اس قول پر یہ آیت اور یہ حدیث دلیل ہے۔

وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْ بَنِيْٓ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ قَالُوْا بَلٰى۔ اس آیت کی تفسیر میں امام احمد حنبل وغیرہ نے ایک حدیث نقل کی ہے جسکا خلاصہ یہ ہے کہ خدا نے آدم کی پشت سے انکی اولاد جو قیامت تک ہونے والی تھی باہر نکالی پھر ان سے پوچھا کہ کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں

سلہ کرد ۱۲ اعراف رکوع ۲۲ پ ۹

toobaa-elibrary.blogspot.com

سب نے اقرار کیا ہاں۔ سب سے عہد لیا کہ میرے سوائے اور کیسکو خدا نہ بنانا تمسے اس لیے عہد لے لیا گیا ہے کہ پھر تم یہ عذر نکرو کہ ہمارے باپ دادا بت پرستی کیا کرتے تھے ہمنے نہیں کی پیروی کی ہمارا کیا قصور ہے۔ اور اس عہد کو یاد دلانے کے لئے میں انبیا بھیجوں گا۔ اور نیک و بد۔ شقی و سعید اور سیر و زان کی استعداد و قابلیت کے لحاظ سے ممتاز ہو گئے تھے جنپر خدا کا نور پڑ گیا وہ اہل سعادت ہیں اور جنپر نہ پڑا وہ اہل شقاوت ہیں اور نبیوں سے بھی تبلیغ کا عہد لیا گیا تھا اور انبیا ارواح میں روشن چراغوں کیطرح چمک رہے تھے +

(۳) قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰىهَا وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰىهَا۔ قرآن نے انسانی سعادت و شقاوت کا نقشہ اس آیت میں نہایت اختصار کے ساتھ کس خوبی سے کھینچکر دکھا دیا ہے حضرات انبیا علیہم السلام کی جملہ شریعت حکمت نظریہ سے لیکر حکمت عملیہ تک سب اسی جملہ کی تفسیر ہے +

اس آیت میں تصریح ہے کہ جسنے اس عالم میں قوی بہیمہ کے امتزاج (جو قدرت نے اسمیں ملکات فاضلہ پیدا ہونے کے لئے ضمیر کی ہے)۔ جو کچھ روح پر گرد و غبار جمتے ہیں انسے پاک کر لیا اور اس کے اصلی جوہر کو چمکا دیا۔ تو اسنے دنیا اور دار آخرت میں بھی فلاح پائی۔ اور جسنے اسکو آلودہ کر لیا وہ دنیا میں بھی خراب ہوا آخرت میں بھی +

اسمیں کوئی شبہ نہیں کہ خدا کو ازل میں ہونیوالے واقعات کا پورا علم تھا جو اہر و اعیان جو کچھ عالم شہود میں پیش آتے جاتے ہیں اور انسان جو کچھ کر رہا ہے اور جو کچھ کریگا اور جو کچھ کر چکا ہے سب اسکے علم ازلی میں تھا۔ اور خدا نے اول ہی سے ارواح میں استعداد و قابلیت بھی مختلف رکھی تھی اور یہ اسکا کچھ بھی ظلم نہیں کہ زید کو بادشاہ اور عمر کو اسکا نوکر کیوں بنا دیا اب سعادت و شقاوت جو کچھ اس سے ظاہر ہو رہا ہے اسی قابلیت و استعداد ازلی کا نتیجہ ہے۔ یہی وہ تقدیر[1] ہے کہ جو نہ بدلی ہے نہ بدلے گی

[1] تقدیر کے یہ معنی سمجھنا کہ دنیا اور دین کے کاموں میں ہماری کوشش بیکار ہے اور ہمکو اپنی سستی کا حیلہ

سر لوح تقدیر

toobaa-elibrary.blogspot.com

لیکن اس کے ساتھ بندکو **قدرت** و ارادہ بھی دیا گیا ہے کہ وہ مساوی الطرفین کام کو ایک طرف وجود یا عدم میں لاسکتا ہے یہ اپنے افعال ارادیہ میں مجبور نہیں اس کے ارادی حرکات وسکنات مرتعش کے ہاتھ کے حرکات وسکنات کیطرح بے خود انہ نہیں۔ یہی وہ بندکی **قدرت** و اختیار ہے جبکو ٹھیک طور پر عمل میں لانے سے قابل مدح اور برے طور پر استعمال میں لانے سے قابل ذم ہے۔ اور اسی قدرت و اختیار کے سبب بندہ اچھے کاموں کے عمل میں لانے پر مامور اور برونکے عمل میں لانے سے ممنوع کیا گیا ہے اور اس بجاآوری حکم اور اسمیں سعی کوشش کے سبب یہ ماجور و ممدوح ہے اور نافرمانی سے معذب اور مقبوح ہے اس عالم میں اس کے لیے ترقی کی راہیں کھلی ہوئی ہیں ؎

گوئی توفیق و سعادت دریاں افگندہ اند کس بمیداں درنمے آید سواراں راچہ شد

قرآن خود خبر دیتا ہے وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى ۝ وَاَنَّ سَعْيَهٗ سَوْفَ يُرٰى کہ انسان کے لیے اسکی کوشش کے سوا اور کچھ نہیں۔ اور وہ اپنی کوشش کے نتائج کو بہت جلد دیکھے گا +

پس خدا نے انسانوں کو دو قوتیں عطا فرمائی ہیں **اول قوت نظریہ**۔ جسکی اصلاح کو شرع میں **ایمان** اور بگاڑ کو **کفر و شرک** و جہل کہتے ہیں۔ **دوسری قوت عملیہ** یعنے عمدہ کاموں کو عمل میں لانا اس کی درستی و اصلاح کو **تقوی** کہتے ہیں اور بگاڑ کو **فسق و فجور** +

انسان کے ان عمدہ علوم اور ملکات فاضلہ اور اعمال صالحہ کا ضرور روح پر ایک اثر پہونچتا ہے۔ کیا کوئی شخص اسکا انکار کرسکتا ہے کہ اسکو بعض چیزوں اور بعض کاموں کے کرنے سے خوشی نہیں ہوتی اور اس کے برخلاف میں رنج نہیں ہوتا؟ یہ وجدانیات اور

بقیہ ص ۱۳۰ بنانا اور ہاتھ پاؤں توڑ کر بیٹھ رہنا بڑا غلط خیال ہے جو نصوص قرآنیہ و احادیث نبویہ و آثار صحابہ و ہدایات انبیاء و ہدایت عقل کے سراسر خلاف ہے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

نفسانی کیفیات ہیں جن کا انکار بجز مجنون کے اور کون کر سکتا ہے؟ لذات انکار لذات ادراک سے بدرجہا بہتر ہوتی ہیں۔ کیونکہ لذات ادراک ملائم کا نام ہے پھر جب مدرک اور مدرک دونوں عمدہ ہونگے تو اس ادراک کی کیا کیفیت ہوگی۔ انسان میں در اصل مدرک روح ہے وہ ان مادیات کا ادراک تو حواس کے ذریعہ سے اور مادیات کا عمل سے کرتی ہے اور یہ ظاہر ہے کہ ادراک حسی بہ نسبت ادراک عقلی کے نامکمل ہے پھر جب روح نے مجردات اور واجب الوجود کا ادراک کیا تو اسکی لذت کا بہ نسبت ادراک مادیات کے کہ جہاں ادراک بھی نامکمل اور مدرک بھی نامکمل کیا اندازہ ہو سکتا ہے۔ کھانے پینے جماع کرنے نغمات سننے خوشبوئیں سونگھنے میں جو ادراک مادیات ہے وہ لذت نہیں جو ادراک روحانی و وجدانیات میں ہے مگر روح جبتک اس پیکر انسانی سے وابستہ ہے اور اس کے رنگ میں رنگین ہے اسوقت تک اسپر اس ادراک روحانی کی لذت و رنج کا پورا پورا ظہور نہیں ہوتا جیسا کہ کلوروفارم سونگھنے کے بعد بیہوشی میں کسی لذت و درد کا علم نہیں رہتا۔ لیکن مرنیکے بعد جب بہیمیت کے تمام نشے دور ہو جاتے ہیں وہ اثر پورا معلوم ہونے لگتا ہے ؎

بروز حشر شود ہمچو صبح معلومت — کہ ماکہ با خبتی عشق در شب دیجور۔

؎ باش تا بندروئے بکشایند — باش تا با تو در حدیث آیند

تا کیا ترا فشاندہ بر در — تا کیا ترا گرفتہ در بر

اس آیت میں اسی مضمون کی طرف اشارہ ہے فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيدٌ[1] اور کسیقدر اس عالم میں بھی ان روحانی لذات و آلام کا ادراک ہو جاتا ہے باصفا لوگوں کو اپنے معارف و عبادات اور نیک کاموں کا سرور و نور معلوم ہوتا ہے اور ہر عبادت کے انوار متمائز ہوتے ہیں انکی یہ لذت جملہ لذات حسیہ سے فائق ہوتی ہے اور اسیطرح خطرات و غفلات اور گناہوں کی ظلمت بھی معلوم ہوتی ہے۔ اور

[1] سو ہٹنے تیری آنکھ سے پردہ اٹھا دیا بس آج تو تیری نگاہ بڑی تیز ہے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

اسپر انکو وہ رنج وقلق ہوتا ہے جو حسی آلام سے بدرجہا بڑھکر ہوتا ہے جسپر وہ گریہ وزاری توبہ واستغفار کرتے ہیں اور انکا یہ الم ان کے لیئے دنیاوی جہنم نیکران کے لیے کفارہ ہوجاتا ہے +

الحاصل بندہ نے بقدر استعداد روح جسقدر اس آئینہ کو قوت نظریہ وعملیہ کے ذریعہ سے صاف کرلیا اسیقدر اسنے فلاح پائی اور جسنے جسقدر اس آلایش میں آلودہ کیا وہ خسارہ میں پڑا

(۴) روح کو اس عالم میں آکر روحانی مرض وصحت اور ترقی وتنزل کے اسباب بغیر ابنیاء علیہم السلام کے تبلائے اچھی طرح سے معلوم نہیں ہوسکتے کیلئے کہ عقل کے ساتھ ہمیشہ وہم معارض رہا کرتا ہے خصوصاً ان چیزوں کے ادراک میں کہ جہاں حواس خمسہ کام نہ آسکتے ہوں مع فلسفہ وسائنس بہرہ کرسکتا ہو جسنے محسوسات کے دائرہ سے ایک انچہ برابر بھی باہر قدم نہیں رکھا اور یہی وجہ ہے کہ بعض علوم واعمال کو بعض بہتر اور دوسرے مضر اور غلط سمجھتے ہیں ہندو گوشت کھانے اور حیوانات کے ذبح کرنے کو سخت گناہ جانتے ہیں برخلاف انکے تمام نبی آدم اسکو برا نہیں جانتے۔ خلاصہ یہ کہ عقائد واعمال کے نتائج کہ کس پر کیا روحانی نتیجہ مرتب ہوتا ہے ایک ایسا امر ہے کہ جہاں صرف عقل کام نہیں کرسکتی بلکہ آمیزش وہم سے غلطی میں پڑجاتی ہے۔ مثلاً ایک خدا کے تین حصہ سمجھنا اور گوشت وخون مسیح علیہ السلام کا سمجھکر روٹی کھانا۔ جسکو عشاء ربانی کہا جاتا ہے۔ پانی کے حوض میں اس نیت سے غوطہ لگانا کہ تمام گناہ معاف ہوجائیں گے۔ دفع امراض کے لیے گدھوں کو دانا کھلانا کہ اس سے انکے اولاد کو بیچک مضرت نہ پہونچائے گی۔ بتوں اور خیالی معبودوں کی نذر ونیاز کرنا انکو پکارنا۔ صدہا عملیات اور ٹوٹکوں کو اور نجومیوں کے فرمودہ صدقات عملیں لانا جیسا کہ بھینسا ذبح کرنا۔ ماش اور تیل خیرات کرنا۔ سونے کا پتلا بنا کر نجومی و برہمن کو دینا چوراہے میں خشکہ اور دہی اور ہلدی کی گرہ ڈال کر رکھدینا وغیرہ ان سب خرافات کو دفع بلیات وحصول مقاصد کا ذریعہ جاننا ایک ایسا بیہودہ خیال ہے کہ جسکی نہ عقل اجازت

toobaa-elibrary.blogspot.com

نہ نقل بلکہ بعینہٖ ایسا ہے ربط ہے کہ جیسا کسا نا کسائے کوئی اور موٹا ہو کوئی دوسرا ایسی تو ہمات مذاہب باطلہ پیدا ہونے کے اسباب ہوئے ہیں اور اسمیں انسان کی عمر گرانمایہ ضائع ہو کر بجائے ثمرات حسنہ پیدا ہونے کے برے نتائج پیدا ہونیکا قوی اندیشہ ہے جیسا کہ اس جہل مرکب کے بابت قرآن مجید ارشاد فرماتا ہے۔ قُلْ هَلْ أُنَبِّئُكُمْ عَلَى الْأَخْسَرِينَ أَعْمَالًا ۝ الَّذِينَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُونَ أَنَّهُمْ يُحْسِنُونَ صُنْعًا ۝ اس لئے اوس رحیم وکریم نے اس مشکل کشائی کے لیئے حضرات انبیاء علیہم السلام بھیجے اور انپر کتابیں نازل فرمائیں جنمیں روحانی امراض کے مجرب نسخے اور عقائد و اعمال پر یقینی نتائج مذکور ہیں۔ اس مشکل کا حال بجز الہام ربانی اور وحی انبیاء کے اور کسی دوسرے طریق سے ہو نہیں سکتا اس لیئے اس رحیم نے روحانی حکما حضرات انبیاء علیہم السلام بھیجے

(۵) روح کا اس پیکر جسمانی کے ساتھ چند روزہ تعلق ہے۔ جسمانی قوی جو قدرت نے ودیعت رکھے تھے تحلیل ہوتے ہوتے آخر ایک روز یہ رشتہ تعلق منقطع ہو جاتا ہے اسیکو موت طبعی کہتے ہیں۔ جس کے لیئے اطبار نے بلحاظ بلاد وحارہ وبارد مختلف تعداد قائم کی ہے۔ اس زمانہ میں اوسط عمر طبعی ساٹھ ستر برس کی ہے۔ اس کے سوا بیرونی واقعات بھی پیش آجاتے ہیں امراض شدیدہ۔ قتل۔ وغیرہ سے بھی وہ رشتہ منقطع ہو جاتا ہے اس موت سے روح نہیں مرتی نہ اس کے ادراک وعلوم زائل ہو جاتے ہیں۔ اب صرف یہ فرق ہو گیا کہ جو پہلے حواس سے ادراک جزئیات ولذائذ والام حسیہ ہوتے تھے اب بغیر اسکے ہونے لگے پہلے وہ پیکر جسمانی کے سبب محسوس تھا اب اوس قالب سے باہر ہو جانے کے سبب غیر محسوس ہو گیا اور پہلے بھی محسوس صرف پیکر تھا مگر پیکر سے اسکا رشتہ اتحاد تھا جسلئے اوسکا محسوس ہونا کہا جاتا تھا ورنہ جو یہ پہلے تھا وہی اب بھی ہے بلکہ اب

مرنے پہلے پاک اور مرنے کے بعد ارواح کی کیفیت

لہ کہو تو تمکو ہم بتائیں کہ کون خسارہ میں پڑے ہوئے ہیں؟ وہ کہ جن کی دنیاوی کوششیں بیکار گئیں اور وہ یہی سمجھے ہے ہیں کہ ہم اچھے کام کر رہے ہیں ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

تکمیل ہوگئی اور یہی وہ حیات جاودانی ہے جسکے انبیاء و اولیا اور ان سب میں حضرت خاتم المرسلین صلے اللہ علیہ وسلم زیادہ تر زندہ کہلانے کے مستحق ہیں۔ البتہ انکی موت سی حیات جسمانی نہیں رہی نہ اب انپر وہ جسمانی احکام مترتب ہوتے ہیں کیونکہ یہ خلاف مشاہدہ وخلاف آیت ہے انک میت وانہم میتون ہاں بعض افراد کا جسم عنصری لطافت کیطرف مستحیل ہو جاتا ہے وہ ویسے ہی زندہ رہتے ہیں مسیح والیاس وغیرہما۔

پاک ارواح کو مرنے سے پہلے اوس عالم نورانی کیطرف انجذاب ہونے لگتا ہے کیونکہ ہر شے اپنی اصل کیطرف میل رکھتی ہے۔ روح نورانی ہے اسلئے اسکا میلان بھی اسیطرف ہوتا ہے البتہ جسکی روحپر کثافت چھاگئی ہے وہ ان کو اسطرف مائل نہیں ہونے دیتی بلکہ عالم سفلی اور اس کے لذات کیطرف کھینچتی رہتی ہے۔ ارواح طیبہ کو کبھی وہ عالم قدس خواب میں کبھی مکاشفہ میں دکھایا جاتا ہے تب تو انپر اس قفس تن سے آزاد ہو کر اوڑ جانے کی بہت ہی بیقراری طاری ہو جاتی ہے۔ پھر دنیا اور اس کے لذات سے تعلقات بھی کم ہونے لگتے ہیں جسطرح نسیم سحر کیوقت مرغان چمن کے چہچہے سنکر انہیں میں کا وہ طائر جو قفص میں بند ہو کس حسرت سے کہتا ہے ؎

آوازِ من برسانید بمرغان چمن۔ کہ ہم آواز شما در قفصے افتادہ است

اسیطرح اسکا حال ہوتا ہے خصوص حضرات انبیاء علیہم السلام و اولیاء کرام کا شوق تو حد سے گزر جاتا ہے۔ اسلیئے وہ مرنے سے پہلے واقف بھی ہو جاتے ہیں اور دہر عالم قدس کے لوگوں میں اشتیاق غالب آجاتا ہے وہ بھی ان کے منتظر رہا کرتے ہیں اور بوقت رحلت استقبال کے لیے بھی آتے ہیں۔ آنحضرت صلعم مہینوں پیشتر اپنی رحلت سے مطلع فرما چکے تھے اور لوگوں سے رخصت ہوتے تھے اور وقت اخیر یہی کلمہ ورد زبان تھا اللھم الرفیق الاعلیٰ۔ کہ الٰہی جلد مجھے بارگاہ قدس میں پہونچا۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے جبکہ خواب میں حضرت یعقوب اور اسحاق اور ابراہیم علیہ السلام اور اپنی

toobaa-elibrary.blogspot.com

والدہ کو دیکھا کہ ایک عمدہ اور روح کش مقام میں کرسیوں پر بیٹھے ان کا انتظار کر رہے ہیں تو اس عالم کے شوق میں بیدار ہو کر یہی دعا مانگی توفنی مسلما والحقنی بالصلحین عموماً ایمانداروں کو بھی جن کی ارواح میں کچھ بھی لطافت ہوتی ہے چالیس برس کے بعد جبکہ قویٰ بہیمیہ کا زور ٹوٹنے پر آجاتا ہے تو اسی عالم کا شوق پیدا ہو جاتا ہے چنانچہ یہ آیت اس حال کو بیان فرما رہی ہے۔ حتیٰ اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَبَلَغَ اَرْبَعِیْنَ سَنَةً قَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ ۚ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْكَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ عارفین بھی اپنے کلام میں اسی اشتیاق کو ظاہر کرتے رہتے ہیں۔

تو می آں دست پرور مرغ گستاخ۔ کہ بودت آشیاں ہیروں ازیں کاخ
چرا زاں آشیاں بیگانہ گشتی۔ چو دو ناچند ایں ویرانہ گشتی۔
بیفشاں بال و پر زآمیزش خاک بہ پرتا کنگرہ ایوانِ افلاک

برخلاف ناپاکوں کے کہ انکو اور بھی عالم سفلی ولذائذ خسیسہ کیطرف رغبت بڑھ جاتی ہے۔ انسان جب کسی کام کو بار بار کرتا اور راتدن اسیکا شغل رکھتا ہے تو اسکام کا

لہ کہ الٰہی مجھے اپنی نیازمندی میں موت دیجئے اور ابرار سے ملا دے ۱۲ منہ

لہ یہاں تک کہ جب مومن اپنی پوری قوت اور چالیس برس کو پہونچ جاتا ہے تو دعا کرتا ہے کہ اے رب مجھے ایسات کی توفیق دے کہ آپنے جو کچھ مجھپر اور میرے ماں باپ پر عنایتیں کی ہیں میں انکا شکر ادا کروں اور یہ کہ وہ کام کرتا ہوں جو آپ کو پسند ہوں اور میری اولاد میں بھی صلاحیت دی (کہ اس سے ہمیشہ سلسلہ عبودیت قایم رہے) کیونکہ میں آپ کی طرف رجوع ہو گیا اور میں تیرے نیازمند بندوں میں سے ہوں۔ اسلام گردن نہادن اس سے مراد تابعداری ان احکام کی جو اسنے اپنے رسولوں کی معرفت بھیجے ہیں۔ مرتے وقت اسلام میں ہونے کی آرزو انبیاء کو بھی تھی اور یہی ایک عمدہ واسطہ بندہ اور اسکے خدا میں ہے۔ آمین ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

اسمیں ایک ملکہ بھی پیدا ہو جاتا ہے۔ شب و روز دنیا طلبی۔ رات دن لہو و لعب میں مشغول۔ فسق و فجور۔ مکاری و عیاری میں انہماک۔ اسکے جوہر نورانی کو بالکل سیاہ کر دیتے ہیں۔ اس کی اور بھی حرص دنیا بڑھ جاتی ہے ع مرد چوں پیر شود حرص جواں میگردد۔ یہ مرنے کے نام سے بھی ڈرتا ہے۔ وہاں جانا ایسا برا سمجھتا ہے کہ جیسا کوئی ملزم عدالت میں جانا۔ اسلئے بوقت اخیر گروہ اول کافر فرح و سرور اور گروہ ثانی کا رنج و غم جنت و دوزخ بنکر سامنے آتا ہے۔

(۶) بوقت مرگ ہر انسان کا معاملہ اسکی روح کی صفائی اور کدورت کے لحاظ سے جداگانہ پیش آتا ہے۔ جو مومن اور نیک ہیں۔ یعنے ان کی روح پر تاریکی بہیمیت غالب نہیں ملائکہ ان کی گرہ کھولنے کو آتے ہیں اس قبض عنصری سے نہایت آسانی کے ساتھ روح کا تعلق منقطع کر دیتے ہیں۔ حَتّٰى اِذَا جَآءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا۔ قُلْ يَتَوَفّٰكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِيْ وُكِّلَ بِكُمْ۔ جب حواس ظاہرہ پر پردہ پڑ جاتا ہے اور یہ بیکار ہو جاتے ہیں تو جسطرح خواب میں ایک دوسرا عالم منکشف ہو جاتا ہے۔ اسیطرح اب ایک دوسرا عالم نمایاں ہونے لگتا ہے حقیقت میں خواب دنیا سے آنکھ کھل گئی۔ جہاں تک اسکی نگاہ کام کرتی ہے فرشتے اور روحانیات اس کے مرتبہ کے موافق جن سے اسکو اور اسکو انسے ارتباط تھا اس کے لینے کے لیے آئے بیٹھے دکھائی دیتے ہیں۔ ان کی وہ مانوس اور دل خوش کن صورتیں اور اس عالم کی بہار جو کچھ اسکو مسرور کر رہی ہے اسکا بیان نہیں ہو سکتا۔ اب وہ اسکی روح کو نہایت لباس فاخرہ سے جسمیں نہایت خوشبو ہے عالم بالا کو لیجاتے ہیں۔ اسکے مرتبہ کے موافق اسکو خدا تعالے کے دربار میں حضوری ہوتی ہے اور اس کو علیین میں رہنے کا حکم ہوتا ہے۔ وہاں اپنے اعزہ و اجسم سے ملتا اور ہر طرح کی فرحت و سرور سے حیات جاودانی بسر کرتا ہے۔ اس حضوری کے بعد اسکو ہر طرح کی آزادی ہے وہ اپنے جسم اور گھر والوں اور دوست احباب کو روتے غم کرتے دیکھتا ہے اور سب کو پہچانتا ہے۔ پھر اسکو اپنے جسم عنصری کے ساتھ بھی ایک قسم کا علاقہ قائم رہتا

وقت مرگ کا حال

toobaa-elibrary.blogspot.com

خواہ وہ جسم ہوا میں لٹکا دیا جائے یا دریا میں ڈبو دیا جائے یا جلا دیا جائے یا گڑھے میں دبا دیا جائے بہر حال اس تعلق کے سبب جسکو شرع نے وَيُعَادُ رُوحُهُ فِي جَسَدِهِ سے اور کبھی یقعد انہ سے اور کبھی فیجلسان سے تعبیر کیا ہے یہاں کے ملائکہ بھی جو اسکے لیئے نعیم و راحت پہونچانے پر معین ہیں اس سے توحید و رسالت کی بابت سوال کرتے ہیں کیلئے کہ نجات کا زیادہ تر دارومدار تکمیل قوت نظریہ ہے اور قوت نظریہ کی تکمیل کے لیئے اسیقدر کافی ہے آگے جو کچھ اسنے ترقی کی ہو وہ اس کے رفع درجات کا باعث ہے جب یہ خدا کی توحید اور نبی آخر الزماں کی رسالت کا اقرار کرتا ہے تو اس اقرار کے بعد اسکو عالم علیین کے اندر جانے کی اجازت دیتے ہیں تب ہر قسم کے نعیم و ناز میں رہتا ہے۔ قیامت تک۔ یہ اس شہر قدس میں داخل ہونے کے لیئے ایک قاعدہ ہے جس سے بہت لوگ مستثنیٰ بھی ہیں مسلمانوں کی صغیر اولاد شہدار انبیاء اولیاء اور جو کافر و مشرک اور اسپر فاسق و فاجر بھی ہے تو اسکو مہیب ملائکہ اور اس کے برے اعمال مشکل ہو کر نظر آتے ہیں اور بہت سختی اور اہانت سے اسکی روح قبض کر کے اوپر لیجانا چاہتے ہیں جسمیں سے بدبو آتی ہے لیکن اسکا وہ ثقل ہیولانی جو اس کے جوہر نورانی پر غالب آگیا ہے اسکو عالم بالا تک جانے نہیں دیتا جسکی طرف اس آیت میں اشارہ ہے لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ أَبْوَابُ السَّمَاءِ وَلَا يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ حَتَّىٰ يَلِجَ الْجَمَلُ فِي سَمِّ الْخِيَاطِ ۝ تب وہ عالم سفلی کیطرف پھینکدیا جاتی ہے جسکی طرف اس آیت میں اشارہ ہے وَمَنْ يُشْرِكْ بِاللَّهِ فَكَأَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَاءِ اب اوسی علاقہ مخصوص کے سبب عالم برزخ کے

---

۱ اس کی روح اس کے جسم میں لوٹائی جاتی ہے۔ ۲ فرشتے اسکو بٹھاتے ہیں ۳ کفار اور مشرکین کی روح کے لیئے آسمانوں کے دروازے نہ کھولے جائیں گے کہ وہ اوپر جائیں) اور نہ وہ جنت میں جائیں گے یہاں تک کہ اونٹ سوئی کے ناکہ میں گھس جائے ۱۲ ۴ جسنے شریک کیا اللہ کے ساتھ کسی اور کو گویا کہ وہ آسمان سے گر پڑا۔ ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

ملائکہ اُس سے توحید و رسالت کی بابت پوچھتے ہیں اور یہ جواب نہیں دیتا یا غلط جواب دیتا ہے تو اسکو ہر قسم کا عذاب قیامت تک دیا جاتا ہے۔ (یہ مضمون اکثر احادیث میں وارد ہے) اور جسجگہ یہ اشرار معذب ہوتے ہیں اسکو **سجین** کہتے ہیں۔ یہ انکا جیلخانہ ہے۔

سوال۔ یہ سب خیالی باتیں ہیں۔ کیلئے کہ قبر میں صدہا مردوں کی لاشیں دیکھی گئیں نہ ان کے جسم میں انکی روح کا اعادہ کیا گیا وہ تو ویسے کے ویسے ہی بیحس و بے جان مردے نظر آئے نہ انکا وہ ثواب نظر آیا نہ وہ عذاب کسیکو باغ و انہار ہر قسم کی راحت میں نہیں دیکھا گیا نہ اسکے پاس حور و غلمان بیٹھے نظر آئے نہ انگور وغیرہ میوے دیکھے گئے۔ نہ کسی پر آتشیں گرز پڑتے دیکھے نہ کسیکو آگ میں جلتے دیکھا نہ سانپ اور بچھو ڈستے دکھائی دیئے گئے ایسی باتوں نے عرب کے پیغمبر نے اس ملک کے جاہلوں کو ڈرا اور رجھا کر مطیع کر لیا تھا۔

جواب۔ ہم کہہ چکے ہیں کہ روح محسوس نہیں نہ اسکے ثواب و عذاب محسوس ہیں پھر انکا نظر نہ آنا کوئی تعجب خیز بات نہیں اور قبر سے مراد وہ عالم برزخی ہے اور اس گڑھے کو کہ جہاں جسم پڑا ہوا ہے اوسی تعلق خاص کے سبب قبر کہا جاتا ہے ورنہ نہ اسمیں روح بند ہے نہ اسمیں ثواب و عذاب ہو رہا ہے۔ البتہ کبھی کبھی اس روحانیت کے ثواب و عذاب کا اثر اس بدن پر بھی نمایاں ہو جاتا ہے۔ اسکی بعینہ ایسی مثال ہے کہ کوئی شخص خواب میں کوئی رنج و راحت کے سامان دیکھے یا کہیں کی سیر کرے اور اسپر واقعات پیش آئیں اس کے جسم پر دیکھنے والے کو انمیں سے کوئی بات بھی محسوس نہیں ہوتی بلکہ وہ تو وہیں پڑا ہوا دکھائی دیتا ہے پھر کیا وہ دیکھنے والا اس کے خواب کے واقعات کو جو اس کی روح پر

لہ اسی لئے حضرات انبیاء علیہم السلام اور اکثر اولیاء کرام و بعض شہداء و صالحین کا جسم بھی ویسا ہی سلامت رہتا ہے بغیر کسی حنوط اور مصالح لگانیکے سینکڑوں برسوں کے بعد انکی قبروں میں ویسی کی ویسی لاشیں دکھائی دی ہیں۔ اور اسکا بارہا مشاہدہ ہوا ہے اور اسیطرح بعض اشقیاء کے بدن پر بھی آثار عذاب دیکھے گئے ہیں۔ روح جو برسوں جسم میں رہی ہے اسکا اثر جسم تک پہنچ جانا کوئی تعجب خیز بات نہیں ہے ۱۲

toobaa-elibrary.blogspot.com

پیش آرہے ہیں جھٹلا سکتا ہے؟ ہرگز نہیں۔ البتہ کبھی واقعات خواب کا جسم پر بھی اثر نمایاں ہوتا ہے۔ خواب میں کوئی چوٹ آئے تو بیدار ہونے کے بعد اعضا جسم میں درد محسوس ہوا ہے۔ یا خواب میں رونے کا اثر دکھائی دیا ہے کہ آنکھوں سے آنسو رواں پائے گئے ہیں۔ اسیطرح احتلام کا اثر ہے۔ ان حقائق کا انکار کرنا محض کوری اور سخت بے نصیبی ہے ÷

(۷) انبیائی سلسلہ کے لوگ بالاتفاق روح پر عذاب و ثواب ہونے کے قائل ہیں اور اسکے بھی کہ روح انسان کے مرنے کے بعد باقی رہتی ہے اور اسکو دنیا کے تمام واقعات یاد رہتے ہیں اور اپنے عزیزوں دوستوں سے محبت بھی باقی رہتی ہے اور پھر روح کسی دوسرے جسم عنصری میں جزا و سزا بھگتنے کے لیے نہیں آتی جسکو تناسخ ہندی میں آواگون کہتے ہیں۔ قرآن فرماتا ہے وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ ؕ بَلْ اَحْيَآءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ ۝ سورۂ بقرہ۔ رکوع ۱۷+ وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا ؕ بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ ۝ فَرِحِيْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَيَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِهِمْ مِّنْ خَلْفِهِمْ اَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ سورۂ ال عمران رکوع ۱۶۔ اور جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے گئے ہیں انکو مرا ہوا نہ سمجھنا بلکہ وہ اپنے رب کے پاس موجود ہیں انکو روزی دیجاتی ہے اور جو کچھ اللہ نے ان کو اپنی عنایت سے بخشا ہے اسمیں خوش و خرم رہتے ہیں۔ اور جو ان کے عزیز دوست ابھی مرکر انکے پاس نہیں پہونچتے ہیں ان کی طرف سے بھی خوشی پاتی ہیں کہ انپر بھی کوئی خوف اور رنج نہیں۔ قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ ؕ قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِيْ يَعْلَمُوْنَ ۝ بِمَا غَفَرَ لِيْ رَبِّيْ وَجَعَلَنِيْ مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ ۝ سورۂ یٰسین رکوع ۱۔ کہ جب عیسے کے رسولوں میں سے ایک کو لوگوں نے قتل کر ڈالا تو اسکو حکم ہوا کہ جاؤ جنت میں داخل ہو جاؤ جنت میں

toobaa-elibrary.blogspot.com

جا کر اسنے کہا کہ اے کاش میری قوم کو بھی یہ معلوم ہو جاتا کہ میرے رب نے مجھے بخشدیا اور مجھپر کیا کیا عنایت کی۔ اَلَمْ یَرَوْا کَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ اِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُوْنَ وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ۝ سورہ یسین رکوع ۱۔ کیا وہ اس بات کو نہیں دیکھتے کہ انسے پہلے ہمنے کتنی قوموں کو ہلاک کر دیا وہ پھر کر ان کے پاس نہیں آتے وہ تو سب کے سب ہمارے پاس حاضر کیے گئے ہیں ٭

ان آیات سے یہ باتیں ثابت ہوئیں (۱) یہ کہ مرکر انسان نیست نہیں ہو جاتا جیسا کہ اہل محسوسات (فلسفہ جدید) کہتے ہیں (۲) یہ کہ نیکوں کو ایک دوسرے عالم میں خدا کی طرف سے ہر قسم کی نعمتیں ملتی ہیں اور فرحت و سرور بے اندازہ میں مسرور رہتے ہیں۔ (۳) یہ کہ انکو اپنے دنیاوی دوست اور عزیزوں سے علاقۂ ہمدردی اور محبت باقی رہتا ہے جسپر انکو انکی طرف سے بھی بخشش و عنایت کا اطمینان دلایا جاتا ہے۔ (۴) مرکر دنیا میں پھر واپس نہیں آتے۔ وَمِنْ وَرَائِهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ کہ ان کے سامنے قیامت تک ایک پردا ہے جس سے وہ پھر کر دنیا میں نہیں آتے اور یہی آیات ہیں اور احادیث میں تو نہایت تشریح ہے **انجیل لوقا** کے سولھویں باب میں حضرت مسیح علیہ السلام کا یہ قول منقول ہے ٭

"ایک دولتمند تھا جو مہین اور لال کپڑے پہنتا تھا اور ہر روز شان و شوکت سے عیش کرتا تھا۔ اور ایک دوسرا شخص بھی تھا جسکا لعزر نام تھا جس کے بدن میں ناسور تھے اور وہ اس کی ڈیوڑھی پر پڑا ہوا تھا جسکو آرزو رہتی تھی کہ اس کی میز کے گرے ہوئے ٹکڑوں سے اپنا پیٹ بھرے اور کتے آکر اس کے زخموں کو چاٹا کرتے تھے۔ اور ایسا ہوا کہ غریب لعزر مرگیا اور فرشتوں نے اسے لیجا کر ابرہیم[1] کی گود میں رکھا اور پھر وہ

[1] حضرت ابرہیم علیہ السلام کو اپنا مداروں کے ساتھ علاقہ پدری ہے اسی لیئے اوس عالم میں وہ ارواح مومنین کے مربی ہیں انکے مناسبت اور ارتباط قائم رکھنے کیلئے مسلمانوں کو درود نماز میں ابرہیم علیہ السلام پر بھی رحمت بھیجنے کا حکم ہے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

دولتمند بھی مر گیا اور گاڑ دیا گیا اس نے دوزخ کے اندر سے بڑے عذاب میں سے دور سے آنکھ اوٹھا کر ابراہیم کو اور لعزر کو اُن کی گود میں دیکھا۔ تب اِس نے پکار کر کہا کہ اے باپ ابراہیم مجھپر رحم کر اور لعزر کو بھیج کہ اپنی اُنگلی کا سرا پانی میں تر کر کے میری زبان ٹھنڈی کرے کیونکہ میں اِس لو میں تڑپتا ہوں تب ابراہیم نے فرمایا کہ تو دنیا میں اپنی زندگی کے مزے لے چکا اور لعزر تکلیفیں پا چکا۔ سو اب وہ آرام پاتا اور تو تڑپتا ہے۔ اِس کے سوا ہمارے اور تمہارے درمیان ایک خندق حائل ہے جسکے سبب ادہر کے لوگ اودہر اور اُدہر کے ادہر نہیں جا سکتے تب اسنے کہا کہ میں آپ کی منت کرتا ہوں کہ لعزر کو میرے باپ کے گھر بھیجے کیونکہ میرے پانچ بھائی اور ہیں یہ جا کر انکو مطلع کرے ایسا نہو کہ وہ بھی اِسی عذاب کی جگہ میں آئیں ابراہیم نے فرمایا کہ ان کے پاس موسیٰ اور دوسرے نبی ہیں چاہیئے کہ وہ ان کی سنیں اِس نے کہا اے باپ ابراہیم اگر کوئی مردوں میں سے انکے پاس جائیگا تو وہ ضرور توبہ کرینگے ابراہیم نے جواب دیا کہ جب وہ موسےٰ اور دیگر نبیوں کی نہیں سنتے تو اگر مردوں میں سے بھی کوئی اِن کے پاس جائیگا تو وہ کب مانیں گے ۔

اِس قول سے بھی یہ چند باتیں ثابت ہوتی ہیں (۱) یہ کہ مرتے ہی قیامت سے پہلے ہر شخص پر عذاب وثواب عالم برزخ میں ہوتا ہے۔ کیونکہ دولتمند کے مرنے سے قیامت نہیں ہوگئی تھی بلکہ اِس کے دنیا میں پانچ بھائی باقی تھے اور نیز مسیح علیہ السلام سے پہلے کا واقعہ ہے اور اسیکو شریعت اسلام میں **عذاب وثواب قبر** کہتے ہیں جسپر بعض ناواقف مستشرقین تقلید فلاسفہ اعتراض کیا کرتے ہیں۔ (۲) یہ کہ اب بھی دوزخ اور بہشت موجود ہے۔ کیونکہ لعزر بہشت میں اور دولتمند دوزخ میں تھا۔ (۳) اوس عالم میں نعمت وتکالیف جسمانی بھی ہیں گو یہ جسم عنصری نہو کیس لیے کہ تو اور پانی کا ذکر اِس واقعہ میں ہے اسیطرح اور اسباب نعیم وتکالیف بھی ہوں تو قرین قیاس ہے۔ اور نیز انجیل میں انگور کے شیرہ پینے کا بھی ذکر ہے۔ پھر کیا صرف انگور کے شیرے ہی پر قناعت ہوگی۔ یہ وہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

دوزخ اور بہشت، جسمانی ہے کہ جسپر ناواقف عیسائی اعتراض کیا کرتے ہیں۔ (۴) مرنے کے بعد اوس دولتمند کو اپنے بھائیوں کے ساتھ دردمندی تھی جس سے معلوم ہوا کہ دنیاوی امور کا علم اور محبت باقی رہتی ہے (۵) اوس عالم سے پھر دنیا میں واپس نہیں آتا۔ ہاں معجزہ کے طور کبھی کبھی سابق جسم میں روح کا لوٹ آنا ثابت ہوا ہے سو یہ تناسخ نہیں کہلائے گا تناسخ دوسرے قالب میں اعمال کی جزا و سزا پانے کے لیے آتا ہے +

یہود کا صرف فرقہ صدوقی اور فلسفہ جدید اور فرقہ دہریہ اور مادیہ وطبیعہ چونکہ غیر محسوس چیز کا وجود نہیں مانتے اپنے اس غلط قاعدہ کی پابندی سے مرنے کے بعد روح کے قائم رہنے اور اس کے ثواب وعقاب کا انکار کرتے ہیں جسپر بجز اس لغو دلیل کے کہ جو محسوس نہیں ہم اسکو نہیں مانتے اور کوئی دلیل ان کے پاس نہیں۔ مگر اب بہت سے حکماء حال اس کے قائل ہوتے جا رہے ہیں۔ حکماء قدیم مرنے کے بعد روح کے قائم رہنے اور اسکو ثواب وعذاب ہونے کے قائل تھے مگر عمدہ علوم ومعارف کی خوشی کو جنت اور بُرے علوم وملکات رذیلہ پر افسوس کرنے کو جہنم کہتے تھے۔ دیگر نعمار کے بسبب اسکے کہ روح کو جوہر مجرد سمجھتے تھے قائل نہ تھے +

ہندو عموماً روح کے باقی رہنے کا تو اقرار کرتے ہیں اور یہ بھی کہتے ہیں کہ وہ اپنے گیان[۱] وکرم کا پھل پاتی ہے مگر اسی عالم حسی میں تناسخ کے طور پر۔ یعنے وہ روح اپنے پہلے گیان وکرم کے موافق کسی اور دوسرے جسم میں جاتی اور جنم لیتی اور جون بدلتی ہے۔ برا انسان مرکر کتے سور کے جسم میں ظہور کرتا ہے یہاں تک کہ انسان بلکہ جملہ حیوانات بلکہ نباتات کے جون میں جاتی ہے۔ اب وہ جو گوشت نہیں کھاتے اور ذبح حیوانات کو بڑا گناہ سمجھتے ہیں یہ تو بتائیں کہ جب نباتات بھی وہی انسان ہیں تو پھر انکا کھانا کیا انسان کا کھانا نہیں؟ اور ان کا توڑنا کاٹنا ذبح حیوانات نہیں تو پھر کیا ہے؟

[۱] گیان علم کو کہتے ہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

اگر سب نہیں تو بعض کی تمکو کیا تمیز ہے +

(مسئلہ تناسخ)

مسئلہ تناسخ

نہ کسی دلیل و برہان عقلی سے ثابت ہے نہ کسی الہامی دلیل سے محض پنڈتوں کا ایک خیال فاسد ہے۔ جسکی تقلیداً پیروی کرتے چلے آتے ہیں۔ بلکہ اس کے بطلان پر یہ دلائل ہیں +

دلیل اول

دلیل اول۔ جب یہ ثابت ہو چکا کہ تمام عالم خواہ مادہ خواہ مادیات خواہ ملائکہ خواہ ارواح سب حادث ہیں وصف قدم میں اس کے سایہ کیکو بھی شرکت نہیں۔ تو اب ہم کہتے ہیں کہ جب اول بار روح کا جسم کے ساتھ تعلق ہے اور انسان بنکر عالم شہود میں آیا تو رنج و راحت جو کچھ گزر رہا ہے یا جو کچھ اسکو عمدہ صورت اور دولت و ثروت ملی ہے یہ کس عمل اور سابق علم کا ثمرہ ہے؟ کہنا پڑیگا کہ کسیکا بھی نہیں کیلئے کہ اس سے پہلے اسنے نہ کوئی عمل کیا تھا نہ کوئی معرفت حاصل کی تھی۔ اور اگر ہم تھوڑی دیر کے لئے یہ بھی تسلیم کرلیں کہ ارواح قدیم ہیں جیسا کہ ہنود کا خیال بلا دلیل ہے تو مرکبات کے حادث ہونے میں تو کلام ہی نہیں انسان یعنے اوسکا یہ پیکر اور اس کے ساتھ تعلق روحانی ضرور حادث ہے۔ معلوم ہوا کہ یہ اگلے جنم کے اعمال و معرفت کا نتیجہ نہیں پس ثابت ہوا کہ تناسخ جسکو اعمال و معرفت سابقہ کا نتیجہ ثابت کرنے کے لئے ثابت کرتے ہیں۔ باطل ہے +

دلیل دوم

دلیل دوم۔ دنیا کو دار العمل ہندو بھی مانتے ہیں اسلئے آریہ ہندو اور قوموں کو اپنے مذہب میں ملاتے اور وید و پر عمل کرنے سے مکتی (نجات) حاصل ہونا فرماتے ہیں

ف آریہ ہندو کہتے ہیں کہ ابتدا آفرینش میں چار وید چار رشیو پر الہام ہوئے تھے وہ بتلائیں کہ ان کی کیا خصوصیت تھی اور ان کے کونسے عمل سابق کا نتیجہ تھا ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

نیک کاموں کا (وہ جو کچھ بھی اِن کے نزدیک ہوں) حکم دیتے ہیں اور انسان کو اپنے افعال کا فاعل مختار بھی سمجھتے ہیں۔ پھر اگر دار العمل ہی جنا و سزا کا مقام ہو جائے تو وہ دار العمل مزہ ہے کیونکہ سزا میں گرفتار ہو کر اسکو نیک کاموں کی فرصت ہی کہاں ہوگی اور عیش و آرام شراب و کباب جو اِس عالم کی بہشت ہے اِس کے مزے سے وہ کیونکر باز رہیگا اور کیوں رہے؟۔ اور بندہ جب اپنے اعمال میں مختار ہے تو کیا وجہ ہے کہ اسکو اِس عالم میں اِن کی کچھ بھی سزا و جزا نہ ملے۔ حالانکہ ملتی ہے زہر کھانے سے مرتا ہے تریاق سے فائدہ اُٹھاتا ہے چوری قتل کی سزا پاتا ہے تجارت میں نفع اُٹھاتا ہے زمین کاشت کر کے پھل کھاتا ہے پھر ان نتائج کو اعمال سابقہ کی جزا و سزا کہنا خلاف مشاہدہ اور بدیہی البطلان ہے پس یہ کہنا کہ جو کچھ اسپر دکھ ہے وہ اگلے جنم کا ثمرہ ہے غلط ثابت ہوگیا

تیسری دلیل۔ ہندو خدا کو رحیم و کریم بھی کہتے ہیں۔ دیا لو لقب سے ملقب کرتے ہیں پھر انسان پر جو کچھ رنج و راحت گزر رہا ہے اور جو کچھ اسکو کمال و خوبی ہے اگر وہ اِس کے اعمال سابقہ کا ہی نتیجہ ہے تو خدا کا کیا احسان بندہ پر ہوا۔ اول تو اُسنے اِن کے اعتقاد کے موافق اسکی روح کو پیدا ہی نہیں کیا۔ کیونکہ ایسا کہیں تو روح حادث ہو جائے پھر جو کچھ اِس کے پاس نعمت ہے وہ بھی اِس کی نہ تو اِس کی دیا اور کرپا کیا ہے؟ اور نیز رحمت کا مقتضیٰ یہ ہے کہ بندہ اگر اپنے اعمال سے نادم اور تائب ہو تو اِس دار العمل میں وہ رحیم و کریم معاف بھی کر دے۔ اس صورت میں وہ معاف ہی نہیں کر سکتا۔ اب نہیں معلوم کہ وہ مرضی خدا کس مرض کی دوا ہے نہ کچھ دے سکتا ہے نہ لے سکتا ہے نہ کوئی مصیبت دور کر سکتا ہے نہ توبہ سے کچھ کام چل سکتا ہے پھر کوئی انسان جو طرح طرح کی تکلیف میں مبتلا ہے اور دار العمل میں راتدن دعائیں مانگتا ہے مگر الشیر صالح کچھ ہی نہیں کر سکتے ؛

پھر نہ معلوم کہ یہ ہندو مسلمانوں اور عیسائیوں کے اِس اعتقاد پر کہ یہ لوگ جہنم میں

toobaa-elibrary.blogspot.com

جلیں گے چلائیں گے مگر نجات نہ پائیں گے کس نبیاد پر اعتراض کیا کرتے ہیں حالانکہ وہ عالم دار الجزا رہے دار العمل نہیں +

دلیل چوتھی

چوتھی دلیل جب دنیا دار العمل یہی ہے تو اسکو جو کچھ جزا و سزا ہو اسکا علم یہی ہونا چاہیئے کہ یہ فلاں جنم کے فلاں کاموں کا برا یا بھلا نتیجہ ہے تاکہ آئندہ برے کاموں سے اجتناب بھلے کاموں کی کوشش کرے۔ حالانکہ اسکو یہ بھی یاد نہیں کہ میرا پہلے کس جنس یا نوع میں جنم تھا اور میں کسکے گھر کس شہر میں پیدا ہوا تھا۔

دلیل پانچویں

پانچویں دلیل آریہ ہندوؤں کا سرگ ایک خرابات اور چکلہ تسلیم کرنا پڑتا ہے کیونکہ جو فواحش اور بدکار مالدار ہر قسم کے خرافات میں مصروف رہکر مزے اوڑا رہے ہیں وہ اگلے جنم کا ثمرہ ہے اور ان کے عمدہ کرموں کا پھل اور یہی اسکی اس عالم میں بہشت ہے۔ اسکو نظر انداز کرکے اہل اسلام کی جسمانی بہشت پر قہقہہ اڑانا کار خردمندانہ نہیں ہے +

دلیل چھٹی

چھٹی دلیل تناسخ کا مسئلہ انسان کی روحانی سعادت کا مانع ہے۔ کیونکہ انسانی سعادت کے لیئے جزء اعظم معرفت (گیان) ہے سو وہ تو ایک جنم میں اسنے جہاں تک حاصل کیا تھا دوسرے جنم میں آکر بالکل زائل کر دیا۔ کیونکہ جب اگلا جنم ہی سرے سے یاد نہیں تو اس جنم کے علوم و معارف کیا خاک یاد رہیں گے اب اس جنم میں آکر ان علوم و معارف کا نتیجہ اور اس جپ تپ کا ثمرہ اسکو سلطنت۔ دولت عیش و عشرت ملی جسنے اسکو لذات حسیہ اور شہوت پرستی میں مبتلا کرکے حیوانوں سے بھی بدتر کر دیا۔ تو اگلے جنم میں اس جنت کے بدلہ اسکو ضرور جہنم ملے گی ترقی کے بعد تنزل قضیہ معکوس ہے اور یہی بہت سے دلائل ہیں +

ارواح کے حالات

(۸) ارواح کے حالات بھی جداگانہ ہیں۔ بعض کو مرنے کے بعد عالم سفلی کیطرف سے بے التفاتی ہوتی ہے۔ وہ عالم روحانی ہی میں مسرور و مشغول رہتی ہیں اور بعض کو

toobaa-elibrary.blogspot.com

اس عالم کیطرف بھی التفات رہتا ہے۔ پھر اس التفات اور بے التفاتی کے درجات مختلفہ ہیں۔ کبھی بہت زیادہ یہاں تک کہ اپنے دنیاوی معاملات کا حال بتا دینا علوم و معارف تعلیم کرنا۔ آنے والے حوادث اور ان کی تدابیر بتا دینا۔ کبھی خواب میں اور کبھی دیکھنے والے کے مراقبہ میں۔ کبھی مجسم دکھلائی دیکر۔ مگر یہ بہت کم ہوتا ہے۔ اس کے لیئے دعا کرنا۔ اس کے غم والم سے مغموم ہونا اس التفات کی دلیل ہے سلف صالحین نے شہیدوں کی بابت اس قسم کے بہت سے واقعات بیان کیئے ہیں۔ جیسا کہ بالاتفاق مانتے ہیں کہ مرنے کے بعد حضرت مسیح علیہ السلام حواریوں اور اپنی والدہ ماجدہ کو عیاناً دکھائی دیئے۔ اور ان سے باتیں بھی کیں۔ جیسا کہ اناجیل موجودہ میں مصرح ہے +

اسیطرح ارواح خبیثہ جو عالم سفلی میں معذب ہوتی ہیں اور بقدر جرائم انکا عذاب بھی مختلف ہوتا ہے۔ کبھی لوگوں کو دکھائی دے جاتی ہیں۔ چنانچہ بعض آثار صحیحہ سے ثابت ہوا ہے کہ بدر کے مقتول کفار کو بعض نے مبتلا ء عذاب دیکھا ہے کبھی شیاطین بھی لوگوں پر مسلط ہو جاتے اور بزرگوں کے نام سے شرک تعلیم کرتے ہیں۔ جہال قوموں میں اسکا بہت کچھ نمونہ پایا جاتا ہے اور انکی صحبت سے جاہل مسلمانوں پر بھی اثر پڑ گیا ہے چنانچہ کہیں سید کے طاق پر سہرا ٹنگا ہوا ہے۔ جمعرات کو چراغ روشن کیا کرتے ہیں اور اوس سے مرادیں مانگا کرتے ہیں۔ کہیں کسی قبر پر سیکڑوں پرستش کے سامان موجود ہیں۔ ان کے لیئے نذریں نیازیں ادا کیجاتی ہیں۔ انسے مرادیں مانگی جاتی ہیں +

اور کبھی یہ تعلق رفتہ رفتہ کم ہوتا جاتا ہے جبکہ اوس عالم کی طرف توجہ بڑھتی جاتی ہے۔ یہ ایک عجیب سراہی ہے۔ اہل صفا نور باطن کے سبب ارواح سے ملتے اور اونسے فیض بھی پاتے ہیں۔ پھر ارواح بھی آپسمیں ملتی ہیں۔ ان کے لیئے جہانتک نظر کام کرے پر بہار باغ اور انمیں وہ وہ مکانات اور وہ وہ سامان ہیں جو کسی آنکھ نے دیکھے نہ کسی کان نے سنے نہ کسیکے دلمیں انکا خطرہ گزرا ہے اور وہاں اپنے اپنے

toobaa-elibrary.blogspot.com

درجات کے موافق ارواح میں بھی قابل تعظیم و احترام ہوتے ہیں۔ گناہگار اور کفار بہت تنگ و تاریک مکانوں میں مقید ہوتے ہیں۔ پیاس لو۔ عذاب جہنم سب کچھ ان کے لئے ہوتا ہے +

(۹) دار الجزاء کامل تو عالم آخرت ہے۔ وہاں عمل کا نام و نشان بھی نہیں دنیا دار العمل ہے لیکن کبھی کسیقدر دنیا میں بھی انسانی اعمال کی جزا و سزا ملتی ہے جیسا کہ قرآن مجید کی اکثر آیات اور احادیث صحیحہ اور مشاہدہ سے معلوم ہوتا ہے۔ وَلَقَدْ اٰتَيْنَاهُ[۱] اَجْرَهٗ فِي الدُّنْيَا وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ مگر یہ سمجھنا کہ کافر پر جو کچھ دنیا میں مصیبت آتی ہے وہی دوسرے عالم کے لئے کافی ہے غلط بات ہے۔ کیونکہ یہ اسکی سزا اخروی کا ایک حصہ ہے۔ ہاں ابرار پر جو ان کی لغزش و بشریت کے سبب مصائب آتے ہیں البتہ وہ ان کے لئے کفارات اور انپر صبر اور رضا بخدا کے سبب رفع درجات کے اسباب ہو جاتے ہیں۔ اور یہی وجہ ہے کہ نیک دنیا کے عیش و نشاط اور اسباب غفلت سے روکے جاتے ہیں جیسا کہ حکیم مشفق مریض کو بدپرہیزی سے روکتا ہے۔ اسکو اعمال کی سزا اور خدا کا قہر سمجھنا ویسا ہی ہے کہ جیسا نادان بچہ یا بیمار ماں باپ اور حکیم کی احتیاط کو قہر سمجھتے ہیں +

مرنے کے بعد سے جزاء کا زمانہ شروع ہو جاتا ہے مگر وہ زمانہ دنیا اور عالم آخرت کے بین بین ہے اور اسلئے اوسکو **عالم برزخ** کہتے ہیں۔ وہاں کچھ اس عالم کی بھی رنگت باقی رہتی ہے۔ جیسا کہ چولہے پر سے اترنے کے بعد بھی دیر تک ہنڈیا میں چولہے کی آگ کا اثر باقی رہتا ہے۔ اسلئے اس عالم میں بندہ جن جن عبادات و ریاضات کا جن جن اوقات میں کاربند تھا وہاں اسکا نہ بطور تکلیف بلکہ بطور لذت

عالم برزخ

[۱] اور البتہ ہم نے ابراہیم کا اجر دنیا میں بھی دیا اور وہ آخرت میں بھی بہت ہی عمدہ لوگوں میں سے ہونگے ۱۲ منہ سورہ عنکبوت ۲۹ آیت ۲۷

toobaa-elibrary.blogspot.com

وسرور کے ظہور ہوتا ہے۔ اسلیئے ارواح طیبات حضرات انبیاء علیہم السلام واولیاء کرام کو نماز پڑھتے اور تسبیح وتہلیل کرتے دیکھا گیا ہے حدیث میں آیا ہے کہ پیغمبر علیہ السلام فرماتے ہیں میت موسےٰ وہو یصلی کہ میں نے موسےٰ کو دیکھا کہ وہ نماز پڑھ رہے تھے۔ مشاہدہ دیدار اور اسکی تسبیح وتقدیس کا ملکہ ان کے ساتھ جاتا اور وہاں ان کی ازدیاد فرحت وسرور کا باعث ہوتا ہے اسلیئے دنیا کے حسنات باقیہ جو وہ پیچھے چھوڑ جاتے ہیں اور ان کی طرف سے جو صدقات ومبرات کیئے جاتے ہیں وہ بھی ان کے سلسلہ اعمال میں منسلک ہوتے ہیں۔ روح کے متعلق اوہام عوام نے صدہا بیہودہ خیالات بھی پیدا کر لیئے ہیں اور پھر بے احتیاط رواۃ نے ان کو پیغمبر علیہ السلام اور صحابہ اہل بیت کیطرف منسوب بھی کر دیا ہے جنپر بہت سے سادہ لوح لوگوں نے اعتماد کر رکھا ہے اور اپنے توہمات کو عبادت اور باعث فلاح دارین[1] سمجھ رکھا ہے۔

فائدہ

قرآن واحادیث صحیحہ میں روح کے حالات بکثرت بیان ہیں پھر ایک کوڑ مغز یہودی کے

[1] مثلاً یہ کہ شہداء کربلا اور علم بردار عباس کے لیئے خوبصورت عورتیں تیار رکھتے ہیں کہ وہ اسنے اگر متمتع ہوتے ہیں۔ یا جو کچھ دنیا میں میت کو جسمانی لذاذ میں سے مرغوب ہوتا ہے وہ حاضر کیا جاتا ہے کہ بجنسہ میت کے پاس کلام کے زور سے پہنچ جاتا ہے کہیں قبر کے سامنے حقہ بھر کر دھرا جاتا ہے جس سے میت کو نسبت نہیں گویا میت اس قبر کے گڑھے میں بند ہے وہ نکلکر حقہ پینے آتی ہے۔ یا اسکی قبر کے سامنے راگ گانے باجے بجاتے رنڈیاں نچاتے ہیں گویا میت قبر میں بند ہے اور باب بھی وہ دنیاوی اشیاء سے بطریق متمتع ہوتی ہے بعض جمعرات کے روز کھیر وغیرہ اشیاء مردوں کیلئے پکا کر رکھتے ہیں اور کسی سخن نا کھا ہو کہ جمعرات اور شب برات کو گھروں میں مرے آتے ہیں اور تاکر دروازے کے کسی کونے میں کھڑے ہو جاتے ہیں کہ دیکھیں ہمارے گھر والے ہمیں کیا دیتے ہیں اور اسلیئے شب برات میں آتشبازیاں چھوڑتے ہیں کہ مردے بھاگ جائیں اور صدہا خرافات ہیں جنکو جہال نے مذہب بنا رکھا ہے اور یہ انہوں نے یہودیوں مجوسیوں عیسائیوں اور ہندوستان میں آکر بہت کچھ ہندوؤں سے سیکھا ہے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

سوال پر جو کہ یت کاٹتے کاٹتے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھ کر امتحان کے طور پر روح کی حقیقت سے سوال کرنے کھڑا ہو گیا تھا اس آیت کا نازل ہونا قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّیْ وَمَآ اُوْتِیْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِیْلًا۔ اس بات کو ثابت نہیں کرتا کہ قرآن نے روح کے بیان سے انکار کیا۔ اور جنے ایسا سمجھا اسنے قرآن نہیں دیکھا جس میں روح کے متعلق کہاں تک بیان ہے جیسا کہ ہم بحوالہ آیات ذکر کرتے آئے ہیں۔

فصل ۹

قیامت اور عالم آخرت

جنت اور دوزخ جس کا ذکر کتب انبیاء علیہم السلام میں ہے۔ جسکی حضرات انبیاء علیہم السلام بشارت دیتے اور جس جہنم سے ڈراتے آئے ہیں۔ اور قرآن اور آحادیث میں اِن کے بہت حالات و کیفیات مذکور ہیں وہ بھی اِس عالم محسوس سے باہر ہیں جیسا کہ ارواح و ملائکہ وغیرہ بیشمار مخلوق الٰہی عالم حسی سے باہر ہے۔

اِس لئے اِس عالم حسی میں اسکا تلاش کرنا اور اِس آسمان و زمین کے تنگ میدان میں خیال کرنا بہت تنگ خیالی ہے کیونکہ آسمانوں اور زمین کی وسعت سے زیادہ تو اسکا عرض ہے پھر طول کا کیا ٹھکانا ہے۔ اور جب وہ عالم محسوس میں نہیں تو حواس سے محسوس نہونا بھی کوئی تعجب خیز بات نہیں۔ اور جب عالم محسوس کا محیط آسمان ہیں تو لامحالہ وہ اِن کے باہر ہے اسلیئے جنت کو آسمانوں کے اوپر یعنے بالا اور بیروں کہنا ایک ٹھیک پتا بتا دینا ہے اور جب وہ محسوسات میں سے نہیں تو وہاں کی جسقدر چیزیں ہیں نہریں۔ باغ۔ میوے۔ وہاں کے حور و غلمان وہاں کے سونے چاندی کے مکان۔

قیامت اور عالم آخرت

۱؎ کہدو کہ روح میرے رب کے حکم سے ہے یعنے مخلوق و حادث ہے اور تمکو بہت ہی کم علم دیا گیا ہے تم اپنے خیال سے جو اسکی نسبت بیان کرتے ہو وہ قابل اطمینان نہیں۔ ۱۲ منہ سبحانی ۱۰ پارہ ۱۵ رکوع ۱۰

toobaa-elibrary.blogspot.com

اِن کے یاقوت والماس اور موتی کے قبہ وہاں کے جڑاؤ تخت وہاں کی مخمل و دیبا وہانکہ وہ دراز سایوں کے درخت جو بلوری نہروں پر دورویہ ایستادہ ہیں جنمیں رنگ برنگ کے پھل اور پھول اور جنمیں انواع واقسام کے طیور نغمہ سنج ہیں۔ جہاں اوپر سے پانی کی چادریں اور آبشاریں کیا کیا بہاریں دکھا رہی ہیں۔ جہاں سینکڑوں کوس تک لالہ زار ہے جہاں کبھی خزاں ہو کر ہی نہیں گزری جہاں جوانی کے بعد بوڑھاپا نہیں جہاں حیات کے بعد موت وامراض نہیں جہاں کوئی غم وحزن جنت کی دیواروں کے پاس سے بھی ہو کر نہیں گزرا ہے۔ جہاں ستر سر حسن ہے وہ سب چیزیں اجسام عنصری کی نہیں نہ اس مادے سے بنی ہیں۔ اسلئے وہ تکدر وزوال سے پاک ہیں یہاں کی چیز وہیں ان کا قیاس مع الفارق ہے۔ اسلیئے اِن کی نسبت یہ کہنا صحیح ہے کہ ان محسوسات کے ادراک کرنے والے آلات آنکھوں اور کانوں نے انکو نہ دیکھا ہے نہ سنا ہے۔ نہ وہ خیالات حسیہ میں آسکتے ہیں جہاں کی محسوسات ہی کا گزر ہوتا ہے فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّا اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ۔ جَزَاءً بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ سورہ سجدہ۔ نبی صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ خدا تعالےٰ فرماتا ہے میں نے اپنے نیک بندوں کے لیے وہ وہ نعمتیں تیار کر رکھی ہیں کہ جنکو نہ کسی آنکھ نے دیکھا ہے نہ کسی کان نے سنا ہے نہ کسی کے خیال میں گزری ہیں +

اسیطرح جہنم بھی عالم حسی کی چیز نہیں وہاں کی وہ آگ جسکی نسبت آیا ہے نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ الَّتِيْ تَطَّلِعُ عَلَى الْاَفْـِٕدَةِ۔ کہ وہ خدا کی جلائی ہوئی آگ ہے جو دلوں کو جھانکتی ہے۔ نہ صرف تن سوز بلکہ دلسوز بھی ہے وہاں کے تنگ وتاریک پرانش نہایت عمیق گڑھے جنکا اوپر سے مونہہ بند اور تنگ ہے اور نیچے سے وہ گہرائی اور اسمیں وہ آگ اور دھواں اور زہردار چیزیں اور سانپ اور بچھو ہیں کہ جن کے تصور سے دل گھٹ جائے خیال کرنے سے لرزہ آجائے وہ بھی سب غیر حسی ہیں اسلئے دیرپا اور قوی ہیں +

toobaa-elibrary.blogspot.com

وہاں کے کیفیات کو شرع نے بندوں کی رغبات و استعداد فہم کے موافق بیان فرمایا ہے۔ گویا وہ اس حقیقت مستورہ کے لیئے استعارات ہیں ۔

اس عالم غیر محسوس اور وہاں کی نعمار کے سمجھانے کے لئے خواب کی نظیر کافی ہے خواب میں جھانکہ یہ آنکھیں اور کان بند ہوتے ہیں ہم بڑے بڑے وسیع میدان اور انیس باغ وانہار حسین عورتیں عمدہ اسباب عیش دیکھتے ہیں کھاتے پیتے عورتوں سے دل خوش کرتے گھوڑوں پر چڑھتے عمدہ لباس پہنتے ہیں۔ پھر جب تک خواب سے بیدار نہیں ہوتے اسوقت تک اس عالم اور وہاں کی بہار کو یا برعکس وہاں کی تکلیف کو اصلی اور حقیقت واقعیہ ہی سمجھتے ہیں اگر ہزاروں برس تک فرضاً اسی حال میں رہتے تو کبھی بھی انکو خواب وخیال نہ کہتے بلکہ وہاں تو عالم بیداری خواب وخیال ہے۔ خواب وخیال تو اب بیدار ہو کر کہنے لگے۔ اب دیکھو جو کچھ وہ عالم اور وہاں کے عیش تھے وہ کس نے دیکھے تھے؟ روح نے۔ جو اس عالم میں مجسم ظاہر ہو کر سب قسم کے لذائذ سے مستفید ہوئی مگر نہ اس جسم اور نہ ان اعضا و نہ ان حواس سے۔ اور یہ بھی دیکھو کہ وہ عالم اس عالم سے غیر ہے۔ اس عالم میں خواہ مشرق کیطرف یا مغرب کی طرف یا اوپر یا نیچے کہیں تک ڈھونڈتے چلے جاؤ اوس عالم کا نام ونشان بھی نہ پاؤ گے اسپر جنت و دوزخ اور عالم غیر محسوس کو قیاس کر لیجئے پھر جسطرح رات کو یکے بعد دیگر سو جاتے ہیں اسیطرح یکے بعد دیگر اقران و اجاب و اغرہ سب خواب عدم کی نیند سوتے جاتے ہیں جسطرح نصف شب کے بعد سناٹا ہوتا ہے کیونکہ اپنے مال کی خبر نہ زن وفرزند کا ہوش اسکے قریب قریب موت کے حال ہوتا ہے۔ جو لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ ہم کیونکر مر جائیں گے اور کیا بات پیدا ہو جائے گی وہ خواب کو خیال کر لیں ان دونوں حالتوں میں ایک بڑی مشابہت ہے اسلیئے خواب پر موت کا اور موت پر خواب کا اطلاق ہوا ہے ۔ ار انجملہ مَنْ بعثنا من مرقدنا ہٰذا

یہاں موت پر خواب کا اطلاق ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَیْهِ النُّشُوْرُ یہ دعا حدیث میں وارد ہے جو بیداری کے بعد پڑھی جاتی ہے اسمیں کہا گیا کہ سب تعریف اس ذات کو ہے کہ جسنے موت کے بعد ہمکو زندہ کر دیا۔ اور اسی کی طرف پھر کر جمع ہوتا ہے یہاں خواب پر موت کا اطلاق ہوا ہے ٭

ہر انسان اپنے اعمال وعقائد کے موافق جنت یا دوزخ میں مرنے کے بعد جاتا ہے پھر جنت اور دوزخ عذاب وثواب کے بھی درجات مختلف ہیں اور سزائیں اور جزائیں بھی مختلف ہیں۔ نیک ارواح بھی جنمیں قدرے قلیل آثار عالم حسی باقی رہتے ہیں تھوڑے دنوں تک جنت کے تحتانی درجوں میں رہتے ہیں پھر جب یہ آثار زائل ہوتے جاتے ہیں تو درجات عالیہ میں ترقی کرتے جاتے ہیں اور جن پر کچھ بھی آثار باقی نہیں رہتے جیسا کہ شہداء واولیاء وانبیاء علیہم السلام ہیں وہ اول ہی سے درجات عالیہ میں پہونچتے ہیں ٭

مجرموں کی سزاؤں کے بھی مختلف طریق ہیں۔ جنکی قوت نظریہ تکمیل کو پہونچ گئی ہے جو ایمان سے تعبیر کیجاتی ہے وہ ہمیشہ سے جہنم سے آزاد ہیں۔ ہاں قصور عمل کی سزا موافق جرم ملتی ہے اگر دنیا میں توبہ استغفار نہیں کیا ہے۔ پھر بعض پر دنیا کے مصائب یہاں تک کہ مرض الموت کے شدائد کفارہ ہوجاتے ہیں وہ دنیا سے پاک وصاف جاتا ہے اور بعض جسقدر کثافت لگا لیگئے ہیں آتش جہنم کے جلائے جانے کے بعد پاک ہوکر پھر جنت میں جاتے ہیں۔ اور کبھی رحمت الٰہی ظہور کرتی ہے۔ تو دنیا کے لوگوں کی دعا وصدقات سے یا روحانی بزرگوں کی شفاعت اور ان سے محبت وارتباط کے سبب معاف کیے جاتے ہیں۔ اور کبھی بغیر ان وسائل کے رحمت کا ظہور ہوتا ہے اور جنکی قوت نظریہ خراب ہوگئی ہے اور وہ **کافر مشرک۔ منافق**۔ ہے تو یہ ہمیشہ کے لیئے جہنم میں جلتے ہیں کسلئے کہ قوت نظریہ کسی حال میں بھی ساتھ نہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

چھوڑتی۔ عمل جدا ہو جاتا ہے۔ مگر علم جدا نہیں ہوتا۔

پھر جنت کے نعیم اور دوزخ کے عذاب۔ عام ہے کہ عالم برزخی میں ہوں یا عالم حشر میں بندوں کے عنا یتہ و اعمال بھی ہوتے ہیں جو اپنے مناسب صور و اشکال میں پیش آتے ہیں۔ اِس کے معارف الہیہ اور اِس کے اعمال صالحہ انہار و اثمار و حسین رفیق کی صورت میں جلوہ گر ہوتے ہیں۔ اِس کی ناجائز آتش شہوت۔ اِس کے حسد کی دلپر دہکتی ہوئی آگ اِس کا ظلم و ستم اسکا بخل سنگدلی آتش جہنم سانپ بچھو تنگ و تاریک مکان کی صورت میں پیش آتے ہیں +

اور یہ کوئی تعجب خیز بات نہیں رات دن عالم غیر محسوس کی اشیاء عالم محسوس میں بشکل و صورت خاص ظہور کرتے ہیں۔ اعمال بد۔ دشمن۔ قحط۔ وبا۔ افلاس۔ مرض۔ بصورت ذلت دنیا میں پیش آتے ہیں عمدہ اعمال برکت۔ عزت عافیت کی صورت میں نمودار ہوتے ہیں۔ اور یہ کل جواہر و اعراض اِس عالم حسی کے اوسی عالم ملکوت کے جامۂ اشکال و صور پہنکر نمودار ہوتے ہیں اور پھر یہ جسمانی چہلکا اُتار کر وہیں چلے جاتے ہیں۔ **قیامت** بھی اِس تمام عالم حسی کی فنا رکلی کا نام ہے۔ جسکا وقت اسی خدائے علیم کو معلوم ہے۔ اسکے اول آثار نمودار ہونگے جنکی مخبر صادق نے خبر دی ہے پھر نفخ صور سے اِسکی ابتداء ہوگی نیرات کا تصادم ہوگا زلازل سے دریا اور پہاڑ چورا چورا اور درہم برہم ہو جائینگے نہ یہ آسمان و زمین باقی رہیں گے نہ اِس عالم حسی کی کوئی چیز باقی رہے گی۔ پھر یہ سب ایک دوسرے لطیف وجود میں ظہور کریں گے اور اسیکو **عالم حشر** کہتے ہیں۔ ہر انسان و حیوان اپنے سابق پیکر جسمانی سے وابستہ ہوگا مگر وہ جسم یہ عنصری جسم نہ ہوگا۔ بلکہ اسکا مغز۔ واصل حقیقت۔ اسروز نئے آسمان نئی زمین قائم ہوگی عدالت کا تخت قائم ہوگا۔ اعمال و معارف کا موازنہ کرکے بندوں کو دکھایا جائیگا جسکو **میزان** سے تعبیر کیا گیا ہے۔ ہر ایک اپنے اعمال و معارف کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

موافق جنت یا دوزخ میں جائیگا شافع محشر شفاعت کرینگے۔ انکی یہ شفاعت بھی اسکی رحمت کا ظہور ہوگا پس
ان سب باتوں کا قرآن میں بکثرت ذکر موجود ہے نظائر میں آیات نقل کرنیکی کوئی ضرورت نہیں آحادیث میں بھی تفصیلاً
یوں سمجھنا چاہیئے کہ وہی موجود اور وجود حقیقی ہے۔ اسیکے وجود کا دریا موجیں
مارتے ہوئے مخلوق کو آخر عالم حسی تک لاتا ہے پھر رفتہ رفتہ ایک روز یکبارگی وہ موج
اسی طرف رجوع کرنی آئے گی کرے گی سب کو سمیٹ کر پھر اودھر ہی عالم ملکوت کی طرف لیجاتی
ہے اور لیجائے گی۔ اس بحر وجود کا تماشہ وہی دیکھ سکتا ہے کہ جسکو خدا نے چشم باطن
عطا کی ہے منہ الابتدار والیہ الانتہی۔ اور کُلٌّ اِلَیْنَا رٰجِعُوْنَ۔ آیت کے یہی معنی ہیں۔

عالم برزخ اوس عالم کا ابتدائی درجہ ہے جسطرح عالم حسی سے لوٹ کر جانے کی بھی وہی
منزل ہے اسی طرح عالم حسی میں عالم غیب سے آنے والوں کے لیئے بھی وہی منزل
ہے۔ وہاں آنے کے بعد پھر عالم حسی میں ظہور ہوتا ہے۔ اسی لیئے جن کی روحانیت
مصفا ہے۔ انکو وہ حوادث جو ابھی عالم ملکوت کی منزل میں مقیم ہیں عالم حسی یا عالم ناسوت
میں آنے سے پہلے معلوم ہو جایا کرتے ہیں حضرات انبیاء علیہم السلام کی پیشین گوئیاں
اسی معائنہ غیبی پر مبنی ہیں وہ خدائے علیم وخبیر انکو پہلے سے مطلع کر دیتا ہے۔ لیکن
یہ معائنہ ہر وقت ان کے قابو میں نہیں کیونکہ وہ بھی پیکر انسانی میں ہیں جس کا پردہ ظلمت
اور ادراک روحانی کو مانع آتا ہے۔ اسی راز کو حکیم سعدی شیرازی نے اس شعر میں نظم کیا ہے

گہے برطارم اعلےٰ نشینم گہے بر پشت پائے خود نہ بینم

(انسانی نجات)

در اصل اسکی صفائی روح کے موافق حق سبحانہ نور محض کے سائہ تقرب ہے۔ اور
یہی اسکا اصلی آرام اور یہی اسکی لذت حقیقی ہے۔ جسکی طرف اس آیت میں اشارہ ہے
فِیْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِیْکٍ مُّقْتَدِرٍ ۝ اس آیت میں دو باتیں ارشاد ہوئی

پ ۲۷ ع ۳ سورہ ۵۴

toobaa-elibrary.blogspot.com

ایک مقعد صدق راستی کا مقام جسکو دوسرے لفظوں میں جنت یا بہشت کہتے ہیں دوسرے عند ملیک مقتدر بادشاہ مقتدر کی قربت۔ پس نجات حقیقی تو قربت ہے اور جنت اوس قربت کا مقام ہے نہ کہ نجات حقیقی۔ مگر دونوں لازم و ملزوم ہیں۔ جو اس مقام میں جائیگا اسکو قربت نصیب ہوگی۔ اور جسکو قربت نصیب ہوگی تو اس مقام میں ہوگی یہی مقام دیدار ہے وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ إِلَىٰ رَبِّهَا نَاظِرَةٌ +

پھر معترض کا یہ کہنا کہ اسلامی نجات صرف لذات جسمانیہ حور و قصور باغ و انہار میں محض ناواقفیت یا تعصب ہے البتہ اسلام یہ نجات نہیں بتلاتا کہ جس طرح اس کے اجزاء سے منفصل ہوکر انسان بنے ہیں اسیطرح یہ اجزاء اسکی ذات میں جاکر ملجاتے ہیں۔ یہ ہندوؤں کی نجات ہے جس سے خدائے قدوس کی ذات میں تجزی لازم آتی ہے اور وہ موجب حدوث و امکان و ترکب ٹھہرتا ہے اور اس سے اس کی خدائی میں قصور لازم آتا ہے تعالیٰ اللہ عما یقول الظالمون علوا کبیرا +

فصل ۱۰

(نبوت اور الہام)

نبوت اور الہام

ہم پہلے ثابت کرچکے ہیں کہ انسانی ادراک حقائق غیر محسوسہ کے لیئے بغیر اسکے کہ خدا کی طرف سے اسکو ادراک روحانی عطا ہوا اور اس ادراک میں عنایت الہیہ آمیزش وہم سے اسکو معصوم بھی رکھے کافی نہیں اور نہ اس قسم کے ادراک بغیر انسان

لہ بعض صوفیہ کے کلام میں جنت اور دوزخ سے بے پروائی پائی جاتی ہے ان کا مقصود ذات باری عزاسمہ ہے اور ہونا بھی چاہیئے یہ مقصود نہیں کہ وہ جنت سے نفرت رکھتے ہیں اور دوزخ کی پروا نہیں کرتے کس لیئے کہ جنت اسکی رحمت کا اور جہنم اس کے قہر کا مظہر ہے جنت مقام تقرب و مشاہدہ دیدار ہے جہنم مقام حجاب و غضب ٹھہرا ہے۔ صوفیہ کرام کی شان سے بعید ہے کہ وہ اس کی رحمت اور

toobaa-elibrary.blogspot.com

اپنی سعادت میں کمال پیدا کر سکتا ہے اور نہ بغیر ایسے اشخاص کے سلسلۂ ہدایت اور طریق خدا پرستی چل سکتا ہے۔ نہ انسان اخلاق و ملکات فاضلہ میں ترقی پا سکتا ہے کس لیے کہ اگر بفرض محال کوئی ادراک روحانی میں کمال بھی حاصل کرے تو تاوقتیکہ اس کے علوم و ادراک پر عصمت کی مہر نہو قابل اطمینان نہیں اور تاوقتیکہ اسمیں قلوب بنی آدم کا انتخاب نہو اور اسکا روحانی اثر ارواح کو ہدایت اور روحانی کمالات کے رنگ میں رنگ دینے والا نہو تب بھی زبانی قیل و قال اور خوش بیانی اور حقائق گوئی مفید نہیں۔

اوس رحیم و کریم نے کہ جسکی رحمت سے ہر شے اپنے کمال محدود و مقدور سے محروم نہیں اور جس کی انسان پر جیسا کہ اس کی بناوٹ اور اس کے حالات سے معلوم ہوتا ہے بیحد عنایت و مہربانی ہے اس کی روحانی اور حیات جاودانی اور نیز دنیاوی تمدن کی اصلاح کے لیئے ایسے اشخاص پیدا کیئے ہیں۔ کہ جو بلحاظ پیکر جسمانی کے تو انسان اور حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد ہیں مگر روحانی کمالات کے لحاظ سے وہ فرشتہ بلکہ انسے بھی من وجہہ بڑھکر ہیں وہ انسانیت کا عطر اور کمالات انسانیہ کا سرچشمہ ہوتے ہیں انکا کشف وہاں تک پہونچتا ہے کہ جہاں تک کسی بشر کا بھی طائر علم و کشف پرواز کر کے نہیں جا سکتا۔ وہ موجودات حسیہ اور غیر حسیہ کے حقائق کو انکی اصلی حالت پر دیکھتے ہیں ان کی قلوب بنی آدم پر سلطنت ہوتی ہے انکا ارشاد انکا وعظ انکا کیئے ہدایت پر لانیکا ولی عزم بشر طیکہ اسمیں ہدایت پر آنے کی ازلی قابلیت

نتیجہ ۱۵۶ اور مقام قربت سے نفرت کریں اور اس کے قہر و غضب سے نڈر اور بے پروا بنجائیں اور اگر کسیکا بھی مقصود ہے تو اس کی معرفت کا تصور یا دماغ کا فتور ہے۔ البتہ بعض نمایشی صوفی ایسی شیخیاں بگھارا کرتے ہیں حال یہ ہے کہ دنیا کے لذائذ سرد پانی چاہیئے حقہ پان زردہ پلاؤ قورمے روپیہ پیسے کے لیئے یہ سارا بہروپ بھرے پھرتے ہیں اور انکا یہی مقصود اور یہی معبود ہوتا ہے اسپر یہ دعوے۔ ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

بھی ہوا نکا سکوت اِن کی نظر ان کی صحبت انسان میں کمالات باطنیہ پیدا کر دینے کے لیے اکسیر سے زیادہ ہے۔ انکا تمدن ان کے حالات ان کی روش سب فطرت الہیہ کا پورا پورا پیمانہ ہے جو اِس کے مطابق نہیں وہ یقیناً غلطی پر ہے جسقدر تفاوت ہے اسیقدر غلطی اور راہِ حق سے بعید ہے +

جہاں قوی بہیمیہ کی ظلمت انسان کی روحانیت کو ہر طرف سے محیط ہوتی ہے اور ظلمات تر اکہ نور حق کو دیکھنے نہیں دیتیں وہاں بھی وہ ذات مقدسہ شمع ہاتھ میں لیئے رہنما ہوتے ہیں۔ اِن کی ذات آفتاب جہانتاب ہوتی ہے جس سے تمام ظلمات دور ہوجاتے ہیں۔ ایسے اشخاص کو اہل ادیان سماویہ **نبی** اور **رسول** کہتے ہیں جنکی جمع **انبیاء و رسل** آتی ہے۔ اور ہر ملک[۱] متمدن میں انکا ایک لقب اور نام ہے۔

جب سے خدا نے سلسلہ نسل انسانی جاری کیا ہے اسیوقت سے نبی آدم کی صلاح و فلاح دارین کے لیئے سلسلہ نبوت بھی ساتھ ہی ساتھ جاری کیا ہے انہیں انسانوں میں سے صفات مذکورہ بالا کے انسان پیدا کرتا آیا ہے اور جب ہزاروں برسوں میں انسانی تمدن اور ان کے اخلاق و عادات اور اِن کے توہمات و میلان طبع الٹی پلٹیاں کھاتے کھاتے ایک ایسی حد پر پہونچ گئے کہ اِس کے بعد جو کچھ نئی بات انسانی شقاوت و سعادت کے لیے پیدا ہوگی تو انہیں اصول سابقہ کی ایک جزئی ہوگی۔ تو ہر روز کے انقلاب نبوت کی زحمت رفع کرنے کے لیے کس لیے کہ انقلاب نبوت انقلاب سلطنت سے زیادہ انتظام عالم کے سلسلہ میں برہمی اور خلل پیدا کرنیوالا ہے کیونکہ مالوف و معروف باتوں کا چھوڑنا انسانی طبیعت کے نزدیک مال و دولت گھر بار خویش و تبار کے چھوڑنے سے بھی زیادہ سخت ہے اسلئے باہم تلوار چلنے اور کشت و خون کا بازار گرم ہوتا ہے تو اِس سلسلہ کو حضرت **محمد مصطفےٰ** سرتاج انبیاء پر تمام کر دیا صلے اللہ علیہم وعلیہ وسلم +

[۱] ہند و مہاشی۔ مہاتما۔ انگریز پیرافٹ کہتے ہیں ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۱) حضرات انبیاء علیہم السلام اپنی انسانیت کے لحاظ سے خواص بشریہ میں شریک تھے کھانا پینا سونا جاگنا لذائذ حسیہ سے لذت پانا ان کے برخلاف سے تکلیف محسوس کرنا زن و فرزند خرید و فروخت اِن میں بھی ویسے ہی تھے کہ جیسا اور بنی آدم مگر مہذب اور روحانیت کے مطیع ہو کر جو ایک شخص کو گرمی میں سرد پانی بھوک میں عمدہ اور لذیذ کھانا خوش کن ہوتا ہے انکو بھی ہوتا تھا مگر یہ فرق ضرور ہے کہ اوس معمولی شخص کو وہ نعمت نفس کی تازگی کا باعث ہوتی ہے برخلاف اس گروہ مقدس کے کہ انکو اسمیں بھی تقرب الٰہی زیادہ ہوتا ہے وہ شکریہ ادا کرتے اور اوس محبوب حقیقی کے مبارک ہاتھوں کی تیار کردہ نعمت سمجھتے اور اِس سے روحانی مسرت حاصل کرتے تھے یہ حالت انپر اسکی طرف زیادہ تر کشش کا باعث ہوتی تھی۔ اِن کی انسانی خواہشیں اِن کے تابع۔ اور ملکیت کے رنگ میں رنگی ہوئیں تھیں برخلاف اور لوگوں کے۔ اِسی لئے رسول کریم نے فرمایا ہے کہ ہر نبی آدم کے ساتھ ایک شیطان ہے جو اسکو بدی کیطرف ابھارتا ہے مگر میرا شیطان میرا مطیع ہو گیا ہے۔ جسمیں اشارہ ہے کہ میری قوت بہیمہ میری ملکیت کے خدا نے زیر فرمان کر دی ہے ✤

انبیاء میں یہ انسانیت اِن کی نخستانی نسبت ہے جسکے سبب سے انکا بنی آدم کے ساتھ واسطہ قائم ہے جو ہدایت کے لیے ضروری ہے اور یہی حکمت ہے کہ فرشتہ اِس کام کے لئے مقرر نہ ہوئے ہر چند جاہل و کفار جو اِس سر سے واقف نہ تھے انبیاء علیہم السلام کے مقابلہ میں یہی حجت پیش کرتے تھے کہ اگر خدا کو بنی آدم کی ہدایت کے لئے کوئی بھیجنا ہی تھا تو فرشتہ کیوں نہ بھیجدیئے ✤

اسیطرح انمیں یہ ملکیت کی فوقانی نسبت بھی تھی جس کے سبب وہ فرشتوں کے خواص رہتے تھے اور خدائے قدوس سے ملتے اور اوس سے باتیں کرتے اور اسکو نورانی پردوں میں سے دیکھتے تھے۔ جب انپر یہ شان غلبہ کرتی تھی تو

toobaa-elibrary.blogspot.com

عالم ملکوت کے اسرار ان کے پیش نظر ہو جاتے تھے اور وہ اوس مخلوق غیر حسی کو عیاناً دیکھتے تھے جو دوسروں کو بڑی ریاضت روحانی سے ہی دیر میں نظر آتی ہے۔ خدا کے مقرب فرشتے جبرئیل ایت وغیرہ کو کبھی ان کی خاص اصلی صورت پر دیکھتے تھے اور کبھی ان قوالب میں کہ جو بمقتضائے مصلحت الہیہ انکو اختیار کرنے پڑتے تھے۔ وہ جبرئیل امین اور دیگر ملائکہ اور دیگر مخلوق غیر حسی کے افراد میں ایسا ہی امتیاز کرتے تھے کہ جیسا ہم اپنی آنکھوں سے دیکھی ہوئی چیزوں میں امتیاز کرتے ہیں بلکہ اوس سے بھی زیادہ اسی شان ملکیت میں انسے وہ کارہی سرزد ہوتے تھے جو انسان کی معمولی طاقتوں سے باہر ہیں۔ جنکو شرع میں **معجزہ** کہتے ہیں۔ اور اسی حالت میں وہ اپنے خدائے قادر و قدوس سے ہمکلام بھی ہوتے تھے کبھی بواسطہ جبرئیل امین جنکو **ناموس اکبر روح القدس** کہتے ہیں۔ اور کبھی بلا واسطہ۔ پھر اس میں انکی بیداری اور خواب دونوں برابر تھے۔ اسیکو شرع میں **الہام۔ وحی** کہتے ہیں گرچہ جملہ مخلوق بالخصوص مدرک مخلوق اور انمیں سے خاص کر اہل صفا سے کہ جن کی روحانیت بہیمیت پر غالب ہے اسکا سلسلۂ الہام قائم ہے۔ مگر آمیزش وہم سے کوئی انسان بھی معصوم نہیں بجز حضرات انبیاء علیہم السلام کے یہ جس طرح اپنی قوت عملیہ میں معصوم ہیں ان کی بہیمیت انپر غلبہ کرکے ان سے کوئی گناہ سرزد نہیں کرا سکتی ہے اسیطرح وہ اپنی قوت نظریہ میں بھی معصوم ہیں ان کے کشف و ادراک میں کسی قسم کی بھی غلطی نہیں ہونے پاتی۔ مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی یہ بات الہام اولیاء و صدیقین میں نہیں اسلئے انپر بھی الہام انبیاء کا اتباع واجب و فرض ہے اور ان کے جملہ کمالات کمالات نبوت کے اظلال اور پرتوے ہیں جو انکو نبی کے اتباع سے موافق اپنی اپنی قابلیت و استعداد ازلی کے نصیب

معجزہ

الہام وحی

لہ نبی کی آنکھ سے حقائق حقہ دیکھتے ہیں نہ غلطی کی نہ بھکی ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہوتے ہیں انکے کشف میں جسقدر نبی کے کشف سے تفاوت ہوگا اسیقدر انکا نقص سمجھا جائیگا لیکن ان کے الہام کے غیر معصوم ہونے کے یہ معنی نہیں کہ وہ ضرور اپنے الہام اور کشف میں غلطی کرتے ہیں یا انکا الہام وکشف صحیح نہیں ہوتا۔

ابحاث

(۱) نبی کو صداقت کے لئے خدا کی طرف سے **معجزہ** عطا ہوتا ہے۔ یعنی وہ ذات جو انسانی طاقت سے فوق ہو۔ واضح ہو کہ ایسے امور جو انسانی قدرت سے فوق ہوں اگر وہ نبی سے سرزد ہوں تو انکو معجزہ کہتے ہیں اور اگر اسکے متبع سے سرزد ہوں کہ جن میں نور نبوت سرایت کر گیا ہے تو اسکو **کرامت** کہتے ہیں اور یہ بھی اس کے نبی کا معجزہ ہے اسکی تعلیم وتربیت کی صداقت کی پوری دلیل ہے اور اگر خود نبی سے ایسے افعال قبل النبوت سرزد ہوئے ہے تو ان کو **ارہاص** کہتے ہیں اور اگر ایسے افعال نبی کے معمولی تابعداروں سے سرزد ہوں تو انکو **معونت** کہتے ہیں۔ اور اگر کافر سے سرزد ہوں گو وہ افعال ایسے نہیں ہوتے نہ ہوسکتے ہیں مگر ظاہر اسباب پر نبی نہونے کے سبب خلاف عادت مستمرہ سمجھے جاسکتے ہیں انکو **استدراج** کہتے ہیں ٭

معجزہ اور استدراج کی حقیقت میں بڑا فرق ہوتا ہے گو بظاہر عوام کے نزدیک دونوں کام حرکت انگیز معلوم ہوتے ہیں۔ جیسا کہ صاف کردہ بلور اور ہیرا لیکن دونوں کی حقیقت ایک نہیں جوہری فوراً تمیز کرسکتا ہے مگر معمولی لوگونکو یکساں معلوم ہوتے ہیں اسوجہ سے قدرت نے عوام کی حفاظت کے لئے دونوں میں امتیاز کردیا ہے **اول** یہ کہ صاحب استدراج کے حالات کو (جو خدا پرستی اور صدق وکارم اخلاق سے دور اور مکر وفریب خود غرضی نفس پرستی پر مبنی ہوتے ہیں) طبائع سلیمہ فوراً امتیاز کرلیتی ہیں کہ یہ شخص باخدا نہیں نہ اس کی صحبت سے روحانی انوار حاصل ہوتے ہیں بلکہ ظلمت **دوم** وہ ایسے

معجزہ کرامت معونت استدراج

toobaa-elibrary.blogspot.com

افعال کے صدور کے ساتھ نبوت کا دعویٰ نہیں کر سکتا گرچہ بظاہر دعویٰ کرنا ممکن ہے لیکن قدرت نے اسکو روکدیا ہے اور اگر دعویٰ کریگا بھی تو فوراً رد و ذلیل بھی ہوگا عام ہے کہ قتل کیا جائے یا اس کی خواہش کے برخلاف اوس سے استدراج ظاہر ہو جو اس کی تضحیک کا باعث ہو جائے۔ توریت سفر استثنے کے اٹھارہویں باب میں اور قرآن مجید کی اس آیت میں اسیطرف اشارہ ہے وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الْاَقَاوِيلِ لَاَخَذْنَا مِنْهُ بِالْيَمِينِ ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِينَ فَمَا مِنْكُمْ مِنْ اَحَدٍ عَنْهُ حَاجِزِينَ۔ اور اب تک ایسا ہی واقع ہوا ہے ۔

معجزہ کی دو قسم ہیں ایک وہ جو عالم محسوس کے اسباب پر مبنی نہو اور وہ حسی تصرف ہو جیسا کہ کوڑہی اندھے کا جسکو تندرست کر دینا یا تھوڑے سے پانی اور قدر قلیل غذا سے جو ایک شخص کو بھی کافی نہ ہو صدہا آدمیوں اور حیوانوں کو سیراب اور شکم سیر کر دینا پھر عام ہے کہ نبی کا وہ تصرف روحانی عالم سفلی کی کسی چیز پر ہو یا عالم علوی کی اشیاء پر ہو جیسا کہ چاند کا اشارہ سے شق کر دینا۔ اس قسم کے معجزات اون لوگوں کے لئے زیادہ مفید ہوتے ہیں جو حیات کے ادراک پر فریفتہ ہوتے ہیں معنی سمجھنے کی قابلیت کم رکھتے ہیں **دوسرا** وہ جو انسانی طبائع اور ان کے وجدانیات میں تغیر عظیم پیدا کر دیا جاوے۔ قسم ثانی کے معجزات قسم اول سے قوی اور عظیم ہوتے ہیں (اول) اسلئے کہ ان کے مشابہ تصرفات کافر بھی کر دکھایا کرتے ہیں۔ اور طلسم وغیرہ امور سے لوگوں کو حیرت میں ڈالدیا کرتے ہیں برخلاف قسم ثانی کے کہ وہاں تک ان کی رسائی بھی نہیں ہوتی۔ مثلاً ایک شخص کافر بدکردار سنگدل شہوت پرست مشرک دنیا کا لالچی تنا اسکو اپنی تھوڑی صحبت سے باخدا صاحب معارف جلیلہ پرہیزگار رحمدل دار آخرت کا طالب بنا دیا جاوے۔ اسکی کایا پلٹ دیجاوے (دوئم) اس لیئے کہ انبیاء کی نسبت سے بنی آدم کی ہدایت اور ان کے اخلاق و معارف کی درستی مقصود ہوتی ہے۔ معجزہ کوئی مقصودی کام نہیں بلکہ نبی کی صداقت کے لیئے صادق

toobaa-elibrary.blogspot.com

کرایا جاتا ہے اور نبی کی نبوت معجزہ پر موقوف نہیں ہوتی ممکن ہے کہ بعض انبیاء نے ایک بھی معجزہ نہ دکھایا ہو اور بعض اولیاء سے عمر بھر کوئی بھی کرامت ظاہر نہوئی ہو۔ پھر جس نبی نے اپنے فرض منصبی میں یہ حیرت انگیز تصرف کر دکھایا ہو جو مقصود بالذات تھا تو وہ اوس سے بدرجہا فائق ہے کہ جسنے اِس معاملہ میں تو کوئی حیرت بخش اثر پیدا نہ کیا ہو۔ عالم حسی میں بہت کچھ تصرفات کر دکھائے ہوں **سوئم** معجزات قسم اول کے دیکھنے کے بعد بھی منکر کو انکار کی گنجایش رہتی ہے برخلاف معجزات قسم ثانی کے **چھارم** معجزات قسم اول جاہلوں تیرہ باطنوں کو زیادہ دکھائے جاتے ہیں جنمیں کچھ بھی روحانی ادراک نہیں ہوتا یا ہو تو بہت ہی کم ہو اِس لئے وہ لوگ ایمان لانے کے بعد زیادہ تر کمالات میں ترقی نہیں کرتے اور کرتے بھی ہیں تو انکا وہ رنگ بہت جلد اتر جاتا ہے برخلاف قسم ثانی کے۔ اکثر انبیاء علیہم السلام کو زیادہ تر قسم اول کے معجزات دیئے گئے تھے اور حضرت خاتم المرسلین علیہ السلام کو زیادہ تر قسم ثانی کے اور کم قسم اول کے معجزات عطا ہوئے تھے۔ قسم ثانی کے معجزات کو بیشتر **آیات** کے لفظ سے تعبیر کیا گیا ہے +

(۲) کیا اِس قسم کے افعال جو انسان کے فوق القدرۃ ہو خلاف قانون قدرت کہا جاتا ہے ممکن الوقوع ہیں ؟۔ حکماء حال کا ایک گروہ انکو محال سمجھتا ہے اور جن روایات میں ایسے واقعات کا ذکر ہے اِن کو راویوں کا مبالغہ کہتا ہے اور جو انمیں سے کسی مذہب کے برائے نام پابند ہیں وہ اِن کی تاویل کرتے ہیں گو وہ تاویل عبارت کے الفاظ سے کچھ بھی تعلق نہ رکھتی ہو +

وہ کہتے ہیں کہ قدرت کا عام قانون ہم یہ دیکھتے چلے آتے ہیں کہ ہر شے اپنے اسباب عادیہ پر مرتب ہوتی ہے پانی پینے سے پیاس بجھتی ہے خاک پھانکنے سے کبھی نہیں بجھتی۔ انسان پانیوں کے سطح پر تیر کر یا کشتی وغیرہ سے عبور کر سکتا ہے پر نہیں ہو سکتا کہ خشک بالا بالا عبور کر جائے۔ یا ہوا میں خفیف اجسام یا پرند وغیرہ اڑ سکتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

یہ نہیں ہوتا کہ انسان یا بہیں گائے خود بخود اُڑ جائیں - اور قدرت کا قانون فطرت الٰہی ہے جسکی نسبت قرآن میں بھی آیا ہے فطرۃ اللہ التی فطر الناس علیہا لا تبدیل لخلق اللہ اور ایک حدیث میں بھی آیا ہے کہ اگر تم یہ سنو کہ پہاڑ اپنی جگہ سے ٹل گیا تو مان لینا مگر یہ سنو کہ فلاں کی جبلت بدل گئی تو اسکو سچ نہ جانا مشہور ہے جبل گرد و جبلت بر نگردد پھر ایسے مستحکم اصول کو راویوں کی روایات سے جنمیں بیشتر وہم کی زیادتی غلط فہمی عمدی - کذب ہوتا ہے ہم کیونکر توڑ سکتے ہیں ؟ ایسے توہمات و تخیلات پر اگر عالم کے معاملات کا مدار کار رکھا جائے تو معاملہ درہم برہم ہو جائے - کیا وہ ایک مجنون نہیں سمجھا جائیگا کہ جو کہتا ہے کہ مجھے ہوا میں ہزاروں ہاتھی گھوڑے لشکر توپخانے جاتے ہوئے دکھائی دے رہے ہیں دیکھو وہ جا رہے ہیں مگر وہ تمکو دکھائی نہیں دیتے - مجانین اکثر اپنی خیالی صورتوں سے ہم کلام ہوا کرتے ہیں کبھی اونسے لڑتے ہیں کبھی پیار کرتے ہیں کبھی انکو مارنے کو اُٹھتے ہیں کبھی اِن کی باتوں پر ہنستے کبھی روتے ہیں -

جن حضرات کو نبی یا رسول کے لقب سے ملقب کیا جاتا ہے وہ دراصل نیک اور پاکباز لوگ ہیں انمیں قومی خیر خواہی اور اصلاح کا ایک ملکہ راسخہ ہوتا ہے وہی اِن کی نبوت اور وہی اِن کی رسالت ہے انکا وہ ملکہ انپر ایک فوارہ کیطرح سے اوچھل کر انمیں پر گرتا ہے از دے خیز د بروے ریزد - یہی انکا الہام اور یہی ان کی وحی ہے - اور انکا وہ ملکہ راسخہ ہی انکو مجسم نظر آیا کرتا ہے جیسا کہ مجنونوں کو اپنا خیال نظر آیا کرتا ہے وہی انکا جبرئیل اور وہی ناموس اکبر ہے جسکو اس مزاور حقیقت سے ناآشنا لوگ وحی کا واسطہ بتایا کرتے ہیں حالانکہ اِن کے الہام اور وحی میں کوئی بھی واسطہ نہیں ہوتا - اور جنکو فرشتہ کہا جاتا ہے ان کی نظروں میں وہ خدا کی صفات یا اجسام کے طبائع ہیں جنکو وہ مختلف عبارت سے تعبیر کرتے ہیں حقیقت سے ناآشنا انکو سچ مچ کے نورانی اشخاص خوبصورت کہیں مرد کبھی عورتوں کی شکل میں تصور کرتے ہیں جن اور بہوت انسان کے خصائل بہیمیہ ہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

انکو بھی انبیاء ایسے عبارات سے تعبیر کرتے ہیں کہ جنکو الفاظ پرست نہیں سمجھتے جنت و دوزخ ایک راحت و تکلیف کا نام ہے جو انسان کے نیک اور بد اعمال پر بمقتضائے قانون قدرت مرتب ہوتی ہے عرب کے جاہلوں کو رغبت دلانے اور ڈرانے کے لیئے باغ حور قصور نہروں میوؤں اور آگ اور زنجیروں اور زقوم سے تعبیر کیا ہے۔ یہی عالم جزاء کے لحاظ سے جنت اور یہی سزا کے لحاظ سے دوزخ ہے زمرنیکے بعد روح باقی رہتی ہے نہ اسپر کوئی ثواب و عذاب طاری ہوتا ہے یہ سب باتیں رغبت و خوف دلانے کی غرض سے یہ مقدس لوگ بیان فرمایا کرتے ہیں اور یہ ان کی نیک نیتی کے سبب جھوٹھ شمار نہیں ہوسکتا۔ معجزہ محض ان کے مریدوں کی محبت و حسن اعتقادی ہے۔ دنیا میں ڈھٹ بندی وغیرہ ایسا ہے ایسی ہزاروں باتیں دیکھی جاتی ہیں بازی گر آنب کا درخت لگا کر وہیں اسکے پھل کہلوا دیتے ہیں پر کیا در اصل وہ درخت اور اس کے پھل ہوتے ہیں اپنی چالاکی سے جو ان کا ایک فن خاص ہے تخیلات عوام میں تغیر پیدا کر دیتے ہیں۔ اگر انبیاء بھی ایسا کرتے ہوں تو تعجب کیا ہے ✣

یہ انکی تمام تقریر کا خلاصہ ہے کہ جسپر اوس گروہ کے بانی اور ان کے مریدوں کو ناز ہے اور انکو وہ ایک اسلام حقیقت شناس سمجھتے ہیں ✣

(اس کا مختصراً جواب تو یہ ہے)

کہ جب ہم عالم غیر محسوس کا وجود اور اس کی مخلوق کا ثبوت کر آئے ہیں۔ خدا تعالے اور اس کے صفات۔ فرشتہ اور جن۔ اور اس قسم کی مخلوقات۔ روح اور اس کے علوم انسان کی اصل حقیقت لطیف اشیاء کے خواص اور انکا تعقل و ادراک اور ان کی قوت سب کو مدلل کر چکے ہیں۔ اور یہ کلیہ بھی باطل کر چکے ہیں کہ جو محسوس نہیں وہ موجود نہیں تو پھر اس بدگمانی اور تنگ خیالی کی ضرورت کیا ہے اور ان خیالات فاسدہ پر کونسی دلیل ہے ✣

(جواب تفصیلی یہ ہے کہ)

قدرت کا قانون وہ نہیں کہ جو مشاہدہ میں محیط ہوسکے جسکو ہم دیکھتے آئے کی دلیل ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

دلیل کیا کرتے ہیں کسلئے کہ انسان اور خصوص ایسے انسان کہ جنکا دائرہ معلومات محسوسات سے باہر نہیں وہ جو کچھ دیکھتے آئے ہیں تو صرف محسوسات ہی کو دیکھتے آئے ہیں پس غیر محسوس اشیا اور ان میں اسکی قدرت کا قانون انکو کیونکر معلوم ہوگیا۔ اور محسوسات میں بھی وہ جو کچھ دیکھتے آئے ہیں اپنی عمر چند روزہ ہی کے اندر دیکھتے آئے ہیں اور جو کچھ اور دیکھتے آئے ہیں وہ انکو روایات ہی کے ذریعے سے ثابت ہوگا اور روایات کے سلسلہ کو اس قائل نے خود مخدوش کر دیا ہے۔ اب اس کے چند روزہ تجربے نے تمام قدرت پر احاطہ کر لیا ہے؟ یہ سمجھ میں نہیں آتا۔ اب ہم تھوڑی دیر کے لئے یہ بھی مان لیتے ہیں کہ جب سے انسان پیدا ہوا ہے اور اسنے جو کچھ دیکھا ہے اور جو کچھ سنا ہے وہ سب ایک کتاب میں بھی درج ہے اور وہ کتاب تحریف و تبدیل سے بھی بری ہے اور اس کتاب کو قائل نے حفظ بھی کر لیا ہے تو یہی نتیجہ نکلے گا کہ کئی ہزار برس کا تجربہ اسکو حاصل ہے جس کی تعداد اہل ادیان سماویہ کے نزدیک چھ سات ہزار برس سے زائد نہیں ہے۔ پھر اسقدر محدود تجربہ ان واقعات پر کیونکر حاوی ہوسکتا ہے کہ جو بیس ہزار یا پچاس ہزار کے بعد ظہور کیا کرتے ہیں۔ آخر یہی کہنا پڑیگا کہ چند تجارب پر حملہ نادیدہ و ناشنیدہ معاملات کو قیاس کر لیا ہے، اس قیاس کی وقعت جو کچھ حکماء و علماء کے نزدیک ہوسکتی ہے مخفی نہیں اور یہ کیونکر قائل نے یقین کر لیا کہ ایک شے کا وہی سبب ہے کہ جسے اسنے مسبب کو مرتب ہوتے دیکھا ہے کیا یہ ممکن نہیں کہ اس کے اور بھی اسباب ہوں جنکو اسنے ابتک نہیں جانا ہو پھر جب وہ مسبب انپر مرتب ہوگا تو کیا یہ کہدیگا کہ یہ خلاف قانون قدرت ہے۔ جن اشیاء کو وہ اسباب عادیہ پر مرتب ہوتے نہیں دیکھتے ممکن ہے کہ ان کے ترتیب کے اسباب بنی کی روحانی قوت ہو۔ جو برقی اور اسٹیم کی قوت سے بدرجہا بڑھکر ہے۔ یا وہ مسبب الاسباب جسنے انکو اسباب عادیہ پر مرتب کیا تھا وہ تو بغیر ان اسباب کے بھی انکو پیدا کر دے اسمیں کیا محال لازم آتا ہے؟ قائل نے اسباب عادیہ پر نتائج کے ترتیب کو فطرت الہیہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

سمجھتے ہیں بڑی غلطی کی ہے کیونکہ فطرت کے معنی ہیں تراش کے۔ اِس کے معنی یہ ہیں کہ جس چیز کو جس وضع شخصی یا نوعی پر بٹھایا ہے وہ اسی پر قائم ہے پر زور نہیں ہو جاتے۔ تیرات احجار سفلی نہیں بنجاتے۔ جسکی سرشت میں ازل سے بدبختی خمیر ہے وہ نیک نہیں ہو جاتا یہی وہ جبلت ہے کہ جس کا حدیث میں ذکر ہے اِن معنوں میں اور اِن میں کہ جو قائل نے پیدا کئے ہیں بہت فرق ہے۔ قائل نے نیچر کا ترجمہ فطرت کیا ہے مگر حکمار یورپ کہ جن سے قائل نے یہ کلمہ سیکھا ہے ابتک نیچر کی حقیقت بیان کرنے سے قاصر ہیں

اور نہ سائنس یہ بتا سکتا ہے کہ مخصوص اشیاء میں مخصوص خواص و تاثیرات پیدا ہونے کی کیا فلاسفی ہے؟ گلاب میں یہ مخصوص خوشبو اور چنبیلی میں دوسری قسم کی اور آفتاب میں حرارت اور ماہتاب میں برودت کیوں پیدا ہوئی اِس کے برعکس کیوں نہوا اور پھر اسباب عادیہ کو مخصوص مسببات کیلئے کیوں خصوصیت پیدا ہوئی؟ آخر تلاش کرتے کرتے سب کے اوپر ایک بالا دست قادر مختار مخصص تسلیم کرنا پڑتا ہے۔ پھر کیا وہ قادر مختار کبھی کبھی اوس قانون قدرت کو کہ جسکو بندوں نے آپ بنا رکھا ہے اپنی کسی مصلحت سے بدل نہیں سکتا ہے؟ ضرور بدل سکتا ہے +

یہ تمام پیچیدگیاں جو حکما کو پیش آئی اور آتی ہیں صرف اسلئے ہیں کہ انہوں نے خدائے تعالے اپنی عقل کا تراشا ہوا پیدا کیا ہے اور اسکو انہوں نے اختیارات و قدرت بھی محدود عنایت کی ہے اور بہت سے دانشمندوں نے تو اس سے اختیارات و قدرت بالکل سلب کرتے ہیں یہاں تک کہ اپنے قانون کو آپ بدل سکتے ہیں مگر انکا وہی اور فرضی خدا بدل ہی نہیں سکتا یہ جو کچھ اپنے فرضی خدا کی جو کچھ مجبوریاں بیان کرتے ہیں سب درست ہے۔ اِن کے فرضی خدا میں بیشک کچھ بھی قدرت و اختیار نہیں وہ کوئی قانون جو بندوں نے بنا کر اسکو دیا ہے اسمیں کچھ بھی تغیر نہیں کر سکتا۔ مگر ایسے بیکار اور وہمی خدا کے ماننے کی انکو ضرورت ہی کیا تھی صاف انکار ہی کر دیتے جیسا کہ ان کے بہت سے بھائیوں نے

toobaa-elibrary.blogspot.com

کر دیا ہے۔ مگر مصیبت[1] میں جان تو ان بیوقوفوں کی پڑ گئی کہ مذہب کی لکیر ہی پیٹے جاتے ہیں اور اوس گروہ کے مرید و مقلد ہی ہیں۔ اب ان کے نبی کا حال سنئے وہ ہی ایک معمولی شخص ہے صرف یہ بات ہے کہ اسکو ایک خیال کی دھن لگ گئی ہے اسمیں اور مجنون میں تھوڑا ہی سا فرق ہے وہ بھی اپنی خیالی صورتوں سے باتیں کیا کرتے ہیں۔ انکو بھی خیالات مجسم دکھائی دیا کرتے ہیں۔ اور قومی مصلحت سے وہ کچھ جھوٹھ بھی بولدیا کرتے ہیں۔ اب ہم بھی مانتے ہیں کہ ایسے نبیوں میں کوئی بھی قوت روحانی نہیں جسکے زور سے وہ کوئی ایسا کام کر دکھائیں جو انسانی قوت سے زائد ہو۔ اور ان کے علوم و ادراک بھی ایسے کمزور ہیں کہ فلسفہ کی ٹکر سے چور ہو جاتے ہیں لاچار اس کے دھندان کے کلام کو ہیر پھیر کر اس ٹکر سے بچانے میں کوشش کیا کرتے ہیں۔ ایسی نبوت کا کسی شخص پر خاتمہ بھی نہیں ہو گیا ہے نہ ہو سکتا ہے۔ ان کے نزدیک ہندوؤں کا رام موہن بنگالی اور گرونانک سیکھوں کا پیر اور بہت سے نبی ہیں اور ہر ملک میں ایسے دہن کے پکے اس

[1] منجملہ مصائب کے ایک بڑی مصیبت یہ ہے کہ تاریخی واقعات کا انکار کرنا پڑتا ہے اپنے ثبوت مدعے کے لئے تو ایسی تاریخیں بھی معتبر مانی جاتی ہیں کہ نہ جنکا سلسلۂ روایت مسلسل ہے نہ ان کی مصنفوں کا نقل مضامین میں اعتبار ہے نہ یہ معلوم کہ یہ واقعہ اس نے کس سے سنکر لکھا یا وہ معتبر بھی تھا کہ نہیں پھر اس نے بچشم دید واقعہ اس سے بیان کیا تھا یا سنا سنایا پھر یہ کتاب تبدیل و تحریف سے بھی محفوظ رہی ہے یا نہیں؟ برخلاف اس کے ایسے واقعات کی روایت کو خواہ وہ ان مذکورہ بالا جملہ نقصانوں سے پاک ہی کیوں نہ ہو بیدھڑک انکار کر دیا جاتا ہے۔ دوسری مصیبت یہ کہ حضرات اولیاء کرام کی متواتر و مشہور کرامات کا بھی انکار کرنا پڑتا ہے حالانکہ خاتم المرسلین صلے اللہ علیہ وسلم کے بعد ان کے معجزات کا یہ سلسلہ جاری ہے۔ یہ سب کچھ سہی مگر فلسفۂ جدید اور سائنس حال اسبات کا تو انکار ہی نہیں کر سکتا کہ آنحضرت صلعم نے عرب کی کایا پلیٹ دی تھی بت پرستوں سفاک جاہلوں بدکردار لوگوں کو اس سرے سے اوس سرے تک تھوڑے دنوں میں انسان کامل بنا دیا پھر یہ سکہ ایسا جمایا کہ زمانہ کے حوادث سے بھی مٹ نہ سکا

toobaa-elibrary.blogspot.com

عہدہ کو حاصل کر سکتے ہیں۔ جیسا اون کا خدا تھا ویسے ہی اس کے بنی ہیں ؎

وزیرے چنیں شہریارے چناں جہاں چوں نہ گردد قرارے چناں

ایسے دیوانوں کی کتاب اور شریعت بیشک اس قابل ہے کہ جسکو مدارس کے وہ لونڈے بھی جنہیں استنجا کرنا بھی نہیں آتا اور وہ بیرسٹر ایٹ لا اور دولتمند جن کا مایہ ناز یورپین سوسائٹی اور آزادی ہے دن بھر میں سو بار ترمیم کر سکتے ہیں۔ پھر جب ان کے خدا کا ملک بھی یہی عالم محسوس ہے اور اسپر اوسکا پورا اختیار بھی نہیں تو اس کے ہاں جنت اور دوزخ کجا؟ اپنے اعمال کا نیک نتیجہ اسی عالم میں پالینا ہی جنت ہے۔ بنگلہ کوٹھی رہنے کو۔ ہر قسم کی آزادی سے شراب کباب کھانے کو ملجائیں یہی بہشت ہے۔ حوریں یہی لیڈیاں ہیں جو عمدہ گاڑیوں پر آزادانہ اوڑتی پھرتی ہیں۔ مکر فریب ہر قسم کی بیقیدی لوازم جنت ہے۔ اور جہنم کیا ہے یہی افلاس نوکری میسر نہ آنا وغیرہ۔ انبیائی طریق کو ایسے خدا اور ایسے نبی اور ایسے الہام اور ایسی شریعت اور ایسی جنت و دوزخ سے کچھ بھی سروکار نہیں انہیں کو مبارک رہے جب انکا اصول ہی بدل گیا تو اب ان سے بحث بھی بیکار ہے۔ اپنے غلط اصول پر ان کی ساری باتیں منطبق ہیں مگر ان اصول اور اصول انبیائی بالخصوص اصول اسلامیہ میں زمین و آسمان یا راتدن کا فرق ہے۔ انکو اسلام سے کچھ بھی تعلق نہیں۔ بلکہ اس کے صریح برخلاف ہیں۔ ہاں یہ بات ضرور ہے کہ وہ کسی مصلحت دنیاوی سے اسلام کا لفظ اپنے لئے مفید سمجھتے ہیں ؎

الحاصل روشن ضمیر حکماء کے نزدیک انبیاء سے ایسے افعال سرزد ہونے ممکن ہیں اور پھر ریشہ کرنا کہ ان کے معجزات اور مداریوں اور بازی گروں کے شعبدات میں کیا فرق ہے

بقیہ حاشیہ صـ۱۶۸ اس نشہ کو کوئی ترشی نہ اوتار سکے پھر یہ کام مافوق القدرۃ نہیں تو اور کیا ہے کیا ایسا کسینے آجتک کیا ہے؟ آپکے اول اور بعد کی کوئی اسکی نظیر بتا سکتا ہے؟ ہرگز نہیں۔ پھر اسکا بھی انکار کرنا ایک صریح اندھاپن ہے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

ایسا ہی حق ہے کہ جیسا کسی وہمقانی کا یہ شبہ کرنا کہ الماس اور بلور میں کچھ فرق نہیں۔ دونوں یکساں ہیں۔ ایسے شیطانی وسواس قابل التفات بھی نہیں ؛

(۳) یہ گروہ انبیاء علیہم السلام اپنی قوت نظریہ اور قوت عملیہ دونوں میں معصوم ہے۔ جس رحیم وکریم نے اپنے بندوں کی رہنمائی کیلئے ایسے انسان پیدا کئے اسنے انکی بہیمت کو انکی ملکیت کے مطیع ہی کر دیا تھا جس سے انکا نفس انکو بیجا خواہشوں اور خدا کی نافرمانی کی طرف ابھار سکتا تھا۔ بہیمت کے ظلمات توہم وتخیل سے ان کے کشف حقائق وادراک محسوسات وغیر محسوسات میں کوئی خلل پیدا کر سکتے تھے۔ وہ جو کچھ کرتے ہمیے منشاء الٰہی کے موافق کرتے ہے وہ جو کچھ معلوم کرتے ہے اشیاء کی اصلی حقیقت معلوم کیا کرتے تھے۔

(۴) قرآن مجید میں انبیاء سابقین کی علے سبیل التذکرہ بہت معجزات مذکور ہیں۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا آگ سے سلامت برآمد ہونا۔ حضرت موسے کا قلزم سے خشک قوم کو پار لیجانا۔ صالح علیہ السلام کے لئے ناقہ برآمد ہونا جسکو آیہ کہا گیا ہے۔ حضرت سلیمان کا تخت پر بیٹھکر مہینے کی راہ نصف دن میں طے کرنا۔ ان کے پاس طرفۃ العین میں بلقیس یمن کی شہزادی کا تخت حاضر ہوجانا۔ حضرت مسیح علیہ السلام کا مردونکو زندہ کر دینا ماوزاد اندھے اور کوڑہی کو تندرست کر دینا وغیرہ خاتم المرسلین کا تذکرہ قرآن مجید میں بطور سرگزشت

نوٹ متعلق ۱۹۰ ۵ مگر یہ بہشت چند روزہ ہے بشرطیکہ اعضاء بدن ہی سلامت رہیں اور حوادث وبکار کوئی سنگ آسمانی ہی سر پر نہ آپڑے۔ پھر اس تھوڑی سی لذت وسرور پر جسکو پول کی نازگی سے زیادہ ہی بقا نہیں یہ فریفتگی عقل کی کوتاہی اور دار آخرت سے بے نصیبی نہیں تو اور کیا ہے لذات وشہوات نے کہاں تک اندھا کیا ہے کہ اپنے سامنے ہر روز ہزاروں اہل نعمت وثروت کو تہ خاک سوتے دیکھتے ہیں کہ جن کا بعد میں نام ونشان بھی باقی نہیں رہتا نہ ان کے وہ نعیم ومال باقی رہتے ہیں ان کے ایوان ان کے حال زار پر حسرت کے آنسوؤں سے روتے ہیں انکو عبرت نہیں افسوس ہزار افسوس۔ پھر انکو یہ زندگی کہاں جسمیں مافات کا تدارک کر سکیں خدائے رحمان انپر رحم فرمائے اور ان کی آنکھوں سے یہ پردہ اٹھائے۔ آمین ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

بیان کرنیکا کوئی موقع نہ تھا کسلئے کہ خود آپ مخاطب ہیں اور مخاطب سے اسکی سرگزشت بیان کرنا بیمعنی بات ہے مگر تاہم ضمناً بہت سے معجزات کا ذکر ہے اول تو قرآن ہی آپ کا بڑا زندہ معجزا ہے جس سے تحدی کیگئی اور آجتک کوئی بنی اسکی مثل نہ بنا سکا۔ یہ مردہ کے زندہ کردینے سے بھی زیادہ حیرت خیز اور مافوق القدرۃ کام ہے دوم آپ کی شرح صدر و رفعت ذکر جو بڑا معجزہ ہے جسکا کوئی انکار نہیں کرسکتا قرآن میں مذکور ہے الم نشرح لک صدرک و وضعنا عنک وزرک الذی انقض ظہرک ورفعنا لک ذکرک۔ کیا کسی ایسے شخص کا کہ جس نے کسی سے کچھ بھی پڑھا نہو نہ کہنا پڑھنا جانتا ہو نہ حکماء کے ملک کا رہنے والا ہو جملہ علوم و معارف کا سرچشمہ ہوجانا جسکی تفصیل علوم قرآن میں آتی ہے ایسی شرح صدر نہیں ہے کہ جو انسانی قدرت سے فوق ہے۔ پھر چند برسوں میں باوجود شدید موانع کے مشرق سے مغرب تک آپکا فور نبوت آفتاب کی طرح پھیل جانا اور کسیکے روکے نہ روکنا رفعت ذکر نہیں ہے؟ جسکا نظیر اب تک نہیں پایا جاتا کیا یہ مافوق القدرۃ کام نہیں ہے؟۔

سبحان الذی اسرٰی بعبدہ لیلا من المسجد الحرام الی المسجد الاقصی الذی بارکنا حولہ لنریہ من آیاتنا یہ شبا شب مکہ سے بیت المقدس پہونچ جانا اور چلا آنا نہ کوئی ریل تھی نہ کوئی دوسرا سبب عادی تھا معجزہ نہیں ہے؟ اسیطرح بہت سے آیندہ آنیوالے واقعات کی خبریں قرآن مجید میں دیگئی ہیں اور وہ حسب موقع ظاہر بھی ہوئیں پھر کیا یہ معجزہ نہیں ہے از انجملہ لیظہرہ علی الدین کلہ اوس مغلوبی اور مصیبت کے وقت یہ ایک ایسی پیشین گوئی تھی کہ جسپر مخالف قہقہے مارتے تھے آخر ہوکر رہی۔ از انجملہ وعد اللہ الذین آمنوا و عملوا الصلحت منکم لیستخلفنہم فی الارض الایہ پھر آپکے بعد اور بھی شان و شوکت کے خلفاء ہونا جسکا آیت میں ذکر ہے معجزہ نہیں ہے؟ رومیوں کی نسبت جبکہ وہ ایرانیوں سے مغلوب ہو گئے تھے یہ خبر دینا وہم بعد غلبہم سیغلبون کہ نو برس کے اندر رومی ایرانیوں پر غالب آجائیں گے پھر ایسے مطابق غالب آجانا معجزہ اور پیشین گوئی کا صادق آنا نہیں ہے؟

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور بھی ہیں۔ اور احادیث صحیحہ میں تو بلحاظ تسلسل روایت اور صحت کے اناجیل اربعہ سے بڑھکر ہیں آنحضرت صلعم کے صدہا معجزات مذکور ہیں پھر منکر کا یہ کہنا کہ ان کے پاس کوئی بھی معجزہ نہ تھا اور سند میں یہ آیت پیش کرنا وما منعنا ان نرسل بالایات الا ان کذب بہا الاولون سخت نافہمی نہیں تو اور کیا ہے اسی قسم کا جملہ حضرت مسیح نے بھی فرمایا تھا جبکہ انکو سولی دینے لے چلے اور ان سے معجزہ طلب کیا تھا کہ تمکو کوئی نشان نہ دکھایا جائیگا (انجیل متی) پھر کیا اس سے کوئی یہ ثابت کر سکتا ہے کہ حضرت مسیح نے کوئی معجزہ نہیں دکھایا؟ مکہ کے چند سرکشوں نے بطور تمسخر کے آنحضرت صلعم سے چند معجزات طلب کئے تھے ان کے جواب میں یہ آیت اتری اسلیئے الآیات سے انہیں مطلوبہ معجزات کا انکار ہے نہ کہ مطلقاً۔ الف لام عہد خارجی ہے۔ کیونکہ اگر ایسا نہو تو ان کی بعثت سے مخلوق کو فائدہ نہ پہنچتا نہ ان کا کوئی فعل حجت ہوتا نہ کوئی قول سند ہوتا۔ کس لئے کہ ہر ایک پر احتمال غلطی کا بدستور دھبہ لگا رہتا +

سوال ۔ انبیاء کی نسبت کتب انبیائی ہی میں بہت سے ایسے واقعات اور الفاظ مذکور ہیں کہ جن سے ان کی عصمت عمل باقی نہیں رہتی ہے نہ عصمت علم۔ مثلاً حضرت آدم علیہ السلام کا جو اول نبی شمار ہوتے ہیں شیطان سے فریب کھا کر ممنوع درخت کو کھانا جسکی سزا میں وہ بہشت سے نکالے گئے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا بتوں کو توڑ کر بڑے بت کے کندھے پر کلہاڑا رکھدینا اور قوم کے سوال پر یہ کہنا کہ ان کے بڑے نے یہ کام کیا ہے۔ اور آفتاب کو دیکھ کر یہ کہدینا کہ یہ میرا رب ہے یہ بڑا ہے۔ اور مصری جبار بادشاہ کے استفسار پر اپنی بیوی سارہ کو اپنی بہن کہدینا۔ قوم اپنے میلہ میں لیجاتی تھی باوجودیکہ تندرست تھے یہ عذر کر دینا کہ میں بیمار ہوں۔ حضرت موسےٰ علیہ السلام کا ایک قبطی کو مکا مار کر ناحق قتل کر ڈالنا۔ حضرت داود علیہ السلام کا اوریا کی بیوی بنت سبع کو کس ناجائز طریق سے اسکے خاوند سے چھین لینا جسپر درشتونکی معرفت انپر سوال کے پیرایہ میں

toobaa-elibrary.blogspot.com

عتاب ہوا اور وہ سجدہ میں گر پڑے۔ اور خود آنحضرت صلعم کی نسبت چند واقعات مسلمانوں کی کتابوں میں ایسے مذکور ہیں کہ جن سے دونوں قسم کی عصمت باقی نہیں رہتی۔ (۱) زید کی بیوی کا جبکہ وہ زید کے گھر میں تھی عشق رکھنا اور زبان سے تو اسکو یہ کہنا کہ طلاق مت دے خدا سے ڈر اور دلمیں یہ کہ وہ طلاق دیدے تو میں اس سے نکاح کرلوں (۲) اور ونکو چار بیویوں کی اجازت دیکر اپنے لئے بغیر تعداد عورتوں سے خواہش نفسانی پورا کرنا اور اپنے نکاح میں کوئی حد معین نکرنا۔ (۳) لوگوں کو اس لئے کہ وہ آپ کا حکم نہیں مانتے تھے بیرحمانہ قتل کرنا اپنپر چڑھائی کرنا ان کے گھر بار لوٹ لینا ان کے بچوں کو غلام بیویوں کو لونڈیاں بنا کر کام میں لانا۔ یہود بنی قریظہ اور بعض اشخاص کو کس بے رحمی سے قتل کرواڈالنا۔ غالباً انہیں باتوں پر قرآن میں آپ کو اپنے گناہوں سے معافی مانگنے کا حکم ہے۔ اور ایک جگہ یہ بھی ہے کہ اے محمدؐ ہمنے تمکو گمراہ پایا تھا پھر ہدایت کردی۔ وغیرہ۔

جواب سے پہلے یہ بات معلوم کرلینی بھی ضرور ہے کہ نبی باوجود ان کمالات کے پھر بھی جامۂ بشری میں ہے اور جب تک انسان جامۂ بشریت میں ہے خواص بشریہ سے دور ہو نہیں سکتا۔ بھوک پیاس۔ غصہ۔ پیار۔ بھول۔ چوک۔ سب کچھ ہے نہ یہ امور گناہ ہیں نہ عصمت کے منافی۔ چنانچہ بعض اوہام نبی کو ان امور سے بھی مبرا تصور کرکے آنحضرت صلعم کو خرید و فروخت کھانے پینے بال بچوں سے صحبت رکھتے دیکھکر بڑا تعجب کرتے اور ان باتوں پر اعتراض کیا کرتے تھے جنکے جواب میں قرآن نے وہی باتوں پر فیصلہ کردیا اول یہ کہ قل انما بشر مثلکم الایہ کہ میں بھی بشر ہوں خصائص بشریت سے علیحدہ نہیں ہوسکتا دوئم یہ کہ آپسے پہلے جسقدر انبیاء آئے ہیں جنکو ایک دنیا مانتی ہے وہ بھی بشر تھے۔ یمشون فی الاسواق۔ بازاروں میں خرید و فروخت بھی کیا کرتے تھے یعنی خواص بشریہ رکھتے تھے۔ یہ الزامی جواب تھا۔ اور یہی

toobaa-elibrary.blogspot.com

یاد رکھنا چاہیئے کہ جرائم کی سزائیں ملزموں کی سفاکی اور ان کی سرکشی اور عادت کے موافق دنیا حسن انتظام اور عین انصاف ہے۔ اور قوانین ملکی میں جنکا تہذیب اخلاق و ترقی روحانی سے کچھ تعلق نہو صرف تمدنی امور میں افراد کے لحاظ سے ضرور تفاوت ہونا چاہیئے اگر ایسا نہو گا تو گدھے گھوڑے اور سیاہ و سفید میں امتیاز نکرنا صادق آئیگا۔ ان تینوں مقدمات کے بعد جواب سنیئے۔

حضرت آدم علیہ السلام کا اوس درخت کو کھا لینا وہی بھول چوک بشریت تھی جسپر احتیاط نکرنیکے سبب انپر عتاب ہوا۔ خود قرآن میں ہے فنسی کہ آدم بھول گئے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ذرا بھی جھوٹ نہیں بولا نہ کوئی خلاف واقع جاہلانہ بات کہی تھی۔ ہاں تعریض ضرور کی اور توریہ سے ہی کام لیا تھا جو عقلاً جھوٹ نہیں ہوتا۔ بڑے بُت کے کندھے پر کلہاڑا رکھکر بت پرستوں کو نادم کرنے کے لئے یہ فرما دینا کہ بل فعلہ کبیرہم کہ یہ کام سب سے بڑے نے کیا ہے یعنی جو ان سے بالا[1] دست ہے انسے پوچھ دیکھو اگر بول سکتے ہوں۔ ایک عاقلانہ اور پُر اثر وعظ تھا۔ اسیطرح بیوی کو بہن کہدینا ایک ظالم کے شر سے بچنے کے لئے اور ننگ و ناموس محفوظ رکھنے کے لئے کچھ جھوٹ بھی نہ تھا کیونکہ وہ ان کی چچازادی بہن بھی تھی۔ اور انی سقیم کہدینا بھی ایک بے رغبتی کے لئے خصوصاً برے کاموں میں شریک ہونے کے موقع پر ایک محاورہ ہے یوں کہتے ہیں دل بیمار ہے یعنے مجھے رغبت نہیں۔ اسیطرح آفتاب کو ہذا ربی ہذا اکبر کہدینا ان جاہلوں نیرات پرستوں پر ایک تازیانہ تھا جیسا کوئی کسی ذلیل اور حقیر شخص کو جس کو لوگ خواہ مخواہ اپنا بادشاہ کہتے ہوں یہ کہدینا کہ یہ میرا بادشاہ یہ بڑا شخص ہے یعنے بادشاہ نہیں کیونکہ ولقد اتینا ابراہیم رشدہ من قبل کے بموجب وہ ابتدا ہی سے خدا پرست تھے طلوع و غروب کرنے والی اشیاء کا وجود ظلی ان کی نظر میں بہت ہی بے حقیقت تھا

[1] اسلئے کبیرہم کہا انکے بڑے یعنی سب سے بالاتر نے کیا۔ کبیرہم نے فرمایا کہ بڑے بُت نے ایسا کیا ہے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

کما قال انی لا احب الافلین کہ میں غروب کرنے والی چیزوں کو اچھا نہیں سمجھتا۔ حضرت موسے علیہ السلام کا بقصد قتل ایک قبطی کو تپھڑ مکا مارنا جبکہ وہ ظالم ناحق ایک مظلوم اسرائیلی کو برسر بازار پیٹ کر رہا تھا اور اس سرکش نے ربانی ارشاد کی کچھ بھی پروانہ کی تھی کوئی بری بات نہ تھی ان کی حمیت قومی اور انصاف کا یہی مقتضے تھا اس سے اسکام جانا ایک ناگہانی بات تھی۔ مگر اسپر بھی وہ اسکو اپنے دلمیں اولعزمی برا ہی سمجھتے اور استغفار کرتے رہے +

حضرت داؤد علیہ السلام کی نسبت جو اوریا کی بیوی بنت سبع کا معاملہ کسی مورخ نے دوسرا رنگ دیکر لکھا ہے اور اسیطرح حضرت سلیمان کی نسبت بت پرستی کا الزام لگایا ہے اور حضرت ہارون علیہ السلام کو گوسالہ پرست کہا ہے اور حضرت لوط علیہ السلام پر شراب پیکر اپنی دونوں بیٹیوں سے مباشرت کرنیکا الزام لگایا ہے یہ سب اہل کتاب کے علماء کی تحریف ہے جسکو عقل تسلیم کر سکتی ہے نہ قرآن کیونکر قرآن ان کی بابت شہادت دے رہا ہے وَاِنَّهُمْ عِنْدَنَا لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الْاَخْيَارِ کہ وہ ہمارے نزدیک برگزیدہ اور بہتر اشخاص تھے عصمت کے لیے یہی الفاظ کافی ہیں۔

ان باتوں کا جواب اہل کتاب پر ہے اور اسکا بھی کہ وہ پھر ان سے بھی کمتر معاملات پر جو بے احتیاط راویوں اور غلط فہم مفسروں سے لیکر اسمیں نئے نئے رنگ دیکر حضرت محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم پر اعتراض کیا کرتے ہیں +

قرآن میں حضرت داؤد کی بہت مدح آئی ہے سورہ ص میں ایک واقعہ انکی عدالت اور انصاف کے دکھانے کے لئے مذکور ہے کہ دو چرواہے بلا اجازت دیوار پھاندکر ان کے خلوت خانے میں اپنا فیصلہ چکوانے کے لئے ان کے مخصوص وقت میں آگھسے جس سے انکو گھبراہٹ ہوئی اور ہونی بھی چاہئے تھی کس لئے کہ ان دنوں میں فلسطانی اور دیگر بادشاہوں سے جو ان کے آس پاس تھے لڑائی جاری تھی

toobaa-elibrary.blogspot.com

ایسے مواقع میں بذات بقصد قتل گھروں میں گھس آیا کرتے ہیں۔ اِس پر اِن کے الفاظ ناملائم کہ ڈرنا نہیں۔ انصاف کردو ظلم نہ کرنا۔ ایسے کلمات تھے جن سے بادشاہان ذوالاحترام کو غصہ آجانا ایک معمولی بات ہے۔ اسپر بھی حضرت داؤد نے ان کے جھگڑے کا جو ایک دنبی کی بابت تھا انصاف سے فیصلہ کردیا۔ انکو کلوازنہ دیا نہ سزا رگستاخی کا حکم دیا اِن کی طبیعت انصاف پسند کا امتحان تھا جسپر وہ اِس رمز کو سمجھ کر خدا کے آگے سجدہ میں گر پڑے اور اپنر عنایت وفضل الٰہی کا انعام نازل ہوا۔

بے احتیاط راویوں نے اِس واقعہ کو ایک معما بنادیا اور پھر اِس کے لئے کیا کیا افسانہ گھڑے جن کا کچھ بھی ثبوت نہیں خاتم المرسلین صلے اللہ علیہ وسلم پر مخالفوں نے دو قسم کے حملے کئے ہیں (۱) شہوت پرستی اور بے تعداد عورتیں رکھنے کا اور زید کی بیوی سے دلمیں عشق رکھنے کا الزام (۲) مخالفوں کو بیرحمی سے قتل کرانے اور اِن کے مال واسباب لوٹ لینے اور بال بچوں کو لونڈی غلام بنا لینے کا۔ پھر وہ یہ اعیسائی مصنفوں نے اپنر کیا کیا رنگ آمیزیاں کی ہیں اور اسلام کی توہین کے لئے کیسی کیسی کتابیں اور رسالہ مختلف زبانوں میں تقسیم کئے ہیں۔ اور حضرت نے جو کچھ دنیا کے روبرو مسیح علیہ السلام اور ان کی والدہ کی بابت پاکبازی کی شہادت دی ہے جسپر یہود کو ابتک غیض وغضب ہے کیا ہی حق ادا کیا ہے کیوں نہو انصاف پسند طبائع ایسا ہی کیا کرتے ہیں اور تہذیب وشائستگی بھی اسیکا نام ہے۔

پہلی بات کا جواب یہ ہے۔ کہ تمام مورخین متفق ہیں کہ آنحضرت صلعم نے پچاس برس کی عمر تک صرف ایک ہی بیوی خدیجہؓ پر کفایت کی جو آپ سے بیس برس بڑی تھیں جہاں آپکا وطن بھی تھا اور قریش آپ کو بخوشی خاطر نوجوان حسین لڑکیاں دینے کو بھی موجود تھے اور رغبت بھی دلایا کرتے تھے اور انسانی عمر کا یہی زمانہ عورتوں کیطرف رغبت کا بھی ہوتا ہے۔ پھر عقل باور نہیں کرتی کہ ایک ایسا شخص جسکو تمام جاہل قوم اور

toobaa-elibrary.blogspot.com

پھر عقل بھی باور نہیں کرتی کہ ایک ایسا شخص جسکو تمام جاہل قوم اور ملک کی ہدایت کا داعیہ بھی ہو اور ایسا داعیہ کہ جسکی بدولت وہ اور ان کے یار و اعوان ہر قسم کی ملامتوں اور ایذاؤں کا نشانہ بنائے جائیں وطن اور گھر بار چھوڑنا پڑے اور تمام ملک دشمنی پر کمربستہ ہو جائے وہ پردیس میں جاکر جہاں ایک چھوٹی سی بستی (مدینہ) کے لوگ ان کے محض اسی خدا پرستی کی سبب اعوان و انصار ہو جائیں اور انہیں میں سے چند سردار در پردہ باعث تخریب بھی ہوں اور راندن عیب جنی کے درپے ہوں (منافق) اور اس بستی کے آس پاس ایسی سخت اور حاسد یہود کی قومیں بھی رہتی ہوں (بنی قریظہ و بنی نضیر وغیرہ) جو تمام عرب کو اس خدا پرست اور مظلوم گروہ کے نیست و نابود کر دینے کی ترغیب دلاتی ہوں اور اسی وجہ سے آئے دن قوموں کی یورشیں اور ہر روزہ مار دھاڑ کا بازار ان کے لئے گرم ہو۔ فقر و فاقہ حد سے بڑھا ہوا ہو جوانی بھی ڈھل گئی ہو وہ شخص ایسے موقع پر ایسی حالت میں شہوت رانی کر کے اپنے دامن پر دھبہ لگائے خارج از حیطہ معقل ہے۔ بھلا کوئی تھوڑی سی سمجھ کا آدمی جو واقعات سے واقف ہو ذرا بھی باور کر سکتا ہے کہ مدینہ کے وہ غیور انصار جن کو رشتۂ اعتقاد ہی وابستہ کئے ہوئے تھا اور قبائل عرب کے مہاجرین جملہ تکالیف ایک ایسے شخص کی خاطر اٹھائیں اور اپنی جانوں اور مالوں کو معرض ہلاکت میں ایک ایسے آدمی کے لئے ڈالدیں جو پیرانہ سالی میں بھی شہوت پرست ہو وہ لوگوں کی بہو بیٹیوں سے مخفی یا ظاہر عشقبازی کرتا ہو۔ جو بقول مخالفین پُرفن و عیار بھی ہو۔ ہرگز نہیں ہرگز نہیں۔ یہ کہنا کہ وہ بیوقوف لوگ تھے خود قائل کی بیوقوفی ہے ان کی لیاقتیں ان کے فتوحات ملکی سے ظاہر ہیں اور ان فتوحات پر ان کی اوس پاک اور درویشانہ زندگی میں جو ان کے پیغمبر کے حیات میں تھی فرق نہ آنا ان کی راستبازی اور ان کے دلوں میں پیغمبر کے زندہ اصول جاگزیں ہونے کی دلیل ہے اس تمہید کے بعد ان رنگ آمیزیوں اور بے احتیاط راویوں کی روایات سے قطع نظر کر کے جو ہر مذہب میں ہوتی ہیں اصل واقعات پر نظر غائر ڈالی جائے تو ان بیہودہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

الزامات میں سے ایک بھی اوس پاکباز اور معصوم کے دامن پر نظر نہ آئیگا۔

سب سے پہلا الزام زید کی بیوی زینب کے نکاح سے پیغمبر علیہ السلام پر قائم کیا کرتے ہیں۔ قرآن اور کسی صحیح حدیث میں یہ نہیں ہے اور نہ کسی معتبر مورخ نے لکھا ہے کہ حضور اقدس علیہ السلام زید کے گھر میں گئے تو ان کی بیوی کو برہنہ نہاتے دیکھکر انپر عاشق ہو گئے زینب بھی استباکو تاڑ گئیں اسلئے وہ اپنے خاوند زید سے اور بھی زیادہ ناز خرامیاں کرنے لگیں اوہر زید اس لگاوٹ کو سمجھ گئے اور جان گئے کہ یہ بیل نہ منڈھے چڑھی ہے نہ چڑھے گی۔ اس لئے طلاق کا ارادہ کر لیا پیغمبر علیہ السلام نے ظاہرداری کے لحاظ سے اپنا تقدس جتلانے کے لئے مونہہ سے تو منع فرمایا مگر دل میں یہی آرزو تھی۔ چنانچہ پیغمبر کی استباکو قرآن میں خدا نے ظاہر کر دیا ہے وتخفی[1] فی نفسک ما اللہ مبدیہ وتخشی الناس واللہ احق ان تخشاہ۔ اور جب زید نے طلاق دیدی تو بے صبری سے بغیر نکاح کی اسکو اپنے خلوت خانہ میں لیگئے اور فرمادیا کہ میرا نکاح عرش پر جبرئیل نے باندھ دیا ہے۔ حاشا ثم حاشا ہرگز یہ واقعہ اسطرح پیش نہیں آیا نہ قرآن کی آیت مذکورہ بالا کا یہ مطلب ہے یہ صرف مخالفوں کی رنگ آمیزی ہے

واقعہ یہ تھا کہ زینب حضور اقدس کی پھوپی زاد بہن اعیان قریش میں سے تھیں

[1] اور اپنے دلمیں آپ وہ خیال چھپا رہے تھے کہ جسکو اللہ ظاہر کرنے والا تھا ۱۲۔ اسمیں نہ عشق و محبت کا ذکر ہے نہ عشق و محبت ظاہر کیا گیا ہے ظاہر تو قرآن میں اس مقام پر یہ کیا گیا ہے کہ مونہ بولا بیٹا درحقیقت بیٹا نہیں ہو جاتا زینب کو زید طلاق دے چکا ہم آپکو نکاح کا حکم دیتے ہیں ۱۲ منہ

ف اول تو زینب آپکے کنبہ کی تھیں نکاح زید سے پہلے سو بار بھی انکو دیکھا ہوگا پھر اپنے لئے نکاح کی درخواست نہ کر دیتے جسپر وہ لوگ بہت جلد اپنا فخر سمجھ کر اپنے ہادی قوم کے شریف سے بیاہ دیتے۔ دوم اسلام کا حکم ہی نہیں کہ دولہا بے اطلاع اپنے مستورات میں بھی چلے جاویں بلکہ سلام وغیرہ الفاظ سے اطلاع کرنیکا حکم ہے پھر آپ بغیر اطلاع زید کے گھر میں کیونکر جا سکتے تھے اور اطلاع کرنے پر ممکن نہ تھا کہ زینب جیسی عابدہ زاہدہ خدا پرست پردہ کا ستر نہ کرتیں اور ویسی ہی ننگی بیٹھی نہایا کرتیں جیسا کہ عیسائیوں اور

toobaa-elibrary.blogspot.com

زید آپ کا مونہہ بولا بیٹا تھا جسپر آپ کی پدرانہ شفقت تھی اپنی سفارش اور ذمہ داری سے اپنے ہی خاندان میں آپ ان کی شادی کے متکفل ہوئے اور غلام سے سردار قریش کی بیٹی کا پیوند اگی رسم کے خلاف تھا۔ یہ اتفاقی بات ہے کہ میاں بیوی میں ان بن ہونے لگی۔ بیوی تنمزاج تھیں۔ زید کا بجز آپکے اور کون تھا جس سے بیوی کی بدمزاجی کی شکایت کرتے آپ اوس لحاظ سے کہ یہ نکاح میرے کہنے اور میری ذمہ داری سے ہوا ہے زید کو صبر و برداشت کی نصیحت فرماتے رہے آخر تنگ آکر زید نے طلاق کا قصد ہی کر لیا اور اپنے آقا سے صاف صاف کہدیا۔ اِس موقع پر آپ کو یہ خیال پیدا ہوا کہ آخر کار اس ذمہ داری اور یگانگت کے سبب زینب کے ورثہ بھی کو اوس کے ساتھ نکاح کرنے پر مجبور کرینگے۔ مگر زید متبنےٰ کہلاتا ہے اور متبنےٰ کی مطلقہ یا بیوہ سے نکاح کرنا عرب کی رسم جاہلیت میں معیوب سمجھا جاتا ہے۔ اس خیال کو آپ دلمیں چھپا رہے تھے اور اسبات سے ڈر رہے تھے۔ مگر ایسے رسوم کا توڑنا کوئی آسان کام نہیں خدا نے اپنے پیغمبر ہی کو اِس کے لئے مجبور کیا اور نکاح کا حکم دیا۔ آسمان پر نکاح کرنے سے یہ مراد ہے۔ اور فرمایا کہ لوگوں کے طعن و تشنیع کی کچھہ پروا نکرو اسلئے مجبوری زینب سے نکاح کرنا پڑا۔ جو لوگ خانہ داری کی ایسی پیچیدگیوں میں پڑکر نکاح پر مجبور کئے جاتے ہیں وہ اِس بات کو خوب سمجھہ سکتے ہیں مخالف جو چاہے بدگمانی کیا کرے۔ یہ تمادہ واقعہ جسکو دوسرے قالب میں ڈھالکر مخالفوں نے دکھایا ہے*

دوسرا اعتراض یہ تھا کہ اپنے لئے چار کی حد کیوں نہ قائم کی۔ اسکا جواب تمہید کی وفعہ سے واضح ہے۔ حضور اقدس کے لئے متعلمات کو بسلسلۂ نکاح جمع کرنے میں مصلحت تھی اِن کی عیالت و کفالت کے لحاظ سے بھی اور جلوت و خلوت میں مستفید

بقیہ صفحہ ۱۷۸ اور ہنود میں دستور ہے سوئم جب پیغمبر علیہ السلام کے دلمیں یہ خیانت تھی تو ہمیشہ کے لئے اپنے لئے قرآن میں ایسی بات داخل کر کے بدنامی کیوں لیتے۔ جس احمق بدذات نے اپنے معاملات پر قیاس کر کے اوس مقدس پر ایسا بہتان باندھا ہے اسکو عقل بھی نہ تھی ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہونے کے سبب سے بھی اس لئے تعداد معین نہ کی گئی اس کی تشریح اور مقامات پر بھی آئے گی انشاء اللہ۔ **دوسری بات کا جواب** ۔ یہی تمہید سے ظاہر ہے۔ ایسے بدذات جو خواہ مخواہ ایک خدا پرست مظلوم گروہ کے راتدن درپے قتل ہوں اور لوگوں کو بھی ابھارتے ہوں اور کئی بار عہد کر کے بدعہدی بھی کر چکے ہوں اور قریب تھا کہ جنگ احزاب میں ان بدذاتوں کی شرارت سے سب کے سب خدا پرست قتل کئے جاتے۔ ان کے گھر بار لوٹے جاتے بال بچے لونڈی غلام بنائے جاتے اور قریب ستر کے شہید بھی ہوئے اور بہت سے زخمی ہوئے پھر ایسے قاتلوں سفاکوں سانپوں[1] کے بچوں کو جو انبیاء خصوصاً حضرت مسیح پر ظلم وستم کر کے اترا گئے تھے قتل نہ کرتے تو کیا ان کے سر پر پھول دھرتے ان کی خبر تو خود مسیح علیہ السلام نے لیتے چنانچہ حواریوں کو تلواریں خریدنے کا حکم بھی دے چکے تھے۔ مگر ابھی آسمانی سلطنت کا زمانہ نہیں آیا تھا حواریوں کے بودے پن سے مجبور ہو گئے۔ یہاں آپ کے ساتھ عرب بالخصوص قریش وانصار تھے جن کی شجاعت سے شیر غراں پیشاب کرتا تھا سب کو مزا چکھا دیا +

ایسے رحمدل معترض تو آجکل یورپ کے ہر فرمانروا پر سنگدلی اور بیرحمی کا الزام لگاتے ہونگے جبکہ وہ سینکڑوں قاتلوں کو پھانسی پر لٹکتے اور سینکڑوں بدمعاشوں کی پیٹھ پر تازیانہ پڑتے دیکھتے ہوں گے سینکڑوں کو گولیوں اور توپ کے گرابوں سے اوڑتے دیکھتے ہونگے سینکڑوں کے گھر بار جائداد لوٹتے اور ضبط ہوتے ملاحظہ کرتے ہوں گے اور ان کے باقیماندوں کو اسیر اور زیر حراست پاتے ہوں گے پھر ایسے رحمدلوں کا کیا کہنا ہے۔ انہیں کے بزرگوں نے تو مسیح علیہ السلام کو ظالموں کے پھندے میں پھنسا دیکھ کر کان تک نہ ہلائے +

ہندوؤں کے ہادی سری کرشن جی نے کورچھتر کے میدان میں لاکھوں چھتریوں کو ایک دنیاوی معاملہ پر تہ تیغ کروا دیا پھر شنکراچاریج جیسے دھرماتما رحمدلوں نے جو جیو ہتیا[2]

[1] خود مسیح نے ان کی نسبت یہ لفظ فرمایا تھا۔ [2] ذبح حیوانات جان مارنا ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

باپ سمجھتے ہیں ہزارہا بیگناہ بوڑھوں کو کس بے رحمی سے تہ تیغ کیا۔ اپنا ہی دھرم چمکانے کے لئے رحمدل مشنری جو مسیح کے اِس قول کے بڑے حامل ہیں کہ جو تیرے ایک گال پر طمانچہ مارے تو اسکی طرف دوسرا بھی کر دے۔ حرب صلیب کے زمانہ میں محض غیر مذہب ہونیکے سبب ہزاروں مسلمانوں عورتوں بچوں بوڑھوں بیماروں کو کس بیرحمی سے تہ تیغ کیا جسدن بیت المقدس فتح کیا تھا اوس روز ان بیماروں بوڑھوں عورتوں بچوں کی تعداد۔ جو الاماں الاماں پکارتے اور رو رو کر رحم دلا رہے تھے قریب ستر ہزار کے تھی جنمیں یہودی بھی تھے۔ پھر اسپین میں جب فرڈی نینڈ نے قبضہ کیا تو دیندار عیسائی مشنریوں کے فتوے سے بے تعداد مسلمانوں کو جنمیں عورتیں اور بچے اور بوڑھے اور بیمار بھی تھے کس بیرحمی سے قتل کیا ہے اور جو سراسیمہ ہوکر پہاڑوں جنگلوں میں بھاگ گئے تھے اور ان کا تعاقب جاری تھا وہ برف اور وہ بھوک پیاس سے مرے ہیں انکا کوئی شمار نہیں صرف اسکی جان بخشی ہوتی تھی جو دین عیسوی قبول کرتا تھا۔ اور اب جہاں کہیں فتنہ و فساد برپا ہوکر ہزاروں خون ہوتے ہیں اِس کا تخم انہیں دیندار مشنریوں کے مقدس ہاتھوں کا بویا ہوا ہوتا ہے۔ اور تبلیغ مذہب کی آڑ میں جہاں کہیں اِن کے مبارک قدم جاتے ہیں وہاں یہی فتنہ و فساد برپا کرتے ہیں۔ اسیطرح حضرت موسےٰ اور یوشع اور بعد کے انبیاء کے وہ خونخوار قتال و جدال جنمیں عورت مرد جوان بوڑھا گائے بیل تک تہ تیغ کیا گیا۔ بائبل میں مذکور ہیں ملاحظہ ہو سفر خروج باب ۱۷ سفر عدد باب ۲۱۔ سفر استثنا باب ۲۳۔ کتاب یسوع باب ۵۔ انجیل لوقا باب ۲۲ درس ۳۶ میں ہے کہ جسکے پاس نہیں وہ اپنے کپڑے بیچکر تلوار لے۔ پھر اس کتاب کے باب ۲۲ میں ہے کہ حواریوں میں سے ایک نے سردار کاہن کے نوکر پر تلوار چلائی اور اسکا داہنا کان کاٹ ڈالا۔ مگر حواریوں کی ہمت دیکھکر مسیح نے فرمایا کہ اتنے ہی پر رہنے دو۔ انجیل لوقا باب ۲۲ درس ۵۱)

قرآن میں جو آپ کو توبہ و استغفار کا حکم دیا اور معافی کا مژدہ سنایا گیا۔ اِس لئے کہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

کہ نبی قوم کا وکیل ہوتا ہے قوم کے گناہوں سے استغفار کرنا مراد ہے اور نبی کو ان کی بخشش کا مژدہ دیا گیا ہے اگر گناہ ہونے سے یہی معمولی گناہ مراد لی جائے۔ ورنہ اس سے مراد وہ خطرات بشریہ ہیں جن سے بشر مجبور ہے تو ان کے قلوب صافیہ پر ان سے بھی وہی کدورت محسوس ہوتی ہے جو دوسروں کو گناہوں سے محسوس ہوتی ہے۔ اور اسیلئے لیغفرلک ما تقدم من ذنبک وما تاخر ارشاد ہوا ہے۔ اور نیز مقامات تقرب میں ذرا ذرا التفات غیر اللہ بھی ایسے اولوالعزم اشخاص کے لئے گناہ سمجھے جاتے ہیں مشہور ہے حسنات الابرار سیات المقربین دلیل اثبات پر کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے گناہ ہونے سے یہ معمولی گناہ مراد نہیں بلکہ وہی خطرات والتفاتات الی غیر اللہ دلیل خود آنحضرت صلعم ہی کا قول ہے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہ لیغان علی قلبی وانی لاستغفر اللہ فی الیوم مائۃ مرۃ رواہ مسلم۔ کہ آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ میرے دل پر (غین) ایک پردا سا طاری ہو جاتا ہے تو میں دن بھر میں سو بار خدا سے استغفار کرتا ہوں۔ اس حدیث کو امام مسلم نے اپنی صحیح میں روایت کیا ہے جس کی صحت میں کچھ بھی کلام نہیں پس جس شخص پر قرآن نازل ہوا تو اسینے اپنے گناہ کی کیفیت بیان فرمائی تو اور کسیکا حق نہیں کہ وہ اپنی طرف سے اس کے معنی بیان کرے۔ اور الزام لگانے کے لئے اپنے معانی اون الفاظ میں پہناوے۔

وہ غین کیا تھا؟ علماء نے خصوص اس حدیث کے شراح نے اس کے متعدد معانی بتائے ہیں۔ جنمیں سے اقوی یہ ہیں جسکی نسبت صاحب لمعات بھی لکھتے ہیں ان ذلک کان بسبب امتہ وما اطلع علیہ من احوالہم بعدہ فکان یستغفر لہم کہ یہ غبار امت کے گناہوں کا تھا جبکہ آپ اوسپر مطلع ہوتے تھے (تو اس آئینہ صافی پر اوسکا عکس پڑتا تھا) پس ان کے لئے استغفار فرماتے تھے۔

ہر مقامات عالیہ طے کرنے والے کو جب تک کہ وہ اس مقام تک نہ پہونچا تھا اس مقام کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

لحاظ سے ضلالت ہوتی ہے اور یہ بدیہی بات ہے۔ بسطیح آنحضرت صلعم کا حال تھا جیسا کہ ایک جگہ قرآن میں فرماتا ہے ماکنت تدری ما الکتاب ولا الایمان کہ اس سے پہلے آپ نہ کتاب جانتے تھے نہ حالات ایمان پہچانتے تھے ہمنے بذریعہ وحی والہام تمکو مطلع کیا ہے۔ اور یہ ایک واقعی بات ہے۔ پھر اس لفظ سے بت پرستی وبدکاری کی گمراہی مراد لینا خود معترض کی گمراہی ہے۔

اس قسم کے گناہوں سے کوئی بشر بھی پاک نہیں نہ ہوسکتا ہے۔ اسبات کا خود حضرت مسیح علیہ السلام کو بھی اقرار ہے چنانچہ انجیل متی کے انیسویں باب ۱۶ درس میں ہے دیکھو ایک نے اوس سے (یعنی مسیح سے) کہا کہ اے نیک اوستاد میں کونسا نیک عمل کروں کہ ہمیشہ کی زندگی پاؤں اس نے اسسے کہا کہ تو مجھے کیوں نیک کہتا ہے نیک تو کوئی نہیں مگر ایک یعنی خدا اپر اگر تو زندگی میں داخل ہونا چاہے تو حکموں پر عمل کر لوگ یوحنا بپتسمہ دینے والے کے پاس یردن ندی میں گناہوں کا اقرار کرکے بپتسمہ پاتے جاتے تھے اسی رسم کے موافق خود مسیح علیہ السلام نے بپتسمہ پایا جیسا کہ انجیل متی کے اول باب میں ہے۔ اس کے بموجب مسیح نے بھی گناہوں کا اقرار کیا ہوگا +

کتاب ایوب کے چودھویں باب میں ہے۔ درس ۴۔ کون ہے جو ناپاک سے (انسانی نطفہ) پاک نکالے۔ پھر پندرھویں باب کے ۱۴ درس میں ہے۔ انسان کون ہے کہ پاک ہو اور وہ جو عورت سے پیدا ہوا۔ کیا ہے کہ صادق ٹھہرے +

جب یہ ہے تو پھر جملہ خدا پرست اور استباز گروہ نبی رسول ہی کیوں نہوں کس لئے اپنے خدا کے حضور میں توبہ واستغفار عجز ونیاز نہ کریں۔ اوس قدوس کے سامنے انسان کا حدوث وامکان ہی اس کی تقصیر کی شہادت ہے۔ اسکو بدکاروں کی بدکاریاں اور

سلہ انجیل پولوس عمل کرنے سے روکتا ہے صرف مسیح پر ایمان لانے ہی کو موجب نجات اور عمل کو موجب لعنت قرار دیتا ہے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

مشرکوں کی بت پرستیاں قرار دینا ایک تیرہ باطن کا کام ہے۔ جسکو مقام عبودیت میں کچھ بھی بہرہ نہیں ہے ہم بندہ ہماں بہ کہ زتقصیر خویش ۔ عذر بدرگاہ خدا آوردہ

عصمت انبیاء

جملہ انبیاء کی عصمت

پر یہ آیت دلیل ہے اِنَّآ اَخْلَصْنٰهُمْ بِخَالِصَةٍ ذِكْرَى الدَّارِ ۝ وَاِنَّهُمْ عِنْدَنَا لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الْاَخْيَارِ ۝ سورہ ص رکوع ۴ یعنے ہمنے انکو (انبیاء علیہم السلام کو) ایک خاص بات کے لئے مخصوص کر لیا تھا۔ دارِ آخرت کیطرف متوجہ ہونے اور اس کے یاد رکھنے کے سبب اور وہ سب ہمارے نزدیک برگزیدہ اور نیک بندے ہیں۔ جس کے قوی بہیمہ قوی ملکیہ کے مطیع نہو جائیں کہ بہیمیت عمل اور علم میں اپنی تاریکی کا پردہ نہ ڈال سکے اور جو وقت تک انسان برگزیدہ اور نیک نہیں ہو سکتا۔ یہی عند اللہ برگزیدگی عصمت ہے۔ جب عموماً انبیاء علیہم السلام کا یہ حال ہے تو سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم جو سب میں محکم اس آیت کے برگزیدہ ہیں بدرجہ اولیٰ معصوم ہیں۔ تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ کہ رسولوں میں ایک کو دوسرے پر جنے فضیلت دی ہے یہ مضمون تو بجارہ نص ثابت ہے مگر علماء ربانی نے تصریح کی ہے کہ بعض کے لفظ سے آنحضرت صلعم کیطرف استعارہ ہے۔ اور آپ کے لئے بالخصوص اور یہی آیات ہیں۔ قوت نظریہ کی عصمت کے لئے ما زاغ البصر وما طغیٰ اسکی تصریح ہو چکی ہے۔ نیک عمل اور ثبات فی الدین کے لئے یہ آیت ہے وَلَوْلَآ اَنْ ثَبَّتْنٰكَ لَقَدْ كِدْتَّ تَرْكَنُ اِلَيْهِمْ شَيْـًٔا قَلِيْلًا ۝ سورۂ بنی اسرائیل رکوع ۸ کہ اگر ہم آپ کو ثابت قدمی عطا نہ کرتے تو آپ اے بنی ان کی طرف کچھ نہ کچھ جھک ہی جاتے۔ یہی ثابت قدمی عصمت ہے۔ اور اسکو سلطان نصیر سے تعبیر کیا جاتا ہے جسکی نسبت آپ کو دعا مانگنے کا حکم ہوا ہے۔ کہ وَاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطَانًا نَّصِيْرًا ۝ دعا سے مقصود ہے کہ یہ زائل نہو جائے اور دن بدن اسمیں ترقی ہوتی رہے وَالضُّحٰى وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى وَلَلْاٰخِرَةُ

toobaa-elibrary.blogspot.com

خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْأُولَىٰ ○ قسم ہے روشنی اور رات کی جبکہ وہ چھا جائے (اس میں قوت ملکیت و قوت بہیمہ کیطرف اشارہ ہے) اے محمد تمکو نہ تمہارے رب نے چھوڑ دیا ہے نہ آپسے وہ ناراض ہوا ہے (ہمہ وقت ظل عنایت اور تاج رضامندی آپکے سر پر ہے۔ اور ہر دم اور ہر ساعت جو پیچھے آنے والی ہے وہ آپکے ترقی درجات میں پہلے سے بہتر ہے سایۂ عنایت و حفاظت الٰہی کو عصمت بھی کہا جاتا ہے۔ أَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ وَوَضَعْنَا عَنكَ وِزْرَكَ الَّذِي أَنقَضَ ظَهْرَكَ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ○ اس سورہ میں صاف ہے کہ خدا نے اپنے پیغمبر علیہ السلام پر تین عنایت کی ہیں۔

(۱) آپ کی شرح صدر کیگئی۔ یعنے سینہ مبارک کھولدیا گیا جملہ علوم و معارف و اسرار ملکوت السماوات والارض عالم محسوس اور عالم غیر محسوس کے حقائق آپ پر منکشف کر دیئے گئے کسلئے کہ بغیر ایسی حالت کے شرح الصدر کا اطلاق بے معنی ہے اور نیز احادیث صحیحہ میں اسکی تصریح بھی ہے۔ اور یہ ملکیت کا پورا غلبہ ہے جو نبوت کبریٰ کے لئے لازم ہے (۲) نفسانی خواہشیں شہوت بیجا غضب بیجا۔ طمع بیجا۔ یہ تین ایسے گراں پتھر ہیں کہ ملکیت کی کمر توڑ ڈالتے ہیں۔ جملہ معاصی کا یہی تین قوتیں فرداً فرداً یا مجموعہ مرکب ہو کر اصل الاصول ہیں۔ اور جب یہ غالب آجاتے ہیں تو نور ملکیت مدہم پڑ جاتا ہے بلکہ ظلمات کے پردے پڑ جاتے ہیں جسکے سبب انسان معارف و حقائق سے محروم ہو جاتا ہے۔ خدا نے یہ بوجھ گراں رسول پاک سے دور کر دیا۔ اور شرح صدر کے بعد یہ دور ہونا ہی تھا۔ یہی وہ موجب عصمت فی العلم والعمل ہے کوئی شہوانی و نفسانی طاقت اس کے بعد غلبہ نہیں کر سکتی نہ حقائق الاشیاء کے ادراک میں کوئی ظلمانی پردہ مانع آتا ہے۔ (۳) آپ کا ذکر خیر بلند کیا اور شرح صدر۔ اور وضع وزر کے بعد ویسا ہونا ایک لازمی نتیجہ ہے۔ انسان کی رفعت کو یہی چیزیں مانع ہوتی ہیں +

toobaa-elibrary.blogspot.com

هُوَ الَّذِیْ بَعَثَ فِی الْاُمِّیّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ یَتْلُوْا عَلَیْهِمْ اٰیٰتِهٖ وَیُزَكِّیْهِمْ وَیُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ

سورہ جمعہ رکوع ۲۔ اِس سورہ میں خدا تعالےٰ اپنی عنایت کا اظہار فرماتا ہے۔ کہ ہم نے اَن پڑھوں میں یعنی تمام عالم میں کسلئے کہ جہل کی تاریکی سے اسوقت تمام عالم امی ہو رہا تھا انہیں میں کا ایک انسان (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) رسول بنا کر بھیجا تاکہ وہ جو امی ہو رہے ہیں خود نہیں پڑھ سکتے (۱) انکو ہماری آیات پڑھکر سنائے (۲) قوی بہیمہ کی گندگی سے ناپاک اور آلودہ ہو رہے ہیں علاوہ کفر و شرک کے صدہا اخلاقی اور علمی نجاستوں میں آلودہ ہیں اونکوان سے پاک کرے۔ یہ (حکیم روحانی) انکو امراض روحانی سے بخاوے اور جب تک خود قوی بہیمہ سے پاک اور اسمیں اِس پاکیزگی کا ملکہ نہو گا جسکو عصمت کہتے ہیں دوسروں کو پاک کر نہیں سکتا) اور جب انمیں پاکیزگی اور زندگی کی تازہ روح پھونک جائے تو انکو (۳) کتاب سکھائے جسکو وہ خود بھی پڑھ سکیں اور۔ تمام کتاب پر مطلع ہو جائیں اور جب انمیں یہ قابلیت پیدا ہو جاوے (۱) تو انکو حکمت سکھائیں۔ حکمت حقائق اشیاء کو ان کی اصلی حالت پر جان لینا ہے۔ اور یہ انسان کی تکمیل کا انتہائی درجہ ہے +

خلاصہ یہ کہ عصمت ایک ملکہ راسخہ ہے جسکے سبب نبی بدکاری نکر سکے نہ کسی ادراک میں غلطی کھا سکے۔ اِس ملکہ کا ثبوت آیات مذکورہ بالا سے بخوبی ہوتا ہے۔ گو دوسرے الفاظ اور عنوان سے سہی اور عقلاء کے نزدیک ثبوت مدعی مقصود ہوتا ہے کہنیکے الفاظ سے کیوں نہو کسلئے کہ لفظوں کے بدلنے سے اشیاء کی حقائق نہیں بدل جاتے۔ کسی شے سے منع کر دینا سزا مرتب کر دینا ہی اسکا حرام کر دینا ہے۔ گو لفظ حرام کا اطلاق نہ کیا جائے۔ مستشرق مغالطہ دینے کے لئے خاص عصمت کا لفظ قرآن سے طلب کیا کرتے ہیں وہ ہٹ دھرمی کیا کرتے ہیں اور لطف یہ ہے کہ پھر جب اپنے لفظی مطالبہ تثلیث

toobaa-elibrary.blogspot.com

وکفارہ کا کیا جاتا ہے کہ ان لفظوں سے ثابت کرو تو بغلیں جھانکتے ہیں ۔

(۴) تمام انبیاء علیہم السلام جملہ علوم و معارف میں متفق ہیں کسی ایک نبی کی بات کو دوسرا نبی غلط نہیں کہہ سکتا۔ قیامت عالم برزخ۔ خدا کی ذات و صفات جنت و دوزخ افعال کے موجب ثواب و عذاب کی بابت جتنے جو کچھ فرمایا ہے سب حق فرمایا ہے انمیں سرمو تفاوت نہیں ہاں اجمال و تفصیل و طرز بیان کا ضرور فرق ہوتا ہے اور نیز کسینے کم کسینے زیادہ بیان فرمایا ہے۔ اسیطرح عملیات اور اصول حسنات میں بھی فرق نہیں ہوتا۔ خدا کی بندگی اس کی توحید۔ مکارم اخلاق۔ مخلوق کے ساتھ نیکوئی کرنے میں سب متفق ہیں۔ ان احکام میں کوئی پچھلا نبی اول نبی کے احکام کا ناسخ نہیں۔ البتہ حسنات اور عبادات اور اسیطرح ممنوعات کے قوالب میں بلحاظ اقوام اور زمانہ ایک اولوالعزم اور مستقل رسول مصالح وقت کی خاطر سے ضرور ترمیم و تنسیخ کر دیتا ہے اور ایسا کرنا عقلاً جائز ہی نہیں بلکہ ضروری ہے اسپر اعتراض کرنا اور خدا تعالیٰ کیطرف عواقب الامور کا جہل ثابت کرنا ایسا ہی حمق اور نادانی ہے کہ جیسا کوئی کسی حاذق حکیم پر اعتراض کرنے میں نادان ہے جو ایک نسخہ مرض اور مریض کیحالت کے مناسب آج تجویز کرے اور یہ بھی جانتا ہو کہ کل مرض بدل جانے پر میں اس نسخہ میں یہ تبدل و تغیر کرونگا۔ اسلام نے جو شرائع سابقہ کا نسخ کیا ہے یا خود اپنے احکام میں وقتاً فوقتاً قدرے ترمیم کی ہے تو وہ اسی مصلحت و حکمت پر مبنی ہے اور اسی قسم کا نسخ ہے اس قسم کے نسخ کا کوئی اہل کتاب بھی انکار نہیں کر سکتا۔ خود بائبل سے احکام میں وقتاً فوقتاً اس قسم کی ترمیم و تنسیخ ثابت ہے۔ حضرت نوح علیہ السلام کے عہد میں زمین پر چلنے والے سب جانور حلال تھے اور حضرت موسیٰ کے عہد تک دو بہنوں سے ایک ساتھ شادی کرنا بھی درست تھا۔ ملاحظہ ہو توریت کی کتاب پیدائش[۵] خود حضرت یعقوب علیہ السلام کے گھر میں ایک وقت دو بہنیں لیا۔ وراحیل موجود تھیں۔ مگر سب جانوروں میں سے

[۵] سفر پیدائش باب ۲۹ ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

حضرت موسےٰ کے عہد میں خنثر یرا اور دو بہنوں کے ساتھ ایک وقت میں نکاح کرنا حرام ہوگیا۔ ملاحظہ ہو توریت کی کتاب احبار[۱]۔

حضرت مسیح علیہ السلام کے عہد میں تعظیم سبت وغیرہ موسےٰ علیہ السلام کی شریعت کے بہت سے احکام موکدہ منسوخ ہوگئے۔ بلکہ بقول سنٹ پال اگلا عہد نامہ جو کمزور اور بود تھا سب اٹھ[۲] گیا۔ اس کی یہ توجیہ کرنا کہ رسم شریعت میں نسخ ہوتا ہے ہمارے منافی نہیں ہم بھی اسکے قریب قریب کہتے ہیں بات ایک ہی ہے۔

الحاصل تمام انبیا علیہم السلام کا ایک ہی دین ہے اور ہر پچھلا نبی اول کی تائید کرتا آیا ہے جو حضرت آدم اور حضرت نوح اور حضرت ابراہیم اور حضرت موسےٰ اور حضرت عیسےٰ علیہم السلام کا دین تھا وہی حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا دین تھا۔ کوئی جدید دین نہ تھا۔ ہاں انبیا سابقین کے پیرو بمرور زمانہ کبھی اپنے رسم و رواج و عادات اور خیالات کی ان کے پاک دین پر قلعی چڑھایا کرتے ہیں اور ہوتے ہوتے اسکی صورت بدل جاتی ہے۔ اسیطرح روایات کے سلسلہ میں بھی بہت کچھ تفریط و افراط ہو جاتا ہے۔ اور کبھی ان انبیا کی کتابوں میں بھی الحاق و تحریف کر ڈالتے ہیں اس لئے خاتم المرسلین صلے اللہ علیہ وسلم نے ان جملہ گرد و غبار کو جو اس پاک مذہب پر چڑھا رکھا تھا صاف کر کے اصلی دین کو لے لیا۔ اور کسی کی مخالفت کی کچھ بھی پروا نہ کی۔ اگر اسلام اور اسکے اصول سعادت سے پہلے انبیائی مذاہب میں کوئی مخالفت ثابت کرتا ہے تو یقین کر لینا چاہیئے کہ یہ اصل دین میں مخالفت نہیں بلکہ اون کے برائے نام حامیان کی زیادہ سے مخالفت ہے

---

[۱] سفر احبار باب ۱۸ و باب ۲۰ [۲] نامہ غلاطیہ کا ۵ باب ۱۲ منہ **ف** مثلاً نماز جملہ شرائع انبیا میں تھی اخیر نبی کے عہد میں اسکے لئے اول جامہ جسم و مکان کی پاکیزگی شرط قرار دیگئی پھر اسمیں بجائے صرف قیام رکوع کے قیام رکوع و سجود بھی داخل ہوا۔ اور جسم اور روح دونوں سے عبادت کرنا قرار پایا۔ ہمیں دعا تسبیح و تہلیل و استغفار بھی شامل ہوا۔ اسیطرح وضو و غسل کے جو احکام شریعت اسلام میں ہیں اوس مطلق پاکی کی افراد و تالیف میں منحصر

اولئک الذین ھدی اللہ فبھدٰھم اقتدہ سورۃ الانعام انبیاء گزشتہ وہ لوگ ہیں کہ جنکو خدا نے ہدایت دی تھی اور اے نبی آپ بھی انہیں کی ہدایت پر چلیے

وما انزل الیک وما انزل من قبلک کہ مومن لوگ ہیں جو اے نبی اس چیز پر ایمان رکھتے ہیں جو آپ پر نازل کیا گیا اور جو کچھ آپ سے پہلے انبیا پر نازل کیا گیا انا اوحینا الیک کما اوحینا الی نوح والنبیین من بعدہ۔

قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم انا اولی الناس بعیسےٰ ابن مریم فی الاولی والاخرۃ الانبیاء اخوۃ من علات امھاتھم شتی ودینھم واحد ولیس بینی وبینہ نبی متفق علیہ

جسکو انہوں نے پشت در پشت متوارث چلے آنے سے اصل مذہب و دین سمجھ لیا ہے حالانکہ وہ حصہ اصل دین و مذہب نہیں بلکہ ان کے مشائخ و علما کے از خود تراشیدہ خیالات ہیں جنکو جبراً مذہب قرار دے دیا گیا ہے ٭

(۵) انبیاء علیہم السلام گرچہ سب برگزیدہ ہیں سب پر ایمان لانا فرض و واجب ہے۔ اور سب کی تعظیم و محبت ایمان ہے مگر پھر انمیں بھی ایک کو دوسرے پر فضیلت ہے تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ فضیلت خداداد ہے۔ لیکن سراسر وسکا یہ ہے کہ جو ہر روحانی سب افراد کا یکسان نہیں جسمیں جسقدر قدرت نے کمال عطا کیا ہے وہی اس کی فضیلت کا باعث ہے ٭

دنیا میں اس فضیلت خاص کی تحقیق دو ہی طور سے ہو سکتی ہے ایک یہ کہ نبی کے کمالات نبوت اور انکا ظہور اس کی دلیل ہو۔ دوئم یہ کہ کتاب الٰہی میں یا خود پیغمبر کے کلام میں اسکی خبر ہو۔ اسلئے اتنی بات تو متفق علیہ ہے کہ انبیاء میں باہم تفاضل ہے کہ ایک کو دوسرے پر فضیلت ہے۔ مگر کس کو کس پر کسقدر فضیلت ہے اسکی تشریح قرآن مجید میں نہیں احادیث صحیحہ سے اہل اسلام کا اجماع ہے کہ خاتم المرسلین صلے اللہ علیہ وسلم جملہ انبیاء و مرسلین سے بلند مرتبت ہیں اور حضرت کے کمالات نبوت اس کے لئے دلائل ہیں جنکا کوئی منصف انکار بھی نہیں کر سکتا۔ گزشتہ انبیاء میں حضرت موسےٰ اور حضرت عیسےٰ علیہما السلام دو بڑے اولوالعزم رسول گزرے ہیں۔ اول الذکر نے بنی اسرائیل کو صدہا معجزات دکھائے فرعونیوں کی اوس سخت قید سے آزادی دلائی جو دنیا کا جہنم تھا قلزم پار ہو کر من و سلوےٰ کھانیکو اتارا اور کیا کیا وقتاً فوقتاً احسان ہوتے رہے مگر قلزم سے پار اترتے ہی مشرکوں کو بت پرستی کرتے دیکھکر ان کے مونہ میں پانی بھر آیا اور موسےٰ سے کہدیا کہ اِجْعَل لَّنَا إِلَٰهًا كَمَا لَهُمْ آلِهَةٌ کہ جسطرح ان لوگوں کے لئے خدا ہیں ہمارے لئے بھی کوئی خدا بنا دیجئے اسپر موسےٰ نے سخت سرزنش کی۔ مگر پھر بھی جب وہ کوہ طور پر

بقیہ نوٹ صفحہ ۱۸۸ سے
فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ سب لوگوں نے میں عیسےٰ بن مریم کا زیادہ درجہ ہے تو انبیاء سب بھائی ہیں جنکا ایک باپ ہے یعنے اصول مذہب ایک ہیں اور ہیں یعنی جزئیات شرائع متعدد ہیں سب کا ایک دین ہے مگر اور عیسےٰ کے بیچ میں کوئی نبی نہیں (متفق علیہ) جس نبی کا قرآن یا احادیث میں ذکر آیا ہے اسکا منکر کافر ہے

چالیس رات مناجات کے لئے تشریف لے گئے تو زیور رات ڈھالکر بچھڑا بنالیا اور اسکو پوجنے لگے۔ کیونکہ اہل مصر بیل کو بھی پوجا کرتے تھے۔ یہ تو ان کی معرفت اور خدا شناسی تھی اب اوالعزمی سنئے۔ جب عمالیق سے بنی اسرائیل کو لڑنے کا اتفاق ہوا تو ہر چند موسےٰ نے انکو لڑائی پر ابھارا۔ مگر اپنے عمالیق کے قد و قامت سے وہ بزدلی سوار ہوئی کہ موسےٰ سے صاف کہدیا۔ فَاذْهَبْ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَا إِنَّا هَٰهُنَا قَاعِدُونَ کہ اے موسےٰ جاؤ تم اور تمہارا خدا ان سے لڑے ہم تو یہیں بیٹھے ہوئے ہیں۔ پھر ایکبار نہیں بار بار اس قسم کی نافرمانیاں کرتے رہے حتیٰ کہ خود موسیٰ تنگ آ گئے اور خدا سے عرض کیا کہ ایسی بدنصیب اور نالائق قوم کا مجھے کیوں ہادی بنایا؟

حضرت عیسےٰ نے لوگوں کو صدہا معجزات دکھائے بہت سے اپنے ایمان بھی لائے حالانکہ وہ کوئی جدید شریعت بھی لیکر نہیں آئے تھے کہ جسکا قبول کرنا شاق ہو صرف موسوی مذہب میں صوفیانہ اخلاص و سوز و گداز پیدا کرنے آئے تھے اسپر بھی جب دشمنوں نے حضرت مسیح کو گرفتار کیا ہے تو سب بھاگ گئے شمعون اعظم الحواریین نے کہ جنکو آسمانی خزانوں کی کنجیاں بھی دیگئی تھیں انکی شناسائی سے بھی بلفظ لعنت انکار کر دیا +

مگر محمد صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کچھ رنگ عرب کے خونخوار اور جاہلوں پر چڑھایا وہ انکے مرتے دم تک بھی دور نہوا۔ حالانکہ جو کچھ آپ تعلیم فرماتے تھے وہ انکی سابق آزاد اور شہوت پرست زندگانی کے بھی سراسر خلاف تھا۔ ایسے ایسے تہلکوں میں اپنی جانوں کو ڈالکر اپنے ہادی کو فتح و نصرت دلا کر لائے۔ اور پھر آپکے بعد بھی ان کی وہی صاف اور سادہ زندگی اور درویشانہ حیات رہی۔ اس تفاوت پر تفاضل کو غور فرمایا جائے +

(۶) حضرات انبیاء کچھ بنی اسرائیل اور عرب ہی پر منحصر نہیں بلکہ اوس رحیم و کریم نے اپنے بندوں کو اس فیض سے محروم نہیں رکھا ہر جگہ پیغمبر یا ان کے نائب بھیجے ہند۔ چین۔ ایران۔ وغیرہ بلاد میں ایسے بزرگ مبعوث ہوئے ہیں۔ وَإِنْ مِنْ أُمَّةٍ

toobaa-elibrary.blogspot.com

اِلَّا خَلَا فِیْهَا نَذِیْرٌ ۝ وَ لِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ ۝ کہ ایسی کوئی سی قوم نہیں کہ جس میں خدا کا نذیر (ڈرانے والا) نہ آیا ہو۔ اور ہر ایک قوم کے لئے ہمنے ایک نہ ایک ہادی بھیجا ہے۔ سب رسولوں اور ان کی الہامی کتابوں کو برحق ماننا اسلام کا فرض ہے۔ لیکن جن رسولوں کا قرآن میں ذکر نہیں آیا نہ ان کی کتابوں کا تو انکو حوالہ بخدا کرنا چاہیئے۔ اور ہندو چین وغیرہا بلاد کے مشاہیر کی نسبت ان کے پیروؤں کی تراشیدہ روایات پر اعتبار کر کے برا بھلا نہ کہنا چاہیئے ممکن ہے کہ رسول یا ان کے نائب ہوں بمرور زمانہ لوگوں نے ان کے مذہب و دین میں تراشیدہ خیالات کا اضافہ کر کے ان کی اصلی صورت بگاڑ دی ہو یہی حال ان کتابوں کا ہے کہ جو انکیطرف منسوب کیجاتی ہیں۔ ان میں جو کچھ مضامین توحید خدا پرستی مکارم اخلاق کے ایسے پائے جاتے ہوں جو اخیر ہادی کے ارشاد کے موافق ہیں تو باور کر لینا چاہیئے کہ یہ اسی الہامی قصر محکمہ کے ریزے ہیں جو توہمات کی خاک میں دبے ہوئے برآمد ہوتے ہیں۔

لیکن ہنود کی چار کتابوں یعنی۔ رگوید۔ یجروید۔ سام وید۔ اتھربن وید۔ اور چھ شاستروں اور دیگر کتابوں کو جو دیکھا جاتا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ کتابیں ہرگز الہامی نہیں نہ انبیاء پر نازل شدہ ہیں۔ کیلئے کہ ان میں بہت سے غلط اور خلاف واقعہ مضامین پائے جاتے ہیں جو توحید اور اصول انبیاء کے سراسر مخالف ہیں۔ اور کچھ عمدہ مطالب بھی ہیں جنکی نسبت گمان ہوتا ہے کہ یہ الہامی مضامین ان کتابوں میں داخل کئے گئے ہیں۔ اس سے وہ مجموعہ الہامی نہیں ہوسکتا۔

اسیطرح چاروں انجیل۔ اور توریت و زبور و دیگر صحف انبیاء جنکے مجموعہ کو اہل کتاب بائبل کہتے ہیں ان کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ان انبیاء پر نازل نہیں ہوئیں ہیں کہ جن کی طرف منسوب کیجاتی ہیں۔ بلکہ بعد میں لوگوں نے ان انبیاء کے حالات و اقوال و احکام جمع کر لئے ہیں ان میں بیشتر الہامی مطالب ہیں اور کہیں کہیں غلط بھی ہیں جو لوگوں کی تحریف و تبدیل ہے۔ اس مسئلہ کی تحقیق ہم تیسرے باب میں

قُلْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَا اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَمَا اُنْزِلَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَالنَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ سورہ آل عمران رکوع ۹۔ اے نبی ان سے کہدو کہ ہم تو اللہ پر اور جو کچھ ہمپر اتارا گیا اور جو کچھ ابراہیم و اسماعیل و اسحاق و یعقوب اور انکی اولاد پر نازل کیا گیا اور جو کچھ موسے اور عیسے اور نبیوں کو ان کے رب کی طرف سے دیا گیا سب پر ایمان لائے ان میں سے کسی ایک میں بھی ہم فرق نہیں کرتے اور ہم اسکے آگے سر جھکائے ہوئے ہیں ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

مفصلاً ذکر کریں گے انشاء اللہ تعالےٰ +

(۷) وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ مَا يَشَآءُ اِنَّهٗ عَلِيٌّ حَكِيْمٌ ۝ وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا (سورہ شوریٰ رکوع ۴) کسی آدمی کی مجال نہیں کہ خدا اُس سے وحی بھیجکر کلام کرے۔ مگر وحی کے ذریعہ سے یا پردہ کے پیچھے سے یا کسی فرشتہ کو اس کے پاس بھیجدیتا ہے۔ اور وہ خدا کے حکم سے جو اسکو منظور ہوتا ہے پیغام پہونچاتا ہے۔ کیونکہ خدا عالی شان اور حکمت والا ہے۔ اور اے نبی ہم نے اسیطرح سے آپکے پاس بھی اپنے حکم سے روح کو بھیجا +

وَاضِحْ هُوَ كَهْ

بندہ کا جب نور ملکیت غالب آجائے اور اسکو نور بصیرت سے عالم غیر محسوس کے اشیاء دکھائی دینے لگیں اور اس کی نظر موجودات کو احاطہ کرتے ہوئے اپنے خالق تک پہونچے تو اسکی کئی صورتیں ہیں اوّل یہ کہ خدا عزوجل کو عیاناً بغیر حجاب کبریائی کے دیکھے اور اس حالت میں اوس سے وہ بدو باتیں کرے تو یہ ناممکن ہے کس لیئے کہ ہنوز بندہ قالب بشری میں ہے۔ مرنے کے بعد۔ یا دار آخرت میں ممکن ہے اسبات کا اس آیت کے اول جملہ میں ذکر ہے۔ کان لبشر ان یکلمہ اللہ اور اسی لئے جب حضرت موسےٰ نے کوہ طور پر اسبات کی درخواست کی تو ارشاد ہوا لن ترانی کہ تو مجھے عیاناً دیکھ نہیں سکتا اور اسکی تائید میں یہ آیت ہے لاتدرک الابصار وھو یدرک الابصار وھو اللطیف الخبیر کہ اسکو کوئی آنکھ دیکھ نہیں سکتی اور وہ ابصار کو دیکھتا ہے اور وہ لطیف وخبیر ہے ان آیات کو عالم آخرت پر محمول کرنا جیسا کہ معتزلہ کرتے ہیں غلط فہمی ہے دوئم یہ کہ جناب کبریائی اور پردہ نورانی میں سے خدا کو دیکھے اور اس سے کلام کرے یہ عام ہے کہ یہ حالت اپنے بیداری میں پیش آئے یا خواب میں حضرات انبیاء علیہم السلام خدا سے

اسلام اور وحی کی حقیقت اور اقسام

toobaa-elibrary.blogspot.com

اسطور پر کلام کرتے تھے اور یہ ان کے الہام اور وحی کی ایک قسم ہے سوئم یہ کہ وہ خدا کا کلام سنتے تھے اس بات کو الاوحیا میں فرمایا ہے اور دوسری قسم کو اومن وراء حجاب میں ذکر فرمایا ہے۔ یہ بھی الہام انبیاء کے اقسام ہیں۔ چہارم یہ کہ خدا نبی کے پاس فرشتہ یعنے جبرئیل امین کو بھیجے اب عام ہے کہ جبرئیل اپنی اصلی صورت میں دکھائی دیں۔ یا کسی اور قالب میں ظہور کریں اور وہ خدا کا کلام نبی کو پہونچا دیں۔ یہ بھی الہام کی ایک قسم ہے چنانچہ بخاری نے ایک حدیث نقل کی ہے جسمیں ذکر ہے کہ حضرت عائشہؓ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کیفیت وحی پوچھی تو آپنے فرمایا احیانا یاتینی مثل صلصلۃ الجرس وھو اشدہ علی فیفصم عنی وقد وعیت عنہ ما قال واحیانا یتمثل لی الملک رجلا فیکلمنی فاعی ما یقول۔ قالت عائشۃؓ ولقد رایتہ ینزل علیہ الوحی فی الیوم الشدید البرد فیفصم عنہ وان جبینہ لیتفصد عرقا۔ (بخاری جلد اول صفحہ اول) آپنے دو صورتیں بیان فرمائیں اول یہ کہ زنجیر کی آواز جیسے آتی ہے اور وہ مجھپر سخت تر ہوتی ہے اور اس حالت کے بعد جو کچھ فرمایا جاتا ہے وہ مجھے خوب یاد رہتا ہے یہ وہی صورت ہے کہ ملکیت میں ایک تغیر عظیم[1] پیدا ہوتا تھا۔ اور بہیمیت فرو ہو جاتی تھی اور ایسی حالت میں کہ جب متضاد کیفیات کا ورود ہوتا ہے تو حواس ظاہرہ اور قوی بہیمیہ و آثار جسمانیہ میں تعطل و اضمحلال پیدا ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ اور بھنبھناہٹ سی کانوں میں سنائی دینے لگتی ہے جیسا کہ بخاری کی آمد میں بعض اوقات ایسی آوازیں کان میں آیا کرتی ہیں۔ یہ فرشتوں کے پروں کی آواز نہ تھی نہ وہ اسنے کوئی گھنٹی بجائی جاتی تھی۔ جیسا کہ عوام کا خیال ہے اور اسمیں کوئی بھی شبہ نہیں کہ ایسی حالت جو مردنی سے

[1] یہ اسلئے کہ قوی وجدانیہ اپنی اور خلت نہ کرنے پائیں اور جب تک انسانی حواس میں اضمحلال و بودگی پیدا نہیں ہوتی عالم غیب کا کوئی راز اپنپر منکشف نہیں ہوتا مراقبہ میں بھی یہی ہوتا ہے اور عمل مسمریزم میں بھی اسی لئے معمول کے حواس کو معطل کیا جاتا ہے اور اسی لئے حالت سناعی میں کہ حواس ظاہرہ معطل ہو جاتے ہیں انکشاف حقائق غیب ہوتا ہے اور انسان کی روح جو اصل مدرک ہے جبتک حواس کیطرف متوجہ ہے اس عالم غیب سے غافل ہے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

مشابہ ہوتی ہے اور جسمیں حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ سخت سردی میں بھی وحی کے بعد آپکے روئے مبارک سے پسینا ٹپکتا دکھائی دیتا تھا۔ انسان پر سخت ہوتی ہے۔ بعض دشمنوں نے اس بات کو اسپر محمول کیا ہے کہ آپ کو مرگی کے مرض کا دورہ ہوتا تھا اور ایسے دورات میں خیالات متنوعہ پیش آتے ہیں یہی نبی عربی کی وحی تھی۔ ؎ چشم بد اندیش کہ برکندہ باد عیب نماید ہنرش در نظر ہیر ملکیت کے غلبہ میں حجاب جسمانی اٹھ جاتے تھے آپ اپنے خدا سے حجاب نورانی میں ہمکلام ہوتے تھے۔ یا کبھی اسکا کلام بلا توسط سنتے تھے۔ یہ قسم دوم وسوم کیطرف اشارہ ہے۔ اور کبھی، فرشتہ متشکل ہوکر کلام خدا پہونچا جاتا تھا یہ قسم چہارم کیطرف اشارہ ہے۔ قرآن مجید اکثر انہیں صورتوں میں الہام ہوا ہے آنحضرت صلعم کبھی اپنے خدا کو تجلیات میں بھی دیکھتے اور اس سے کلام کرتے تھے مگر ایسی حالت میں قرآن الہام نہیں ہوا ہے۔ اور شب معراج میں جبکہ جسم اطہر پر روحانیت غلبہ کرگئی تھی اور آپ اسی جسم سے آسمانوں سے بھی اوپر تک تشریف لے گئے اور خدا سے ہم کلام ہوئے تھے اس حالت میں صرف سورہ بقرہ کا خاتمہ الہام ہوا تھا۔

(سوال)

یہ سب کچھ سہی مگر یہ کیونکر معلوم ہوا کہ حجاب کے پیچھے سے جو خدا سے باتیں کیں اور اسکا کلام سنائی دیا۔ آیا وہ درصل خدا تھا اور اسیکا کلام تھا یا کسی اور کا۔ اور فرشتہ جو پیغام پہونچاتا تھا کیا معلوم کہ وہ جبرئیل تھا یا کوئی شیطان ان کے نام سے آتا تھا۔ اور پھر جبرئیل وہ قرآن کہاں سے لیکر آتے تھے کیا خدا انکو پڑھا دیتا تھا یا کہیں سے لکھا ہوا لیکر

ف بعض علماء فرماتے ہیں کہ جبرئیل لوح محفوظ سے پڑھکر لاتے تھے وہاں تمام قرآن مجید لکھا ہوا تھا یہ کلام بالکل محمول نہ کیا جائے کہ لوح محفوظ کوئی سکڑی کی تختی ہے اوسپر انسی نقوش اور اقلام میں کلام الہی لکھا رہتا ہو

toobaa-elibrary.blogspot.com

لاتے تھے اور پھر یہ کیونکر جبرئیل کو معلوم ہوتا تھا کہ یہ خدا کا کلام ہے۔؟

(جواب)

یہ ایک بیہودہ شبہ ہے کہ جسکا منشاء ادراک روحانی سے جہل ہے۔ اب اس عالم حسی میں بادشاہ کے فرامین اور ان کے ایلچیوں کے اعتبار پر بھی یہی شبہات پیدا ہو سکتے ہیں کہ کیا تحقیق ہے کہ جسکے دربار میں ہم حاضر ہیں اور جو پس پردہ بادشاہ کلام کر رہا ہے آیا وہ اصلی بادشاہ ہے یا کوئی مصنوعی بادشاہ اور مصنوعی دربار ہے اور اگر پس پردہ بادشاہ تسلیم بھی کر لیا جائے تو کیا معلوم کہ یہ اسیکا کلام ہے یا کسی اور کا۔ بادشاہ کا گورنر کیا معلوم کہ اصلی ہے یا جعلی پھر شاہی فرامین اور ان کے ایلچی کیا معلوم کہ اصلی ہیں یا جعلی؟ لیکن باایں ہمہ قرائن ان سب شبہات کو دور کر دیتے ہیں۔ اس لئے ایسے شبہات کرنے والے کو پاگل سمجھا جاتا ہے۔ پھر عالم ملکوت میں کہ جہاں کا ادراک اس ادراک حسی سے بدرجہا قوی ہے۔ ایسے احتمالات کی کیا گنجائش ہے؟

جبرئیل جو کچھ کلام لاتے تھے خدا تعالےٰ کے پاس سے لاتے تھے۔ بلکہ الفاظ بھی اسی طرف کے ہوتے تھے۔ اب یہ کہنا کہ وہ کہیں سے لکھا ہوا دیکھکر لاتے تھے یا خدا پڑھاتا تھا بیکار کلام ہے۔ ملائکہ بالخصوص سردفتر ملائکہ جبرئیل اور خدا میں جو کچھ کیفیت کلام اور باہمی مواجہ کی ہے اسکو ہماری عقل ادراک نہیں کر سکتی۔ اور وہ مواجہ اور تلقین ہماری حسی تلقین اور مواجہ سے بالکل غیر ہے ایک کا دوسرے پر قیاس کرنا قیاس مع الفارق ہے +

الہام کے لغت میں معنی ہیں دل میں ڈالنا القا کرنا اور وحی کے معنے ہیں اشارہ کلام آہستہ

الہام و وحی کی تحقیق لغوی

بقیہ حاشیہ۔ کیلئے کہ لوح محفوظ اس کے علم کیطرف اشارہ ہے اس کے تعین کو لوح سے استعارہ کیا جاتا ہے بات وہی ہوئی کہ جبرئیل حکم الٰہی سے نقل کر کے لاتے تھے پھر اوس دفتر علمی پر اطلاع کی جو کچھ کیفیت ہو معلوم نہیں ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

ڈالیں۔ والدنیا ان لغوی معنے کے لحاظ سے دونوں لفظ قریب المعنی ہیں اور ممکنات میں سے کوئی مخلوق بھی خدا کے اس فیض سے محروم نہیں۔ جمادات سے لیکر نباتات حیوانات تک۔ مگر علے قدر المراتب درجات متفاوت ہیں انہیں معنی لغوی کے لحاظ سے قرآن میں آیا ہے اوحی ربک الی النحل کہ تیرے رب نے شہد کی مکھیوں کو وحی کی۔ یعنے ان کے دلمیں ڈالا۔ ونفس وما سوّاھا فالھمھا فجورھا وتقوٰھا کہ قسم ہے ہر جان اور اس کے بنانے والے کی پھر اسنے اسکی بدی اور نیکی الہام کی یعنے دلمیں القا کی۔ اس خالق کا تار برقی اسکی ہر ہر مخلوق کے دلمیں لگا ہوا ہے ؎ سب سے ربط آشنائی ہے تجھے ؛ دلمیں ہر ایک کے رسائی ہے تجھے ؛ انہیں لغوی معنے کے لحاظ سے شاید بعض شخاص اپنی کتابوں اور خیالات کو الہامی اور وحی کہدیا کرتے ہیں۔ مگر یہ الہام اور یہ وحی ایسی ہی ہے کہ جیسا ایک معمولی شخص کے دلمیں معمولی خطرات کا وقوع ہوتا ہے ؛

الہام وحی کی تحقیق لغوی

لیکن اصطلاح شرع میں وحی خدا کا وہ پیغام و القا ہے جو نبی کیطرف ہو۔ عام ہے کہ بتوسط جبرئیل ہو یا بغیر توسط ہو جسکی صورتیں اوپر بیان ہوئیں۔ قرآن۔ انجیل۔ تورات۔ زبور و دیگر صحف انبیاء اس قسم کی وحی تھی۔ مگر قرآن میں اور ان کتابوں میں اسقدر فرق ہے کہ قرآن کا مضمون اور الفاظ دونوں وحی کے ذریعہ سے ہیں برخلاف دیگر کتب سماویہ کے کہ ان کے مطالب وحی شدہ اور الفاظ غالباً ان انبیاء علیہم السلام کیطرف سے تھے۔

وحی غیر متلو

شرع محمدی میں اس قسم کے وحی کو وحی **غیر متلو** کہتے ہیں اور قسم اول کو **وحی متلو** احادیث وحی غیر متلو ہیں مخصوص احادیث قدسیہ۔ انبیاء کی وحی میں کوئی آمیزش وہم اور غلطی ہونے نہیں پاتی۔ اس کو **قطعی** اور یقینی سمجھا جاتا ہے ؛

وحی متلو

حضرات انبیاء علیہم السلام کے پیرو جنہیں بلکیت کا غلبہ ہوتا ہے[1] وہ بھی اس سے محروم نہیں رہتے۔ مگر اصطلاح میں ان کے انکشاف و القاء کو وحی نہیں کہتے **بلکہ الہام**

الہام

[1] صدیقین و شہداء و صالحین سبکو علے حسب المراتب اولیاء اللہ بھی کہتے ہیں ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہر چند اسمیں کم غلطی واقع ہوتی ہے۔ مگر تاہم وہ قطعی نہیں ہوتا کس لئے کہ آمیزش وہم کا احتمال باقی رہتا ہے نہ ایسے الہامات وحی انبیاء کا مقابلہ کرسکتے ہیں نہ اپنہ شرائع و احکام قومی و ملی کی بنیاد قائم کیجاتی ہے۔ بالفرض کسی ولی کا کشف و الہام قرانی مضمون کے مخالف ہو تو یہ الہام ولی قابل رد اور غیر معتبر سمجھا جائیگا خواہ وہ ولی کیسے ہی مرتبہ کا ہو۔

ف اگرچہ نبی اور رسول کے ایک ہی معنے ہیں اور اسی لئے کبھی ایک لفظ دوسرے کے مقام پر استعمال کیا جاتا ہے مگر اصطلاح میں رسول خاص اوس نبی کو کہتے ہیں۔ جو صاحب کتاب و شریعت جدید ہو جیسا کہ ابراہیم موسےٰ۔ عیسے۔ محمد صلے اللہ علیہ وسلم و علیہم اجمعین رسول خاص مطلق۔ نبی عام مطلق۔ ہر رسول نبی ہے۔ مگر ہر نبی رسول نہیں۔ جیسا کہ حضرت موسےٰ کے اتباع انبیاء رہتے ✣

ف ہر نبی و رسول کو وحی اسیکی مادری زبان میں ہوتی ہے تاکہ اس ملک کے رہنے والے بغیر وسیلہ ترجمان خدا کے ارشاد سے واقف ہوں اور ہر ایک زبان داں حسب قدر الفہم اوس سے مستفید ہو گو اس کے حقائق و اسرار خواص کا حصہ خاص ہوں۔ پھر وہ کلام بعد ترجمہ ممکن ہے کہ دوسرے ممالک میں بھی پہونچے۔ اور کلام میں زیادہ تر مخاطب اسی ملک کے لوگ ہوتے ہیں انہیں کے محاورے اور مذاق پہ کلام ہوتا ہے۔ انہیں کے اخلاق و مراسم میں اصلاح کرکے دوسری قوموں کے اخلاق و مراسم کی اصلاح کیجاتی ہے مگر وہ کلام اور اس کے احکام اس ملک کے ساتھ مخصوص نہیں ہوتے خدا چونکہ تمام بنی آدم کا خدا ہے اسلئے اس کے احکام میں بھی جملہ اقوام کی مراعات ملحوظ ہوتی ہے واللہ الہادی ✣

وضاحت ہو کہ جسقدر مذہبی کتابیں بنام نہاد انبیاء سابقین پائی جاتی ہیں جیسا کہ انجیل توریت زبور وغیرہ یا وہ کتابیں کہ جن کے معتقد انکو الہامی اور آسمانی سمجھتے ہیں جیسا کہ وید۔ وساتیر۔ زند وستھا۔ وغیرہ جب اپنہ نظر ڈالی جاتی ہے تو ان سے یہ ہرگز معلوم

toobaa-elibrary.blogspot.com

نہیں ہوتا کہ اس مصنف کی معرفت خدا اپنی طرف سے فرما رہا ہے۔ بلکہ یہی معلوم ہوتا ہے کہ اس کتاب کا مصنف خود کہہ رہا ہے عام ہے کہ وہ خدا کی عبادت اور اس کے احکام اور اس کے صفات بیان کر رہا ہے یا گزشتہ واقعات جنمیں خود اوس بزرگ کا بھی حال ہے کہ جسکی طرف وہ کتاب منسوب کیجاتی ہے۔ یا وہ دیوتاؤں اور ارواح غیر مرئیہ اور عناصر کی ستایش کر رہا ہے۔ اور نیز اس مصنف کا کہیں یہ بھی دعویٰ نہیں پایا جاتا کہ وہ وحی اور الہام کے ذریعہ سے کہہ رہا ہے۔ برخلاف قرآن مجید کے کہ اس کے دیکھنے سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ رب العلمین اپنی جبروت اور شان کے ساتھ اپنی آیات قدرت اور احکام یا عبرت دلانے کے لئے گزشتہ واقعات نہ بطرز مورخانہ بلکہ بطور واعظانہ اور آنے والی زندگی کے حالات اور انسان کی سعادت وشقاوت بیان فرما رہا ہے۔ اور اپنی توحید وعبادت صدق وعفاف ومکارم اخلاق کا کس رعب وداب کے ساتھ حکم دے رہا ہے۔ اور انسان کی ابتدا اور اس کی انتہا کا نقشہ دکھا رہا ہے اور اسپر اپنے انعام واکرام جتلا کر اسکو محبت کیطرف بھی کھینچ رہا ہے۔ اور اپنا جلال وجبروت بتا کر دنیاوی واخروی عقوبات سے بھی ڈرا رہا ہے اور اسکو ایک دوسرے جہان کی نعمار باقیہ کی رغبت بھی دلا رہا ہے۔ اور خدا پرست جماعت قائم کر کے انکے انتظام ملکی وسیاسی بھی سکھا رہا ہے اور انکو بت پرستوں کے مقابلہ میں جرات وہمت بھی دلا رہا ہے ۔

پھر تشبیہ اور استعارہ اور عبارت میں اپنی شان کبریائی کو بھی ملحوظ رکھے ہوئے ہے جس سے صاف معلوم ہو جاتا ہے کہ یہ رب العلمین کا کلام ہے جیسا کہ جا بجا وہ خود بھی فرماتا جا رہا ہے کہ یہ محمدؐ پر ہمنے نازل کیا ہے۔ انہوں نے اپنی طرف سے نہیں بنا لیا ہے اگر تم انکا کلام سمجھتے ہو تو تم بھی ویسے ہی بشر ہو بلا ہماری ایک سورہ کے دسویں حصہ کے برابر تو بنا کر لاؤ اور اسپر جس سے چاہو مدد لے لو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

خیر جو کتابیں توریت و اناجیل و زبور و صحف انبیاء کے نام سے نامزد ہیں ان کے معتقدوں کو تو اتنا انتساب ہی کافی ہے۔ اور وہ مسلمانوں کو دھوکا بھی دیدیا کرتے ہیں کہ یہ وہی توریت و انجیل و زبور ہے جسکا قرآن میں ذکر ہے۔ حالانکہ یہ وہ نہیں بلکہ اون کے نام سے موسوم ہیں ہاں انمیں ان کے مطالب بھی بہتیرے پائے جاتے ہیں۔ مگر دیگر مذاہب کے لوگ تو اسقدر بھی نہیں کہہ سکتے۔

اب ہندوؤں میں ایک فرقہ آریہ پیدا ہوا ہے اور وہ زمانۂ حال کی روشنی سے مستفید ہو کر بت پرستی سے متنفر ہو چلا ہے۔ البتہ اسنے اور سب بیہودہ کتابوں کو چھوڑ کر صرف چار ویدوں کی بابت دعویٰ کر دیا ہے کہ یہ چار رشیوں۔ اگنی۔ وایو۔ ادیت۔ انگرا پر الہام ہوئے ہیں +

ان کے مطالب تو صرف دیوتا پرستی اور لغویات پر مشتمل ہیں مگر برخلاف تمام پہلے پنڈتوں اور شارحوں کے ان کے مطالب کی اس فرقہ کے بانی نے تاویلات کی ہیں کہ جن سے بالکل مطالب کو پلٹ دیا۔ لیکن قدماء ہنود ان کی بابت مختلف رائیں رکھتے تھے۔ ایک گروہ عظیم برہماجی کی تصنیف بتلاتا ہے۔ بعض ویاس جی کی بعض محققین کہتے ہیں کہ ان کا ایک مصنف نہیں بلکہ وہ مختلف اشعار ہیں ان کے مصنفوں اور ان کے اوزان کے ابتک نام انکے سروں پر لکھے ہوئے موجود ہیں ان اشعار کا زمانہ ہنود کی صحراگردی کا زمانہ معلوم ہوتا ہے جبکہ ان میں شائستگی کا نام و نشان بھی نہ تھا۔ ان کے مضامین اور ان کے الفاظ کی بندش اسبات کو صاف صاف بتا رہی ہے۔ ان اشعار کو تخمیناً اڑھائی ہزار برس ہوئے ویاس اور سکی شاگردوں نے جمع کر دیا ہے کسی دید میں نہیں کہ یہ خدا کا کلام ہے نہ اسکا مصنف رشی یہ کہتا ہے کہ میں ایشور (خدا) سے الہام پاکر کہہ رہا ہوں بلکہ وہ بیچارے تو الہام کے مضمون اور لفظ سے بھی واقف نہ تھے مگر آریہ کی اولوالعزمی کب خاموش بیٹھنے دیتی ہے کیونکہ جب انہوں نے یہ دعویٰ کر دیا کہ موجودہ صنائع و فنون جو یورپ میں مروج ہیں وہ سب اہل یورپ نے ویدوں سے ہی نکالے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

حالانکہ ویدوں میں ایک جگہ بھی نہیں نہ کوئی ویدی پنڈت آجتک ان سے ماہر ہوا ہے انہوں نے یہ بھی دعویٰ کردیا کہ یہ الہامی ہیں چار رشیوں پر ابتداء زمانہ میں الہام ہوئے اور لطف یہ کہ ان رشیوں کی نبوت تو کیا انکا کچھ بھی حال بیان نہیں کرسکتے کہ وہ صادق تھے یا کاذب اور کہاں تھے کب مرے اور یہ وید انپر دفعۃً الہام ہوئے یا تدریجاً اور انپر کس صورت میں الہام ہوا تھا اور پھر وہ الہام شدہ کلام لکھا جاتا تھا حفظ کیا جاتا تھا اور ان چاروں رشیوں کے بعد وہ کلام کسطور سے محفوظ کیا گیا اور نیز وہ کلام اوسوقت کی زبان مروج میں تھا یا کسی اجنبی زبان میں اور اس کے قواعد مدون ہوچکے تھے یا نہیں؟ ان ضروری سوالوں کے جواب میں یہی کہتے بن آتی ہے کہ وہ تاریخ سے باہر تھے مگر یہ بات کس طور سے تاریخ میں آگئی کہ یہ انہیں رشیوں پر الہام ہوئے تھے اور ابتداء زمانہ میں الہام ہوئے تھے حالانکہ ان ویدوں میں انہات کا نام بھی نہیں کہ ان کے مصنف یہ رشی ہیں اور پھر مہابھاش کے مصنف کو کیونکر معلوم ہوگیا کہ انگرا فلاں رشی کا اور وہ فلاں کا شاگرد تھا کیا یہ تاریخی واقعات نہیں؟ مگر الہام کی جو تعریف کی ہے تو اسمیں ایسے ایچ پیچ اور مہمل قیود ہیں جنکا ثبوت وہ خود بھی نہیں دے سکتے جن سے انکا مقصد یہ ہے کہ یہ تعریف بجز ویدوں کے اور کسی کتاب بالخصوص قرآن پر صادق نہ آئے ہم بھی یہی چاہتے ہیں کہ بجز ویدوں کے یہ الہام بیکار اور مہمل اور کسی کتاب خصوصاً قرآن پر صادق نہ آئے۔ قرآن ایسے الہامی ہونے سے پاک ہے ۔

وہ تعریف یہ ہے

بحذف الفاظ مکررہ

ایشور کا جبکہ تعلیم و تعلم کا سلسلہ جاری نہوا ہو نیک و بد کی امتیاز کے لئے انسانوں کے دلمیں یعنی انکے جو تعلیم و علوم سے بالکل بے بہرہ ہوں ابتداء آفرینش میں علم کا تخم ڈالنا اور الہامی مضمون میں ایک خدائی پرستش اور صحیح علوم ہوتے ہیں جنمیں قصہ کہانی اور تکرار

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور اپنے کلام کا آپ رد کرنا نہو (جیسا کہ بذریعہ نسخ قرآن میں ہے) اور وہ رگوید۔ یجروید۔ سامویدا تروید۔ چار کتابیں ہیں جو ابتدار آفرینش میں چار رشیوں اگنی۔ وایو۔ ادت۔ انگرا پر الہام ہوئے۔"

یہہ تعریف نہ جامع ہے نہ مانع۔ اور اس کے قیود بھی مہمل ہیں۔ جامع یوں نہیں کہ اس قسم کا الہام وہ الہام حقیقی نہیں ہوسکتا کہ جسکی بندوں کو احتیاج ہے جہاں عالم غیر محسوس کے ادراک کے لئے عقول وہم اور اغلاط سے معصوم نہوسکیں وہ الہام خاص حضرات انبیار علیہم السلام کا حصہ ہے جنکی ملکیت بہیمیت پر غالب ہے۔

سو یہ تعریف وہاں صادق نہیں آتی ابتدار آفرینش ہی میں سہی اور جاہل اور سادہ لوحوں ہی کے دلمیں سہی نیک وبد کی امتیاز پیدا کردینا۔ الہام حقیقی نہیں یہ بات تو ظاہر انسان کے دلمیں اس کی ابتدار آفرینش دلمیں ڈالدیا کرتا ہے کہ وہ مضار ومنافع دنیاویہ میں امتیاز بغیر تعلیم وتعلم کے کرنے لگتا ہے اور جب تک اسکی فطرت سادہ ہوتی ہے اسپر کوئی نیا رنگ نہیں چڑھا ہوتا وہ اپنے ایک ہی خالق کیطرف رجوع کرتا ہے جیسا کہ حدیث میں آیا ہے کل مولود یولد علے الفطرۃ فابواہ یہودانہ ویمجسانہ اس علم میں نہ قصہ وکہانی ہوتی ہے نہ تکرار ہوتا ہے نہ اپنے کلام کا رد کرنا ہوتا ہے ٭

اگر چاروں ویدوں کا یہی لڑکوں کا سا الہام ہے جسکی تمثیل سورج کے ساتھ دیجاتی ہے تو ویروں ہی کو مبارک رہے ٭

اور مانع بھی نہیں کس لئے کہ یہ تعریف سب بنی آدم کے الہام یعنے ابتدائی خیالات پر صادق آتی ہے حالانکہ آریہ اسکو الہام نہیں کہتے ٭

ابتدار آفرینش کی قید بھی مہمل ہے کیونکہ بعد میں بھی جب کوئی شخص جاہل ہو جیسا کہ لڑکا جسپر سنسکار کا اثر بھی نہو تعلیم وتعلم کا بھی اسکو حصہ نہ ملا ہو تو وہ بھی ان کی تعریف کے بموجب اس الہام کا مستحق ہوسکتا ہے۔ اور اگر یہی ہے تو ان کو ثابت کرنا ہوگا کہ چاروں وید

toobaa-elibrary.blogspot.com

ایک زمانہ ایک آن میں الہام ہوئے تھے حالانکہ سام وید بجز بعض عبارات کے کل بجروید سے نقل ہے جسکا زمانہ بجرویہ کی تصنیف سے یقیناً مابعد ہے۔ پھر ابتدار آفرینش کی قیمہ لغو ہوگئی اور نیز ان رشیوں میں سینکڑوں ہزاروں برس کا تقدم و تاخر بھی ہے۔ کیونکہ آریہ کی مسلم کتاب مہابھاش میں ہے کہ اندر نے برہسپتی سے اور اس نے انگرا سے اور انہ منوجی سے اور اس نے براٹ سے اور اس نے برہما سے اور اس نے اگنی اوت رشیوں سے علم حاصل کیا۔ اب دیکھو اگنی مصنف یجروید اور انگرا میں کسقدر تقدم و تاخر ہے انکی تصنیف ابتدار آفرینش میں کسطرح ہوسکتی ہے؟۔

اس کے بعد جو قیدیں لگائی ہیں کہ ہمیں ایک خدا کی عبادت ہو تکرار نہو۔ اپنے کلام کا رد نہو۔ قصہ کہانیاں نہوں۔ ان پر ہم بھی صاد کرتے ہیں۔ قرآن میں بجز خدا وحدہٗ لاشریک کے اور کی پرستش کی سخت ممانعت ہے اثبات کو ہر موافق و مخالف مانتا ہے۔ مگر ویدوں میں تونتیس کروڑ دیوتا کی مدح و ستایش و عبادت نذر و نیاز مذکور ہے آریہ سے پہلے جسقدر وید کی شرحیں اور ترجمہ ہوئے ہیں انکو ملاحظہ فرمایئے اور پروفیسر ولسن۔ اور ٹینگ لر اور میکس مولر۔ بنفی۔ بولن وغیرہ شارحین وید سے پوچھ دیکھئے جنکو کبھی اپنے موافق پاکر آریہ محقق کا خطاب دیا کرتے ہیں۔ اور ہندوؤں میں سے مہیدھر۔ سائنا اچاریہ۔ راون۔ اوٹ۔ وغیرہ شارحین وید سے دریافت فرمایئے۔ تمام علماء ماہرین وید کے مقابلہ میں صرف پنڈت دیانند سرستی کا قول اگر سند ہوگا تو ان کے مریدوں کے ہی نزدیک ہوگا جنہوں نے انکو مہارشی کا خطاب دیا ہے۔

تکرار نہو۔ قرآن میں معیوب تکرار نہیں بلکہ تاکید کے لئے ایک مضمون کو بڑی خوبصورتی کے ساتھ دوسرے عنوان سے بیان فرمایا ہے جس سے تکرار ہی معلوم نہیں ہوتا اور یہ قرآن کی ایک اعلیٰ درجہ کی بلاغت ہے۔ برخلاف سام وید کے باستثنائے بعض کل کا کل رگوید ہے پھر اس سے زیادہ اور کیا تکرار اور مضمون مکرر ہوگا۔ اور اتھرن وید کی نسبت تو پنڈتوں نے

toobaa-elibrary.blogspot.com

فیصلہ ہی کردیا ہے کہ یہ بعد کی تصنیف اور انہیں کا انتخاب ہے +

اپنے کلام کا دوسرا تبدیل نہوا یہ بھی قرآن کی نسبت صادق آتا ہے اول سے آخر تک اتنی بڑی کتاب میں ایک جگہ بھی اختلاف نہیں اور نسخ کی حقیقت ہم بیان کرآئے ہیں اسکو تبدیل ورد کرنا سمجھنا کمال جہالت ہے۔ برخلاف مضامین وید کے کہ ان کے اختلافات کو لکھا جائے تو ایک ضخیم کتاب تیار ہو جائے۔ صرف آفرینش عالم میں ہی کسقدر باہم متعارض اقوال ہیں +

قصہ کہانیاں نہوں قرآن میں نہ کوئی قصہ ہے نہ کہانی ہے البتہ چند واقعات بطور عبرت و نصیحت بیان کئے گئے ہیں۔ اسکو کوئی عاقل داستان گوئی نہیں کہتا۔ برخلاف ویدوں کے کہ انمیں تمام خانگی جھگڑے۔ اوکھلی۔ موسل۔ تواہ تغاری پروہت ججمان راجہ اس کے ہاتھی گھوڑے لشکر۔ ہل بیل۔ اور فحش واقعات مذکور ہیں۔ شارحین بالا سے دریافت کرلیجئے +

اسکے بعد آریہ تو بتائیں کہ باوجود ہمہ بیانی کے صرف معارف و اعمال کی بابت ویدوں نے کیا ہدایت فرمائی ہے براہ مہربانی لفظی ترجمہ کے ساتھ دو چار ہی اشلوک لکھ کر بتادیں کہ انسانکو کیا عقائد رکھنے چاہیں اور کون سے عمل کرنے چاہیں جن سے اس کی نجات ہو۔ اسکے سوا رصفات باری کے متعلق جو کچھ تجزی و جسمانیت پیدا کرنے والے جملے ہیں انہیں کی توجیہ کردیں۔ جب بخیر ہوں۔ آگ پر گھی جلانے کے اور کوئی بھی مفید بات ویدوں میں نہیں تو پھر یہ انسان کے لئے کیا کام آسکتے ہیں +

اور جبکہ قدیم ہنود خبکو **سناتن دھرم** کہا جاتا ہے بالاتفاق اسبات کے قائل ہیں کہ ایکبار سنگاسر دیت (دیو) تمام ویدوں کو چور اکر کھا گیا اور سمندر میں غوطہ لگا گیا تھا تو برہما جی نے بھگوان سے فریاد کی بھگوان نے مچھلی کی صورت اختیار کرکے سمندر میں غوطہ لگایا۔ آخر بڑی کھڑ بڑ کے بعد سنگاسر کے پیٹ میں سے وہ وید نکالکر لایا تو

toobaa-elibrary.blogspot.com

تبلائیں کہ ان بھیگے ہوئے کاغذوں کے بہنڈوں میں سے کسقدر مضامین مٹ گئے اور کسقدر باقی رہے تھے اور پھر ویدوں کی ترمیم کس نے کی اور کب کی اور اسیطرح بہت سے حوادث گزرے ہیں جنمیں ویدوں میں تغیر و تبدل ہوجانا قرین قیاس تھا خصوصاً بودہ مت کے غلبہ کے وقت اب آریہ کوئی ایسی دلیل بھی تو قائم کردیں کہ جس سے اطمینان ہوجائے کہ یہ وہی وید ہیں جو ان کے مصنفوں نے بنائے تھے ان میں کچھ بھی تبدل و تغیر نہیں ہوا کیونکہ ویدوں کی حفاظت صرف لکھے ہوئے کاغذوں درختوں کے پتوں سے کیجاتی تھی۔ جن کے سہٹے اور گھڑیاں بند ہی رہا کرتی ہیں۔ حافظہ تو ان کا اتنک کوئی ہوا ہی نہیں اور پھر یہ بھی بتائیں کہ ویدوں کی روشنی جبکہ تمام ہندوستان پر بھی نہ پڑی بلکہ ابتدا سے بہت فریق ہندوؤں کے اسکے سخت منکر اور مخالف رہے جیسا کہ چارواک۔ جینی۔ دوامبری بودہ مت۔ گوشائیوں۔ براگیوں۔ جوگیوں کے سدھا فرقے اور کبیر داس۔ گرونانک برہمو سماج (ستیارتھ پرکاش ص ۵۳۲ و ۳۸۰) اور پھر ان کے معانی سے بھی بجز چند اشخاص کے کہ جنکی نام جملوں کے سروں پر مندرج ہیں اور کوئی واقف نہوا۔ اور پھر خاص معنے اب بجز آریہ پنڈت کے اور کیسکو معلوم نہوئی نہ اور دنیا بھر میں کوئی اس روشنی سے مستفید ہوا تو پھر یہ سورج ہزاروں پردوں میں غروب ہوا کس کام آسکتا تھا اس اندھیر پر ایشور دیا وان کا الہام کا دروازہ بند کردینا اور قبل از وقت ایک کی جگہ چار وید مکرر نازل فرما دینا کس مصلحت پر مبنی تھا سمجھ میں نہیں آتا ۔

یہ تو جو کچھ تھا سو تھا مگر بھولے بھالے پنڈت ویدوں کے ثبوت پر بالخصوص مسلمانوں کے مقابلہ میں اپنی کتابوں ویشیشک درشن۔ نیائے درشن مصنفہ مہرشی گوتم۔ سانکہ شاشتر مصنفہ مہرشی کپل ویدانت شاشتر مصنفہ مہرشی ویاس جی پیش نہ کریں کس لئے کہ یہ دلیل نقلی ہے اور دلیل نقلی مسلمات خصم سے ہونی چاہیئے اور یہ مسلمانوں کی تو کیا خود ان آریہ کے بھی ایسے کچھ مسلم نہیں۔ کیونکہ مسناتن دھرم کے ہندو جب انہیں کتابوں کو

toobaa-elibrary.blogspot.com

آریہ کے مقابلہ میں پیش کیا کرتے ہیں تو آریہ صاف انکار کر جاتے اور کہدیتے ہیں کہ یہ الہامی اور ایسے نہیں کہ خواہ مخواہ انکو تسلیم کیا جائے۔ مقابل کے نزدیک گوتم۔ کپل ویاس ایسے ہی ہیں کہ جیسا مخاطب پنڈت۔ یا ان کی جماعت کے اور پنڈے۔ ایسے اقوال پیش کرنا علم مناظرہ کے خلاف اور قابل مضحکہ ہے ہاں دلائل عقلیہ لائیں یا مسلمانوں کے مسلمات سے ثبوت دیں۔

کیا قرآن کے ثبوت میں ہدایہ۔ شرح وقایہ۔ درمختار وغیرہ کتابیں مخالف کے روبرو پیش کرنا حماقت نہ شمار ہوگا؟ ضرور۔ دوئم خود ان کتابوں میں صرف لفظ وید ہے جسکے معنی علم و دانش کے ہیں۔ رگوید۔ یجروید۔ شام وید اتھروید۔ کا نام تک نہیں۔ یہ تو تنکوں کے سہارے سے دریا پار اترتا ہے ✣

کسی شے کی اصل شہ اسپر قلعی کرنے اور ہیر پھیر کرنا ویلات کرنے سے بدل کر کوئی دوسری عمدہ چیز بنجاتی ہے نہ کسی عمدہ شے کے جوہر اوسپر عیب لگانے اور بے سمجھی سے اعتراضات کرنے سے مٹ جاتے ہیں۔ مگر انسانی طبیعت کا خاصہ ہے کہ اپنے قدیم رسم و رواج اور آبائی خیالات کو جو پشت در پشت متوارث ہونے کے سبب طبیعت میں موسوخ ہو جاتے ہیں بہت کم انکی اصلیت دریافت کرنے کی طرف متوجہ ہوتی ہے اور تحقیقات کے بعد ان کی بطالت ثابت ہو جانے کے بعد بھی حق کو مشکل سے قبول کرنے دیتی ہے۔ بلکہ پاسداری اور ضد پر آمادہ کر کے انہیں قیانوسی اور سڑے بسے خیالات کی تاویل و توجیہ اور انہیں جھوٹے فضائل پیدا کرنے پر مجبور کر دیتی ہے اسلئے دنیا میں سیکڑوں مذاہب اور صدہا ادیان باطلہ ہیں اور یہ ظاہر ہے کہ باوجود تعارض و مخالفت کے سب حق نہیں نہ ہو سکتے ہیں۔ مگر ہر ایک انہیں پر شاداں اور انہیں کو ذریعۂ نجات سمجھے بیٹھا ہے کُلُّ حِزْبٍ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُونَ ۝ ہر قوم راست راہے دینے و قبلہ گاہے مگر مردانہ طبائع جنپر نور حق متجلی ہوتی ہے جلد اس حجاب کو چیر پھاڑ کر نور میں آجاتی ہیں ✣

toobaa-elibrary.blogspot.com

باب (۲) دوئم

فصل اوّل

دنیا گمراہی کے دریاؤں میں تہ و بالا
ہو رہی تھی کہ وہ ناخدا آیا جس کی۔
خبر مدت سے انبیاء دیتے آئے تھے

بشارت اوّل

دیکھو میرا بندہ جسے میں سنبھالتا میرا برگزیدہ[۱] جس سے میں خوش[۲] ہوں میں نے اپنی روح اسپر رکھی وہ قوموں کے درمیان عدالت جاری کرائیگا۔ وہ نہ چلائیگا نہ اپنی صدا بلند کریگا نہ بازاروں میں غل مچائیگا۔ نہ وہ مسلے ہوئے سینٹے کو توڑیگا نہ دھکتی بتی کو بجھائے گا۔ (کسی پر زیادتی نہ کریگا نہ نورحق کی لو کو جو باقی رہ گئی ہو گی گل کریگا) وہ عدالت کو جاری کرائیگا جو دائم رہے۔ اِس کا زوال نہ ہوگا۔ اور نہ وہ مسلا جائیگا جب تک کہ زمین پر راستی قائم نکرے اور بحری ممالک اسکی شریعت کی راہ تکیں۔ خداوند خدا جسنے آسمانوں کو بنایا اور تانا جسنے زمین کو اور اسکی چیزوں کو بنایا اور اسپر چلنے والے حیوانوں کو سانس بخشا اور اسپر چلنے والوں کو جان دی یوں فرماتا ہے میں خداوند نے صداقت کے لئے تجھے بلایا میں ہی تیرا ہاتھ پکڑوں گا اور تیری حفاظت کروں گا اور تجھے لوگوں کی روشنی اور عہد باندھنے والا بناؤں گا۔ کہ تو اندھوں کی آنکھیں کھولے اور بندھوؤں کو قید سے نکالے اور انکو جو اندھیرے میں بیٹھے ہوئے ہیں نور کیطرف لائے۔ یہوواہ میں ہوں

---

[۱] ترجمہ محمدؐ ۱۲ منہ [۲] مصطفےٰ کا ترجمہ ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

یہ میرا نام ہے میں اپنی شوکت دوسرے کو نہ دونگا اور جو ستائش میرے لئے سزاوار ہے وہ میں بنائی ہوئی مورتوں کے لئے نہ ہونے دونگا۔ دیکھو سابق کی پیشین گوئیاں تو پوری ہوئیں اور اب میں نئی پیشین گوئیاں کرتا ہوں اوس سے پہلے کہ وہ پوری ہوں خداوند کے لئے ایک نیا گیت گاؤ اے جو تم سمندر پر سے گزرتے ہو۔ اور تم جو اسمیں بستے ہو اے بحری ممالک اور ان کے باشندو تم زمین پر سرتاسر اسکی ستایش کرو بیابان (عرب) اور اسکی بستیاں قیدار[۵۱] کے آباد دیہات اپنی آواز بلند کرینگے (تکبیر و تہلیل سے) سلع[۵۲] کے بسنے والے ایک گیت گائیں گے پہاڑوں کی چوٹیوں سے للکاریں گے۔ وہ خداوند کا جلال ظاہر کرینگے اور بحری ممالک میں اسکی ثنا خوانی کرینگے خداوند ایک بہادر کی مانند نکلیگا۔ وہ جنگی مرد کی مانند اپنی غیرت کو جوش میں لائیگا وہ جنگ کے لئے للکاریگا وہ اپنے دشمنوں پر بہادری کرے گا الخ میں پہاڑوں اور ٹیلوں کو ویران کرونگا اور ان کے سبزہ زاروں کو برباد کرڈالوں گا (یہ شام کے فتوحات کیطرف اشارہ ہے جو خلافت اول و دوئم میں واقع ہوئیں) میں انکو (عرب کو) ان رستوں سے لے چلونگا جسکو انہوں نے دیکھا نہیں میں ان کے آگے تاریکی کو روشنی اور ناہموار زمین کو میدان کردوں گا میں ان سے یہ سلوک کرونگا اور انہیں ترک نکرونگا۔ (کتاب الیسع نبی کا بیانیسوال باب) یہ پیشین گوئی حضرت مسیح سے سات سو برس آگے کی گئی تھی ✣

اُٹھ روشن ہو۔ (اے زمین) کہ تیری روشنی آئی اور خداوند کے جلال نے تجھ پر طلوع

---

[۵۱] قیدار حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے بڑے بیٹے آنحضرت صلعم کے اجداد میں سے ہیں۔ ۱۲ منہ

[۵۲] سلع حجاز کا پہاڑ ہے یعنے عرب کی تمام ممالک میں اسکی ثنا خوانی اشاعت توحید و اسلام کے لئے بڑے زور و شوکت سے پہلیں گیں۔ اور ان کی معرفت خداوند اپنا جلال ظاہر کرے گا وہ شریر کون اسرائیل کی نابکار قوموں کو سزا دیں گے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

کیا دیکھو زمین پر تاریکی اور قوموں پر ظلمت چھا گئی۔ لیکن خداوند تجھ پر طلوع کریگا اور اسکا جلال تجھ پر نمودار ہوگا۔ قومیں تیری روشنی میں آئیں گی اور بادشاہ تیری تجلی میں چلیں گے (اب یہاں سے زمین مدینہ کی طرف خطاب ہے) اپنی نگاہ اُٹھا کر چاروں طرف دیکھ وہ (عرب) سب کے سب اکٹھے ہونگے وہ سب تیرے پاس آئیں گے تیرے بیٹے دور سے آئینگے تیری بیٹیاں گود میں اٹھائی جائیں گی (انکا احترام ہوگا) تب تو دیکھی گی۔ اور روشن ہوگی ہاں تیرا دل اچھلے گا۔ اور کشادہ ہوگا۔ کیونکہ سمندر کی فراوانی تیری طرف پھرے گی اور قوموں کی دولت تیرے پاس فراہم ہوگی اونٹ کثرت سے تجھے چھا لینگے مدیان اور عیفہ کے جوان اونٹ اور سبا کے سب اونٹ تیرے پاس آویں گے وے سونا اور چاندی لاویں گے اور خداوند کی تعریف سنادیں گے۔ قیدار کی ساری بھیڑیں (یعنی وحشی لوگ) تیرے پاس جمع ہونگی نبیط[1] کے مینڈھے (موٹے فربہ آدمی) تیری خدمت میں حاضر ہونگے۔ کتاب الیسع نبی کا ساٹھواں باب)۔

میں نے ان کی طرف توجہ کی جنہوں نے مجھ سے نہ مانگا مجھے اونہوں نے پایا جنہوں نے مجھے ڈھونڈا (عرب کی بت پرست اور جاہل قومیں)

میں نے ایک گروہ کو جو میرے نام کی نہیں کہلاتی تھی کہا مجھے دیکھ مجھے دیکھ (کتاب الیسع نبی کا ۶۵ باب) حضرت مسیح فرماتے ہیں۔ لیکن وہ جو میرے بعد آتا ہے مجھ سے زور آور ہے کہ میں اس کی جوتیاں اوٹھانے کے بھی قابل نہیں وہ تمہیں روح قدس اور آگ سے بپتسمہ (غوطہ) دیگا اسکا چھاج اِس کے ہاتھ میں ہوگا وہ اپنے کھلیان کو خوب صاف کرے گا اور اپنے گیہوں کو تھے میں جمع کریگا۔ پر بھوسی کو اوس آگ میں جلائے گا جو کبھی نہیں بجھتی (انجیل متی کا تیسرا باب)

[1] نبیط عرب شرقی و شمالی کے قبائل۔ یہ سب باتیں مدینہ میں خلافت اول میں پوری ہوئیں سبا یعنے یمن کے قبائل اور بنی قیدار کے قبائل اور نبیط کے قبائل اونٹنیوں پر سوار ہوکر بقصد جہاد شام و مدینہ میں

بشارت تفسیری

بشارت چوتھی

toobaa-elibrary.blogspot.com

حضرت آدم علیہ السلام سے لیکر حضرت مسیح علیہ السلام تک سب انبیاء آفتاب کے طلوع ہونے کی بشارت دیتے آئے ہیں۔ آخر جب دنیا ظلمت سے بھر گئی تو یہ آفتاب جہاں تاب ربیع الاول کے مہینہ میں فاران کی چوٹیوں سے جلوہ گر ہوا۔ یعنے حضرت خاتم المرسلین محمد صلے اللہ علیہ وسلم مکہ میں خاندان قریش میں آمنہ خاتون رض کے شکم سے پیدا ہوئے ؎

آپ کے پیدا ہونے کے دنوں میں عجائب وغرائب آیات قدرت ظہور پذیر ہونے شروع ہو گئے تھے جو ایک عظیم الشان وقوعہ کے پیش خیمہ تھے۔ شیاطین آپس میں مل ملکر روتے اور سروں پر خاک اڑاتے پھرنے لگے آسمانی خبریں جنوں پر بند ہو گئیں اسکی وجہ کے تلاش میں سرگرداں وحیراں پھرتے تھے کہ یہ کیا انقلاب ہوا جاتا ہے بتوں میں سے نوحہ اور الوداع کی آوازیں لوگوں کو سنائی دینے لگیں۔ اہل نظر سماوات پر آثار عجیبہ وغریبہ معاینہ کرتے تھے۔ اہل کتاب کے علماء زمانہ اس آنے والے کے ظہور کا بہت انتظار کر رہے تھے۔ اہل نجوم وغیرہ جو آثار وعلامات سے حوادث عجیبہ استدلال کیا کرتے ہیں بالاتفاق قائل تھے کہ دنیا کا نقشہ دگرگوں ہوا چاہتا ہے۔ اور جب حضور اقدس کا تولد ہوا تو حضرت کی والدہ ماجدہ اور پاس کی عورتوں نے عجیب وغریب

بقیہ نوٹ ۱؎ اس کثرت سے جمع ہوئے کہ مدینہ کی سرزمین کو ڈھانک لیا تھا۔ پھر وہ فیڈ ہے اور بیٹریں یعنے اس اور جنگلی قومیں خداوند کے مذبح پر قربان ہی ہوئیں خدا کے لئے شہید ہوئے اور فتوحات کے بعد سونا چاندی بھی اس کثرت سے مدینہ میں لائے کہ ڈھیر لگ گئے اور سب خداوند کی ستایش تکبیر وتہلیل کے نعرہ بلند کرتے ہوئے گئے تھے اور نعرے بلند کرتے ہوئے آئے۔ یسوع کی یہ بشارت بنی اسرائیل پر کسطرح سے بھی صادق نہیں آتی ۱۲ منہ

۲؎ اس کے بعد یہ بھی ہے کہ اوس قوم سرکش کو سزا دلاؤں گا جو غیر اللہ کی پرستش کرتی ہے جو سور کا گوشت کھاتی ہے ۱۲ منہ

۳؎ عیسائی کہتے ہیں اس سے مراد روح القدس ہے۔ یہ غلط ہے کیونکہ وہ آنے والا تو روح القدس سے بپتسمہ دیگا نہ کہ خود روح القدس ہوگا۔ دوئم روح القدس کا ظہور اسطرح سے نہیں ہوا کہ شعلوں کو چھاج میں پٹک کر جدا کیا۔ اور انکو سزا دی ہو ۱۲ منہ محمد ابو الحسن

toobaa-elibrary.blogspot.com

آیات قدرت کا معاینہ کیا۔ پیدائش کے قریب روحانیات حضرات انبیا علیہم السلام اور اوران کی بیویوں کو عیاناً دیکھا اور جو کچھ اس آنے والے کی بابت انہوں نے فرمایا اسکو کانوں سے سنا۔ بوقت تولد ایک ایسا نور متجلی ہوا۔ کہ حضرت کی والدہ ماجدہ اور پاس کی عورتوں کو مشارق و مغارب دکھائی دئے۔ مجوسیوں کے آتش کدہ کی وہ آگ جو ہزاروں برسوں سے مسلسل روشن تھی خود بخود بجھ گئی۔ ایوان کسرے کے کنگورے گر پڑے۔ جسمیں اشارہ تھا کہ سب بلند آپکے قدموں پر گرائے جائیں گے۔ جنگل کے وحوش وطیور ایک دوسرے کو مبارکباد دیتے تھے +

الغرض عالم ناسوت سے لیکر عالم ملکوت تک ایک عجیب فرحت و سرور جلوہ گر تھا۔ عرش سے فرش تک دھوم تھی پھر طفولیت سے لیکر عہد شباب تک اور شباب سے آخر حیات تک جو کچھ معجزات و آیات بینات لوگوں نے دیکھے اگر ان سب کو قلمبند کیا جائے تو بڑی بڑی ضخیم کتابوں میں بھی نہ سما سکے۔

(۲) عرب میں قیدار کا خاندان بہ اُن میں مضر کا اور انمیں قریش کا اور ان میں بنی ہاشم کا بہت بلند خاندان شمار ہوتا تھا۔ شجاعت۔ عفت۔ ثروت۔ سخاوت وکاوت میں بھی بنی ہاشم ضرب المثل تھے عرب اس سلسلہ نسب کو نہایت شریف سلسلہ سمجھتے تھے۔ اور درصل شریف

ف حبشہ کا نجاشی بادشاہ عیسائی مذہب اور روم کا ہرکلیوس اور مصر کا مقوقس اناجیل کی بشارات اور مشائخ کی زبانی اور تحریری روایات سے اوس عظیم الشان نبی کے مبعوث ہونے کے منتظر تھے اور کسیوجہ سے معلوم کر گئے تھے کہ عنقریب ظہور ہونیوالا ہے اسلئے نجاشی تو کھلم کھلا ایمان لے آیا اور ان دونوں نے کسی دنیاوی مصلحت سے مذہب اسلام تو اختیار نہ کیا مگر آپکی بزرگی عظمت کا اقرار کرتے رہے ہرقل کاہن نے بڑے زور سے اعلان کر دیا تھا کہ عرب بالخصوص حجاز میں ایک ایسا نام آور پیدا ہونیوالا ہے جو سلاطین موجودہ پر غالب آجائیگا اور اس کے لوگ مشرق و مغرب کو اپنی حکومت میں لے آئیں گے اور تہذیب و اخلاق میں دنیا کا نقشہ پلٹ جائیگا۔ ابو الحسن

toobaa-elibrary.blogspot.com

سلسلۂ نسب سرور احمد علیہ السلام

آپکا سلسلۂ نسب یہ ہے

محمد صلے اللہ علیہ وسلم بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدمناف بن قصی بن کلاب بن مرہ بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک بن نضر بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان یہاں تک کے ناموں میں کسی نسابہ اور مورخ کو اختلاف نہیں۔ اس کے بعد کے سلسلہ میں تو کلام نہیں البتہ ناموں میں قدرے اختلاف ہے جسلئے آنحضرت صلعم نے ایسقدر پر بمقتضائے احتیاط سکوت فرمایا +

ورنہ عرب کے ماہرین انساب جو گھوڑوں کے نسب سے بھی ایسے واقف ہوتے ہیں کہ اور بلاد میں انسان اپنے خاندانوں سے بھی ایسے واقف نہیں ہوتے۔ یقیناً جانتے ہیں کہ عدنان چھ پشت کے واسطہ سے قیدار کا پوتا ہے اور یہ قرین قیاس بھی ہے کیونکہ اسقدر قریب نسب ایسے ماہران نسب کے نزدیک مجہول نہیں ہوسکتا +

عدنان کا نسب نامہ یہ ہے کہ وہ اود کے اور وہ آود کے اور وہ الہمیسع کے اور وہ سلامان کے اور وہ نبت کے اور وہ حمل کے بیٹے تھے اور حمل قیدار کا فرزند اکبر اور قیدار حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کے فرزند اکبر اور یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے فرزند اکبر تھے۔ ابراہیم علیہ السلام کا نسب نامہ توریت میں مذکور ہے +

اصول انبیاء کعبہ

کعبہ کی بنیاد اور اسکی تولیت

حضرت ابراہیم امور کئے گئے تھے کہ حضرت آدم علیہ السلام کی مسجد کو جو طوفان نوح میں منہدم ہوگئی تھی از سر نو تعمیر کریں چنانچہ وہ خود بھی تشریف لائے اور اپنے بیٹے اسمٰعیل کو بھی تعمیر میں شریک کیا جو اسی نیت سے مع ان کی والدہ ہاجرہ کے اسی جگہ روانہ کئے گئے تھے۔ خانہ کعبہ کی تعمیر کے بعد اسکے متولی حضرت اسمٰعیل ہوئے اور خدا پرستی کی ترویج کے لئے حضرت ابراہیم کی اولاد جا بجا منتشر کیگئی تھی۔ اسمٰعیل کی بود و باش اسی ملک عرب میں رہی ان کے بعد یہ تولیت انکے خاندان میں متوارث چلی آتی تھی۔ اور سب موحد اپنے آبائی

toobaa-elibrary.blogspot.com

مذہب ابراہیمی کے پابند تھے حج بھی انہیں کی طرز عبادت کی یادگار میں ایک سالانہ عبادت تھی۔ مگر آنحضرت صلعم سے تخمیناً تین برس پہلے عمر بن لحی نے قبائل عرب سے سیکھ کر بت پرستی کو رواج دیا اور ہوتے ہوتے اسکا خود اس خاندان قریش میں بھی جو اسمٰعیل کی اولاد اور کعبہ کے متولی تھے چرچا پھیل گیا اور خاص خانہ کعبہ میں آنحضرت کے عہد میں کئی سو بت قریش نے کھڑے کر رکھے تھے حج کا رکان کو بھی بدل ڈالا تھا۔ یہ تولیت قریش میں رہی اور پھر قریش میں خاص نبی ہاشم کے قبضہ میں آئی اور حضرت کے جد امجد عبدالمطلب بالاتفاق سردار تسلیم کئے گئے۔

حضرت ابراہیم نے خدا پرستی کی غرض سے اپنے فرزند اکبر کو اس خشک اور ریگستانی اور پہاڑی ملک میں آباد کیا تھا جب انہوں نے خدا سے دو دعائیں بھی مانگی تھیں اور دونوں قبول ہوئیں اول یہ کہ میری نسل کا محافظ رہنا ان کی روزی کا سامان مہیا کرتے رہنا لوگوں کے طبائع ان کی طرف مائل رہا کریں۔ دوئم یہ کہ میری ذریت میں سے ایک ایسا شخص پیدا کرنا کہ میرے طریقہ توحید کو قائم کرے۔ قریش کے قبائل گرمی میں شام کیطرف سردی میں یمن کیطرف تجارت کو جاتے تھے لوگ ان کی تعظیم کرتے تھے مہمان نوازی سے پیش آتے تھے۔ ادھر اودھر کی اشیاء اثمار اور بقولات ہمیشہ مکہ کیطرف کھنچی چلی آتی رہی ہیں اسلئے مکہ دارالامن بھی رہا ہے جس جبار نے اسپر برا قصد کیا وہ ہلاک کیا گیا۔ اسلئے مکہ کو بکہ بمعنی گردن تسکن بھی کہتے ہیں دوسری دعا کا اثر حضور سرور کائنات علیہ التحیۃ والصلوٰۃ کا تولد ہے۔ کہ جسنے مکہ کو ابدالآباد تک روشن کر دیا۔ اور اسکی روشنی نے دنیا کو منور کر دیا۔ اب اسپر بھی یہ کہنا کہ قریش مکہ اسمٰعیل و ابراہیم کی اولاد نہ تھے۔ ٹھیک دوپہر میں آفتاب کا انکار کرنا ہے۔ جو فرنگی مورخوں کی شامت بعید ہے۔

مختصر وقائع عمری حضرت کے دادا عبدالمطلب کے دس فرزند اور کئی ایک لڑکیاں تھیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

عباس حمزہ۔ ابوطالب۔ ابولہب۔ حارث۔ عبداللہ وغیرہ۔ عبداللہ سب میں حسین اور با اقبال اور با اخلاق وعفیف فرزند اپنے باپ کا فخر تھے۔ ان کی ننہال مدینہ منورہ میں تھی ان کی شادی کی درخواست بڑے بڑے ایماں عرب کیا کرتے تھے مگر یہ سعادت قریش کے ایک بڑے سردار وہب کو نصیب ہوئی۔ ان کی دختر عفیفہ آمنہ سے عبداللہ کی شادی ہوئی۔ ہنوز۔ یہ آفتاب حمل ہی میں تھا کہ عبداللہ کا مدینہ میں عین شباب میں انتقال ہوگیا اس صدمہ نے مکہ اور مدینہ میں حشر برپا کردیا اور عبدالمطلب کی تو غم سے کمر ہی ٹوٹ گئی۔ اس کے چند مہینوں بعد حضرت کا تولد ہوا۔ اس خوشی کا بھی کہ بالخصوص بنی ہاشم میں کوئی اندازہ نہ تھا۔ ابولہب چچا نے اوس لونڈی کو کہ جس نے بھتیجے کے پیدا ہونے کی خبر دی تھی اس شادمانی میں فی الفور آزاد کردیا۔ دادا نے جب وہ چاند سی صورت کہ جسکو چاند اور سورج بھی جھک جھک کر سلام کرتے تھے دیکھی تو فرحت کے مارے قریب تھا کہ غش آجائے تمام شہر مکہ میں مبارک وسلامت کا چرچا تھا۔ کئی برس سے ایک ایسا سخت قحط پڑا ہوا تھا کہ لوگوں کو ہڈیوں اور مردار کھانے کی نوبت آگئی تھی۔ اس ولادت باسعادت سے دفع ہوگیا۔ سرداران قریش کے بچوں کو اطراف مکہ کی عورتیں کسی انعام واجرت کی امید پر دودھ پلانے اپنے گھر لیجایا کرتی تھیں جب دودھ بڑھ جاتا تھا تو لے آتے اور حسب مقدور انعام پاتی تھیں۔ حضور اقدس کو حلیمہ سعدیہ نے لیا گویا دارین کی دولت وسعادت کو گود میں اٹھالیا اس کے گھر پر وہ وہ آثار فلاح وشروت ظاہر ہوئے جو اسکے خیال سے بھی باہر تھے۔ ابھی حضور اقدس کی عمر گرامی کے سات برس بھی پورے نہ ہونے پائے تھے کہ والدہ ماجدہ نے بھی دنیا سے کوچ کیا۔ گھر کی غریبی میں والدین کا اٹھ جانا یہ ایسی شکستگی تھی کہ جس پر بیکسی بھی زار زار روتی تھی۔ اب دنیا میں بجز عبدالمطلب کے اور کون اس یتیمی کا چارہ گر تھا۔ وہ بھی حضرت کو دیکھ کر اپنے ناسور دل کا درماں کیا کرتے تھے۔ جب سن شریف آٹھ برس کا ہوا تو عبدالمطلب بھی چل بسے۔ اور

toobaa-elibrary.blogspot.com

مرتے وقت اِس گنج گرانمایہ کو ابوطالب کے سپرد کر گئے جو عبداللہ کے عینی بھائی تھے ادھر تو حضور اقدس کی ذاتی خوبیاں اور ادھر یہ کہ اِن کے مرے بھائی کی نشانی ابوطالب کو جان سے زیادہ عزیز تھی +

قریش کہ تجارت پر بسر اوقات کیا کرتے تھے ابوطالب ایکبار جو مال و اسباب لیکر قافلہ قریش کے ساتھ شام کو چلے تو حضرت کو بھی ساتھ لیتے گئے اور حضرت کا سن شریف نو برس کا تھا۔ اطراف شام میں جب یہ قافلہ بمقام بصریٰ پہونچا تو ایک جگہ جسکے قریب بحیرا راہب کا صومعہ تھا قافلہ نے قیام کیا۔ راہب کے دلمیں تو اوس عظیم الشان ظاہر ہونے والے نبی کی تلاش کا داعیہ موجزن ہی تھا اور اسکو کسیوجہ سے معلوم ہو چکا تھا کہ یہ آفتاب فاران کی چوٹیوں پر طلوع کریگا وہ اِس تلاش میں قافلہ کو دیکھنے آیا حضور اقدس کو دیکھتے ہی فوراً پہچان لیا کہ یہی وہ ہیں۔ اِس لئے تمام قافلہ کی دعوت کی جب سب لوگ کھانے بیٹھے تو آنحضرت صلعم کو نہ پایا کیونکہ آپ اوسوقت اونٹوں کو پانی پلانے لے گئے تھے ششدر ہو کر پوچھا کہ سب موجود ہیں کوئی باقی تو نہیں رہا لوگوں نے کہا صرف ایک لڑکا موجود نہیں وہ بھی آجائیگا بحیرا نے کہا وہی تو اصلی مہمان ہے۔ آنحضرت تشریف لائے درختوں کے سایہ کی سب جگہ گہر گئی تھی سایہ دار کوئی جگہ باقی نہ تھی آپ دھوپ ہی میں بیٹھ گئے۔ مگر سایہ ہی درخت نے بھی اپنے سایہ کا رخ پھیر دیا اور آپ پر سایہ کر دیا۔ بحیرا اور حاضرین حیرت میں رہ گئے یہ کوئی اول بات نہ تھی اسسے پہلے قریش مکہ اور بہت اِس سے بڑھ کر معجزات (دریا صات) دیکھ چکے تھے۔ بحیرا نے ابوطالب کو مخفی طور سے کہا کہ خبردار اس لڑکے کو شام میں نہ لیجانا یہ وہی نبی ہے جسکی خبر اہل کتاب میں مشہور ہے یہود سے اندیشہ ہے کہ وہ پہچان کر قصد ہلاکت نہ کریں۔ اسلئے ابوطالب نے بعض آدمیوں کے ساتھ آنحضرت کو مکہ میں واپس بھیجدیا +

toobaa-elibrary.blogspot.com

جب سن شریف قریب پچیس ۲۵ کے پہونچا۔ ایکبار خود سفر تجارت کا قصد کیا خدیجہ جو قریش میں ایک شریف اور پاک باز اور مالدار بیوہ تھیں تجارت کے لئے اپنا مال دیدیا کرتی تھیں۔ آنحضرت کو بھی اسی پاکباز حمدل نے کچھ سرمایہ دیا اور ایک غلام بھی ہمراہ کر دیا۔ آپ شام تک نہ پہونچے اس کے اطراف ہی میں بیچ کھوچ کر بڑے نفع کے ساتھ واپس چلے آئے۔ خدیجہ کا راس المال اور نفع نہایت دیانت سے دیدیا۔ خدیجہ کو آپ کا حسن معاملہ بہت پسند آیا اور پہلے سے بھی اوصاف جمیلہ کا مکہ میں چرچا تھا جسلئے اہل مکہ نے آپ کو امین کا لقب دیا تھا ادھر خدیجہ کے غلام نے وہ عجائب قدرت جو سفر میں دیکھے تھے بیان کئے اور اتفاقاً خود خدیجہ نے بھی اپنے بالاخانہ سے جبکہ آپ واپس آرہے تھے آپ پر ابر کو سایہ کئے ہوئے دیکھا جو آپ کی سواری کے ساتھ ساتھ چلتا تھا۔ ان خوبیوں نے ادھر شرافت نسب نے خدیجہ کو آپ کے ساتھ شادی کرنے کی رغبت دلائی۔ طرفین سے باقاعدہ پیغام وسلام ہو کر نکاح کی ٹھہری۔ ابوطالب نے مجمع اعیان قریش میں ایک خطبہ کے بعد جسمیں آنحضرت کے مناقب اور سچے اوصاف مذکور تھے نکاح قائم کیا +

یہ وہ اول شادی ہے جسمیں حضور اقدس کی عمر قریب ۲۵ سال کے اور خدیجہ بنت خویلد کی عمر قریب ۴۰ سال کی تھی۔ ان محترم بیوی سے چار صاحبزادے قاسمؓ۔ (جس سے آپ کی کنیت ابوالقاسم ہوئی) عبداللہؓ۔ طیبؓ۔ طاہرؓ متولد ہوئے۔ بعض مورخین کہتے ہیں کہ دو صاحبزادے پیدا ہوئے۔ قاسم۔ اور عبداللہ۔ طیب۔ طاہر عبداللہ ہی کے القاب ہیں۔ مگر یہ سب صغیر سنی میں راہی خلد بریں ہوئے۔ اور چار صاحبزادیاں بھی پیدا ہوئیں۔ رقیہ۔ زینب۔ ام کلثوم۔ سب میں چھوٹی حضرت سیدہ فاطمہ زہرہؓ ان چاروں میں سے صرف حضرت فاطمہ کی نسل باقی ہے۔ اور خدا نے اس میں بڑی برکت عطا فرمائی ہے۔ انکی شادی مدینہ میں آکر حضرت علی مرتضےٰ سے ہوئی تھی

toobaa-elibrary.blogspot.com

حضرت امام حسن۔ امام حسین انہیں کے فرزند ارجمند ہیں +

نبی ماں کے پیٹ ہی میں نبی ہوتا ہے۔ النبی نبی ولو کان فی بطن امہ گو آپ پر کوئی شریعت جدید اور احکام نازل نہ ہوئے تھے مگر اصول حسنات و امور تقرب۔ و توحید و عبادت و مکارم اخلاق و عفت و عصمت کے قدرتی لباس سے مزین تھے بچپن ہی میں آپ کے معارف جلیلہ و مکارم اخلاق اس درجہ پر تھے جو بڑے بڑے کملا ء کو بہت سی ریاضات کے بعد بھی نصیب نہیں ہوتے۔ یہ لوگ دنیا کے مکاتیب میں تعلیم نہیں پاتے یہ تو خدا ہی کے مدرسہ سے پاس پاکر آیا کرتے ہیں۔ جملہ علوم و معارف جو کتابوں میں جمع کئے جاتے اور مدارس و مکاتیب میں پڑھائے جاتے ہیں وہ سب انہیں کے اُن چشموں کا پانی ہوتا ہے جو قدرت نے ان کے سینوں میں موجزن کر رکھا تھا +

آپ خدا کی عبادت اور اس کے مراقبہ میں شب و روز مشغول رہتے تھے ملت ابراہیمیہ کے احکام آپ کے سامنے تھے جنہیں افراط و تفریط کا گرد و غبار لوگوں نے چڑھا رکھا تھا۔ جب خلوت کیطرف رغبت ہوئی تو جبل حراء کے ایک غار میں رہنے لگے۔ کئی کئی دن کا کھانا پانی خدیجہ وہیں آپکو پہونچا دیا کرتی تھیں۔ اب ملکیت ترقی کرتے کرتے اس درجہ تک پہونچی کہ احجار و اشجار کا کلام بھی سننے لگے۔ اور عالم غیر محسوس کے مخلوق کو عیاناً دیکھنے لگے۔ عمر شریف چالیس برس کو پہونچی تھی کہ ایک روز اسی غار حرا میں جبرئیل امین آپ کو دکھائی دیئے اور آداب وضو و غسل تعلیم فرمائے اور مالم یعلم تک سورۂ اقرا نازل ہوئی اور کچھ وقفہ کے بعد لگے تار قرآن نازل ہونا شروع ہوگیا +

جب تک بت پرستی کی مذمت نہ بیان کی تھی تمام قریش آپ پر فدا تھے جب ان سے بت پرستی اور ان کے رسوم قبیحہ کی برائی بیان کرنی شروع کی اور توحید خالص و صفات باری کا بیان شروع ہوا تو دشمن ہوگئے۔ لڑکوں میں سب سے اول حضرت علی ابن طالب

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور جوانوں میں ابوبکر صدیق اور عورتوں میں خدیجہ ایمان لائیں اور رفتہ رفتہ ایمانداروں کی ایک نئی اور پرجوش برادری قائم ہونی شروع ہوگئی قریش کو اور یہی ناگوار معلوم ہوا اور اب زبانی گالی گلوچ سے گزر کر دست درازی بھی شروع کردی مگر حضرت کے پر اثر بیان اور قرآنی کشش کو ان کی یہ زیادتی کچھ بھی روک نہ سکی بلکہ دن بدن اس دریا میں تموج بڑھتا گیا۔ مجامع میں کہیں عود بدولت اور کبھی ابوبکر قرآن پڑھ رہے ہیں لوگ کھڑے سن رہے ہیں ایک تو قرآن کی وہ شیریں عبارت اوسپر دل کو ہلا دینے والے وہ روحانی مضامین تیروں کیطرح دل میں گھستے ہیں۔ کسیکے آنکھوں سے آنسو رواں ہیں۔ کوئی ہائے ہائے کر رہا ہے کوئی ششدر کھڑا ہے کوئی اپنی جہالت پر اڑا ہے الغرض مکہ میں ایک تلاطم پیدا ہوگیا آج فلاں گھر میں سے بیوی ایمان لے آئی میاں اوسکو مار دھاڑ کر رہا ہے۔ کل کوئی میاں ایمان لے آیا بیوی لڑ رہی ہے۔ اس سے اور بھی اعیان قریش کو جوش پیدا ہوگیا۔ پھر تو ہر قسم کے ظلم وستم کا دروازہ کھولدیا۔ کسیکو دھوپ میں لٹا کر کوڑے مار رہے ہیں۔ کسیکو مارتے مارتے زخمی اور لہولہان کردیا ہے کسیکو زنجیروں میں جکڑ کر گھر میں مقید کر رکھا ہے۔ آنحضرت اور آپ کے جانباز یاروں کو بھی ہر طرح کی ایذائیں پہونچائی جاتی ہیں۔ آخر سب نے اتفاق کرکے دار الندوہ میں ایک کاغذ لکھا اور بنی ہاشم اور ابی طالب کو بھی اس جرم میں کہ وہ مظلوم پیغمبر کا ساتھ کیوں دیتے ہیں برادری سے خارج کردیا اور آنحضرت کا بھی گھر سے باہر نکلنا بند کردیا۔ ایسی حالت میں ایمانداروں نے اجازت چاہی کہ مکہ چھوڑ کر کہیں چلے جائیں چنانچہ بارہ مرد اور چار عورتیں جنمیں حضرت عثمان بن عفان اور ان کی بیوی رقیہ حضرت کی صاحبزادی بھی تھیں مکہ چھوڑ کر حبش میں شاہ نجاشی کے پاس چلے گئے۔ یہ پہلی ہجرت ہے انکو وہاں یہ خبر پہونچی کہ سب قریش ایمان لے آئے اسلئے وہ مکہ میں واپس آگئے یہاں قریش نے ان کو خوب مارا پیٹا۔ اس کے بعد اڑتیس مرد اور اٹھارہ عورتیں جنمیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

حضرت کے چچازاد بھائی جعفر بن ابی طالب بھی تھے۔ حبشہ چلے گئے یہ دوسری ہجرت تھی۔ نجاشی کی حکومت میں انکو امن ملا ؛

قریش کو یہ سخت ناگوار معلوم ہوا اسلئے چند ایلچی نجاشی کے پاس بھیجے جن میں عمرو بن عاص اور عبداللہ بن زبیر مخزومی بھی تھے۔ انہوں نے آکر کہا کہ یہ جماعت بے دین ہوگئی ہے۔ ہمارے معبودوں کو برا بھلا کہتی ہے حضرت عیسیٰ اور مریم کو بھی گالیاں دیا کرتی ہے۔ نجاشی نے مسلمانوں کو طلب کیا اور جعفر کو مخاطب کر کے جواب مانگا۔ جعفر نے سب ماجرا سنا دیا نجاشی نے کہا اچھا اوس کتاب میں سے جو تمہارے پیغمبر پر نازل ہو رہی ہے کچھ مجھے بھی سناؤ جعفر نے قرآن کی آیات پڑھنی شروع کیں ادھر نجاشی اور اس کے اعیان دولت کے دلمیں اثر ہوا انکھوں سے آنسو رواں تھے۔ قرآن اور حضرت کے ثنا خواں تھے آخر ایمان لے آئے۔ مسلمانوں کی نہایت عزت کی اور ان کے لئے اسباب آسایش بہم پہونچانے کا حکم دیا اور قریش کے ایلچیوں کو بڑی ذلت کے ساتھ نکلوا دیا۔ اس سے اور بھی قریش کا غیض و غضب جوش میں آیا۔ اور محاصرہ بہت سخت کر دیا۔ اور تین برس تک یہ محاصرہ رہا نبوت کے نویں سال یہ محاصرہ دور ہوا۔ اسی عرصہ میں حضرت عمر اور حضرت کے چچا حمزہ بھی ایمان لے آئے۔ اس سے اس جماعت کی قوت و شوکت بڑھ گئی۔ کیونکہ یہ کلہ بکلہ جواب دینے کو بھی تیار ہو جاتے تھے ؛

نبوت کے دسویں سال ابی طالب کا ستاسی برس کی عمر میں انتقال ہوگیا ان کے لحاظ سے مسلمانوں کو بہت کچھ امن تھا۔ اس لئے قریش کی یورش پھر شروع ہوگئی یہ غم تو تھا ہی اس کے چند مہینوں بعد حضرت خدیجہ ام المومنین کا بھی چونسٹھ برس کی عمر میں انتقال ہوگیا۔ اس سے اور بھی ملال ہوا۔ اس لئے اس سال کا نام عام الحزن ہے انہیں دنوں میں آپ زید بن حارثہ کو ساتھ لیکر طائف کیطرف بقصد تلقین و ہدایت

toobaa-elibrary.blogspot.com

تشریف لے گئے۔ وہاں کے سنگدلوں نے بہت برا برتاؤ اپنے عزیز مہمان کے ساتھ کیا واپسی میں ایک شخص جسکا نام عداس اور مذہب عیسائی رکھتا تھا آپ سے اصول ایمان دریافت کرکے ایمان لایا۔ اگر چلکر جبکہ آپ صبح کی نماز بمقام نخلہ پڑھ رہے تھے مقام نصیبین کے چند جن جو آسمانی خبروں کے بند ہونیکا راز دریافت کرنے کو نکلے تھے قرآن سنکر ایمان لائے اور نیز وہ راز بھی کھل گیا کہ اس وحی کے سبب یہ رخنہ بند کئے گئے ہیں وہاں سے جاکر انہوں نے اپنی قوم کو مطلع کیا اور اپنا ایمان لانا ظاہر کردیا۔ وہاں سے آکر آپ معظم بن عدی کے گھر پر رفیق اعلیٰ سے جا ملے۔ مگر اسلام کا جوش اور مخالفوں کی زیادتی روز افزوں تھی۔ صحابہ کا وہ راتوں قرآن پڑھنا نمازوں میں اپنے خدا کے حضور میں گریہ وزاری کرنا دنیا کی تکلیف اور اسکی راحت کو بے ثبات جاننا خدا کی رضامندی حاصل کرنے میں مصروف رہنا ایک ایسا نشہ تھا کہ جسکو زمانہ کی کوئی بھی شی نہ اوتار سکتی تھی حضرت کے معتقدوں میں ایک تازہ زندگی کی روح پھونک گئی تھی جو جملہ مصائب دنیا کی برداشت کرنیکا باعث تھی اور وہ تمام ملکات فاضلہ انسانیہ کا سرچشمہ ہوگئی تھی۔ اس مستی وسرور کے آگے ان کو کوئی مصیبت مصیبت معلوم نہ ہوتی تھی +

نبوت کے بارھویں سال آپ کو معراج ہوئی۔ جسم پر روحانیت غالب آکر جسم بھی روح کیطرح لطیف ہوگیا۔ اور طرفۃ العین میں بیت المقدس تک پہونچتے ہوئے آسمانوں پر تشریف لے گئے اسرار ملکوت آنکھوں سے دیکھے۔ حضرات انبیاء سے ملے خدا سے شرف ہمکلامی حاصل ہوا۔ عالم ملکوت کے ہزاروں اسرار سے واقف ہوئے اب یہ زمانہ آگیا ہے کہ آنحضرت صلعم لوگوں کے مجامع میں بھی قرآن سنانے تشریف لیجاتے ہیں حجاج کے قوافل سے بھی ملکر انکو دین حق کی ترغیب دیتے ہیں ادھر قریش بھی رستہ پر آدمی بٹھا دیتے تھے وہ لوگوں کو حضرت سے بدظن کرتے

toobaa-elibrary.blogspot.com

کوئی دقیقہ اٹھا نہیں رکھتے تھے اتفاقاً مدینہ کا قافلہ بھی آیا ہوا تھا۔ آنحضرت کو انہیں سے چھ آدمی ملے اور ایمان لائے اور مدینہ جاکر انہوں نے لوگوں کو اسلام کی رغبت دلائی اور آنحضرت صلعم کے اوصاف بیان کئے بہت لوگ اسلام لائے اور ہر گھر میں آپ کا چرچا ہوگیا۔ سال آئندہ چھ اور شخص آئے اور سب نے پہاڑ کی ایک گھاٹی میں آپ سے بیعت کی اس لئے ان کو اصحاب العقبہ کہتے ہیں ان کو حضرت نے اپنی طرف سے نقیب بناکر مدینہ میں بھیجا تو مدینہ میں اس سرے سے اس سرے تک اسلام کی روشنی چمک اوٹھی۔ اور اہل مدینہ کو آنحضرت اور اس مقدس گروہ سے ایک دلی محبت اور برادرانہ جوش پیدا ہوگیا۔ ان لوگوں نے ایک مسجد بھی بنائی جسکو **مسجد نبی زُریق** کہتے ہیں وہاں اہل مدینہ جمع ہوتے اور قرآن سنتے تھے۔ اگلے سال بہت سے لوگ اور چند عورتیں بھی زیارت کے لئے آئے۔ اور سب نے بیعت کی ✤

خدا کی مدد غیبی کو دیکھئے کہ ایمانداروں کے لئے ایک مستحکم دار الامن پیدا کر دیا۔

اب یکے بعد دیگرے ایماندار مدینہ میں جانے لگے جو جاتا تھا اسکو وہ سر پر بٹھاتے اور سینہ سے لگاتے تھے سب سے پہلے مدینہ **مُصعب بن عمیر** تشریف لے گئے۔ بعض کہتے ابوسلمہ بن عبدالاسد مخزومی تھے۔ قریش مکہ کو یہ اور بھی شاق گزرا اور سب نے بالاتفاق مشورہ کر لیا کہ جو کچھ ہو رات کو گھر میں کود کر پیغمبر کو قتل کر ڈالو تاکہ یہ سلسلہ ہی منقطع ہو جائے مگر قیامت تک قائم رہنے والے سلسلہ کو کون منقطع کر سکتا تھا؟۔

اس عرصہ میں جیسا کہ لوگوں کو عموماً ہجرت کرنے کی اجازت دیدی گئی تھی خود حضرت سرور کائنات علیہ السلام نے بھی ہجرت کا ارادہ کر لیا تھا۔ آپ کے جاں نثار خادم ابوبکر صدیق بھی شریک سفر ہونے پر تیار ہوگئے۔ خدا نے اوس رات سے

toobaa-elibrary.blogspot.com

کہ جس میں کفار قریش شبخون مارنے کا قصد رکھتے تھے آپکو مطلع فرمادیا۔ آپ شبانشب مع ابوبکر صدیق نکل کھڑے ہوئے۔ ابوبکر کا غلام عامر بن فہیرہ بھی خدمت میں ساتھ تھا۔ عبداللہ بن اُریقط کو اسلئے ساتھ لیا کہ وہ مدینہ کا سیدھا رستہ بتائے۔ مناسب سمجھا گیا کہ راہ راست مدینہ کے رستہ پر نہ جانا چاہیئے کیونکہ کفار تعاقب کریں گے اس لئے مکہ سے نکلکر جبل ثور کے ایک غار میں جا ٹھہرے۔ کفار جو گھر میں داخل ہوئے تو بجائے آپکے آپکے بستر پر حضرت علی کو سوتے پایا آپکے در پے ہوئے آثار و علامات سے غار ثور تک پہونچے وہاں جاکر کیا دیکھتے ہیں کہ غار کے مونہہ پر مکڑی نے جالا پور رکھا ہے اور کبوتری نے انڈے دے رکھے ہیں اوپر سے نیچے نگاہ ڈالتے تھے آنحضرت اور ابوبکر انکو دیکھتے تھے اور ابوبکر دلمیں ہراس کرتے تھے حضرت فرماتے تھے لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا کہ کچھ خوف نکرو اللہ ہمارے ساتھ ہے کفار واپس پھر گئے۔ پھر موقع پر غار سے باہر نکلے اور مدینہ کیطرف چلے۔ پیچھے سے کیا دیکھتے ہیں کہ ایک شخص جسکا نام سراقہ تھا تعاقب میں گھوڑا دوڑائے ہوئے چلا آرہا ہے آپنے دیکھتے ہی زمین کیطرف اشارہ کیا تو گھوڑا شکم تک زمین میں دھس گیا سراقہ نے پکارکر امان مانگی اور عرض کیا کہ مجھے نجات دیجئے میں عہد کرتا ہوں کہ قریش کو خبر نہ دونگا آپنے دوسرا اشارہ کیا تو گھوڑا اوپر نکل آیا سراقہ ایمان لایا اور واپس چلا گیا اور قریش جو پیچھے آرہے تھے ان سے کہا میں دور تک دیکھ آیا اور لوگوں سے بھی پوچھا (محمد صلعم) اس رستہ سے نہیں گئے ہیں سب واپس پھر گئے۔ رستہ میں جب دوپہر اور پیاس کی شدت ہوئی تو آپ ایک عورت کے پاس پہونچے جس کی جھونپڑی کے پاس ایک بکری کی پٹھہ نبدھی ہوئی تھی ابتک نہ گابھن ہوئی تھی نہ بیاہی تھی۔ ابوبکر نے اوس سے دودھ طلب کیا عورت نے کہا یہ بکری قابل دودھ کے نہیں ہے اور کوئی بکری موجود نہیں ابوبکر سے آپنے فرمایا کہ بسم اللہ کہہ کر اسکا دودھ دوہو

toobaa-elibrary.blogspot.com

ابوبکر نے دودہ دوہا۔ ایک پیالہ میں لیکر چیا گل سے اوسمیں سرد پانی ملایا حضرت نے اور ابوبکر نے اور ان کے ہمراہیوں نے شکم سیر ہوکر پیا اور پھر بھی بچ رہا جس میں سے اوس عورت نے بھی شکم سیر ہوکر پیا۔ الغرض منزل بمنزل آپ مدینہ منورہ کیطرف چلے۔ مدینہ میں تشریف آوری کی خبر پہونچ چکی تھی۔ بہت سے مرد وزن ہر روز انتظار میں پہاڑوں کے ٹیلوں پر چڑھکر دیکھا کرتے تھے۔ آخر ایک روز یہ مراد برآئی دور سے کیا دیکھتے ہیں کہ ایک ناقہ پر دو سوار ہیں جو آگے بیٹھا ہوا ہے آفتاب کیطرح چمک رہا ہے اور ایک آدمی آگے چلا آرہا ہے اور ایک رکاب تھامے ہوئے دوڑا چلا آرہا ہے کسیںنے پکار کر کہا (لقد جاء محمد) کہ یہ حضور تشریف لارہے ہیں۔ پھر تو کیا تھا لوگ دوڑ پڑے ناقہ کے ارد گرد پروانہ کیطرح قربان ہورہے اور اشعار فخر وسرور پڑھ رہے تھے۔ انصار کا جانباز۔ باڈی گاڈ تلواریں میان میں لٹکائے کندھوں پہ کمان رکھے ہوئے کس جوش ومسرت سے ارد گرد اشعار پڑھتے اور نعرے بلند کرتے چلتے تھے۔ جن کے بعض اشعار کا یہ ترجمہ ہے ؎

وہ آئیں گھر میں ہمارے خدا کی قدرت ہے ٭ کبھی ہم اونکو کبھی اپنے گھر کو دیکھتے ہیں

امروز شاہ شاہاں مہماں شدہ است مارا ٭ بے برگ وبے نوائی سامان شدہ است مارا

کسیوجہ خاص سے سواری کا رخ قبا کیطرف پلٹا۔ یہ مدینہ سے تخمیناً شرق وجنوب کیطرف دو اڑھائی میل کے قریب ایک چھوٹی سی بستی ہے۔ آپ یہاں پچیس روز قیام پذیر رہے۔ اس عرصہ میں ایک مسجد کی بھی بنیاد ڈالی۔ مدینہ کے سردار ونکا تقاضا اور انکا وہ دلی جوش اور ولولہ کب وہاں رہنے دیتا تھا۔ آخر مدینہ کیطرف سواری چلی ہر ایک یہی چاہتا تھا کہ میرے گھر پر فروکش ہوں آپنے اسکا یوں فیصلہ کردیا تھا کہ جسجگہ ناقہ بیٹھ جائے گی وہیں ٹھہروں گا۔ جب ناقہ ابو ایوب انصاری کے گھر کے قریب پہونچی تو یہ دلمیں کہہ رہے تھے ؎ مجھ آج ترے ہم اثر کو دیکھتی ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

جذبۂ دل ناقہ آگے نہ جانے پائے جب بہت ہی قریب آپہونچی قریب تھا کہ ابوایوب غش کھاکر گر پڑیں کہ ہائے ہمائے سعادت پاس سے نکل گیا مگر سچا جذبہ کب جانے دیتا تھا ناقہ وہیں بیٹھ گئی۔ حضرت انہیں کے گھر میں فروکش ہوئے اللہ اللہ مدینہ کے مرد و زن بوڑھے اور بچہ کا ولولہ شوق ابوایوب کے گھر پر اوس جمال جہاں آرا سے مشرف ہونیوالوں کا وہ مجمع تھا کہ ہوا کو بھی مشکل سے گزر تھا۔ چند روز آپ وہاں مہمان رہے آخر سکونت کے لئے خام مکانات بنائے گئے اور مسجد نبوی کی بنیاد بھی قائم کی گئی۔

اتو مہاجرین یکے بعد دیگرے آنے شروع ہوگئے۔ اور حضرت کے عیال و اطفال بھی آئے۔ خدیجہ کے انتقال کے بعد آپنے ایک سن رسیدہ ایماندار بیوی سے نکاح کرلیا تھا کہ لڑکیوں کی کفالت اور ضروریات کا سرانجام دیں۔ اس بیوی کا نام سودہ ہے۔ مگر ہجرت سے چند ماہ پہلے عائشہ بنت ابی بکر صدیق سے بھی نکاح کرلیا تھا جو اسوقت صغیر السن تھیں۔ یہ سب لوگ آگئے۔ یہ واقعہ شریف آواری نبوت کے تیرہویں سال کا ہے اسوقت عمر شریف ترپن برس کی تھی عیسوی حساب سے جون کا مہینا ۶۲۲ عیسوی تھا۔

اہل اسلام کے سنین کی ابتدا اسی ہجرت کے پہلے سال سے ہے جسطرح وقتاً فوقتاً مکہ میں تیرہ برس تک قرآن الہام ہوتا رہا اور نازل شدہ کو آپ مرتب و محفوظ رکھتے رہے اسیطرح مدینہ میں دس برس تک نازل ہوتا رہا اور اس کہ میں جو کچھ نازل ہوا اسکو مکی۔ اور مدینہ میں جو نازل ہوا اسکو مدنی کہتے ہیں۔ مدینہ میں آکر سب سے پہلی برکت یہ ظاہر ہوئی کہ مدینہ کے دو قبیلوں بنی اوس و بنی خزرج میں باوجود ہم جدی ہونے کے کئی سو برس سے ایسا سخت تنازع چلا آرہا تھا کہ جسمیں بارہا سخت خونخوار لڑائیاں ہوئیں۔ طرفین سے بہت سے مارے گئے۔ اور مدینہ کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

اطراف میں جو یہود کے دو گروہ رہتے تھے ایک کا نام **بنی قریظہ** دوسرے کا **بنی نضیر** تھا انمیں سے ایک بنی اوس کا دوسرا بنی خزرج کا حلیف ہو رہا تھا۔ اور ہر گروہ اپنے حلیف کے ساتھ جنگ میں شریک ہوا کرتا تھا یہ تنازع رفع ہو گیا اور دونوں گروہ شیر و شکر ہو گئے۔ ان سب کا لقب اسلام میں انصار قرار پایا ان کی بزرگی اور شرف مسلمانوں میں مسلم ہے۔ حضرت کی تشریف آوری سے پہلے انصار نے اپنے میں سے ایک شخص **عبداللہ بن ابی بن سلول** کو سردار بنانا چاہا تھا قریب تھا کہ اسکے سر پر تاج سرداری رکھا جائے۔ مگر اب حضرت کی تشریف لانے کے بعد جسطرح آفتاب کے سامنے ذرہ کی کیا قدر رہتی ہے اسطرح اسکی بھی قدر نہ رہی۔ اسپر یہ بات شاق گزری اور تہامنہ کا طالب جاہ و نام کا بندہ اس لئے دل میں آنحضرت صلعم اور آنے والے لوگوں کا جن کا لقب مہاجرین ہے دشمن ہو گیا اور اسکی مذاق کو لوگ اس کے در پردہ ساتھ بھی ہو گئے۔ اس گروہ کا نام اسلام میں **منافق** ہے۔ یہ منافقین یہود کے ان ہمقماش قبیلوں سے بھی ساز و باز رکھتے تھے جنکے دلمیں حضرت کی عداوت کا شعلہ بھڑک اٹھتا تھا۔ منافق ظاہر میں تو قوم کے رعب و داب سے مسلمان تھے مگر در پردہ منکر اور سخت مخالف۔ یہ منافق اور وہ یہودی باہم ملکر راتدن تخریب اسلام کی تدابیر سوچا کرتے۔ اور عرب کے قبائل بالخصوص قریش مکہ کو بھڑکاتے رہتے تھے۔ ان سے خط و کتابت پیام و سلام بھی جاری تھا۔ اسلام کے مسائل پر نکتہ چینی آنحضرت پر بہتان لگانے مسلمانوں کے دل دکھانے انصار و مہاجرین میں بگاڑ کرا دینے میں کوئی دقیقہ اٹھا نہیں رکھتے تھے جسکا حسب موقعہ قرآن میں متعدد سورتوں میں ذکر ہے جیسا کہ ہجرت سے پیشتر قریش مکہ کے اقوال و افعال اسلام کے خلاف ہوتے اور بعد ہجرت کے بھی جو کچھ انہوں نے حرکات کئے ان کا بھی کہیں صراحتہً کہیں اشارتہً ذکر ہے۔ اس لئے مفسرین کو ان آیات کی تفسیر میں ان واقعات کا

toobaa-elibrary.blogspot.com

ذکر کرنا پڑتا ہے تاکہ مطالب واضح ہو جائیں مگر اسمیں بھی بے احتیاط مورخوں نے بہت کچھ رطب و یابس ملا دیا ہے +

مخالفین تو اس آسمانی چراغ کو بجھانا ہی چاہتے تھے مگر وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ○ خدا کو تو اوس روشنی کو دنیا میں پھیلانا ہی تھا گو کافروں کو برا معلوم ہوا کرے اسلئے اب مسلمان جان بازوں کی بھی ایک جماعت سرفروشی کے لئے موجود ہو گئی اور جہاد کی اجازت ہی نہیں ملی بلکہ حکم ہو گیا۔ ہجرت کے دوسرے سال رمضان کے مہینے میں آنحضرتؐ کو خبر ملی کہ قریش مکہ کا قافلہ جسکا سردار ابوسفیان ہے مال تجارت لئے ہوئے شام سے مکہ جا رہا ہے۔ آنحضرت اس روادی میں مسلمانوں کی ایک جماعت لیکر اس کے گرفتار کرنے کو نکلے۔ اس جماعت میں تھوڑے سے مہاجرین اور باقی انصار تھے مجموعی تعداد تین سو تیرہ کے قریب تھی اکثر بے سروسامان تھے ہتیار بھی سب کے پاس نہ تھے صرف ہمت و حمایت الٰہی کا حربہ سب کے پاس تھا۔ قافلہ خبر پاکر دوسرے رستہ سے نکل گیا۔ مگر قافلہ کی طلاع دینے پر مکہ کے قریش بڑے غیض غضب میں بھرے ہوئے بڑے ساز و سامان کے ساتھ مدافعت و مقابلہ کے لئے آئے۔ آنحضرت نے مقام بدر پر ڈیرا کیا قریش کا لشکر بھی مقابلہ میں آپڑا۔ لڑائی سے پہلے آنحضرت نے خبر کر دی تھی کہ کل فلاں جگہ فلاں سردار قریش کی لاش پڑی ہوگی۔ اور فلاں جگہ فلاں پڑا ہوگا۔ طرفین میں آپس کے قریبی رشتہ دار بھی تھے ادھر باپ تو ادھر بیٹا اسطرف ایک بھائی تو دوسری طرف دوسرا بھائی اور چچا ادھر تو بھتیجا ادھر تھا۔ جنگ شروع ہوئی۔ قریش کیطرف ابوجہل ان کا سردار اور حضرت کے چچا عباس اور خالد بن ولید وغیرہ مشہور جنگ آور تھے۔ آخر قریش کو سخت شکست ہوئی قریب ستر کے مارے گئے ابوجہل وغیرہ اعیان قریش کی وہیں لاشیں پڑی ملیں جہاں کا آپنے نشان دیا تھا اور قریب ستر کے قید کئے گئے جن میں عباس بھی تھے۔ باقی سراسیمہ ہو کر بھاگ گئے

toobaa-elibrary.blogspot.com

جنگ سے ذرا دیر پہلے قریش نے طعن کی راہ سے یہ بھی کہا تھا یہ مدینہ کے کاشتکار قریش کی تلواروں کی کیا تاب لاسکیں گے ابھی محمد کو ہمارے ہاتھوں میں گرفتار چھوڑ کر بھاگ جائیں گے اس کے جواب میں سعد سردار انصار نے جو للکار کر جواب دیا ہے وہ ان کی حمیت و ایمان اور پیغمبر علیہ السلام کے اثر کی دلیل ہے۔ سعد نے کہا کہ ہم بنی اسرائیل نہیں کہ اپنے پیغمبر سے یوں کہیں کہ جا تو اور تیرا خدا لڑے ہم تو یہیں بیٹھے ہوئے ہیں۔ اگر پیغمبر ہمکو سمندر میں گرجانے کا بھی حکم دیں تو اسیوقت تیار ہیں اور اب بنی قحطان کی آبدار تلواروں کا حال معلوم ہوئے جاتا ہے ؛

اس لڑائی میں آسمان سے فرشتوں کا مدد کے لئے آنا اور غیر محسوس اشخاص کے مارنے سے کفار کا مقتول ہو کر گرنا بھی لوگوں نے محسوس کیا تھا۔ اس کے بعد چھوٹے بڑے اور بھی معرکے ہوئے ہر جگہ اسلام غالب رہا۔ ایکبار قریش مکہ نے مدینہ پر چڑھائی کی اور **احد** پہاڑ کے قریب لڑائی ہوئی بعض ناتجربہ کار مسلمانوں کے سبب اس جنگ میں مسلمانوں کو سخت زخم پہونچا۔ حضرت کے چچا حمزہ بھی شہید ہوئے آخر جو مسلمان سنبھل کر لڑے تو جنگ کی صورت بدل گئی جس سے قریش کو واپس جانا پڑا۔ اس لڑائی سے کفار کو جرات ہوگئی تھی۔ اسلئے ہجرت کے پانچویں سال یہود کی تحریک پر ابوسفیان نہ صرف قریش مکہ بلکہ اکثر قبائل عرب کو جنکی تعداد پچیس ہزار کے قریب تھی مدینہ پر دفعۃً چڑھا لایا۔ اس لئے اس جنگ کو غزوہ **احزاب** کہتے ہیں۔ اور تحفظ کے لئے مدینہ کے گرد خندق بھی کھودی گئی تھی اس لئے اسیکو غزوہ **خندق** بھی کہا جاتا ہے۔ اس لشکر کے آنے سے مدینہ کے منافق جو جو دل کے بخار نکالتے اور اہل مدینہ کو ملامت کرکے نامرد بناتے تھے اکثر کیطرف سورہ احزاب میں اشارہ ہے۔ اس محاصرہ میں مسلمانوں پر فقر و فاقہ کی تکلیف تو بیحد گزری مگر مدینہ پر حملہ کرنے کی انکو جرات نہوئی۔ اسلئے دہشت میں آکر ہفتوں کے محاصرہ کے بعد سب بے نیل مرام بھاگ گئے اس جنگ

toobaa-elibrary.blogspot.com

یہود بنی قریظہ نے باوجود حلف و عہد کے اسلامیوں کے ساتھ بدسلوکی اور قلع قمع کرنے میں کوئی دقیقہ اوٹھا نہیں رکھا تھا۔ اس لئے اس جنگ کے بعد وہ بھی اپنے کیفر کردار کو پہونچائے گئے۔ اسلئے پہلے یہود بنی نضیر ایک نقض عہد کی سزا میں جلاوطن کردیئے گئے تھے ٭

اس کے بعد جبکہ عرب کے قبائل میں اسلام پھیل گیا تھا آنحضرت نے حج کا قصد کیا مگر قریش نے بمقام حدیبیہ مکہ میں جانے سے روکدیا۔ پیغمبر علیہ السلام نے ہر چند عذر کیا کہ میں لڑنے نہیں آیا ہوں نہ مکہ میں خونریزی کرنا پسند کرتا ہوں مجھے ارکان حج کی اجازت دو۔ مگر وہ نہ مانے آخر طرفین میں معاہدہ ہوا اور اسمیں یہ بھی شرط تھی کہ نہ تم ہمپر اور ہمارے حلیف قبائل پر چڑھائی کرو نہ ہم تمپر اور تمہارے حلیف قبائل پر چڑھائی کرینگے۔ مگر قریش نے ایک موقعہ پر اس عہد کو توڑ ڈالا۔ آنحضرت کے حلیف قبیلہ خزاعہ پر چڑھائی کی۔ خزاعہ آپکے داد خواہاں ہوئے۔ اس لیے ہجرت سے آٹھویں سال آنحضرت نے مکہ پر لشکر کشی کا حکمدیا اور بہت سے قبائل آپکے ساتھ شریک ہو گئے۔ آخر قریش مکہ کا سارا زور ٹوٹ گیا آپ مکہ میں داخل ہوئے اور امن عام دیا گیا۔ مکہ کو بتوں سے پاک وصاف کردیا اور اب تمام قریش اسلام لے آئے۔ اسکو فتح مکہ کہتے ہیں جسکی بشارت آپ کو قرآن میں دی گئی تھی۔ وہ پوری ہوئی۔ اس سے مراجعت کے وقت بنی المصطلق و اہل حنین وغیرہ قبائل سے معرکہ پیش آیا۔ ان قبائل کو انی بہادری پر بڑا گھمنڈ تھا اگرچہ ایک موقعہ پر ان نئے مسلمانوں کی بہتیرا ان کے تیروں کی تاب لاکر بھاگ اٹھے مگر آنحضرت اور انصار و مہاجرین کے استقلال سے فتح ہوئی۔ ان کے لوگ بہت سے گرفتار کرکے غلام بنائے گئے۔ مگر احسان کی عاجزی و فرماں پذیری سے آزاد کردیئے گئے۔ اب عرب میں عموماً اسلام پھیل گیا۔ مگر ہرکلیوس کے ماتحت بعض شاہان شام کی چڑھائی اور آمادگی کی خبر پاکر آنحضرت صلعم ایک بڑے لشکر کے ساتھ جسکی

toobaa-elibrary.blogspot.com

تعداد ساٹھ ستر ہزار کے قریب خیال کیجاتی ہے۔ حین گرمی میں جبکہ قحط تھا تبوک تک پہونچے۔ فریق مخالف کی ہمت ٹوٹ گئی ہدایا و تحائف دیکر جان بچانے کے سوا اور کوئی تدبیر نہ بن پڑی ۔

آنحضرت نے شاہ ایران۔ و شاہ روم و دیگر سلاطین کے نام نامے اور ایلچی روانہ کئے۔ کہ مذہب حق کو قبول کرو اسمیں تمہارے لئے دنیا و دین کی سلامتی ہے۔ اور خیبر جو مدینہ کے قریب یہود کا قلعہ تھا وہ بھی اور فدک وغیرہ اور مواضع میں بھی اسلام کے قبضہ میں آگئے ۔

اس اثنار میں بعض نفس پرستوں کو بھی نبوت کا داعیہ ہوا۔ چنانچہ یمامہ میں مسیلمہ کذاب اور یمن میں اسود عنسی وغیرہ نے نبوت کا دعوی کر دیا۔ لیکن جب تک اصلی جوہر نہوں بناوٹی طمع اور لاف زنی سے کیا کام چل سکتا ہے ہر چند عدہا جہاں انکے دام تزویر میں بھی آگئے اور ہر زمانہ میں خوش اعتقاد جہلا ایسے فریبیوں کے دام میں آجایا کرتے ہیں۔ ایسے جھوٹے نبیوں کی حضرت مسیح علیہ السلام نے بھی خبر دی تھی۔ آخر کار سب نیست و نابود ہو گئے اور نہایت رسوائی اور ذلت کے ساتھ اس جہان سے دفعہ ہوئے ۔

اب تو عرب میں خوب اسلام شائع ہوگیا، موجب بشارت اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَ الْفَتْحُ وَ رَاَیْتَ النَّاسَ یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا۔ آپنے اپنی آنکھوں سے دین الٰہی کا پر بہار باغ دیکھ لیا۔ آپ جبکہ اپنا کام پورا کر چکے تو حیات جاودانی و ملک باقی اور اپنے خدا کی بارگاہ قدس جانے کا آپ پر اشتیاق غالب آیا جسکا اشارہ اس جملہ میں ہے فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ۔ صاف صاف لفظوں میں الوداع اور رخصت و وصیت کرنے لگے۔ چنانچہ اس مراد سے ہجرت کے دسویں سال آپنے حج کا ارادہ کیا اور اعلان عام کر دیا اور لوگ بھی جان گئے کہ یہ آخری دیدار اور وس جمال جہاں آرا کا ہے۔ بیشمار مخلوق حج میں جمع ہوئی۔ اور آپنے خطبہ میں جملہ مقاصد کو واضح فرما دیا۔ اور رخصت ہوئے اور کہدیا کہ میں تمکو خدا کے سپرد

toobaa-elibrary.blogspot.com

کئے جاتا ہوں۔ لوگو پر اس جانکاہ فراق سے ایک عجیب حالت طاری تھی ہر طرف سے آہ و نالہ اور اشک باری تھی۔ حج سے فارغ ہوکر مدینہ میں تشریف لائے۔ صرف محرم کے ایک مہینے تک تندرست رہے۔ صفر میں اوس مرض کا جو ایک یہودیہ کے زہر کھلا دینے سے غلبہ کیا کرتا تھا آغاز ہوا۔ بخار لاحق ہوا۔ بچیں کچھ افاقہ بھی ہوگیا مگر آپ تو دار آخرت کا قصد فرما چکے تھے اسیطرف کی لو لگی ہوئی تھی آخر ربیع الاول میں پھر شدت ہوئی اور سن گیارہ ہجری میں پیر کے روز بارہویں تاریخ نہایت ہوش و حواس سے اپنے خدائے قدوس کو یاد کرتے ہوئے جاں بحق ہوئے انا للہ وانا الیہ راجعون۔

اس صدمہ جاں کاہ سے صحابہ انصار و مہاجرین پر جو جمال دیکھ کر جیتے تھے وہ حالت طاری ہوئی کہ جسکا بیان نہیں ہوسکتا۔ آنکھوں میں عالم تاریک ہوگیا۔

مگر صحابہ نے آپ کا جانشین ابوبکر کو قرار دیکر تجہیز و تکفین کی اور اس گنج گرانمایہ کو سپرد خاک کیا اور روح اقدس حظیرۃ القدس میں پہونچی۔

علیہ صلوٰۃ اللہ وسلامہ۔

حضرت کے اخلاق و شمائل

آپ سراسر اخلاق مجسم تھے۔ نرم دل رحیم و کریم۔ نہایت سخی بامروت بڑے بہادر و شجاع ایکبار انہیں دنوں میں جبکہ مدینہ مخالفوں کی چڑھائی کا آماجگاہ بنا ہوا تھا رات کو پہاڑوں کیطرف سے ایک ہیبتناک آواز آئی جس سے لوگوں کے دل دہل گئے۔ آپ گھوڑے پر سوار ہوکر بنفس نفیس سب سے پہلے موقع پر پہونچے وہاں کچھ بھی نہ پایا۔ واپس آرہے تھے کہ ان جاں نثاروں کو بھی معلوم ہوا کہ آپ سبقت کر گئے ہیں تو مہاجرین و انصار عرب کے شیر دل بھی مسلح ہوکر نکلے آپنے فرمایا کچھ بھی نہیں واپس چلے چلو۔ سب واپس چلے آئے۔ ہر معرکہ میں سب سے اول آپ ہوتے تھے۔ عرب کے بڑے شہسوار بہادر آپ کی شجاعت کو مانے ہوئے تھے۔ وعدہ کے بڑے سچے تھے جس سے جب کبھی وعدہ کرلیا پورا ہی کردیا۔ فتوحات کے بعد بھی اس سخاوت و دریا دلی کے سبب

لقد جاءکم رسول من انفسکم عزیز علیہ ما عنتم حریص علیکم بالمؤمنین رؤف رحیم۔ البتہ ہی لوگو تمہارے پاس تمہیں میں سے ایک رسول آئے جنہیں تمہاری تکلیف شاق گزرتی ہے تمہاری خیر خواہی کا انکو بہت ہی بڑا خیال رہتا ہے ۱۲ منہ

فبما رحمۃ من اللہ لنت لہم ولو کنت فظا غلیظ القلب لانفضوا من حولک۔ اللہ کے فضل سے آپ اسکے لئے نہایت نرم دل ہیں اگر سخت مزاج سخت دل ہوتے تو آپ کے پاس سے لوگ چلدیتے۔ آل عمران رکوع ۱۶۔ ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

گھر میں فاقہ پر فاقہ ہی رہتا تھا۔ دنوں چند کھجوروں اور پانی پر بسر اوقات فرماتے تھے کبھی رات کا ذخیرہ صبح کے لئے جمع کر کے نہیں رکھا جس سائل نے سوال کیا جو کچھ موجود ہوا دے دیا۔ آپ کا کرم بھی ضرب المثل تھا۔ نہیں کا کلمہ تو گویا آپ کے لئے متروک الاستعمال تھا +

نہایت درجہ کے حلیم و بردبار تھے اقتدار دنیاوی کے بعد بھی نااہل سخت سے سخت کلمات استعمال کرتے تو آپ جواب نہیں دیتے تھے اور دیتے تو نہایت نرم الفاظ میں کہ جس سے مخالف شرمندہ ہو جاتا تھا۔ کبھی اپنے معاملات میں کسی سے انتقام نہیں لیا نہ کسی پر کبھی خفا ہوئے نہ کسی کو مارا نہ کسی سے سخت کلامی کی۔ انس آپ کے خادم کہتے ہیں کہ میں دس برس تک خدمت میں رہا ہوں کبھی مجھے کسی مخالف کام پر یہ نہیں فرمایا کہ یہ کیوں کیا اور نہ کبھی غفلت و سستی پر یہ فرمایا کہ یہ کام کیوں نہ کیا۔ کبھی کسی سے کینہ نہ رکھا اور نہ اسکی وہاں گنجائش تھی۔ جب کسی سخت سے سخت ملزم نے معافی مانگی۔ فی الفور معاف فرما دیا۔ رقیق القلب بھی حد درجہ کے تھے دردوں کی بات پر اسیوقت آنکھوں میں آنسو بھر آتے تھے۔ نہایت شرم و حیا مزاج میں تھی کبھی کوئی ایسا کلمہ جو خلاف تہذیب ہو زبان سے فرمایا تو کجا سن بھی نہیں سکتے تھے لوگوں کے سامنے بدن کا کوئی حصہ کھولنا بھی گوارا نہ فرماتے تھے نیچی نگاہ زبان پر سکوت چہرہ پر آثار تفکر نمایاں رہتے تھے۔ بزرگوں کی توقیر چھوٹوں پر رحم و شفقت آپ کا شیوہ تھا۔ کبھی جانور کو بھی سواری وغیرہ میں اسکی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے تھے اپنے خادموں سے بھی معاشرت میں مساوات کا معاملہ برتتے تھے۔ نہایت درجہ کے متواضع و فروتن تھے۔ نہ صرف اپنے ہی عیال و اطفال کے ساتھ رحم و خوش خلقی سے پیش آتے تھے بلکہ ہر ایک سے یہی معاملہ تھا جس سے بات کرتے تھے نہایت خندہ پیشانی اور خوش خلقی سے کرتے تھے جس سے ہر ایک یہی سمجھتا تھا کہ مجھی سے زیادہ تر التفات ہے +

اجانب (اور) پر بڑے شفیق نہایت مہربان ہیں وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ سورۂ نون رکوع ۱

بیشک تم بڑے اعلیٰ درجہ کے اخلاق حمیدہ پر ہو ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

بازاروں میں جاکر اپنا سودا آپ اٹھا لاتے تھے اور جو کوئی لینا چاہتا تھا تو فرماتے کہ میں بھی اس کے اٹھانے سے عاجز نہیں ہوں۔ گھر میں خود جھاڑو دے لینا پھٹے کپڑے کو آپ پیوند لگا لینا کچھ بھی معیوب نہ سمجھتے تھے۔ تن پروری اور عمدہ کھانے پینے اسباب راحت و تجمل سے بالکل بے اعتنائی تھی۔ کبھی کسی ناپسند کھانے کی نسبت اظہار کراہت نہ کرتے تھے۔ لباس اور وضع میں بالکل سادگی تھی چمڑے کا تکیہ جس میں کھجور کے پتے بھرے ہوئے تھے زیر سر مبارک رہتا اور بوریئے پر استراحت فرماتے تھے اور جو کسینے اسکی بابت کچھ اظہار تاسف بھی کیا تو یہی فرماتے تھے کہ میں دنیا کی آسائش اور اس کے لذات کے لئے نہیں آیا ہوں۔ مسافر ہوں تھوڑی دیر کے لئے کسی سایہ دار درخت کے تلے آرام کر لینا بھی کافی ہے۔ اور یہ اکثر فرماتے تھے کہ دنیا اوسکا گھر ہے جسکا وہاں گھر نہیں اور اس سے وہی دل لگاتا ہے جو وہاں کی نعمتوں سے محروم ہے دنیا اور اس کے سب تجملات کی آپ کی چشم حق بیں میں کچھ بھی قدر نہ تھی۔ بیماروں کی ان کے گھر جاکر عیادت کرتے تھے جنازوں کے ساتھ جاتے تھے۔ مہمان نوازی تو آپ کا حصہ تھا۔ مدینہ میں جو مہمان آتا تھا وہ آپ ہی کا مہمان ہوتا تھا۔ جو مفلس مرجاتے تھے قرضہ اپنے ذمہ لے لیا کرتے تھے اور ان کے عیال و اطفال کی پرورش فرماتے تھے بیوؤں یتیموں مصیبت زدوں کے چارہ ساز تھے۔ آپ کی مجالس غیبت بدگوئی فحش تفاخر سے خالی تھیں نہ انمیں کذب ولغویات ہوتے تھے۔ بلکہ معارف و ذکر الٰہی سے مملو ہوتی تھیں۔ نماز پنجگانہ با جماعت کے سوا رات اور دن میں بہت سے نوافل ادا کرتے تھے۔ آدھی رات کے بعد ہمیشہ صبح تک نماز و ذکر و تلاوت قرآن میں مشغول رہتے تھے اور وہ گریہ وزاری و آہ و درد و مناجات میں ہوتا تھا۔ کہ دیکھنے والے کی بھی حالت پر تغیر ہو جاتا تھا۔ اور آپ کے سب یاروں کا قریب قریب یہی حال تھا۔ رمضان کے روزوں کے سوا اور بہت سے روزے رکھا کرتے تھے اور جو کبھی کوئی عمدہ کھانا یا

toobaa-elibrary.blogspot.com

سر و پانی یا کوئی کپڑا الجھا تا تھا تو اوسپر اپنے خالق و مالک کا بہت کچھ تفکر یہ کرتے اور اس ارتباط الٰہی سے بہت ہی حظ اوٹھاتے تھے۔ جو کوئی آپ کو دیکھتا تھا تو اوسپر ہیبت و رعب طاری ہو جاتا تھا۔ اگر جب وہ ملکر باتیں کرتا تھا تو آپ کے اخلاق و محبت کا گرویدہ ہو جاتا تھا +

ہر شان اور ہر ایک حادثہ میں آپ کو خدا ہی کا ید قدرت دکھائی دیتا تھا وہ اپنی ہر کامیابی اور ناکامی ریخ و راحت کو اسکی تقدیر ازلی کا نتیجہ سمجھتے تھے۔ جملہ مخلوق آپ کے لئے ایسے دیدار اور جلوہ کا آئینہ مصفا تھی۔ کوئی لحہ اور کوئی آن ذات حق کے مراقبہ سے خالی نہ تھی زبان سے بھی اوقات مختلفہ میں سونے جاگنے چلنے پھرنے اوٹھنے بیٹھنے میں بہت کچھ خدا کی تسبیح و تقدیس کیا کرتے تھے اِن سب خوبیوں پر بھی اپنے آپ کو خدا کے حضور میں ایک گناہ گار بندہ سے زیادہ نہ سمجھتے تھے اِس لیے بہت کچھ عاجزی اور استغفار کیا کرتے تھے۔ ہر معاملہ میں اپنے خدا ہی سے دعا مانگتے اور اِسی کی مدد کا بھروسہ رکھتے تھے اور اسکی بے نیازی اور جلال سے بھی بہت ڈرتے رہتے تھے +

آپ کا معمولی کلام بھی مختصر اور صاف الفاظ میں بغیر ایچ پیچ کے ہوتا تھا۔ آپ مساجد اور دیگر مواقع پر وعظ و پند بھی فرماتے تھے۔ ہر ایک قریب و بعید عالم و جاہل مستفید ہوتا تھا اور بہت صاف الفاظ میں نہایت متانت سے ارشاد فرماتے تھے اگر کوئی آپ کے الفاظ کو گننا چاہے تو گن بھی سکتا تھا۔ تھوڑے لفظوں میں بہت سے معنی ہوتے تھے۔ خدا کے آثار جبروت بیان کرنے میں آپ کی آواز بلند ہو جاتی تھی اور چہرہ مبارک پر آثار ہیبت و جلال بھی نمودار ہو جاتے تھے۔ جس سے سامعین لرز جاتے اور ان کے دلوں پر بڑا اثر پیدا ہوتا تھا۔ لفظوں کے ساتھ ساتھ روحانی اثر بھی دوڑتا ہوا مخاطبین کے دلوں میں جاگزیں ہوتا تھا۔ اِس لئے جو نقش آپ بٹھایا وہ ایسا دیرپا ہو گیا کہ پھر اسکو کوئی شیطانی و نفسانی تغیر نہ مٹا سکا۔ عرب کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

سنگ خارا پر جو کچھ آپنے گلکاری کی اور وہ ایسی مستحکم ہو گئی کہ جسکا نظیر نہیں آپ کا ایک ایسا اعجاز ہے جسکا نہ فلسفہ قدیم انکار کر سکتا ہے نہ فلسفۂ جدید۔ اکثر مواقع پر آپ سے معجزات بھی صادر ہوتے تھے۔ یہ اون خوبیوں کا شمہ ہے جو خدا نے حضرت میں ودیعت رکھی تھیں جن کی تفصیل کتب حدیث میں ہے۔ قرآن میں اکثر ان واقعات کی طرف اشارہ ہے +

حلیہ آنحضرت

آپ کا حلیۂ مبارک صد ہزار ال قالب اندر صورتِ حسن و جمال + ریختند اما ز تو مطبوع تر کم ریختند + رنگت سرخ و سفید قدمیانہ سے کسیقدر اونچا لیکن مجمع میں سب سے بلند و بالا معلوم ہوتا تھا۔ چہرۂ مبارک نہایت خوبصورت مدور مگر قدرے کتابی تھا۔ آنکھیں نرگسین۔ ابرو باریک و خمدار دونوں میں نورانی فاصلہ ناک باریک و بلند حسن کے قالب میں ڈھلی ہوئی۔ ہونٹ باریک و سرخ۔ کشادہ پیشانی دُرِ دندان کی لڑیاں دُرِ عدن کو شرماتی تھیں گردن بلند و سطبر۔ پیچھے سے ایسی دکھلائی دیتی تھی کہ جیسے صاف چمکتی ہوئی چاندی۔ سر پر گھنگرو والے بال جو کنگھی کرنے کے بعد بل کھا کر بہت ہی بھلے معلوم ہوتے تھے۔ ڈاڑھی بھری ہوئی چوگرد نہایت خوبصورت رنگت کی چمک اور سفیدی بالوں کی تیز سیاہی عجب دلکش تھی۔ بازو اور رانیں بھری ہوئیں۔ دست و ساز ہاتھوں کی ہتیلیاں پر گوشت اور ریشم سے زیادہ نرم۔ سینہ سے ناف تک نہایت باریک بالوں کی سیلی اوس گورے بدن پر کیا ہی حسن افزا تھی۔ نہ آپ موٹے تھے نہ پتلے دبلے خشک تھے۔ بلکہ متوسط۔ چلنے میں قدم زمین پر اس تیزی اور زور سے پڑتا تھا کہ جیسا اوپر سے نیچے اترنے میں پڑتا ہے۔ پاؤں نور کے سانچے میں ڈھلے ہوئے چکنے اور سرخ و سفید تلوے گلاب کیطرح بہار افزا تھے۔ آپ نہایت طاقت ور۔ شہسوار باہیبت و وقار تھے چہرے پر شاہنشاہی اور اقبال کا نور چمکتا دکھائی دیتا تھا۔ آپ کو سیکڑوں ہزاروں بیٹھے ہوئے اجنبی شخص بھی پہچان لیتا تھا کہ آپ ہی سید المرسلین ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

پسینہ سے نہایت عمدہ خوشبو آتی تھی۔ ایک صحابی کہتے ہیں کہ چودھویں رات کا چاند بھی جلوہ گر تھا اور حضرت بھی ایک حلقۂ اصحاب میں بیٹھے ہوئے تھے میں کبھی چاند اور کبھی چہرہ منور کو دیکھتا تھا چاند سے بدر جہا بڑھکر چہرہ میں چمک اور خوبصورتی نمایاں تھی۔ کلام نہایت فصیح اور مختصر اور پست آواز سے ہوتا تھا چیخ کر بولنے سے نفرت تھی آپ کی مجلس میں لوگ ایک دوسرے سے بات بھی کرتے تھے تو پاس والے کو سنائی نہ دیتی تھی۔ آنکھوں میں قدرتی سرمہ لگا ہوا تھا۔ الغرض محبوبیت آپ پر سے نثار اور حسن صدقے ہوتا تھا۔ کیسکو ایکبار دیکھنے کے بعد قرار نہ آتا تھا۔ جب تک کہ بار بار نہ دیکھے اور جسقدر دیر تک دیکھتے جائے دل ہی نہ بھرتا تھا۔ چلنے بیٹھنے۔ لیٹنے۔ کھانے۔ پینے کلام سکوت میں نیچی نگاہ کرنے میں گوشہ چشم سے دیکھنے میں ایک عجب قدرتی دلربائی تھی +

سفید لباس زیادہ پسند فرماتے تھے نیچے ازار۔ اوپر عربی کرتا۔ سر پر عمامہ پاؤں میں چپل۔ (ایک قسم کی جوتی) ہاتھ میں عصے۔ اوپر ایک چادر لاکھہ لاکھہ خوبصورتی نمایاں کرتی تھی۔ آپنے پاجامہ بھی پہنا ہے قبا بھی زیب تن فرمائی ہے جبہ بھی پہنا ہے۔ یمن کی مخطط لونگیوں کو بھی پسند فرماتے تھے۔ ہر وقت بہت پاک وصاف رہتے تھے۔ سر اور ڈاڑھی میں کنگھی بھی کرتے اور تیل بھی ڈالتے تھے +

احکام الٰہی کی سرتابی پر جو آپ کو غصہ آتا تھا تو دونوں ابروؤں میں ایک رگ تھی وہ نمودار ہونے لگتی تھی۔ مگر غصہ میں اور کوئی حرکت جیسا کہ عوام سے سرزد ہوتی ہیں ہرگز نہ ہوتی تھی۔ صرف چہرہ مبارک سے آثار غضب نمودار ہوتے تھے۔ اسیطرح ہنسنے میں بھی صرف تبسم فرماتے تھے آواز سے کبھی قہقہہ نہ لگاتے تھے۔ اور خوشی و رنج کے آثار بھی چہرہ سے نمایاں ہو جاتے تھے۔ کوئی کیسا ہی بلیغ و فصیح کیوں نہ ہو آپ کی تصویر اپنے بیان میں کھینچ نہیں سکتا۔ ستر ۶۳ برس کی عمر میں دنیا کو چھوڑا

toobaa-elibrary.blogspot.com

اسوقت تک چہرہ کی تازگی بدن کی قوت میں کچھ بھی فرق نہیں آیا۔ تھا۔ صرف چند بال سفید ہو گئے تھے ٭

مسئلہ جہاد

جہاد کا مسئلہ آپ کی ذات پاک پر جو کچھ مخالفوں نے تعصب و عناد سے حملے کئے ہیں اُنکی بنیاد یا ان معاملات پر ہے کہ جو بمصلحت ملت و ملک آپ سے وقوع میں آئے ہیں یا ان روایات ضعیفہ پر جنکے راوی ابتداءً یا تو وہی مدینہ کے منافق ہیں یا وہ حریف بنی نضیر وغیرہ کے یہود ہیں۔ بعد میں بعض سیدھے سادے مسلمانوں نے انہیں کے سلسلہ کو روایت کر دیا ہے۔ آپ کے جن معاملات پر نکتہ چینی کی ہے وہ بڑے دو ہی معاملہ ہیں اول جنگ و جہاد کا مسئلہ جو دشمنوں سے پیش آیا۔ دوسرا تعدد ازواج کا مسئلہ۔ انہیں کو رنگ آمیزیاں کر کے بُری صورت میں دکھایا ہے۔ ان دونوں مسئلوں کا ہم مختصراً جواب دے چکے ہیں۔ مگر کچھ اسمقام پر بھی تشریح کرنا چاہتے ہیں ٭

جہاد کا مسئلہ مذہب کے لحاظ سے تو کوئی محل اعتراض ہی نہیں کیونکہ انبیاء بنی اسرائیل یہاں تک کہ حضرت مسیح جیسے درویش طبیعت نے بھی حتے المقدور کچھ نہ کچھ اس میں حصہ لیا ہے۔ جیسا کہ پہلے بیان ہوا۔ اور ہر مذہب کے پیشواؤں نے تلوار سے کام لیا ہے جسکے نظائر پہلے بیان ہو چکے۔

البتہ عقلاء زمانہ کے لئے جو فلسفۂ حال کی تازہ میں جملہ واقعات گزشتہ کو تولا کرتے ہیں۔ اسقدر عرض کر دینا کافی ہے۔ کہ کوئی قوم اور کوئی مذہب باقی نہیں رہ سکتا تاوقتیکہ وہ اپنی غیرت و ناموس اور اپنے عقائد و خیالات کی اسلحہ سے حفاظت نکرے۔ اور نہ زمانہ گزشتہ میں بغیر اس حفاظت کے کوئی قوم اپنے مذہب اپنی شان کو محفوظ رکھ سکی ہے۔ حکومت اور اس کے ساتھ فاتح کے خیالات و عادات انکا رسم و رواج جسکے طریق تمدن فریق مغلوب کے دلوں میں بہت جلد سرایت کیا کرتا ہے۔ اسی معنی میں کسی حکیم کا مقولہ ہے۔ الناس علی دین ملوکھم خصوصاً وہ مذہب جو تمام بنی آدم میں

toobaa-elibrary.blogspot.com

ایک نئی اخوت و مساوات قائم کرنے کا ارادہ رکھے اور خیالات فاسدہ و توہمات باطلہ کو مٹانا چاہیئے جو قوموں میں نسل در نسل متوارث ہونے کے سبب بتدریج جزو بدن ہو گئے ہوں اور ان کے طبائع میں جز ہو چکے ہوں۔ اب مدبران ملکی و قومی بتلائیں کہ بجز سیاست کے اور کون سا نسخہ ہے جو اس مرض کو دور کر سکے؟۔ رہا وعظ و پند تعلیم و تلقین وہ بیشک موثر ہے اور اسی لئے حضرات انبیاء علیہم السلام بھیجے گئے ہیں مگر بنی آدم کے طبائع یکساں نہیں ایسے ناپاک طبائع جن کی روحانیت کے جوہر مٹ گئے ہوں وہ اس سے کبھی بھی اثر پذیر نہیں ہوتے کاش وہ خاموش ہی ہیں بلکہ وہ تو مقابلہ میں اس مہذب گروہ کا استیصال ہی کرنا بنی نوع کے لئے بہتری خیال کرتے ہیں مخصوص جبکہ انہیں صاحب ملک و سیاست مالک لشکر و اسباب حرب بھی ہوں۔ اس پر اگر کوئی اثر کرنے والی چیز ہے تو صاحب سیاست کا قہرمان فرمان ہی ہے۔ آج جس رسم قبیحہ کو صدہا وعظ خوش بیان سپیکر بڑی جان توڑ کر کوششوں سے بھی مٹا نہیں سکتے۔ کل ایک فرمان شاہی سے اس سرے سے اوس سرے تک تمام ملک اور قوم سے مٹ سکتی ہے جیسے صدہا نظائر۔ ابتداء وافریقہ جیسے جاہل ملکوں میں پائے جاتے ہیں بلکہ یورپ و امریکہ جیسے تعلیم یافتہ ملکوں میں بھی ابتک موجود ہیں۔ ایسی صورت میں کیا خدا کی رحمت کاملہ مقتضی نہیں تھا کہ اخیر نبی کی نبوت کو شاہانہ شان میں ظاہر کرے ضرور تھا۔ پھر ایسا نبی کہ جسکے بعد نبوت کا دروازہ بند ہے دنیا میں اگر ایک آسمانی سلطنت نہ قائم کر جائے (کہ جسمیں جملہ بنی آدم کے حقوق مساوی ہوں اور ایک ادنی سے ادنی قوم اعلی قوم کے مراتب علیہ حاصل کر سکے سب کے لئے ترقی کی راہیں برابر کھلی رہیں نہ اس میں گورے کو کالے پر فوقیت ہو نہ برہمن چہتری کو شودر پیش پر ترجیح ہو) تو کیا کرے پھر ایسی صورت میں حرب و ضرب ضرور ہے اور حرب و ضرب میں شجاعت دلانا ہمت بندھانا۔ صبر و برداشت پر دنیا و آخرت میں اجر قائم کرنا ایک لازمی بات ہے اس قسم کی

toobaa-elibrary.blogspot.com

آیات کو رحمدلی۔ اخوت انسانی کے مقابلہ میں پیش کرنا ایک ایسی بات ہے کہ جیسا کوئی احمق شفیق ڈاکٹر کے آلات شگاف و قطع بریدہ دیکھا کر مریض کو اوس سے نفرت دلائے یہ ہے وہ اسلامی جہاد اور یہ ہیں وہ آیات قتال جنکو مخالف پیش کیا کرتا ہے۔

مسئلہ تعدد ازواج

تعداد ازواج کا مسئلہ بھی کسیطرح آپ کی سیرت میں کوئی دھبہ نہیں لگا سکتا (۱) اس لئے کہ . . . . . پہلے انبیاء بنی اسرائیل کے پاس بھی متعدد بیویاں تھیں۔ حضرت ابراہیم اسحاق۔ یعقوب۔ موسے بھی۔ متعدد بیویاں رکھتے تھے اور حضرت داؤد وسلیمان کے پاس تو سیکڑوں تھیں۔ یہ وہ داؤد ہیں کہ جنکی کتاب کو الہامی جانکر نماز میں پڑھا جاتا ہے اور جن کی طرف تفاخر و تقدس کی راہ سے حضرت مسیح علیہ السلام کا نسبنامہ پہونچایا جاتا ہے۔ اس بات کا ثبوت توریت اور دیگر کتب عہد قدیم سے بخوبی ہے جسکا کوئی یہودی اور عیسائی انکار نہیں کرسکتا۔ پھر عیسائیوں کا کیا منصب ہے جو آنحضرت صلعم پر چند بیویاں کرلینے سے الزام لگائیں۔ ہنود سری کرشن کنہیا کو وقت کہتے ہیں۔ ان کی بھی کئی بیویاں تھیں اور گوپیوں کا تو کچھ شمار ہی نہ تھا کہ جن کی ساتھ عیش وعشرت کرتے ناچتے نچاتے نہاتے میں ان کے کپڑے اٹھا کر درخت پر چڑھ جاتے تھے اور کپڑے واپس دینے کے لئے یہ شرط ہوتی تھی کہ اندام نہانی پر ہاتھ بھی نہ رکھیں بلکہ ہاتھ جوڑ کر سامنے آئیں۔

(۲) عیسائیوں کے سوا (وہ بھی حضرت مسیح کے بہت بعد سے) ہر قوم اور ہر ملک میں آج سے نہیں بلکہ ہزاروں برسوں سے متعدد بیویاں اور لونڈیاں رکھنے کا عام رواج تھا اور اس فعل کو برا نہیں سمجھا جاتا تھا نہ ایسے اشخاص قابل ملام خیال کئے جاتے تھے۔ البتہ حضرت مسیح علیہ السلام کو وجوہ متعددہ سے شادی کرنے کا اتفاق نہیں ہوا اور وہ دنیا میں رہے بھی بہت کم اگر سلسلہ متہدرس اور رہتے تو جانے کتنے بیویاں کرتے۔ اور ان کے بعد حواری اشاعت مذہب

ملاحظہ ہو توریت کتاب پیدائش باب ۲۵ کتاب اول سموئیل باب ۱۲ کتاب دوم سموئیل باب ۵ و ۳ و باب ۱۱۔ و باب ۱۵۔ کتاب تاریخ اول باب ۳۔ و باب ۱۱۔ ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

کے لئے سفروں میں رہے اور اپنے طرح طرح کے مصائب بھی پڑتے رہے اسپر بھی پولوس نے خاص ایسے لوگوں کے لئے صرف ایک بیوی کرنی کی اجازت دی تھی۔ انہوں نے نہ خود حضرت مسیح نے عموماً سب کو ایک بیوی سے زیادہ بیویاں رکھنے کی کبھی بھی ممانعت نہیں کی۔ مگر عیسائی راہبوں میں مجرد رہنا اور عورتوں کا بھی شوہر نکرنا سنت مسیحی قرار پاگئی اور عوام پر اس تجرد کا یہ اثر ہوا کہ ان کے نزدیک ایک سے زیادہ بیویاں رکھنا معیوب ٹھہر گیا۔ یہ کوئی مذہبی بات نہیں صرف رواجی بات ہے ٭

مگر اس تجرد کی بدولت جو کچھ ان مقدس خانقاہوں میں زنا کاری کا بازار گرم ہوا اور جسقدر حرامی بچے مارے جانے لگے اوس کی نظیر جرجیس کے تالاب صاف کرانے کا واقعہ ہے۔ کہ صرف اوس ایک تالاب میں سے جو ان مقدسوں کی خانقاہ میں تھا قریب سات سو بچوں کی کھوپریاں برآمد ہوئیں تھیں۔ اور عوام میں زنا کاری اور بیوی پر تہمت لگا کر طلاق دے دینا اور دوسری بیوی کر لینا۔ یا پہلی کو زہر دلوا کر مار ڈالنا۔ اور دوسری بیوی کر لینا عام دستور ہو گیا۔ اور پھر بے پردگی اور شراب نے تو اسمیں اسقدر جلادی کہ اب اس تعلیم و ترقی کے زمانہ میں بھی جسقدر ممالک عیسویہ بالخصوص یورپ و امریکہ میں ایسے بدخصائل کا رواج ہے اوسکا دسواں حصہ بھی اور ممالک میں نہیں پایا جاتا۔ یہاں تک کہ غیر محصنہ عورتوں سے زنا کرنا کوئی عیب ہی نہیں رہا۔

(۳) جب تعداد ازواج شرعاً و عرفاً کوئی بھی عیب نہیں تو مصالح ذیل سے مدینہ میں آکر تریپن برس کی عمر کے بعد جبکہ نفسانی خواہشوں کا عموماً ہیجان نہیں ہوتا آپ کے کئے چند بیویاں کر لینا عقل و نقل کے نزدیک کیونکر عیب ٹھہر سکتا ہے! ہاں پادریانہ مذاق میں عیب ٹھہرے تو تعجب نہیں۔ مگر دنیا پر فرض ہی نہیں کہ وہ پادریانہ مذاق کی پیروی کریں۔

(مصلحتیں یہ ہیں)

(اول) مہاجرات بیویں جو اپنے قبائل کے نام آوروں کی رشتہ دار ہی تھیں۔ اکثر انکا

toobaa-elibrary.blogspot.com

تکفل بھی حضرت ہی پر تھا۔ اور اسلام نے زنا کاری کا نشان تک بھی باقی نچھوڑا تھا ان کو آزاد کیونکر رہنے دیا جاتا لامحالہ انکا نکاح ایسا نداروں سے کرادیا جاتا تھا اور بعض کی خوشنودی اور دنیا و آخرت کا افتخار حاصل کرنے کا عزم اسی بات کا مقتضی ہوتا تھا کہ وہ خود حضرت کی زوجیت کا شرف حاصل کریں۔ اس لئے ان کی خاطر داری کے سبب ان سے نکاح کر لیتے تھے (۲) قبائل عرب میں اس رشتہ کا بڑا پاس تھا اور کسی خاندان میں شادی کر لینے سے اوس خاندان کی حمایت و یگانگت میں شریک سمجھا جاتا تھا اور اب بھی جہاں قبائل اور پاس انساب ہے یہ بات ملحوظ ہے۔ چنانچہ ضیاء الملۃ والدین مرحوم شاہ کابل اپنے فرزندوں کے متعدد نکاح متعدد خاندانوں میں کرا دینے کا سبب اپنی کتاب میں یہی فرماتے ہیں اور یہ قرین قیاس بھی ہے۔ اس لئے آنحضرت متعدد خاندانوں اور قبائل کی بیویوں کے سبب قبائل عرب میں اتحاد و محبت پیدا کرنا اشاعت تہذیب و اسلام کے لئے نہایت مفید خیال فرماتے تھے اور در اصل مفید بھی ثابت ہوا۔ (۳) مردوں میں سے تو ایسے بہت لوگ تھے جنہوں نے خدمات دینیہ کے لئے اپنے آپ کو وقف کر دیا تھا بجز اس کے ان کا اور کوئی شغل نہ تھا (اصحاب الصفہ) یہ لوگ قدرے محنت و مزدوری سے بھی اپنی قوت بسری کا انتظام کر سکتے تھے اور مرد ہونے کے سبب ان کے لئے پردے کے مکان اور اس کے ضروری سامان کی بھی حاجت نہ تھی مگر عورتوں میں سے ایسا گروہ کوئی بھی نہ تھا اور ہونا ضرور چاہیئے تھا کیں لئے کہ دین محمدی میں عورتوں کے متعلق حیض و نفاس غسل و جنابت کے بہت سے ایسے مسائل بھی ہیں کہ جنکو اجنبی مرد و اجنبی عورت سے صاف لفظوں میں تشریح کرنا خلاف تہذیب و شرم خیال کرتا ہے اور نیز عورتوں کی معاشرت اور ان سے حسن سلوک ان کے کج طبائع پر برداشت کا مسئلہ بھی ایسا مسئلہ تھا کہ جسکو تا وقتیکہ ہادی قوم عملاً نہ دکھائے اثر پذیر نہیں ہو سکتا۔ نیز آنحضرت صلعم کی خلوت و جلوت کی عبادت اور خانہ داری کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

فانکحوا ما طاب لکم من النساء مثنیٰ وثلٰث ورٰبع فان خفتم الا تعدلوا فواحدۃ اور عدالت جو شرط تعدد ہے اسکی نسبت یہ ارشاد ہے ولن تستطیعوا ان تعدلوا بین النساء ولو حرصتم فلا تمیلوا کل المیل فتذروھا کالمعلقۃ۔ کہ عدل و انصاف سے نہو سکے گا گو تم کتنی ہی حرص کرو پر یہ نہو کہ ایک طرف بالکل جھک پڑو۔ اور دوسری کو اور ہی طرح چھوڑ دو۔ کہ نہ وہ بیوہ ہو اور نہ آزاد اور اسی کو فیصلہ عقلی تعدد ازدواج

آداب و سنن بھی بجز بیوہ عورتوں کے اور کوئی نہیں جان سکتا تھا اسلئے آپنے اناث کا بھی ایک گروہ قائم کیا اور ان کی فکر معاش بھی اپنے ذمہ لیکر ان کو اس فکر سے آزاد فرمایا اور دائرہ نکاح میں داخل کرنے سے انکو ہر وقت کی خلوت و جلوت میں شریک ہونے اور ہر قسم کے مسائل پوچھنے کا مجاز کر دیا۔ اگر منکوحہ نہوتیں تو یہ مداخلت و اختلاط نہوتا اور جو ہوتا تو دشمنوں کی تہمت سے امان نہوتی۔ اور ان کا اس خدمت کے لئے اپنی جانوں کو وقف کر دینا بہ نفس کے ساتھ تعبیر کر دینا تھا اور ضمناً یہ معاہدہ تھا کہ ہم تمام عمر اسی خدمت میں بسر کریں گی بعد میں نکاح کر کے بال بچوں کے بکھیڑوں میں نہ پڑینگی اب اسپر آپ کا ان سے التفات فرمانا جس معاشرت سے پیش آنا ان کی اس جاں فروشی کا معاوضہ تھا۔ اسکو مخالف جس برے پہلو پر چاہے محمول کرے یہ اس کے اندرونہ اخلاق اور صفائی پر موقوف ہے ✤

ایسی صورت میں ان متعلقات کی تعداد قائم کرنا بھی اصلی مقصد کے خلاف تھا اور آپ کے بعد ان کو نکاح کرنے کی ممانعت ہونا بھی خود انہیں کے عہد کی ذمہ داری تھی۔ گو وہ جملہ صفات حمیدہ سے متصف تھیں مگر پھر بھی بشر تھیں عورتیں تھیں ان سے قدرے باہمی رقابت کا ظہور ہونا یا آپسے بیویوں کیطرح کسی بات پر اصرار کرنا اور آپکا ان کی دل شکنی نکرنا ایک معمولی بات ہے جو ایک نیک سے نیک شخص کو اپنے عیال و اطفال میں روزمرہ پیش آتی ہے ایسے خانگی معاملات کو برے قالب میں ڈھالنا اور اسکو ننگ دیگر نفرت انگیز پیرایہ میں بیان کرنا ایک سخت کمینہ پن اور اپنے خبث باطنی کا اظہار کرنا ہے ✤

(تعدد ازواج پر عقلی فیصلہ)

یہ بات پیش نظر رہے کہ اسلام نے ایک سے زیادہ بیویاں کرنیکا نہ حکم دیا ہے نہ اسکیطرف

عورتوں سے نیک معاشرت سے پیش آیا کرو۔ ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

رغبت دلائی ہے بلکہ صاف لفظوں میں کہدیا ہے کہ اگر ممکن ہو تو ایک ہی پر بس کرو اور ضرورت کے وقت بشرطیکہ دونوں میں حقوق کی مساوات اور عدل و انصاف کر سکو دوسرے کی اجازت ہے مگر عدل و انصاف بہت مشکل کام ہے۔ اِس لئے بہتر ہے کہ ایک ہی پر قناعت کرو اور اگر ایک کے حقوق ہی ادا نکر سکو تو صبر کرو۔

اب بحث ہے تو اس بات میں ہے کہ

بوقت ضرورت ایک سے زیادہ بیوی بنانا

عقلاً ہے یا نہیں؟

وہ عقل جو رسم و رواج کی ظلمت میں دبی ہوئی ہے کہتی ہے کہ ہرگز جائز نہیں کیلئے کہ مرد و عورت دونوں برابر ہیں جو ایک کے لئے حقوق حاصل ہیں وہ دوسرے کے لئے بھی ہیں گر ایک عورت کے لئے ایک وقت میں دو شوہر بنانے بوقت ضرورت جائز ہوں تو مرد کے لئے بھی ہو سکتے ہیں ورنہ ترجیح بلا مرجح ہے۔ بلکہ دو بیویوں سے انتظام معاش اور مرد کی راحت میں بڑے خلل پڑتے ہیں جنکا انکار ہو نہیں سکتا۔

عقل سلیم جو دور تک آزادانہ ہر پہلو پر غور کر سکتی ہے بوقت ضرورت اجازت ہی نہیں دیتی بلکہ بہتر کہتی ہے بچند دلائل۔ **اول**۔ مساوات کا مسئلہ خلاف عقل اور خلاف فطرت انسانیہ ہے۔ کیس لئے کہ جب دونوں کی بناوٹ میں قدرت نے ایک ایسا فرق بین پیدا کر دیا ہے کہ جسکا کوئی صاحب نظر انکار ہی نہیں کر سکتا تو عادات و اخلاق غیرت و حمیت میں کیونکر مساوات ہو سکتی ہے۔؟ مرد فطرۃً زور آور بڑے بڑے سخت کاموں کا سرانجام دینے والا کما کر عورت کو کھلانے والا قومی و ملی حقوق کا اپنی جان کو مہالک میں ڈالکر محافظت کرنے والا بنایا گیا ہے۔ وہ تدابیر کلیہ کا سوچنے والا بڑی غیرت و ہمت والا ہے۔ اسکی بناوٹ بتا رہی ہے کہ یہ حاکم وہ محکوم ہے۔ جب مساوات نہیں تو جس مساوات کے مسئلہ پر تعدد کو ناجائز قرار دیا گیا ہے وہ بھی

toobaa-elibrary.blogspot.com

باطل ہے +

البتہ اسقدر ہم بھی تسلیم کرتے ہیں کہ حقوق انسانیت میں عورت مرد کے ہم پلہ ہے اسکو بہائم کیطرح مال سمجھ کر، اوسپر تعدی کرنا گائے بکریوں کی طرح ایک لکڑی سے ہانکنا جیسا کہ جاہل اور وحشی اقوام کا دستور ہے عقلاً ممنوع ہے جیسا کہ اسلام نے بھی ممنوع بتایا ہے بلکہ اس کے لئے بھی حقوق اور عزت و احترام عطا کیا ہے۔ پس جسطرح کہ وہ افراط عقلاً ممنوع ہے اسیطرح یہ تفریط بھی ممنوع ہے بالکل مساوی بنا دیا جاوے یہ بھی مسلم ہے کہ انتظام اکثر ایک ہی بیوی کے ساتھ وابستہ ہے مگر جن ضرورتوں پر لحاظ کر کے تعدد کی اجازت دیگئی ہے یہ ان کے منافی نہیں بلکہ یہ ذرا سی خرابی بمقابلہ اون خرابیوں کے کہ جنکی وجہ سے تعدد جائز ہے کچھ بھی نہیں (۲) اگر مرد و عورت کی تعداد مساوی بھی تسلیم کر لیجائے تو وہ کمی جو مردوں کی تعداد کو قدرتاً اور عادتاً لاحق ہوتی رہتی ہے بہت سی عورتیں زائد ثابت کر دیگی پھر عدم جواز تعدد کی صورت میں ان کے لئے مرد میسر نہ ہوئیں اور جب مخالف نے مساوات مان رکھی ہے تو اب وہ کیا کریں گی؟ کیا زنا کرائیں گے یا کیا؟ مثلاً لاکھوں مرد لشکروں میں بھرتی ہوتے ہیں اور ایسے مقامات پر رہتے ہیں کہ جہاں ہر سپاہی کے لئے عورت ہمراہ رکھنا مشکل ہے اور پھر لاکھوں مرد لڑائیوں میں مارے جاتے ہیں۔ پھر ہزاروں جہازوں پر دریائی سفر میں معاش پیدا کرتے ہیں ہزاروں کانوں میں دب کر مر جاتے ہیں۔ ہزاروں خشکی میں معاش کی تلاش میں پرتے ہیں اور مصائب میں مر ہی جاتے ہیں وغیرہ ذلک۔

اگر تعدد کا جواز نہو تو اسقدر عورتیں مرد و نسنے محروم رہتی ہیں اور وہ بدکاری بھی کرتی ہیں اور اولاد کی پرورش حقوق سے محروم رہتی ہیں (۳) ایسا ہوتا ہے کہ ایک عورت ایسے امراض کے سبب جو توالد و تناسل کو مانع ہیں اولاد جننے کے قابل نہیں رہتی اور مرد کو فطرتاً بقاء نسل کیطرف رغبت ہوتی ہے ایسی صورت میں کیا مرد اس عورت کو

وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِي عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوفِ وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ الرِّجَالُ قَوَّامُونَ عَلَى النِّسَاءِ بِمَا فَضَّلَ اللَّهُ بَعْضَهُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ وَبِمَا أَنْفَقُوا مِنْ أَمْوَالِهِمْ سورۃ النساء

کہ عورتوں کے بھی ایسے ہی حقوق ہیں جیسا کہ مردوں کے حقوق انپر ہیں۔ اور مردوں کو فضیلت ہے۔ مرد عورتوں کے سرپرست ہیں اسلئے کہ خدا نے ایک کو دوسرے پر فضیلت دی ہے اور اسلئے بھی کہ مرد عورتوں کیلئے اپنا مال خرچ کرتے ہیں ۱۲ منہ

زنا کا الزام لگا کر طلاق دیدے اور دوسری عورت کرے جیسا کہ یورپ میں رات دن ہوتا رہتا ہے یا اس کے حقوق کو بھی محفوظ رکھ کر دوسری کرے عورت کے لئے ان دونوں باتوں میں سے کونسی بہتر ہے؟

یا ایک عورت بسبب توالد و تناسل و امراض وغیرہ کے مرد کی قضاء حاجت کو کافی نہیں رہتی اور خانہ داری کے انتظام ہی اوس سے عمدہ سرانجام نہیں پا سکتے پھر مرد کیا کرے؟ تھیٹروں سیر گاہوں میں سے آشنا پیدا کر لائے اور اپنی دولت کو اڑائے یا اسکو طلاق دیکر ایسے وقت میں گھر سے نکالے اور بے مروتی اور سخت دلی کرکے اسکی جگہ دوسری لے آئے یا اس کے بھی حقوق محفوظ رکھے اور دوسری کرلے؟ بتلائے کہ ان تینوں صورتوں میں سے کوئی بہتر ہے عقل یقیناً اخیر صورت بہتر بتائے گی۔ اور یہی وہ تعدد ازواج ہے۔

(۴) جن ملکوں اور قوموں کو زیادہ قوم کی ضرورت ہو تو وہ کیا کریں؟ جو لوگ حقوق کی مساوات کے قائل ہیں وہ اگر ایک عورت کیلئے دو مرد بلکہ دس بیس مرد تجویز کردیں گے تو بھی وہی نتیجہ برآمد ہوگا جو ایک مرد سے برآمد ہو سکتا ہے۔ برخلاف اس کے کہ اگر ایک مرد کو چند عورتیں دیجائیں گی تو ہر ایک بچہ دے سکتی ہے۔ اسیطرح عورت پچاس برس کی عمر میں اکثر توالد کے قابل نہیں رہتی۔ برخلاف مرد کے کہ وہ آخر عمر تک بچہ جنا سکتا ہے پھر ایک عورت پر انحصار کرکے اسقدر مدت تک مرد کو توالد و تناسل سے کیوں روکا جائے۔؟

مگر اسلام نے

اس تعدد کو بھی اور قوموں کیطرح غیر محدود نہیں چھوڑا بلکہ بہت محدود کردیا۔ زیادہ سے زیادہ چار تک کی اجازت دی ہے اسمیں یہ بھی حکمت ملحوظ ہے کہ بقاعدہ فیزک حمل کے بعد صرف تین مہینے تک مرد عورت سے متمتع ہو سکتا ہے بعد میں حمل کو ضرر ہے اور عورت کی

toobaa-elibrary.blogspot.com

صحت کو بھی نقصان پہونچتا ہے۔ اسیطرح بچہ جننے کے بعد تین مہینے تک عورت سے ہم بستری بچہ کے لئے مضر ہے۔ اِس قاعدہ پر اگر ایک عورت سے ہم بستری کی اور وہ اول ہی بار بار آور ہوگئی تو تین مہینے تک اِس سے متمتع ہوتا رہے پھر اگر یہ بھی حاملہ ہو جائے تو اِس سے بھی تین مہینے تک متمتع ہوتا رہے۔ پھر اِس کے بعد تیسری سے تین مہینے تک متمتع ہوتا رہے۔ پھر اسیطرح چوتھی سے تین مہینے تک متمتع ہوتا رہے۔ اِس کے بعد اول بیوی پر بچہ جننے کے بعد تین مہینے گذر چکے گے پھر بدستور یکے بعد دیگرے متمتع ہو سکتا ہے ÷

فصل ۲

دشمنوں کے الزامات

اور اِن کے جواب

صدر اسلام اور اسکی کئی صدیوں تک بلکہ جب تک کہ حرب صلیب کا آغاز نہوا تھا اوسوقت تک عیسائیوں کو اسلام اور مسلمانوں سے اسدرجہ کی عداوت اور دلی بغض و بغض نہ تھا نہ اسوقت کے مصنف جارو ستم سے پاک و مبرا تھے جھوٹ بولنا اور کسی پر جھوٹے الزام لگا کر مشہور کرنا ہی سخت معیوب جانتے تھے۔ مگر بعد میں تو کوئی حد نہ رہی۔ عیسائی پیشوایان مذہب کو اسلام کی قدرتی ترقی دیکھکر خوف پیدا ہوا کہ کہیں یہ ہماری بہتیریں ہمارے قبضہ سے نہ نکل جائیں جو عقل و شعور سے بے بہرہ ہیں اور ہم انکو سبز باغ دکھا کر جدہر لیجاتے ہیں چلنے کو تیار رہیں۔ یہاں تک کہ اِن کے گناہوں کی مافی انکو قیمت لیکر چٹھی بھی دے دیتے ہیں اور فرشتوں کو بھی لکھہ دیا کرتے ہیں کہ اسکو بہشت دینا اور اِس سے یہہ سلوک کرنا۔ اور عیسائی فرمانرواؤں پر بھی ایسی ایسی دھمکیاں دیکر خوب حکومت کیا کرتی ہیں۔ اِن کی خوبصورت لڑکیاں بھی ہماری خدمت میں حاضر ہیں اور اسکو وہ اپنا بڑا

toobaa-elibrary.blogspot.com

دینی کام سمجھتی ہیں اور کسیقدر ممالک یورپ میں اب تک بھی اس کے آثار باقی ہیں اب تک سیکڑوں جوان جوان عورتیں خبکوننس کہتے ہیں ان ملنگوں کی خدمت میں حاضر رہتی ہیں کیوں نہ ہیں یہ خدا پرست تارک الدنیا شادیاں بھی تو اسی لئے نہیں کرتے۔ پس انکو لازم ہوا کہ اسلام کی نہایت بدنما تصویر دکھا کر انکو نفرت دلائیں چنانچہ انہوں نے ایسا کرنا شروع کیا کہ بانی اسلام ایک فریبی تھا سوائے مار دھاڑ کے اس کے پاس نہ کوئی معجزہ تھا نہ کوئی خوبی تھی عرب کے جاہلوں کو جنت و دوزخ کی ترغیب و ترہیب دلاکر اپنا گرویدہ کر لیا تھا جب ایسے وحشیوں کی ایک جماعت ان کے پاس موجود ہو گئی تو لوٹ مار شروع کر دی لوگوں کی بہو بیٹیاں چھین کر ان کو لونڈیاں بنانا اور ان سے کامرانی کرنا ایک لذت کا کام تھا اس سے اور بھی اوس جماعت کی ترقی ہو گئی شہوت پرستی تو ان کے خمیر میں تھی۔ لوٹ مار کے وہ ابتدا ہی سے عادی تھے۔ نبیوں کے سنے سنائے قصے اور ان کے احکام اور کچھ پارسیوں کے کچھ عرب کے دستورات و قصص جمع کر کے ایک کتاب بنا دی جسکا نام قرآن رکھا۔ اور ایک ایسی معجون مرکب شریعت بھی بنائی چونکہ فصیح و بلیغ وہ عرب کے جاہل جنکو ابنائی نوشتوں سے کچھ بھی مذاق نہ تھا اوسپر فریفتہ ہو گئے۔ اور اس کے بے مثل ہونیکا دعوے کر دیا۔ ان کے ڈر کے مارے کیکو کیا مجال تھی کہ مثل بنا کر لاتا اور ان کو شرمندہ کرتا۔ ان کے پاس تو بجائے تسکین کر دینے کے تلوار ہی کا نسخہ تھا جو کوئی خلاف میں بولا۔ گردن اوڑا دی۔ اسلام کی بڑی عبادت کیا ہے عرب کے جاہلانہ میلے میں شریک ہونا جسکو حج کہتے ہیں اور وہاں جا کر خواہ مخواہ جانوروں کی گردنیں مارنا اور پہاڑوں ٹیلوں پر قلندرانہ صورت بنا کر غل مچاتے پھرنا۔ جسکو تہذیب و شائستگی بھی دیکھ کر شرماتی ہے۔ اور اسلامی معاشرت کیا ہے بہت سی عورتیں گھیر لینا اور گھر میں ایک تلوار رکھنا جس غیر مذہب بالخصوص عیسائی کو پاتا اس کی گردن اوڑا دینا جسپر وہ ثواب اور شہادت کا درجہ حاصل کیا کرتے ہیں +

toobaa-elibrary.blogspot.com

آخر فریب تو فریب ہی ہے اِن کے مرتے ہی وہ ساری قلعی کھل گئی آپس میں سر پھٹول ہونے لگی خود انہیں کے یاروں نے محمد کی بیٹی اور ان کے داماد اور ان کے نواسوں کے ساتھ کیا کیا بُرے سلوک کئے اور انہیں مسلمانوں نے قرآن کے اعجاز اور غیر مثل ہونے کی بھی قلعی کھولدی کہ اوسکو محرف قرار دیکر اور سورتیں بلکہ وسٹل پارے ان سے بھی عمدہ بنا کر دکھا دیئے اور جیسا کہ محمد صاحب کی عادت تھی انہوں نے بھی اسیطرح اون یاروں میں محمد کے کنبے کی بیحد تعریف کر دی۔ اور خود محمد صاحب کو بجز اپنی اولاد کے بچوانے کے اور کوئی فکر ہی نہ تھی فاطمہ ایسی اور علے ایسے حسن حسین ایسے جوان کے محبت رکھیگا بہشت میں جائیگا۔ اور جو نفرت کریگا۔ جہنمی ہوگا۔ اور تمام اہل اغراض اپنی اولاد اور خاندان کے ایسے ہی حقوق قائم کیا کرتے ہیں ہندوستان کے پنڈتوں سے برہمن کی تعریف پوچھ دیکھئے اور جو جو اِس کے لئے خصوصیتیں اور جو جو اِس کے لئے احترام قائم کئے ہیں اِن کو بھی سنئے اسلئے سید کہا کرتے ہیں کہ ہمارے لئے شریعت کوئی چیز نہیں سید جہنم میں جا ہی نہیں سکتا جیسا کہ یہودیوں کو دعوے تھا کہ ہم نسل ابراہیم ہیں ہمپر آگ حرام ہے محمد صاحب کی صاحبزادی کو چند بیگہ زمین اور چند پیڑوں پر (جو ابوبکر نے تمام ورثہ کے مقابلہ میں صرف انہیں کو نہیں دیدیئے تھے گو اِن کے باپ کی درویشی قائم رکھنے کے لئے ابوبکر نے انکو وقف قرار دیکر آمدنی دینے سے انکار نہیں کیا تھا) ابوبکر سے وہ کینہ ہوا کہ تمام عمر بات تک نہ کی یہ اِن کے ترک دنیا کا ایک نمونہ ہے علی تمام عمر ابوبکر اور عمر کے ساتھ باوجودیکہ دلمیں عداوت تھی ڈر کر چاپلوسی کرتے رہے اپنے مافی الضمیر کا اظہار نہ کر سکے بلکہ اِس خوشامد میں عمر سے اپنی بیٹی بھی بیاہ دی اور سپر علی کی شجاعت کی دھوم ہے اور نصف مسلمانوں سے زیادہ انکو اور اِن کے بیٹوں کو پوجتے ہیں یا علی مدد یا حسن یا حسین کے ہر وقت نعرے بلند ہوتے رہتے ہیں۔

جب اسلام اور ملکوں میں پہونچا تو مسلمانوں کی آنکھیں کھلیں۔ اِن کے عقلاء نے

toobaa-elibrary.blogspot.com

عیسائیوں یہودیوں کی درویشی کو کچھ تغیر دیکر اختیار کر لیا۔ پھر جب ہندوستان میں آئے تو جوگیوں گوشائیوں کے طرز کو بھی اختیار کیا اون کی عبادت کا گانا بجانا اچھلنا کودنا۔ مجنونانہ حرکات کرنا مونہہ سے کفر بکنا۔ کرامت۔ وولایت۔ بنالیا۔ اگر ان میں حقیقی توحید کا کچھ بھی رنگ ہوتا تو وہ اپنے پیروں اور ان کی قبروں اور پیغمبر کی اولاد کو نہ پوجتے اور اگر روایت میں صداقت ہوتی تو ان کے مولوی عالم صدہا حدیثیں نہ گھڑ لیتے جس بات کو ان کا دل چاہتا تھا اس کے لئے ایک روایت بنا لیتے تھے مسلمانوں میں سے روایت کش بہت سے گزرے ہیں کہ جن کی دوکان میں ہر قسم کا مال مصالح ہر وقت تیار رہتا تھا۔ یہ ہے اسلام اور یہ ہے انکا پیغمبر اور یہ ہے انکا قرآن اور یہ ہیں پیغمبر کے آل و اصحاب اور یہ ہیں ان کے اولیاء اللہ اور درویش صاحب کرامات اور یہ ہے ان کا تصوف اور یہ ہیں ان کے علماء محدثین۔ اور یہ بھی مسلمانوں میں مشہور ہے کہ علی کی خلافت پیغمبر اور خدا کو تو منظور تھی مگر عمر و ابوبکر کے ڈر سے قرآن میں کوئی ایسی آیت نازل نہ کر سکے جس میں علی اور ان کے خاندان کی خلافت صراحت ہوتی اسلئے بیچارے شیعہ کھینچ تان کر مہمل تاویلات کیا کرتے ہیں اور جب تاویلات بن نہیں آتیں تو ہنک کر یہ کہہ اٹھتے ہیں۔ کہ ایسی آیات قرآن میں تھیں مگر ان لوگوں نے نکال ڈالیں۔ پھر بعض یہ بھی کہتے ہیں کہ خم غدیر پر پیغمبر نے علی کے سر پر ایک لاکھ سے زیادہ صحابہ کے روبرو خلافت کی دستار باندھ دی تھی۔ مگر قوم نے پیغمبر کے بعد اسکو اتار پھینکا جس سے معلوم ہوا کہ اون کو علی کا خلیفہ بنانا بہت شاق تھا۔ کیونکہ پیغمبر کے حکم سے بت پرستی کا چھوڑ دینا گوارا کیا مگر ان کا یہ حکم گوارا نہ کیا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ علی کی ذات میں کچھ ایسی ہی برائیاں تھیں کہ جس سے عموماً و خصوصاً قوم کو سخت نفرت تھی۔ اور اب مسلمانوں میں علی پرستی حسن و حسین پرستی۔ قبر پرستی۔ تعزیہ پرستی۔ اولیاء پرستی

toobaa-elibrary.blogspot.com

پیر پرستی برابر جاری ہے اور پیر مذہب کے تقدس و توحید کا دعوے ہے۔
ہم ہندوستان کے مسلمانوں اور بت پرستوں میں کچھ بھی فرق نہیں پاتے۔
جسطرح ہندوؤں میں برہمن کے پاؤں پر سجدہ کیا جاتا ہے اسیطرح پیروں اور ان کی اولاد کو گو وہ کیسے ہی کیوں نہوں مسلمان سجدہ کرتے ہیں ان کے احکام کو قرآن اور پیغمبر کے اقوال سے زیادہ مانتے ہیں اور پیر لوگ صاف صاف کہا کرتے ہیں کہ کیا ہے قرآن اور کیا ہے شریعت اور کیا ہے جنت اور کیا ہے دوزخ سب ٹھکوسلو ہیں قرآن کو جلاؤ کعبہ کو توڑ دو شراب و کباب اور چنگ و رباب ہی میں خدا ملتا ہے اور ہر چیز خدا ہے کتا گدھا بھی وہی ہے۔ اور پیرزادے اپنے بزرگوں کے بہت سے اوصافی نام قرار دیکر انہیں کے پڑھنے کا حکم بھی دیتے ہیں اور اپنے باپ دادا کی اسلئے کہ ان کی بھی تعظیم کیجائے اسقدر تعریفیں اور ان کی کرامات کے افسانے بیان کرتے ہیں کہ عاقل سنکر مشدر رہجاتا ہے جسمیں یہ بھی بیان ہوتا ہے کہ فلاں پیر خدا سے لڑ بیٹھا اور کہدیا کہ ابھی تیرے عرش و کرسی کو توڑ ڈالتا ہوں۔ ورنہ جو میں چاہتا ہوں وہی کر بیچارا خدا ڈر گیا اور اسکو وہی کرنا پڑا۔ بارہا انہوں نے جبرئیل فرشتہ کو پیٹ دیا ہے۔ ایک بار ملک الموت زنبیل میں روحیں لیکر جارہا تھا انکو جا پکڑا اور آپسمیں وہ دھول دھپا ہوا کہ وہ زنبیل ہاتھ سے چھوٹ گئی اور فرشتہ خدا کے پاس فریادی گیا خدا نے آخر یہی فرمایا کہ میرا اوسپر کچھ بھی زور نہیں چلتا اگر وہ مجھے بھی پیٹ ڈالے تو میں کیا کرسکتا ہوں۔ اور دنیا و دین کے جملہ کام انہیں سے وابستہ کر رکھے ہیں اسی لئے ان کی نذریں نیازیں کیا کرتے ہیں کہ اسسے خوش ہوکر وہ پیر اور اسکی قبر اولاد فرا غدستی۔ تندرستی۔ وشمن پر فتح و ظفر دفع قحط و بلا کرینگے اور زائرین جب قبر پر جاتے ہیں تو مجاور ان کی گردن پکڑ کر سجدہ کراتا اور بہ آواز بلند کہتا ہے کہ یا فلاں اس کے جملہ مقاصد دینی و دنیاوی

toobaa-elibrary.blogspot.com

عطا فرمائے۔ گویا خدا کے جملہ کاربار انہیں کے سپرد ہو گئے ہیں اور بیوقوف یہ نہیں سمجھتے کہ جب یہ پیر نہ تھے تب کیا دنیا کے کاروبار نہ چلتے تھے اور جو ان کو نہیں مانتے کیا ان کے کاروبار نہیں چلتے۔ پھر کس دلیل سے سمجھا جائے کہ فلاں مزار پر نذرانہ لیکر اس قبر یا اس پیر نے دی ہے۔ بت پرستوں اور ان کے اعتقاد میں کیا فرق ہے اسکو کوئی پڑھا لکھا مسلمان اگر وسیلہ کہتا ہے تو پڑھے لکھے ہندو بھی اپنے دیوتاؤں کو وسیلہ کہا کرتے ہیں پھر عجب کہ یہ تو موحد بہشت کے وارث و بت پرست مشرک جہنم کے کندے کافر واجب القتل اس قسم کے اقوال مولوی قرآن اور حدیث سے بھی دلیل کیا کرتے ہیں۔ اور پھر ایسے مولوی مسلمانوں میں خوش اعتقاد اور بڑے بزرگ سمجھے جاتے ہیں۔ اگر یہی اسلام ہے اور قرآن حدیث کی یہی تعلیم ہے اور یقیناً یہی ہے تو حقیقت اسلام معلوم ہوگئی ؛

جواب

اعتراض کے دو حصے ہیں پہلا حصہ آنحضرت صلعم اور آپ کی سیرت اور قرآن کی تعلیم کی بابت ہے۔ دوسرا مسلمانوں کے چال وچلن اور ان کے تعامل کی بابت ہے۔ اس اول حصہ میں مخالف نے کوئی بھی ثبوت پیش نہیں کیا صرف ایک بدگمانی ہے۔ ایسی بدگمانی منکران مذہب سب انبیاء کیطرف کر سکتے ہیں یہ در اصل دہریوں کا اعتراض ہے۔ حضرت موسےٰ ابراہیم۔ عیسےٰ علیہم السلام کوئی بھی اس بدگمانی سے بچ نہیں سکتا۔ سب نے جنت و دوزخ کیطرف ترغیب و ترہیب دلائی ہے سب کے پاس ان کے معتقدین کا مجمع تھا۔ معاذاللہ یہودی تو حضرت مسیح کی ایسی بری تصویر کھینچتے ہیں کہ جس کے ذکر کرنے کو دل بھی نہیں چاہتا وہ بدنصیب بدگمان کہتے ہیں کہ مسیح کا توالد بطریق جائز نہ تھا ایسے بچے فطرۃً چالاک ہوتے ہیں۔ مصر سے کچھ شعبدے سیکھ آئے تھے دماغ میں نبوت کی ہوس پختہ ہوگئی بلکہ اپنے توالد شرمناک کو اسپر محمول کر لیا کہ میں خدا کا بیٹا ہوں نہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

معجزات تھے نہ کچھ وعظ و پند میں اثر تھا چند دہ ہویوں ماہی گیروں کو شعبدے دکھا کر معتقد بنالایا۔ اور لاف زنی کرنے لگے کہ مجھ سے جسقدر پہلے انبیاء آئے تھے چور و قزاق تھے سوسائے کی تمام شریعت کو جو ابدی تھی ملیامیٹ کر دیا آخر ان حرکات پر گرفتار کئے گئے جرم قائم ہونے کے بعد دار پر کھینچے گئے ان کی تعلیم کا کچھ اثر باقی نہ رہا۔ حواری بھاگ گئے بلکہ شناسائی کا بھی بلفظ لعنت انکار کر دیا۔ جب سولی دینے لے چلے لوگوں نے کہا کوئی معجزہ دکھایئے کیا دکھا سکتے تھے صاف انکار کر دیا۔ تڑپ تڑپ کر جان دی ساری خدائی باطل ہوگئی۔ آسمانی سلطنت سے وہ بھی لوگوں کو ڈراتے اور خدا کے پاس راحت یابی کی ترغیب دلایا کرتے تھے۔

ان کے بعد یاروں نے ان کی تاریخیں لکھ کر انکا نام انجیل رکھا۔ ان میں وہ وہ شیخیاں ماریں کہ جو نہ دیدہ تھیں نہ شنیدہ انہیں پولوس یہودی جو آملا اسنے تو لوگوں کو مائل کرنے کے لئے صاف کہدیا کہ نہ کوئی چیز حلال ہے نہ حرام سب کچھ کھاؤ پیو۔ سب کچھ کرو دل کھول کر بدکاری کرو۔ صرف مسیح پر ایمان رکھو۔ اس مذہب میں جو جملہ قیود و پابندیوں سے آزادی ہو اور استبا کا اطمینان بھی دلایا جاتا ہے کہ سب کے گناہ مسیح اٹھالے گئے قسطنطین اعظم بھی جو بڑا ظالم و سفاک تھا۔ داخل ہوگیا۔ اس نے بزور شمشیر لوگوں کو اس مذہب میں داخل کیا۔ پولوس نے وہ دام شیطانی پھیلایا کہ جس سے شیطان بھی شرماتا ہے ان کی روایات ان کے عقائد ان کے اعمال مذاہب کی رسوائی کے لئے کافی ہیں جھوٹ بولنے پر تو پولوس کا فتوی ہی ہے۔ مکر فریب اس مذہب کا شیوہ ہے اس نے ابتدا میں سیکڑوں نے جعلی انجیلیں بنانی شروع کیں سب کو مسیح کیطرف منسوب کر دیا کرتے جسے انتہی قولہم پر نصرانی فرقوں کی خرافات کو بیان کیا جائے تو سننے والے کو ان کی عقلوں پر بے ساختہ ہنسی آجائے۔ ہزاروں ہندو کیطرح پر دن ندی میں غوطہ لگانے اس نیت سے جاتے ہیں کہ گناہ معاف ہوجائیں گے پھر جسطرح وہ گنگا جل تبرک کے طور

toobaa-elibrary.blogspot.com

لاتے ہیں یہ بھی بجائے خدا کے مسیح ہی کے نام سے دعا مانگتے ہیں انہیں کو پکارتے ہیں۔ نہ معلوم تربینی کا مسئلہ انہوں نے ہنود سے کس طرح سے اوڑا لیا۔ ہندو کہتے برتما۔ بشن۔ مہادیو۔ تین ملکر ایک خدا بنتا ہے۔ عیسائی بھی باپ بیٹے روح القدس کو ملا کر ایک خدا کہتے ہیں اور اس کا نام تثلیث ہے۔ جسپر انہوں نے نجات کا مدار سمجھ رکھا ہے ✣

ان کے راہب پادری جھوٹھ بولنے اور فتنہ اٹھانے اور ہیر حمی سکھانے میں استاد زمانہ ہوتے ہیں۔ جھوٹی تاریخیں لکھتے ان کو شرم نہیں آتی جغرافیہ میں جھوٹ بولنے سے انکو عار نہیں دوسرے کے بڑے سے بڑے واقعہ کو خفیف بنا کر اور اپنی ذرا سی بات کو پہاڑ بنا کر لکھنا اس قوم کا رویہ ہے جس نیک آدمی سے انکو عداوت ہو جائے اس کے اوپر الزامات لگانا اور اس کے واقعات کو برے رنگ میں رنگین کر کے لکھنا اور عبارت میں طعن و تشنیع اور چبھتے ہوئے فقرے لکھتے جانا اور اسکی عمدہ خوبی کو بھی تمسخر میں اڑاتے جانا باستثنائے بعض جلد عیسویاں حال و ماضی کا دستور ہے اور اسکو فصاحت سمجھتے اور اسپر ناز کرتے ہیں۔ مگر اس آزادی پر بھی یہ مذہب یورپ میں خواندہ لوگوں کے نزدیک ایسا لچر و پوچ ٹھہر گیا ہے کہ اب اسکی بدولت ان کو مذہب کے نام سے ہی نفرت ہوتی چلی ہے۔ پھر لطف یہ ہے کہ دینی لقب چھپا کر اپنا اعتبار جمانے کے لئے اپنے نام کے ساتھ حکیم فیلسوف ڈاکٹر کا خطاب لگا کر آنحضرت صلعم پر بہتان باندھنا ایک لازمی بات ہے ✣

رہے یہ دیندار مشنری جو مما کفتہ چسکلات کو مرکب ہو کر جہاں جاتے ہیں فتنہ اٹھاتے ہیں۔ اگر انکو مشن سے ملیدہ نہ ملے تو وہ دیکھئے خود بھی کسقدر دین عیسوی کی خاک اڑاتے ہیں۔ لوگوں سے یتیموں کی پرورش اور بیماروں کے علاج کے بہانہ سے خیرات لاتے ہیں۔ اور اسکو ان کے مذہب برباد کرنے میں اور باقی اپنے عیش و آرام میں

toobaa-elibrary.blogspot.com

اوڑاتے ہیں۔ رہا یہ الزام کہ قرآن میں چند قصص سنے سنائے جمع کر دئے لغو الزام ہے کیا تراشیدہ واقعات لکھتے۔ مگر ہمیں بھی قرآن نے اعجاز کہا ہے کیونکہ خود اہل کتاب کے ملہم جب ایک شخص کے واقعات لکھنے بیٹھے ہیں تو کسقدر کمی زیادتی کرتے ہیں۔ اور انمیں باہم کسقدر اختلاف[1] ہوتا ہے برخلاف قرآن کے کہ اس میں سرمو بھی تفاوت نہیں نہ انداز قصہ گوئی ہے +

یہ الزام کہ ادیان مختلفہ سے لیکر محمد (علیہ السلام) نے شریعت بنائی ہے حماقت کا الزام ہے کیسلئے کہ جب ادیان سابقہ بھی من اللہ تسلیم کئے گئے ہیں تو اب کیا ضرور تھا کہ خواہ مخواہ آپ ان کے برخلاف ایک انوکھی بات کہتے۔ خود اسلام کا دعوی ہے کہ وہ ادیان دلیل سابقہ کے تحریف و تبدیل دور کر کے سب میں سے اصل فطرت کو جمع کرنے آیا ہے۔ اسکی حقانیت کی یہی ایک دلیل کیا کم ہے کہ اسکی شریعت کا مادہ شرائع انبیاء سابقین سے ملتا جلتا ہے +

یہ کہنا کہ ان کے خوف کے مارے کوئی مثل قرآن بنا کر نہ لایا نہایت جاہلانہ کلام ہے۔ یہ دعوے تو قرآن کا اسوقت سے ہے جبکہ مکہ میں قریش کا غلبہ تھا اور یہاں زار پر دہاڑ تھی۔ اور اس کے بعد بہت سے قبائل عرب نے مسلمانوں سے صف آرائیاں کیں کیا اسوقت انکو کوئی خوف تھا کہ وہ قرآن کا مثل بنا کر بھیجدیتے ورنہ اپنی قوم میں تو مشہور کر دیتے اور اس کے بعد شام میں عرب متنصرہ موجود تھے اور اب تک ہیں ان کو کسکا ڈر تھا کہ وہ اس دعوے کی تکذیب کے لئے ایک دوسری کتاب فصیح عربی میں بنا کر مشہور کر دیتے اور اب کون مارتا ہے اب بھی +

[1] اناجیل اربعہ کا باہم حضرت مسیح کے حالات میں مقابلہ کر کے ملاحظہ فرمائیے۔ اور پھر کتاب الفاتح اول و دوئم اور کتاب صموئیل اول و دوئم سے لائے صرف مسیح کے نسبنامہ میں کتنی غلطیاں معلوم ہونگی۔ اور باہم کسقدر اختلاف نظر آئیگا ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

یہ کہنا کہ خود مسلمانوں نے سورتیں بنا کر اس دعوے کو باطل کر دیا شیعہ میں دس پارہ مشہور ہیں اور قرآن کو انہوں نے محرف بنا دیا کہ انہیں سے فضائل اہل بیت کی آیات نکال ڈالیں۔ حاشا ثم حاشا محققین شیعہ میں[1] سے یہ کسیکا بھی عقیدہ نہیں نہ وہ ان دس پاروں کے قائل ہیں شیخ صدوق وغیرہ نے اسکی تشریح کر دی ہے البتہ ایران فتح ہو جانے کے بعد بعض مجوسیوں نے یہ چال[2] کی کہ ظاہر میں تو اپنے آپ کو مسلمان اور حضرت علی کا محب مشہور کیا اور خلافت کے ایک معمولی اختلاف کو جو انتخاب کے وقت ہوا کرتا ہے حضرت عمر سے عداوت قلبی نکالنے کے لئے علی کی محبت و طرف داری کے پیرایہ میں ایسی ایسی روایات بھی گھڑ لیں کہ جن سے نہ صرف عمر و ابو بکر پر دھبہ لگے۔ بلکہ خود حضرت علی اور فاطمہ اور نعیبہ علیہ السلام اور خدائے قادر اور قرآن پر بھی عیب لگے جیسا کہ معترض نے بیان کیا اور ان کے چند حمقا مقلد اسباب کی قائل ہو گئے اور جاہلوں میں ایسی روایات مشہور کر دیں۔ اور جبکہ علی کی خلافت میں طلحہ و زبیر و بیوی عائشہ سے ایک بات میں اختلاف ہو کر انہیں شریروں کی شرارت سے خنگ کی نوبت آگئی گو بعد میں تصفیہ ہو گیا تو ان کو ایسی روایات مشہور کرنے کا عمدہ موقع مل گیا۔ اور حضرت علی کے طرفداروں کو انکی طرف کان دھرنے کا بھی موقع ہاتھ آگیا۔ پھر امیر معاویہ کے مقابلہ سے تو اور بھی گنجائش ہو گئی پھر بالخصوص یزید کے ظلم سے جو اس کے ہاتھ سے اہل بیت پر ہوا مجال اہل بیت کے لئے یہ روایات نہایت قابل اعتبار ٹھہر گئیں۔ اور بے احتیاط علماء نے جوش محبت اہل بیت میں ان کو اپنی کتابوں میں بھی درج کر لیا ہو

[1] شیعہ کے تین بڑے فرقے ہیں۔ زیدیہ۔ اسماعیلیہ اثنا عشریہ تینوں کے محققین اس کے منکر ہیں ۱۲ منہ

[2] چنانچہ دساتیر کے نامہ زردشت میں اسبات کی خبر دی گئی ہے کہ مجوسی لوگ مسلمانوں میں ملکر ان کے دین و مذہب میں خلل ڈالیں گے۔ بعض یمن کے یہودی بھی بلباس اسلام و محبت علی اس خلل اندازی میں مشہور ہیں منجملہ ان کے ایک شخص عبداللہ بن سبا تھا۔ جسکو خود حضرت علی نے کئی بار ایسے اقوال پر نکلوا دیا تھا ۱۲ طا

toobaa-elibrary.blogspot.com

کچھ تعجب نہیں اور بعد والوں کے لئے وہ حجت ہوگئی ہوں تو کچھ بھی بعید نہیں۔ اہل بیت میں ایک ذاتی خوبی تھی اور اس کے سبب وہ قابل مدح و محبت بھی تھے اور اسلام میں انکے بڑے بڑے مساعی جمیلہ بھی تھے اور پیغمبر علیہ السلام کے بہت سے علوم انہیں کے ذریعہ سے پچھلوں کو پہونچے اگر اسلئے انسے محبت رکھنا یا ان کی تعظیم کرنے کا آپنے حکم دیا تو کیا محل عیب ہے؟ مگر بنی امیہ کے جور و ستم کے زمانہ میں اہل بیت کے طرفدار پیدا کرنے کی غرض سے بہت سے محبان اہل بیت نے اہل بیت کے مناقب۔ اور سیدوں کے فضائل کی روایات بھی تصنیف کیں ہوں تو بعید از قیاس نہیں۔ مگر اس سے یہ خیال کر لینا کہ پیغمبر نے ان کی پرستش کا بندوبست کر دیا تھا۔ محض غلط اور باطلانہ خیال ہے۔ پیغمبر علیہ السلام نے احکام شریعت میں کسیکی کوئی بھی جانب داری نہیں فرمائی پیغمبر علیہ السلام کی یہ دو حدیثیں اس امر کے لئے کافی دلیل ہیں۔ جب آپنے قوم کو آخرت کے معاملہ سے متنبہ کیا۔ تو یہ بھی فرمایا کہ اے فاطمہ محمد کی بیٹی اسبات کے غرور میں نہ رہنا کہ میں محمد کی بیٹی ہوں۔ میں خدا کے عذاب کو دور نہ کر سکوں گا۔ اپنے عمل میں آپ کوشش کر ہاں دنیاوی معاملات میں جو باپ بیٹی سے کر سکتا ہے میں بھی کر سکتا ہوں۔ پھر جب فاطمہ کے لئے یہ ارشاد ہے تو کسی سید یا شیخ کی کیا مجال ہے کہ وہ یہودیوں کیطرح دعوے کرے۔ دوسری حدیث یہ ہے کہ ایک عورت قریشیہ نے مدینہ میں چوری کر لی تھی قریش کو اس کا ہاتھ کاٹنا ناگوار معلوم ہوا۔ اسامہ بن زید کو جن سے حضرت کو بڑی محبت تھی سفارش کے لئے بھیجا اسامہ نے لب کشائی کی ہی تھی کہ آپ سخت ناراض ہوئے اور فرمایا اگلی قومیں اسی لئے ہلاک و برباد ہوئیں کہ احکام الٰہی غریبوں پر تو جاری کرتے تھے شریفوں پر نہ کرتے تھے مجھے اپنے خدا کی قسم اگر میری بیٹی فاطمہ بھی چوری کرتیں تو میں انکا بھی ہاتھ کٹوا دیتا۔

انہیں مجوسیوں نے یہ بھی گھڑ لیا کہ عمر نے فاطمہ کے لات ماری جس سے انکا حمل ساقط

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہوگیا اور علی کے ساتھ برے سلوک کئے اول تو عمر کی مجال کیا تھی ان کے پاس کونسا لشکر تھا اور ان کا قبیلہ ہی کیا تھا جو وہ ایسا کر سکتے تھے بمقابلہ علی و فاطمہ کے کہ جن کے باپ پر انصار و مہاجر ایمان لائے تھے ان کو عمر کے ساتھ کیا تعلق تھا جو وہ ایسا دیکھ سکتے تھے خاص بنی ہاشم کیا کم تھے جو وہ اپنی عزتی غیرت کو خیرباد کہہ کر ایسا معاملہ دیکھتے۔ جن ملکوں میں قبائل ہیں وہاں قبائل کی حمیت و حمایت مشہور ہے۔ اور بمقابلہ عمر کے بنی امیہ بھی بنی ہاشم کے ساتھ ہو جاتے کیونکہ ان کے بہت قریب کے ہم جدی تھے۔ غریب مجوسی نے اپنے ملک پر قیاس کر کے ایسی روایات گڑھ دیں کہ خبگو واقعات جھٹلا رہے ہیں۔ ابوبکر۔ عمر کی خلافت شاہانہ انداز میں تو تھی ہی نہیں کہ ہاتھی گھوڑے جلو میں چلتے ہوں بڑے بڑے محل حسین عورتوں سے بھرے ہوئے ان کے لئے تیار ہوں باورچیخانے میں ہزاروں قسم کے کھانے پکتے ہوں۔ محض جمہوری خلافت تھی۔ خلیفہ کو نپی تلی تنخواہ ملتا تھا شاید تخمیناً تیس روپیہ ماہوار خرچ کے لئے ملتے تھے اس کے سوا ایک پیسہ بھی وہ اپنے مصارف ذاتی اور خانگی میں نہیں لا سکتے تھے۔ ان کی بات بات پر ہر مسلمان کو اعتراض کرنیکا مجاز تھا۔ خود حضرت علی دونوں خلافتوں میں سرگرمی رہے۔ پھر وہ کیا حق اور کیا دنیا کی دولت تھی جسکا انہوں نے غصب کر لیا تھا؟ بلکہ قوم کی خدمت اور بڑی ذمہ داری تھی۔ جسلئے انہوں نے اپنی اولاد کے لئے اس عہدہ کو پسند نہ کیا قوم کی رائے پر چھوڑ دیا۔ پھر اگر پیغمبر علیہ السلام اس عہدہ کو کسکے واسطے مخصوص کر جاتے تو وہ قوم کہ جس نے ان کی حیات میں بھی جان نثاری کی اور بعد میں بھی وہی سرگرمی وہی دینی نشہ انمیں تھا۔ اپنے ہادی کا اتنا سا حکم بھی نہ مانتے بعید از قیاس ہے۔ اور خاص علی کے لئے خبگو خود اوسی قوم نے آخر کار خلافت کے لئے منتخب کیا اور ان کے محامد و مناقب بھی قوم میں مشہور تھے +

رہا فدک وغیرہ زمین کا حصہ ترکہ حضرت فاطمہ میراث کی خواہاں ہوئی ہوں گی

toobaa-elibrary.blogspot.com

مگر جب یہ ظاہر کیا گیا کہ حضرت پیغمبر اپنے بعد کوئی مال نہیں چھوڑ گئے نہ یہ ان کی شان تھی اور جب مال ہی نہیں تو میراث کس چیز میں جاری ہو سکتی ہے۔ ہاں جو زمین آپنے وقف کر دی تھی اور اقارب کا نفقہ جسطرح اپنی حیات میں دیتے تھے وہ بدستور ملیگا۔ اسلئے فاطمہ رضی اللہ عنہا ساکت ہوئیں اور پھر اس بارہ میں کلام نہ کیا۔ اس بات کو مجوسیوں نے کن کن رنگ آمیز پیرایوں سے مشہور کیا ہے۔ سادہ لوحوں کو اس پر اعتبار ہو گیا۔ اہل بیت کا دشمن سمجھ کر حضرت ابوبکر و عمر کو گالیاں دینا جزو ایمان سمجھ لیا۔ یہ کہنا کہ علی کے دل میں کچھ اور تھا ظاہر داری میں خلفاء کے ساتھ برتاؤ اور سلوک اتھا۔ یہ اوس شیر خدا پر حملہ کرتا ہے۔ جسکو ان کے فرزند ارجمند امام حسین کا معرکہ کربلا باطل کر رہا ہے۔ یزید کی طرف سے تخمیناً ۲۵ ہزار لشکر محیط تھا اور صرف وہ یہ چاہتے تھے کہ یزید کو آپ خلیفہ مان لیں۔ مگر آپنے وہ تقیہ اختیار نہ کیا باوجودیکہ بہت ہی کم لوگ آپکے ہمراہ تھے اور اور پھر کس جوانمردی سے مقابلہ کر کے ثابت کر دیا۔ کہ بنی ہاشم کسی سے جھجکی نہیں کھاتے۔ مجوسی نسلوں نے اس معاملہ کو بھی اپنے معاملات اور اپنی مسئولات کے گریہ وزاری پر محمول کر کے مرثیہ تصنیف کئے تاکہ خواہ مخواہ لوگوں کو رونا آئے۔ اور ان کی محفل کا رنگ جمے۔

یہ کہنا کہ آنحضرت کے پاس کوئی معجزہ نہ تھا تلوار کے زور سے لوگوں کو مطیع کر لیا نہایت بیوقوفی ہے۔ کیونکہ ہجرت سے پہلے مکہ میں اور انصار کے ایمان لانے میں کونسی تلوار تھی۔ پھر ہزاروں معتبر خداترس تو آپکے معجزات و آیات کے مشاہدہ کرنے والے اپنی آنکھوں دیکھی ہوئی چیز کا اقرار کریں۔ اور اپنے ایمان لانے کا یہی وہی سبب بتائیں اور ایک شخص سیکڑوں برسوں کے بعد محض اپنی بدگمانی اور حسد و بغض سے یا اُن منافقوں اور دشمنوں کی بے اصل روایت سے انکار کرے۔ بھلا کوئی بھی عاقل خداترس با انصاف اس کے انکار کو مانے گا؟

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور یہ کہنا کہ اسلام کی بڑی عبادت وحشیانہ میلے میں شرکت کرنا اور وحشیانہ وضع بنا کر غل مچانا اور جانور ذبح کرنا ہے اوس سے بھی زیادہ حماقت ہے کاش وہ متعصب معترض اعتراض کرنے سے پہلے قرآن کے اصول حسنات پر واقف ہو جاتا اور ان روحانی برکات سے اور جمع کی اصل حقیقت سے خبردار ہو جاتا تو ایسا مہمل اعتراض کر کے ذلیل نہ بنتا۔ نہ ماہرین قرآن اسپر مضحکہ کرتے +

یہ کہنا کہ آپ مجمع مکر و فریب تھے آپ کے انتقال کرتے ہی وہ جھوٹی قلعی کھل گئی ان کے مرید معتقد آپس میں لڑنے لگے۔ اور ان کا وہ اثر بہت جلد زائل ہو گیا۔ دنیا کی آنکھوں میں خاک ڈالنا ہے کیونکہ تمام مورخین باوجود تعصب و عناد کے اس بات پر متفق ہیں کہ جو کچھ نبی عربی نے توحید و خدا پرستی کا دلو پر رنگ چڑھایا تھا وہ ایسا پختہ رنگ تھا کہ آپ کے بعد بھی جبکہ وہ دنیا کی سرسبز سلطنتوں کے مالک و متصرف ہو گئے اور قیصر و کسرے کے تاج سر سے اتار ڈالے اور ان کی ہیبت کا دنیا کے آباد حصہ پر وہ اثر طاری ہوا کہ بڑے بڑے جبار عرب کی آبادی تلواروں کا تصور کر کے کانپ اٹھتے تھے اسوقت بھی انمیں وہی درویشانہ صاف خصائل اور پاک اور پرہیزگارانہ زندگی اور اخلاق و راستبازی کا وہی رنگ تھا جو ان کے ہادی نے اپنر چڑھایا تھا۔ انمیں وہی شب خیزی وہی پرہیزگاری وہی عفت وہی صبر وہی خدا پرستی وہی فروتنی حلم و تواضع مہمانوازی وہی شجاعت وہی دینی جوش وہی دنیا سے نفرت آخرت سے رغبت باقی تھی۔

اعتراض کے دوسرے حصہ کا جواب مسلمانوں کی معاشرت عورتوں سے اختلاط اور لونڈیوں کا رکھنا بالکل دروغگوئی ہے جسکی تکذیب مشاہدہ اور یورپ کے فلاسفر کر سکتے ہیں۔ بلکہ عیسوی معاشرت شہوت پرستی شراب خواری مکر و فریب ہے۔ گو جو بعض جہال مسلمانوں میں جہل اور بت پرستوں یہودیوں عیسائیوں مجوسیوں کے اختلاط سے بری حالت پیدا ہو گئی ہے۔ جبکہ قرآن و احادیث میں اس کا رد ہے علماء اسلام

toobaa-elibrary.blogspot.com

قولاً و تحریراً اسکو رد کرتے چلے آرہے ہیں تو وہ اسلام کے لئے باعث عیب نہیں ہوسکتی بلکہ یہ انہیں کا عیب شمار ہوگا جو اسمیں مبتلا ہیں خواہ وہ مولوی ہوں خواہ پیر ہوں یا انکی اولاد ہوں یا سید ہوں یا شیخ ہوں ✣

اب ہم اپنی تائید میں فرنگستان کے بعض مصنفوں کے اقوال نقل کرتے ہیں

گاڈفری ہیگنس

اپنی اپالوجی آف اسلام میں لکھتے ہیں کہ **گبن** صاحب لکھتے ہیں چاروں خلفاء کے اطوار یکساں اور بے مثل تھے۔ ان کی سرگرمی دلدہی۔ اخلاص کے ساتھ تھی۔ شروت و اختیار پاکر بھی انہوں نے اپنی زندگی کو اخلاقی و مذہبی فرائض کے ادا میں صرف کیا۔ جبکہ حضرت محمد پر ہر طرف سے مصائب کے تیر برس رہے تھے اور آپ اپنے وطن چھوڑنے پر مجبور کئے گئے اسوقت بھی یہی لوگ آپ کے ساتھ شریک ہوگئے اور ہر قسم کی ایذائیں برداشت کرتے رہے۔ ان کے اسوقت تبدیل مذہب کر کے اسلام اختیار کر لینے سے انکی صداقت اور راستبازی ثابت ہوتی ہے۔ اور دنیا کی سرسبز سلطنتوں کو قبضہ میں لانے سے ان کی لیاقت کی فوقیت معلوم ہوتی ہے۔ ایسی حالت میں کوئی گمان کرسکتا ہے کہ ایسے قابل اشخاص نے ایذائیں سہیں اپنا پہلا مذہب چھوڑ کر اسلام اختیار کیا اور اسمیں پرہیزگاری کے ساتھ قائم رہے اور اپنے ملک سے جلاوطنی اختیار کی یہ سب ایک ایسے شخص کے لئے تھا کہ جسمیں ہر قسم کی برائیاں ہوں اور وہ پرفن دعویدار ہو اور اس کی تعلیم ان کی ابتدائی زندگی اور ان کی آزادانہ معاشرت کے بھی خلاف ہو۔ اسپر ہرگز یقین نہیں ہوسکتا اور خارج از حیطۂ امکان ہے۔ عیسائی اسکو یاد کریں تو اچھا ہو کہ محمد کی تعلیم نے ان کے مریدوں کے دلمیں ایسا فتنا پیدا کیا جیسا کو عیسے کے ابتدائی پیروؤں میں بھی تلاش کرنا بیکار ہے۔ ان کا مذہب اس تیزی کے ساتھ دنیا میں پھیلا کہ جس کا نظیر

toobaa-elibrary.blogspot.com

۲۷ ہندوستان کا شعور و معرفت خاص طور سے تھا جو ۱۳ سو برس صدی عیسوی میں پایا

نہیں ملتا چنانچہ نصف صدی سے کم میں اسلام بہت سی سرسبز اور عالیشان سلطنتوں پر غالب آگیا۔ عیسے کو جب سولی دینے لے چلے تو ان کے مرید بھاگ گئے ان کا دینی نشا جاتا رہا اور اپنے معتقد کو موت کے پنجہ میں گرفتار چھوڑ کر چلدیئے۔ اگر وہ انکی حفاظت نہ کر سکتے تھے تو ان کی تشفی کے لئے تو موجود رہتے اور استقلال سے اپنے اور ان کے دشمنوں کو دھمکاتے۔ برخلاف اس کے محمد صاحب کے معتقد اپنے مظلوم پیغمبر کے گرد آئے اور آپ کے بچاؤ میں اپنی جانیں خطرہ میں ڈالدیں اور آپ کو دشمنوں پر غالب کردیا +

گبن[۱] صاحب اپنی تاریخ میں لکھتے ہیں۔ محمدؐ کا مذہب شکوک و شبہات سے پاک ہے۔ مکہ کے پیغمبر نے انسانوں بتوں ستاروں بیماروں کی پرستش کو معقول دلیل سے رد کیا اسنے اپنی سرگرمی سے کائنات کے بانی کا ایک ایسا وجود تسلیم کیا کہ جسکی نہ ابتدا ہے نہ انتہا نہ وہ کسی شکل میں محدود ہے نہ کسی مکان میں موجود نہ اسکا کوئی ثانی ہے جس سے اسکو تشبیہ دیسکیں پیغمبر نے الہیات کے بڑے بڑے حقائق کو ظاہر کیا اور اس کے پیرو اس نے مستحکم ہوکر انکو قبول کیا۔ اور قرآن کے مفسروں نے بڑے دلائل عقلیہ سے ان کی تفسیر و تشریح کی۔ جو ایک بڑا حکیم خدا کی ذات و صفات کی نسبت اعتقاد رکھتا ہے وہ کہہ سکتا ہے کہ محمد کے عقائد ہمارے ادراک اور قوی موجودہ سے بھی بہت بڑھکر ہیں۔ جن اصل الاصول کی بنیاد عقل اور وحی پر ہے وہ محمد ہی کی شہادت سے استحکام پذیر ہوئے۔ ان کے معتقد مراکش سے لیکر ہندوستان تک موحد کے لقب سے ممتاز ہیں۔ اور بتوں کو حقیر ٹھہراکر ہمیشہ کے لئے بت پرستی کا خطرہ مٹادیا +

ڈاکٹر اسپرنگر کہتے ہیں محمد کو نکلتے ہوئے آفتاب برستے پانی۔ اور اگنی گھاس میں خدا ہی کا یہ قدرت دکھائی دیتا تھا۔ اور غرش رعد اور آواز آب و طیور کے نغمے میں

toobaa-elibrary.blogspot.com

حمد الٰہی کی آواز سنائی دیتی تھی اور سنسان جنگلوں اور پرانے شہروں کے خرابات میں خدا ہی کے آثار قدرت وجبروت دکھائی دیتے تھے۔

راوڈویل دیباچہ قرآن میں اقرار کرتا ہے کہ محمدؐ کے سب کام اس نیک نیتی کی تحریک سے ہوتے تھے کہ اپنے ملک کو جہالت اور ذلت پرستی سے چھڑائیں اور ان کی انتہا درجہ کی خواہش جو اپنے مستولی تھی سب سے بڑے امر حق یعنے **توحید** الٰہی کی اشاعت تھی۔ گو انہوں نے بعض مصالح سے اپنے آپ کو خدا کا رسول[1] امین تصور کر لیا تاہم محمدؐ کی سیرت اوس قوت وحیات کا کہ جسکو خدا اور قیامت پر اعتقاد کامل ہوتا ہے۔ ایک عجیب نمونہ تھی۔ جسمیں سے بہت کچھ نیک نتائج پیدا ہو سکتے ہیں۔ اسمیں کوئی بھی شبہ نہیں کہ ان کی ذات کریم اور سیرت کی صداقت سے انکو اون لوگوں میں تصور کرنا چاہیئے کہ جنکو ایمان واخلاق اور ابنائے جنس کی تمام حیات پر **کامل اختیار اور پورا اقتدار** حاصل ہوتا ہے جو حقیقت میں بجز کسی **اولوالعزم** کے اور کسیکو حاصل نہیں ہوتا۔

لارڈ ولیم میور باوجود متعصب عیسائی ہونے کے آخر الامر اپنی کتاب سیرت محمدیہ میں اسقدر اقرار کرنے پر مجبور ہی ہوئے۔ ایک زمانہ نامعلوم

[1] یہ جملہ ان کا وہی یاوہ گو تعصب ہے جو مجبوراً ان کے قلم سے سرزد ہو گیا ورنہ جس کی ذات میں اتنے صفات حمیدہ ہوں جو بجز انبیاء اولوالعزم اور کسی میں نہیں ہوتے اور جن کی خبریں بائبل میں صاف صاف ہیں اس کے رسول امین ہونے میں کیا شک ہے اور عجب تر یہ ہے کہ حضرت مسیح نے کہیں نہیں کہا کہ میرے بعد کوئی رسول نہیں آئے گا۔ بلکہ آنے کا اشارہ کیا ہے اور ان کے بعد عیسائی ان لوگوں کو بھی رسول مانتے ہیں جنمیں بمقابلہ نبی کریم کے کچھ بھی صفات جمیلہ نہ تھے جیسا کہ پولس پیرنہ معلوم باوجہ تصدیق مسیح وانجیل کے اور ان کی والدہ کی باکہ انہی پر شہادت دینے کے حضرت محمد صلعم کے رسول امین ماننے سے کون امر مانع ہے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

مکہ اور جزیرۂ عرب کی روحانی کیفیت بالکل بجس ہوگئی تھی۔ گو ایک ضعیف اور ناپیدار اثر یہودیت و نصرانیت یا فلسفہ کا عرب پر نمودار ہوا تھا۔ جیسا کہ ایک دریا چہ غیر رواں کے سطح کا ادھر اُدھر لہرانا مگر تہ میں بجس و بے حرکت رہنا۔ تمام عرب توہمات اور بدکاریوں میں غرق ہو رہے تھے۔ یہ عام رسم تھی کہ بڑا بیٹا اپنے باپ کی بیوہ کو بیاہ لیتا تھا انکے غرور و افلاس سے انہیں رسم دخترکشی بھی جاری تھی جیسا کہ ہندوؤں میں ہے۔ انکا مذہب حد درجہ کی بت پرستی تھا۔ اور ان کا ایمان ایک مسبب الاسباب مالک علی الاطلاق پر نہ تھا بلکہ ارواح غیر مرئیہ کے توہم باطل جیسی ہیئت کا انکا ایمان تھا۔ قیامت اور جزا و سزا جو فعل یا ترک کا باعث ہو اسکی انہیں خبر ہی نہ تھی ہجرت سے تیرہ برس پیشتر (یعنے اظہار نبوت سے پہلے) تو کہ اس طرح سے ایسے ذلیل حالت میں بچان پڑا ہوا تھا مگر ان تیرہ برسوں نے کیا ہی اثر عظیم پیدا کیا کہ سیکڑوں آدمیوں نے بتوں کی پرستش چھوڑ کر خدائے واحد کی پرستش اختیار کرلی۔ اور اپنے اعتقاد کے موافق وحی الٰہی کی ہدایت کے مطیع و منقاد ہوگئے وہ اسی قادر مطلق سے بکثرت و شدت دعا مانگتے تھے۔ اسکی رحمت پر مغفرت کی امید رکھتے تھے اور حسنات و خیرات و پرہیزگاری اور انصاف کرنے میں بڑی کوشش کرتے تھے۔ اب انہیں شب و روز اسی قادر مطلق کی قدرت کا خیال رہنے لگا۔ اور وہ یہی سمجھنے لگے کہ وہی رازق ہمارے ادنی حوائج کا بھی جبر گیراں ہے ہر ایک قدرتی یا طبعی کیفیت میں ہر ایک امور متعلقہ زندگانی میں اور اپنے خلوت و جلوت کے ہر ایک حادثہ اور تغیرات میں وہ اسی کے ید قدرت کو دیکھتے تھے اور اسکے علاوہ۔ وہ لوگ اوس روحانی حالت کو جسمیں وہ خوشحال اور حمد کناں رہتے تھے خدا کے فضل خاص اور رحمت باختصاص کی علامت سمجھتے تھے۔ اور اپنے کافر اہل شہر کے کفر کو خدا کا مقدر خذلان جانتے تھے اور محمد کو وہ اپنی تازہ حیات بخشنے والا سمجھتے تھے اخیر اس تو

toobaa-elibrary.blogspot.com

عرصہ میں کہ اِس عجب تاثیر کے سبب دو حصوں میں منقسم ہوگیا۔ مسلمانوں نے مصیبتوں کو تحمل اور شکیبائی سے برداشت کیا۔ الخ ایک سو مرد و عورت اپنے عزیز امیان سے انکار نہ کر کے اپنا گھر بار چھوڑ حبش کو ہجرت کر گئے پھر اِس سے زیادہ آدمی اور خود نبی بھی اپنے عزیز شہر اور مقدس کعبہ کو چھوڑ کر مدینہ میں ہجرت کر کے چلے آئے یہاں بھی اوس عجیب تاثیر نے اِن لوگوں کے لئے ایک ایسی برادری تیار کر دی جو نبی اور مسلمانوں کی حمایت میں جان دینے کو تیار ہو گئے۔ مدینہ کے باشندوں کے گرچہ مدت سے یہود کی حقانی باتیں کانوں میں پڑی ہوئی تھیں مگر وہ بھی اسوقت تک خواب خرگوش سے بیدار نہ ہوئے جبتک کہ نبی عربی کی پر تاثیر اور روح کو کپکپا دینے والی باتیں ان کے کانوں میں نہ پڑیں تھیں اب وہ بھی ایک نئی اور سرگرم زندگانی میں دم بھرنے لگے۔

ایک مقام پر اِسی کتاب میں یہ بھی ہے کہ ہم بلا تامل اِس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ اسلام نے ہمیشہ کیواسطے اکثر توہمات باطلہ کو کالعدم کر دیا۔ اسلام کی صدائے جنگ کے روبرو بت پرستی موقوف ہوگئی اور خدا کی واحدانیت اور غیر محدود کمالات اور قدرت کاملہ کا مسئلہ حضرت محمد کے معتقدوں کے دلوں اور جانوں میں ایسا ہی زندہ اصول ہوگیا جیسا کہ خاص حضرت محمد صاحب کے دلمیں تھا۔

مذہب اسلام کی پہلی بات جو خاص اسلام کے معنے میں ہے یہ ہے کہ خدا کی مرضی پر توکل کرنا چاہیئے۔ بلحاظ معاشرت کے بھی اسلام میں کچھ کم خوبیاں نہیں۔ چنانچہ مذہب اسلام میں یہ ہدایت ہے کہ سب مسلمان آپسمیں برادرانہ محبت رکھیں یتیموں کے ساتھ نیک سلوک کریں۔ غلاموں کے ساتھ نہایت شفقت سے پیش آئیں نشہ کی چیزوں کی سخت ممانعت ہے۔ مذہب اسلام اِس بات پر فخر کر سکتا ہے کہ اسمیں پرہیزگاری کا ایک ایسا حصہ موجود ہے جو کسی دوسرے مذہب میں نہیں پایا جاتا۔ انتہی۔

اِن مصنفوں کے سوا بہت سے فرنچ اور جرمنی فاضلوں نے اِن سے بھی زیادہ زیادہ شہادت ادا کی ہے اور بڑی تفصیل سے اپنے بیان کو مدلل کیا ہے۔ اور

toobaa-elibrary.blogspot.com

خلفاء کے حالات میں تو اسقدر مخلوق شاہد ہے کہ جن کا حد و شمار نہیں اور یہ مسئلہ مسلمات عالم سے ہوگیا ہے کہ خلفاء دنیا کی سرسبز سلطنتوں پر بہت جلد قابض ہو جانے کے بعد بھی جسکا نظیر دنیا میں موجود نہیں اوسی درویشانہ حالت میں زندگانی اور زندگی میں فرائض مذہبی و اخلاقی اوسی سرگرمی سے ادا کیا کرتے تھے۔ خلیفہ کے لئے نہ کوئی مخصوص قصر شاہانہ بیٹھنے کے لئے کوئی شاہانہ ایوان تھا۔ خلفاء کے گھر معمولی لوگوں کے گھروں سے بھی پست حالت میں تھے کچے مکان کھجور کی لکڑیوں سے پٹے ہوئے زیادہ بارش میں ٹپکتے تھے اور گر جانے کا احتمال رہتا تھا اور بہت ہی مختصر اور بقدر ضرورت تھے نہ خلفاء لباس میں معمولی لوگوں سے ممتاز تھے بلکہ ان سے بہت ہی فروتر حالت میں رہتے تھے۔

حضرت عمر کے کرتے پر متعدد پیوند لگے رہتے تھے۔ نہ ان کے دروازوں پر شاہانہ پہرا لگا رہتا تھا نہ ان کی سواری دھوم دھام سے نکلتی۔ بلکہ وہ معمولی لوگوں کی طرح تن تنہا رجہاں چاہتے چلے جایا کرتے تھے اور اپنے خرید و فروخت کے سب کام آپ کر لینے میں کوئی شرم نہیں کرتے تھے۔ ان کے پاس ہر ایک واردات کو رسائی تھی۔ خلافت کے کاموں میں مصروف رہنے کے سبب قوم نے ان کی بہت ہی تھوڑی سی تنخواہ مقرر کر دی تھی جسکا تخمینہ تیس بتیس روپیہ ماہوار کے قریب ہے۔ اسمیں وہ اور ان کے متعلقین گزر اوقات کیا کرتے تھے۔

اسپر انکی شب خیزی عبادت ترک دنیا راتدن دار باقی میں جانے کے لئے توشہ جمع کرنا۔ ان کی فضیلت کی نمایاں دلیل ہے۔ اخلاق اور اسپر تواضع و فروتنی حلم و عفو میں وہ انسان کامل شمار ہوتے تھے۔ ایک ادنی شخص کو بھی ان کے طریق عمل پر اعتراض کرنے کا اختیار تھا اور اسکو بھی وہ اوسی التفات سے سنتے تھے جو قوم کے معزز افراد کی سنتے تھے۔ اپنی ذاتی خواہش سے ایک ادنی شخص کو وہ ایک طمانچہ مارنے یا ایک دن کی قید کر دینے کے بھی مجاز نہ تھے ان کے عدل و انصاف کے واقعات

toobaa-elibrary.blogspot.com

اگر تحریر کئے جائیں تو ضخیم دفتروں میں نہ سمائیں۔ حضرت عمر نے جب کسی مصلحت قومی سے خالد بن ولید کو عہدہ سپہ سالاری سے معزول کر کے ان کی جگہ ابو عبیدہ بن الجراح کو قائم کیا اور خطبہ میں قوم کے سامنے اس حکم کا اعلان کیا تو ایک نوجوان لڑکے نے جو خالد کی قوم کا تھا اوس بھری مجلس میں باواز بلند ایسا سخت کلمہ پکار کر کہدیا کہ جس کے سننے کی ایک معمولی آدمی کو بھی تاب نہیں۔ کہدیا کہ اے عمر تیرے دل سے ابھی تک ایام جاہلیت کی وہ عداوت نہیں نکلی جو تجھے خالد سے تھی۔ اسپر قوم کے اعیان کو ملال پیدا ہوا مگر انکا ملال دور کر دینے کے لئے خود عمر نے ہی فرمادیا۔ کہ لڑکا ہے یہ اسرار سلطنت کیا جانے +

ایک بار حضرت عمر مدینہ میں جارہے تھے اندھیری رات تھی کسیکے پاؤں پر نادانستگی سے پاؤں پڑ گیا۔ اس نے کہا کیا تو اندھا ہے حضرت عمر نے فرمایا معاف کیجئے ظلمت شب نے اندھا کر دیا اسپر وہ حضرت عمر کو پہچان کر معذرت کرنے لگا حضرت عمر نے فرمایا کچھ مضائقہ نہیں تو برسر حق ہے۔ قصور میرا ہی تھا +

بیت المقدس کا جب اسلامی لشکر نے محاصرہ کر لیا تو اوہرسے یہ شرط ٹھہری کہ تمہارا خلیفہ آئے اور ہم اسکو دیکھیں اور خود اوس سے عہد کریں تو شہر تمہارے سپرد کر دینگے۔ مدینہ میں اس امر میں اہل شوریٰ کا اختلاف ہوا مگر حضرت علی نے یہی فرمایا کہ امیر المومنین کا وہاں جانا ضرور ہے۔ اب عمر شام چلے اور قوم نے کیا ساماں سفر مہیا کر دیا۔ کچھ ستو اور ایک اونٹ کہ جسکی پشت پر ستو اور ایک کاٹھ کا بلاق لٹکا ہوا تھا اور ایک غلام۔ آدھی دور عمر سوار ہوتے تو غلام مہار تھام کر چلتا اور غلام سوار ہوتا تو عمر مہار تھام کر آگے آگے چلتے۔ اور مقام پر پہونچکر باری باری کام کرتے۔ رستہ میں عمال کے ظلم و جفا دور کرتے گئے وہاں پہونچے تو لشکر اسلام نے ان کے خیر مقدم میں تکبیر کا نعرہ بلند کیا۔ اہل شہر نے دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ امیر المومنین

toobaa-elibrary.blogspot.com

تشریف لے آئے ہیں۔ اب امیر المومنین قوم کی طرف سے مجبور کئے گئے کہ عمدہ لباس پہنکر عمدہ گھوڑے پر سوار ہو کر عیسائیوں سے گفتگو کرنے چلیں۔ دو چار قدم چلے تھے کہ گھوڑے سے اتر پڑے اور کہا میرا دہی پیوند لگا ہوا لباس لاؤ کس نے کہ اس لباس اور اس شان سے میرے دلیں کبر پیدا ہوا تھا اور مجھے پیغمبر علیہ السلام سے سنا ہے کہ جس کے دلمیں رائی کے دانہ کے برابر بھی کسی شے کا کبر ہوگا وہ جنت کی بو بھی نہ سونگھے گا۔

حضرت علی کے اس سے بھی زیادہ حالات حیرت بخش ہیں۔ منجملہ اُن کے ایک یہ ہے کہ اپنی خلافت میں آپنے ایک یہودی سے زرہ خریدی تھی اور اس کے دام بھی اسیوقت دیدیئے تھے مگر یہودی نے امتحان کرنے کے لئے حضرت علی پر دعوے دائر کر دیا۔ قاضی شریح تھے انہوں نے اوسی عام قاعدہ سے اپنے بادشاہ کو بھی حاضری عدالت کا حکم دیا۔ حضرت علی تشریف لائے انکو یہودی کے دعوے سے مطلع کیا گیا آپنے فرمایا میں قیمت ادا کر چکا ہوں۔ قاضی نے فرمایا اب ثبوت آپ پر ہے شہادت پیش کیجئے۔ ورنہ آپ پر ڈگری ہے حضرت علی نے شہادت میں اپنے فرزند امام حسن اور غلام قنبر کو پیش کیا یہودی نے جرح کی کہ بیٹے کی باپ کے حق میں اور غلام کی آقا کے حق میں شہادت کیونکر معتبر ہو سکتی ہے قاضی نے جرح کو تسلیم کر کے حضرت علی پر ڈگری دیدی۔ حضرت علی نے یہودی کو بار ڈگر روپیہ دیدیئے یہودی نے روپیہ لیکر اقرار کیا کہ میں جھوٹا تھا صرف اسلامی عدالت اور اس کے قاضی اور بادشاہ کے انصاف کا امتحان مقصود تھا۔ بعد میں وہ اسی بات پر مسلمان بھی ہو گیا۔

جب یہ مسلم الکل ہے کہ خلفاء آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی روبرو اور بعد ویسے ہی باخدا تھے۔ اور ان کی سلطنت شخصی جابرانہ نہ تھی نہ ان کے پاس اوس قوم کے سوا کہ جو آنحضرت صلعم پر ایمان لائی۔ اور آپ کے بعد بھی آپ پر جان نثار تھی۔ اور کوئی سپاہ تھی نہ ان کے پاس مال و اسباب جو حشم تھے۔ تو ان کی نسبت ایسی روایات کا تسلیم کر لینا کہ وہ آپ کے بعد اسلام سے پھر گئے تھے دین اسلام پر قائم نہ رہے تھے۔ پیغمبر علیہ السلام سے انکو محبت باقی نہ رہی تھی نہ وہ قرآن کریم پابند

لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ

اللہ ان مسلمانوں سے راضی ہو گیا کہ جو ایک درخت کے تلے اے محمدؐ بیعت کر رہے تھے۔

وَالزَّمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى وَكَانُوْٓا اَحَقَّ بِهَا وَاَهْلَهَا اور ان مسلمانوں پر پرہیزگاری کا کلمہ لازم کر دیا اور وہ اسکے مستحق اور اہل بھی تھے (لازم کبھی جدا نہیں ہوتا)۔

وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ

اور جو محمدؐ کے ساتھ والے ہیں کافروں پر سخت اور بیحد بڑے رحول ہیں تم ان کو رکوع سجود کرتے ہی دیکھو گے

toobaa-elibrary.blogspot.com

رہے تھے۔ بالکل حماقت اور خلاف بداہت ہے جسکا نہ کوئی اسلامی قائل ہو سکتا ہے نہ غیر اسلامی
پھر اس کے بعد اگر بالفرض انمیں کسی معاملہ میں اختلاف رائے پیدا ہوا ہو اور اس سے
یا کسی دنیاوی معاملہ سے کوئی برادرانہ گلہ یا ملال بھی پیدا ہوا ہو۔ جو شان بشریت ہے تو
اسکو ان کی باہمی عداوت اور کینہ پر محمول کر لینا اور اسپر یہ قیاس پیدا کر لینا کہ معاذ اللہ حضرت
سیدۃ النساء فاطمہ زہرا سے انکو عداوت قلبی تھی اور ان کی ساتھ وہ جابرانہ ظالمانہ برتاؤ
سے پیش آئے تھے۔ یا حضرت علی مرتضے سے انکو عداوت تھی انپر ظلم و ستم کئے تھے یا خود
حضرت علی کو انتخاب خلافت کے سبب انسے دلی کینہ تھا یا قوم کو حضرت پیغمبر علیہ السلام کی اولاد
پاک سے بغض و کینہ تھا اور وہ انکی اہانت و ذلت کے درپے تھے محض بیہودہ خیال
اور حمقاء و سفہاء کی تسئید ہے جو واقعات اور قرآن کے بھی سراسر خلاف ہے۔

ہاں بنی امیہ بالخصوص یزید نے محض امارت و خلافت کے سبب حضرت علی اور ان کی
اولاد سے مخالفانہ بلکہ ظالمانہ برتاؤ کیا جس سے بجز ان کی فوج اور ان کے ماتحت لوگوں
کے جملہ امت محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام انسے بیزار تھی اور انکو مورد ملام سمجھتے رہے
اہل مکہ و اہل مدینہ سب بنی امیہ سے ناراض تھے۔ یہ انکی وہ قدیم عداوت خاندانی تھی۔ جو
ابتداء میں اثر نبوت سے دب گئی تھی۔ اور بعد میں ان کے عروج دنیاوی کے سبب ظہور پذیر
ہوئی۔ اسکے وہی ذمہ دار ہیں نہ جملہ امت محمدیہ۔

مگر عیسائیوں سے بسا تعجب ہے کہ وہ اسلام اور حضرت نبی کریم سے بغض و عداوت
رکھیں کیونکہ عیسائی تعصبات اور ان کے متاخرین پیشواؤں کے غلو ہو کر عیسائی مذہب
اور اسلام میں جسقدر اتحاد و یگانگت ہے اتنا اور کسی مذہب میں نہیں یہاں تک کہ بعض عیسائی
فاضلوں نے اقرار کر لیا ہے کہ اسلام مذہب عیسوی کی ایک شاخ ہے جسنے زوائد کی قطع و
برید کر دی ہے۔ اور جبکہ حضرت محمد حضرت مسیح کی شہادت دے رہے ہیں اور قرآن ان کی
اور انکی والدہ کی تطہیر بیان کر رہا ہے تو ہم عیسوی لوگوں کو کوئی حق نہیں کہ ان کی مذمت

نقیندوٹ صفحہ ۲۶۵ انکی نشانیاں انکو جہنم سے معلوم ہو سکتی ہیں بعد کے اخر سے صحابہ مہاجرین انصار کے قرآن میں انکی سامی جمیلہ کے سبب بہت محامد میں بہر ان آیات اور واقعات پر مجوسی اور یہودی آیات سے انکو فاسق فاجر سمجھنا مسلمان کی شان نہیں بلکہ عاقل کی بھی شان نہیں ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

کریں اور اپنے الزام لگائیں جو ہماری روسیاہی کا باعث ہے کم سے کم انکو مسیحی مذہب کا مجدد کیوں نہ خیال کریں اور کیا سبب ہے کہ ہم حضرت محمد صاحب کو عیسوی مذہب کے ان پیشواؤں کے برابر بھی نہ جانیں کہ جنہوں نے مذہب عیسوی کے مروج مسائل و عقائد میں تحقیقات کر کے ایک حد تک درست کرنے کا قصد کیا ہے۔ ان مفسدوں کی تقلید سے باسی کڑھی کو بھی ابال آگیا بت پرست قوم کو بھی جو جملہ اقوام میں ذلیل ہیں ہے۔ حضرت رسول کریم پر حملہ کرنے کی جرأت ہوئی اور کن کن کمینہ الفاظ میں انکی ذات مقدسہ پر حملے کئے ہیں۔ افسوس +

فصل ۳

(نزول قرآن اور اس کی ترتیب و جمع)

قرآن مجید ایکبارگی نازل نہیں ہوا ہے بلکہ تھوڑا تھوڑا تیئس ۲۳ برس میں۔ دس برس ظہور نبوت کے بعد سے مکہ میں اور تیرہ ۱۳ برس مدینہ میں وقتاً فوقتاً نازل ہوتا رہا۔ جو مکہ میں نازل ہوا ان آیات اور سورتوں کو مکی اور جو مدینہ میں نازل ہوا ان کو مدنی کہتے ہیں۔ مکی حصہ میں اعتقادیات زیادہ ہیں۔ خدا کی توحید مت پرستی اور اوہام کی اطاعت کی مذمت۔ ذات و صفات کا ثبوت دلائل آفاق و انفس سے۔ مرنے کے بعد نیک و بد کام کی جزا و سزا وغیرہ۔ مدنی حصہ میں احکام زیادہ تر ہیں۔ جو کچھ نازل ہوتا تھا وہ اسکی اس ترتیب اصلی سے جو عالم غیب میں مقرر ہو چکی تھی جمع کرا دیا جاتا تھا۔ آپ خود بھی حافظ تھے اور دیگر حفاظ کی بھی ایک جماعت تھی۔ وہ بھی اس نازل شدہ کو اس کے موقع پر ضم کر کے تلاوت کیا کرتے تھے۔ اور کاتبان وحی جو خاص اس کام پر متعین تھے۔ ان سے بھی آپ فرما دیتے تھے کہ ان آیات کو فلاں سورۃ کو فلاں موقع میں لکھو چنانچہ وہ لکھ لیا کرتے تھے آپ کی آخر حیات تک زید بن ثابت انصاری۔ عبداللہ بن مسعود۔ خلفاء اربعہ۔ معاذ بن جبل ابی بن کعب۔ سعد بن ابی وقاص عبداللہ بن ارقم ثابت بن قیس اور اکثر اصحاب صفہ وغیرہ۔ ایسے حافظ تھے کہ اول سے آخر تک تمام قرآن ان کو

toobaa-elibrary.blogspot.com

یاد تھا۔ اور یہ کوئی تعجب خیز بات نہیں اب بھی مسلمانوں کے ہر شہر اور گاؤں میں بیشمار حافظ ہیں عورتیں بچے جوان بوڑھے اندھے آنکھوں والے۔

جب حفظ کی اس زمانہ میں ان لوگوں کے لئے بھی جو قرآن سمجھتے بھی نہیں۔ صرف اسکی شیرینی زبان سے مزہ لیتے ہیں یہ کثرت ہے تو عرب کہ جنکے حافظے بہت قوی تھے صدہا اشعار جاہلیت نوک زبان تھے سیکڑوں خاندانوں کے نسب نامہ اور ان کے سلاسل انکی زبان پر رہتے بلکہ گھوڑوں اور اونٹوں کے نسب نامے بھی یاد رکھتے تھے اوپر قرآن کی وہ حلاوت جس کا مزا اس کے روح کو جنبش دینے والے مضامین کے خیال سے انکو نشہ پیدا کرتا تھا اسپر رات دن اسکی تلاوت موجب ثواب سمجھی جاتی تھی اور نمازوں میں پڑھا جاتا تھا۔ اس کے جسقدر حافظ ہوتے تھوڑے تھے۔

اس کے سوا قرآن لکھا ہوا بھی تھا آپ ہی کے عہد میں تمام و کمال لکھا جا چکا تھا۔ مگر اسکے تمام اجزاء کو ایک جلد میں مجتمع کرنے کی ضرورت نہ سمجھی گئی تھی۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی رحلت سے تھوڑے دنوں بعد **مسیلمہ** کذاب یمامہ کے جھوٹے نبی کی قوم اور مسلمانوں میں ایک سخت معرکہ آرائی ہوئی وہ بھی جان توڑ کر لڑے مگر ان کو ہزیمت ہوئی اور بہت سے لوگ اور خود وہ مدعی نبوت بھی مارے گئے اور آئندہ کے لئے اس لڑائی نے صفائی کر دی۔ مگر مسلمانوں کے بھی اس میں بڑے بڑے کام کے آدمی شہید ہوئے۔ خصوصاً بہت حفاظ نے عام شہادت نوش فرمایا۔ حضرت عمر نے آنیوالی ضرورت کا احساس کر کے یہ بات پیش کی کہ اسیطرح اور دو چار لڑائیوں میں حفاظ شہید ہوتے گئے تو قرآن کی محافظت کا اعلیٰ ترذریعہ[1] جاتا رہے گا۔ بسا دا پھر اہل کتاب کی کتابوں کی طرح اس میں کمی زیادتی کو رستہ ملجا

[1] مجھے ایک حکایت یاد آئی جو اس موقعہ پر دلچسپی سے خالی نہیں۔ ایک معتمر شخص فرماتے ہیں کہ ابتداء عملداری میں بادی کثرت سے قرآن خریدا کرتے تھے میرٹھ شہر میں اسکا بڑا محکمہ تھا وہاں کے بادی صاحب پاس میں اکثر آیا جایا کرتا تھا وہ مجھ سے سلوک بھی کرتے تھے اور قرآن بھی خریدا کرتے تھے۔ ایکبار میں نے اس کثرت سے خریداری کا سبب

toobaa-elibrary.blogspot.com

اسلئے اسکو لکھوا کر ایک جلد میں جمع بھی کرایا جائے یہ تجویز منظور ہوئی اور اس کام کے **زید بن ثابت انصاری** جو حضرت کی حیات میں بھی کاتب وحی تھے مہتمم قرار پائے۔ انہوں نے پہلے اجزاء سے اور نیز حفاظ سے باحتیاط مقابلہ کرا کے ایک نسخہ لکھوایا۔ اور وہ نسخہ ابوبکر کے پاس رہا۔ ان کے بعد جب عمرؓ کا دور خلافت آیا تو وہ نسخہ ان کے سپرد ہوا۔

حضرت عمر کے عہد میں اسلام دور دراز ملکوں میں بھی جا پہونچا تھا عراق مصر شام ایران وغیرہ بلاد کے لوگ بھی بکثرت مسلمان ہو گئے تھے ہر جگہ حفاظ پہونچ نہ سکتے تھے ہوے بشکے میں اختلافات پیدا ہونیکا اندیشہ ہونے لگا۔ اس لئے حذیفہ بن الیمان نے اوس نسخے سے چند نسخے نقل کرا کر اطراف وجوانب میں پہنچنے کی درخواست کی۔ یہ عثمان کی خلافت کا واقعہ ہے عثمان نے پھر زید بن ثابت کو اس سے نقل کرانے پر مامور فرمایا۔ زید بن ثابت نے پھر ویسا ہی اہتمام کیا پھر وہ اجزاء جمع کئے اور حفاظ کو بھی شریک کیا اور وہ نسخہ بھی سامنے رکھا اور مسجد کے دروازہ پر دو شخص بھی بٹھا دیئے کہ آتے جاتے نمازیوں سے کہیں کہ جس کے پاس جسقدر قرآن ہو دو گواہوں کی شہادت سے پیش کرے (ایک کتابت دوسرا حفظ) اور اپنے ساتھ اہتمام میں عبداللہ بن زبیر اور سعید بن عاص اور عبداللہ بن حارث بن ہشام کو بھی شامل کیا کیونکہ قرآن زبان قریش میں نازل ہوا ہے اور یہ قریشی زبان کے محاورات کے خوب ماہر تھے۔ اس لئے قریش ہی کے محاورے کے مطابق الفاظ لکھے جاتے تھے اس احتیاط سے پھر یا سات نسخے نقل کرا کے عراق مصر شام وغیرہ

بقیہ صفحہ ۲۶۸۔ پوچھا۔ بڑی دیر میں اور اس شرط پر کہ کیا کہ مطلع نکروں یہ فرمایا کہ ہمارا مقصود تجارت نہیں بلکہ ان قلمی نسخوں کو تلف کرنا ہے اسوقت مطابع ہند میں تھیں ہیں آخر کمی ہو جائے گی تب لایئے ہم چھاپ کر قرآن بھیجیں گے۔ اس مشن کا روپیہ بھی حاصل ہو جائیگا اور ایک اور مطلب مشن کا حاصل ہوگا۔ یعنے اختلاف قرآن میں پیدا کر دیں گے یعنے کہا یہ بیہودہ خیال ہے ہر گاؤں میں ایسے حافظ ہیں کہ اول سے آخر تک قرآن لکھا سکتے ہیں۔ چنانچہ بنے دو ایک حافظ پیش کئے تب وہ بات ملتوی ہوئی ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

بلاد میں بھجوا دیئے گئے۔ اصل نسخہ پر حفصہ ام المومنین حضرت عمر کی بیٹی کے گھر بھیجا گیا۔ اس اصل نسخہ کا نام اُمّ ہے چونکہ عثمان کے عہد میں پہراز سرِ نو اہتمام کیا گیا تھا اس لئے ان کو **جامع القرآن** کا خطاب قوم نے دیا۔

پہر ان نسخوں سے صدہا ہزارہا نسخے بلادِ اسلامیہ میں پھیل گئے۔ حفظ اور کتابت کے دونوں محافظ اوسوقت سے ابتک برابر چلے آتے ہیں۔ جس لئے قرآن جیسا نازل ہوا تھا اور جو کچھ اور جسطرح حضرت کی حیات میں موجود تھا ویسا ہی بلاکم و کاست ابتک موجود ہے اور قیامت تک رہے گا۔ اس بات کو مخالف و موافق سب مانتے ہیں۔ مسلمانوں کے تمام فرقے متفق ہیں ٭

(اعتراضات)

جب مسلمانوں اور عیسائیوں میں متعدد مناظرے ہوئے اور اس بات کو عیسائیوں نے مان لیا کہ یہ چاروں انجیلیں حضرت مسیح علیہ السلام کی تصنیف اور انپر الہام شدہ تو کیا انکے زمانہ میں بھی تصنیف نہ ہوئیں تھیں۔ ہاں انہیں حضرت مسیح کے اقوال نقل کئے ہیں۔ اگر ان کی نقل میں غلطی نہیں تو وہ الہامی اور منزل من اللہ ہو سکتے ہیں۔ پہر ان چاروں انجیلوں میں بحث ہوئی کہ اگر ان کے مصنفوں کو بھی رسول اور صاحب معجزہ اور الہامی تسلیم کیا جائے تو کیا پہر ان میں بھی کمی زیادتی ہوئی ہے یا نہیں؟ عیسائیوں کی معتبر تصانیف اور معتبر مفسر اور مورخوں سے ثابت کر دیا گیا ہے کہ انمیں بھی صدہا بلکہ ہزارہا جگہ سہو کاتب موجود ہے جسکا اقرار تفاسیر **ہارن** و **ہنری** و **اسکاٹ** میں ہے خود پادری فانڈر نے اختتام مباحثہ دینی اکبر آباد میں اقرار کیا ہے **کریسباخ** وغیرہ محققین نے صاف لفظوں میں تسلیم کر لیا ہے۔ تب مشنریوں نے قرآن مجید پر پلٹ کر یہ اعتراضات کئے ہیں:-

(۱) تفسیر اتقان وغیرہ میں ہے کہ زید بن ثابت انصاری کہتے ہیں کہ اس جمع کرنے میں

toobaa-elibrary.blogspot.com

مجھے یہ آیت الفجار کم رسول من انفسکم لایہ کہیں نہیں ملی گرابی خزیمہ انصاری کے پاس ایک۔ روایت میں ہے کہ حضرت عائشہ فرماتی ہیں ایک آیت لکھی ہوئی ہمارے پلنگ کے تلے پڑی ہوئی تھی اسکو بکری کھاگئی۔ اسیطرح ممکن ہے کہ اور آیات بھی رہ گئی ہوں۔

(۲) اسیطرح مسلمانوں کی حدیث صحاح ستہ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ بہت سی آیات منسوخ التلاوۃ ہوگئیں سورۂ بقرہ کا اوائل ہی اوڑ گیا۔ اس بات کو پادری ہامسٹر رامچندر نے ایک کتاب میں جمع کرکے دکھایا ہے اور اس کا نام تحریف القرآن رکھا ہے جس سے قرآن کی کمی بھی ثابت ہوئی اور یہ بھی کہ قرآن اور تصانیف کیطرح ایک مسودہ تھا ستم عبارت یا مضمون دیکھ کر جس قدر چاہا پیغمبر نے کم کردیا۔

(۳) مسلمانوں کا فرقہ شیعہ آجتک دوہائی دے رہا ہے کہ عثمان نے بسبب عداوت کے قرآن میں سے بہت سی سورتیں اور آیات کہ جنمیں حضرت علی کی خلافت اور ان کے فضائل اور اہل بیت کے فضائل تھے نکلوا ڈالیں اور انکا نام و نشان مٹانے کی نیت سے عبداللہ ابن مسعود وغیرہ کے مصاحف بھی جلوا ڈالے۔ سورہ ولی۔ سورہ فاطمہ۔ سورہ حنین پہلے قرآن میں تھیں +

(جواب)

یہ تین اعتراض ہیں پر انہیں کی تفصیل میں بڑی بڑی کتابیں تصنیف کی گئیں ہیں۔ بغور دیکھئے تو ہمارے بیان سابق سے ان اعتراضات کا رد ہو ہی نہیں ہوسکتا۔ مگر تفصیلی جواب بھی عرض کرنا ضروری ہے (۱) اعتراض کا جواب یہ ہے کہ جب قرآن بہت سے لوگوں کی زبانی یاد تھا اور اجزا میں حضرت کے وقت لکھا بھی گیا تھا۔ اور پھر ایک نسخہ بھی تیار ہوچکا تھا تو اس دفعہ ایک آیت کیا اگر دس آیت بھی انکو کسی جز میں نہ ملتیں اور ایک پورا قرآن بھی حضرت عائشہ کی بکری کھا جاتی تو کیا اصل قرآن میں سے کوئی حرف بھی کم ہوسکتا تھا

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہرگز نہیں۔ اور زید بن ثابت کا تلاش کرنا ہی اس بات کی دلیل ہے کہ وہ آیت ان کو معلوم تھی جسطرح کہ اور حفاظ کو مگر ابی خزیمہ کے مصحف میں سے بھی بنظر احتیاط مقابلہ کر کے لینا مقصود تھا۔ (۲) اعتراض کا جواب یہ ہے کہ یہ روایت جن میں آیات کا منسوخ التلاوہ ہونا مذکور ہے خبر احاد ہیں جنکی صحت اور ثبوت یقینی نہیں اور قرآن حرف حرف تمام مسلمانوں کے نزدیک قطعی الثبوت ہے پھر جب تک انکا قرآن ہونا یقینی طور سے ثابت نہ کر دیا جاوے تو اسمیں سے منسوخ التلاوہ بنا کر خارج کرنا محض بیقاعدہ بات ہے اور منسوخ التلاوہ کو قرآن کہنا اور بھی بے ثبوت بات ہے۔

قرآن جمہور مسلمانوں کے نزدیک وہی ہے جو ناقل الینا بنقل متواتر۔ جو بنقل متواتر ہمارے اسلاف منقول ہوا اور اسپر دونوں دفتوں اور مصحف مذکور میں بھی ہو ورنہ خیریت۔ اسی بنا پر اگر کوئی اوس منسوخ التلاوہ کو قرآن نہ کہے تو کیسے نزدیک بھی کافر اور خارج از اسلام نہیں ہوتا برخلاف قرآن کے کہ اس کے ایک یا آدھی آیت کا منکر بھی کافر ہے پھر اسپر مسودہ اور ترمیم کی تفریع ایک دل خوش کن بات ہے جو معترض نے پیدا کرلی ہے۔ اس تمام بحث اور تحریف القرآن کا تفصیلی جواب ہمنے بھی اپنے ایک رسالہ میں دیا ہے جسکا نام **تعریف القرآن** ہے اور اگر یہ بھی تسلیم کر لیا جائے تو یہ سب کچھ جو ہونا تھا حضرت کے سامنے ہی ہو لیا۔ تھا۔ تحریف تبدیل تو جب متصور ہوتی کہ یہ باتیں آپکے بعد قرآن میں واقع ہوتیں۔

بات یہ تھی کہ رسول کریم نے قرآن کی آیات میں بوقت تلاوت کچھ تفسیر کے طور پر ارشاد فرمایا تھا لوگوں نے متبرک سمجھکر اسکو بھی انہیں آیات کے ساتھ لکھا لیا تھا۔ پھر جب عرضہ اخیرہ میں جبرئیل نے آنحضرت کو تمام قرآن سنایا اور حضرت سے سنا اور آپمیں وہ تفسیر نہ آئی اور کیوں آتی۔ لوگوں نے سمجھ لیا کہ یہ بھی قرآن تھا مگر اس کی تلاوت منسوخ ہو گئی ہے جسقدر راویوں کی اس معاملہ میں روایات ہیں وہ اسی خیال پر مبنی ہیں۔ اور اس سے نہ صرف خلیفہ وقت نے بلکہ سب لوگوں نے اور عبداللہ بن مسعود کے مصاحف تلف کر دیئے کہ بعد میں کوئی ان کو آیات قرآنیہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

نہ سمجھنے لگے۔ اور سخت تاکید کر دیگئی کہ قرآن کے ساتھ اور کوئی چیز نہ لکھی جائے یہاں تک کہ کہ الحمد للہ کے بعد آمین لکھنے سے بھی روکدیا۔ اور یہ جو رکوع اور نصف اور معانقہ اور وقف لازم وغیرہ حواشی پر لوگ لکھا دیا کرتے ہیں اسکو بھی بعض متاخرین نے اس لئے جائز رکھا ہے کہ اب وہ احتمال نہیں ہوسکتا۔

(۳) اعتراض کا جواب یہ ہے کہ محققین شیعہ اس خیال سے بری کر رہے ہیں وہ دونوں ہاتھوں کو سر پر رکھ کر حاشا ثم حاشا فرما رہے ہیں شیخ صدوق ابو جعفر محمد بن علی بابویہ اپنے رسالہ عقائدیہ میں فرماتے ہیں "جو قرآن کہ اللہ نے حضرت کو دیا تھا وہی ہے کہ جو لوگوں کے پاس موجود ہے نہ اسمیں کچھ کم ہوا ہے نہ زیادہ" تفسیر مجمع البیان میں سید مرتضے کہ جو شیعہ کے مسلم علماء میں سے ہیں یوں لکھتے ہیں۔ کہ جو قرآن عہد پیغمبر میں تھا اب بھی وہی ہے بلا تفاوت۔ قاضی نور اللہ شوستری اپنی کتاب مصائب النواصب میں لکھتے ہیں کہ یہ بات جو شیعہ کیطرف منسوب کیجاتی ہے کہ وہ قرآن میں تبدل و تغیر کے قائل ہیں محض غلط ہے محققین شیعہ میں سے اسکا کوئی بھی قائل نہیں اور جو کوئی ہو بھی تو اسکا اعتبار کیا ہے ملا صالح شرح کلینی میں لکھتے ہیں یہ قرآن اسطرح امام مہدی تک سالم رہے گا۔ محمد بن حسن حاملی نے بڑے دلائل سے اس بات کا رد کیا ہے۔

اصل بات

یہ تھی کہ اول ہی صدی میں مسلمانوں میں خلافت و امامت کا جھگڑا اٹھا جمہور کے نزدیک خلفاء ثلثہ کی خلافت بجا اور درست تھی ایک گروہ جو شیعہ علی کہلاتے تھے اسپر معترض ہوئے جمہور نے کہدیا۔ کہ خلافت مسلمانوں کی انتظامی خدمت ہے بلحاظ لیاقت و کاروانی جسکا انہوں نے انتخاب کر لیا وہی خلیفہ اور امام ہے شیعہ کے ایک گروہ نے جو زیدیہ ہے بلکہ دوسرے گروہ اسمٰعیلیہ کے قدماء نے بھی جمہور کا زیادہ خلاف نہیں کیا۔ ہاں یہ کہدیا کہ بجائے ابوبکر کر

toobaa-elibrary.blogspot.com

علی خلیفہ کئے جاتے تو بہتر تھا مگر افضل کے روبرو مفضول کی خلافت و امامت بھی جائز ہے تیسرے گروہ اثنا عشریہ نے کہا۔ جائز ہی نہیں کس لئے کہ خلافت و امامت نبوت کیطرح ایک خدائی عہدہ ہے جو کسیکے انتخاب یا عدم انتخاب کا محتاج نہیں امامت نبوت کے ماتحت بڑا درجہ ہے۔ امام بھی معصوم ہوتا ہے۔ ملہم بھی ہوتا ہے جسطرح نبی زمانہ پر ایمان لائے بغیر بھی نجات ممکن نہیں اور اپنے عہد کے امام برحق علی ہے پھر ان کے بیٹے حسن پھر حسین پھر زین العابدین پھر باقر پھر جعفر پھر موسے کاظم پھر ان کے بیٹے یہاں تک کہ بارھویں امام حضرت محمد مہدی پر امامت ختم ہوگئی۔ اور وہ غار سرمن رای (سامرہ) میں مخفی ہیں قیامت کے قریب برآمد ہوں گے +

جمہور نے ان سے مطالبہ کیا اور یہ کہا کہ آخر آیت الیوم اکملت لکم دینکم ہے جو خبر دیتی ہے کہ دین کو آنحضرت صلعم تکمیل کو پہونچا کر دنیا سے تشریف لے گئے اور قرآن تفصیل کل شی ہے پھر اتنا بڑا مسئلہ کہ جسپر نجات موقوف ضرور ہے کہ قرآن میں ہوگا اسکا نشان دو اور صاف لفظوں میں دکھاؤ۔ جب نہ دکھا سکے تو اور کچھ بن نہ آیا تو بعض نے یہی کہدیا باعث عقب گزاری سمجھا کہ جن آیات و سورتوں میں یہ مسئلہ تھا انکو خلفاء نے قرآن سے نکلوا دیا مگر در اصل ان کا یہ عقیدہ تھا نہ اس سے عقب گزاری ہو سکتی تھی اول تو یہ اس آیت کے خلاف ہے کہ انا نحن نزلنا الذکر و انا لہ لحافظون کہ قرآن ہمنے نازل کیا۔ اور ہمیں اس کے محافظ ہیں کوئی کیونکر قرآن سے نکال سکتا ہے؟ دوئم جب خلافت و امامت پر جھگڑے ہوئے تو حضرت علی اور بنی ہاشم نے ایک دن بھی اسی معاملہ میں جھگڑا نہ کیا ان کے سامنے ان کی ایمان کی کتاب میں تحریف کی جائے اور وہ کچھ بھی نہ بولیں خلفاء کی ذاتی نہ کوئی فوج تھی نہ کوئی زور تھا۔ فوج یا زور تو سب قوم ہی تھی پھر جنہوں نے دین کے لئے جان و مال دریغ نہ کیا۔ گھر بار چھوڑ دیئے بڑے بڑے معارک میں جان بکف ہوگئے آج وہ خلفاء کی ایسی خیانت دیکھکر چپ رہجاتے۔ سب علی کیطرف ہو کر انکو

پھر ایمان لائے بغیر نجات نہیں اسپر جواب ۱۲

toobaa-elibrary.blogspot.com

معزول کر دیتے۔ خیر یہ بھی نہ سہی خود حضرت علی اور حضرت فاطمہ اور حسنین اور بنی ہاشم ہی اس قرآن کو محفوظ رکھتے۔ مگر ان کے پاس بھی نہ تھا تو یہی قرآن تھا۔ اس بات کو نہ عقل تسلیم کر سکتی ہے نہ نقل +

اس جواب پر دانایان علمار شیعہ سٹپٹا گئے اور صاف صاف کہدیا کہ ہرگز ہمارا عقیدہ نہیں کہ قرآن میں کمی زیادتی ہوئی ہے ہاں جہلار کا یہ عقیدہ ہو تو وہ کس شمار اور کس قطار میں ہیں انکا اعتبار ہی کیا ہے۔ شیعہ نے مسئلہ مذکورہ کے لئے اپنے احادیث اور تاویلات تیار کر لئے جو مدتوں تک لڑنے کا میگزین ہے۔ جمہور کے علمار آجتک اسی بعض کے بیہودہ قول کو بیچارے شیعہ پر الزاماً تھوپے جاتے ہیں۔ پھر یہ بحث مخالف کو کیا فائدہ دیسکتی ہے؟ کچھ بھی نہیں اس سے استدلال محض سادہ لوحی ہے۔

فصل (۴)

اختلاف قرأت

ایک حدیث کہ جسکی صحت اور ثبوت میں علمار کا اتفاق ہے یہ آیا ہے اَنَّ القرآنَ اُنزِلَ علی سبعۃ احرفٍ کلھا لشافٍ کافٍ کہ قرآن سات حرفوں پر نازل کیا گیا ہے۔ ہر ایک شافی کافی ہے۔ حرف کے معنی میں علمار کے متعدد اقوال ہیں مگر اس سے سات مشہور قاریوں کی قرأت مراد لینا بڑی غلطی ہے جیسا کہ جلال الدین سیوطی مقدمہ تفسیر

یعنے اتقان میں فرماتے ہیں وقد ظن کثیر من العوام ان المراد بہا القرأت السبعۃ وھو جہل قبیح کسیلئے کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا تھا اسوقت ساتوں قاری پیدا بھی نہ ہوئے تھے۔ علمار ماہرین فن نے تمام واقعات پر غور کر کے اس کے یہ معنی بیان فرمائے ہیں کہ عرب کے سات مشہور قبائل کے محاورات مراد ہیں۔ اور یہ بہت ہی

toobaa-elibrary.blogspot.com

قرین قیاس ہے کس لئے کہ کسی ملک میں گو ایک ہی زبان مستعمل ہو مگر باہم بلحاظ قبائل اور صوبجات اِن کے محاورات میں فرق ہوتا ہے۔ دہلی لکھنؤ کے محاورات میں فرق ہے چہ جائیکہ دکن مدراس۔ بنگال۔ پنجاب ممالک مغربی و شمالی کے محاورات اور یہ تفاوت ہر زبان میں کم و بیش ہوتا ہے۔ ایک بات کو جو دوسرے محاورہ کی پابندی سے ادا کرتا ہے تو تکلف سے خالی نہیں ہوتا۔ جب اسلام مدینہ میں آکر مختلف قبائل عرب میں پھیلا اور سب ہی کی دینی کتاب قرآن مجید ٹھہری جسکا پڑھنا ضروری ہوا۔ خصوصاً پنجگانہ نماز میں اب لوگ انہیں جملوں کو بے اختیار اپنے محاوروں میں بھی ادا کر جاتے تھے جیسے روک ٹوک ہونی معمولی بات ہے اور وہ بھی خلاف ما انزل اللہ سمجھکر دلمیں متاثر ہوتے ہونگے۔ آخر یہ مسئلہ بھی بارگاہ رسالت میں پیش ہوتا تھا جسپر آنحضرت صلعم نے عدد و شواری بیان کر کے جبرئیل سے اجازت مانگی وہاں سے سہولت امت کے لئے اجازت دی گئی اُسپر آپنے یہ ارشاد فرمایا۔ مثلاً گنا ہگار کو بعض محاورات عرب میں فاجر بھی کہتے ہیں اور قریش کے فصیح محاورہ میں اثیم تو ان لوگوں کو ان طعام الاثیم کیجگہ قرآن میں ان طعام الفاجر پڑھنے کی اجازت ہوگئی تھی۔ یہ سب کچھ ہوا مگر لکھنے میں اور حفاظ کو بترتیب یاد دلانے میں قریش ہی کا محاورہ ملحوظ رکھا گیا تھا۔ یہ ابتدائی حالت تھی پھر تو تمام قبائل قریش ہی کے شیریں محاورہ پر پڑھنے کے عادی ہو گئے کتاب میں ابتداءً ایسا ہوتا ہے اور ہوتے ہوتے پھر لوگ مصنف کی اصلی زبان کا تتبع کرنے لگتے ہیں +

جب قرآن

قریشی محاورہ میں لکھ کر تمام ملکوں میں بھیجا گیا تو لوگ اسی کے پابند ہو گئے۔ مگر اسوقت کے خط میں اعراب نہ تھے اور نہ جملوں پر ٹھہرنے کے نشان دیئے گئے تھے۔ اور بعض حروف اعراب ہی کے تابع ہو کر لکھے جاتے تھے جیسا کہ لفظ ملک اس قسم کے تھوڑے تھوڑے

toobaa-elibrary.blogspot.com

اختلافات جن سے اصلی معنی میں کچھ تفاوت قابل التفات پیدا نہیں ہو سکتا تھا۔ باقی رہ گیا تھا اور اسکی طرف صحابہ کے عہد میں چنداں توجہ اس لئے نہیں ہوئی کہ وہ اہل زبان تھے لفظ کے ذرا سے اشارہ سے ہی اسکو ٹھیک ٹھیک ہی ادا کرتے تھے۔

مگر اخیر زمانہ صحابہ ہی میں اس کام کے انصرام کے لئے لوگ متوجہ ہو گئے ہر ایک مشہور مقام میں ایسے ماہر پہونچ گئے کہ جو اصلی طور پر پڑھ کر سنا دیا کرتے تھے اور اسی طریق پر قرآن تعلیم فرمایا کرتے تھے۔ مگر اسپر بھی قدرے وہ اختلاف جو لب ولہجہ سے متعلق ہے اور جسکی زبان کی وسعت متحمل ہے باقی رہگیا اور یہ فصیح وبلیغ کلام میں بہت ہوتا ہے۔ ایک جملہ کو دوسرے سے ملا دو تو اور معنی پیدا ہو جاتے ہیں اور منقطع کر دو تو اور معنی حاصل ہو جاتے ہیں۔ اور کبھی صرف الفاظ کی ادائے گی میں اختلاف ہوتا ہے جیسا کہ والضحی کو والضحیٰ اور مکر کو کمو پڑھنا اس قسم کا اختلاف قرأت سبعہ متواترہ کہلاتا ہے جو خود پیغمبر علیہ السلام سے ثابت ہے آنحضرت نے بلحاظ وسعت کلام ایسے مختلف طریق سے پڑھا ہے تاکہ سب معانی کا احاطہ ہو جائے۔

صحابہ میں بڑے **سات قاری** یہ ہیں۔ عثمانؓ۔ علیؓ۔ ابی ابن کعب۔ زیدؓ بن ثابت۔ عبداللہ بن مسعود۔ ابو درداء۔ ابو موسیٰ اشعری۔ کذا قال الذہبی فی طبقات القراء پھر انہیں کے شاگرد مشہور شہروں میں پہلے اور ہر ایک شاگرد اپنے استاد ہی کی روش پر پڑھنے پڑھانے لگا چنانچہ مدینہ میں سعید بن المسیب اور عروہ بن زبیر و سالم بن عبداللہ بن عمر اور عمر بن عبدالعزیز اور سلیمان اور عطاء اور معاذ بن حارث اور عبدالرحمٰن بن ہرمز اور محمد بن شہاب زہری اور مسلم بن جندب اور زید بن اسلم اپنے عہد کے قراء اور حامل حدیث تھے +

مکہ میں عبید عطاء ابن ابی رباح طاؤس۔ مجاہد۔ عکرمہ۔ ابن ابی ملیکہ۔ مشاہیر قراء میں سے تھے

کوفہ میں علقمہ۔ اسود۔ مسروق۔ عبیدہ۔ عمر بن شرحبیل۔ حارث بن قیس۔ ربیع عمر بن میمون ابو عبدالرحمن سلمی زر بن حبیش۔ عبید بن فضیلہ۔ سعید بن جبیر نخعی۔ شعبی بڑے قاری تھے

بصرہ میں ابو العالیہ ابو رجاء نصر بن عاصم۔ یحیی بن یعمر حسن بصری۔ ابن سیرین قتادہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

اِس فن کے بڑے ماہر تھے۔ شام میں مغیرہ بن ابی شہاب مخزومی حضرت عثمان کے شاگرد اور ان کے سوا اور بھی قاری تھے۔

پھر انہیں مقامات میں بالخصوص اسی فن کے یہ امام زیادہ مشہور تھے مدینہ میں ابوجعفر پھر ابن نصاح پھر نافع اور مکہ میں عبداللہ بن کثیر حمید بن قیس، محمد بن محیض کوفہ میں یحییٰ بن وثاب عاصم بن ابی النجود سلیمان اعمش پھر حمزہ پھر کسائی۔ بصرہ میں عبداللہ بن ابی اسحاق عیسیٰ بن عمرو۔ ابوعمرو بن العلاء عاصم پھر یعقوب حضرمی شام میں عبداللہ بن عامر عطیہ بن قیس کلابی۔ اسمٰعیل پھر یحییٰ بن حارث وماری پھر شریح بن یزید حضرمی امام القراء تھے۔

انہیں مذکور اشخاص میں سے یہ سات شخص وہ ہیں کہ جن کی طرف سات قرأت منسوب ہوتی ہیں اور یہی اِس فن کے امام مسلم ہیں۔

(۱) **نافع مدنی**۔ انہوں نے ستر تابعین سے یہ علم حاصل کیا تھا۔ یہ وہ نافع نہیں ہیں جو عبداللہ بن عمر کے شاگرد اور امام مالک کے اوستاد تھے۔

(۲) **ابن کثیر** یہ مکہ میں امام قرأت اور عبداللہ بن سائب صحابی کے شاگرد تھے۔

(۳) کوفہ میں عاصم بھی تابعین کے شاگرد تھے۔

(۴) حمزہ یہ عاصم کے شاگرد رشید تھے۔

(۵) کسائی جو حمزہ کے شاگرد رشید تھے۔

(۶) بصرہ میں ابوعمرو علماء تابعین کے شاگرد رشید تھے۔

(۷) عبداللہ بن عامر شام میں یہ ابودرداء اور عثمان صحابیوں کے شاگردوں کے شاگرد رشید تھے۔

پھر ان ساتوں قاریوں کے دو دو راوی ہیں جنکا باہم اخفاء و اظہار مد و قصر تخفیم و اشمام وایالہ وغیرہ اِن امور میں اختلاف ہے جو آواز سے متعلق ہیں۔ یعنی ان حضرات نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لب ولہجہ اور آواز کو بھی جو اونچی حروف سے

toobaa-elibrary.blogspot.com

تعلق رکھتی تھی محفوظ کر لیا تھا۔

نافع کے۔ شاگرد قالون اور ورش راوی ہیں۔ اور ابن کثیر کی قرأت کے ناقل قنبل اور بزی اور ابو عمرو کے دوری اور سوسی اور ابن عامر کے ہشام اور ذکوان اور عاصم کے ابوبکر بن عیاش اور حفص (حفص کی قرأت خراسان ترکستان ہندوستان میں مروج ہے) اور حمزہ کے خلف اور خلاد اور کسائی کے دوری اور ابوالحارث ناقل ہیں بواسطہ۔

یہ ایک بڑا وسیع علم مدون ہو گیا جسکو فن تجوید کہتے ہیں یہ استاد سے سنے بغیر نہیں آسکتا جیسا کہ موسیقی اس فن میں علماء نے بڑی بڑی مفید کتابیں تصنیف کی ہیں سب سے اول ابوعبید قاسم بن سلام نے پھر احمد بن جبیر کوفی نے پھر اسماعیل مالکی نے۔ پھر ابوجعفر ابن جریر طبری نے پھر ابوبکر محمد واجونی نے پھر ابوبکر بن مجاہد نے ان کے بعد پھر بہت لوگوں نے تصانیف کیں۔ جزری اور شاطبی کی کتاب بھی اس فن میں عمدہ ہے اور آجکل یہی درس قرأت میں داخل ہیں۔ صرف خوش آوازی اور کسی لحن کا نام قرأت نہیں جس سے عوام دھوکہ کھا جاتے ہیں۔ اس زمانہ میں مصر میں فن قرأت خوب ہے۔

اس کے بعد ایک دوسری بات اور قابل غور ہے وہ یہ ہے کہ جسطرح ان قراء نے لب لہجہ وغیرہ امور کو جو صوت سے متعلق ہیں احاطہ کیا اور اسکی حفاظت کے لئے ایک بڑا وسیع علم ایجاد کر دیا۔ اسیطرح کتابت کی حفاظت کے لئے بھی اوسی زمانہ میں علماء کا ایک گروہ اٹھا اور انہوں نے تمام قرآن پر اعراب لگا دئے اور اوقاف مقرر کر دئے اور وقفوں کے ضروری اور جائز و غیر جائز مواقع بھی بتا دیئے اور اپنے نشان قائم کر دئے۔ اور کھینچ کر پڑنے کی جگہ پر مدات لگا دیئے الغرض جو کچھ ان بزرگوں کے سینہ میں اور زبان پر تھا اسکو یہ کتابت میں لے آئے اور اس کے لئے علم رسم الخط وغیرہ ایجاد کر دیا۔

اس فن میں بھی علماء نے نہایت عمدہ اور مفید کتابیں تالیف فرمائی ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

یہاں تک کہ قرآن مجید کی سورتیں اور آیات اور حروف[۵۱] اور اعراب اور نقطے اور مدات سب کو شمار کر لیا ہے۔ کل قرآن کی سورتیں ایک سو چودہ اور آیات جمہور کے نزدیک چھ ہزار چھ سو چھیاسٹ ہیں اہل کوفہ کے نزدیک چھ ہزار دو سو چھتیس اہل مدینہ کے نزدیک چھ ہزار دو سو چودہ ہیں۔ اس اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ آیت پورے جملہ کو کہتے ہیں پھر بعض نے دو جملوں کو ایک جملہ سمجھ کر اسکو ایک آیت شمار کیا ہے۔

معوذتین[۵۲] جمہور کے نزدیک قرآن کا جزو ہیں مگر بعض روایات سے ثابت ہوتا ہے کہ عبداللہ بن مسعود نہ تو ان کے کلام الٰہی ہونے کے منکر تھے نہ انکو مصحف سے خارج سمجھتے تھے صرف یہ کہتے تھے کہ یہ دو عا رہیں شر سے پناہ مانگنے کے لئے نازل ہوئی ہیں۔ اس بات سے کسی نے یہ سمجھ لیا کہ وہ قرآن کا جزو انکو نہ سمجھتے تھے یہ اس کے فہم کی غلطی ہے پھر اس سے یہ بات پیدا کرنا کہ قرآن کی دو سورتوں میں مسلمانوں کا اختلاف ہے بعض جزو قرآن نہیں جانتے اور یہی غلط فہمی ہے۔ حاشا ثم حاشا کہ عبداللہ بن مسعود انکو جزو قرآن نہ جانتے ہوں۔ اور جبکہ یہ دونوں سورتیں ان کے بھی مصحف میں تھیں تو وہ پھر ایسا کیونکر جان سکتے تھے؟۔

حاشیہ صفحہ ۲۷۹۔ ۵۱ جلال الدین سیوطی اتقان میں فرماتے ہیں اورده بالتصنیف خلائق من المتقدمین والمتاخرین منہم ابو عمرو الدانی ومنہم ابو العباس المراکشی صنف کتابا سماہ عنوان الدلیل فی مرسوم خط التنزیل کہ اس فن میں متقدمین و متاخرین میں سے ایک مخلوق نے تصنیف کی ہے۔ ان میں سے ابو عمرو دانی بھی ہیں اور ابو العباس مراکشی نے بھی اس فن میں ایک کتاب لکھی ہے۔ جسکا نام عنوان الدلیل فی مرسوم خط التنزیل ہے ۱۲ منہ

۵۱ عبداللہ بن مسعود نے تین لاکھ بائیس ہزار چھ سو ستر حرف شمار کئے ہیں۔ اور یہاں بھی اختلاف کا یہی سبب ہے کہ کسینے حروف مشددکو دو اور کسینے ایک شمار کیا ہے ۱۲ منہ

۵۲ معوذتین قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس ہے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

ف (۱) متاخرین نے بعض آیات پر لفظ کوفی بعض پر شامی لکھدیا ہے جس سے یہ مراد کہ علماء کوفہ یا شام کے نزدیک یہ پوری آیت ہے۔ نہ یہ کہ یہ کوفہ یا شام میں نازل ہوئی تھی۔
(۲) علماء نے سہولت حفظ کے لئے قرآن کو تیس حصوں پر بحساب مہینے کے دنوں کے منقسم کرکے ہر ایک کو جزو یا پارہ کہتے ہیں اور ہر الجزء الاول یا الجزء الثانی بھی لکھدیا ہے پھر ہر پارہ کو چار حصوں پر تقسیم کیا ہے اپنے ربع نصف ثلث لکھدیتے ہیں۔ اور ہر حصہ کو رکوعات میں منقسم کیا ہے اور اسکا اشارہ (ع) مقرر کیا ہے۔
پھر رکوع کی آیات پر یہ چند نشان لگا دیئے ہیں جن کی تفصیل اور مراد یہ ہے۔

ھ	خمسہ کیطرف اشارہ ہے جس سے یہ مراد کہ کوفیوں اور بصریوں کے نزدیک یا خاص کوفیوں کے نزدیک پانچ آیت ہیں ✣
ع	عشرہ کا ابتدائی حرف ہے جیسا کہ ھ خمسہ کا اخیر تھا جس سے دس آیتوں کی طرف اشارہ ہے ✣
عب	سے اسطرف اشارہ ہے کہ بصریوں کے نزدیک دس آیت تمام ہوچکیں ع سے عشرہ اور ب سے بصری مراد ہیں ✣
خب	سے یہ مراد کہ یہاں تک بصریوں کے نزدیک پانچ آیت ہوچکیں۔ خ سے خمسہ اور ب سے بصری مراد ہیں ✣
تب	سے یہ مراد کہ بصریوں کے نزدیک پوری آیت ہے ت سے آیت کیطرف اور ب سے بصریوں کی طرف اشارہ ہے ✣
لب	سے اسطرف اشارہ ہے کہ اہل بصرہ کے نزدیک آیت پوری نہیں لام سے لیس اور ب سے اہل بصرہ کیطرف اشارہ ہے ✣

(۳) زبان عرب میں جہاں جملہ تمام ہوجائے۔ وہاں ٹھہر جانے کو وقف کہتے ہیں۔ اور کم و بیش ہر زبان میں ایسا ہی ہوتا ہے۔ کیونکہ اگر جملہ پر وقف نہ کیا جائے اور

toobaa-elibrary.blogspot.com

اسکو اگلے جملہ سے ملا دیا جائے تو بسا اوقات بالبعض اوقات معنی میں فرق آجاتا ہے۔ مثلاً اس آیت میں فلا یحزنک قولہم ان العزۃ للہ جمیعاً۔ اگر قولہم پر وقف نہ کیا جائے تو یہ معنی ہوتے ہیں کہ اے پیغمبر ان کی اس بات سے کہ سب عزت اللہ کے لئے ہے ایک رنج نکریں۔ اس بات سے جو توحید خالص ہے پیغمبر علیہ السلام کیوں رنج کرنے لگے تھے اور جب وقف کر دیا جائے تو یہ معنی ہوئے کہ اے پیغمبر ان کی بات سے رنج فکر (بات تکذیب رسالت یا انکار حشر تھی) کس لئے کہ سب عزت اللہ ہی کو ہے۔ اور مقصود بھی یہی ہے۔ اسیطرح اس آیت میں وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ وَهَمَّ بِهَا۔ پر وقف کر دیا جائے اور لولا کا جواب (رَبِّهٖ) کو الگ کر دیا جائے تو معنی بگڑ جاتے ہیں کس لئے کہ اس تقدیر پر یہ معنی ہونگے کہ زلیخا یوسف پر اور یوسف زلیخا پر قصد کر ہی چکے تھے حالانکہ ہم بہا تو لولا کی جزا متقدم ہے یہ مطلب ہے کہ اگر یوسف خدا کی برہان نہ دیکھ پاتے تو زلیخا پر ارادہ کر چکے تھے مگر برہان الٰہی دیکھ چکے تھے اسلئے ارادہ بھی نکیا۔ نافع کے نزدیک معنی ہی کے لحاظ سے وقف کرنا ہوتا ہے مگر ابن کثیر اور حمزہ کہتے ہیں کہ بجز چند مواضع کے جہاں دم ٹوٹتا ہو وہاں بھی وقف کر دینا مضائقہ نہیں عاصم اور کسائی کا بھی یہی مذہب ہے۔ ابو عمرؓ کہتے ہیں جہاں آیت تمام ہو وہیں وقف کرنا چاہیئے اور اسیکو وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم کہتے ہیں۔ کیونکہ آنحضرت صلعم انتہاء آیات پر وقف کیا کرتے تھے۔

امام ابن انباری کے نزدیک وقف کی تین ہی قسم ہیں۔ وقف تام۔ وقف حسن۔ وقف قبیح وقف تام وہاں ہے کہ جہاں جملہ بالکل پورا ہو جائے اور حسن وہاں ہوتا ہے کہ جملہ پورا نہیں ہوا موصوف کو پڑھکر سانس لینے کے لئے وقف کر دیا جیسا کہ الحمد للہ پر مگر جب آگے پڑھے تو اسکو رب العالمین صفت سے شروع نکرنا چاہیئے بلکہ پہر موصوف کو اعادہ کرے للہ رب العالمین کہے۔ اور قبیح وہ ہے کہ مضاف پر وقف کرے مضاف الیہ کو چھوڑ دے جیسا کہ بسم اللہ میں صرف بسم پر وقف کرے ٭

toobaa-elibrary.blogspot.com

ایک پر وقف کرو تو۔ دوسری جگہ وقف نکرنا چاہیئے ✣

یہ اور اس کے سوا اور بہت سے امور ہیں کہ جنکا جاننا قرآن پڑھنے والے کے لئے ضرور ہے یہ علم قرات کی کتابوں میں مشرح ہیں اور قرآن کا ترجمہ اور تفسیر کرنے والا۔ اگر اِن مسائل پر واقف نہوگا تو یقیناً ٹھوکر کھا جائے گا۔ غیر مذاہب کے لوگوں نے جو اپنی زبانوں میں ترجمے کئے اور من گھڑت شرحیں لکھی ہیں وہ انہیں وجوہ سے یا یہ اعتبار سے ساقط ہیں ✣

فصل ۵

(آیات اور سورتوں کی ترتیب)

جلال الدین سیوطی اتقان میں فرماتے ہیں۔ الاجماع والنصوص المترادفۃ علے ان ترتیب الآیات فی سورہا واقع بتوقیفہ صلی اللہ علیہ وسلم وامرہ من غیر خلاف فی ہذا بین المسلمین کہ آیات کی ترتیب خاص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے ہوئی ہے اسمیں کسی مسلمان کا بھی اختلاف نہیں۔ پھر اس کے بعد اجماع اور وہ آحادیث صحیحہ نقل کئے ہیں کہ جن سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ آیات کی ترتیب خاص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے واقع ہوئی تھی۔ بخاری اور مسلم اور سنن اربع کی آحادیث نقل کیں ہیں۔ جن سے بعض کا یہ بھی مضمون ہے کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر آیات نازل ہوتے تھے تو آپ اپنے کاتبان وحی سے فرمادیا کرتے تھے کہ ان آیات کو فلاں سورہ میں فلاں موقع پر لکھ لو اور یہ بھی ہے کہ بعض سورتیں پوری آنحضرتؐ نے نمازوں میں پڑھیں جیسا کہ سورہ بقرہ و آل عمران و نساء و اعراف و ق و طور و النجم و القمر و اقتربت و ملک و حم سجدہ۔ وصف ذٰلک۔ اگر آیات مرتب نہوتے تو یہ سورتیں کسطرح پڑھ سکتے تھے اور اگر یہ ترتیب توقیفی نہوتی تو قرآن کے مطالب الٹ پلٹ ہوجاتے۔ کیونکہ ہر کلام میں آگے پیچھے جملوں کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

کر دینے سے تبدیل و تغیر پیدا ہو جاتے۔ جن زندیقوں نے ایسا کرنا چاہا تھا تو علماء اسلام نے قاطبۃً اپنا اعتراض کیا +

ہاں یہ بات جائز ہے کہ کوئی شخص مضامین متعددہ میں سے جو قرآن میں ہیں ایک مضمون کی آیات کو ایک جگہ جمع کر لی اور دوسرے مضمون کی آیات کو دوسری جگہ۔ مثلاً آیات توحید وصفات باری ایک جگہ اور آیات بدء الخلق ایک جگہ اور آیات حشر ونشر جنت وجہنم ایک جگہ آیات احکام ایک جگہ آیات اخلاقی ایک جگہ آیات ادعیہ واستغفار ایک جگہ۔ اور علماء نے ایسا بہت کیا بھی ہے اور مفید مفید کتابیں بھی لکھی ہیں جن کے بہت سے نام کشف الظنون میں مندرج ہیں امام غزالی نے بھی اسی قسم کی ایک کتاب لکھی ہے جسکا نام جواہر القرآن ہے۔ اور یہ اسلئے جائز ہے کہ اس مجموعہ مرتب کو قرآن نہیں کہتے بلکہ ایک کتاب کہ جسمیں آیات قرآن جمع ہیں +

اب رہی سورتوں کی ترتیب جمہور کا اسکی نسبت بھی یہی اعتقاد ہے کہ یہ بھی توقیفی ہے جو ترتیب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں قائم ہو گئی تھی۔ اور جس ترتیب سے آپنے قرآن لکھوایا اور حفاظ کو یاد کرایا تھا۔ یہ وہی ہے جو اب تک موجود ہے امام البغوی شرح السنہ میں فرماتے ہیں الصحابۃ رضی جمعوا بین الدفتین القران الذی انزلہ اللہ علی رسولہ من غیر ان زادوا او نقصوا منہ شیئا فکتبوہ کما سمعوا من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من غیر ان قدموا شیئا او اخروا او وضعوا لہ ترتیبا لم یاخذوہ من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ کہ صحابہ نے قرآن کو اسیطرح سے رکھا کہ جیسا خدا کے رسول پر نازل ہوا تھا بغیر اس کے کہ اسمیں کچھ بڑھایا۔ یا گھٹایا ہو۔ پس جسطرح سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا تھا اسیطرح رکھا بغیر اسکے کہ اسمیں کچھ تقدیم و تاخیر کی ہو یا اسکو کسی دوسرے ترتیب سے مرتب کیا ہو جسکو انہوں نے آنحضرت صلعم سے حاصل نکیا تھا۔ علامہ کرمانی برہان میں فرماتے ہیں ترتیب السور ہکذا ہو عند اللہ فی اللوح المحفوظ علی ہذا الترتیب وعلیہ کان یعرض النبی صلی اللہ علیہ وسلم

toobaa-elibrary.blogspot.com

جبرئیل کل سنۃ ما کان یجتمع عندہ منہ وعرض علیہ فی السنۃ التی توفی فیہا مرتین۔ کہ سورتوں کی یہ وہی ترتیب ہے جو اللہ کے نزدیک لوح[1] محفوظ میں ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اسی ترتیب کے ساتھ جبرئیل کو سنایا کرتے تھے اور جس سال کہ آپ کا انتقال ہوا۔ دو بار سنایا۔ (اتقان) امام ابوبکر بن انباری فرماتے ہیں۔ انزل اللہ تعالے القران کلہ الی سماء الدنیا ثم فرقہ فی بضع وعشرین سنۃ فکانت السورۃ تنزل لامر یحدث والایۃ جوابا لمستخبر وبوقف جبرئیل النبی صلی اللہ علیہ وسلم علی موضع الایۃ والسورۃ فالتیاق السور کالتیاق الایات والحروف کلہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فمن قدم سورۃ او اخرہا فقد افسد نظم القرآن۔ (اتقان) کہ اللہ تعالے نے تمام قرآن آسمان دنیا کیطرف ایکبار نازل کر دیا تھا پھر اسکو دنیا میں حضرت پر تیئس برس میں تھوڑا تھوڑا نازل فرمایا۔ جب کوئی بات پیدا ہوتی تھی اس کے لئے اس میں سے اسیقدر کوئی سورۃ یا آیت نازل ہو جاتی تھی۔ اور جبرئیل آپ کو اسکا اصلی موقع بتلا دیا کرتے تھے بس سورتوں کا باہمی ایسا ہی اتصال ہے کہ جیسا آیات و حروف کا۔ اور سب آنحضرت صلعم کیطرف سے ہے پھر جو کوئی کسی سورۃ کو مقدم یا موخر کرتا ہے تو وہ نظم قرآن میں خلل ڈالتا ہے +

ہاں قرن اول میں بعض صحابہؓ نے بغرض تلاوت اپنے مصاحف میں سورتوں میں تقدیم و تاخیر کر رکھی تھی جس سے بعض علماء کو دھوکا ہو گیا۔ کہ سورتوں کی ترتیب آنحضرت نے صحابہ کے اجتہاد پر چھوڑ دی تھی۔ واللہ الہادی۔

فصل ۶

(نزول قران کے وقت دنیا کی حالت)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کیوقت دنیا گمراہی میں ڈوبی ہوئی تھی اسباب کا

[1] لوح محفوظ کوئی لکڑی یا لوہے کا تختہ نہیں ہے کہ جسپر علم الٰہی کتوب ہو بلکہ وہ ایک مرتبہ تعین علمی ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

محققین مورخین کو بھی اقرار ہے۔ مگر ہم تفصیل سے آباد اور متمدن اقوام و بلاد کا حال بیان کرتے ہیں۔ ابتدا عرب ہی سے کرتے ہیں کیونکہ اوسی سرزمین سے یہ چشمۂ رحمت جاری ہوا ہے +

عرب کی حالت

نہایت پستی اور ذلت میں تھی سلطنت و دولت کے لحاظ سے بھی یہ بہت ہی گرے ہوئے تھے۔ کیونکہ جنوبی و مشرقی بڑا حصہ یمن و نجد کا تو زیر حکومت شاہانِ ایران تھا انوشیرواں اور یزدجرد وغیرہ یکے بعد دیگرا نپر حکمراں تھے۔ شمالی و غربی حصہ شاہان روم اور ان کے باجگزاروں کا ماتحت تھا عراق پر کبھی ایرانی کبھی رومی حکمراں رہتے تھے حجاز اور کچھ ریگستانی حصہ آزاد تھے انپر بھی کوئی ایک بادشاہ حکمراں نہ تھا قبائل خود سر رہتے تھے سردار قبیلہ جسکو شیخ کہتے ہیں ایسا ہوتا تھا کہ جیسا ہندوستان میں چودھری اسلئے یہ قبائل آپسمیں لڑا کٹا کرتے تھے۔ ایسی شخصی اطاعت اور ایسی خودسری اور باہمی ہر روز کی مار دھاڑ بدامنی میں کوئی قوم کیا ترقی اور شائستگی اور ہنرمندی اور علوم و فنون میں مہارت تجارت میں نام آوری پیدا کرسکتی ہے؟ کچھ بھی نہیں اسلئے جہل غالب تھا معمولی لکھنا پڑھنا بھی بہت کم آدمی جانتے تھے اور جہل کے ساتھ افلاس بھی سوار تھا اونٹ بکریوں سے گزارہ کرنے کے سوا اور کوئی زیادہ اسباب معاش نہ تھے

بقیہ صـ۲۸۷ جسمیں جملہ معلومات باری تعالیٰ ثبت ہیں آسمان دنیا پر تمام قرآن نازل کرنے سے یہ مراد نہیں کہ کاغذ و نہیں لکھہ کر مجلد کرکے بھیجدیا تھا بلکہ عالم غیب کا یہ ایک اسفل مرتبہ ہے جو عالم شہود سے بہت ہی قریب ہے اس عالم میں قرآن تمام و کمال جو طریقے اس کے وہاں ثبت ہونیکے ہیں اس طریقے سے ثبت ہوچکا تھا حضرت کو بعض فقہ یا بوسطہ جبرئیل امین جو الہام ہوتا تھا وہ اسکا محتاج نہ تھا کہ اس دفتر میں سے دیکھ کر الہام کیا جاتا تھا بلکہ مستقلاً الہام ہوتا تھا اور وہ اسیکے مطابق آکر پڑھتا تھا جو آسمان دنیا میں تھا۔ یہ ایک سترہے جسکی تشریح کا یہ مقام نہیں ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

اول تو ملک میں شادابی اور آب پاشی کے ذرائع ہی قدرتاً کم تھے اور بیشتر حصہ زمین کا ریگستان غیر قابل کاشت تھا۔ اسپر بدامنی زراعت کیطرف کب راغب ہونے دیتی تھی اس معاشرت وحشیانہ نے اور بھی جہل کو ترقی دے رکھی تھی۔ اب جاہل وحشیوں کے جو کچھ خیالات اور عادات ہوتے ہیں وہ مخفی نہیں۔ عرب میں جب سے اسمٰعیل علیہ السلام اور انکی نسل آکر آباد ہوئی اسوقت سے ضرور ملت ابراہیمیہ کی روشنی چمکی تھی مگر جب اوس ملت سے رسوم وعادات کے گرد وغبار دور کرنے والا بعد میں آنحضرت صلعم تک کوئی بھی نہ اٹھا تو وہ بھی ٹمٹماتے ٹمٹماتے گل ہوگئی تھی۔ ابراہیمی عبادت توحید تھا اس کی بھی بگڑتے بگڑتے اور ہی صورت ہوگئی تھی۔ جسکو دیکھکر خدا پرست کو گھن آتی تھی ہوتے ہوتے خود حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی اولاد بھی اوسی رنگ میں رنگین ہوگئی جو تمام عرب پر چڑھا ہوا تھا وہ کیا تھا توہمات اور بتوں کی پرستش ؛

عرب کی بلحاظ مذہبی خیالات کے دو ہی قسم تجویز کرسکتے ہیں اول وہ چند لوگ جو ملت ابراہیمیہ کے معتقد یا پابند تھے۔ دوئم وہ جو پابند نہ تھے اول گروہ کو عرب **محصلہ** اور دوسرے کو عرب **معطلہ** کہا جاتا ہے۔ اِن معطلہ کے پھر بہت سے اقسام تھے کیلئے کہ انسانی سعادت کا قصور دو ہی طرح سے ہوتا ہے یا قصور قوت نظریہ سے یا فتور قوت عملیہ سے۔ قوت نظریہ کے قصور سے عرب میں یہ یہ خیالات فاسدہ پیدا ہوگئے تھے (۱) یہ کہ بعض ایسے بھی تھے جو سرے سے نہ خدا کے قائل تھے نہ انبیاء کے نہ اعمال کی جزا و سزا کے نہ حشر و نشر کے۔ وہ کہتے تھے کہ بس یہی زندگی ہے جو کھالیا پی لیا عیش و آرام کرلیا تو غنیمت ہے ورنہ مرکر مٹی ہوجاتا ہے۔ کہاں کا حساب کس کا عذاب وثواب کیسا مرکر جینا یہ سب پہلوں کے تراشیدہ افسانے ہیں جو کچھ ہو رہا ہے وہ دہر کر رہا ہے اس گروہ کا نام دہریہ ہے۔ قرآن نے ہر ہر باطل فریق کا اعتقاد اور اس کا رد بھی کیا ہے۔ منجملہ مضامین قرآن کے ایک یہ بھی بڑا مضمون قرآن میں ہے۔ جس کا ہم ہر ہر موقعہ پر

toobaa-elibrary.blogspot.com

قرآن سے ذکر کرتے جائیں گے۔ اِس گروہ کا یہ قول نقل فرمایا ہے وَقَالُوْا مَا هِیَ اِلَّا حَیَاتُنَا الدُّنْیَا نَمُوْتُ وَنَحْیَا وَمَا یُهْلِكُنَا اِلَّا الدَّهْرُ اسکا رد بھی فرماتا ہے وَمَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ اِنْ هُمْ اِلَّا یَظُنُّوْنَ ۝ کہ انکو اِس بات کی کچھ بھی خبر نہیں کہ دہر ہے کیا شے محض اٹکل پچو باتیں بناتے ہیں۔ کیونکہ جسکو وہ دہر کہتے ہیں وہ میں ہی تو ہوں میرے سوائے کون عالم میں تصرف کرسکتا ہے؟۔ دوسری جگہ اور تشریح سے انکی خیال کے ابطال پر برہان قائم فرمائی ہے۔ اَوَلَمْ یَنْظُرُوْا فِیْ مَلَكُوْتِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ۔ کہ کیا وہ آسمانی اور زمین کی بادشاہت کو نہیں دیکھتے یہ اَن گنت ستارے خود بخود کیسے بنگئے اور خود بنے تو جماعت اور نور میں انکا تفاوت کیوں ہوگیا؟ اور بھی آیات اِس مضمون میں وارد ہیں (۲) گروہ خدا کا قائل تھا مگر مرکر جینے کا اور حساب کتاب کا منکر تھا۔ اِس کا ذکر ان آیات میں ہے قَالَ مَنْ یُّحْیِ الْعِظَامَ وَهِیَ رَمِیْمٌ کہ بوسیدہ ہڈیوں کو کون زندہ کریگا۔ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا ذٰلِكَ رَجْعٌ بَعِیْدٌ کہ کیا جب مرکر ہم مٹی ہوجائیں گے پھر زندہ ہوں گے؟ یہ رجوع کرنا تو بعید از عقل ہے وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِیْدًا۔ ان کا جواب بھی برہان قاطع سے بہت جگہ دیا گیا ہے از انجملہ یہ ہے قُلْ یُحْیِیْهَا الَّذِیْٓ اَنْشَاَهَا

---

۵ اِسی مرکر جینے کی بابت کسی جاہلیت کے شاعر نے اپنے اِن اشعار میں تعجب ظاہر کیا ہے۔ حیاتٌ ثم موتٌ ثم نشرٌ ۔ حدیث خرافۃ یا ام عمرو ۔ کہ مرنا اور پھر جی اٹھنا۔ اور پھر خدا کے سامنے جانا ایک لغو بات ہے۔

لے ام عمرو ہماری سمجھ میں تو نہیں آتی۔ ام عمرو جس سے خطاب ہے آپ کی معشوقہ ہیں۔ ہمارے اُردو فارسی کے رند شاعروں نے بھی اپنی ان بزرگوں کی تقلید میں قیامت کے اور عمال کی جزا اور سزا کے بہشت و دوزخ کے انکار میں کوئی دقیقہ اٹھا نہیں رکھا بہت پکڑ دراتے ہیں اِس گندہ شاعری کے لئے جیسا کہ فلک کو گالیاں دینا، قسمت کو برا بھلا کہنا، خطوں پر تبرے کرنا معشوق کو رات بھر باہر کھڑا رکھنا، رقیب کو دیکھکر جلنا دل کے ٹکڑے ہونا، وغیرہ میدان دبراے ہے اسی طرح یہ بھی ان کی جولاں گاہ ہے۔ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمٌ ۝ کہ جسنے اول بار زندہ کیا تھا وہی اسکو دوسرے بار بھی زندہ کریگا اور وہ ہر طرحسے پیدا کرنا جانتا ہے یہ گروہ بت پرست تھا (۳) گروہ خدا کا اور مرکر جینے اور حساب دینے کا تو قائل تھا۔ مگر رسولوں کا منکر تھا کہتا تھا کہ خدا کو کیا ضرورت پڑی جو وہ دنیا میں رسول بھیجے اور بھیجے تو ہم جیسے آدمی ہی بھیجے جو کھاتے پیتے ہوں جیساکہ ان آیات میں ذکر ہے۔ وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ نَرٰى رَبَّنَا ۭ لَقَدِ اسْتَكْبَرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ وَعَتَوْ عُتُوًّا كَبِيْرًا ۝ وَقَالُوْا مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ الطَّعَامَ وَيَمْشِيْ فِي الْاَسْوَاقِ ۭ لَوْلَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُوْنَ مَعَهٗ نَذِيْرًا ۝ اَوْ يُلْقٰٓى اِلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ تَكُوْنُ لَهٗ جَنَّةٌ يَّاْكُلُ مِنْهَا ۭ وَقَالَ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ۝ اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ۝ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَاۗءَهُمُ الْهُدٰٓى اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُوْلًا ۝ ان کے جواب بھی جابجا قرآن میں دیئے گئے ہیں کہیں یہ کہ اگلے رسول بھی بشر تھے کھاتے پیتے تھے۔ ابراہیم اور اسماعیل علیہما السلام جنکو بالاتفاق عرب بزرگ مانتے تھے خصوص قریش مکہ کہ جنہوں نے ان کے نام کے بھی بت بنا کر کعبہ میں رکھ چھوڑے تھے۔ وہ بھی بشر ہی تھے کھاتے پیتے تھے زن و فرزند رکھتے تھے۔ کہیں یہ جواب دیا ہے کہ اگر زمین پر فرشتے آباد ہوتے تو ہم ان کے پاس فرشتوں ہی کو رسول بنا کر بھیجتے۔ کیونکہ رسول اور اسکی قوم میں مجانست و اتحاد زبان ایک ضروری بات ہے۔ کہیں یہ ہے کہ اگر فرشتے بھیجتے تو وہ بھی انسان ہی کی شکل میں متشکل ہو کر آتے ورنہ وہ لطیف مخلوق ان آنکھوں سے دکھائی نہ دیتی پھر انپر بھی شبہ کرنیوالے وہی شبہ کرتے کہ کیا دلیل ہے کہ ہم اسکو فرشتہ تسلیم کرلیں؟ کہیں یہ ہے کہ یہ ہماری رحمت ہے جسکو ہم اس رسالت کے لائق دیکھتے اسکو اس سے مخصوص فرماتے ہیں اسمیں کسیکو کیا کلام کرنے کا حق ہے۔ اور سلسلۂ رسالت بھی ہماری رحمت کا اثر ہے۔ یہ مضمون قرآن میں بہت جگہ ہے +

(۴) بت پرست گروہ۔ انہوں نے جن جن چیزوں کو یا جن اشخاص کو اپنے خیال میں

toobaa-elibrary.blogspot.com

خدائی کاروبار میں شریک سمجھ رکھا تھا۔ ان کے نام سے پتھروں کی خیالی مورتیں بنا رکھی تھیں اور ان کے وہی نام رکھے چھوڑے تھے پھر جو کچھ عاجزی اور بت پرستی کے طریقے انکے خیال میں آتے تھے اپنے حصول مقاصد و دفع بلیات کے لئے اور کبھی خدا کی خوشنودی کے لئے وہ ان سے برتتے تھے۔ ان کے آگے سجدہ کرتے تھے یا تہ جوڑ کر عرض حال کرتے تھے ان کے آگے جانور ذبح کرتے اور اس کے خون کو اپنے لگاتے تھے۔ کہ گویا یہ ان بتوں نے کہا لیا ہے۔ ان کے آگے باجے بجاتے اور ناچتے کودتے تھے ان کے گرد طواف کرتے تھے اپنے بعض اوقات اولاد کی قربانی بھی کرتے تھے۔ ان کے ناموں پر جانور چھوڑتے تھے جیسا کہ ہندوستان میں ہندو بتوں کے نام سانڈ چھوڑتے ہیں پھر ان کے جدا جدا نام مقرر کر رکھے تھے۔ بحیرہ۔ سائبہ۔ حام۔ وصیلہ۔ جن کا اس آیت میں ذکر ہے۔ ماجعل اللہ من بحیرۃ ولا سائبۃ ولا وصیلۃ ولا حام ولکن الذین کفروا یفترون علی اللہ الکذب واکثرھم لا یعلمون ۝ (مائدہ) کہ یہ خدا نے مقرر نہیں کئے ہیں تمنے خود بنائے ہیں۔

اور اپنی کھیتی اور مواشی میں سے بھی کچھ حصہ بتوں کے نام مقرر کیا کرتے تھے۔ ان باتوں کا قرآن میں بہت ذکر اور رد ہے از انجملہ یہ آیت ہے وَجَعَلُوا لِلّٰهِ مِمَّا ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ وَالْاَنْعَامِ نَصِيْبًا فَقَالُوْا هٰذَا لِلّٰهِ بِزَعْمِهِمْ وَهٰذَا لِشُرَكَآئِنَا فَمَا كَانَ لِشُرَكَآئِهِمْ فَلَا يَصِلُ اِلَى اللّٰهِ وَمَا كَانَ لِلّٰهِ فَهُوَ يَصِلُ اِلٰى شُرَكَآئِهِمْ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ۝ وَكَذٰلِكَ زَيَّنَ لِكَثِيْرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ قَتْلَ اَوْلَادِهِمْ شُرَكَآؤُهُمْ لِيُرْدُوْهُمْ وَلِيَلْبِسُوْا عَلَيْهِمْ دِيْنَهُمْ ط ترجمہ مشرکوں نے خدا کی پیدا کی ہوئی کھیتی اور مواشی میں سے کچھ حصہ خدا کا بھی مقرر کر دیا ہے اور کہتے ہیں یہ تو اللہ کا حصہ ہے اور یہ ہمارے معبودوں کا ہے۔ پھر جو ان کے معبودوں کا حصہ بنایا گیا ہے وہ تو خدا کے پاس نہیں جاتا۔ اور جو اللہ کا حصہ مقرر کیا گیا ہے وہ ان کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

معبودوں کے پاس بھی پہونچ جاتا ہے کیا ہی برا فیصلہ کر رہے ہیں۔ اور اسیطرح بہت سے مشرکین کو ان کے معبودوں نے انکی اولاد کی قربانی سہلی کر دکھائی تھی تاکہ ان کو برباد کریں اور ان کے دین کو خراب کریں ٭

پھر ہر قبیلہ اور قوم کے بت بھی جدا جدا تھے چنانچہ بنی کلب۔ **وَد** کا بت اور قبیلہ ہذیل **سواع** کا اور قبیلۂ مذحج **یغوث** کا اور قبیلہ ہمدان **یعوق** کا اور قوم حمیر نسر کا بت پوجتے تھے۔ اور مکہ میں بھی بہت سے بت تھے۔ اساف ونائلہ کا اور خاص حرم اور مسجد ابراہیمی میں جسکو کعبہ کہتے ہیں تین سو ساٹھ بت رکھے چھوڑے تھے جنمیں سب سے قدآور **ہبل** تھا۔

مکہ میں اس بت پرستی کا مروج **عمرو بن لحی** ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے تخمیناً تین سو برس آگے گزرا ہے اور دنیا میں دراصل اوسکا قدیم مروج صابی فریق ہے یہ ایک اول گروہ ہے جو حضرت نوح علیہ السلام کے عہد میں اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے عہد میں بھی تھا۔ یہ حاذیون دہر سے یعنے حضرت شیث وادریس علیہما السلام کے قائل تھے۔ پھر یہ مذہب بلاد فارس اور ہند اور مصر اور یونان وروم میں بھی تھا۔ اور اسکے بعض شعبے عرب میں بھی موجود تھے کس لئے کہ عرب فرشتوں کو بھی پوجتے تھے۔ اور ان میں سے بعض کو خدا کی لاڈلی بیٹیاں بھی کہا کرتے تھے۔ اور جنوں کو بھی بیٹیاں سمجھتے تھے۔ اور اس لئے وہ بھی ستاروں کو پوجا کرتے تھے اور ان کے خاص اقتران

ف یعنے وہ اللہ کے نام کی چیز کو بتوں پر چڑھا دیتے تھے اور بتوں کی نام کی چیز کی بڑی احتیاط کرتے تھے خدا کے راہ میں نہیں دیتے تھے بلکہ بتوں ہی پر چڑھاتے تھے ۱۲ منہ

ف خدا کی ہر ایک صفت کا ایک شے کو مظہر بنا کر اس کے نام کا بت بنا رکھا تھا۔ خدا کی اوس صفت سے کام لینا اسی بت کے ساتھ منوط کر رکھا تھا۔ مثلاً خدا کی محبت جسکو وَد کہتے ہیں اسکا ایک بت خوبصورت عورت کی شکل کا بنا رکھا تھا ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

نور کہتے تھے اور اسیکو اس عالم کا متصرف و مدبر جانتے تھے بارش کا بھی اسیکو سبب حقیقی تصور کیا کرتے تھے۔ اور ان چیزوں کی پرستش کو تقرب الٰہی کا ذریعہ جانتے تھے۔ ما نعبدھم الا لیقربونا الی اللہ زلفیٰ اور جسطرح فرقہ صابیہ انبیاء کا منکر تھا اور کہتا تھا کہ ہم میں اور رسولوں میں فرق ہی کیا ہے۔ وہ بھی انسان ہیں کھاتے پیتے حوائج البشریہ میں آلودہ ہیں، ہم بھی ہیں پھر ان کی اطاعت کیوں کریں اسی اصول پر عرب کا بھی رسالت پر اعتراض تھا۔ ان سب باتوں کا قرآن میں ذکر اور کافی رد ایک جگہ نہیں بلکہ جابجا ہے +

اسکے سوا عرب دیگر صدہا توہمات میں گرفتار تھے کہیں یہ سمجھتے تھے کہ مرنے کی روح اسکی قبر پر بیٹھی رہا کرتی ہے اور اپنے قاتل سے انتقام کی طالب رہتی ہے۔ اسکو ہامہ کہتے تھے۔ اور فال اور ٹوٹکے ان کا ایمان تھا۔ وہ اپنی ہر حاجت کا روا کرنا ایک غیر مرئی روح سے متعلق سمجھتے تھے۔ حاجات اور مصائب میں انہوں کو پکارتے تھے۔ وہ چڑیل بھوت کے آثار کے معتقد تھے۔

قوت عملیہ کا تصور ایسے ناقص اور غلط اعتقادات پر مبنی ہی ہونا لازمی بات ہے۔ اسلئے ان کے پاس عبادت اور ذکر الٰہی کا کوئی بھی حصہ نہ تھا۔ قوت شہوانیہ اور غضبیہ کے بندے تھے۔ بڑا بیٹا اپنے باپ کی جوروؤں کو بجز اپنی ماں کے تصرف میں لایا کرتا تھا

ہ وجعلوا الملئکۃ الذین ہم عباد الرحمن اناثا۔ ستکتب شہادتہم ویسئلون۔ الا انہم من افکہم لیقولون ولد اللہ۔ وانہم لکاذبون۔ وجعلوا بینہ وبین الجنۃ نسبا ولقد علمت الجنۃ انہم المحضرون۔ انہوں نے فرشتوں کو جو خدا کے بندے ہیں لڑکیاں بنا دیا ان کی شہادت لکھی جاتی ہے اور انسے پوچھا جائیگا۔ اور انہوں نے خدا میں اور جنوں میں رشتہ قائم کر دیا ہے۔ حالانکہ جن خود جانتے ہیں کہ وہ پکڑ کر حاضر کئے جائیں گے۔ حدیث میں آیا ہے لا ہامۃ۔ ولا عدوائی کہ ان کی روح نکلکر قبر پر بیٹھتی ہے نہ چھوت لگ جاتی ہے۔ ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

زناکاری ایک معمولی قضاء حاجت سمجھی جاتی تھی۔ ذرا بات پر غصہ آگیا تو توخنجر اور تلوار ہی سے کام لیتے تھے شراب پیتے تھے جوا کھیلتے تھے۔ کسی بیگانہ کا قتل ایک ادنیٰ بات تھی۔ عار دامادی سے بیٹیوں کو زندہ گاڑ دیا کرتے تھے۔ حلت و حرمت کی کوئی پابندی نہ تھی جہل و غرور اور ضد اور ہٹ انہیں خمیر ہو گئی تھی۔ لوٹ مار معمولی پیشہ ہو رہا تھا۔ الغرض سب ظلمات میں غرق تھی۔ گرچند لوگ کہ جنکو **محصلہ** سے تعبیر کیا جاتا ہے کچھ کچھ ملت ابراہیمیہ کے پابند تھے اور اوس قصر آسمانی کے اگر سیکڑوں من تو وہ خاک میں سے کچھ آثار باقی دکھائی دیتے تھے تو انہیں کے پاس دکھائی دیتے تھے۔ منجملہ ان کے **زید بن عمرو بن نفیل** تھے جو توحید کا وعظ کعبہ کی دیوار سے تکیہ لگا کر بیان کیا کرتے تھے وہ حشر و نشر اور حساب کے بھی قائل تھے منجملہ ان کے **قیس بن ساعدہ** ایادی تھے یہ مکرر بار دیگر جینے کے بھی معتقد تھے۔ اس بارہ میں ان کے یہ اشعار ہیں **ع** یا باکی الموت والا موات فی جدث + علیھم من بقایا بزھم خرق + دعھم فان لھم یوما یصاح بھم۔ کما ینبہ من نوماتہ الصعق + منجملہ ان کے **عامر عدوانی** تھے یہ عرب کے حکماء و خطباء میں سے تھے ان کا ایک عمدہ کلام ہے جس کے یہ چند جملے ہیں کہ جو چیز آنے والی ہے وہ جانے والی بھی ہے کوئی ممکن خود بخود پیدا نہیں ہو سکتا۔ اگر مرض ہی موت کی علت تامہ ہوتی تو دوا ہی حیات کی علت ہو جاتی منجملہ ان کے **قیس بن عاصم** تمیمی اور **صفوان** بن امیہ بن محرب کنانی اور **عفیف بن معدیکرب** کندی تھے

عرب کے سوار

اسوقت دنیا میں یہ پانچ مذہب زیادہ مروج تھے اور تمام آباد بسے انہیں کے پابند تھے۔ اول مذہب مجوسی جو ایران اور خراسان و کابل و ترکستان تک پھیلا ہوا تھا بلکہ عرب کے بھی ایک حصہ میں تھا۔ اور ہندوستان میں بھی نئی صورت بدل کر گنگا جمنا کے شاداب قطعات میں مروج تھا۔ اور اکثر ہندو مذہب اسکے اصول پر مبنی تھا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

دوئم۔ مذہب عیسوی یہ شام اور کچھ حصہ عرب اور عراق اور ایشیائے کوچک اور یورپ اور افریقہ میں دور تک پھیلا ہوا تھا تیسرا مذہب بودہ وہ قدرے ہندوستان میں اور شرقی جزائر اور جاپان وچین اور منگولیا منچوریا تبت وغیرہ جہان میں پھیلا ہوا تھا چوتھا مذہب یہودی جو عرب کے بعض حصوں اور شام وغیرہ بلاد میں تھا۔ پانچواں حکمار کا مذہب تھا عام ہے کہ وہ حکمار یونان یا حکمار مصر یا حکمار کلدانی یا حکما ایران و ہند ہوں۔ یہ بھی ایک قدیم مذہب ہے بعض باتوں میں حضرات انبیاء علیہم السلام سے مطابق بھی پڑ جاتا تھا۔ اور کبھی ان مذاہب میں عمداً حضرات انبیاء علیہم السلام (اور اسباط ان کا) کے ہدایات بھی شامل کر لئے جاتے تھے +

یونان ہے کہ بنی آدم میں سے ایسے بھی لوگ تھے جو بہات کے قائل تھے کہ کوئی چیز بھی موجود نہیں نہ عالم محسوس نہ عالم معقول جو کچھ ہے وہ ہمارا وہم اور خیال ہی ہے۔ اس گروہ کا نام سوفسطائی ہے اور کچھ لوگ ایسے بھی تھے کہ جو کہتے تھے کہ جو چیزیں ہمیں حواس سے محسوس ہیں یعنے عالم محسوس وہ تو موجود ہیں باقی وہم و خیال ہے۔ انکو نزدیک نہ خدا ہے نہ مرنے کے بعد ارواح باقی رہتی ہے نہ انپر ان کے نیک بد کاموں کا دوسرے جہان میں ثواب ہے نہ عقاب ہے نہ فرشتے ہیں نہ کوئی عالم روحانی ہے انبیاء نے لوگوں کی ترغیب و ترہیب کے لئے جنت و دوزخ بتایا ہے۔ ان لوگوں کو طبعی[1] کہتے ہیں ہیران میں سے بعض نے قدرے ترقی کی اور وہ عالم روحانی کے بھی قائل ہو گئے مگر وہ بھی حضرات انبیاء اور ان کے شرائع و احکام کے قائل نہ تھے انبیاء علیہم السلام کی نسبت انکا اعتقاد تھا کہ وہ بھی علوم حکمیہ کے مالک ہیں واہب الصور سے ان کے قلوب پر بھی احکام حکمت و جرمت مصالح عباد و بلاد کے لئے فائض ہوتے ہیں اور جو کچھ یہ عالم روحانی کے احوال جو انپر منکشف ہوتے ہیں بیان کرتے ہیں دراصل

[1] آج کل یہ گروہ یورپ میں ترقی پذیر ہے۔ اور ان میں بھی اب ترقی کر کے عالم روحانی کے قائل ہوتے جاتے ہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

وہ ان کے علوم و ادراک عقلیہ ہیں جیسا کہ عرش و کرسی لوح و قلم انکو وہ صور خیالیہ کے ساتھ تعبیر کرتے ہیں اور جو کچھ وہ معاد کے بارہ میں کہتے ہیں کہ جنت ہے اور دوزخ ہے اور جنت میں حور و قصور انہار اور میوے ہیں اور جہنم میں آگ اور طوق و زنجیر ہے یہ سب ترغیب و ترہیب ہے ورنہ عالم علوی میں جسمانی چیزیں کہاں ہیں؟ پس جو کچھ انسان اپنے علوم و ادراک میں ترقی کر لیتا ہے اور ریاضات سے حقائق الاشیاء اور مبدء و معاد کا واقف ہو جاتا ہے اسکی استعداد کے موافق وہی اسکی سعادت ہے اور جسقدر جاہل رہتا ہے وہی اسکی شقاوت ہے اس پر مرنے کے بعد جو کچھ اسکو فوحت ہوگی وہی اسکی جنت ہے اور جو کچھ افسوس ہوگا وہی اسکا جہنم ہے۔ ان کو **حکماء الٰہی** کہتے ہیں۔ اور بعض حکماء ایسے بھی تھے کہ جو عالم محسوس اور معقول دونوں کے قائل تھے۔ مگر حدود و احکام کے قائل نہ تھے وہ **فلاسفۂ دہریہ** کہلاتے ہیں۔ اور بعض لوگ ہیں جو عالم محسوس اور معقول دونوں کے قائل ہیں اور حدود و احکام بھی صحیح مانتے ہیں مگر انبیاء علیہم السلام اور انکی شریعت کے قائل نہیں وہ **صابی** ہیں۔ اور بعض لوگ وہ ہیں جو محسوس اور عالم روحانی دونوں کے قائل ہیں اور سلسلۂ انبیائی کو بھی برحق مانتے ہیں اور کہتے ہیں کہ نبی آدم میں سے کسیکا بھی ادراک و انکشاف خواہ وہ لاکھ ریاضت کرے اس حد اور کمال کو نہیں پہونچ سکتا کہ اس کے ادراک و انکشاف میں وہم و خیال کی آمیزش سے اطمینان ہو جائے کیلئے کہ انسان اپنے ادراک میں حواس سے مدد لینے کا عادی ہے اور قوت جسمانی سے تربیت یافتہ ہے اس جسمانی پانی سے بدء الشعور سے لیکر آخر تک پرورش یافتہ ہے اور یہی سبب ہے کہ بڑے بڑے حکماء کی تحقیقات میں باہم بڑا اختلاف واقع ہوا ہے۔ اور ابتو جدید فلسفہ نے بہت سے پرانے خیالات کو رد کر دیا ہے جنپر بہت لوگوں کو ناز تھا۔ بلکہ ابتک بھی ہے۔ مگر حضرات انبیاء علیہم السلام کہ وہ مؤید من اللہ ہیں وہ اپنی ملکیت میں ملائکہ اور اعلیٰ سے اعلیٰ روحانیات سے بڑھکر ہوتے ہیں وہ عالم روحانی کو عیاناً دیکھتے ہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

اِن سے ناموس اکبر وہاں کے صاف صاف حالات بیان کر دیتا ہے وہ اپنے خدا سے مشافہۃً کلام کرتے ہیں۔ اسی لئے اِن کے علوم میں باہم تعارض نہیں۔ انکی دو جانب ہوتی ہیں۔ ایک اعلیٰ مجردات کیطرف بلند ہوتی ہے۔ اس سے وہ وہاں کے علوم فقہ و معارف صادقہ حاصل کرتے ہیں دوسری اسفل جو عالم محسوسات کیطرف مائل ہوتی ہے اِس سے وہ بندگانِ خدا کو ان اسرار سے مطلع فرماتے ہیں۔ حکمار کی عمر بھر کی سیر علوم و انکشافات جو بڑی ریاضات پر مبنی ہوتی ہے انکی سیر کا اول قدم ہے پھر انکو مقابلہ میں ان ناقصوں کی کس بات کا اعتبار ہو سکتا ہے؟۔ اور ان کی ملکیت کے کمال کی ایک ادنےٰ دلیل یہ بھی ہے کہ جو کام بڑی سے بڑی جسمانی قوت سے صادر نہیں ہو سکتے وہ ان کی قوت ملکیہ سے بہت جلد ظہور پذیر ہو جاتے ہیں۔ یعنے معجزات و خرق عادات برخلاف حکمار کے کہ وہ اس کوچہ میں پاشکستہ اور طفل مکتب ہیں۔

پھر ان کے کئی گروہ ہو گئے ہیں پس وہ جو حضرت آدم علیہ السلام سے لیکر حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم تک جملہ انبیار اور ان کی ہدایتوں اور ان کی کتابوں کو مانتے ہیں وہ **اہل اسلام** ہیں اور جو بعض کو مانتے اور بعض کو نہیں مانتے پھر ان کے کئی قسم ہیں وہ جو صرف حضرت موسےٰ اور حضرت یوشع علیہما السلام تک نبیوں کو اور توریت کو مانتے رہیں وہ **سامری** ہیں اور جو اس کے بعد کے انبیار کو بھی بجز حضرت عیسےٰ علیہ السلام کے مانتے ہیں وہ **یہود** ہیں اور وہ جو حضرت عیسےٰ علیہ السلام اور ان کے حواریوں اور ان کے نوشتوں کو بھی مانتے ہیں صرف حضرت محمد صلعم کو نہیں مانتے وہ **عیسائی** ہیں۔ (از ملل و نحل مصنفہ محمد بن عبد الکریم شہرستانی متوفی ۵۴۸ھ ہجری)

مجوسی کی بابت علمار کی مختلف رائیں ہیں بعض تو ان کو بھی سامریوں کیطرح اہل کتاب اور سلسلۂ انبیائی کے ماننے والوں میں شمار کرتے ہیں اور بعض علمار صابیوں کی ایک مخلوط شاخ لکھتے ہیں۔ مگر حق یہ ہے کہ مجوسی کے مختلف فرقے ہیں سب کا ایک حکم نہیں بعض

toobaa-elibrary.blogspot.com

سلسلۂ انبیای کرامؑ کو انہیں داخل ہیں اور بعض حکما اور صابی سی مخلوط ہیں بعض حکما اور انبیائی سلسلہ سے مرکب ہیں۔ اسطرح ہنود کی بھی بہت فریق ہیں بعض وہ ہیں جو ویدوں اور شاستروں کو مانتے ہیں بعض وہ ہیں جو انہیں سے کسیکو بھی نہیں مانتے جیسا کہ بودھ جینی۔ جوگی سنیاسی بعض انہیں بھی ہرہ اور طبیعہ میں بعض صابیوں اور بدھ سے مرکب ہیں پھر ایک دوسرے سی مخلوط ہو کر بیشمار مذاہب پیدا ہو گئے ہیں اب ہر فرقے کی حالت جداگانہ سنیئے۔

حکما کے جسقدر فریق ہیں اول تو وہ خداشناسی میں بمراحل دور پڑے ہوئے ہیں ٹھوکریں کھا کر خدا ہی ثابت کیا ہے تو مجبور محض جو ہزاروں خیالی قیود میں جکڑا ہوا ہے نہ اسکو جزئیات مادیہ کا علی وجہ التفصیل علم ہے نہ وہ مادہ اور افلاک عقول کو فنا کرنے پر قادر ہے نہ توبہ و استغفار سے جرائم کی سزا اٹھا سکتا ہے (اور جب عالم قدیم ہے تو اسنے عالم کی کسی ایک چیز کو بھی پیدا نہیں کیا) جب سے وہ ہے تب سے عالم بھی ہے پھر جہاں تک تاریخ پتا دے رہی ہے وہ یہ ہے کہ حکما زیارات کو پوجتے تھے +

خیر کچھ بھی ہو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کیوقت یہ حکمت فلاسفہ یونان میں بھی گاؤخورد ہو چکا تھا اسوقت تو یونانی بھی عیسائی تھے اور عیسوی مذہب کا حال آگے آتا ہے۔ اور جب حلت و حرمت اور حدود و احکام کی پابندی نہیں تھی تو وہ زیادہ سے زیادہ اسوقت کی طبعی اور دہریوں جیسے ہی آزاد اور شہوات و لذات میں گرفتار ہونگے جیسا کہ آج کل کے فلاسفہ یورپ ہیں جن کے افعال و حرکات سے انسانیت کو بھی لاج لگتی ہے۔ نعوذ باللہ +

یہود کی حالت خراب ہونے کی دلیل حضرت مسیح علیہ السلام کی بعثت ہے۔ وہ اصلی توریت اور صحف انبیاء علیہم السلام کھو بیٹھے تھے۔ اور جو کچھ بچا بچایا ذخیرہ ان کے پاس تھا اسمیں بھی تحریف و تبدیل ہو گئی تھی پھر اوسپر بھی انکا عمل درآمد نہ تھا۔ ان کے بڑے بڑے بادشاہوں ہی کے عہد میں بت پرستی اور بداطواری طاری ہو چکی تھی۔ انبیاء علیہم السلام کا نصیحت پر قتل کر ڈالنا ان کے ہاں کا دستور ہو گیا تھا۔ و یقتلون الانبیاء بغیر حق۔ حضرت ذکریا۔ یحیٰی و عیسے علیہم السلام کو ان کے ہاتھوں کیا کیا تکلیفیں نہیں پہونچیں۔ اسپر ان کے احبار کی حب جاہ و مال اور دین فروشی اور مسائل پر رشوت ستانی

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور یہی آفت تھی دماکلہم السحت ان میں فرقہ صدوقیہ تو حشر اور اعمال کے حساب کا بھی منکر تھا۔ خدا کی تقدیس میں تشبیہ کا دھبہ لگا رکھا تھا۔ جیسا کہ توریت میں لکھا ہے کہ خدا نے آسمان و زمین پیدا کر کے ساتویں دن آرام کیا جسکے رد میں قرآن میں آیا ہے۔ وَمَا مَسَّنَا مِنْ لُّغُوْبٍ۔ اور یہ کہ خدا آدم کو پیدا کر کے اسکی نیک و بد کی پہچان کے سبب پچھتایا۔ (توریت سفر الخلیقہ) اور انبیاء علیہم السلام کی نسبت بھی فحش اور غلط اتہام لگا رکھے تھے توریت میں ہے کہ ہارون علیہ السلام نے موسے کے بعد بچھڑا بچوایا۔ اور یہی بنی اسرائیل کی گمراہی کے باعث ہوئے۔ یہ وہ ہارون ہیں جو خدا کے گھر کے کاہن تھے جن کے لئے چپراس بھی اتری تھی۔ اور یہ بھی توریت میں ہے کہ حضرت لوط پیغمبر نے جبکہ وہ ان بستیوں کو چھوڑ کر چلدیئے تھے کہ جنپر عذاب نازل ہوا تھا۔ شراب پیکر اپنی دونوں بیٹیوں سے زنا کیا جن سے موابی وغیرہ قوموں کے جد اعلے پیدا ہوئے۔ اور یہ بھی عہد عتیق کے صحیفوں میں ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام نے اوریا کی بیوی بت سبع سے زنا کیا اور اس کے خاوند کو حیلہ سے مروا ڈالا۔ جسپر ناتن نبی کی معرفت انپر عتاب ہوا۔ یہ وہ داؤد ہیں کہ جن کی طرف تبرکاً متی حواری نے حضرت مسیح علیہ السلام کا نسب پہونچایا ہے اور جن کی کتاب زبور الہامی سمجھی جاتی ہے اور یہ بھی لکھا ہوا ہے کہ سلیمان علیہ السلام نے غیر قوموں کی عورتیں خلاف حکم شریعت کے گھر میں ڈالیں۔ اور ان کی خاطر سے بت خانے بنوائے اور خود بھی بت پرستی کی۔ کتاب صموئل و کتاب تاریخ ملاحظہ ہوں۔ اور بھی بہت سی خرافات باتیں ہیں +

ان کرتوتوں پر یہ بھی دعویٰ تھا کہ ہم حضرت ابراہیم کی نسل ہیں جن سے وعدہ ہو چکا ہے کہ میں انہیں برکت دوں گا اور انپر جو کچھ بھی وہ کریں دوزخ کی آگ حرام ہے۔ لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدَةً وَنَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَاَحِبَّآؤُهٗ کہ ہم خدا کے فرزند اور دلبند ہیں۔ اور یہ بھی گھمنڈ تھا کہ نبوت ہمارے ہی خاندان کے ساتھ

toobaa-elibrary.blogspot.com

مخصوص ہے جسکے رد میں قرآن میں آیا واللہ یختص برحمتہ من یشاء۔ وغیرہ ذلک سامریوں کا ان سے بھی بدتر حال تھا۔

عیسائی مذہب بے شک ایک پاک مذہب اور منجانب اللہ تھا۔ مگر دوسری بلکہ اول ہی صدی عیسوی سے اسپر وہ وہ آفات نازل ہونے شروع ہوئے کہ جن کا بیان نہیں۔ ان قیصر گردیوں میں وہ ہادی تتر بتر ہو گئے۔ ایسی حالت میں ان کے پاس سے وہ کتاب کہ جسکو انجیل اصلی کہنا چاہیئے جو خود حضرت مسیح پر الہام ہوئی تھی تلف ہو گئی۔ یونانی اور رومی لوگوں کے اس مذہب میں ملنے سے نئے نئے خیالات پیدا ہو گئے اور عیسائی پیشواؤں کے فلسفی طریق اختیار کر لینے سے دلائل اور بیان میں تور ونق آگئی۔ مگر یہ قباحت پیدا ہو گئی کہ جسطرح اپنے فیلسوف اپنے خیالات رواج دینے کو اپنی تصانیف مشہور اشخاص کیطرف منسوب کر دیا کرتے تھے اسیطرح عیسائی بھی کرنے لگے۔ اس لئے اناجیل تصنیف کرنے کا بازار گرم ہوا۔ اور لوگوں نے ستر کے قریب انجیلیں تصنیف کیں کسینے کسی حواری کے نام سے نامزد کی کسینے دوسرے کسی معتبر شخص کے اور سب ہی نے ان کو حضرت مسیح علیہ السلام کی انجیل کہنا شروع کر دیا۔ جنمیں سے یہ چار انجیلیں جو تھی لوقا۔ مرقس یوحنا کیطرف منسوب ہیں عیسائیوں میں زیادہ معتبر ہیں۔ اور پھر انمیں بھی الحاق اور تبدیل وتغیر شروع ہوا اور عیسائی علماء میں ان کی بابت بڑی بڑی بحثیں ہوئیں اسیطرح حواریوں کے خطوط میں بھی بڑے بڑے جھگڑے برپا ہوئے۔

اور جب قسطنتین اعظم چوتھی صدی عیسوی میں اس مذہب میں داخل ہوا تو اس کے رجحان طبیعت کا بھی مذہب پر بہت ہی اثر پڑا۔ عیسائیوں کی سات جماعتیں جداگانہ قائم ہو گئیں تھیں جنکو وہ **کلیسیا** کہتے ہیں۔ کلیسائے یروسلم۔ کلیسائے یونانی کلیسائے روم وغیرہ ان کلیسائیوں میں باہم اختلافات پیدا ہوئے۔ اور ابتک ہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور اسی زمانہ میں تثلیث اور الوہیت مسیح اور کفارہ کا مسئلہ بھی نمودار ہو چلا تھا اور اس میں قیل و قال شروع ہو گئی تھی چنانچہ ۳۲۵ء میں شہر نائس میں جبکہ آریوس نے الوہیت مسیح کا انکار کیا تو بحکم قسطنطین ایک کمیٹی منعقد ہوئی اور اسمیں چند مشکوک کتابیں پیش بھی ہوئیں جنمیں سے صرف کتاب یہودیت واجب التسلیم رہی۔ ملاحظہ ہو مقدمہ جیروم۔ اس کے بعد پھر ایسے ہی منازعات فیصلہ کرنے کے لئے شہر لوڈیسیا میں ایک انجمن قائم ہوئی اس مجلس میں علاوہ کتاب یہودیت کے اور سات مشکوک کتابیں واجب التسلیم قرار پائیں جنکے یہ نام ہیں +

(۱) کتاب استر (۲) یعقوب کا خط (۳) بطرس کا دوسرا خط (۴، ۵) یوحنا کے دونوں خط۔ (۶) یہودا کا خط (۷) یونس کا خط اور کتاب مکاشفات یوحنا کو مشکوک ہی رہنے دیا۔ پھر ۳۹۷ء میں بمقام کارتھیج ایک اور مجلس قائم ہوئی جنمیں علاوہ اگسٹائن کے جو اپنے وقت کا بڑا مجتہد تھا ایک سو چھتیس ۱۳۶ اور بھی بڑے بڑے عیسائی عالم شریک تھے۔ اس مجلس نے پہلی مجلسوں کے حکم کو قائم رکھ کر سات اور مشکوک کتابوں کو واجب التسلیم ٹھہرایا اور اس کے بعد بھی اور مجلس قائم ہوئیں جنمیں وہ سب کتابیں واجب التسلیم رہیں۔ مگر بارہ سو برس کے بعد فرقہ پروٹسٹنٹ پیدا ہوا جسنے ان مقبولہ کتابوں میں سے یہ سات کتابیں یک لخت رد کی اور لغو سمجھکر فہرست کتب الہامیہ سے خارج کر دیں۔ (۱) کتاب باروح (۲) کتاب توبیاس (۳) کتاب یہودیت۔ (۴) کتاب ویزڈوم (۵) کتاب ایکلیزیاسٹیکس (۶، ۷) مقابیس کی دونوں کتابیں۔ اور کتاب استر کے سوا ۷ بابوں میں سے صرف نو باب باقی رکھے +

اس سے آپ کتب الہامیہ مسلمہ عیسائی فریق کی حقیقت سے تو بخوبی واقف ہو گئے ہونگے۔ ایسی طوفان بے تمیزی میں شہر روما ملک اٹلی میں پوپ بھی قائم ہوئے ہر ایک پوپ اپنے عہد میں نائب مسیح علیہ السلام سمجھا جاتا تھا وہ احکام حلت و حرمت

toobaa-elibrary.blogspot.com

بھی جاری کرتا تھا دینی دستورات کی ترمیم بھی اسیکے ہاتھ میں تھی وہ گناہوں کی معافی کی معمولی نذرانہ کے بعد چٹھی بھی دیا کرتا تھا۔ ان کی حرام کاری اور خرافات کا کچھ انتہا نہ تھا جن سے ناراض ہوکر **مارٹین لوتھر** جرمنی نے مذہب عیسوی کی ترمیم کرنی شروع کی فرقہ پراٹسنٹ کا جو جرمن اور انگلینڈ وغیرہ ممالک میں آباد ہے وہی پیشوا ہے۔

اسیطرح مذہب عیسائی میں بلحاظ اختلاف عقائد ستر سے زیادہ فریق پیدا ہو گئے جن کا اصول دین میں اختلاف ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے وقت عیسائیوں میں بت پرستی۔ قبر پرستی توہمات پرستی۔ مروج تھی بداطواری دینی پیشواؤں میں عام مروج تھی۔ سب سے بڑھکر یہ تین خراب اصول جب بھی تھے اور اب تک بھی ہیں (۱) **تثلیث** کہ خدا اور روح القدس اور حضرت عیسےٰ خدائی کے تین اقنوم یا جزو ہیں تینوں الوہیت میں ازلیت ابدیت میں مساوی اور پھر تینوں ملکر ایک خدا نہ تین خدا اسکو وہ توحید فی التثلیث کہتے ہیں۔ بعض بعض فرقے اس کے قائل بھی نہ تھے اور اب بھی بعض قائل نہیں۔ جیسا کہ فرقہ **یونیٹیرین**۔ گرچہ یہ بدیہی البطلان عقیدہ ہے مگر تاہم اسکے بطلان پر علماء اسلام نے بہت دلائل قائم کئے ہیں۔ از انجملہ یہ ہے (۱) کہ یہ تینوں اپنے وجود اور تشخص میں ممیز ہیں یا نہیں؟ اگر ہیں تو تین اشخاص جداگانہ ہوئے نہ ایک پھر ایک کہنا غلط اور اگر نہیں تو تین نہوئے ایک ہی ہوا پھر تین کہنا غلط (۲) تینوں ملکر خدائے مستقل ہوتے ہیں یا جداگانہ بھی ہر ایک خدا ہے اول صورت میں ہر ایک کو خدا کہنا غلط نہ خود خدا خدا ہے نہ روح القدس خدا ہے نہ حضرت مسیح خدا ہیں۔

لہ نسطور اعیسائی نے جو ایک فریق کا پیشوا مامون رشید کے عہد میں تھا۔ اس تثلیث کی یوں توضیح کی ہے کہ اصل ذات اللہ ایک ہی ہے۔ اس میں تعدد و تکثر نہیں مسیح صفت علمی اور روح القدس صفت حیات کا انضمام ہوکر تین اقنوم ہو گئے مجموعہ کو واحد کہتے ہیں یہ بھی غلط توضیح ہے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

دوسری صورت میں مستقل خدا ہوئے نہ ایک پر توحید رہی۔ (۳) حضرت مسیح کو جب خدا کا بیٹا کہا جاتا ہے تو باپ اور بیٹے میں ضرور تقدم ذاتی اور زمانی ہے اب اوس مرتبہ میں کہ جب خدا مسیح کا باپ نہ تھا تو خدا خدا تھا یا نہیں اگر تھا تو پھر یہ کہنا کہ تینوں ملکر ایک خدا ہوا غلط ہے کیونکہ وہ اس سے پہلے ہی خدا تھا اور اگر نہیں تو مسیح بھی خدا نہیں ہوسکتا کس لئے کہ جب باپ ہی خدا نہ تھا اور نقص کی حالت میں اوس سے مسیح پیدا ہوئے۔ تو یہ کیونکر خدا ہوگئے خچر سے گھوڑا نہیں پیدا ہوسکتا۔

اس بدعقیدہ کا ابطال قرآن میں بہت عمدہ طور سے کیا گیا ہے ازان جملہ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِينَ قَالُوا إِنَّ اللَّهَ ثَالِثُ ثَلَاثَةٍ وَمَا مِنْ إِلَٰهٍ إِلَّا إِلَٰهٌ وَاحِدٌ الایہ۔ ازاں جملہ یہ ہے وَلَا تَقُولُوا ثَلَاثَةٌ انْتَهُوا خَيْرًا لَكُمْ إِنَّمَا اللَّهُ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ عرب کے عیسائی تو مریم کو بھی خدائی میں شریک جانکر پوجتے تھے۔ حضرت مسیح اور مریم کی تصاویر کو سجدہ کیا جاتا تھا اور وقت مصیبت ان کے نام کی دہائی دیجاتی تھی۔ انہی سے حاجات کا سوال کیا جاتا تھا۔ اب بھی نماز میں جو دعائیں عیسائی پڑھتے ہیں انمیں بجائے خدا کے حضرت مسیح علیہ السلام ہی سے سوال ہوتا ہے۔ اور رومن کیتھولک تو صاف صاف انکی پرستش کرتے ہیں۔

الوہیت مسیح

(۲) الوہیت مسیح۔ عیسائی حضرت مسیح کو خدا ہی کہتے ہیں اسلئے قاضی الحاجات دافع البلیات جانکر انکو پکارتے ہیں حالانکہ یہ بھی بہت غلط خیال ہے افراط محبت سے پیدا ہوگیا ہے اور ہر قوم نے آخر کار اپنے ہادیوں کو خدا بنا کر چھوڑا ہے پھر انہیں کے نام کے بت بناکر پوجنے لگے اسی لئے نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وسلم نے کلمہ نجات میں لا الہ الا اللہ کے بعد محمد رسول اللہ کہنے کی تعلیم فرمائی اور کلمہ شہادت میں اشہد ان لا الہ الا اللہ

لہ البتہ کافر ہوگئے کہ جنہوں نے یہ کہدیا کہ خدا تین میں کا تیسرا ہے حالانکہ نہیں ہے کوئی خدا۔ مگر خدائے واحد ۱۲ منہ لہ تین مت کہو اس سے باز آؤ تمہاری بہتری ہے خدا تو صرف ایک ہی خدا ہے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

کے بعد یہی شہادت قائم کی واشہد ان محمدا عبدہ ورسولہ جسطرح خدا کی وحدانیت کی شہادت رکن ایمان ہے اسیطرح حضرت محمد کی عبدیت اور رسالت کی گواہی بھی رکن ایمان ہے۔

اس کے بعد جو کوئی جاہل مسلمان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یا ان کی اولاد کو یا حضرت علی کو یا اور کسی بزرگ یا ولی کو خدا کہے یا ان کے لئے الوہیت کی شان ثابت کرے یا اپنے اندر اظہار عبدیت کرے وہ مسلمان نہیں +

اس کا رد بھی قرآن میں بکثرت ہے از انجملہ یہ آیت ہے لقد کفر الذین قالوا ان اللہ ھو المسیح ابن مریم۔ قل فمن یملک من اللہ شیئا ان اراد ان یھلک المسیح ابن مریم و امہ ومن فی الارض جمیعا۔

(۳) وہ پیار اور عزت کے لئے حضرت مسیح کو خدائے بیچون وبے چگون کا بیٹا بھی کہتے تھے۔ اور اب بھی کہتے ہیں۔ جہاں تک عیسائی عالموں کی کتابیں دیکھنے میں آئیں اس کے دو سبب معلوم ہوئے اول یہ کہ اناجیل میں اس لفظ کا اطلاق حضرت مسیح پر ہوا ہے خود مسیح نے اپنے آپ کو خدا کا بیٹا اور خدا کو اپنا باپ کہا ہے (دوئم) یہ کہ مسیح نے ان چیزوں یا ان کاموں کو جو خدا کیطرف منسوب ہوتے ہیں اپنی طرف نسبت کیا ہے (ملاحظہ ہو مفتاح الاسرار مصنفہ پادری فانڈر۔

اول بات کا جواب یہ ہے کہ اگر یہ تسلیم ہی کر لیا جائے تو اسکی وجہ یہ ہے کہ پیار اور محبت میں اگلے زمانہ میں یہ الفاظ مخصوص بندوں پر بولے جاتے تھے اس کے یہ معنی نہ تھے کہ دراصل وہ خدا کے بیٹے ہیں۔ چنانچہ کتاب لوقا کے ۳ باب میں آدم کو خدا کا بیٹا لکھا ہے اور پہر توریت کتاب پیدائش کے ۶ باب ۲ درس میں شیث کو بھی خدا کا بیٹا لکھا ہے پہر اسرائیل کو بھی توریت سفر خروج کے چوتھے باب میں خدا کا بیٹا کہا ہے۔

لہ بیشک وہ لوگ کافر ہو گئے جنہوں نے یہ کہدیا کہ اللہ تو مسیح بن مریم ہے اے پیغمبر آپ کہدو کہ اگر خدا مسیح اور انکی ماں کو اور سب زمین کے رہنے والوں کو ہلاک کر دینا چاہئے تو تمہارے لئے کون امر کا مقدور رکنا ہے کہ ہلاک کر سکے۔ کم

پھر کتاب برمیاہ کے ۳۱ باب میں افرائم کو بھی خدا کا بیٹا لکھا ہے۔ اسیطرح داؤد کو خدا کا بڑا بیٹا ۸۹ زبور کے ۲۶ و ۲۷ باب میں کہا ہے پھر سلیمان کو اول کتاب تاریخ کے ۲۲ باب میں خدا کا بیٹا لکھا ہے پھر ۲ کتاب صموئیل کے ۷ باب میں تمام اسرائیلیوں کو خدا کا فرزند لکھا ہے پھر رومیوں کے خط کے ۹ باب میں تمام عیسائیوں کو پولس نے خدا کا فرزند بتایا ہے۔

(۳) بات کا یہ جواب ہے کہ خصاص کے لئے غلام آقا کے املاک کو اور رعیت بادشاہ کے املاک اور عزت کے کاموں کو اپنی طرف منسوب کر دیا کرتے ہیں یہ عام محاورہ ہے۔

اگر عیسائی اس سبب سے خدا کا بیٹے کہتے ہیں کہ آپنے مردے زندہ کئے تھے۔ جیسا کہ انجیل متی کے ۱۵ باب میں ہے تو حضرت الیاس کا بھی مردہ زندہ کر دینا اول کتاب سلاطین کے ۱۷ باب میں لکھا ہے اسیطرح ۲ کتاب السلاطین کے ۱۳ باب میں الیسع نبی کی مدفون لاش سے بھی مردے کا زندہ ہو جانا لکھا ہے۔ اگر اس لئے بیٹا کہتے ہیں کہ وہ بغیر باپ کے پیدا ہوئے تھے تو حضرت آدم بغیر باپ اور بغیر ماں کے پیدا ہوئے تھے اور بہت سے لوگوں کی نسبت مورخوں نے بغیر باپ کے پیدا ہونا بیان کیا ہے۔ الشعوبی کے بھی تین بیٹے بغیر باپ کے مورخین نے لکھے ہیں۔ اسیطرح مسٹر کارن نے تاریخ چین میں لکھا ہے کہ ولادت مسیح سے تخمیناً چھ سو برس آگے ایک عورت پر شعاع آفتاب نازل ہوئی اور اسی دن سے وہ حاملہ ہو گئی اور وہ حمل پینتالیس برس رہا جس سے ایک سفید بالوں کا لڑکا پیدا ہوا جسکو حکیم لاؤزی کہتے ہیں۔ لاؤزی کے معنی ہیں پیر نابالغ یہی وہ لاؤزی ہے کہ جس کی پرستش چین میں مروج ہے۔ (اور روغ بگردن راوی)

اسبات کو بھی خدا تعالےٰ نے قرآن میں بڑی بڑی مستحکم دلیلوں سے رد فرمایا ہے ایک جگہ فرمایا اِنَّ مَثَلَ عِیْسٰی عِنْدَ اللّٰہِ کَمَثَلِ اٰدَمَ۔ ایک جگہ فرمایا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

سُبْحَانَہٗ اَنْ یَّکُوْنَ لَہٗ وَلَدٌ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ایک جگہ فرمایا ہے۔ اللّٰہُ الصَّمَدُ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ۔

(۳) خرابی یہ پیدا ہوگئی تھی کہ حضرت مسیح کی مصلوبی کو جو یہود کے ہاتھ سے ہوئی تھی لوگوں کے گناہ کا کفارہ خیال کرنے لگے۔ کہ وہ جو آدم نے خدا کی نافرمانی کی تھی اُس کے حکم بغیر اوس درخت ممنوع میں سے کچھ کھایا تھا وہ گناہ نہ ان کی اوس سزا سے معاف ہوا کہ وہ جنت سے نکالے گئے۔ مدتوں پریشان روتے پھرے نہ ان کی توبہ و استغفار سے معاف ہوا بلکہ وہ نسل در نسل سب بنی آدم پر منتقل ہوتا چلا آتا تھا۔ اور خدا کو اس کی سزا دئے بغیر چارہ نہ تھا کیونکہ عیسائی عقیدہ میں ہر گناہ کی سزا جہنم ضروریات ہے۔ اس گناہ موروثی سے حضرات انبیاء علیہم السلام بھی پاک نہ تھے اب اسکی سزا بھی دی تو کسکو اپنے پیارے فرزند مسیح کو اسلئے ان کو باوجود یکہ ایلی ایلی لما سبقتانی کہہ کر فریاد اور آہ وزاری بھی کرتے رہے مگر خدائے عادل کب توجہ فرمانے والا تھا اس لئے اوس معصوم کو صلیب پر یہود کے ہاتھ سے چڑھوا ہی دیا۔ اور انہوں نے بڑی تکلیف سے چیخ کر جان دی اور تمام مخلوق کے گناہوں میں انہیں کو ملعون بنا کر تین روز جہنم میں رکھا اور وہ تمام دنیا کے لئے کفارہ ہوگئے۔ یہ اعتقاد اکثر عیسائیوں کا ہے۔ پولوس کے خطوط ملاحظہ ہوں۔ مجھے اس خداوندی انصاف پر ایک احمق عادل بادشاہ کی حکایت یاد آئی جسکا ذکر لطف سے خالی نہیں +

کوئی چور کسی جولاہے کے گھر میں رات کو چوری کرنے گیا اندھیری میں اسکی جامہ بافی کی کوئی سلائی اوس کی آنکھ میں گھس گئی جس سے اسکی آنکھ پھوٹ گئی صبح کو چور عدالت میں حاضر ہو کر جولاہے سے انتقام کا خواہاں ہوا۔ بادشاہ عادل نے حکم دیا کہ ضرور آنکھ کے بدلے آنکھ پھوڑ دینی چاہیئے جولاہے کا کوئی عذر نہ سنا گیا آخر جب جولاہے نے دیکھا کہ یہاں تو اندھیر ہے کوئی ایسا ہی عذر تم بھی کرو جس سے رستگاری ہو اسنے کہا خداوند نعمت مجھے تو دونوں آنکھوں سے کام پڑتا ہے آنکھ جاتی رہے گی تو کیا

toobaa-elibrary.blogspot.com

کمائوں گا بال بچے بھوکوں مرجائیں گے مرے بدلہ سنار کی آنکھ نکلوا دیجئے۔ کیونکہ وہ جب کام کو غور سے دیکھتا ہے تو ایک آنکھ سے دیکھتا ہے دوسری بند کر لیتا ہے حکم دیا جاؤ کسی سنار کو پکڑ لاؤ ایک کمبخت سنار کو پکڑ لائے وہ ہر چند عذر کرتا رہا کہ حضور میرا کیا قصور ہے مجھے کیوں سزا دیجاتی ہے۔ جواب ملا کہ یہ سچ ہے مگر تجھکو تو ایک آنکھ کے بدلے ایک آنکھ کا نکلوا دینا بقاعدہ عدالت وشان شاہی ضروری امر ہے۔ آخر الامر غریب کی آنکھ نکلوا ہی ڈالی +

اصل اس بدعت کے موجد حضرت پولوس[1] مقدس ہیں جنکی اصلی غرض اس سے شریعت انبیاء و احکام توریت سے آزاد کرا دینا تھا۔ چنانچہ وہ اپنے اس دوسرے خط میں جو قرنتیوں کو لکھا ہے اسکے تیسرے باب ۱۳-۱۴ جملے میں فرماتے ہیں۔

ہم موسے کی مانند نہیں جس نے اپنے چہرے پر پردا ڈالا۔ اور پھر اوس خط میں جو عبرانیوں کو لکھا ہے اسکے ساتویں باب میں لکھتے ہیں۔ اگلا حکم اسلئے کہ کمزور اور بیفائدہ تھا اوٹھہ گیا۔ اور ایک جگہ شریعت پر عمل کرنا موجب لعنت قرار دیتے ہیں اور اس

[1] پولوس حضرت مسیح علیہ السلام کے بعد حواریوں میں آملا تھا کبھی وہ اپنے آپ کو عبرانی اور کبھی رومی الاصل کہتا تھا جس کے رواج دینے کیواسطے جھوٹ بولنا بھی جائز سمجھتا تھا وہ تمام حواریوں پر غالب آگیا تھا اکثر عیسائی اسیکے قول کو معتبر مانتے لگے تھے۔ بونجر صاحب اپنی کتاب وقائع پولوس کے دوسرے باب میں لکھتے ہیں کہ گریسا ساشن صاحب اپنی اوس تفسیر میں جو انہوں نے کتاب اعمال پر چوتھی صدی عیسوی میں لکھی ہے یوں لکھتے ہیں کہ فرقہ نزاری جو ابتدا صدی عیسوی میں تھا وہ پولوس کے خطوط کو نہ مانتا تھا اور کہتا تھا کہ غلط اور تعظیم سبت اور جملہ احکام شریعت کو پولوس نے مٹا ڈالا اسلئے اہل اسلام بھی پولوس کو اچھا نہیں سمجھتے نہ ان کے قول کا اعتبار کرتے ہیں نہ انکو حواری جانتے ہیں ۱۲ منہ

[2] وہ حسن حکموں میں جو موسیٰ کو ملے تھے یہ بھی تھے کہ اکیلا واحد لاشریک جانتا۔ ماں باپ کی تعظیم کرنا۔ ناحق نہ مارنا۔ ہمسایہ کو نہ ستانا۔ خون نہ کرنا۔ جھوٹی گواہی نہ دینا وغیرہ ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

خط میں جو طیطس کو لکھا تھا صاف لکھتے ہیں کہ پاکوں کو ہر چیز پاک ہے۔ پھر ان کے بعد بھی جو مارٹین لوتھر مصلح دین عیسوی اور فرقہ پراٹسٹنٹ کے پیشوا گزرے ہیں اس سے بھی زیادہ آزادی فرماتے ہیں چنانچہ مسٹر وارڈ اپنی کتاب اغلاط نامہ مطبوعہ ۱۸۴۱ء عیسوی کے صفحہ ۳۰ میں مارٹین لوتھر کے اقوال نقل فرماتے ہوئے یوں لکھتے ہیں کہ جناب ممدوح اپنی ایک کتاب کی تیسری جلد کے صفحہ ۴۰-۴۱ میں فرماتے ہیں ہم نہ سنیں گے موسیٰ کی بات اسکو دیکھیں گے کیونکہ وہ صرف یہودیوں کے لئے تھا اور اسکو ہمسے کسی بات میں علاقہ نہیں۔ اور پھر اپنی دوسری کتاب میں فرماتے ہیں کہ ہم نہ موسیٰ کو قبول کرینگے نہ اسکی توریت کو کیونکہ وہ عیسے کا دشمن تھا۔ پھر لکھتے ہیں کہ ہمکو توریت کے اس حکم سے بھی کوئی تعلق نہیں تمام بدعات انہیں دس حکموں سے پیدا ہوئے ہیں۔ انتہے۔ باوجودیکہ حضرت مسیح علیہ السلام تو یہ فرماتے تھے کہ توریت کا تو ایک شوشہ بھی نہ ٹلیگا۔ اور میں اسکی تکمیل کرنے آیا ہوں نہ مٹانے کو مگر پولوس نے تمام توریت کے احکام کو مٹا ڈالا۔ توریت میں سور۔ شراب سب کچھ حرام ہے مگر عیسائی حضرت رسول کریم کی بعثت سے پہلے سے ہی سب سے آزاد تھے ان کے نزدیک موجب نجات صرف انہیں تین باتوں پر یقین کرلینا تھا۔ اور اب بھی یہی ہے اور اسیکو عیسوی ایمان سمجھا جاتا ہے۔

اس کے بعد ہر طرح سے آزادی ہے جو چاہے کہائے پیئے جو چاہے کرے۔ سب گناہ حضرت مسیح اٹھا کر لے گئے۔ اسلئے عیسائی ملکوں میں بدکاری کی بے حد کثرت ہے۔ اس خیال کو بھی قرآن نے متعدد آیات اور متعدد سورتوں میں رد فرمایا ہے از انجملہ یہ ہے ولا تزر وازرۃ وزر اخری کہ کوئی شخص کسی دوسرے کا گناہ نہیں اٹھاتا۔ اور بہت خرابیاں پیدا ہوگئی تھیں جنکا ذکر عیسائی مورخوں نے تاریخ کلیسیا میں کیا ہے

لیکن یہ واضح رہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت تک اگر کچھ لوگ خدا پرست پائے جاتے تھے تو وہ اسی عیسائی فریق میں تھے۔ جیسا کہ اصحاب کہف

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور حبش وغیرہ جو عرب میں ہے جنکے معتقدوں کے قتل کے لئے ذونواس یہودی ظالم بادشاہ نے خندقیں کھدوا کر ان میں آگ جلوادی اور جو اس دین سے انکار کرتا تھا اسکو اس دہکتی آگ میں ڈلوا دیتا تھا۔ اس واقعہ کیطرف سورۂ بروج میں اشارہ ہے اور حبش کا نجاشی بادشاہ بھی اسی عیسائی مذہب کا تھا جسنے مسلمانوں کو پناہ دی اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر ایمان لایا تھا۔ اور بحیرا راہب اور اسکا شاگرد بھی جو حضرت پر ایمان لائے تھے عیسائی درویش تھے۔

اور اس میں ذرا بھی شک نہیں کہ اس مذہب میں سے اگر وہ بدعات جو حضرت مسیح علیہ السلام کے بعد رواج پاگئی ہیں چھانٹ دی جائیں تو مذہب اسلام میں اور اس مذہب میں اگر اس کے خدا ترس لوگ کم از کم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اس مذہب کا مجدد اور مصلح مانکر اتنا ہی سمجھ لیں کہ وہ بھی رسول تھے جیسا کہ مسیح کے بعد کے رسولونکو سمجھتے ہیں۔ تو کچھ زیادہ فرق نہیں رہتا۔ اور حضرت عیسے علیہ السلام نے کہیں نہیں فرمایا ہے کہ میرے بعد کوئی رسول برپا نہوگا۔ بلکہ انہوں نے ایک آنے والے رسول کی خبر دی ہے جسکا ترجمہ **فارقلیط** کیا گیا ہے۔ اور یہ بھی بڑے افسوس کی بات ہے کہ جو شخص یہود کے مقابلہ میں حضرت مسیح کی شہادت دے۔ انکو کلمۃ اللہ اور روح اللہ کہے ان کی والدہ ماجدہ کی پاکدامنی پر جہان بھر کے مقابلہ میں شہادت دے۔ انجیل پر

ے مجھ کو ایکبار ریل میں دو تک ایک خدا ترس عیسائی کے ساتھ سفر کا اتفاق ہوا وہ ایک علاقہ کے بشپ تھے انہوں نے از خود مذہبی ذکر چھیڑ کر مجھ سے پوچھا کہ تم عیسائی کیوں نہیں ہو جاتے میں نے کہا میں اور جملہ اہل اسلام عیسائی ہیں انکو تعجب ہوا میں نے باعث تعجب پوچھا تو لکھا آپ لوگوں کا حضرت مسیح پر ایمان نہیں میں نے کہا میں حلف سے کہتا ہوں کہ ہمارا اپر ایمان ہے ہاں ہم ان کو خدا اور خدا کا بیٹا اور خدائی کا مہر نہیں سمجھتے۔ اسکی تعلیم چاروں انجیلوں کے کسی صاف جملہ سے ہے اور جو پیش کئے جاتے ہیں اول تو عیسائی محققوں نے انکا الحاقی ہونا تسلیم کر لیا ہے۔ دوئم وہ بھی مادل ہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

ایمان لانے کی تاکید کرے حواریوں کو برگزیدہ کہے اور حضرت عیسیٰ کے کسی کلام کی بھی تکذیب نکرے۔ دنیا میں مکارم اخلاق توحید خدا پرستی راستبازی کو رواج دے پھر خواہ مخواہ اسکی عداوت اسکی تو ہیں اسپر اتہام لگانا عیسوی مذہب کا رکن بنایا جائے جیسا کہ مشنریان زمانہ کہہ رہے ہیں یہ کہاں کی خدا پرستی اور انصاف ہے۔

یہاں تک کہ ہر مسلمان کو ابراہیمی موسوی عیسائی ہونے سے بھی انکار نہیں بلکہ ان کا دعویٰ ہے کہ در اصل حقیقی ابراہیمی موسوی عیسائی ہم ہیں ہم ان بزرگوں پر ویسا ہی ایمان رکھتے ہیں جیسا کہ حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر ان کی گستاخی اور بے ادبی کو ویسا ہی برا اور باعث بدنصیبی سمجھتے ہیں جیسا کہ حضرت محمد کی گستاخی اور بے ادبی کو اسپر بھی مذہب اسلام اور اس کے پیرو مورد طعن قرار دیئے جائیں اور ان کی اس قرابت کا کچھ بھی حق نہ سمجھا جائے محل افسوس ہے ✣

مجوسی مذہب

کے بھی بہت سے فریق ہیں۔ حضرت ابراہیم خلیل اللہ ملت حنیفیہ کے بانی ہیں جنہیں یہود سارے مسلمان شمار کئے جاتے ہیں۔ صابی فریق کے مخالف تھے۔ آخر کار حضرت ابراہیم کا مذہب نہایت

بقیہ حاشیہ ۳۱۰ اسلئے آپ خبکو عیسائی کہتے ہیں ان میں سے بھی بعض فریق ان باتوں کے قائل نہیں پھر کیا انکو کہہ سکتے ہیں کہ ان کا حضرت مسیح پر ایمان نہیں اور کیا آپ میری نجات میں بھی حضرت مسیح کو جو مجھ پر ایمان لائیگا وہ میرے باپ کے تخت کی دائیں طرف بیٹھے گا کوئی شک کر سکتے ہیں بشپ صاحب بڑی دیر تک متفکر رہے آخر انصاف سے کہا کہ نہیں پھر مجھ سے اپنی نجات کی بابت سوال کیا میں نے کہا اگر مسیح کے منکر کی نجات ہے تو ان کے بھیجنے والے رسول کے منکر کی بھی نجات ہے اب محل تردد میں آپ ہیں نہ ہم ہماری نجات کا تو آپ سے بھی فتویٰ دیدیا اگر آپ محمدؐ پر بھی ایمان لے آئیں تو آپ کی مذہب میں کیا مانع ہے اسپر وہ بہت ہی متفکر ہوئے اور سر اوٹھا کر کہا کچھ نہیں اسلئے میں بھی اقرار کرتا ہوں کہ محمد صاحب پر ایمان لایا اب میری نجات میں کیا شک ہے میں نے کہا کچھ نہیں اب میں اور آپ دونوں ہم مذہب اور بھائی ہیں ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

ترقی پاگیا تھا اور تمام بادشاہان عجم ملت ابراہیمی کے تابع ہوگئے تھے اور انکی تمام رعایا اپنے بادشاہوں کے مذہب پر ہوتی تھی اور ان سلاطین کا ایک سرگروہ اور دینی سردار ہوتا تھا جسکی تعظیم بادشاہوں کے برابر کیجاتی تھی اور اس کے حکم سے کیسکو بھی سرتابی کی مجال نہ تھی۔ اور اسکو موبد موبدان کہا کرتے تھے۔

کتاب دساتیر میں جو مہ آباد نام آیا ہے اور انکیطرف بھی ایک نامہ منسوب کیا ہے اوس سے غالباً ابراہیم علیہ السلام مراد ہیں۔ بمرور زمانہ پیران ملکوں میں (ایران اور اس کے توابع) مختلف لوگ مختلف الخیال پیدا ہوئے۔ اور نئے نئے مذاہب پیدا ہوگئے بدیں تفصیل:۔

کیومرثیہ یہ کہتے ہیں کہ مبدء اول اشخاص میں سے کیومرث ہے اور کبھی کہتے ہیں زروان اول ہے اور انجیر بنی زردشت کو سمجھتے ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ کیومرث آدم ہیں۔ ان کے نزدیک تمام مخلوق کے دو شخص خالق ہیں۔ نیک چیزوں کا نور خالق ہے جسکو یزداں کہتے ہیں اور بری چیزوں کا خالق ظلمت یعنے اہرمن ہے۔ یزداں قدیم اور اہرمن حادث ہے۔ یزداں کے دلمیں ایک بار یہ خطرہ گزرا کہ اگر کوئی میرا مخالف اور مقابل اٹھ کھڑا ہوا تو کیا ہوگا۔ اس خیال سے ظلمت یعنی اہرمن پیدا ہوگیا اور یزداں اور اہرمن میں بڑی جنگ ہوئی اور طرفین کے لشکروں میں بڑی معرکہ آرائیاں ہوئیں آخر فرشتے بیچمیں آپڑے اور دونوں کی استدعا پر مصالحت کرادی کہ سات ہزار برس تک عالم سفلی پر اہرمن کا ہی مستقل قبضہ رہے چونکہ اسکی سرشت میں شر شہوت و غصہ ہے اسلئے اسنے صلح سے پہلے کے سب لوگوں کو فنا کردیا اور ایک نیا شخص اور ایک نیا حیوان پیدا کیا ہے۔ شخص کیومرث اور حیوان بیل تھا۔ پیران دونوں کو اہرمن نے قتل کرڈالا۔ جس جگہ کیومرث قتل ہوا تھا وہاں سے ایک انسان پیدا ہوا۔ جسکا نام ریباس ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

پھر ریباس کے قدموں سے ایک مرد میسہ اور ایک عورت میسانہ پیدا ہوئے پھر لوگ انہیں سے پیدا ہوئے اور جس جگہ قتل ہوا تھا وہاں سے چارپائے اور کل حیوانات پیدا ہو گئے نور یعنے یزداں نے ارواح انسانیہ کو ان دو باتوں میں اختیار دیا کہ اگر چاہو تو میں تم کو اہرمن کی جگہ سے اٹھا لوں اور چاہو تو تمکو جسم کا لباس پہنا دوں کہ تم اہرمن سے جنگ کرو ارواح نے جسم کا لباس پہنکر اہرمن سے جنگ کرنا اس شرط پر اختیار کیا کہ آپ کی طرف سے ہمکو فتح وظفر ملے اور جب ہم اہرمن کے لشکروں کو ہلاک کر دیں تو قیامت قائم کر دیجائے پس امتزاج روح اور جسم کا یہ سبب ہے اور اسکی خلاصی یہ ہے۔

(۲) زروانیہ

وہ کہتے ہیں کہ نور نے اشخاص نورانیہ پیدا کئے وہ سب کے سب روحانی ربانی تھے لیکن ان میں سے ایک بڑے شخص کے دل میں جسکو زروان کہتے ہیں کسی بات میں شک پیدا ہوا اوس شک سے **اہرمن** پیدا ہوا بعض کہتے ہیں یوں نہیں ہوا بلکہ زروان نو ہزار نو سو ننانوے برس تک اس لئے گاتا رہا کہ اس کے کوئی بیٹا پیدا ہو پھر جب نہوا تو اس نے کہا شاید یہ عالم کچھ بھی نہیں پس اس غم اور شک سے تو **اہرمن** پیدا ہوا اور اس کے علم سے **ہرمز** پیدا ہوا اور یہ دونوں ایک ہی شکم میں تھے اور قریب تھا کہ پہلے ہرمز برآمد ہو مگر اہرمن ماں کا پیٹ پھاڑ کر اوس سے پہلے ہی نکل آیا اور دنیا پر قابض ہو گیا۔ بعض یہ بھی کہتے ہیں کہ جب اہرمن اپنے باپ زروان کے سامنے آیا اور اسمیں فساد اور شرارت دیکھ کر زروان سخت ناراض ہوا اور اسپر لعنت کی۔ اور نکال دیا۔ مگر اس نے جاکر تمام دنیا پر قبضہ کر لیا اور ہرمز ایک زمانہ تک اس کے مقابلہ سے عاجز رہا پھر جب لوگوں نے اسمیں خیر و حسن اخلاق و طہارت دیکھی تو اسکو رب قرار دیدیا۔

بعض زردانی یہ بھی کہتے ہیں کہ خدا میں ہمیشہ سے ایک ردی خصلت تھی یا فکر ردی یا عفونت اوس سے اہرمن پیدا ہوا جسکو شیطان بھی کہتے ہیں اور اس سے پہلے دنیا میں شر و فساد و مصیبت اور دکھ نہ تھا اور اہل دنیا بڑے مزے اور راحت میں تھے

toobaa-elibrary.blogspot.com

شیطان نے یہ خرابی پیدا کردی اور شیطان اسمان پر حیلہ کرکے چڑھ گیا۔ بعض کہتے ہیں کہ وہ آسمان میں تہا حیلہ کرکے زمین پر اترآیا اور اپنا لشکر لیکر نور (نروان) سے مقابل ہوا اور طرفین میں تین ہزار برس تک جنگ برپا رہی آخر فرشتے بھیبیں آپڑے اور یہ شرط قرار پائی کہ شیطان مع ان تین ہزار برسوں کے نو ہزار برس اور زمین پر رہے۔ خدا اوس معاہدہ کو توڑ نہیں سکتا جب تک کہ یہ مدت تمام نہو لے لوگ مصائب میں مبتلا رہیں گے اسکے بعد پھر نعیم وراحت میں آجائیں گے۔ اس خرافات کا ٹھکانا ہے۔

(۳) مسخیہ۔ کہتے ہیں کہ دراصل ایک ہی نور تہا۔ پھر اسمیں سے کچھ مسخ ہوکر ظلمت ہوگیا اور یہی فرقہ خریدیہ کا قول ہے اور یہ دونوں فرقے تناسخ اور حلول کے بھی قائل ہیں اور کسی حکم اور شریعت کے قائل نہیں نہ ان کے نزدیک کوئی شے حلال ہے نہ حرام ہے

(۴) زردشتیہ یہ لوگ زردشت بن بوراشب کے معتقد ہیں جو گشاسپ۔ بن لہراسپ شاہ ایران کے عہد میں ظاہر ہوا تہا۔ ان کی والدہ شہرزے کی اور باپ آذربیجان کے رہنے والے تہے۔ یہ لوگ نبوت۔ وسلطنت کے قائل ہیں کہتے ہیں جب سے اول کیومرث تہا جو تمام دنیا کا بادشاہ ہوگیا تہا۔ اسکا پائے تخت شہر اصطخر تہا۔ اس کے بعد ہوشنگ ہوا جو ہند کا فاتح ہے۔

اسکے بعد طہمورث ہوا۔ انہیں کے اول سال جلوس میں فرقہ صابی پیدا ہوا ان کے بعد انکا بھائی جمشید ہوا۔ ان کے بعد انبیاء وسلاطین پیدا ہوئے جنمیں سے فریدون اور منوچہر تہے آخر اللہ کر بابل میں آیا۔ اور انہیں کے زمانہ میں حضرت موسے کا ظہور ہوا۔ یہاں تک کہ گشاسپ کا زمانہ آیا ان کے عہد میں زردشت پیدا ہوا۔ انہوں نے تیس برس کی عمر میں دعوی نبوت کیا اور شاہ گشاسپ نے ان کا مذہب قبول کیا۔ انکا قول ہے کہ نور وظلمت دو متضاد چیزیں ہیں۔ تمام عالم کے اصول یہی ہیں ان کی ترکیب سے اشیاء مختلفہ پیدا ہوئیں۔ اور خدا تعالے نور وظلمت کا

toobaa-elibrary.blogspot.com

خالق و مظہر ہے۔ وہ واحد و لاشریک ہے نہ اس کا کوئی شریک ہے نہ سہیم خیر و شر صلاح و فساد طہارت و خبث نور اور ظلمت کے امتزاج سے پیدا ہوئے ہیں اگر امتزاج نہ ہوتا تو عالم کا ظہور بھی نہ ہوتا۔ نور و ظلمت میں باہم مقابلہ رہتا ہے کبھی یہ غالب وہ مغلوب کبھی وہ مغلوب یہ غالب۔ پھر نور اپنے عالم کیطرف اور ظلمت اپنے عالم کی طرف جدا ہو کر چلے جائیں گے اور یہی خلاص ہے اور ان کو ملانے والا وہ باری تعالے ہے۔ اپنی حکمت و مصلحت سے اسنے انہیں ترکیب دیدی ہے کہتے ہیں اسنے ایک کتاب تصنیف کی تھی جسکا نام **زندوستا** ہے بعض کہتے ہیں اسپر نازل ہوئی تھی۔ اسمیں جہان کو دو قسم پر منقسم کیا ہے **میناوگیتی** یعنے عالم جسمانی و روحانی۔ پھر جو کچھ عالم میں ہے اسکو بھی دو قسم پر منقسم کیا ہے۔ ایک بخشش و دوسرا کنش۔ یعنے تقدیر اور فعل۔ اور ہر ایک کو دوسرے سے تعلق ہے۔ پھر موارد تکلیف حرکات انسان کو ٹھہرا کر ان کو تین قسم پر منقسم کیا ہے۔ منش۔ کنش۔ کویش۔ یعنے اعتقاد عمل۔ قول۔ اور کہا ہے کہ انہیں تینوں سے انسانی سعادت کا تکملہ ہوتا ہے اور ان میں قصور کرنے سے دین میں قصور واقع ہوتا ہے۔ جب انسان ان تینوں میں شریعت کے موافق چلے گا فلاح پائے گا۔ اور اس کے معتقد یہ بھی کہتے ہیں کہ زردشت سے معجزات بھی ظاہر ہوئے تھے۔ اور یہ بھی کہتے ہیں کہ ہندوؤں کا بڑا پنڈت ویاس جی بلخ میں زردشت سے آکر مرید ہوا اور تعلیم پاکر ہندوستان میں واپس آیا +

یہاں تک کیانیوں کا عہد تھا۔ پھر ان کے بعد دوسرا طبقہ ساسانیوں کا ہوا ان میں بھی متعدد فریق پیدا ہوئے سب میں بڑا فرقہ۔

ساسانی

(۶) **ساسانی** ہے وہ کیومرث اور مہ آباد وغیرہ اگلوں کو بھی اور زردشت کو بھی مانتے ہیں ساسان پنجم نے انکے نوشتوں کو پازندی زبان سے (جو سنسکرت سے بہت مشابہ ہے اگر لب و لہجہ سے جو ملکی تفاوت سے پیدا ہوتا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قطع نظر کیجائے تو دونوں ایک ہی زبان ہیں) دری زبان میں ترجمہ کیا جس کا نام وساتیر ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں یہی مذہب زیادہ مروج تھا۔ اس مذہب میں ثواب و سیارات اور عناصر کی پرستش تھی اور ان کی پرستش کے طریقے اور آفتاب و دیگر نیرات کی تسبیح و تقدیس بھی وساتیر میں مذکور ہے۔

(۷) **ثنویہ**۔ جو نور و ظلمت کو عالم کی دو اصل ازلی کہتا تھا۔

(۸) **مانویہ**۔ جو مانی بن فاتک حکیم کا فریق تھا حکیم مانی شاپور بن اردشیر کے عہد میں ظاہر ہوا تھا جسنے مجوسی اور عیسائی مذہب کے بین بین نیا مذہب نکالا تھا وہ نور اور ظلمت کو مستقل عالم کا خالق مانتا تھا اور کہتا تھا کہ یہ اتفاقاً باہم مل گئے جن سے یہ اشیاء مختلفہ بنگئیں آفتاب و ماہتاب اور تمام ستارے اوس نور کو ظلمت میں سے کھینچتے رہتے ہیں پھر جب رفتہ رفتہ انوار کھینچ جائیں گے تو ترکیب اجسام مختل ہوجاے گی اور ہر چیز اپنی اپنی جگہ میں جا پہونچے گی۔ اور یہی انحلال ترکیب قیامت ہے اور مانی یہ بھی کہتا تھا کہ تسبیح و تقدیس اور اچھے کلام سے صبح صادق کے وقت اجزاء نور مرتفع ہوکر فلک القمر تک پہونچتے ہیں اور قمر ان کو پندرہ روز تک لیتا رہتا ہے اور پھر پندرہ روز تک آفتاب کے پاس پہونچاتا رہتا ہے پھر آفتاب اسکو اپنے سے اوپر کے نور پاس پہونچاتا رہتا ہے پھر وہ عالم نور خالص میں جا ملتے ہیں۔ پھر جب کچھ بھی نور باقی نہ رہے گا تو اس وقت وہ فرشتہ جو آسمانوں کو تھامے رہتا ہے ان کو چھوڑ دے گا تب آسمان زمین پر گر پڑے گا پھر آگ جلائی جائے گی کہ جس سے آسمان و زمین ایک ہزار چار سو چیاسی برس تک جلیں گے پھر جو قدرے قلیل نور رہگیا ہوگا وہ بھی نکل جائے گا مانی نے اپنے مریدوں پر دن میں چار بار نماز اور مال میں عشر فرض کیا تھا وہ بت پرستی اور زنا اور جھوٹھ کو اور حیوان کے مارنے کو منع کرتا تھا۔ اگلے تمام انبیاء کو برحق مانتا تھا اور کہتا تھا کہ مسیح علیہ السلام برحق نبی تھے۔ اور ایک بڑا بلند مرتبہ رسول خاتم الانبیاء زمین عرب میں پیدا ہوگا۔ مگر آفتاب

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور نیرات اور آگ کو پوجتے تھے۔

(۹) مزدکیہ کانوشیرواں کے باپ قباد کے عہد میں مزدک پیدا ہوا تھا قباد بھی اسکے مذہب میں داخل ہوگیا تھا اس کے بہت سے خیالات فرقہ مانویہ سے ملتے تھے۔ وہ لڑائی جھگڑے حسد و نقص سے منع کرتا تھا پھر جب اسنے دیکھا کہ تمام جھگڑے عورت اور مال سے ہی پیدا ہوتے ہیں تو کہدیا کہ عورت اور مال میں سب کا حصہ برابر ہے کسیکی خصوصیت نہیں ہر عورت سے ہر شخص قضاء حاجت کا مجاز ہے اور ہر ایک کے مال کو دوسرا لے سکتا ہے۔ جب اس سے فساد برپا ہوا۔ تو قباد نے اسکو بلا کر قتل کرواڈالا پھر اس کے مذہب میں چند فریق پیدا ہوگئے۔ کوزکیہ تو نواحی اہواز و فارس و شہرزور میں پھیلا ہوا تھا اور ثانیہ واسبیدجامکیہ نواحی سغد و سمرقند و شاش و ایلاق میں تھے اور یہی فریق مجوس کے تھے مگر سب کے سب آتش پرستی اور آفتاب و نیرات پرستی میں مشترک تھے۔ اور ان کے بڑے بڑے قدیم آتشکدے یہ تھے۔ ایک شہر طوس میں دوسرا بخارا میں جسکا نام بردسوان تھا۔ ان دونوں کو فریدوں نے بنایا تھا اور ایک نواحی بخارا میں اور بھی تھا۔ جسکو قباداں کہتے تھے اور ایک نے سجستان میں جسکو تہمتن نے بنایا تھا اسکا نام کرکرا تھا اور ایک فارس و اصفہان کے درمیان کیخسرو نے بنایا تھا جسکو گوگیہ کہتے تھے اور ایک قومس میں تھا جسکا نام جریر تھا اور ایک اقلیم چین میں سیاوش نے بنایا تھا جسکا نام گنگ دژ تھا اور ایک ارجان فارس تھا جسکو گشتاسپ کے داداؤں نے بنایا تھا۔ یہ آتشکدے تو وہ ہیں جو زردشت سے پہلے تھے پھر زردشت نے ایک نیشاپور میں دوسرا شہر رسنا میں بنایا۔ گشتاسپ کو حکم دیا کہ اس میں اوس آگ کو لاؤ جسکی جمشید تعظیم کیا کرتا تھا تو اسکو شہر خوارزم میں پایا اور وہاں سے اور لاکر کچھ تو آذرخوار میں رکھی اور کچھ نسار میں۔ بعض کہتے ہیں کہ اوس آگ کو نوشیرواں نے لاکر کرمان کے آتشکدہ میں رکھا تھا۔ اور اس آگ کی ایرانی بیحد تعظیم کیا کرتے تھے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

یہاں تک کہ جب کیخسرو افراسیاب کے مقابلہ میں نکلا اور وہاں پہونچا تو اس آگ کو سجدہ کیا۔ قسطنطنیہ کے پاس بھی ایک آتشکدہ تھا جسکو شاپور بن اردشیر نے بنایا تھا اور وہ خلیفہ مہدی کے عہد تک تھا۔ اور یونان میں بھی ایک آتشکدہ تھا توران کسریٰ کی بیٹی نے بنایا تھا اور چین میں بھی آتشکدے بنائے گئے تھے اور بلخ میں بھی ایک قدیم آتشکدہ تھا اور ہندوستان میں بھی تھے خصوصاً شہر ملتان میں ایک بڑا آتشکدہ شاہان ایران کے حکم سے بنا تھا۔

الحاصل مجوسی فرقوں میں سے کوئی بھی ایسا نہ تھا جو آگ کو نہ پوجتا ہو۔ آفتاب و نیرات کو سجدہ نکرتا ہو سب میں یہ پرستش جاری تھی خصوصاً آنحضرت صلعم کے بعثت کے وقت اس کا بڑا ہی چرچا تھا۔

ہندوستان میں آج سے نہیں ہزاروں برسوں سے تین فریق ہیں۔ اول بت و عناصر و آفتاب و نیرات پرست بلکہ انسان پرست حیوان پرست نباتات و جمادات پرست جنکو صابیوں یا مجوسیوں کا مقلد کہنا چاہیئے دوم کچھ ایسے بھی ہیں جو خدا ہی کے منکر تھے۔ سوئم جاہل و وحشی جنکا نہ کوئی مذہب نہ کوئی ملت یہ تین قسمیں ہوئیں پھر ہر اک قسم کی بہت شاخیں تھیں۔ **قسم اول** میں سے ایک بڑا فریق جسمیں وہاں کے سلاطین و حکام بھی شامل ہیں وہ ہیں کہ جنکو **ویدک دھرم** کہتے ہیں۔ یہ لوگ چار کتابوں کو جنکا نام **رگوید۔ یجروید۔ اتھربن ویدشام وید** ہے اور جملہ شاستروں اور اٹھارہ پورانوں کو مانتے ہیں ان سب کتابوں میں بہت سے دیوتاؤں کی مدح اور پرستش اور فسانے مذکور ہیں ارواح غیر مرئیہ عناصر شائے آفتاب ماہتاب مشاہیر اشخاص سب دیوتاؤں میں شمار ہیں چھوٹے بڑے تینتیس کروڑ دیوتا ہنود کے معبود ہیں:۔

از کتاب رسوم الہند داخل مشترہ تعلیمات گورنمنٹ انڈیا۔

ہندوؤں کی قدیم مذہبی کتابیں چار ہیں۔ جنکو وید کہتے۔ مگر بہت سے پڑھے لکھے

ہنود کے فرق

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہندوانیں سے صرف تین ہی کو مانتے ہیں وید کی مختلف باتوں کو جو مدتوں سے لوگوں کو زبانی یاد تھیں حضرت عیسے کے چودہ سو برس پہلے ویاس جی نے جمع کیا ان کتابوں میں یہ لکھا ہے کہ خدا ایک ہے اور سب سے بڑا ہے اور کل جہان کو اسنے پیدا کیا ہے اور یہ بھی لکھا ہے کہ ہوا آگ پانی زمین سورج چاند ستارے اور بعض نیکیاں مثلاً انصاف حکمت سب کے سب دیوتا ہیں ان کی پوجا کرنے سے بہت سے فائدہ حاصل ہوتے ہیں ان دیوتاؤں کے راضی رکھنے کے واسطے ویدوں میں کئی طرح کی نذریں مقرر کی ہیں چنانچہ اکثر گھی چاول۔ سوم[۵۱] کارس اور کبھی ذبح کیئے ہوئے جانور بھیٹ چڑھاتے تھے اور منتر کے زور سے دیوتاؤں کو بلا کر کہتے تھے کہ آپ ہماری نذر قبول کیجئے اور ہمکو دونوں جہان میں عزت دیجئے۔ ویدوں میں بڑے بڑے راجاؤں کے واسطے گھوڑے کی قربانی جائز رکھی ہے اور کہیں کہیں انسان کی قربانی کا بھی ذکر ہے مگر اکثر بجائے انسان کی قربانی کے جانوروں کو ذبح کرتے تھے ظاہر میں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہندوؤں نے گھوڑے کی قربانی کا ڈھنگ سندھ کے پار رہنے والو لنسے اوڑایا ہے اور آدمی کی قربانی کا طور ہندوستان کے اصلی[۵۲] باشندوں سے سیکھا ہے۔ ویدوں میں بھگوان (خدا) کے کئی سروپوں مثلاً شکتہ یعنے قدرت اور اور چیزوں کا بیان ہے مگر برہماجی شیوجی وشنو جنکو ہندو لوگ پیدا کرنیوالا پالنے والا اور مارنے والا جانتے ہیں انکا ذکر ویدوں میں بہت ہی کم ہے منو[۵۳] جی نے اپنے دھرم شاستر میں بہت سے دیوتاؤں کی پوجا جائز رکھی ہے مگر بشن جی اور شیوجی (مہادیو) کا اس میں

[۵۱] گنڈنا ۱۲ منہ [۵۲] بھیل گونڈ وغیرہ صحرائی قومیں ۱۲ منہ [۵۳] منوجی برہما کے پوتے یا فرزند جنہوں نے ہنود کے لئے دھرم شاستر بنایا اور برہماجی کے چاروں مونہوں سے چار وید نکلے اور برہماجی مخلوق کو پیدا کرتے ہیں تمام قومیں انہیں سے یوں پیدا ہوئیں کہ کوئی زبان سے کوئی ناک سے کوئی بازو سے کوئی رانوں پاؤں سے اور یہی وجہ قوموں میں تفاوت کی ہے۔ اور

toobaa-elibrary.blogspot.com

کہیں نام بھی نہیں۔ اور وشن جی کے اوتاروں[1] رام چندر جی اور کرشن جی کا تو کیا ذکر ہی اسی شاستر سے یہ بھی پایا جاتا ہے کہ مورتوں کی پوجا نہ کرنی چاہئے مگر دیوتاؤں کی مورتوں کی تعظیم واجب ہے اور ان کے سایہ پر قدم رکھنا یا انکو لانگھنا ہرگز درست نہیں۔

منوجی اپنی کتاب میں دنیا کی پیدائش کا حال اس طرح بیان کرتے ہیں کہ جب خدا نے اپنی ذات سے دنیا کے پیدا کرنے کا ارادہ کیا تو پہلے اوس نے پانی کو پیدا کیا اور اسمیں ایک بیج ڈالا جو تھوڑی دیر کے بعد انڈے کی صورت میں بدل گیا۔ اس انڈے میں سے برہما جی نکلی اور انہوں نے آدھے جسم کو نر اور آدھے کو مادہ بنایا اور مادا حصہ سے براٹ کو پیدا کیا اور براٹ کی تپسیا (عبادت) کے سبب منوجی پیدا ہوئے اور وہ منوجی میں ہوں جس کی پیدائش اس طرح سے ہوئی اور میرے ہی سبب سے زمین آسمان دیوتا۔ انسان اور تمام چیزیں ظاہر ہوئی ہیں۔ منوجی کا ایک قول یہ بھی ہے کہ ہندوں کی چار ذاتیں خاص برہما جی کے ہی جسم سے پیدا ہوئی (دونوں قولوں میں صریح تعارض ہے) چنانچہ پہلے باب میں جہاں ہندوں کی ذاتوں کا بیان ہے اس امر کا کچھ ذکر آچکا ہے۔

منوجی نے اپنی کتاب میں یہ بھی لکھا ہے کہ دنیا ایک خاص مدت کے بعد فنا ہو کر خدا کی ذات میں ملجاتی ہے اور پھر اوسیطرح سے پیدا ہوتی ہے جسطرح سے

بقیہ ص ۳۱۹ برہما۔ بشن۔ مہادیو۔ تینوں صفات خدا بنکر سرشٹ ست تم۔ خدائی کا کام کرتے ہیں پیدا کرنا پالنا مارنا۔ عیسائی تثلیث بھی اسیکے قریب قریب ہے ۱۲ منہ

[1] اوتار وہ شخص جسمیں خدا یا کوئی دیوتا اترے یعنے حلول کرے ہندو ایسے اشخاص کے قائل ہیں کہ ان میں خدا نے یا دیوتا نے حلول کیا تھا۔ ان کے کرشمے اور خوارق کے لحاظ سے منجملہ ان کے اجودھیا کے راجہ رام چندر جی اور متھرا کے باشندے سری کرشن جی کو بھی خیال کرتے ہیں ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

پہلے پیدا ہوئی تھی۔

دہرم شاستر کی رو سے انسان کو دو روحیں دی گئیں ہیں ایک کو چیتر یگ یا جیوا تما کہتے ہیں دوسری کو مہان بولتے ہیں۔ پہلی روح کے سبب سے بدن کو حرکت ہوتی ہے اور آدمی کلام کرسکتا ہے اور اچھے بُرے کام بھی اسی روح سے ہوتے ہیں دوسری روح کے باعث سے پہلی روح کو ہر ایک جنم میں آرام یا تکلیف معلوم ہوتی ہے اور یہی روح رجوگن ستوگن تموگن یعنے شہوت اور نیکی اور بدی کا مقام ہے۔ جو کہ یہاں آرام یا تکلیف کے پانے کا ایک ذریعہ ہے تو اسے گناہ کی سزا کا کچھ دکھ نہیں ہوتا۔ صرف چیتر یگ کو تکلیف ہوتی ہے۔ یہ دونوں روحیں ہمیشہ پرم آتما یعنے خدا کی روح کے سہارے پر رہتی ہیں۔ اور جب چیتر یگ روح جسم سے نکلجاتی ہے تو وہ یہاں اور پرم آتما سے بھی جدا ہوجاتی ہے اور آرام یا تکلیف اٹھانے کے واسطے اسے ایک اور جسم ملتا ہے (تناسخ) اور وہ اس جسم میں آکر اچھے یا بُرے کاموں کے عوض کچھ مدت تک سُرگ (بہشت) یا نرک (دوزخ) میں رہتی ہے اور اس کے بعد پھر اسکو یہاں اور پرم آتما کا سہارا لجانا ہے اور کچھ تھوڑے سے گناہ کی عوض جو نیک آدمی سے کبھی نہ کبھی ہوا ہے یا گناہگار آدمی سے سزا بھگتنی باقی رہ گئی ہے اِس روح کو حیوان اور درخت اور نیچ لوگوں کے جون میں جانا پڑتا ہے اور ان جونوں کو بدل کر اور گناہوں سے صاف ہوکر اسے پھر اچھا برن نصیب ہوتا ہے مگر جس آدمی نے صرف نیک ہی کام کئے ہوں اسکی روح کو جینے مرنے اور جونوں کے بدلنے کی تکلیف نہیں ہوتی بلکہ وہ سیدھی پرم آتما سے جاکر مل جاتی ہے۔

ہندوں کے مذہبی رسوم میں سے جن کا ذکر ویدوں میں آیا ہے دو رسمیں بہت بڑی ہیں ایک جنیو[1] دوسرا جب کسی آدمی کے جنیو ڈالا جاتا ہے تو پنڈت لوگ اسکی صورت

[1] گلے میں حمائل طور پر کئی تاروں کا بٹا ہوا تاگا جسکو زنار فارسی میں کہتے ہیں ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

برہم چاری فقیروں کی سی بنا کر اسکو گایتری[1] منتر پڑھاتے ہیں دوم سراوہ یہ وہ ہے کہ جب ہندوؤں میں سے کسیکے ماں باپ مرجاتے ہیں تو اسکے نام پر ایک پنڈ دان کرتے ہیں یعنے چاول گھی شہد دودھ دیگر ایسی چیزوں کا ایک لڈو بنا کر اپنے آگے رکھتا ہے۔ اور منتر کے زور سے اپنے مردوں کو بلا کر ان سے اس نذر کے قبول کرنے کی درخواست کرتا ہے پھر برہمنوں کو کھانا کھلاتا ہے۔ اس کے سوا رنقد اور وہ وہ اشیا رہی جو مردہ اپنی زندگی میں استعمال میں لاتا تھا کپڑے گھوڑا برتن ہتھیار بلکہ اس کی بیوی بھی اس برہمن کو دیتا ہے جو خاص اس خدمت کے لئے ہر خاندان کے ساتھ مخصوص ہوتا ہے جسکو پروہت کہتے ہیں مگر برہمن سے بیوی کو روپیہ دیکر خرید لیتے ہیں۔ اور برہمن گویا ان چیزوں کو مردہ کے پاس پہونچانے والا خیال کیا جاتا ہے۔ مگر جب مردہ تناسخ کے سبب کسی حیوان یا انسان کی جون میں ہے تو اسکا آنا اور نذر قبول کرنا مشاہدہ سے باطل ہے (یہ مسئلہ تناسخ کو باطل کر رہا ہے)۔

دھرم شاستر میں برہمن کے لئے گوشت کی ممانعت نہیں مگر ترک کو بہتر بتایا ہے۔

ہندوؤں میں اٹھارہ کتابیں جنکو پوران کہتے ہیں اور بھی ہیں جنکو اوسی دیاس جی کی تصنیف بتلاتے ہیں کہ جسنے ویدوں کو جمع کیا ہے۔ لکھا ہے کہ دنیا بار بار پیدا ہو کر فنا ہوتی ہے اور بشن پوران میں ہے کہ آدمیوں کا ایک سال دیوتاؤں کے ایک دن کے برابر ہوتا ہے اور دیوتاؤں کے بارہ ہزار سال کے چار جگ یعنے زمانہ ہوتے ہیں جنکے یہ نام ہیں ست جگ۔ تریتا جگ۔ دواپر جگ۔ کل جگ۔ اور اب کل جگ ہے۔ ایسے ہزار زمانے یعنے چار ارب بتیس کروڑ سال برہما جی کے ایک دن کے برابر ہیں

[1] ویدکا ایک منتر یعنے جملہ ہے جسمیں دیوتاؤں کی مدح ہے اسکو برہمن سب منتروں سے افضل جانتے ہیں اور خیال کرتے ہیں کہ اس کے پڑھنے سے بڑی قدرت حاصل ہو جاتی ہے اور مشکلیں حل ہو جاتی ہیں ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور اسی عرصہ میں چودہ منوجی پیدا ہوتے ہیں اور ہر منوجی کے زمانہ میں بعض دیوتا فنا ہو کر پھر پیدا ہو جاتے ہیں۔ جب برہما جی کا ایک دن گزر جاتا ہے تو سارا جہان فنا ہو جاتا ہے اور رات بھر فنا کی حالت میں رہتا ہے صبح کو پھر پیدا ہو جاتا ہے اور برہما جی اپنے ہی برسوں کے حساب سے سو برس جیتے ہیں۔ پورانوں میں پایا جاتا ہے کہ دیوتاؤں کا پوجنا اور مذہبی رسوم ادا کرنا ہر نیکی سے بہتر ہے اور اکثر ہندو پورانوں پر چلتے ہیں۔ پورانوں کے موجب سب ہندو جانتے ہیں کہ خدا ایک ہے جسے نارائن یا بھگوان (دیا الیشور) کہتے ہیں لیکن اسکی عبادت کوئی نہیں کرتا بلکہ بھگوان کے تینوں سروپوں (مظہر کو برہما جی۔ بشن جی۔ شو جی۔ (مہادیو) مانتے اور ان میں سے صرف بشن اور شو کو پوجتے ہیں۔ ہندو لوگ بشن جی کی اتنی پوجا نہیں کرتے جتنی ان کے دونوں اوتاروں راجہ رام چندر جی اور سری کرشن جی کی کرتے ہیں خصوصاً کرشن جی کو تو نارائن کا سروپ جانتے ہیں۔ شو یعنے مہادیو کو ایسی صورت میں خیال کرتے ہیں کہ ایک فقیر اپنے بالوں کی لٹیں چھوڑے بیل پر سوار ہے (ایک ہاتھ میں ترسول دوسرے میں ڈیرو) بدن پر سانپ لپٹے ہوئے بالوں میں سے گنگا کی دھاریں بہ رہی ہیں گرچہ اکو فنا کرنے والا جانتے ہیں۔ مگر فنا کے بعد بقا خیال کرتے ہیں اسلئے انکی بھی پوجا کرتے ہیں اسنے عورتیں اولاد مانگتی ہیں اور ان تینوں شخصوں کی بیویوں کو بھی پوجتے ہیں سرسوتی جی برہما جی کی بیوی (اور بیٹی) لچھمی جی بشن کی اور پاروتی مہادیو کی

لہ ان کی سوتیں تراش کر بڑے بڑے مکانوں میں رکھ چھوڑی ہیں جنکو دیول یا مندر کہتے ہیں۔ مندروں میں جو مہادیو کے نام سے بنے ہیں۔ کہیں ایک پتھر کا پیل بیٹھا ہوا ہے جو مہادیو کی سواری تھا اور ایک کنول اور اسمیں ایک عمودی پتھر کا لمبا ٹکڑا ہی کھڑا ہے۔ کنول سے جسکو جلہری کہتے ہیں مہادیو کی بیوی کا اندام نہانی اور دستہ سے مہادیو کا اندام نہانی مراد ہے۔ مستورات ہنود حصول اولاد کے لئے اسکا مس کرنا سجدہ کرنا پر اثر عمل خیال کرتی ہیں ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

تھی۔ اور انکو دولت اور علم اور فنا کی دیویاں جانتے ہیں۔ پاروتی جی اکثر بھوانی دیوی۔ اور درگا دیوی بھی کہلاتی ہیں۔ ان کے ماننے والے متعدد فریق ہیں۔ ان میں سے بعض ایسے بھی ہیں کہ جن میں کسی ذات کا امتیاز نہیں برہمن۔ چھتری۔ بیش شودر سب مل کر ایک برتن میں گوشت اور شراب ملا کر کھاتے اور پھر کیا کیا ناگفتہ بہی حرکات کرتے ہیں ہنود میں بھوت پریت امراض وغیرہ کو بھی دیوتا مان کر پوجتے ہیں (ستیلا یعنی چیچک کی دیوی کا ہر گاؤں میں ایک چھوٹا سا مندر ہوتا ہے جسکو پوجتے ہیں اور اسکے خوش کرنیکو گدھوں کو گھگنیاں کھلاتے ہیں اور بڑے بڑے سال میں معین دنوں میں میلے ہوتے ہیں)۔

ہندوں میں ہر ایک دیوتا کے پوجنے والوں کے متعدد فریق ہیں اور ہر فرقہ میں برہمن یا گسائیں کی قوم سے ایک ایک گرو ہوتا ہے اور انکو لوگ بہت دیتے لیتے رہتے ہیں اسلئے بڑے متمول ہوتے ہیں۔ اور ہر ایک ہندو خواہ کسی فرقے کا ہو اپنے ماتھے پر ٹیکہ لگاتا ہے اور ٹیکے مختلف الاشکال کے ہوتے ہیں جس سے معلوم ہو جاتا ہے کہ فلاں فرقے کا ہے اور ہر ہندو کے سر پر ایک چوٹی بھی ہوتی ہے جسکو منڈانا بہت برا جانتے ہیں ہنود کی بڑی عبادت اور مذہبی پابندی یہ ہوتی ہے کہ صبح کو گنگا میں نہانا اور گنگا نہ ہو تو اور پانی میں سہی اور نہا کر بتوں کو سجدہ کرنا اپر پانی ڈالنا ان کے آگے کھانا وغیرہ رکھنا گھنٹیں اور ناقوس بجانا جس سے وہ اپنے سوتے بتوں کو بیدار کرتے ہیں۔ اور غیر قوم کی کوئی چھوئی ہوئی چیز نہ کھانا نہ پینا اسمیں بڑی احتیاط کیجاتی ہے گائے کے گوبر سے جگہ لیپ پوت کر کھانا پکانا اسکو چوکا کہتے ہیں۔ گوشت سے پرہیز کرنا مگر مخصوص قومیں چھتری کشمیری برہمن وغیرہ مخصوص ہیں۔ مگر گائے کا گوشت سب کے نزدیک ممنوع ہے مردوں کو جلانا اور مردہ کے لئے پروہت سے سرادھ کرانا جنیو گلے میں ڈالے رکھنا۔ بتوں کے سالانہ اور ماہوار میلے کرنا بڑی دھوم دھام سے انکو نکالنا دور دراز

toobaa-elibrary.blogspot.com

سفر کر کے گنگا کے اشنان کو جانا یا بڑے مشہور مندروں پر جا کر زر بھیٹ چڑھانا۔)
ہندوں میں دیوتاؤں کی بڑی کثرت ہے اور بڑے چھوٹے سب دیوتا تینتیس کروڑ ہیں اور ان میں سے مشہور دیوتا یہ ہیں گنیش جی۔ جنہیں مشکلوں کا آسان کرنے والا سمجھتے ہیں اور ہر کام میں برکت کے لئے پہلے انہیں کی پوجا کرتے ہیں (اسکی صورت ایسی بناتے ہیں ہاتھی کا سر اور سونڈ نیچے کا دھڑ انسان کا مکانوں کے دروازوں پر بھی یہی متبرک شکل بناتے ہیں) اندر۔ کویر۔ سوام۔ کارتک۔ اور کام دیو۔ جو سرگ دولت لڑائی اور شہوت کے دیوتا ہیں ورن۔ اگن۔ پرتھوی۔ پون۔ سور۔ سوم یعنی پانی۔ آگ۔ زمین۔ ہوا۔ سورج۔ چاند۔ ان کے سوا نو ستارے اور بہت سے دیوتا بھی انہیں تینتیس کروڑ میں ہیں۔ دریاؤں میں گنگا جی اول درجے پر جمنا جی دوئم درجہ پر ہے اور ان دونوں کو عورت کی صورت میں خیال کرتے ہیں۔ اندر اور پون اور بڑے بڑے دیوتاؤں کے واسطے جدے جدے مکان مقرر ہیں۔ جن کو لوک (یعنی عالم) کہتے ہیں اور انمیں سے اندر استھان کی جسکو اندر پوری اور اندر لوک بھی کہتے ہیں بڑی تعریف لکھی ہے۔ چنانچہ بیان کرتے ہیں کہ اندر لوک میں سونے کے محل جواہر آبدار سے آراستہ ہیں ہر طرف خوشنما باغ موجود ہیں۔ نہریں بہ رہی ہیں۔ پھول کھل رہے ہیں ایسرا اور گندھرپ دو معشوقیں اپنے ناز و انداز سے راجہ اندر کو رجھا رہی ہیں۔ اور بہی صدہا مہ جبین حلقہ باندھے آرایش کئے بیٹھی ہیں۔ راجہ اندر کا اکھاڑا مشہور ہے +

ان کے سوا گوشائیوں۔ سنیاسیوں۔ بیراگیوں۔ جوگیوں کے صدہا گروہ ہیں جنکی عبادت مجرد رہنا۔ شادی نکرنا ہے۔ یہ کہیں دریا کے کنارے کبھی پہاڑوں میں کبھی کسی اور جگہ ارد گرد آگ جلاتے اور راتدن اس میں بسر کرتے ہیں بدن کو راکھ ملتے ہیں بعض بالکل برہنہ رہتے ہیں بعض صرف ایک لنگوٹی باندھے رہتے ہیں۔ بعض متوکلانہ صرف دودھ پر بسر اوقات کرتے ہیں بعض گھروں میں جا کر بھیک مانگ لاتے ہیں۔ انکی ریاضتیں بھی

toobaa-elibrary.blogspot.com

سخت ہیں۔ بعض ایک ٹانگ پر کھڑے رہتے ہیں دوسرے کو سوکھا دیتے ہیں بعض ایک ہاتھ کو اٹھائے رکھتے ہیں یہاں تک کہ وہ سوکھ جاتا ہے۔ ان میں روحانی ریاضتیں اور مجاہدے کرنے والے بھی ہوتے ہیں جنپر قدرے روحانی اثر بھی مرتب ہوتے ہیں اور بعض تسخیر شیاطین کرنے میں مصروف ہوتے ہیں سحر کی مشاقی کرتے ہیں۔ پھر ہر ایک جماعت کا ایک گرو ہوتا ہے اور جہاں گرو رہتا ہے وہاں بہت کچھ مال و اسباب ہوتا ہے بلکہ انمیں سے بیوپار اور داد و ستد سودی بھی کرتے ہیں گرو مر جانیکے بعد اوسکا چیلہ جانشین ہوتا ہے۔ ان کے معابد میں گانا بھی ایک بڑی عبادت شمار ہوتی ہے۔ بماشا زبان میں وہ گیت گائے جاتے ہیں جو دنیا کی بے ثباتی پر دلالت کرتے ہیں۔ فن موسیقی کے یہ بڑے اوستاد ہوتے ہیں۔ طب اور کیمیا میں بھی انکو دخل ہوتا ہے۔ اسلئے عوام و خواص ہنود ان کے بہت معتقد ہوتے ہیں نذر و نیاز پیش کرتے ہیں۔ مگر یہ بھی ہنود کے دیوتاؤں اور ان کی مورتوں کو پوجا کرتے ہیں۔ ہنود میں ایک فرقہ ویدانتی کہلاتا ہے جنکے خیالات وحدت الوجود میں قریب قریب صوفیائے وجودیہ کے ہوتے ہیں۔ ان کی عبادت مراقبہ اور تصحیح خیال ہے البتہ یہ بتوں کو نہیں پوجتے۔ ایک ہندو ایک وقت میں متعدد بیویاں کر سکتا ہے اور ایک بیوی جب خاوند سے اولاد کی توقع نہو تو دس مردوں تک سے اولاد حاصل کر سکتی ہے اور اسکو نیوگ کہتے ہیں۔ دہرم کے لئے ہندوں میں جنگ کرنا ایک عمدہ کام ہے ؛

قسم دوم میں بہت سے فرقے ہیں جنمیں سے یہ دو فرقے بہت مشہور ہیں **اول بودہ**۔ اگلے زمانہ میں برہمنوں کے قول کے موافق ہندو یہ خیال کرتے تھے کہ جس شخص میں بدہ یعنے عقل کامل آجاتی ہے اسی قدرت خدائی حاصل ہو جاتی ہے اور وہ بدہ کہلانے لگتا ہے۔ مگر یہ اسیکو حاصل ہوتی ہے جو دھرم میں

toobaa-elibrary.blogspot.com

نہایت کوشش کرتا ہے +

حضرت عیسے سے چھ سو برس پہلے ایک چھتری راجہ کے بیٹے نے جس کا نام **سدھارتھ** تھا اس درجہ کے حاصل کرنے کے واسطے دھرم پر کمر باندھی اور راج پاٹ چھوڑ کر بیراگ اختیار کر لیا۔ اور جنگلوں میں تپسیا کرتا پھرا آخر اس کے دل میں ٹھن گئی کہ مجھکو بدھ کا مرتبہ حاصل ہو گیا اور اپنے تئیں سب علوم کا ماہر سمجھ کر اپنا بودھ مذہب پھیلانا شروع کر دیا اور اسوقت سے اسکا نام شاکی سنگھ گوتم یا شاکی منی۔ مشہور ہوا۔ پہلے پہل یہ مذہب نواح بنارس میں جاری ہوا پھر آہستہ آہستہ تمام ہندوستان میں پھیل گیا۔ اور حضرت عیسے سے اڑھائی سو برس پہلے اوس نے بڑی رونق پائی اور تھوڑے عرصہ کے بعد جزیرہ سراندیب برما چین میں جہاں اب تک اس مذہب کے ہزاروں آدمی موجود ہیں چمک گیا۔ لیکن اب ہندوستان میں بجز نیپال[۱] ملکوں کے اسکا نام و نشان بھی نہیں +

[۱] تبت وغیرہ ۱۲ منہ

اس مذہب میں ذات کو کچھ دخل نہیں ہر ایک آدمی کا درجہ اسکے عملوں پر موقوف ہے۔ شاکی منی کہتا ہے کہ بچے بڈھے جوان مرد عورت کو تکلیفیں سہنے سے ایک خاص فائدہ ہوتا ہے۔ اس کے نزدیک **نجات** ایک ایسی حالت میں پہونچ جاتا ہے کہ جسمیں خوشی و رنج دوستی و دشمنی اور جملہ خیالات اور خواہشوں سے آزاد ہو جائے۔ اس کے حیات میں ہی اس کے مذہب نے بڑا رواج پایا ویدک دھرم۔ اور برہمنوں کا قریب استیصال کے ہو گیا تھا بڑے بڑے راجہ مہاراجہ اس مذہب میں آ گئے تھے اور اس کے بعد بھی اس مذہب کی بڑی ترقی ہوئی۔ لیکن رفتہ رفتہ اس میں بہت سے فریق ہو گئے جو آج تک مختلف مقامات میں موجود ہیں۔ انمیں سے ایک بڑے فریق کا یہ قول ہے کہ خدا کچھ چیز نہیں اور سب میں بڑا بدھ ہوتا ہے۔ اور چوبیس بدھ گزر چکے ہیں گوتم پچیسواں بدھ ہے۔ اور انکا یہ بھی قول ہے کہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

کہ مادے میں ایک ایسی خاصیت ہے کہ وہ خود بخود جہاں کی صورت میں بدل جاتا ہے اور پھر فنا ہو کر نئے سرے سے پیدا ہوتا ہے اور ہمیشہ یہی حالت جاری رہتی ہے۔ بعض فرقے کہتے ہیں کہ خدا موجود ہے مگر اسنے نہ دنیا کو پیدا کیا ہے نہ اسکو انسان کے نیک و بد کاموں سے کچھ تعلق ہے۔ بعض فریق کہتے ہیں کہ گرچہ خدا کو دنیا سے کچھ سروکار نہیں لیکن پھر بھی تمام چیزیں اسکی مرضی سے پیدا ہوتی ہیں۔ اِس مذہب کی بڑی عبادت یہ ہے کہ دنیا سے دل نہ لگاؤ۔ کسیکو دکھ نہ دو اسلئے ان میں سے اکثر دنیا چھوڑ کر ایک مکان میں جسکو دہار کہتے ہیں ہو بیٹھے ہیں صندل کی لکڑیاں جلا کر ہجن کیا کرتے ہیں۔ بودہ مذہب کے اکثر لوگ ہندوں کے دیوتاؤں کو بھی پوجتے ہیں اور اپنے گھروں اور بودہ کی مورت کو عموماً پوجتے ہیں۔ اور ان کے مندروں میں عجائب عجائب حیوانات کی مورتیں پائی جاتی ہیں۔ **دوسرا جینی** مذہب ہے یہ بھی بودہ مذہب کیطرح کہتے ہیں کہ خدا کوئی چیز نہیں۔ اگر ہے تو اسکو دنیا کے کاموں میں کچھ دخل نہیں نہ اسنے دنیا کو پیدا کیا ہے بلکہ مادے میں ایک ایسی خاصیت ہے کہ وہ خود بخود دنیا کی صورت میں بدل جاتا ہے۔ جسطرح بودہ مذہب کے لوگ بودہ کو مانتے ہیں اسیطرح یہ **ارہنت** کو پوجتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ دنیا میں چوبیس ارہنت ہیں اور یہ پہلے آدمی تھے۔ تپسیا[1] کر کے ارہنت ہو گئے اور جب ان کا زمانہ پورا ہو چکے گا تو چوبیس اور ہونگے۔ جینی لوگ اس زمانہ کے ارہنتوں میں سے **رشب** جی کو جو سب سے پہلے ارہنت ہیں اور پارس ناتھ کو جو تیئیسویں ہیں اور مہاویر جی کو جو چوبیسویں ہیں بہت پوجتے ہیں اور یہی دونوں اخیر شخص اس مذہب کے بانی معلوم ہوتے ہیں۔ جینیوں کے دو فرقے بڑے مشہور ہیں ایک **دگمبری** دوسرے **سوتمبری**

[1] جب خدا نہیں تو تپسیا یعنے عبادت کسکی کی تھی ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

دگمبری جنکو سراوگی بھی کہتے ہیں اپنے دیوتاؤں کی مورتوں کو برہنہ رکھتے ہیں اور ان کے منی بھی بالکل ننگے رہتے ہیں وہ سمجھتے ہیں کہ ہمیں جہات ستہ کے سوا اور کسی لباس کی ضرورت نہیں لفظ دگمبر دگ اور امبر سے مرکب ہے۔ دگ سنسکرت میں سمت کو اور امبر چادر کو کہتے ہیں یعنے ان کا لباس یا چادر صرف جہات ہیں۔ پہر اس فرقے میں بھی کئی فریق ہیں مگر زیادہ مشہور وہ ہیں جو پہلے بنئے تھے اور ہر سراوگی ہو گئے۔

سویتمبری وہ لوگ ہیں جو اپنے بتوں کو کپڑے تو نہیں پہناتے مگر خول کے طور پر زیور پہنا دیتے ہیں چاندی سونے کے انگرکھے پائجامے۔ یہ لفظ سویت اور امبر سے مرکب ہے۔ سویت سنسکرت میں سفید کو کہتے ہیں یعنے سفید چادر پہننے والے انکی بھی کئی قسمیں ہیں۔ مونہہ بندھے جنکو سیوڑے اور ڈھونڈے کہتے ہیں وہ بھی انہیں میں سے ہیں۔ ان کے منی سفید چادر اوڑھتے ہیں۔

جینیوں کا بڑا اصول مذہب یہ ہے کہ کوئی جانور ان کے ہاتھ سے نہ مرنے پائے اسلئے ہاتھ میں ایک سوت کی چونری رکھتے ہیں کہ جگہ جھاڑ کر بیٹھیں کوئی جانور دبکر نہ مرجائے اور کپڑا بھی مونہہ پر تاگے میں ڈالکر لٹکائے رکھتے ہیں کہ مونہہ کی بھانپ سے کوئی جانور نہ مرجائے اور پانی چھان کر پیتے ہیں اور اس امر میں طرح طرح کی تکلیفیں گوارا کرتے ہیں مگر سب بت پرست ہیں اپنے پیشواؤں کی مورتوں کو پوجتے ہیں۔ ان کے آگے ہاتھ جوڑتے سجدہ کرتے ہیں مرادیں مانگتے ہیں اور ہندوؤں کے دیوتاؤں کو بھی پوجتے ہیں۔ عجب ہے کہ خدا تو کوئی چیز نہیں اور ہے تو اسکو دنیا کے کاموں میں کچھ بھی دخل نہیں اور ان کے بتوں کو سب کچھ دخل ہے جو ان کے ہاتھ کے بنائے ہوئے ہیں اور جنکے نام کے یہ بت ہیں وہ انہیں جیسے آدمی تھے آج کہلاتے پائخانہ پھرتے تھے انکو مرنے کے بعد بھی یہ قدرت ہے کہ وہ تو وہ ان کے نام کی مورتیں پوجے بغیر بھی چارہ نہیں۔

جینی بھی بودہ مت کیطرح ویدوں اور ہنود کی دیگر کتابوں کو واجب التسلیم نہیں جانتے

toobaa-elibrary.blogspot.com

بلکہ بعض تو سخت برائی بیان کرتے ہیں۔ ان کے پاس اپنے دھرم کی کتابیں ہیں جنکی زبان خالص سنسکرت نہیں بلکہ مخلوط ہے +

اس مذہب والے وسط ہند میں بھی ہیں اور راجپوتانہ اور گجرات اور کاٹھیاواڑ میں تو بکثرت ہیں جو ناگڑھ کے پہاڑ گرنار پر نیمو ناتھ کا ایک مندر ہے جسمیں ہندوں کو نہیں جانے دیتے۔ کچھ گز کا ایک بلند بت ہے وہاں ان کے درویش اور عالم رہتے ہیں

ان دونوں قسموں میں قدیم سے بت پرستی رواج ہے جیسا کہ عرب میں تھی اور اسلئے علماء نے کہا ہے کہ عرب اور اہل ہند کے مذاہب وخصائل میں بہت مشابہت ہے۔

ان ہنود میں علوم بھی تھے ریاضی خصوصاً ہیئت۔ ہندسہ۔ حساب۔ موسیقی نجوم میں کمال مہارت تھی۔ فن طب بھی ان میں ایک حد تک ترقی پر تھا۔ ان کے چھتری بہادر اور غیور بھی تھے۔ رحمدلی مہمان نوازی بھی ان میں تھی سخاوت اور داد و دہش بھی تھی۔ اسطرح عرب میں عمدہ خصائل بھی تھے۔ شجاعت۔ سخاوت۔ مہمان نوازی حمیت علم نسب وقیافہ کے بڑے ماہر تھے + مگر جسطرح اہل ہند سادہ لوح اوہام پرست تھے اسیطرح عرب بھی تھے۔

تیسری قسم کے جاہل اور وحشی ہندو ہیں اور اس ملک کے اصل باشندے یہی ہیں جنکو وسط ایشیا سے آکر آریوں[1] نے مغلوب کرلیا تھا۔ اور انکو

[1] آریہ یعنی ایرین حضرت مسیح سے تخمیناً دو ہزار برس پہلے بعضوں کے نزدیک پندرہ سو برس پہلے ترکستان سے آکر اول پنجاب میں ستلج تک بسے اور پھر ترقی کرتے کرتے ہندوستان پر حاوی ہوگئے برہمن انکی علمی قوم قرار پائی۔ چھتری جنکی نسل سے راجپوت اوکھتری ہیں اہل حکومت قرار پائے۔ ویش جنکے ذمہ زراعت تجارت قرار دیئے گئے شودر یہاں کے قدیم باشندے جنہیں غلاموں کے قرار دیئے گئے ابتدا میں ایرین خانہ بدوش تھے مواشی کے گلے انکے ساتھ رہتے تھے مابعد مذہب ساتھ لائے تھے عناصر ذخیرہ کی مدح میں لوگ کچھ اشعار تصنیف کرکے انکے عناصر و تیرات کی پرستش

toobaa-elibrary.blogspot.com

شودر کا خطاب دیا تھا جو آریوں کے ساتھ کسی حق کے مستحق نہ تھے محض خدمت گار سمجھے جاتے تھے جیسا کہ چار۔ خاکروب۔ ڈھیڑ۔ بھیل گونڈ۔ انکا کسیوقت میں بھی کوئی مذہب و ملت نہیں ہوا ہے۔ یہ بت پرست بلکہ عجائب پرست ہیں ہر چیز کو جو ان کے نزدیک بڑی قوت والی ہو خدا سمجھتے ہیں سیطرح اوس عہد میں کیا بلکہ ابتک افریقہ کے جاہلوں کا یہی حال ہے اور دیگر طوائف بنی آدم کی بھی یہی حالت تھی۔ ایسی حالت میں خدا کی رحمت کا مقتضے تھا کہ کوئی بڑا زبردست رسول بھیجے جو تمام بنی آدم کو خداپرستی اور مکارم اخلاق طہارت و نجاست جائز ناجائز باتیں بتادے۔ مرنے کے بعد آنے والی زندگی کی صحیح صحیح خبر دیکر متنبہ کرے اور ملت انبیائی اور مذہب ابراہیمی کو از سرنو زندہ کرے جو جو امور اس کے لوگوں میں باقی رہ گئے ہوں ان کو انکے غلط خیالات کی آمیزش سے پاک وصاف کر کے ملت میں باقی رکھے اور جو مٹ گئی ہوں انکو از سرنو قائم کرے۔ اور ایسا شخص اوس عہد میں بجز حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے اور کوئی دوسرا مبعوث نہیں کیا گیا اور اگر کوئی دوسرا ایسا ہوا ہو تو ہمکو بتلایا جاوے باتفاق مورخین ایسا کوئی اوس عہد میں مبعوث نہیں ہوا ہے۔ پس آپ کی نبوت

بقیہ نوٹ صہ ۳۳۰ کے وقت پڑھا کرتے تھے وہ شدہ شدہ منتر قرار پا گئے اور روز بروز تصنیف کا سلسلہ بڑھتا گیا ابتدائے زمانہ سے لیکر ان کے عروج تک جبکہ انمیں شائستگی پیدا ہو گئی تھی تخمیناً ہزار برس سے زیادہ تک یہ سلسلہ جاری رہا پھر ویاس نے ان مختلف اشخاص کے مختلف المضامین اشعار کو جمع کر دیا انکا نام وید یعنی علم قرار پایا۔ شاید رگ بحر۔ اتروشام لوگوں نے بعد میں یا اسی وقت میں ترتیب دینے میں کوشش کی انہیں کے نام سے نامزد ہو گئے اسلئے ویدوں میں مضامین مختلف پائے جاتے ہیں۔ کیونکہ ان کے متعدد مصنف مختلف زمانوں کے ہیں اور اس اثنار میں انبیا بھی آئے ہوں اور انکے کلام کو بھی شامل کر دیا ہو تو تعجب نہیں اسلئے ان مذاہب باطلہ میں بعض سچے اور الہامی باتیں بھی تلاش سے ملتی ہیں مگر غضب یہ ہوا کہ انپر بھی خیالات کی قلعی چڑھکر اور ہی صورت کر دیگئی ہے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

ورسالت آفتاب سے زیادہ روشن ہوکر ثابت ہوگئی جسمیں منصف کو قیل وقال کی مجال ہی باقی نہیں رہی +

جس مذہب کو آپنے رواج دیا ہے اسکا نام اسلام ہے اور یہی خدا کے نزدیک مقبول اور موجب نجات ہے جیسا کہ قرآن میں آگیا ہے اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَامُ کہ دین تو اللہ کے نزدیک اسلام ہی ہے وَمَنْ یَّبْتَغِ غَیْرَ الْاِسْلَامِ دِیْنًا فَلَنْ یُّقْبَلَ مِنْہُ وَھُوَ فِی الْاٰخِرَۃِ مِنَ الْخٰسِرِیْنَ ○ کہ جسنے اسلام کے سوا اور کوئی دین اختیار کیا تو وہ مقبول نہوگا اور وہ شخص آخرت میں نقصان پانے والوں میں سے ہوگا۔ کیسلئے کہ دین برحق کا بڑا اصول توحید اور اسکی ذات وصفات وغیرہا ان امور پر ایمان لانا ہے جنکو حواس محسوس نہیں کرسکتے پھر وہاں تک رسائی کے دو ہی طریق ہیں اول استدلال سو یہ کافی نہیں۔ کیونکہ استدلال میں بڑی بڑی غلطیاں پیش آجاتی ہیں۔ جنکی تفصیل علم منطق میں مذکور ہے جو خاص استدلال کی حفاظت کے لئے حکماء نے مدون کیا ہے۔ اور یہی سبب ہے کہ ایک حکیم استدلالی کا نتیجہ دوسرے کے خلاف نکلتا ہی اور کبھی خود ایک نتیجہ نکالتا ہے پھر دوسرے وقت آپ ہی اوس کو غلط قرار دیتا ہے دوئم کشف۔ اسمیں وہم وخیال کی آمیزش ہوجاتی ہے۔ کوئی ہزار روحانی ریاضات کرے اور کسی حد تک اس کے کشف کا پایہ بلند ہوجائے مگر تاوقتیکہ تائید الٰہی جسکو عصمت فی العلم کہتے ہیں معین نہو۔ وہمی اور خیالی آمیزشوں سے بچ نہیں سکتا اور وہ کشفی ادراک میں معصوم صرف حضرات انبیاء علیہم السلام ہی ہوتے ہیں کیسلئے کہ یہ دنیا میں اسکی ہدایت کے ذمہ وار ہوتے ہیں یہی علوم آخرت پہونچانے کا وسیلہ قرار دیئے جاتے ہیں۔ انکی نگہبانی نہ کیجائے تو کام کیونکر چلے۔ جن باتوں کو اور لوگ استدلال یا کشف سے کچھ کچھ دریافت کرنے میں سالہا سال محنتیں اٹھاتے ہیں وہ انکو عیاناً دکھادی جاتی ہیں اور ان کے چشم باطن میں خلاف بینی کا عیب بھی نہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہونے پاتا ہے وزاغ البصر طغا اب جسقدر ذاہب کا آپنے حال دریافت کیا کہ خدا نے یوں کیا یا زمانہ کی آنی عمر ہے اور نور ظلمت کے اختلاط سے یوں ہوا اور آخر خدا کی ذات کا جزو ہو جانا بجات ہے! اور اسکی ذات میں منفصل ہو کے دنیا بنی تھی سب اوہام و تخیلات ہیں انپر کوئی کیونکر یقین کر سکے؟ اوہام کے غلط نتائج بھی عقلاء کے نزدیک ظاہر ہیں خدا کوئی مجسم چیز نہیں کہ جس سے اجزا منفصل ہوں اور دنیا بننے سے وہ اجزا جدا ہو کر اسکی ذات کا نقصان لازم آئے اور پھر اسی میں بلحاظ سے اسکی تکمیل ہو جائے یہ تو ہندوں کی نجات ہوئی بلکہ خدا کی ہوئی کہ ناتمام پڑا تھا۔ اسکے اجزا ملکر پورا ہو گیا ؛

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم دنیا میں کوئی نیا دین نہیں لائے بلکہ اسیکو درست کر دیا جو آدم نوح ابراہیم موسے عیسے علیہم السلام لائے تھے یا اور ملکوں میں اور انبیاء لائے تھے اور بمرور زمانہ اسمیں لوگوں نے امیزش و تحریف کر کے بگاڑ دیا تھا۔ اسلئے اس مذہب کی باتوں کو یہ کہنا کہ یہ فلاں مذہب سے لی گئی ہیں فلاں سے ایک بیکار کوشش اور فضول اعتراض ہے۔ جب آپ دنیا بھر کے مذاہب و ادیان سے واقف ہو چکے تو اب دیکھئے اور انصاف کیجئے کہ قرآن نے انسانی سعادت کے متعلق کن کن علوم کو ذکر کیا ہے۔ یہی ایک بات قرآن کے من جانب اللہ ہونے کے لئے کافی ہے اور منصف کے لئے دلیل شافی ہے

فصل (۷)

(قرآن کے علوم)

انسان کے اندر خدا نے دو قوتیں ایسی رکھی ہیں کہ اگر انکی اصلاح ہو جائے تو نجات

ف اگر ان سماوی جواہر کو خود خدا ہی نے قرآن میں مجتمع نہیں کر دیا ہے تو حضرت محمد صلعم نہ پڑھے تھے نہ ان کے پاس مذاہب مختلفہ کی کتابیں تھیں نہ عربوں کو ادیان مختلفہ سے اطلاع تھی تو پھر انہوں نے کیونکر انتخاب کر کے جمع کیا یہ عقل سے باہر ہے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور سعادت عظمیٰ ہے یہ جسقدر انسان انمیں ترقی کرے گا۔ اسیقدر اسکی سعادت میں ترقی ہوگی اور جسقدر ان میں نقصان رہے گا۔ اسیقدر اسکی سعادت میں قصور رہے گا۔ اور وہ دو قوتیں یہ ہیں۔ ایک **قوت نظریہ** علم و ادراک حقیقی اور مطابق واقع اور یہ اعلےٰ قوت ہے یہی اعمال پر بھی برانگیختہ کرتی ہے اور مرنے کے بعد یہ انسان کے ساتھ رہتی ہے۔ اسکی تکمیل یہ ہے کہ موجودات کو ٹھیک ٹھیک طور پر جانے۔ موجودات کی دو قسم ہیں مجردات و مادیات یا کہو عالم محسوس و عالم معقول۔ محسوسات و مادیات کے علوم و انکشاف بمقابلہ مجردات کے علوم و انکشاف کے چنداں کمال میں داخل نہیں کس لئے کہ اول تو مادیات متغیر ہیں جنکے تغیر سے علم میں بھی تغیر ہونا لازمی بات ہے دوئم یہ خسیس ہیں اور خسیس کا عالم بھی ویسا ہی خسیس ہے۔ انسان کی صحت و مرض کے عالم کو حیوانات کی صحت و مرض کے عالم پر اسلئے فوقیت ہے کہ وہ شریف کا علم ہے یہ خسیس کا۔ اسی معنی میں سعدی نے کیا خوب کہا ہے ؎

بوریا باف گرچہ بافندہ است نہ بروندش بہ کارگاہ حریر

مجردات میں سب سے اعلیٰ و اشرف موجود حقیقی اللہ تعالےٰ ہے اسکی ذات و صفات کا علم ایک بڑا شریف علم ہے اور اس علم میں استدلال و انکشاف بجز انکشاف انبیاءؑ کے قاصر ہے اسلئے اس گرداب میں صدہا کشتیاں غرق ہوگئیں اور پھر باہر نہ نکلیں ؎

درین ورطہ کشتی فرو شد ھزار کہ پیدا نشد تختہ بر کنار

(۱) سیکڑوں مذاہب باطلہ و ادیان کاذبہ اسیلئے پیدا ہوئے کہ انہوں نے خدا کو خدا نہ جانا بلکہ اپنے خیالات کا تراشا ہوا خدا بنایا اور اپنے خیال باطل کے موافق اسکو صفات ناقصہ کا لباس پہنایا۔ جیسا کہ آپ کو تفصیل مذاہب سے معلوم ہوا ہوگا۔ مگر قرآن نے اس مشکل کو آسان کر دیا۔ دلائل آفاق و انفس سے اپنی ذات اور وجود کا ثبوت بھی کر دیا۔ اور توحید و قدرت و علم و حیات و ارادہ وغیرہ صفات کمال بھی ثابت

toobaa-elibrary.blogspot.com

کر دیئے اور فنا و حدوث و احتیاج اور جسمانی آلائشوں سے پاکیزگی بھی بتا دی۔ بنا بیچون و بے چگون ہونا بھی واضح کر دیا۔ قرآن کا ایک حصہ اسی علم میں ہے نمونہ کے طور پر ہمنے چند آیات صدر کتاب میں نقل کیں۔ ہیں۔ باب اول کی فصل اول و دوئم پڑھو +

(۲) وہ نورانی مخلوق جو عالم جسمانی میں فیض الٰہی پہونچنے کا ذریعہ ہے اور نیز اس کی تسبیح و تقدیس کے لئے بھی ہے یعنی **فرشتے** ان کے حالات کی بھی قرآن نے بہت کچھ تشریح فرمائی ہے انمیں بھی قرآن کا بہت حصہ ہے۔ آیات نظائر ا بحث ملائکہ میں ذکر ہو چکیں +

(۳) عالم روحانی جہاں مرنے کے بعد ارواح اپنے نیک و بد کاموں کا بدلہ پاتی ہیں **عالم برزخ**۔ **عالم آخرت** حشر و نشر جنت اور وہاں کے کوائف دوزخ اور وہاں کی مصیبتیں اور مرنے کے بعد ارواح کی کیفیات اور جسم سے متعلق ہونے سے پہلے کے حالات۔ اس علم کو بھی قرآن نے بہت کچھ واضح فرمایا ہے۔ ملاحظہ ہوں وہ چند آیات جو اس بحث میں ہم پیش کر چکے ہیں۔ گو ایک موقعہ پہ بلید الذہن سائل کے جواب میں جو اس مسئلہ کو عمدہ طور سے سمجھ نہ سکتا تھا۔ تھوڑا سا حال بیان کر دیا اور اتنا ہی کہنا کافی سمجھا کہ قل الروح من امر ربی مگر اور اور مقامات پر جیسا کہ ہمنے آیات سے ثابت کیا ہے بہت کچھ حال ارواح کا بیان فرمایا ہے پھر یہ کہنا کہ ارواح کے علم سے قرآن خالی ہے محض تعصب ہے۔

(۴) **محسوسات** میں اعلیٰ و اشرف حضرات انبیاء ہیں علیہم السلام کیونکر وہ اپنی قوت ملکیہ کے لحاظ سے فرشتوں سے کم نہیں اور اسی سبب سے اپنے عالم روحانی کے علوم و حقائق منکشف ہوتے ہیں اور جسمانی لحاظ سے وہ انسان کامل ہیں اول تو انسان ہی عالم صغیر ہے خدا کے جمال کا آئینہ ہے اسکی خوبی کو سماوات اور ستارے کہاں

toobaa-elibrary.blogspot.com

پہونچ سکتے ہیں اسکا ادراک اور اسکا وہ دل دردمند جو سوز و گداز الٰہی کا خزانہ ہے جسنے امانت الٰہی سر پر اٹھالی جسکو آسمان و زمین اور بڑے مستحکم پہاڑ نہ اٹھا سکے۔ انا عرضنا الامانۃ علی السمٰوٰت والارض والجبال فابین ان یحملنہا واشفقن منہا وحملہا الانسان پہر ان میں حضرات انبیاء جو انسانیت کے فرد کامل بدرجہاولے افضل ہیں۔

اسلئے انبیاء علیہم السلام کا حال ذکر کیا اور نبوت کے مرتبہ کی حقیقت بیان فرمائی۔ اور جو کچھ کم فہم فہموں کے نبوت پر شبہات تھے انکو دفع کردیا اور انبیاء کے خصائص اور ان کے فرائض منصبی بھی واضح کردئے۔ اور اسنے مخالف جسقدر برکات سے محروم رہے اور اپنے بلائیں نازل ہوئیں انکو بھی پہلی امتوں کے واقعات میں جو محض نظیر کے طور پر ذکر کئے گئے آشکارا کردیا۔ اور یہ اسلئے کہ بنی آدم اور خدا میں یہی واسطہ ہوتے ہیں اسکے احکام پہونچنے کا یہی گروہ ذریعہ ہے۔ اس بیان میں بھی بہت کچھ قرآن کا حصہ ہے ملاحظہ ہو بحث نبوت

(۵) انبیاء علیہم السلام بھی بشر ہوتے ہیں وہ اپنے فرائض منصبی ادا کر کے عالم جاودانی میں چلے جاتے ہیں پہر ان کے علوم و ہدایات کا متکفل کامل[۱] انکی وہ الہامی کتاب ہی باقی رہجاتی ہے جسپر ایمان لانا ان انبیاء اور ان کے الہامی امور پر ایمان لانا اور نبی کے برکات سے مستفید ہوتے رہنا ہے۔ اسلئے کتب انبیاء اور ان کے صحیفوں کا بھی قرآن میں بہت کچھ ذکر ہے اور متعدد سورتوں میں ہے ایک جگہ ہے ولقد اتینا موسی الکتب۔ ایک جگہ ہے واتینا داود زبورا۔ حضرت عیسے کی نسبت ہے واتینٰہ الانجیل۔ ایک جگہ ہے اِنَّ ھٰذَا لَفِی الصُّحُفِ الْاُوْلٰی

[۱] میں اسطرف اشارہ ہے کہ ان کے اصحاب ان کا خاندان بھی متکفل اور اس کے علوم کا خزانہ ہوتے ہیں مگر نہ اسقدر کہ جسقدر کتاب ہوتی ہے۔ اسلئے آنحضرت نے فرمایا کہ میں تم میں دو بھاری اور بڑی چیزیں چھوڑے جاتا ہوں کتاب اور اپنا خاندان ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

صُحُفِ اِبْرَاهِیْمَ وَمُوْسٰی +

جنے حضرات انبیاء کی کتابوں پر یقین کر لیا اسنے خدا کے تمام منازل علوم پر یقین کر لیا ہے۔ یہ پانچ علوم **ام العلوم** ہیں۔ جسکو یہ حاصل ہو گئے اسکی قوت نظریہ ایک حد تک کامل ہو گئی شرع میں ان کے اعتقاد کو **ایمان** کہتے ہیں۔ اسلام میں اپر یقین کرنا اوس ضروری ہے۔ قرآن میں اُنپر ایمان لانے کی بڑی تاکید ہے +

(۶) جملہ محسوسات علویات آسمان ستارے چاند اور سورج اور عناصر اور سفلیات زمین حیوانات نباتات جمادات ہیں۔ قرآن نے انکی آفرینش اور بقا کا نقشہ سامنے کھڑا کر دیا ہے اور بتا دیا ہے کہ یہ جملہ اشیاء اوسی قادرِ مطلق کی بنائی ہوئی ہیں وہی انمیں ہر روز اپنی قدرت وکمال کے نمونے دکھاتا ہے۔ خود ان کی پیدائش ان کے حالات کا تغیر اور ان میں جو کچھ اسنے باریکیاں رکھی ہیں وہ بتا رہی ہیں کہ وہ ایک دانا و دور اندیش باعلم وحکمت قادر کاریگر کا کام ہے یعنے خدا کا نہ مادہ اور طبیعت میں یہ ادراک ہے نہ علم وشعور ہے نہ یہ چیزیں خود بخود بن سکتی ہیں۔ مخلوق میں سے ہر ہر شے اس کے آیات قدرت کا دفتر ہے اِن سب کو **دلائل آفاق** کہتے ہیں پھر ان میں خود حضرت انسان اور اسکی بناوٹ اور اس کے قویٰ اسکا علم وادراک اور اسکا عجز و مد اس کے دل کی جو ایک دریا، بیکنار ہے موجیں اسکی فنا اور اسکا میدان شہود میں یہ سفر اسکی ترقی و انحطاط یہ سب بے انتہا، دلائل ہیں جو اسکی قدرت وکمال پر دال ہیں انکو **دلائل انفس** کہتے ہیں۔ قرآن میں جا بجا اس بات کو بڑے دلکش انداز سے بیان فرمایا ہے۔ صدر کتاب میں نمونہ کے آیات پیش کر چکا ہوں۔ قرآن کا ایک بڑا حصہ اسی بیان میں ہے باقی ان اشیاء کا اسطور سے علم کہ ہوا اور پانی میں کیا ثقل ہے نباتات میں کیا کیا تاثیرات ہیں ستاروں کی چال کسطرف سے کسطرف ہے یہ حکماء کے علوم ہیں۔ الہامی کتابیں اور حضرات انبیاء انکی بتانیکو نہیں بھیجے جاتے ان کے لئے انسان عقول اور انکا تجربہ کافی ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

دوسری **قوت عملیہ** ہے اسکے متعلق کار آمد اور ضروری تین علم ہیں کیونکہ اگر شخص واحد کی اصلاح وفلاح کا علم ہے تو اسکو **تہذیب النفس** کہتے ہیں۔ پھر اس علم کی بہت سی شاخیں ہیں۔ طہارت بدن ولباس ماکل ومشارب۔ کہ یوں فلاں نجاستوں پر غسل کرنا چاہیئے۔ اور اس موقع پر صرف وضو کافی ہے۔ نجاست بدن اور کپڑے پر لگے تو اسکو دھو ڈالنا چاہیئے استنجا کرنا چاہیئے۔ مکانوں کو نجاست ظاہری وباطنی سے پاک رکھنا چاہیئے۔ اس کو علم الطہارت کہتے ہیں۔ یہ اسلئے ضرور ہے کہ نجاست بدن کا اثر روح تک بھی پہونچتا ہے اس علم کو قرآن نے خوب مشرح بیان فرمایا ہے۔ اور پیغمبر علیہ السلام نے قولاً وفعلاً۔ اور بھی توضیح کردی ہے۔ جنابت کی بابت فرمایا ہے وَاِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا اگر جنابت[1] ہو تو نہاؤ۔ اور سراس کا یہ ہے کہ ایسی حالت میں تمام بدن میں ایک تغیر پیدا ہوتا ہے خود انسان کو اپنے بدن اور پسینے میں ایک طرح کی بو معلوم ہونے لگتی ہے۔ حرارت غریزیہ کا ہیجان ہوتا ہے۔ بعد میں نہانا حرارت غریزیہ کے تحفظ کا باعث ہے۔ عورتوں کو جب معمولی ایام ہوں تو ان سے صحبت کی ممانعت فرمادی ہے۔ فَاعْتَزِلُوا النِّسَآءَ فِي الْمَحِيْضِ اسمیں جو یہود کا مبالغہ تھا کہ اسکے ہاتھ کی چھوئی بھی کوئی چیز نہیں کھاتے تھے اسکا کھانا پانی جدا کردیتے تھے اس افراط کو رد کر دیا۔ عیسائیوں میں کچھ بھی پروا نہ کرتے تھے اس تفریط کو بھی دور کر دیا۔ انسان جب پاخانہ پیشاب سے پاک ہو تو پانی یا ڈھیلوں سے صفائی کرے۔ اسکی ترغیب اس آیت میں دلادی فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ کہ اس مسجد قبا میں وہ لوگ رہا کرتے ہیں جو ستھرائی کو پسند کرتے ہیں اللہ بھی ستھرائی اور پاکیزگی والوں کو پسند کرتا ہے۔ نماز پڑھنے کے وقت وضو کا حکم دیا۔ اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَيْنِ کپڑے پاک رکھنے کی بابت حکم دیا وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ معنوی نجاست بت وغیرہ آلہ باطلہ

[1] بیوی سے صحبت کرنا یا خواب میں انزال ہو جانا ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور تصاویر ہیں جنکو عرب اور دیگر اقوام خدا بنا کر پوجتے تھے اسلئے بھی مکانوں کو پاک رکھنے کا حکم دیا۔ والرجز فاھجر۔ واجتنبوا الرجس من الاوثان۔ کہ پلیدی سے دور رہ اور بت جو ناپاکی ہے اسلئے دور رہ۔ طہارت اخلاق یعنے جو چیزیں اخلاق کو ناپاک کرتی ہیں اور ان سے روح پر تاریکی پیدا ہوتی ہے جنکو شرع میں شرک و معاصی کہتے ہیں اسلئے پاکیزگی حاصل کرنے کا جا بجا قرآن میں حکم دیا ہے۔ شرک کیا ہے۔ خدا کی ذات اور صفات عبادت و تعمیل احکام میں کسی دوسرے کو ملانا خواہ وہ کوئی ہو نبی ہو فرشتہ ہو ولی چاند اور سورج اور عناصر یا کوئی دیوتا ہو۔ ایسے کام کرنے والوں کو بھی قرآن نے ناپاک بتلایا ہے یہ روحانی ناپاکی ہے انما المشرکون نجس کہ شرک کرنے والے ناپاک ہیں۔ معاصی۔ یا نفسانی بیجا خواہشیں ہیں۔ باطع بیجا ہے یا غیر کی حق تلفی تینوں قسموں کو سخت ممنوع اور حرام کر دیا۔ قسم اول زنا۔ لواطت اور ان کے دواعی یعنے جملہ وہ باتیں جو نفس کو ہیجان میں لائیں اور زنا میں مبتلا کر دیں۔ فحش تصاویر فحش قصے اور اشعار۔ نامحرم عورتوں کے ساتھ اختلاط راگ و رنگ رقص سرود ان سب کو قرآن نے لھو الحدیث فرمادیا ہے اور پیغمبر علیہ السلام نے بہت کچھ تشریح کر دی ہے۔ قسم دوئم و سوئم چوری قتل و کیتی رہزنی بنی نوع کو وقت ضرورت پر قرض دیکر ان سے سود لینا۔ جعلسازی۔ جھوٹہ بولنا جھوٹی گواہی دینا۔ رشوت لینا دینا۔ انصاف میں جانب داری کرنا ناجائز حیلوں سے غیروں کا مال اوڑا لینا۔ ماں باپ کی نافرمانی۔ غیبت کرنا گالی دینا ہر قسم کا ظلم عام ہے کہ بنی نوع پر ہو یا حیوانات پر ہو۔ ان امور کے لئے قرآن میں بہت کچھ بیان ہے از انجملہ یہ آیت ہے الذین یجتنبون کبائر الاثم والفواحش الا اللمم ۔ از انجملہ یہ ہے واقسطوا ان اللہ یحب المقسطین عدل کیا کرو کیونکہ اللہ انصاف کرنے والوں سے محبت رکھتا ہے از انجملہ یہ ہے یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا یَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰٓی اَنْ یَّکُوْنُوْا خَیْرًا مِّنْھُمْ وَلَا نِسَآءٌ مِّنْ نِّسَآءٍ عَسٰٓی

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَنْ یَّکُنَّ خَیْرًا مِّنْھُنَّ وَلَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَکُمْ وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ بَعْدَ الْاِیْمَانِ وَمَنْ لَّمْ یَتُبْ فَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الظّٰلِمُوْنَ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا کَثِیْرًا مِّنَ الظَّنِّ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَّلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا یَغْتَبْ بَّعْضُکُمْ بَعْضًا الایہ الحجرات۔ حم۔ کہ اے ایمان داروں تم میں سے کوئی قوم دوسری قوم کو اور نہ کوئی عورت دوسری عورت کو ٹھٹھوں میں اڑائے شاید وہ لوگ کہ جن سے تمسخر کیا جاتا ہے انسے بہتر ہوں اور نہ کوئی دوسرے پر طعنہ کیا کرے اور نہ کسیکے چڑکے نام مقرر کیا کرو ایمان کے بعد بدکاری کے نام بہت بڑے ہیں اور جو باز نہ آئیں تو وہی ظلم کرنے والے ہیں۔ اے ایماندار و بدگمانی سے بچا کرو کسلئے کہ بعض بدگمانی گناہ ہے اور عیب جوئی نہ کیا کرو اور نہ غائبانہ بدگوئی کیا کرو۔

تہذیب اخلاق اور حسن معاشرت کے لئے یہ آیات اصل الاصول ہیں۔ اکثر باہمی فسادوں کی یہی باتیں جڑ ہیں جن سے منع فرمایا ہے ازانجملہ یہ ہے۔ وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰٓی کہ زنا کے پاس بھی نہ جانا کیونکہ یہ فحش کام اور برا رستہ ہے۔ ازانجملہ یہ ہے وَلَا تَاْکُلُوْٓا اَمْوَالَکُمْ بَیْنَکُمْ بِالْبَاطِلِ۔ کہ آپسمیں ایک دوسرے کا مال ناحق نہ کھاؤ۔ اس میں دغابازی چوری غصب خیانت۔ رشوت۔ سب شامل ہیں اور ہر ایک کی جداگانہ بھی ممانعت آئی ہے۔ جھوٹھ بولنے پر لعنت آئی ہے لعنۃ اللہ علی الکاذبین الغرض ہر قسم کی بدکاری اور گناہ کی نجاست سے پاک رہنے کی جابجا تاکید ہے۔ پیغمبر علیہ السلام نے اس کا سر ظاہر فرمایا ہے کہ جب انسان کوئی گناہ کرتا ہے تو اس کے دل پر ایک سیاہ نقطہ پیدا ہو جاتا ہے۔ اگر توبہ و استغفار کر لیا تو مٹ جاتا ہے ورنہ پھیلتے پھیلتے تمام دل کو گھیر لیتا ہے ✣

یعنے ملکیت پر ظلمت طاری ہو جاتی ہے اور یہی ظلمت نور حق تک پہونچنے میں حجاب ہو جاتی ہے اور یہی آگ زنجیر طوق وغیرہ اشکال مناسبہ میں مرنے کے بعد متشکل ہو کر

toobaa-elibrary.blogspot.com

تکلیف وعذاب پہونچاتی ہے۔ حضرات انبیاء علیہم السلام کا یہ پہلا کام ہے کہ انسان کو اس آفت سے بچائیں ۔

ف انسان کے قوی بہیمیہ کا حد اعتدال سے تجاوز کرنا گناہ ہے۔ اور اسکی تین قسمیں ہیں قوت شہوانیہ[1] کا تجاوز جماع اور کھانے پینے مکان ولباس میں منحصر ہے اور ان کے دواعی واسباب بھی انہیں داخل ہیں۔ پھر اسکی بہت شاخیں ہیں۔ اپنی بیوی اور لونڈی شرعی کے سوا روزہ[2] میں ممنوع ایام میں نہواور سے قضاء شہوت خواہ بہائم سے ہو خواہ اپنے ہی ہاتھ سے ہو یا انسانوں میں مرد سے ہو یا عورت سے ہو سب میں تجاوز حد ہے۔ قرآن نے اس جملہ میں الا علی ازواجھم او ما ملکت ایمانھم میں بیوی اور لونڈی کے سوا سب کو ممنوع فرمادیا۔ انہیں لواطت اجارہ وطی نیوگ وغیرہ سب آگیا۔ کھانے پینے میں تجاوز بیگانی چیز بلا اجازت وبلا[3] حق کھانا پینا۔ یا ان چیزوں کو کھانا پینا جن میں نجاست یا مضرت ہو۔ نجاست عام ہے۔ باطنی ہو یا ظاہری۔ باطنی جیسا کہ غیر اللہ بتوں وغیرہ کے نام کا ذبیحہ یا چڑھاوا اسکی نسبت قرآن نے فرمادیا وما اہل لغیر اللہ بہ کہ جس پر اللہ کے سوا اور کا نام تقرب وتعبد کے طور سے لیا جاوے یا غیر مذبوح وغیر منحر[4] جانور کہ جسکو ذبح نکیا گیا ہو وہ خود بخود مرگیا ہو جس میں نطیحہ[5] متردیہ ماکول السباع بھی داخل ہیں یا اسکو اللہ کے نام سے موحد نے ذبح نہ کیا ہو۔

---

[1] حیض ونفاس حالت احرام میں بیوی لونڈی سے بھی ممنوع ہے ۱۲ منہ

[2] اس میں چوری زنا رشوت لوٹ مار کا مال۔ سود کی کمائی اور ناجائز اشیاء کی تجارت واجرت کی کمائی بھی شامل ہے ۱۲ منہ

[3] نطیحہ وہ جانور جسکو سینگ والے جانوروں نے سینگوں سے مار ڈالا ہو متردیہ جو اوپر سے گر کر مرجائے۔ ماکول السباع جسکو شیر وغیرہ نے مار کر کھایا ہو اس کا پس ماندہ سب ممنوع ہے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

نجاست ظاہری کی بھی دو قسم ہیں ایک وہ کہ جو طبائع عامہ وخاصہ کے نزدیک محسوس ہو جیسا کہ پاخانہ پیشاب وغیرہ دوسری وہ کہ جسکو طبائع سلیمہ ہی مکروہ جانتی ہیں اور ان کا اثر اخلاق وعادات پر برا محسوس کرتے ہیں جیسا کہ سور اور درندے شیر بہیڑیا کتا وغیرہ یا حشرات الارض سانپ بچھو وغیرہ یا شکاری پرند چیل کوا باز بحری وغیرہ ان کے گوشت سے انسانی اخلاق پر بلکہ ملکیت پر برا اثر پیدا ہوتا ہے جسکا احساس اس علیم وخبیر نے اپنے نبی کو کرادیا۔ مضر اشیاء کی بھی دو قسم ہیں ایک وہ کہ جن کا اثر صرف اخلاق پر پڑتا ہے جیسا کہ شراب اور جملہ مسکرات یہ چیزیں ابتداء میں تو قوئی شہوانیہ کو ہیجان میں لاتی ہیں۔ انسان اسوقت بہائم سیرت ہو جاتا ہے کوئی تمیز باقی نہیں رہتی لیکن آخر کار جسمانی مضرتیں بھی پیدا ہوجاتی ہیں جسکا عقلاء مشاہدہ کر رہے ہیں دوئم وہ کہ انکی مضرت زیادہ تر صحت جسمانی پر پہونچتی ہے جیسا کہ سمیات ان سب کا فیصلہ قرآن کے ایک اس جملہ نے کردیا۔ یُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبٰٓئِثَ کہ رسول لوگوں کے لئے پاک چیزوں کو حلال اور ناپاک چیزوں کو حرام کرتا ہے۔ اشیاء کی حلت وحرمت ان کے ذاتی خصائص سے دور کرکے اشخاص کی پاکی اور ناپاکی طبائع پر محول کردینا اور یہ کہدینا کہ پاکوں کو سب چیزیں پاک اور ناپاکوں کو سب چیزیں ناپاک ہیں۔ اصلی معاملہ کو منقلب کردینا ہے۔

لباس ومکان میں شہوانی قوت کا تجاوز یہ ہے کہ ناپاک اور ناجائز کمائی کا لباس ومکان اختیار کیا جاوے یا جائز کمائی سے وہ لباس اختیار کرے جو شان کے خلاف ہو مثلاً مرد عورتوں کا لباس پہنے اور ان کی خصوصیات کو اختیار کرے اسمیں ریشمی لباس اور جملہ زیور اور زنانہ بناؤ سنگار آگیا یا عورت مردانہ لباس پہنے اور جن اعضاء کا اظہار مردوں کے لئے معیوب نہیں انکو ظاہر کرے۔ یا مرد اپنے لباس اور زی میں متکبروں یا لچے شہدوں کی پیروی کرے یا اقبال اور شائستہ قوموں کو لباس اور زی میں تکبر اور

toobaa-elibrary.blogspot.com

اتہتر بنایا یا بچانا اختیار کرنا۔ مرضی عالم بالا کے خلاف ہے اور نیز رفتہ رفتہ اسکا اخلاق و عادات پر بھی اثر پڑتا ہے۔ یا بیحیائی کا لباس پہنے کہ جن چیزوں کو عوام وخواص چھپاتے ہیں یہ انکو برہنہ کرے یا ایسا مہین کپڑا پہنے جس سے وہ ظاہر ہو جاتے ہوں۔ یا مسلمان کہلا کر دوسری قوموں کے مخصوص لباس اور مخصوص زی کو اختیار کرے جس سے قومی اختصاص بلکہ قوام قومیت میں فرق آئے جسکے آگے چلکر بُرے بُرے نتائج پیدا ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ اِس باب میں حضرت پیغمبر علیہ السلام۔ اور صحابہ کرام نے بہت کچھ ہدایات فرمائی ہیں ۔

ان کے سوا جملہ انعام اسلام نے مباح کردی ہیں۔ قل من حرم زینۃ اللہ التی اخرج لعبادہ والطیبت کہ اے پیغمبر لوگوں سے کہدو کہ وہ آرایش اور پاک چیزیں جو خدا نے اپنے بندوں کے لئے بنائی ہیں انکو کسنے حرام کردیا ہے۔ یعنے کسینے بھی نہیں۔ اسلام نے نہ تو منود و رہبان کیطرح وہ وقت پیدا کی ہے جس سے معاشرت میں حرج واقع ہو نہ بعقید قوموں کی طرح ہر قسم کی آزادی بخشی ہے جو اخلاق وعادات میں فتور پیدا کرے ہاں آزادی بخشی ہے۔ مگر درمیانہ لباس میں مکان میں کھانے پینے میں سادگی اور تہذیب ملحوظ رکھی ہے۔ بلکہ شادی وغمی خنگ وصلاح دولت وافلاس تندرستی اور بیماری ہر حال میں تہذیب اور شایستگی کا حکم دیا ہے۔ کلوا واشربوا ولا تسرفوا فرمادیا ہے بے تہذیبی خواہ کھانے پینے میں ہو خواہ لباس ومکان میں اسراف ہے۔

ان مسلمانوں سے جنہوں نے اپنے ہر معاملات دینی ودنیاوی کو غیر اقوام کے رنگ میں رنگ رکھا ہے اسلام پر عیب لگانا محض بیجا اور سخت ناانصافی ہے۔

دوسری قوت غضبیہ ہے اسکا تجاوز ظلم وقتل وضرب وسب وشتم وغیرہ ہے اس قسم کے جرائم اس سے سرزد ہوتے ہیں اسکی بابت قرآن نے بہت کچھ ارشاد

toobaa-elibrary.blogspot.com

فرمایا ہے ایک آیت نے تو فیصلہ ہی کر دیا ہے وجزاء سیئۃ سیئۃ مثلھا کہ بدی کا معاوضہ بقدر اسی بدی کے ہونا چاہیئے۔ مگر مکارم اخلاق سے بہتر یہ ہے ادفع بالتی ھی احسن فاذا الذی بینک وبینہ عداوۃ کانہ ولی حمیم ○ وما یلقھا الا الذین صبروا۔ وما یلقھا الا ذو حظ عظیم کہ برائے کے بدلہ میں بھلائی کرنی چاہیئے پھر وہ شخص کہ تجھ میں اور اسمیں عداوت ہے گویا تیرا دوست حمایتی ہو جائے گا۔ گویا اسلئے فرمایا کہ اکثر سلیم طبائع ایسی ہی ہوا کرتی ہیں لیکن بعض بدذات اسکے بعد بھی برسر پرخاش رہے ہیں) اور یہ کام بڑے خوش نصیبوں کے حصہ میں آیا کرتا ہے وان صبر وغفران ذلک لمن عزم الامور۔ کہ صبر کرنا اور معاف کر دینا بڑی عظیم الشان بات ہے والکاظمین الغیظ والعافین عن الناس واللہ یحب المحسنین۔ کہ بلند تر وہی لوگ ہیں جو غصہ کو دباتے اور لوگوں کو معافی دیتے ہیں اور اللہ نیکوکاروں کو دوست رکھتا ہے۔ پیغمبر علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ جو تجھ سے توڑے تو اوس سے بھی رشتہ مودت جوڑ اور جو تجھے نہ دے تو اسکو بھی دے (بخاری) اور بہت آیات و احادیث اس باب میں وارد ہیں اور زمانہ عروج میں اسلامیوں کا ہمیشہ یہی دستور رہا ہے۔ اگر خلفا کے نظائر پیش کروں تو ایک دوسری کتاب تیار ہو جائے۔

تیسری قوت نفسانیہ ہے جب اسکی ساتھ وہ دونوں قوتیں بھی جمع ہو جاتی ہیں تو انسان شیطان سے بھی بڑھ جاتا ہے۔ حسد بغض غرور نخوت طمع سب اسیکے شعبے ہیں پھر چوری رہزنی بدمعاشی عیاری جھوٹ بولنا کمزوروں پر رحم نہ کرنا وغیرہ سیئات اسی گندہ چشمہ سے نکلتے ہیں۔ اسکی بھی قرآن مجید نے بہت کچھ اصلاح فرمائی ہے احادیث میں بھی اسقدر بیان ہے کہ جسکے لئے ایک بڑا دفتر درکار ہے۔

یایھا الناس انا خلقنکم من ذکر وانثی وجعلنکم شعوبا وقبائل لتعارفوا ان اکرمکم عند اللہ اتقکم ان اللہ علیم خبیر ○ حجرات۔ کہ اے لوگو

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہمنے تمکو ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا ہے (تم بنی آدم آپسمیں بھائی ہو ایک خاندان اور ایک نسل ہے) اور تمہارے قبائل اور قومیں جو جدا جدا کر دیں ہیں تو اس لئے کہ باہم تعارف رہے (نہ کہ تکبر و غرور کرو) اور تم میں سے زیادہ عزت دار تو اللہ کے نزدیک وہ ہے جو تم میں پرہیزگار زیادہ ہے۔ (آیندہ عزت و ذلت کا انجام اللہ جانتا ہے) کیونکہ وہ علیم و خبیر ہے +

کسبکا بھی مایۂ غرور باقی نرکہا عرب و عجم گورے کالے حبشی ترکی برہمن چہتری شودر دولتمند فقیر خوبصورت بدصورت سب یکساں ہیں شاہ و گدا برابر ہیں مذکورہ اسباب میں سے کوئی بھی باعث ناز نہیں عزت کا سبب صرف خداترسی و پرہیزگاری ہے

يٰٓاَيُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ الَّذِيْ خَلَقَكَ فَسَوّٰىكَ فَعَدَلَكَ ۝ فِيْٓ اَيِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَ ۝ کہ اے انسان تجھے کس چیز نے اپنے رب کریم سے مغرور کر دیا جسنے تجھے پیدا کیا پھر تجھے ٹھیک کیا پھر برابر کیا پھر جس صورت میں چاہا تجھے جوڑ دیا۔ یعنے ایک قطرہ منی کو ہڈی پٹھیاں دیکر تجھے خوبصورت بدصورت جس ڈھانچ میں چاہا ڈھالا۔ پھر کس چیز پر غرور اور ناز ہے جو اکڑتا پھرتا ہے اور خدا سے عجز و نیاز نہیں کرتا۔ پھر موت کا پیش آنا اور شاہ و گدا کا ایک روز بیکس ہو جانا اور خدا کے پاس حساب و کتاب کے لئے لایا جانا اس انداز سے اس آیت میں بیان فرمایا ہے کہ

اگر ذرا بھی ہوش ہو تو شراب غرور اور دنیا طلبی اور بیہودہ کاری کا سارا نشا اتر جائے

كَلَّا بَلْ تُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ ۝ وَتَذَرُوْنَ الْاٰخِرَةَ ۝ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ ۝ اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ۝ وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ بَاسِرَةٌ ۝ تَظُنُّ اَنْ يُّفْعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ ۝ كَلَّآ اِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِيَ ۝ وَقِيْلَ مَنْ ۚ رَاقٍ ۝ وَّظَنَّ اَنَّهُ الْفِرَاقُ ۝ وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ ۝ اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَئِذِ ِالْمَسَاقُ ۝ (سورہ قیامہ)

ترجمہ نہیں نہیں تم تو دنیا کو دوست رکھتے اور آخرت کو چھوڑتے ہو اسدن بہت سے

toobaa-elibrary.blogspot.com

سونہ شادماں اور اپنے خدا کو دیکھتے ہونگے (یہی نجات ہے) اور بہت سے سونہ اسروز غمزدہ ہونگے سمجھ رہے ہونگے کہ اپر کوئی سخت مصیبت آرہی ہے۔ نہیں نہیں جبکہ جان گلے تک پہونچ جائے گی اور کہتے پھرینگے کہ ہے کوئی جھاڑنے والا (یعنے دوا ریا جھاڑنے سے اسکو کوئی بچائے) اور وہ سمجھ چکا ہے کہ یہ فراق ہے (مال و دولت زن و فرزند سے) اور ٹانگ سے ٹانگ ملی ہوئی ہے آج تو تیرے رب کے پاس چلنا ہے۔ اس مضمون میں بھی قرآن کا بہت ہی بیان ہے +

منجملہ شاخوں علم تہذیب النفس کے ایک علم التخلیہ ہے جسطرح اول علم التزکیہ بتا کیا ہے کہ جب کسی چیز پر کوئی رنگ و روغن اور نقش و نگار کرنا ہوتا ہے تو اول اسکو صاف کیا جاتا اور آلایش سے مانجھا جاتا ہے منجھتے ہی اس شے کے اصلی جوہر نمودار ہونے لگتے ہیں اسیطرح اول روح کو نجاست و آلایش ظاہری و باطنی سے پاک کرنا مقدم ہے تب اسپر کوئی رنگ چڑھتا ہے +

اس علم میں اصل و مقصود بالذات خدا کے ساتھ تقرب ہے۔ کیونکہ اب روح کے جوہر نمودار ہوگئے آئینہ صاف ہوگیا اب اسمیں انوار حق جلوہ گر ہوسکتے ہیں اسلئے اول عبادت جس سے انوار حق جلوہ گر ہوں۔ نماز ہے۔ گرچہ ہر نبی نے نماز کی تعلیم فرمائی ہے۔ مگر قرآن نے اسکی تکمیل کردی ہے طہارت ظاہری کے بعد ایسی عبادت تعلیم کی جسمیں جسم اور اعضاء جسمانی اور روح دونوں شریک ہیں۔ سب سے اول کعبہ کی رخ کھڑا ہو جسمیں سید الموحدین حضرت ابراہیم علیہ السلام کے معبد کیطرف متوجہ ہونا پایا جائے گویا ملت ابراہیمیہ کا انقیاد کرلیا ورنہ کعبہ کو سجدہ نہیں نہ کعبہ معبود ہے اور جسنے ایسا سمجھکر کعبہ پرستی کا الزام لگایا ہے یہہ اسکی نافہمی ہے۔ پھر دونوں ہاتھ اوٹھا کر اللہ اکبر کہے جسمیں اشارہ ہے کہ اسنے اسوقت دونوں جہانوں سے ہاتھ اٹھایا اور خاص خدا تعالے کے سامنے اسکی کبریائی یاد کر کے مودب کھڑا ہوا ہاتھ باندھ کر

toobaa-elibrary.blogspot.com

پھر اسنے حضور میں حاضر ہوتے ہی سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ کہا جسکے یہ معنی کہ اے خدا تو سب عیبوں سے پاک ہے اور تیری ستایش اور تعریف کے ساتھ تقدیس کرتا ہوں تیرا نام بابرکت ہے اور تیری عزت[۵۱] و مرتبہ بلند تر ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں اسکے بعد اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم کہے کہ میں شیطان مردود سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں جسمیں اشارہ ہے کہ خصائص بہیمیت و خطرات ماسوی اللہ اس تقرب کے وقت نہ آنے پائیں۔ اسکے بعد سورہ فاتحہ پڑھے۔ الحمد للہ رب العالمین۔ الرحمن الرحیم۔ مالک یوم الدین۔ سب قسم کی ستایش خاص اللہ کے لئے ہے جو جملہ جہانوں کا پرورش کرنے والا ہے، عالم ناسوت سے لیکر عالم ملکوت تک اور پھر ان دونوں میں جسقدر عالم ہیں عالم اجسام عالم نباتات جماد عالم عناصر عالم علویات کواکب و افلاک عالم روحانیات ملائکہ وغیرہ سب اسکی مخلوق اور اسکے فضل و کرم کے پروردے ہیں کوئی بھی خالق اور مالک نہیں تمام موجودات اسکے آگے محتاج اور دست نگر ہیں وہ بہت مہربان نہایت رحم والا ہے۔ اس نے اپنے رحم و فضل سے سب کو پیدا کیا ہے اور ہر ایک کو اسکے مناسب سامان دیا ہے کسیکا کوئی حق اوسپر نہیں اور نیز اسکے دربار میں رحم و عنایت ہی کا ذکر جو باعث محبت ہے مناسب ہے۔ اسی کرم اور رحم پر وہ روز جزا کا بھی مالک ہے۔ ایاک نعبد و ایاک نستعین۔ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں نہ کسی اور کی اور تجھ ہی سے ہر کام میں مدد مانگتے ہیں نہ کسی اور سے کیونکہ تیرے سوا جو کوئی ہو وہ تیرا بندہ اور مملوک اور محتاج ہے۔ یہ بندہ کیطرف سے عبادت و استعانت اوسی سے کرنے کی بابت اقرار نامہ ہے۔ اھدنا الصراط المستقیم۔ ہم کو ہر امر میں سیدھی راہ دکھا۔ ایسے مقام تقرب میں صراط مستقیم سے زیادہ اور کیا چیز مطلوب ہے جسکا سوال کیا جائے۔ جب دینی اور دنیاوی

[۵۱] جد کے یہ مرادی معنے ہیں ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

امور میں بندہ کو صراط مستقیم عنایت ہوگیا تو دنیا و آخرت کے مقاصد کو پہونچ گیا صراط الذین انعمت علیہم ان لوگوں کی راہ کہ جنپر تیرا انعام فضل ہوا۔ اسمیں اشارہ ہے کہ خدا کا انعام و فضل نہیں پر ہوا ہے کہ جو صراط مستقیم پر چلتے تھے مقاصد و مطالب کی سیدھی راہ پر چلنا حصول مقاصد کا سبب ہے غیر المغضوب علیہم ولا الضالین نہ ان لوگوں کی راہ پر چلا کہ جنپر صراط مستقیم چھوڑنیکے سبب تیرا غصہ ہوا اور وہ گمراہ ہو گئے۔ آمین اے خدا میری عرض قبول فرما۔ اس کے بعد اور آیات قرآن مجید پڑھے اور تمام قرآن اسکی تنزہ و صفت سے پڑھے اس تقریب کے بعد جب شروع نماز حاصل ہوگیا تو رکوع میں جائے یعنے دونوں ہاتھ گھٹنوں پر رکھ کر اللہ اکبر کہہ کے اسکے آگے جھکے اور تین بار سبحان ربی العظیم۔ کہے۔ پاک ہے میرا رب عظیم۔ پھر سیدھا کھڑا ہو کر سمع اللہ لمن حمدہ۔ ربنا لک الحمد کہے سن لیا اللہ نے اسکو جو اسکی حمد کرتا ہے۔ اے ہمارے رب حمد تیرے لئے ہے پھر اللہ اکبر کہہ کے سجدہ میں جائے یعنے اسکے سامنے سر رکھدے اور تین بار سبحان ربی الاعلی کہے کہ پاک ہے میرا خدائے بلند مرتبہ۔ پھر اللہ اکبر کہہ کے سر اوٹھائے اور اطمینان سے بیٹھکر اللہ اکبر کہہ کر بار دگر سجدہ اسیطرح کرے اور سر اوٹھائے یہ ایک رکعت ہوئی پھر کھڑا ہو کر دوسری رکعت اسیطرح ادا کرے۔ مگر سبحانک اللھم اور اعوذ نہ پڑھے۔ دوسری رکعت کے بعد دوزانو ہو کر بیٹھ جائے اور یہ پڑھے۔ التحیات للہ والصلوٰت والطیبات۔ السلام علیک ایھا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ السلام علینا وعلی عباد اللہ الصالحین۔ اشھد ان لا الہ الا اللہ واشھد ان محمدا عبدہ ورسولہ۔ کہ نیاز و ستایش اللہ ہی کے لئے ہے اور نماز اور پاکیزہ۔ (کام و کلام) سب اسیکے لئے ہے۔ اے نبی آپ پر سلام اور اللہ کی رحمت اور برکت ہو اور سلام ہو ہمپر اور خدا کے سب نیک بندوں پر۔ میں شہادت دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا اور کوئی معبود نہیں اور شہادت دیتا ہوں کہ محمدؐ اسکے

toobaa-elibrary.blogspot.com

بندے اور اُسکے رسول ہیں +

اگر دو رکعت ہی کی نماز ہے جیسا کہ صبح کی تو اس کے بعد پیغمبر پر درود بھیجے[1] اور دعا مانگے اور پھر دائیں بائیں مونہہ پھیر کر السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہدے نماز تمام ہو چکی اور اگر چار رکعت ہیں جیسا کہ ظہر و عصر و عشا میں یا تین ہوں جیسا کہ مغرب میں تو دو رکعت کی بعد صرف التحیات پڑھے اور اخیر کی التحیات میں درود دعا پڑھے۔ ایسے امور میں کہ پیغمبر علیہ السلام نے نماز میں کبھی ناف پر کبھی نیچے ہاتھ باندھے ہے اور کبھی باندھے نہیں یوں ہی لٹکائے رکھے اور کبھی ہر اللہ اکبر کہنے میں ہاتھ ہی اٹھائے اور کبھی صرف اول ہی بار اٹھائے اور کبھی لفظ آمین آہستہ کہا کبھی آواز سے علمائے اسلام کا اختلاف ہے اور اسیطرح التحیات وغیرہ میں آنحضرت صلعم نے کلمات میں کمی بیشی کی یا انہیں کے ہم معنی دوسرے الفاظ استعمال فرمائے۔ ان خفیف باتوں میں بھی اختلاف ہے +

یہ نماز ہر مسلمان عاقل بالغ پر پانچ وقت دنرات میں فرض ہے۔ اگر کسی عذر سے کھڑا ہو کر نہ پڑھ سکے تو بیٹھ کر اور بیٹھ بھی نہ سکے تو لیٹ کر پڑھے رکوع و سجود اشارہ سے کرے۔ ہاں عورت کو حیض و نفاس میں معاف ہے۔

[1] بہت سے الفاظ میں درود وارد ہیں از انجملہ یہ ہے۔ اللھم صل علی محمد وعلی آل محمد کما صلیت علی ابراہیم وعلی آل ابراہیم انک حمید مجید۔ اللھم بارک علی محمد وعلی آل محمد کما بارکت علی ابراہیم وعلی آل ابراہیم انک حمید مجید۔ کہ اے خدا محمد اور ان کی آل پر سلامتی اور برکت نازل کر جسطرح کہ ابراہیم اور ان کی آل پر سلامتی اور برکت نازل کی تھی بیشک تو ممدوح اور بزرگ ہے اس کے پیغمبر اور ان کی آل محتاج نہیں بلکہ اسلئے حکم دیا کہ پیغمبر کے ساتھ رابطہ و ارادت و قلبت مستحکم ہو جو فیض الٰہی اور اس کے برکات نازل ہونیکا ذریعہ ہے۔ توریت میں ہے کہ اے ابراہیم جو تجھ پر ایک بار برکت بھیجیگا میں اسپر دس بار برکت بھیجونگا۔ دعا بھی مختلف الفاظ میں وارد ہے بہتر وہی دعائیں ہیں جو قرآن میں تعلیم فرمائی گئیں یا وہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

صبح کے وقت صبح صادق سے لیکر طلوع آفتاب تک اول دو رکعت پھر دن ڈھلنے سے لیکر ہر چیز کا سایہ دوچند ہو جانے تک چار رکعت اور اسکو ظہر کہتے ہیں۔ پھر دوچند سایہ ہو جانے کے بعد سے غروب آفتاب تک چار رکعت اسکو عصر کہتے ہیں پھر غروب سے لیکر سرخی یا اسکے بعد کی سفیدی باقی رہی تک تین رکعت اور اسکو مغرب کہتے ہیں۔ اور سفیدی غائب ہونے کے بعد سے آدھی رات تک یا صبح صادق ہونے سے پہلے تک چار رکعت پڑھے اسکو عشار کہتے ہیں۔ اور مسنون طریق مردوں کے لئے جو مسجد تک جا سکتے ہوں یہ ہے کہ مسجد میں جاکر جماعت سے نماز پڑھیں۔ یہ نماز فرض ہے اسکے سوا جو کچھ پیغمبر علیہ السلام نے اور بھی نماز ہمیشہ پڑھی ہے اسکو سنت موکدہ کہتے ہیں صبح کی نماز سے پہلے دو رکعت۔ ظہر سے پہلے چار اور بعد دو رکعت مغرب کے بعد دو رکعت عشار کے بعد دو رکعت اور تین رکعت وتر پڑھے ہیں۔ امام ابو حنیفہ وتر کو واجب کہتے ہیں۔ آدھی رات کے بعد صبح صادق تک بارہ رکعت پڑھی ہیں جس کو تہجد کہتے ہیں۔ سب بزرگ شب خیزی کیا کرتے تھے اوس تنہائی کے وقت خدا کے حضور گریہ وزاری دعا و استغفار تسبیح و تقدیس پیغمبر علیہ السلام اور ان کے ساتھ والوں کا لازمی کام تھا اگلے پیغمبر بھی ایسا ہی کیا کرتے تھے ایسے ہی لوگوں کی شان میں قرآن فرماتا ہے یَبِیتُونَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَقِيَامًا ۝ کہ وہ سجدے اور قیام میں اپنے رب کے سامنے رات گزار دیتے ہیں۔ پھر آفتاب کے غروب اور طلوع کے بعد بھی اور دیگر اوقات میں بھی آنحضرتؐ بہت نمازیں پڑھا کرتے تھے ان کو نفل کہتے ہیں۔ اسیطرح عید الفطر اور عید الضحیٰ میں بھی زوال سے پہلے دو رکعت جماعت سے پڑھا کرتے تھے اور اس کے بعد

(بقیہ نوٹ صفحہ ۳۴۹) جو پیغمبر علیہ السلام نے تعلیم فرمائیں۔ از انجملہ یہ ہے ربنا آتنا فی الدنیا حسنۃ وفی الاخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار کہ اے ہمارے رب ہمکو دنیا میں بھی بہتری دے اور آخرت میں بھی بہتری عطا کر اور آگ کے عذاب سے بچائیو ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

خطبہ پڑھتے تھے جسمیں تعلیم احکام فرماتے تھے یہ سال بھر میں دو بار شہر اور آس پاس کے مسلمانوں کے اجتماع کا باعث ہے اور ہر جمعہ میں اول خطبہ پڑھکر دو رکعت نماز باجماعت ادا کیا کرتے تھے۔ اسیطرح کسوف وخسوف اور بارش کے لئے بھی نماز پڑھتے تھے جمعہ شہر بھر کے مسلمانوں کا اجتماع ہے جو اتفاق اور قومی اتحاد کا عمدہ ذریعہ ہے۔

نماز جسکو عربی میں صلوٰۃ کہتے ہیں ایک مراقبہ ہے۔ اگر حضور قلب کے ساتھ ادا کیجائے تو روح پر انوار فائض ہوتے ہیں۔ آنکھ بند کرنے سے یہ انوار صاف باطنوں کو نظر آتے ہیں +

قرآن میں اسکا جا بجا حکم موکد ہے عمداً ترک کرنے والیکو گناہگار توسب ہی کہتے ہیں مگر بعض علمار اسکو خارج الاسلام بھی سمجھتے ہیں بہیئت کذائی اسکی حضرت پیغمبر علیہ السلام نے تعلیم کی ہے۔ قرآن میں اقیموا الصلوٰۃ بہت جگہ آیا ہے +

دوئم صوم یعنے روزہ بھی روح کی نورانیت زیادہ کرتا ہے۔ اگلے انبیا حضرت عیسےٰ موسیٰ ابراہیم علیہم السلام بھی روزہ رکھا کرتے تھے۔ روزہ یہ ہے کہ صبح صادق سے لیکر غروب آفتاب تک کھانے پینے عورت سے جماع کرنے سے باز رہے۔ اور کمال روزہ کا یہ ہے کہ جملہ گناہوں سے بھی محفوظ رہے بلکہ اہل طریقت کے نزدیک دل کو بھی غیر اللہ کے خطرات سے محفوظ رکھے۔ اسمیں کوئی بھی شبہ نہیں کہ نفس کو اسکے خواہشوں سے روکنا روح پر نورانیت پیدا کرتا ہے اور جو اپنے نفس کو خواہشوں سے روکنے پر قادر نہیں وہ جملہ کمالات انسانیہ سے محروم ہے دنیا کے بھی وہ مشقتیں برداشت نہیں کرسکتا جسلئے وہ دنیاوی ترقی سے بھی ہمیشہ محروم رہا کرتا ہے۔ دنیا میں جو قومیں بلند ہوکر نیچے گری ہیں انکو نفسانی خواہشوں کی تابعداری نے گرایا ہے۔ اسلام نے سال بھر میں ایک مہینہ معین یعنے رمضان میں روزہ رکھنا ہر عاقل بالغ تندرست مقیم پر فرض کردیا ہے خواہ کوئی شاہ ہو یا گدا ہو تاکہ نفس سے مجاہدہ ومقابلہ کی ورزش رہے اور نیز

toobaa-elibrary.blogspot.com

تندرستی جسمانی کے لئے بھی روزہ ایک مفید علاج ہے طوبات بلغمیہ اسسے خشک ہوجاتی ہیں حاملہ حیض ونفاس والی عورت اور بیمار روزہ نہ رکھے اس کے بعد جسقدر فوت ہوگئے ہیں رکھدے اور جو بہت بوڑھا ہوگیا ہے وہ روزہ کے بدلے ہر روز ایک محتاج کو کھانا کھلائے۔ اگر مقدور ہو بے عذر روزہ رمضان ترک کرنا اسلام میں سخت گناہ ہے قرآن میں روزہ کی تاکید اور اس کے احکام مذکور ہیں از انجملہ یہ آیت ہے۔ کتب علیکم الصیام کہ تیس روزے فرض کئے گئے ہیں۔

یہ فرضی روزہ ہے اسکے سوا پیغمبر علیہ السلام شوال کے چھ روزے رکھتے تھے ہر مہینے میں تیرہویں چودھویں پندرہویں تاریخ اور جمعرات اور پیر کے دن شعبان کی پندرہویں تاریخ محرم کی دسویں۔ ذی الحجہ کی نویں تاریخ کو بھی اکثر روزہ رکھتے تھے اسلئے یہ روزے مسنون ہیں۔ انکے سوا اور بہت سے روزے رکھتے ہیں جنکو نفلی روزہ کہتے ہیں۔

سوم زکوٰۃ ہے۔ یعنے جو مسلمان عاقل بالغ سال بھر میں کہا پیکر ساڑھے باون روپیہ بھی رکھتا ہو تو اسکا چالیسواں حصہ خدا کے نام پر یتیموں فقیروں مسافروں محتاجوں کو دے اسمیں اہل قرابت و اہل وطن و اہل مذہب زیادہ تر قابل لحاظ ہیں۔ اس حساب سے جسقدر زر نقد ہو اسکا چالیسواں حصہ دینا فرض ہے۔ نقد کے سوا بھیڑ بکری اونٹ گائے بیل۔ وغیرہ میں بھی ایک حصہ معین دینا لازم ہے جسکی تفصیل فقہ کی کتابوں میں ہے۔ مال ایک مرغوب چیز ہے اسکو خدا کی رضامندی کے لئے اسکے بندوں کو دینا صلہ رحمی کرنا ایسا نیک کام ہے جسمیں کسی مذہب وملت اور قوم کو بھی اختلاف نہیں۔ اس سے بھی روح پر نورانیت پیدا ہوتی ہے اور تمدن کی بھی اصلاح ہے۔ اس کے سوا اور بھی نیک کاموں میں دینے مساکین ویتامی کو کھانا کھلانے مسافروں کے ساتھ مہمان نوازی کرنے کی اقارب اور والدین کو دینے اور ان کی خدمت کرنے کی جسقدر اسلام میں تاکید ہے اور جسقدر قرآن میں ان اشخاص کی بابت اور نیز غلاموں کو روپیہ دیکر آزاد

toobaa-elibrary.blogspot.com

کرانے کی بابت یہاں تک کہ قیدیوں کے کھانا دینی کی اور آفت رسیدوں کی چارہ سازی کی بابت احکام اور ترغیب ہے اگر سب نقل کروں تو ایک کتاب بنتی ہے۔ از انجملہ یہ آیات ہیں وآتوا الزکوٰۃ کہ زکوۃ دیا کرو یہ حکم متعدد مقامات پر ہے فَكُّ رَقَبَةٍ اَوْ اِطْعٰمٌ فِيْ يَوْمٍ ذِيْ مَسْغَبَةٍ يَّتِيْمًا ذَا مَقْرَبَةٍ اَوْ مِسْكِيْنًا ذَا مَتْرَبَةٍ وہ بڑی نیکیوں کی گھاٹی یہ ہے کسیکی گردن کو چھوڑانا حامم ہے کہ وہ غلام ہو جسکی گردن غلامی میں بندھی ہوئی ہو یا قرض دار ہو جسکی قرض کی زنجیر میں گردن بندھی ہوئی ہے۔ یا بھوک اور قحط کے دنوں میں کھانا کھلانا قرابت دار یتیم کو یا خاکسار محتاج کو ان نیکیوں کے ساتھ ان لوگوں میں سے بھی ہوں جو ایمان لائے اور انہوں نے صبر اور مہربانی کرنے کی وصیت کی ہے تو لوگ برکت والوں میں سے ہیں یا یہ لوگ خدا کے تخت کے دائیں طرف بیٹھنے والوں میں سے ہیں +

وَفِيْ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ کہ نیک بندوں کے مال میں سوال کرنیوالوں اور بے سوالوں سب کا حصہ ہوتا ہے۔ علاوہ روپیہ پیسے روٹی پانی کے ان کے مکانوں سواریوں باغوں کھیتوں کپڑوں کام کے اوزاروں کتابوں میں بھی حق ہوتا ہے جو کوئی مستعار لیتا ہے تو اپنی فیاضی سے دیدیتے ہیں اور کچھ معاوضہ نہیں لیتے وَيُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا وَّيَتِيْمًا وَّاَسِيْرًا اِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِيْدُ مِنْكُمْ جَزَآءً وَّلَا شُكُوْرًا کہ نیک بندے اسکی محبت سے محتاجوں اور یتیموں اور قیدیوں کو کھانا کھلاتے ہیں (اور کہتے ہیں) کہ ہم تو تمکو محض اللہ کے واسطے

ف۔ زکوٰۃ کے علاوہ اور بھی خیرات اسلام میں واجب ہے عید الفطر کے روز صدقہ کفارات میں مسکینوں کو کھانا کھلانا غلام آزاد کرنا۔ اسکے سوا نوافل خیرات مخصوص لوگوں کے لئے یہاں تک ہے کہ ایک پیسہ بھی ان کے پاس جمع نہ رہتا تھا۔ اصحاب الصفہ میں سے ایک شخص مرگیا۔ اسکے پاس سے ایک دینار نکلا آنحضرت نے فرمایا کہ یہ ایک داغ ہے آتش جہنم کا آنحضرت کی تمام عمر فاقہ کشی اور درویشی میں گزری

toobaa-elibrary.blogspot.com

کہلاتے ہیں نہ ہمکو تمسے معاوضہ مقصود ہے نہ شکر گزاری۔ اِنَّ الَّذِیْنَ هُمْ مِّنْ خَشْیَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ۝ وَالَّذِیْنَ هُمْ بِاٰیٰتِ رَبِّهِمْ یُؤْمِنُوْنَ ۝ وَالَّذِیْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا یُشْرِكُوْنَ ۝ وَالَّذِیْنَ یُؤْتُوْنَ مَا اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰی رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ یُسٰرِعُوْنَ فِی الْخَیْرٰتِ وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ۝ جو لوگ اپنے خدا سے ڈرتے رہتے ہیں اور جو اپنے رب کی آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں و جو اپنے رب کے ساتھ کسیکو بھی شریک نہیں کرتے اور وہ جو کچھ دیتے ہیں تو ان کے دل لرزتے ہوتے ہیں کہ انکو اپنے خدا کے پاس جانا ہے۔ یہی لوگ نیک کاموں میں دوڑ پڑتے ہیں۔ اور یہی پیشقدمی کر جاتے ہیں۔ مَثَلُ مَا یُنْفِقُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِیْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ جو لوگ اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں اسکی مثال ایک دانہ کی ہے جو سات خوشہ اگائے اور ہر خوشہ میں سو سو دانے ہوں یعنے ایک کے سات سو ہو جائیں اسیطرح اللہ تعالےٰ ایک پیسہ کے خرچ کرنے سے سات سو پیسہ کا اپنے فضل سے اجر دیتا ہے ✤ اَلَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ فِی السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ نیک لوگ مستحق جنت وہ ہیں جو فراغدستی اور تنگی ہر حال میں اللہ کی راہ میں دیتے ہیں اور غصہ کو دباتے اور لوگوں کو معافی دیتے ہیں۔ زکوٰۃ نہ دینے والوں کی نسبت ہے وَالَّذِیْنَ یَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا یُنْفِقُوْنَهَا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِیْمٍ ۝ یَّوْمَ یُحْمٰی عَلَیْهَا فِیْ نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوٰی بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ وَظُهُوْرُهُمْ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ ۝ سورۂ توبہ رکوع (۴) ترجمہ وہ لوگ جو سونا چاندی گاڑ رکھتے ہیں اور اسکو اللہ کی راہ میں

بقیہ نوٹ ص ۳۵۳ آپ ہو کا رہنا محتاج کو کہلا دینا خطائص اسلام سے ہے یونہی علی الفہیم و لو کان بہم خصاصۃ۔ مگر یہ ہر ایک کے لئے حکم نہیں ایک فضیلت ہے جو چاہے اختیار کرے دنیا کے تجمل اور اسباب آرائش و کامرانی کو قرآن نے بمقابلہ آخرت متاع قلیل کہا اور بے قدر ثابت کیا ہے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

خرچ نہیں کرتے ہیں انکو عذاب الیم کا مژدہ سنادو جسدن کہ وہ سونا چاندی جہنم کی آگ میں تپاکر اوس سے انکے چہروں اور پسلیوں اور پیٹھوں پر داغ دئے جائیں گے اور کہا جائیگا کہ یہی تو ہے کہ جسکو تم اپنے لئے گاڑ کر رکھتے تھے سو اب اپنے گاڑ کر رکھنے کا مزہ چکھو۔

چہارم حج ہے۔ وہ کیا ہے ایام مخصوص میں ابراہیمی لباس پہنکر عاشقانہ وضع بناکر جسکو احرام کہتے ہیں ابراہیمی عبادت کرنا۔

حج میں تین باتیں فرض ہیں۔ ان میں سے ایک بھی فوت ہوجائے تو حج نہوگا۔

اول احرام باندھنا غسل کرکے دو کپڑے پہننا خواہ نئے ہوں یا دھلے ہوئے ایک نیچے باندھنا جاتا ہے ایک چادر کیطرح اوڑھا جاتا ہے۔ اسکے بعد دو رکعت نفل پڑھکر تلبیہ کرنا یعنے اللھم لبیک۔ لبیک لاشریک لک لبیک ان الحمد و النعمۃ لک والملک لاشریک لک کہنا اسکے بعد اسپر شکار کرنا کسی جانور کا مارنا۔ جماع کرنا شہوت انگیز باتیں کرنا کسی سے لڑنا جھگڑنا۔ بدکلامی کرنا حرام ہوجاتا ہے۔ یہ محرم نہ سر ڈھانکے نہ عطر و خوشبو لگائے نہ حجامت بنوائے نہ ناخون کٹوائے نہ پائجامہ کرتا وغیرہ سلا ہوا کپڑا پہنے نہ رنگین کپڑے کا استعمال کرے نہ کسی مصالح سے سر دھوئے ہاں نہانے کا کوئی مضائقہ نہیں اور یہ احرام مکہ میں داخل ہونے سے پہلے ہی باندھا جاتا ہے اسکے لئے ہر سمت سے آنیوالے کے لئے جگہیں مقرر ہیں جنکو میقات کہتے ہیں۔ وہاں پہونچکر بغیر احرام باندھے آگے نہ بڑھے۔ دوم ۹۔ ذی الحجہ کو میدان عرفات میں ٹھہرنا۔ جہاں امام خطبہ پڑھتا ہے اور دعا مانگتا ہے اور لوگ بھی دعا مانگتے ہیں۔ سوم وہاں سے آکر کعبہ کا طواف کرنا۔ اسکو طواف الزیارہ کہتے ہیں اسکے بعد عورت بھی حلال ہے یہ دسویں یا گیارہویں یا بارہویں کو ہوتا ہے۔ اور پانچ چیزیں واجب ہیں انکے ترک کرنے سے حج تو ہوجاتا ہے مگر ناقص ہوتا ہے وہ یہ ہیں۔ اول عرفات سے لوٹتے وقت بمقام مزدلفہ شب کو ٹھہرنا۔ دوم بمقام منیٰ آکر ان تین میناروں پر جہاں حضرت ابراہیم کو شیطان نے کہا تھا

toobaa-elibrary.blogspot.com

دیا تھا اور آپ کے دل میں خطرہ ڈالنا چاہتا اور آپنے اوسپر کنکریاں ماریں تھیں اب وہاں مینار بنا دیئے گئے ہیں اس نیت سے کہ میں نفس بد اور شیطان پر کنکریں مارتا ہوں سات کنکریاں مارنا سوم اسکے بعد سر منڈانا یا بال کترانا عورت کو ایک لٹ کترنا کافی ہے جسمیں اشارہ ہے کہ خیالات باطلہ کو سر سے نکالدیا۔ اسکے بعد احرام کھولدیتے ہیں اور سوائے عورت کے سب چیزیں اسکے لئے مباح ہو جاتی ہیں۔ طواف الزیارہ کے بعد وہ بھی حلال ہو جاتی ہیں چہارم صفا و مروہ دونوں پہاڑیوں کے درمیان دعائیں پڑھتے ہوئے آنا جانا کیونکہ ہاجرہ حضرت ابراہیم کی بیوی اپنے معصوم بچے حضرت اسماعیل کو جہاں اب زمزم کا کنواں ہے چھوڑ کر پانی کی تلاش میں حیران و پریشان خدا کی رحمت کی امیدوار ہو کر انہیں دونوں پہاڑیوں کے بیچمیں دوڑتی پھری تھیں جس سے خدا نے فضل کیا۔ حضرت اسماعیل کے پاؤں رگڑنے سے چشمہ نمودار ہو گیا اور وہ مدتوں جاری رہا۔ اب اسمقام پر کنواں کھودا ہوا ہے۔ اسکے پانی کو زمزم کہتے ہیں اور متبرک سمجھا جاتا ہے۔

پنجم طواف صدر یعنے طواف الزیارہ کے بعد جب تیرہویں تاریخ منیٰ میں تین دن تک میناروں پر کنکریاں مار کر مکہ آئے تو کعبہ کا سات بار طواف کرے۔ مگر حیض والی عورت مکہ سے اسکے سوار اور جسقدر امور ہیں جیسا کہ مکہ میں آتے ہی کعبہ کا طواف کرنا۔ جسکو طواف القدوم کہتے ہیں۔ حجر اسود کو جو حضرت ابراہیم کا یادگار پتھر ہے بوسہ دینا منیٰ میں قربانی کرنا سنت و آداب ہیں۔ البتہ حج و عمرہ ملا کر کرنے والے پر قربانی واجب ہے کم سے کم ایک بکری اور جو مقدور نہو تو دس روزے رکھے تین مکہ میں اور سات گھر آکر۔

حج کے ایام میں نماز پنجگانہ بھی حسب دستور فرض ہے عرفات کے روز ظہر و عصر ملا کر ظہر ہی کے وقت میں ادا کر لیتے ہیں اور مغرب و عشاء مزدلفہ میں آکر ایک وقت میں ادا کرتے ہیں۔ یہ ہے حج اور عمرہ یہ ہے کہ احرام باندھکر ان حدود سے جو حرم کے باہر ہیں اور انکو حل کہتے ہیں ایک جانب مکہ سے تخمیناً تین میل باہر حل ہے)

toobaa-elibrary.blogspot.com

کہ میں آنا کعبہ کا طواف سات بار کرکے صفا و مروہ کے درمیانی رستوں میں جہاں اب بازار ہے سات بار دھائیں کرتے ہوئے آنا جانا اور پھر سر منڈوانا یا بال کتروانا۔ اور اس کے لئے ماہ ذی الحجہ کی بھی کوئی قید نہیں۔

یہ حج ہر مسلمان پر واجب نہیں بلکہ دولتمند پر جو اتنے صفات رکھتا ہو۔ حر ہو۔ کسیکا غلام نہو۔ بالغ ہو لڑکا نہو۔ عاقل ہو۔ مجنون اور سفیہ و فاطر العقل نہو۔ تندرست ہو بیمار نہو اعضاء بدن سلامت ہوں سفر کرسکے اسلئے اوس مریض پر جو سواری پر بھی بیٹھ نہ سکتا ہو اور جسکے ہاتھ پاؤں کٹے ہوں یا قدرتی نہوں لنگڑا لولا ہو اور مفلوج ہو ان پر اور بہت بڈھے پر جو سفر کی قدرت نہ رکھتا ہو حج واجب نہیں یہاں تک کہ امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں اندھے پر بھی واجب نہیں اور پھر اسکے پاس خانہ داری کے حوائج اور واپس آنے تک اہل وعیال کے خرچہ سے بچکر اسقدر روپیہ بھی ہو کہ سواری اور آنے جانے کا خرچ کافی ہو اور رستہ بھی پُرامن ہو بری و بحری رستہ میں غالباً ہلاکت۔ اور نقصان جان و مال کا قوی اندیشہ نہو۔ اگر عورت ہو تو اسکے ساتھ جبکہ مکہ اور اس کے گھر میں تین روز کے سفر کا رستہ ہو تو اسکا خاوند یا محرم ساتھ ہونا ضرور ہے۔ محرم وہ لوگ ہیں جن سے اسکا نکاح شرعاً ممنوع ہے بیٹا باپ بھائی۔ بھانجا بھتیجا۔ ماموں۔ چچا۔ نانا۔ دادا وغیرہ اور ان شرائط کے ساتھ عمر بھر میں ایک بار حج فرض ہے۔ اس کے بعد اسکو اختیار ہے کریگا تو ثواب پاوے گا ورنہ کوئی ماخذہ نہیں۔

قرآن میں حج کا حکم ہے وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلًا وَأَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ۔ کہ لوگوں پر خدا کے لئے کعبہ کا قصد کرنا لازم ہے اسپر جو وہاں تک پہونچنے کی قدرت رکھتا ہو۔ اور احکام حج بھی قرآن میں بیان ہوئے ہیں۔ اور یہ حضرت ابراہیم خلیل اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد سے سالانہ عبادت عرب میں جاری تھی مگر اوہام جہال نے اسمیں بہت سی کجیاں پیدا کردی تھیں نبی آخرالزماں نے انکی اصلاح کردی

toobaa-elibrary.blogspot.com

(اسرار)

حج کے بہت سے ہیں (۱) یہ کہ بعد طوفان نوح علیہ السلام کے دنیا میں خدا پرستی کے مروج حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام ہیں مسلمان۔ عیسائی۔ یہودی۔ مجوسی۔ سب ان کو پیشوا اور رئیس الموحدین کہتے ہیں۔ ان کے بعد حضرات انبیا علیہم السلام دنیا میں آئے اصول ملت ابراہیمیہ ہی کے مجدد و مؤسس تھے اور ادیان میں ملت ابراہیمیہ محرف ہو چکی تھی۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اسکے مجدد و مؤسس مبعوث ہوئے تو خدا پرست قوموں میں حضرت ابراہیم کا کوئی یادگار قائم رکھنا توحید کی ترغیب دلانا ہے۔ حج جو اسوقت کی سادا عبادت اور دلی ولولوں اور شوق و عشق الٰہی سے مرکب ہے نیز ابراہیمی لباس یعنے احرام اور وہ عاشقانہ ہیئت جو حضرت ابراہیم کی عرب میں تشریف لانے کے وقت تھی اور خاص وہی مسجد جسکی بنیاد خود حضرت ابراہیم نے اپنے ہاتھ مبارک سے قائم کی تھی اور اسوقت اس کے سوائے زمین پر اور کوئی خدا پرستی کا معبد نہ تھا۔ اس لئے حج میں یہ سب چیزیں خدا پرستی کے رواج دینے اور ابراہیم علیہ السلام کیطرف رغبت دلانے کے لئے قائم کی گئیں تاکہ روئے زمین کے خدا پرست مجتمع ہو کر اوسی ہیئت سے اوس عبادتگاہ میں خدا کی عبادت کریں اور انہیں میدانوں اور پہاڑی ٹیلوں پر وہی کلمات شوق اور عشق الٰہی میں بلند کریں اور ان کی قربانی کی رسم کو جو خاص خدا کے لئے تھی ہمیشہ زندہ کریں +

(۲) انسان میں جسطرح خدائے قادر نے جوہر عقل ودیعت رکھا ہے جس سے وہ اپنے خدا کو اور نیک و بد کو پہچانتا ہے اسیطرح اوس میں ایک قوت عشقیہ بھی عطا کی ہے۔ اور دونوں کے دستور العمل بھی جدا جدا ہیں عقل کہتی ہے ادب سے بادشاہ حقیقی کے روبرو کھڑا ہو کر اسکی ثنا و صفت کر کے سوال کر عشق کہتا ہے سب جھگڑے چھوڑ

toobaa-elibrary.blogspot.com

اسکے پاؤں مبارک پر سر کہدے اور صرف سبحان ربی الاعلیٰ ہی کہے جا۔ ؎

گر دست رسد ہزار جانم بر پائے مبارکت فشانم

اسلئے اسلام کی جملہ عبادات دونوں پہلو لئے ہوئے ہیں۔ مگر جو عقل سے برسوں میں مقام طے ہوتا ہے عشق اسکو دم بھر میں طے کر دیتا ہے۔ خدا مجسم نہیں جو اسپر عاشقانہ وضع بنا کر بلا گرداں ہوا کریں اسکے گرد پھر کر اسپر نثار ہوا کریں۔ مگر ایسا ہونا ایک تکمیل روحانی ضرور ہے اور بلا جہت یہ بات بجز خاصان خدا کے اور کو نصیب نہیں اسلئے اوس عاشق خدا کی اوس مسجد کے گرد طواف کرنا جو خاص اسکی عبادت کے لئے تعمیر ہوئی تھی گویا خدائے بے جہت و بے مکان کے گرد طواف کرنا اور اسپر قربان اور فدا ہونا ہے۔

(۳) انسانی رغبت و نفرت شوق و عداوت امید و خوف کے لئے مواضع و مواطن کو بھی بڑا دخل ہے جو اسکا انکار کرتا ہے وہ بدیہات و مشاہدات کا منکر ہے۔ جن مواضع پر خدا پرستوں نے خدا پرستی کی ہے جہاں اسکی رحمت نازل ہوئی ہے وہاں دل کی اور ہی حالت ہوتی ہے بخصوصاً ان کے آثار باقیہ کو دیکھ کر ان کے ہاتھوں کی چھوئی چیزوں اور پاؤں کی روندی ہوئی زمین سے انہیں کی خوشبوئیں آیا کرتی ہیں۔ برخلاف اس کے جہاں سالہا بدکاریاں ہوئی ہوں اور وہاں اس کا غضب نازل ہوا ہو وہاں دل کی اور ہی کیفیت ہوتی ہے۔ اسلئے اسلام عمر میں مسلمان کو کم از کم ایک بار ان مشاہد مقدسہ کی زیارت اور وہاں جا کر عبادت و دعا کرنے کا حکم دیا تاکہ یہ ان برکات کا مشاہدہ کرے۔ اسکی دعائیں اسکی عبادت ان بزرگوں کی تبعیت میں قبول ہوں +

(۴) یہ بات بدیہی ہے کہ مزاوی قوت سے اجتماعی قوت قوی بھی ہوتی ہے ہر طرح سے عمدہ بھی ہوتی ہے۔ قومی اتفاق کے برکات دنیا میں مسلم ہیں اسلئے ہر قوم کے پاس میل و جول و تبادلہ خیالات کے لئے سالانہ جلسہ مقرر ہوتے ہیں ہر اطراف و اکناف کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

لوگ مجتمع ہوکر ایک دوسرے کو فائدہ پہونچاتے اور فائدہ اوٹھاتے ہیں۔ انہیں وجوہ کے لئے مسلمانوں کا بھی ایک سالانہ اجلاس ضروری تھا۔ اور چونکہ یہ قوم ایشیا، یورپ افریقہ وغیرہ بلاد میں پھیلی ہوئی ہے اور یہ بات پیغمبر علیہ السلام کو خدا نے معلوم بھی کرادی تھی تو ان کے اجتماع کے لئے عرب سے بہتر اور کوئی جگہ ہو نہیں سکتی تھی کیونکہ یورپ اور مشرقی ممالک اور جنوبی و شمالی ممالک کے وسط میں ہے اور نیز مکہ سے بڑھکر اور کوئی جگہ قرار نہیں پاسکتی اول تو حضرت ابراہیم کا اول معبد یہاں ہے دوئم اسلام کا چشمہ (یعنے ذات بابرکات) یہیں سے جاری ہوا۔ اور نیز مسلمانوں کی مذہبی زبان عربی ہے مسلمانوں کو یہانکے لوگوں سے اور نیز چین اور مراکش کے مسلمانوں کو باہم عربی میں کلام کرنا آسان بات ہے +

یہ اجتماع دینی فوائد کے لئے تو بہتر ہی ہے۔ مگر مسلمانوں کی دنیاوی ترقی کا بھی ایک آلہ ہے۔ اقطار بعیدہ کے مسلمان ایک دوسرے سے مستفید ہوسکتے ہیں تجارت سے منافع اٹھا سکتے ہیں۔ مسلمانوں کے سربرآوردہ اور تمام ممالک کے سلاطین یا انکے وکلاء اور سرحد حجاج اگر اپنے شہروں اور ملکوں اور جماعتوں کے وکلا بنکر بھی آئیں تو تمام مسلمان جس تجویز کو ایسے مقدس مقام پر منظور کرلیں تو دنیا بھر کے مسلمان کمنفس واحدہ ہوسکتے ہیں جس سے انکا کوئی زبردست سے زبردست دشمن بھی انپر قابو نہیں پاسکتا +

(۵)۔ انسان جب تک بری اور بحری سفر نہیں کرتا اقطار الارض کے لوگوں کی خو۔ بو۔ طرز تمدن اور ان کے خیالات سے بہرہ نہیں اوٹھاتا اپنے شہر اور ملک میں بند رہکر پختہ کار اور اولوالعزم نہیں ہوسکتا اور نہ وہ زمانہ کی رفتار سے واقف ہوسکتا ہے۔ اسکے لئے اس سفر سے بہتر اور کوئی سفر مفید نہیں ہوسکتا۔ بشرطیکہ اس زمانے کے غافل مسلمان ان برکات سے جو ان کے ہادی برحق نے۔ جماعت

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور جمعہ اور عیدین اور حج اور خطبہ میں ملحوظ رکھے ہیں مستفید ہونا بھی چاہیئے۔ اور زبانہ انکو خواب غفلت سے بیدار بھی کرے۔ کیلئے کہ اسلام کے جملہ امور مذہبی دنیاوی پہلو بھی ساتھ لیئے ہوئے ہیں ٭

پنجم اگر دلیل ایمان ہے تو اسکو ظاہر بھی کرنا چاہیئے تاکہ اسلام کے جملہ برکات سے بہرہ مند ہونے کا موقع ملے اور اظہار اسلام کے لئے صرف کلمہ توحید لا الٰہ الا اللہ۔ محمد رسول اللہ صدق دل سے کہنا اور لوگوں کے روبرو اشہدان لا الٰہ الا اللہ واشہدان محمدا عبدہ ورسولہ زبان پر لانا کافی ہے۔ جسنے صدق دل سے یہ کہا اسنے اجمالاً اسلامی عقائد الایمان باللہ وملائکتہ وکتبہ ورسلہ والیوم الاخر اور اسلامی احکام خمسہ کو قبول کر لیا۔ درحقیقت یہی اسلام ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں ان عقائد خمسہ اور ان احکام خمسہ کے ماننے ہی کو اسلام سمجھا جاتا تھا۔ اور ان میں تمام اسلامی فرقوں کا اتفاق ہے۔ اسبات کو بھی قرآن نے بیان کر دیا ہے ٭

بعد میں جو جزئیات امور میں اختلاف ہوا اور پھر وہ رفتہ رفتہ ہر ایک فریق کا عقیدہ ٹھہر گیا وہ بالائی بات ہے اگر ان فرقوں نے بہتیرے بہتراتے اپنے مخترعات کی تائید میں نصوص قرآنیہ وحدیث متواتر واجماع قطعی کا انکار نہیں کیا ہے تو خیر ان فرقوں کو اہل الہوی واہل بدعت ہی کہیں گے ورنہ وہ خارج از اسلام سمجھے جائینگے۔

قرآن میں جابجا امور مذکورہ پر ایمان لانے کی تاکید ہے۔ از انجملہ یہ آیت ہے یاایھا الذین امنوا باللہ ورسولہ والکتب الذی نزل علی رسولہ والکتب الذی انزل من قبل ومن یکفر باللہ وملئکتہ وکتبہ ورسلہ والیوم الاخر فقد ضل ضلٰلاً بعیدا ۱۰ کہ اے مسلمانو اللہ اور اس کے رسول پر اور اس کتاب پر جو اسنے اپنے اس رسول پر نازل کی ہے اور اس کتاب پر جسکو پہلے نازل کر چکا ایمان لاؤ اور جسنے انکار کیا۔ اللہ اور اس کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

فرشتوں اور اسکی کتابوں اور اس کے رسولوں اور قیامت کے دن کا تو وہ بہت ہی بڑی گمراہی میں پڑا۔ ایمان ہر چند دل سے تصدیق کرنے کو کہتے ہیں مگر جماعت یا قوم میں کسی کی دلی تصدیق بغیر زبان سے اظہار کئے معلوم اور معتبر نہیں ہو سکتی +

ان علوم اور احکام کے علاوہ اور بھی قرآن میں انسانی سعادت کے متعلق بہت علوم اور احکام ہیں

(۱) خدا کا ذکر کثیر اور اسکی تسبیح و تقدیس ہر حال میں۔ چلتے پھرتے۔ اٹھتے بیٹھتے۔ ادیان سماویہ میں اس سے بڑھکر روح کو روشنی بخشنے والی اور کوئی چیز نہیں۔ کیلئے کہ انوار الٰہی سے زیادہ کوئی موثر نہیں اور روح سے زیادہ کوئی متاثر نہیں جب مادیات میں ایک چیز کا اثر دوسری چیز میں پہونچتا اور اپنے رنگ میں رنگ لیتا ہے تو اس اثر کا کیا اندازہ ہو سکتا ہے لوہا آگ میں رہنے اور اسکی صحبت سے لال اور آگ بنجاتا ہے مٹی پھولوں کی صحبت سے معطر ہو جاتی ہے۔ ؎ گلے خوشبوئے در حمام روزے + رسید از دست محبوبے بدستم + بدو گفتم کہ مشکی یا عبیری + کہ از بوئے دل آویز تو مستم + بگفتا من گلے ناچیز ہستم + ولیکن مدتے با گل نشستم + جمال ہمنشیں در من اثر کرد + وگرنہ من ہماں خاکم کہ ہستم +

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اذْكُرُوا اللَّهَ ذِكْرًا كَثِيرًا ۝ وَسَبِّحُوهُ بُكْرَةً وَأَصِيلًا ۝ وَاذْكُرُوا اللَّهَ كَثِيرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۝

(۲) آیات قدرت و دلائل آفاق و انفس میں غور اور مراقبہ کرنا اور انکے حالات سے خدائے قادر تک پہونچنا۔ گویا جملہ مخلوق اس کے جمال باکمال کا ایک مصفی آئینہ ہے اور ایسے لوگ جب کسی چیز کو دیکھتے ہیں تو انکو اسمیں خدا ہی نظر آتا ہے۔ إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِي تَجْرِي فِي الْبَحْرِ بِمَا يَنفَعُ النَّاسَ

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَاءِ مِنْ مَّاءٍ فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِيهَا مِنْ كُلِّ دَابَّةٍ وَّتَصْرِيفِ الرِّيَاحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ

یہ تمام کائنات حسی کا مجموعہ ہے جسکو عقلاء کے لئے اسکا جمال دیکھنے کے لئے آئینہ بنا کر اس آیت میں سامنے رکھدیا ہے آیت میں یہ چیزیں مذکور ہیں۔ (۱) آسمانوں اور زمین کی پیدائش۔ وہ نیرات عظام اور ان کا وہ کم زیادہ نور ان کا وہ طلوع وغروب انکی وہ کشش انکی وہ تاثیرات زمین کی کرویت اسکا پانیوں سے محیط ہونا۔ اس کے پہاڑ اور قطعات گوناگوں اور ان کے جواہر وتاثیرات اور اس کے نباتات رنگارنگ اور انکی بناوٹ اور انکی خوبصورتی اور ان کے وہ خواص وتاثیرات پھر اسکے حیوانات حشرات الارض پرند درند چرند بری بحری ہوائی بڑے بڑے اور چھوٹے سے چھوٹے ان کے حالات وخواص انکی طرز معاشرت (۲) رات دن کا انقلاب جو عالم حسی کے انقلاب۔ اور انسان کی بے ثباتی کی دلیل ہے (۳) دریاؤں سمندروں اور بہتے پانیوں میں کشتیوں اسٹیمروں کا دوڑے دوڑے پھرنا انسان کے کارآمد اشیاء لانا لیجانا سمندروں کے تلاطم وامواج سے محفوظ رہنا (۴) آسمانوں یعنے ابر سے پانی برسنا اور اسی سے خشک زمین کا تر وتازہ ہوجانا نباتات وحیوانات کا پیدا ہونا (۵) ہواؤں کا بدلنا ابھی تو پچھوا چل رہی تھی ابھی کسنے پنکھے کا رخ پھیر دیا پُروا چلنے لگی (۶) بادلوں کا فضا میں پیدا ہونا اور ان کی رفتار اور ان سے بجلی کڑک پیدا ہونا اولے برسنا۔

الَّذِينَ يَذْكُرُونَ اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُودًا وَّعَلٰى جُنُوبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُونَ فِي خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا سُبْحَانَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ

کہ خدا کے بندے کھڑے اور بیٹھے اور لیٹے ہوئے اللہ کو یاد کیا کرتے ہیں اور آسمانوں اور زمین کی بناوٹ میں فکر وغور کرکے کہا کرتے ہیں کہ اے ہمارے رب تو نے یہ سب کچھ غلط اور باطل طور سے نہیں بنایا ہے تو اس تہمت سے پاک ہے۔ اے ہمارے رب

toobaa-elibrary.blogspot.com

دوسرے عالم میں ہمکو عذاب جہنم سے بچانا۔ یعنے جسنے یہ عالم بنایا کیا وہ عالم روحانی کے بنانے پر قادر نہیں؟ ضرور قادر ہے پھر جب اس عالم میں رنج و راحت ہے تو کیا اُس عالم میں نہیں؟ ضرور ہے +

(۳) ہر کار اور ہر شان میں اس پر توکل کرنا اسیکے دست قدرت کا نگراں رہنا۔ قرآن میں توکل برخدا جا بجا ہے ومن یتوکل علی اللہ فھو حسبہ کہ جو خدا پر توکل اور بھروسہ کرتا ہے وہ اسکی چارہ سازی کرتا ہے +

(۴) خدا کی نعمتوں کا شکر کرنا۔ اسکی نعمتیں بیشمار ہیں وان تعدوا نعمۃ اللہ لا تحصوھا ومن یشکر فانما یشکر لنفسہ ومن کفر فان اللہ غنی حمید۔ کہ جو کوئی شکر کرتا ہے تو اپنے ہی بھلے اور فائدہ کے لئے کرتا ہے اوسکو اور نعمتیں عطا ہوتی ہیں اور جو کوئی ناشکری اور کفران نعمت کرتا ہے تو خدا بھی بے پروا اور مستغنی ہے اسکو کسی کی حاجت نہیں لان شکرتم لازیدنکم کہ اگر شکر کروگے تو میں اور زیادہ دوں گا۔ اور جو کفران نعمت کروگے تو میرا عذاب بھی سخت ہے +

(۵) مصائب پر صبر کرنا خدا کی قضا و قدر سے ناراض نہو جانا بلکہ اسکو اپنے اعمال کا نتیجہ سمجھنا اور آئندہ اس کے اجر کا اُمیدوار رہنا۔ الغرض انسان کی دو حالت ایسی ہیں کہ جو اسکو اکثر غافل کر دیتی ہیں نعمت جسمیں مست و مسرور ہو جاتا ہے۔ مصیبت جسمیں نا اُمید ہو کر رشتہ محبت و اخلاص توڑ ڈالتا ہے دونوں حالتوں کی اصلاح فرمائی اول کی شکر سے دوسرے کی صبر سے۔

(۶) ہر بات میں صدق و راستی کا پابند رہنا خواہ خدا کے ساتھ معاملہ ہو خواہ بندوں کے ساتھ کونوا مع الصٰدقین کہ گروہ صادقین میں ہو کر رہو۔

(۷) زُہد و تقویٰ کا پابند رہنا دلکو دنیا کے تجملات اور اسکے زیب و زینت پر نہ لگانا۔ یہاں کی زندگی کو ایک تیز رو مسافر کے دھوپ میں تھوڑی دیر آرام لینے سے زیادہ نہ سمجھنا

toobaa-elibrary.blogspot.com

اس علم کو بھی خدا نے قرآن میں مختلف پیرایہ میں متعدد سورتوں میں بیان فرمایا ہے ایک جگہ ارشاد ہوتا ہے اعرض عن من تولی عن ذکرنا ولم یرد الا الحیوۃ الدنیا ذٰلک مبلغھم من العلم۔ کہ جو ہماری یاد سے مونہ پھیر بیٹھا اور اسنے زندگی میں دنیا ہی کی خواہش کی اوس سے تو بھی مونہ پھیر لے۔ انکی اسیقدر سمجھ ہے۔ ایک جگہ فرمادیا۔ وَضرب لھم مثل الحیوۃ الدنیا کماء انزلنٰہ من السماء فاختلط بہ نبات الارض فاصبح ھشیما تذروہ الریاح ۔ وکان اللہ علی کل شیء مقتدرا۔ المال والبنون زینۃ الحیوۃ الدنیا والباقیات الصلحت خیر عند ربک ثوابا وخیر املا۔ کہف۔ کہ اے پیغمبر ان لوگوں کے لئے دنیا کی زندگی کی مثال بیان کردو کہ وہ ایسی ہے کہ جیسا ہم اوپر سے پانی برساتے ہیں جس سے زمین کے نباتات اوگتے اور لہراتے ہیں پھر تھوڑے دنوں کے بعد وہ چورا ہو جاتے ہیں جنکو ہوائیں اوڑاتی پھرتی ہیں اور آپ کا خدا تو ہر بات پر قادر ہے (ہر حالت کا انقلاب اسکے ہاتھ میں ہے) مال و فرزند صرف اسی چند روزہ دنیا کی زینت ہے۔ اور ثواب اور امید کے لحاظ سے تو باقی رہجانے والیاں نیکیاں ہی آپکے خدا کے نزدیک بہتر ہیں +

اِس سے زیادہ عمدہ اور کوئی مثال حیات دنیا کے لئے ہو نہیں سکتی جس طرح زمین کی جڑی بوٹیاں آسمانی پانی سے اوگتی ہیں اور ایک وقت تک اپنر کیا بہار ہوتی ہے سبز پوش نازک کمر درخت کس امنگ حسن میں جھومتے ہیں غنچہ و گل اپنے دلفریب حسن پر کیا اترا رہا ہے۔ زمین بمنزلہ رحم مادر کے اور آسمانی پانی بمنزلہ نطفہ کے ہے۔ اسیلئے تحتانی چیزوں کو امہات اور فوقانی کو آبا کہا کرتے ہیں یہی حال انسان اور دیگر حیوانات کا ہے نر کا نطفہ مادہ کے رحم میں قرار پا کر کیا کیا دلفریب انسان و حیوانات اوگتے ہیں پھر انکی وہ اٹھتی ہوئی جوانی اور ان کا وہ شباب دل کش اور انکی وہ دلی امنگیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور وہ ولولے کیا ہی غضب ہوتے ہیں۔ نہ مرنے کا خیال نہ اس بہار کے تمام ہونے کا دھیان ایک نشاط ہے جسمیں سرشار ہیں۔ اہل دولت اور شاہان ملک کس غرور و نخوت میں قیامت تک انتظار کر رہے ہیں اور کس کس عیش و شادمانی کے اسباب میں مست و مغرور ہیں مہ جبین اور حسین ہیں کہ اپنی رعنائی سے دل عشاق کو ٹھکراتے جا رہے ہیں۔ کہ اسپر ایک دوسری حالت طاری ہونی شروع ہوتی ہے یا یوں کہو کہ منازل عمر کے پُر بہار مقامات طے کرتے کرتے اب وہ سنسان اور بیابان جہاں خلد زاروں کے سوا کچھ بھی نہیں پیش آنے لگے۔ چند روز میں بال سفید ہو گئے دانتوں کی موتیوں جیسی لڑیاں جھڑنے لگیں معدہ جواب دینے لگا وہ تازگی اور وہ بہار رخصت ہونے لگی اور اعضاء بدن ایک دوسرے کو رو رو کر رخصت ہو رہے ہیں اور کہتے ہیں کہ اب قیامت تک کا فراق ہے آخر مر گئے چند روز میں ہڈی اور پسلی اور وہ سر پر غرور پاؤں میں ٹھکراتے پھر رہے ہیں اسکے بعد چوراہا ہو گیا۔ ہوا میں ذرات اڑتے پھر رہے ہیں کہیں اسکی مٹی کی اینٹیں بن کر پائخانہ میں لگی ہوئی ہیں اور ایک اینٹ دوسری سے کس حسرت آمیز الفاظ میں اس کے صاحب کا حال پوچھ رہی اور وہ کن کن پر درد الفاظ میں اپنے جاہ و چشم عیش و نشاط ارباب جلسہ ہاتھی گھوڑوں مہ جبین معشوقوں دنیا کے موسموں بہار برسات جاڑے گرمی کے واقعات کی کہانیاں سنا رہی ہیں اب اگر ان کے اصحاب کے پاس کچھ ہے تو وہی نیک کام جن سے اس جہان میں حیات جاودانی کی امید ہو رہے۔ نہ مال ہے نہ زن و فرزند ہیں ایک جگہ فرمایا ہے یٰاَیُّهَا الْاِنْسَانُ اِنَّكَ كَادِحٌ اِلٰى رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلٰقِيْهِ کہ اے انسان تو تو کٹا کھٹ اپنے رب کیطرف چلا جا رہا ہے آخر اوس کے پاس پہونچ کر رہے گا۔ یہ رات اور دن اسکی تیز رو گاڑی کے دو پہیے ہیں جو اسے کھینچے لئے جا رہے ہیں یہ سواری کسیکے روکے نہیں رکتی۔ انہیں معانی میں بعض عرفاء نے کیا کیا عمدہ نظمیں لکھی ہیں۔ سعدی فرماتے ہیں ؎

toobaa-elibrary.blogspot.com

تفرج کنان در ہوا و ہوس — گذشتیم بر خاک بسیار کس
کسانیکہ از ما بغیب اندر اند۔ — بیایند و بر خاک ما بگذرند
بنالید بسا ماہ پروین و ہور — کہ تو سر نیاری ز بالین گور
بسا نیزر و وے ماہ از وی بہشت — بیاید کہ ما خاک باشیم و خشت

ایک فرماتے ہیں۔ ؎

افسوس کہ گلرخانِ کفن پوش شدند — از خاطر یک دگر فراموش شدند
آنانکہ بصد زبان سخن میگفتند — آیا چہ شنیدند کہ خاموش شدند

(۸) گزشتہ زمانہ سے عبرت و نصیحت حاصل کرنا۔ گزشتہ زمانہ کو بیکار اور نیست محض سمجھکر واقعات گزشتہ اور نیک و بد کاموں کے نتائج سے کانوں کو بند کرنا ایسا ہی ہے جیساکہ موجودہ اشیاء سے آنکھ بند کرلینا اور عبرت حاصل کرنا۔ کیونکہ سب طرح گزشتہ زمانہ اور اسکے واقعات کے لئے کان بنائے ہیں کہ عبرت کریں۔ اسیطرح موجودہ اشیاء سے مستفید ہونے کے لئے آنکھ بنائی گئی ہے۔ الہام الٰہی کی یہ شان نہیں کہ وہ ایک عضو کو ایک بڑے فائدہ سے معطل کردے۔ اسلئے قرآن نے گزشتہ واقعات کا سچا فوٹوگراف بھی سامنے رکھدیا ہے۔ اور انکو سننے اور ان سے نصیحت لینے کا بھی حکم دیا ہے۔ ایک جگہ ایسے واقعات کے نہ سننے والوں اور ان سے عبرت حاصل نکرنے والوں کی مذمت بیان فرمائی ہے وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا يَسْمَعُوْنَ بِهَا۔ کہ ان کے کان تو ہیں مگر انسے سنتے نہیں۔ وہ چارپائے ہیں بلکہ ان سے بھی بدتر۔

اس مراد سے قرآن نے حضرات انبیاء علیہم السلام اور انکی امتوں کے نظیر کے طور پر کچھ واقعات بھی بیان فرمائے ہیں کہ انکو ان کی امتوں کیطرف ہمنے بھیجا اور وہ لوگ ان ناپاک خصائل میں آلودہ تھے اون انبیاء نے ان کو اس اس طرح سمجھایا اور انہوں نے نہ مانا مقابلہ کیا بلکہ انبیاء کو مارنے ایذائیں پہونچانے کی تدابیر کیں انبیاء کے پیرو

toobaa-elibrary.blogspot.com

ظلم وستم کئے آخر ہمنے انبیاء علیہم السلام اور ان کو پیروؤں کے عذاب سے نجات دی اوپر برکات نازل فرمائے انکو برومند کیا اور منکروں پر یہ یہ بلائیں نازل کیں +

اسمیں کچھ بھی شبہ نہیں کہ واقعات گزشتہ منکر اور خصوص ایک کے واعظ سے دلپزوہ اثر ہوتا ہے جیساکہ آنکھ کے دیکھے ہوئے واقعات سے اور جب اس لحاظ سے عقلاً کے نزدیک فن تاریخ بھی ایک کارآمد اور بڑا مفید علم ہے تو الہامی طور پر واعظانہ پیرایہ میں واقعات کا بیان کرنا کسی طرح بھی بیکار نہیں ہوسکتا چہ جائیکہ عبث اور عیب ہو۔ پھر اس سے الہامی کتاب پر عیب لگانا سراسر سفاہت ہے +

لیکن واعظانہ اور مورخانہ بیان میں بڑا فرق ہے۔ مورخ ایک واقعہ کو ابتدا سے لیکر آخیر تک بترتیب وقوع بیان کرتا ہے اور ایکبار بیان کرکے بار دگر بیان کرنا لغو سمجھا جاتا ہے۔ برخلاف واعظانہ بیان کے اسلئے قران نے جو واقعات بیان فرمائے ہیں ان میں چند امور کی رعایت رکھی ہے اور رکھنی چاہئے تھی۔

اوّل انہیں واقعات اور انہیں انبیاء علیہم السلام کے وقوعہ بیان فرمائے کہ جن سے قرآن کے اولا دبالذات مخاطبین کے کان آشنا تھے۔ اور جس زبان میں جو کتاب نازل ہو اور جس ملک میں رسول برپا ہو اول مخاطب اوسی ملک کے لوگ ہوا کرتے ہیں آخرت کی نعمتوں کے بیان میں اور نیز احکام میں زیادہ تر اسی قوم کی عادات ورغبت کی رعایت کیجاتی ہے یہ حسن سلیقہ ہے اسکو خدا کی مجبوری یا طرف داری یا پابندی سمجھ لینا بدفہمی ہے (**دوئم**) واقعات کو بترتیب وقوع بیان نہیں فرمایا یعنے اسبات کی پابندی کرنا کہ جو واقعہ پہلے گزرا ہے اسکو اول اور جو اس کے بعد واقعہ ہوا۔ اسکو بعد بیان کیا جاوے مقصد میں خلل پیدا کرنا ہے اسلئے ایسا نہیں کیا گیا (**سوئم**) جس واقعہ میں جسقدر بیان مقصود مقام تھا اسیقدر بیان فرمایا (**چہارم**) جب ایک بڑے واقعہ میں کئی باتیں مقصود ہوئیں تو اسی واقعہ کو بار بار

toobaa-elibrary.blogspot.com

کو بار بار ذکر کیا کبھی مجملاً کبھی قصے تفصیلاً ہر بار ایک نئی غرض سے۔

مثلاً موسےٰ اور فرعون کا واقعہ اسمیں کہیں تو فرعونیوں کے ظلم و ستم ظاہر کرکے اسنے بنی اسرائیل کو خلاصی دینے کی نعمت کا اظہار مقصود ہے اور کبھی فرعون کی سرکشی اور رسول سے مقابلہ کا بنتیجہ غرق ہو جانا۔ قریش مکہ کو تنبیہ کیا جاتا ہے کہ تم بھی انجام بد سے پر ضرر ہو کہیں خدا پرستوں کی مظلومی اور صبر کا نیک نتیجہ بیان کرکے مسلمانوں کو تسلی دینی مقصود ہوتی ہے علی ہذا القیاس اسلیئے اوس قصہ کا اعادہ کیا جاتا ہے مگر باایں ہمہ ہر بار جدید شان اور نیا عنوان ہوتا ہے جس سے مکرر ہونیکی بے مزگی نہیں معلوم ہوتی بلکہ نیا لطف آتا ہے اور راست گوئی کا پورا ثبوت ملتا ہے ورنہ ایک بات کو بار بار کہتے ہیں کچھ نہ کچھ مخالفت پیدا ہو ہی جاتی ہے ہر خلاف بیان قرآنی کو گہ واسے پاک ہے

پنجم ہر بیان میں صدق و راستی ملحوظ رکھی گئی مبالغہ اور رجحان و جوش سے بالکل یکسوئی اور اجتناب کلی ہے برخلاف بیان مورخین کے کہ کہیں نہ کہیں وہ جس سے نفرت ہوتی ہے ان کے عمدہ خصائل سے بھی چشم پوشی کر لیتے ہیں۔ اور ناکردہ الزامات بھی انپر دھر دیتے ہیں اور جن سے رغبت ہوتی ہے ان کے عیبوں سے چشم پوشی کرکے انکی ادنےٰ عمدہ بات کو پہاڑ بنا کر دکھاتے ہیں ضرور انکی طبیعت کا رنگ کچھ نہ کچھ واقعات پر چڑھا ہوا ہوتا ہے برخلاف قرآن کے کہ وہ ان سب باتوں سے پاک اور مبرا ہے +

فائدہ۔ مخالفین اسلام نے اس مقام پر قرآن پر دو قسم کے الزام قائم کئے ہیں **اول** یہ کہ قرآن نے انہیں واقعات کو جو کتب مقدسہ توریت وغیرہ میں بھی بیان ہوئے ہیں کہیں تو زائد بیان کیا ہے جسکا ثبوت کتب مقدسہ سے نہیں ملتا اور کہیں خلاف بھی بیان کیا ہے جسکو کتب مقدسہ صاف صاف رد کر رہی ہیں۔ اور لطف یہ ہے کہ قرآن کتب مقدسہ کی تصدیق بھی کر رہا ہے اور ان کے فضائل و محامد بھی بیان فرما رہا ہے +

toobaa-elibrary.blogspot.com

اعتراض	جواب
۱ بوقت پیدائش آدم فرشتوں کا سوائے شیطان کے سجدہ کرنا یہ بائبل میں کہیں نہیں۔	۱ پولوس کے نامہ عبرانیوں کے ۲ باب میں ہے کہ جب پہلوٹھے (آدم) کو دنیا میں لایا تو کہا کہ خدا کے سب فرشتہ اوسے سجدہ کریں +
۲ سورہ عنکبوت میں ہے کہ بوقت طوفان نوح نوسو پچاس برس کے تھے حالانکہ موسیٰ کی پہلی کتاب کے ۷ باب میں ہے کہ طوفان کے وقت نوح چھ سو برس کے تھے اور ۹ باب میں ہے کہ طوفان کے بعد نوح تین سو پچاس برس تک زندہ رہے اس حساب سے اونکی کل عمر ساڑھے نوسو برس کی ہوتی ہے +	۲ آیت مذکورہ میں بھی یہی ہے ولقد ارسلنا نوحا الی قومہ فلبث فیھم الف سنۃ الا خمسین عاما کہ ہمنے نوح کو اسکی قوم کیطرف بھیجا وہ ان میں نوسو پچاس برس تک زندہ رہے + قرآن نے طوفان کے وقت کی عمر نہیں بتائی صرف یہ کہدیا کہ فاخذھم الطوفان وھم ظالمون کہ انکو طوفان نے آلیا اور وہ ظالم تھے دونوں بیانوں میں کچھ بھی مخالفت نہیں +
۳ سورۂ ہود کے اوائل میں ہے کہ نوح کے ایک بیٹے نے کشتی میں سوار ہونے سے انکار کیا اور وہ ڈوب مرا لیکن موسے کی پہلی کتاب کے ۸-۹ باب میں ہے کہ نوح کے سب بیٹے کشتی میں سوار ہوئے اور سب نے طوفان سے نجات پائی +	۳ قرآن نے اون نالائق بیٹے کو لیس من اھلک کہہ کر کے اونکی اولاد ہی سے خارج کردیا اب ایماندار اولاد میں

toobaa-elibrary.blogspot.com

۴ سورۂ یوسف میں ہے کہ یوسف نے اپنے مالک کی جورو سے برا قصد کیا تھا مگر موسے کی پہلی کتاب کے ۳۹ باب میں ہے کہ یوسف نے بالکل انکار کیا اور بری فکر کو دلمیں راہ بھی نہ دی +

۵ سورہ قصص کے اوائل میں ہے کہ موسے کو فرعون کی بیوی نے فرزند بنا کر پرورش کیا مگر موسے کی دوسری کتاب کے دوسرے باب میں یوں ہے کہ اسکی بیٹی نے فرزند بنا کر پرورش کیا تھا +

۶ سورہ مریم کے شروع میں ہے کہ بوقت ولادت مسیح مریم دور دراز جگہ چلی گئی تھی اور مسیح خرمے کے درخت کے تلے پیدا ہوئے تھے حالانکہ انجیل لوقا کے دوسرے باب میں ہے کہ مریم بیت اللحم اپنے باپ کے گاؤں میں چلی گئیں تھیں اور مسیح اصطبل میں پیدا ہوئے تھے +

اسکا شمار نہونا جنہوں نے نجات پائی کوئی بھی مخالفت نہیں +

۴ قرآن میں بھی ایسا ہی ہے۔ کیونکہ ہم بہا لولا ان رای برہان ربہ کی جزاء ہے۔ یعنے اگر خدا کی برہان نہ دیکھتے تو ارادہ بد کر چکے تھے مگر اوس سے پہلے برہان دیکھلی اس لیئے قصد نکیا +

۵ قرآن میں صرف یہ ہے کہ فرعون کی بیوی نے بیٹا بنا کر پرورش کرنیکی صلاح دی تھی اس سے یہ نہیں لازم آتا کہ اوسنے بیٹا بنایا تھا۔ اور جب بیٹی نے فرزند کیا تو کیا وہ ماں کا فرزند نہیں کہلا سکتا +

۶ قرآن میں مکانا قصیا ہے جس کے معنی گوشہ اور کونہ کے ہیں۔ عام ہے بیت اللحم میں ہو یا کہیں اور ہو وہ اصطبل ہو یا دیوان خانہ۔ اور کیا اصطبل میں خرما کے درخت کا ہونا محال تھا۔ معترض کی غلط فہمی ہے۔ اوس نے قصیا کے معنی سمجھنے میں غلطی کی +

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور بہت سے وہ قصے ہیں کہ جنکا کتب مقدسہ میں ذکر تک بھی نہیں اور نیز وہ قانون قدرت کے بھی خلاف ہیں

اعتراض	جواب
۱ ابراہیم کا قصہ کہ انہوں نے اپنے باپ کے بت توڑ ڈالے اور اس کی قوم نے اسکو آگ میں ڈالا۔ اور خدا نے آگ کو سرد کر دیا ✣	۱ کتب مقدسہ اول تو بلا تحریف موجود نہیں نہ وہ کتاب موجود ہیں کہ جنکا کتب مقدسہ میں حوالہ دیا گیا ہے۔ انہیں سے چند کے یہ نام ہیں (۱) جنگنامہ جسکا حوالہ سفر عدد کے ۲۱ باب میں ہے (۲) کتاب الیاشر جسکی طرف اسبات کا حوالہ دیا گیا ہے کہ آفتاب ٹھہر گیا اور قریب دن بھر کے بچھم کیطرف مائل نہوا۔ (۳) کتاب یاہو (۴) حیما کی پانچویں کتاب۔ پھر کتب مقدسہ میں ذمہ داری بھی نہیں کہ جملہ واقعات ان میں مندرج ہوں اور یہی سبب ہے کہ ایک ہی شخص کے حالات میں خود کتب مقدسہ کم زیادہ بیان کرتے ہیں انجیل متی کے سوا اور کسی انجیل میں نہیں کہ مجوسی ایک ستارے کی دلالت سے مسیح کے پاس آئے جسکے اور بھی بہت سے نظائر ہیں پھر کیا کوئی ایسے واقعات کو جو دیگر کتب مقد
۲ داؤد کی بابت کہ پہاڑ اور پرند اسکے ساتھ تسبیح کیا کرتے۔ یہ بھی خلافِ عقل بات ہے ✣	
۳ سلیمان کی نسبت مذکور ہے کہ انکے جنات تابع تھے اور سلیمان نے چیونٹیوں کی گفتگو سنی۔ اور سلیمان کو زندہ سمجھکر جنوں نے فریب کھایا اور سلیمان کے پاس ہدہد جانور بلقیس شاہزادی کی خبر لایا اور سلیمان کے پاس آنکھ جھپکتے ہی بلقیس کا تخت اسکے کسی باری نے منگا دیا اور بلقیس حاضر ہوئی۔ اور سلیمان تمام دنیا کے بادشاہ تھے۔ ہوا ان کے تابع تھی صبح سے دوپہر تک پھر زوال سے	

toobaa-elibrary.blogspot.com

شام تک وہ تخت مہینے بھر کی راہ طے کرتا تھا۔ اور جنوں کو سلیمان نے عمارت وغیرہ کے کاموں میں لگا رکھا تھا وہ بڑے بڑے کام کیا کرتے تھے یہ خلاف عقل باتیں ہیں +

۴ قرآن میں یہ بھی ہے کہ سکندر رومی نے مشرق و مغرب کا وہاں تک سفر کیا کہ جہاں آفتاب کو دلدل یا سیاہ چشمے میں ڈوبتا ہوا پایا۔ اور سکندر نے کوئی عجیب و غریب دیوار چنکر یاجوج ماجوج کا رستہ بند کر دیا کہ قیامت تک اس سے باہر نہیں نکلیں گے حالانکہ آفتاب کسی چشمہ یا دلدل میں غروب نہیں ہوتا وہ آسمان پر ہے اور اب ایسی کوئی قوم نہیں معلوم ہوتی کہ کس دیوار میں بند ہو۔ اور نہ انکے یہ اوصاف ہیں کہ کوئی پچاس گز کا بلند کوئی بالشتیا ایک کان اوڑھ کر دوسرا بچھا کر سوتا ہو نہ ایسی کوئی دیوار اب موجود ہے یہ بھی بعید از عقل انسانی ہے +

مقدسہ میں نہوں غلط کہہ سکتا ہے؟ قرآن نے موجودہ کتب مقدسہ کی صحت کا بھی کہیں اقرار نہیں کیا ہے۔ اور کیا جو واقعہ کتب مقدسہ میں نہو وہ غلط ہے؟ یہ کہنا کہ یہ واقعات خلاف عقل ہیں۔ اہل کتاب کے حال سے تو ایسا بعید ہے۔ جبکہ ان کی مقدس کتابوں میں ان سے بھی بڑھ بڑھکر خلاف قانون قدرت واقعات مذکور ہیں جنکو فلسفہ تسلیم نہیں کرتا۔ (۱) آفتاب کا ایک جنگ میں ٹھہرا رہنا تاکہ ہفتہ کا روز نہ لگ جائے (۲) انبیاء بنی اسرائیل کے کل معجزات جو کتب مقدسہ میں مذکور ہیں (۳) حضرت مسیح کا جنوں کو نکالنا اور انکا نکلکر بصورت خنزیر دریا میں ڈوب پڑنا (۴) حضرت مسیح اور ان کے حواریوں کا مردے کو زندہ کرنا (۵) بوقت مصلوبی مسیح ہیکل کا پردہ اوپر سے نیچے تک پھٹ جانا اور زمین کا کانپنا اور پتھروں کا تڑک جانا قبروں کا کھل جانا لاشوں کا قبروں سے نکلکر شہر میں بہتوں کو نظر آنا

toobaa-elibrary.blogspot.com

۵۔ یہ بھی ہے کہ مسیح نے لڑکپن میں جبکہ ماں کی گود میں تھے لوگوں سے باتیں کیں اور یہ کہ وہ گارے کے پرند بناتے اور ان میں پھونک مارتے تھے وہ پرند بنکر اڑ جاتے تھے۔ یہ بھی خلاف عقل ہے +

۶ یہ بھی ہے کہ موسےٰ نے خضر سے ملاقات کی اور اونسے علم لدنی سیکھنے گئے۔ حالانکہ خضر کا کہیں کتب مقدسہ میں ذکر تک بھی نہیں اور پھر موسیٰ سے کون بڑھکر عالم تھا +

۷۔ اسیطرح اصحاب کہف کا بھی ایک بے اصل فسانہ قرآن میں موجود ہے ان باتوں سے معلوم ہوا کہ عرب کے پیغمبر یہودی عیسائی مجوسی لوگوں سے وہ قصے جو عوام میں مشہور تھے سنکر اور نیز عرب کے مشہور واقعات عاد و ثمود کے عوام سے سنکر نظم کر دیتے تھے اور اسکو قرآن اور کتاب الٰہی اور منزل من اللہ بتاتے تھے +

۸ قرآن میں ہے کہ ذبحیوں کے بعد (انجیل متی باب ۲۷) اور اسیطرح چھٹے گھنٹے کے قریب تمام زمین پر اندھیرا چھا جانا اور تین گھنٹہ تک یہ حال رہنا اور پھر سورج کا تاریک ہو جانا (انجیل لوقا باب ۲۳)۔ اسیطرح حضرت مسیح کا بغیر باپ کے پیدا ہونا اور قبر سے نکل کر آسمان پر چڑھ جانا وغیرہ +

اہل کتاب کو کچھ قرآن سے ایسی عداوت ہے کہ جب اسپر اعتراض کرنے لگتے ہیں تو انکو اسکی بھی خبر نہیں رہتی کہ جس فلسفہ کی تلوار سے وہ اسلام کو کاٹ رہے ہیں خواہ وہ اسپر لگے یا نہ لگے مگر سب سے اول انہیں کے مذہب کا ستیاناس ہو جاتا ہے۔ یہی حال ان مصنفوں کا ہے جنہوں نے باوجود دعوی ایمان داری قرآن کے ترجمہ اور تفسیر میں اسکی کیا ہی بدنما صورت بنا کر دکھانیکا قصد کیا ہے۔

جو واقعات قرآن کیطرف فلسفہ کے گرہ پڑنے کے لئے پیش کئے ہیں وہ بہت کچھ غلط طور پر بیان ہوئے ہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

ان کے باغوں اور چشموں اور مکانوں کے
بنی اسرائیل مالک کے گئے حالانکہ بنی اسرائیل
ایک دن کے لئے بھی قلزم عبور کرنے
کے بعد پھر مصر میں نہیں آئے ان کے
باغوں اور مکانوں کا مالک ہونا تو
کجا اور اگر وہ مالک ہو گئے ہوتے
تو پھر ملک مصر پر انہیں کی حکومت
ہوتی وہ سرکش لوگ جبابات میں
موسیٰ سے سرکشی کرتے تھے کبھی بھی
جنگلوں میں خانہ بدوشوں کیطرح مارے
مارے نہ پھرتے حالانکہ اسباط کا
خود قرآن بھی اقرار کرتا ہے کہ وہ جنگلوں
میں چالیس برس تک مارے مارے
پھرے قرآن کا یہ جملہ اسباط کو بتا رہا
ہے فانہا محرمۃ علیہم اربعین سنۃ
یتیھون فی الارض مائدہ رکوع ۳۔
یہ کیسا غلط مضمون ہے +

۹ قرآن میں حضرت مریم کو ہارون کی
بہن کہا ہے یا اُخْتَ هَارُوْنَ
حالانکہ ہارون موسےٰ کے بھائی تھے
ان میں اور مریم میں سیکڑوں برس کا

مثلاً سکندر رومی کا سفر۔ حالانکہ سکندر کا
قرآن میں نام تک بھی نہیں البتہ ذوالقرنین
کا ذکر ہے اب جس مفسر نے اسکو سکندر
رومی سمجھا ہے یہ اوس کا قیاس ہے
وہی اسکا ذمہ دار ہے نہ قرآن (۲) سیاہ
چشمہ میں آفتاب کو ڈوبتے دیکھنے کے
یہ معنی قرار دینا کہ دراصل وہ اسمیں ڈوب
بھی رہا تھا معترض کی خوش فہمی ہے
سمندر کے کنارے کھڑے ہونے
والے کو ہر روز آفتاب پانی میں ڈوبتا
ہوا ہی نظر آیا کرتا ہے۔ اسیطرح کسی دلدل
کے کنارے کھڑے ہونے والے کو
دلدل ہی میں ڈوبتے دکھائی دیا کرتا
ہے (۳) یاجوج ماجوج کا قد اور ان کے
کانوں کی درازی کسیجگہ بھی قرآن میں
مذکور نہیں جس مفسر نے ایسے افسانے
گھڑ کر قرآن سے چپکائے ہیں وہی ذمہ دار
ہے نہ قرآن (۴) اعتراض کا جواب
حضرت ابراہیم علیہ السلام کا آگ سے
سلامت رہنا کوئی بھی خلاف قانون
قدرت نہیں عالم اسباب میں بھی دیکھا گیا ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

فاصلہ ہے۔ پھر مریم ہارون کی بہن کیونکر ہو سکتی ہیں +

۱۰ قرآن بتا رہا ہے کہ موسےٰ کے بعد سامری نے بچھڑا بنا کر بنی اسرائیل سے بچھوایا توریت میں ہے کہ یہ فعل ہارون نے کیا تھا جس پر موسےٰ واپس آکر سخت ناراض ہوئے +

کہ گھر جل گیا سب لوگ جل مرے مگر بعض اشخاص یا حیوان زندہ وسلامت نکل آئے۔ چہ جائیکہ جہاں خدا کا فضل ہو

(۲) اعتراض کا جواب حضرت داؤد کے ساتھ پہاڑ اور پرندوں کا تسبیح کرنا اس عالم اسباب کے بھی بعید نہیں۔ پہاڑوں میں آواز گونج اٹھتی ہے جسطرح کنوئیں کے اوپر بیٹھکر اندر کے رخ کوئی کچھ آواز دیتا ہے گاتا ہے یا پڑھتا ہے ویسی ہی آواز کنوئیں سے برآمد ہوتی ہے اب یہ کہنا کہ فلاں کے ساتھ کنواں گا رہا تھا کیا مستبعد بات ہے۔ نغمات سے حیوانات کو بھی دلچسپی ہوتی ہے۔ رات کو جو عرب حدی خوانی کرتے ہیں تو اونٹ مست ہو کر تیز چلنے لگتے ہیں۔ اگر نغمۂ داؤدی پر طیور کی فریفتگی ہوئی ہو۔ اور وہ وجد میں آئے ہوں اور یہی ان کی تسبیح ہے تو کیا بعید ہے۔ اور جو سر روحانیات سے واقف ہیں اور وہ جمادات وحیوانات کے ادراک وتکلم سے بھی واقف ہیں ان کے نزدیک یہ کوئی ناممکن بات نہیں +

(۳) اعتراض کا جواب قرآن نے سلیمان علیہ السلام کو کہیں بھی تمام دنیا کا بادشاہ نہیں کہا ہے۔ رہا پرندوں اور حیوانات کی بولی سمجھنا یہ گو اب تک عوام کے نزدیک ناممکن بات ہے مگر جنکو روحانی ریاضتوں کا اتفاق ہوا ہے یا ان کی روح میں قدرت نے روشنی بخشی ہے ان کے نزدیک یہ ممکن ہے۔ حیوانات کیا وہ جمادات کی باتیں سنتے اور سمجھتے ہیں لیکن وہ باتیں ہماری باتوں جیسی نہیں۔ اسیطرح اگر ہُدہُد سے مراد یہی معروف پرند ہے تو ایسے شخص کا اوس سے کلام کرنا اور اسکو خط دیکر بھیجنا کوئی بھی ناممکن بات نہیں۔ سیکڑوں کبوتر نامہ بر ہوتے ہیں۔ اسیطرح جب جن کا وجود ہے تو سلیمان کا

toobaa-elibrary.blogspot.com

انکو مسخر کر کے انسے کام لینا کیا تعجب کی بات ہے۔ جب نہارہ وغیرہ اس زمانہ میں ایسی چیزیں ایجاد ہوئی ہیں کہ ہوا میں اوڑتی ہیں اور مہینوں کا رستہ گھنٹوں میں طے کرتی ہیں تو سلیمان کے عہد میں انکا معجزہ بھی تسلیم نکیا جاوے تو بھی ایسے فنوں کے ایجاد میں کیا حیرت ہے۔ دن بدن جو جو چیزیں حیرت انگیز ایجاد ہو رہی ہیں ٹیلیفون۔ فونوگراف وغیرہ جنکو پہلے قانون قدرت کے خلاف سمجھا جاتا تھا وہ بتا رہی ہیں کہ ابھی بہت کچھ چیزیں جو ابھی تک خلاف قانون قدرت سمجھی جا رہی ہیں خزانہ غیب میں مستور ہیں شاید ظہور کریں۔ اور زمانہ کی حرکت دوری بھی بتا رہی ہے کہ پہلے بھی جانے کیا کیا عجائب علوم ظہور پذیر ہوئے تھے جو مٹ گئے۔ اپنے دو واسخ کے دانع کو قدرت کا قانون سمجھ لینا اور جو اسمیں نہ آسکے اسکو جھٹ پٹ خلاف کہدینا ایک سفاہت ہے۔ نہ ابھی تک قدرت کی انتہا معلوم ہوئی ہے نہ انسان اسکے لئے کوئی قانون تیار کر سکتا ہے جسکو یہ قانون قدرت کہتا ہے وہ تو اس کا مشاہدہ و تجربہ ہے انسان محدود اسکے قویٰ محدود اسکی زندگی محدود اسکے تجربے و مشاہدے محدود۔ پھر غیر محدود چیز کے لئے محدود کیونکر قانون بن سکتا ہے

(۴) اعتراض کا جواب قرآن میں ذوالقرنین کا ضرور ذکر ہے جسکو اہل کتاب نے معما سمجھ کر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے بطور امتحان کے پوچھا تھا وہ صرف اسیقدر ہے کہ وہ ایک بادشاہ تھا جسکو ہمنے ہر قسم کے ساز و سامان دیئے تھے اسنے مغرب میں اور مشرق میں وہاں تک سفر کیا کہ سامنے سمندر رہتا جہاں اسکو آفتاب ڈوبتے ہوئے دکھائی دیا وہاں کی قوم کو ہدایت کی پھر اسنے تیسرے سفر کا قصد کیا اور ایک قوم تک پہونچا جنہوں نے یاجوج ماجوج قوموں کی غارتگری کی شکایت کی اور ان کے روکنے کے لئے دیوار بنانے کی درخواست پیش کی اسنے لوہے کے ٹکڑوں سے دیوار بنائی اور اسپر گرم کر کے تانبا یا جست ڈال دیا جسپر بلندی کے سبب نہ وہ چڑھ سکتے تھے نہ مضبوطی کے سبب اس میں نقب لگا سکتے تھے وہ قومیں دھکا پیل کر کے آتی تھیں پر نہ نکل سکتی تھیں مگر ایک وقت وہ قومیں کھولی

toobaa-elibrary.blogspot.com

جائیں گی اور بلندیوں سے دوڑی چلی آئیں گی (۱) نہ قرآن میں اس سفر کے موقع کا ذکر ہے کہ کس ملک میں ہوا تھا (۲) نہ اسبات کا کہ یاجوج ماجوج کون قوم تھی اور کیسی تھی اور اب بھی ہے کہ نہیں اور ہے تو کس حال میں ہے اور کیا نام ہے (۳) نہ اسبات کا ذکر ہے کہ وہ دیوار کس ملک میں بنی تھی اور اب بھی ہے کہ نہیں (۴) نہ اسبات کا ذکر ہے کہ یاجوج ماجوج قوم کس وقت اور کس زمانہ میں نکلیں گیں اور نکلکر کیا کرینگی (۵) نہ اسبات کا کہ ذوالقرنین کس ملک کا بادشاہ تھا ان امور کا ذکر اسلئے نہیں کیا کہ وہ جسقدر جواب دینا چاہئے تھا اوس سے زائد ہے۔ اب یہ باتیں جو علماء نے دریافت کی ہیں اور انپر رائیں قائم کیں ہیں اپنے قیاس سے جسمیں کہیں الفاظ قرآنیہ کے اشارات سے کہیں مورخین کے اقوال سے کہیں آحادیث سے جو خبر احاد ہیں جنکا مرتبہ ظن سے زائد نہیں کام لیا ہے اور ممکن ہے کہ وہ صحیح بات تک پہونچ گئے ہوں یا غلطی کی ہو۔ مگر قرآنی بیان پر کوئی بھی اعتراض عقلی یا نقلی وارد نہیں ہوسکتا معترض نے علماء کی رایوں کو قرآن سے چپکا کر اعتراض کیا ہے اور اس صورت میں بھی اعتراض غلط ہے کس لئے کہ ابھی تک دنیا میں کئی دیواریں عجائب روزگار باقی ہیں (۱) دیوار چین (۲) جبل البطے کے ایک گھاٹی میں ایک دروازہ بند ہے (۳) آذربائیجان کے پہاڑوں میں ہے جسکو دربند اور باب الابواب کہتے ہیں۔ ان دیواروں کے بنانے سے اسکے بنانے والوں کا مقصود کسی قوم کا روکنا تھا ان میں ایک یاجوج ماجوج بھی تھی +

(۵) جب مسیح علیہ السلام کی اور صدہا وہ باتیں خلاف قانون قدرت تھیں جنکو آجتک نصف دنیا مانتی چلی آئی ہے تو لڑکپن میں باتیں کرنا اور گارے کے پرند بنا کر اوڑا دینا ہی کیا محل اعتراض ہے رہی یہ بات کہ وہ ان چاروں انجیلوں میں کیوں نہیں؟ اسکا جواب تو یوحنا حواری ہی دے سکتے ہیں جو اپنی انجیل کے آخر جملہ میں فرماتے ہیں۔ اور بھی بہت سے کام ہیں جو یسوع نے کئے اگر وہ جدا لکھے جاتے تو میں گمان کرتا ہوں کہ کتابیں جو لکھی جاتیں تو دنیا میں نہ سما سکتیں۔ اب ان میں سے اگر یہ دو باتیں قرآن نے بیان کردیں تو قرآن کیوں ملزم

toobaa-elibrary.blogspot.com

ٹھیرایا جاتا ہے۔ اسکے سوا عیسائیوں کے ہاں ایک انجیل طفولیت بھی ہے جسکو عیسائی الہامی تو نہیں مانتے مگر سراسر جھوٹی بھی نہیں سمجھتے انہیں یہ باتیں لکھی ہیں ✣

(۶) کا یہ جواب ہے کہ خضر وہی ملک الصدق ہیں جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے عہد میں بھی تھے جن کا ذکر پولوس نے اپنے ایک خط میں کیا ہے۔ اگر موسے علیہ السلام اویس بزرگ روحانی سے ملے ہوں تو کیا تعجب ہے۔ اگر یہ ذکر موسے علیہ السلام کے حالات میں یہودیوں نے نہ لکھا ہو تو کچھ ان کے لکھنے پر قرآن نے انحصار بھی نہیں کر لیا ہے اور نہ واقعات کی اصلیت انہیں کے نوشتوں پہ منحصر ہے ✣

(۷) اصحاب کہف کا واقعہ حضرت مسیح علیہ السلام کے کئی سو برس بعد ہوا ہے اگر اس کا توریت و اناجیل میں ذکر نہو تو کوئی تعجب نہیں ہاں اسوقت کے بعد والوں نے ضرور لکھا ہے لارڈ ولیم میور اپنی کتاب تاریخ کلیسا میں افرائم کے حوالہ سے اس واقعہ کی تصدیق کر رہے ہیں اور کہتے ہیں کہ گلاڈیس قیصر کے وقت یہ واقعہ ہوا کہ شہر افسوس کے چند عیسائی ایک غار میں جو وہیں تھا چھپ گئے اور تین سو برس تک سوتے رہے اور پھر ہشیار ہوئے ✣ اور پھر بادشاہ کے پاس حاضر ہونے کے بعد وہیں غار میں چلے گئے۔ گلاڈیس کو عربی میں دقیانوس کہتے ہیں ✣

(۸) یہ معترض کی غلط فہمی ہے اور جس مفسر نے ایسا سمجھا اسکی بھی غلط فہمی ہے آیت یہ ہے کم ترکوا من جنٰت وعیون وزروع ومقام کریم ○ ونعمۃ کانوا فیھا فٰکھین کذلک واورثنٰھا قوما اٰخرین ○ (دخان) کہ فرعونیوں نے بہت سے کچھ باغ اور چشمے اور کھیتیاں اور عمدہ مکان اور خوشی و نعمت کے سامان چھوڑے (ڈوب مرے) بات یوں ہی ہے اور ان کا ہمنے اور لوگوں کو مالک کر دیا۔ اور سورہ شعراء میں یہ ہے فاخرجنٰھم من جنٰت وعیون وکنوز ومقام کریم ○ کذلک۔ واورثنٰھا بنی اسرائیل ○ کہ ہمنے فرعونیوں کو باغوں اور خزانوں اور عمدہ مکانوں سے باہر کر دیا

toobaa-elibrary.blogspot.com

اسیطرح - اوران چیزوں کا بنی اسرائیل کو مالک بنا دیا - اس کے یہ معنی نہیں کہ خاص انہیں فرعونیوں کی چیزوں کا مالک بنا دیا - بلکہ انہیں چیزوں کا (یعنے انکی مثل چیزوں کا ملک فلسطین میں) وارث بنا دیا ایک عام محاورہ ہے کہ ایک شے کی مثل کو اس شے سے تعبیر کیا کرتے ہیں - مثلاً دو شخصوں کے پاس جب دو چیزیں مشابہ و مساوی ہوں تو ایک دوسرے سے کہدیا کرتا ہے کہ جو تیرے پاس ہے وہی میرے پاس ہے - حالانکہ وہی اس کے پاس نہیں بلکہ اسکا مثل ہے - یہ محاورہ عرب - عجم ہر ملک میں اور ہر زبان میں ہمیشہ سے ہے اور دلیل ہمارے قول پر سورۂ قصص کا ابتدا ہے جہاں فرعون و موسے کے حالات میں خدا فرماتا ہے طسم تلک ایات الکتاب المبین - الایات - ونرید ان نمن علے الذین استضعفوا فی الارض ونجعلہم ائمۃ ونجعلہم الوارثین ○ ونمکن لہم فی الارض الایہ اور ایک جگہ یوں فرمایا واورثنا القوم الذین کانوا یستضعفون مشارق الارض ومغاربہا التی بارکنا فیہا الایہ کہ فرعون تو اسرائیلیوں پر ظلم و ستم کرکے اپنی تدابیر سے ہمیشہ انکو غلام ہی بنا رہنا چاہتا تھا اور ہم ان ضعیفوں پر احسان کیا چاہتے تھے اور انکو سلاطین مالک اور زمین پر زور آور کرنا چاہتے تھے سو یہ بات ملک شام میں آنے کے بعد بنی اسرائیل کو میسر آئی - دوسری آیت نے تو اور بھی مطلب واضح کردیا کہ ہمنے اوس قوم کو جو زمین (مصر میں ضعیف اور کمزور سمجھے جاتے تھے) اوس ملک کے مشارق و مغارب کا وارث کردیا - کہ جسمیں ہمنے برکت دی ہے یعنے ملک فلسطین و شام میں اور اس برکت کے لفظ سے قرآنی محاورہ میں بھی ملک سمجھا جاتا ہے جیساکہ سورہ اسرار وغیرہا میں ہے - امام ابن کثیر وغیرہ محققین مفسرین اسیطرف گئے ہیں جیساکہ ہمنے بیان کیا اور جو کوئی مفسر غلط فہمی کرگیا ہو تو اسکا قول تفسیر بالقرآن کے مقابلہ میں ہم پر حجت نہیں ہوسکتا - مگر مخالفین قرآن تو ایسے ہی مفسروں کی تلاش میں رہا کرتے ہیں ✣

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۹) معترض نے یہ کہنا سنے ثابت کرلیا کہ ہارون سے مراد وہی ہارون علیہ السلام ہیں۔ جو حضرت موسے کے بھائی تھے کیا بنی اسرائیل میں موسے ہارون ابراہیم لوگوں کے نام انبیاء کے نام پر نہ رکھے جاتے تھے ضرور رکھے جاتے تھے۔ اعتراض کرنے سے پہلے معترض کسی یہودی سے پوچھ بھی لیتا تو اعتراض نکرتا۔ مگر فضیلت پناہ کیونکر کہلاتا حضرت مریم کے بھائی کا نام بھی ہارون تھا ✤

(۱۰) یہی تو قرآن کا دعوے اور اسکے نزول کی ایک ضرورت ہے کہ یہود و عیسائیوں نے جو کچھ غلط اوہام کتب مقدسہ میں بدنیتی یا غلط کاری یا طرف داری سے ملا دیئے تھے انکی اصلاح کرے ونقص علے بنی اسرائیل اکثر الذی ھم فیہ یختلفون یہی ایک غلطی اہل کتاب کی نہیں اور بھی بہت سی ہیں جیسا کہ حضرت سلیمان کا بت پرستی کرنا حضرت داؤد کا اوریا کی بیوی بنت سبع والدہ حضرت سلیمان سے زنا کرنا حضرت لوط علیہ السلام کا شراب پیکر اپنی دونوں بیٹوں سے صحبت کرنا۔ خدا کا آدم کو پیدا کرکے پچھتانا۔ اسمانوں اور زمین کو پیدا کرکے تھک جانا ہفتہ کے دن آرام کرنا۔ خدا کا یعقوب سے کشتی لڑنا۔ فرشتوں کا حضرت ابراہیم کے پاس آکر کھانا پینا۔ خدا کا دو کروبیوں پر سوار ہوکر نیچے اترنا اسکی اون جیسی سفید ڈاڑھی ہونا نتھنوں سے دھواں نکلنا وغیرہ یہ سب خرافات ابتک کتب مقدسہ میں موجود ہے ✤

یہ تھے وہ بڑے بھاری واقعات قرآنیہ پر اعتراض جنکو مخالفین قرآن کے ابطال میں پیش کیا کرتے ہیں اور بھی ہونگے تو وہ اسسے بھی زیادہ کمزور اور لغو جنکو تلاش کرکے نقل کرنے اور پھر انکے جواب دینے کی ہمیں کوئی بھی ضرورت نہیں ہم پھر علوم قرآن کیطرف رجوع کرتے ہیں ✤

(۹) علم التواضع وہ یہ کہ انسان کی گفتار رفتار لباس وضع مہذب ہو۔ ناک بھوں چڑھائے رہنا نہ چاہیئے۔ انداز گفتگو بھی بہت شائستہ اور نرمی سے ہو اس علم کا بھی

toobaa-elibrary.blogspot.com

قرآن میں بہت کچھ ذکر ہے از انجملہ یہ آیات ہیں ولا تصعر خدك للناس ولا تمش فی الارض مرحا ان اللہ لا یحب کل مختال فخور واقصد فی مشیتك واغضض من صوتك ان انکر الاصوات لصوت الحمیر کہ لوگوں کے سامنے گال نہ پھلا یعنے متکبرانہ صورت نہ بنا زمین پر اترا تا اکڑتا ہوا نہ چل کیونکہ اللہ کو کوئی بھی اترانے فخر کرنے والا پسند نہیں۔ اور درمیانہ چال چلا کر اور بات بھی نرم اور پست آواز سے کیا کر کیونکہ آوازوں میں مکروہ آواز گدھے کی ہے۔ ان اصول پر اور باتوں کو بھی قیاس کر لینا چاہیئے جو خلاف تہذیب اور شان تکبر ہیں +

(۱۰) امر بالمعروف نہی عن المنکر یعنے نیک اور اچھی باتوں کی نصیحت کرنا مگر نرمی اور دلسوزی سے) اور برے کاموں سے منع کرنا۔ یہ بھی انسانی اخلاق میں ایک عمدہ بات ہے کیسکو کوئیں میں گرتے دیکھنا اور منع نکرنا کریم النفس انسانوں کا شیوہ نہیں ؎

اگر بینم کہ نابینا وچاہ است اگر خاموش بنشینم گناہ است

دو لڑتوں کو چھڑا دینا یہاں تک کہ دو جانور دونوں کو بھی لڑنے نہ دینا بھولے کو راہ بتا دینا کوئی کسی کام کی عمدہ تدبیر جانتا ہے دوسرے کو جو اچھی طرح واقف نہیں رہبری کرنا خواہ دینی امور میں خواہ دنیاوی میں سب امر بالمعروف ونہی عن المنکر میں داخل ہے۔ اس کی بابت بھی قرآن میں بہت کچھ تاکید ہے اور نیز اس مسئلہ کو حسن تمدن میں بھی بڑا دخل ہے وامر بالمعروف وانہ عن المنکر واصبر علی ما اصابك ان ذالك من عزم الامور کہ نیک باتوں کی نصیحت اور بری باتوں سے منع کیا کر اور جو اسمیں تجھے کوئی ایذا پہونچے (کیلئے کہ جاہل اور ناعاقبت اندیش لوگ ناصح سے لڑنے اور طعن وتشنیع کرنے لگتے ہیں) تو اسپر صبر کر بدلہ نہ لے یہ نہیں کہ تو بھی لڑنے لگے سخت کلامی کا جواب دینے لگے یہ صبر وبرداشت ایک بڑی بات ہے۔ اسمیں ناصح کا فرض منصبی بھی بتا دیا گیا +

(۱۱) خدا سے اپنے گناہوں کی مغفرت مانگنا اپنے نادم ہونا بھی قرآن میں مذکور ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وتوبوا الی اللہ جمیعا ایہا المومنون لعلکم تفلحون ۝ کہ تم سب اے ایماندارو اللہ کیطرف رجوع کرو توبہ کرو۔ ولم یقروا علی ما فعلوا وہم یعلمون کہ نیک بندے کوئی برا کام کرکے اسپر اصرار نہیں کرتے بلکہ ندامت کرتے ہیں۔ استغفار کی بہت جگہ قرآن میں ہدایت ہے اور اسپر معافی ومغفرت کا وعدہ بھی ہے۔ وبالاسحار ہم یستغفرون ۝ ایماندار سحرگاہ باوجود عبادت کے خدا سے استغفار کیا کرتے ہیں۔

(۱۲) خدا سے استغفار وتوبہ کے بعد رحمت وبخشش کا امیدوار رہنا بھی قرآن میں ہے قُلْ یا عبادی الذین اسرفوا علی انفسہم لا تقنطوا من رحمۃ اللہ ان اللہ یغفر الذنوب جمیعا کہ اے نبی میرے ان بندوں سے جنہوں نے گناہ کیئے ہیں کہدو کہ خدا کی رحمت سے ناامید نہو جاؤ کیونکہ وہ سب گناہ بخشدیتا ہے لا ییئس من روح اللہ الا القوم الکافرون کہ اللہ کی رحمت سے کافر ہی ناامید ہوا کرتے ہیں یہ ایک ایسا خیال ہے کہ جو خدا سے محبت پیدا کرتا ہے اور انسان کو آیندہ نیک روی پر لاتا ہے ✤

(۱۳) مگر اسکے ساتھ خوف بھی رکھنے کا حکم ہے تاکہ دلیر ہوکر ہر قسم کی بدکاری کرنے لگے اسکا بھی بہت جگہ قرآن میں ذکر ہے۔ واتقوا اللہ کہ اللہ سے ڈرتے رہا کرو فلیحذر الذین یخالفون عن امرہ ان تصیبہم فتنۃ او عذاب الیم کہ جو اس کے حکم کی برخلافی کرتے ہیں انکو ڈرتے رہنا چاہیئے کہ اوپر دنیا میں فتنہ یعنے آزمایش مرگ اولاد وتلف مال مرض غلبۂ اعدا اور آخرت میں عذاب الیم نہ پہونچ جائے ✤

(۱۴) خدا سے دعا مانگنے کا بھی حکم ہے اور دنیا وآخرت کے لئے مفید دعائیں بھی تعلیم فرمائی ہیں کیونکہ دعا بندہ کی ایک عمدہ عبادت ہے اور اسپر اجابت کا بھی مژدہ دیا ہے ادعونی استجب لکم مجھ سے مانگو میں قبول کرونگا۔ یہ بھی ایک محبت الٰہی کا بڑا واسطہ ہے۔ اور بھی تہذیب الاخلاق کے متعلق بہت سے علوم قرآن میں مذکور ہیں۔ بنظر اختصار انہیں چند پر بطور نمونہ کے اقتصار کیا گیا۔ اور اگر ان عملی باتوں کا علم ہی

toobaa-elibrary.blogspot.com

جو باہمی معاملات سے تعلق رکھتے ہیں تو اسکو علم تدبیر المنزل کہتے ہیں جیسا کہ بیع و شرا میراث وغیرہ اسلئے اس علم کی بہت سی شاخیں ہیں جنمیں سے چند یہ ہیں ؛

(۱) ماں باپ کے ساتھ ادب اور نرمی سے پیش آنا ان کی خدمت و پرورش کرنا۔ کس لئے کہ خدائے جہاں آفریں کے حقوق کے بعد والدین کا مرتبہ ہے جن سے یہ پیدا ہوا۔ لڑکپن میں جبکہ یہ اپنے بدن سے کبھی بھی دور نہیں کر سکتا تھا۔ اسکی پرورش کرتے تھے اپنے آرام سے اسکا آرام مقدم سمجھا کئے اس کے ذرا سے دکھ سے وہ بے چین ہو جاتے تھے اپنا مال اپنی عزیز چیزیں اس سے دریغ نہ رکھتے تھے۔ اسلام میں ماں باپ کی نافرمانی ایک بہت ہی سخت گناہ ہے جسکو عقوق الوالدین کہا جاتا ہے قرآن نے اس معاملہ میں بہت کچھ ہدایات ارشاد فرمائے ہیں از انجملہ یہ آیت ہے واخفض لھما جناح الذل من الرحمۃ وقل رب ارحمھما کما ربیانی صغیرا کہ ماں باپ کے لئے مہربانی کا بازو جھکا دے اور ان کے لئے دعا کر کہ اے رب انپر رحم کر جیسا کہ یہ مجھے لڑکپن میں پرورش کیا کرتے تھے۔ ووصینا الانسان بوالدیہ حملتہ امہ وھنا علی وھن وفصالہ فی عامین ان اشکر لی ولوالدیک الی المصیر ۵ کہ ہمنے انسان کے لئے اسکے والدین کے لئے وصیت کردی ہے اسکو اسکی ماں نے تھک تھک کر اوٹھایا ہے دو برس میں اسکا دودھ بڑھتا ہے۔ کہ میرا اور اپنے والدین کا شکریہ کیا کر۔ پھر تو میرے ہی پاس آنا ہے۔ وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَانًا إِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ أَحَدُهُمَا أَوْ كِلَاهُمَا فَلَا تَقُلْ لَهُمَا أُفٍّ وَلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَهُمَا قَوْلًا كَرِيمًا ۵ کہ ہمنے جسطرح خاص خدا پرستی کا حکم دیا ہے ایسا ہی والدین کے ساتھ احسان کرنے کا حکم دیا ہے اگر تیرے سامنے ان دونوں میں سے کوئی یا دونوں بڈھے ہو جائیں تو انکو اُف بھی نہ کہہ نہ جھڑک اور ان سے عزت و احترام کی بات کیا کر۔ روحانی بزرگ استاد مرشد بھی ادب و احترام میں باپ ہی کا حکم رکھتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۲) بھائی بہن دیگر اقارب کے ساتھ صلہ رحمی کرنا اسیطرح دیگر اقارب نسبتی خسر خوشدامن بیوی وغیرہا کے ساتھ بھی حسن سلوک اور مروت سے پیش آنا اور اسیطرح ہمسایہ اور دوستوں سے بھی نیکی کرنا۔ قرآن مجید میں جابجا ہے وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰی حقہ والمسکین وَابْنَ السَّبِیْلِ کہ اہل قرابت کا حق ادا کرو قرابت کی چار قسم ہیں (۱) قرابت نسبتی (۲) قرابت سببی جیسا کہ بنا دی وغیرہ کے رشتے (۳) قرابت محبت و دوستی (۴) قرابت ہمسائیگی وہموطنی۔ پہران کے حقوق بہت کچھ ہیں انسے برائی دور کرنا انکی جان ومال کی حفاظت کرنا انسے بمروت پیش آنا ان سے سلوک کرنا انکی برائی سے درگزر کرنا۔ اور محتاج اور مسافر کا بھی حق ادا کرنا محتاجوں کی خبر گیری کرنا مسافروں کے مال اور جان و آبرو کی حفاظت، اور غریب ہوں تو ان کو کھانا اور انکی حاجات کا بر لانا اونکا حق ہے۔ ان باتوں بغیر تمدن درست نہیں ہو سکتا ✣

(۳) اسیطرح زنا اغلام چوری۔ ڈکیتی وغارتگری قتل وغیرہ امور خلل انداز امن عام کی بھی ممانعت ہے اور انپر سخت سزائیں قرآن میں مذکور ہیں یہ بھی تمدن و آسایش دنیا و باہمی اتفاق و یکجہتی کے اصول ہیں جنسے ملک آباد اور لوگ ہر طرح کی برکات سے متمتع ہو سکتے ہیں ✣

(۴) سخاوت صداقت رحمدلی وغیرہ امور جو تہذیب اخلاق میں مذکور ہوئے ہیں وہ بھی سب اصول تمدن ہیں ✣

(۵) قانون معاملات بھی قرآن نے بہت کچھ بیان فرمائے ہیں از انجملہ بیع و شراء ہے از انجملہ رہن و استقراض ہے از انجملہ قانون میراث ہے۔ از انجملہ قانون تزویج ہے جس میں یہ بیان ہے کہ کون کون عورتیں ہیں کہ جن سے نکاح درست نہیں اور وہ ہمیشہ کے لئے حرام ہیں اور کونسی عارضی حرام ہیں

ف زنا کی سزا محض کے لئے سنگسار کرنا غیر محض پر درے مارنا سزا زنا کی تہمت پر استی درے مارنا چور کا ہاتھ کاٹنا۔ ڈاکوؤں کو سولی دینا یا ایک طرف کا ہاتھ دوسری طرف کا پاؤں کاٹنا یا قتل کر دینا یا جلاوطن کر دینا جیسا موقعہ ہو قرآن میں جسمانی سزائیں یہ ہیں انپر یہ اعتراض کرنا کہ یہ وحشیانہ سزائیں ہیں جو شائستگی کے خلاف ہیں ایک بیجا اعتراض ہے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہیں اور نکاح کیونکر ہونا چاہیئے اور کتنی عورتوں سے بضرورت ایک وقت میں نکاح کی اجازت ہے اور نہ حکم اور عورت و مرد کے فرائض منصبی کیا کیا ہیں اور انکو حسن معاشرت سے ملکر رہنا چاہیئے اور عورت پر مرد کو ایک قسم کی فوقیت ہے زیہ کہ عورت مواشی کیطرح اوس کا مال ہے جیسا چاہے برتاؤ کرے) اور اگر باہم نزاع اور سوء معاشرت پیدا ہو جائے تو طرفین کے اشخاص باہم ملاپ کرادیں اور جو ممکن نہو تو لاچاری میں طلاق ہے۔ اور طلاق کی تعداد اور مطلقہ کے احکام اور عورت کا نان و نفقہ مرد پر کب تک اوکسطرح ہوتا ہے اور اولاد پر کس کا استحقاق ہوتا ہے اور ان کے مصارف و تربیت کس پر ہونی چاہیئے اور خاوند کے مرنے کے بعد عورت کے کیا حقوق ہیں۔ اور عدت کب تک ہے اور عدت میں عورت نکاح یا پیغام نکاح بھی نہیں کرسکتی۔ اگر مرد اپنی عورت کو مبتلاء حرام دیکھے اور اس پاس شہادت نہو تو پھر کیا ہونا چاہیئے اور بچہ کا دودھ پلانا کب تک ہے اور مرضعہ کے مصارف کا کون ذمہ وار ہے۔ عورتوں کو نامحرموں کے سامنے کسطرح کپڑا پہننا چاہیئے اور پردہ ستر کسطرح رکھنا چاہیے نامحرموں کو گھروں میں اجازت سے آنا چاہیے اور کن کن اوقات میں اجازت بغیر محرموں کو بھی اندر نہ جانا چاہیئے وغیرہ علیٰ احکام قرآن میں متعدد سورتوں میں مذکور ہیں۔ کیونکہ بغیر ایسے قوانین کے تنازعات کا فیصلہ و یقین کو مطمئن نہیں کرسکتا اور بغیر اس کے باہمی اتفاق و تمدن قائم نہیں رہ سکتا اور بغیر بیان احکام مذکور الہام اپنے فرض منصبی سے سبکدوش نہیں ہوسکتا +

سیطرح قتل و قصاص اور تعدے اموال اور زخموں کے متعلق قصاص و دیت بھی قرآن میں مذکور ہے +

(۶) باہمی معاہدات کی پابندی اور فریقین کے معاملات کے فیصلہ عدل و انصاف سے کرنا یگانہ اور بیگانہ مفلس و زردار کا زور آور اور ضعیف کا خیال نکرنا اور اسیطرح معاملات پر شہادت حق حق بلاکم و کاست ادا کردینا اور معاملات پر گواہ بنانا یا حیز کتابت میں لانا

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور وصیت اور ولایت کے احکام اور اداے امانت اور اولیا کو کس حال میں یتیموں کو انکے اموال انکو سپرد کرنا چاہیے یہ سب اصول تمدن قرآن میں مذکور ہیں +

(۷) قرآن نے خودداری اور کسب معاش اور اپنی آبرو و مال و جان کا تحفظ بھی ارشاد فرمایا ہے فمن اعتدی علیکم فاعتدوا علیہ بمثل ما اعتدی علیکم۔ وان عاقبتم بمثل ما عوقبتم بہ ولان صبرتم لھو خیر للصابرین۔

(۸) بحری و بری سفر کی تجارت و اکتساب علوم و اثار قدرت کے ملاحظہ کے لئے ترغیب دلائی ہے سیروا فی الارض فانظروا کیف کان عاقبۃ الظلمین تاکہ پختہ کاری اور اولوالعزمی پیدا ہو۔

(۹) علم کے لئے سفر اور پھر اسکی اشاعت اور قوم کی ہدایت کرنے کا حکم بھی قرآن میں ہے لولا نفر من کل فرقۃ طائفۃ لیتفھوا فی الدین ولینذروا قومھم اذا رجعوا الیھم لعلھم یحذرون۔ ولتکن منکم امۃ یدعون الی الخیر۔

(۱۰) کفایت شعاری اور سخاوت میں میانہ روی کی تعلیم تاکہ بخل و افلاس کی ذلت قوم کا شیرازہ جمعیت نہ منتشر کردے +

(۱۱) لغو اور بیہودہ باتوں سے اعراض کرنے کی بھی تعلیم فرمائی ہے وعن اللغو ھم معرضون۔ کیلئے کہ جسقدر قوموں پر ادبار آیا اور انسانیت کے درجہ سے نیچے گر گئیں وہ اس تنوہی کی بدولت گری ہیں۔ کھیل تماشے۔ ناچ رنگ بیہودہ افسانے خیالات کو خراب کرنے والی شاعری۔ یہ بازیاں کبوتر بازی پتنگ بازی شطرنج بازی۔ ہی انسان کو فضول خرچ اور کاہل اور بے ہمت بلکہ بے حمیت و بے غیرت بنا دیتی ہیں جس سے تمدن میں خلل آجاتا ہے +

(۱۲) قمار بازی شراب خوری سے بھی سخت الفاظ میں منع فرمایا انما الخمر والمیسر والانصاب رجس من عمل الشیطان فاجتنبوہ لعلکم تفلحون۔ کہ یہ چیزیں

ولا تبذر تبذیرا — کہ مال کو ضائع اور بیہودہ طور پر اڑا مت۔ — ولا تجعل یدک مغلولۃ الی عنقک ولا تبسطھا کل البسط — کہ اپنا ہاتھ بھی بالکل نہ روک لے نہ بالکل کھولدے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

ولا
نعبدہ
بعضکم
بعضا
ویل
الکل
همزة
لمزة
ان
بعض
الظن
اثم
ان
الذین
یرضون
المحنت
الغا
فلات
الایه
۱۲منه

ناپاک اور شیطانی کام ہیں ان سے بچو تاکہ تمکو فلاح ہو۔ اس سے باہمی عداوت و رنجش اور فساد پیدا ہوتے ہیں جسکا ترقی یافتہ قوموں میں بھی ہم مشاہدہ کرتے ہیں۔

(۱۳) معمولی برتاوے کی چیز ولنے دینے کی مذمت (ویمنعون الماعون)۔ اور اسیطرح حاجتمندوں سے قرض دیکر اوسنے سود لینے کی بھی سخت ممانعت فرمائی۔ (احل اللہ البیع وحرم الربوا) کیونکہ یہ بے مروتی قومی تمدن کے سخت مضر ہے۔ اور انسان کو طماع اور لالچی اور تنگدل اور بے رحم بنا دیتی ہے۔ پھر اس کے بڑے بڑے نتائج پیدا ہوتے ہیں ٭

(۱۴) بدگوئی بدکلامی بدگمانی تفاخر و تعلی طعنہ زنی خصوصاً لوگوں کے نسب پر الزام وغیرہ سے بھی سخت ممانعت فرمائی جیسا کہ علم الاخلاق میں بیان ہوا کیلئے کہ یہ باتیں قوم میں نفاق و عداوت پیدا کر دیتی ہیں۔ وغیرہ ذلک ٭

(۱۵) حقوق انسانی کی بھی واجبی طور پر مساوات کر دی اور ہر ایک میں حریت کی روح پھونکدی دنیاوی امور میں بھی جو حق ایک بڑے بادشاہ یا شریف اور دولتمند قوم کو حاصل ہے وہی ایک ادنیٰ ایماندار مفلس کو بھی ثابت کر دیا۔ رومی چینی۔ کالے گورے عرب۔ عجم سب کو مساوی درجہ کا بھائی بنا دیا اور تمام افراد میں ایک تازہ اور پرجوش اخوت قائم کر دی مغرب کا مسلمان مشرق کے مسلمان سے بیاہ شادی کر سکتا ہے۔ ایک دسترخوان پر دونوں بیٹھکر کھانا کھا سکتے ہیں۔ انما المؤمنون اخوة فاصلحوا بین اخویکم۔ وقال لا یسخر قوم من قوم الایه۔ اگر کسیکو دوسرے پر فوقیت ہے تو تقوی اور پرہیزگاری میں ہے۔ جو جرائم کی سزائیں ایک کمتر حیثیت کے مسلمان کے لئے ہیں وہی بڑے سے بڑے کے لئے بھی ہیں اس میں ایک نکٹا حبشی اور ہاشمی مکی مدنی سب برابر ہیں۔ دین کے لحاظ سے بھی کسی قوم اور شہر اور شخص کو بغیر علم کسی کے مقتدیٰ ہونے کا فخر حاصل نہیں خواہ سید ہو یا شیخ مکی ہو یا مدنی یا کسی

toobaa-elibrary.blogspot.com

بزرگ کی اولاد جو کام اور پیشہ ایک شخص کر سکتا ہے وہی دوسرا بھی کر سکتا ہے کس لئے کہ یہ تفاوت، قومیت قائم نہیں ہونے دیتا اور جو ہوا بھی تو وہ لفافہ ہے۔ اسلام نے مذہب خدا پرستی کی تمام افراد بنی آدم میں قومیت و برادری قائم کر دی جو وطنیت اور نسب کی برادری سے کہیں زور دار ہے۔ اسلام کی وہ ترقی کہ ایک صدی کے اندر ہی اندر اوسکا نصف دنیا پر محیط ہو جانا اسکی ایک بڑی دلیل ہے۔ اور یہی بہت سے علوم تمدن ارشاد فرمائے ہیں +

اور اگر ان چیزوں کا علم ہے جو انتظام سلطنت و ملک کے متعلق ہے تو اس کو **علم سیاست** کہتے ہیں اس کے متعلق بھی قرآن میں بہت کچھ احکام ہیں۔ یہ اسلئے کہ خدا مذہب اسلام کو دنیا میں ذلیل حالت پر رہنا پسند نہیں کرتا کسلئے کہ غیر اقوام کا ماتحت ہکر کوئی مذہب و ملت بالخصوص وہ جو دنیا میں حقوق انسانی کی مساوات کا ذمہ دار ہو انسانی پرستش چھوڑ کر خدائے واحد کی پرستش تعلیم فرمائے مخلوق پرستی شہوت پرستی اور نفسانی بیجا خواہشوں کو روکتا ہو نیک باتوں کا حکم دیتا ہو بری باتوں سے روکنے کی تاکید کرتا ہو آزاد نہ قائم رہ نہیں سکتا جس مذہب میں رئیس مشرک سے غلام خدا پرست معزز سمجھا گیا ہو جہیں کسی منکر خدا اور رسول کو کسی ایماندار پر فرماں روائی کا اختیار نہ دیا گیا ہو۔ وہ مذہب دنیا میں آسمانی سلطنت کا پرچم اڑا کر آزادانہ خدا کی تسبیح و تکبیر کے آوازوں سے جنگلوں اور پہاڑوں کو گونجائے بغیر رہ نہیں سکتا۔ تاکہ اس کے نقاروں کی صداؤں سے بت اوندھے گر پڑیں اس کے لشکر کی ہیبت سے جبار و متکبر حیوانی شایستگی کو مٹا چاہتے ہیں لرز جائیں اور وہ یتیموں مظلوموں محتاجوں بے زبان جانوروں کا چارہ سازی کیا کرے +

(۱) ایک جمہوری سلطنت قائم کرنے کا حکم صادر فرمایا کیونکہ انسانی حقوق کی مساوات اسی میں ہے۔ وَأَمْرُهُمْ شُورَىٰ بَيْنَهُمْ کہ مسلمانوں کے جملہ امور باہمی مشاورت پر

ونجعل موء من خردن مشرک ولو یعجبکم ما جعل اللہ للکا فرین علے المؤ منین سبیلا ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

پیغمبر علیہ السلام نے فرمایا ہے تو خمن اغنیائھم وتردّ فقرائھم کہ زکوٰۃ غنیوں سے لیکر محتاجوں کو دی جاتی ہے حدیث صحیح ہے

نبی ہے ہونے چاہیں۔ ایک اونے ایماندار کو بھی امور سلطنت میں رائے زنی اور اعتراض کرنے کا وہی حق حاصل ہے جو ایک بڑے سے بڑے سردار کو حاصل ہے۔ خود سب سے اول بادشاہ کو جو دین کا بھی بادشاہ تھا جس کی رائے میں عصمت تھی جسکے دلپر الہام الٰہی کا تار خدائی دربار سے لگا ہوا تھا مامور کر دیا۔ کہ قوم سے مشورہ لیا کریں وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ۔ اسکے بعد کسی بادشاہ کو بھی مطلقاً آزادی نہیں کہ بغیر مشورہ قومی جو چاہے کیا کرے۔ سلطنت کے خزائن واموال میں بادشاہ کا اسیقدر حق ہے جو اسکی قوم نے اسکی خدمت کے لحاظ سے اس کا مشاہرہ یا یومیہ مقرر کر دیا ہے اس کے سوا بادشاہ کو ایک پائی بھی کیسکو دینے لینے اپنے مصارف میں صرف کرنے کا اختیار نہیں کسلئے کہ قرآن نے اموال سلطنت کے مصارف خود بتا دیئے ہیں۔ اور سنت مطہرہ نے قولاً وفعلاً اور اسیطرح پیغمبر علیہ السلام کے جانشینوں نے قولاً وعملاً اختیارات شاہی کی تشریح کر دی ہے جو قیامت تک کے مسلمانوں کا دستور العمل رہے گا۔

خود آنحضرت صلعم کو آپکے عیال اور نیز قرابت دار محتاجوں اور نیز مسافروں اور قومی ضرورتوں کے لئے ایک تھوڑیسی زمین ملی تھی جو زمین یہود بنی نضیر اور یہود خیبر و فدک سے اسلام کے قبضہ میں آئی تھی۔ انمیں سے جسکی سالانہ آمدنی مساکین و مسافرین و قومی ضرورتوں سے بچکر اتنی بھی باقی نہ رہتی تھی کہ خاص آپ کے لئے اور آپکے عیال کے لئے کافی ہو سکے۔ اسلئے فقر و فاقہ سے بسر اوقات کیا کرتے تھے اور اسمیں نہایت شاداں اور اپنے خدائے قادر کے شکر کناں رہا کرتے تھے۔ باوجودیکہ آپ کی حیات میں اسلام کو بڑے بڑے فتوحات بھی رونما ہونے لگے تھے۔ آپکے بعد حضرت ابوبکرؓ کے لئے جو قومی انتخاب سے جانشین پیغمبر قرار پائے تھے ایک تھوڑیسی تنخواہ ملتی تھی۔ جو ان کے عیال کو بھی کافی نہوتی تھی۔ اسیطرح حضرت عمرؓ کے لئے بھی وہی قدر قلیل وظیفہ ملا کرتا تھا خلفاء کے مکان اور خانہ داری کے اسباب معمولی مسلمانوں سے بھی بہت کم مرتبہ تھے حالانکہ فتوحات کے دروازے کھل گئے تھے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

یہی حال بعد کے دونوں خلفا حضرت عثمانؓ و حضرت علیؓ وغیرہ کا رہا۔ ان کے اختیارات کی بابت دو ایک واقعات نقل کرتا ہوں اوپر باقی باتوں کو قیاس کر لینا چاہیئے **واقعہ** حضرت عمرؓ نے جب خالد بن ولید کو سپاہ سالاری کے عہدہ سے معزول کر کے انکی جگہ ابو عبیدہ بن الجراح کو سالار افواج بنایا اور اسکی مصلحت خطبہ میں قوم کو سنانے لگے تو خالد کی قوم میں سے ایک نوجوان معمولی مرتبہ کے شخص نے بھری مجلس میں یہ کہدیا کہ عمر کے دلمیں ابھی تک خالد کی وہ عداوت باقی ہے جو جاہلیت میں تھی۔ اسلامی محاورہ میں یہ حضرت عمر پر سخت اور نامہذب حملہ تھا۔ مگر حضرت نے تبسم فرما کر چکہ قوم اسکو بری نگاہوں سے دیکھنے لگی یہ فرمایا کہ یہ لڑکا ہے مصالح ملکی سے واقف نہیں +

(۲) **واقعہ** حضرت علی نے اپنے عہد خلافت میں ایک یہودی سے دو سو درہم میں ایک زرہ خریدی اور قیمت ادا کر دی یہودی نے عدالت میں حضرت علی پر قیمت کا دعویٰ دائر کر دیا بمجبوری حضرت علی عدالت میں تشریف لے گئے شریح قاضی نے مدعی علیہ کا بیان لیا آپنے زرہ خریدنے اور قیمت ادا کرنے کا اقرار کیا۔ قاضی نے کہا روپیہ ادا کرنیکا ثبوت آپ پر ہے گواہ پیش کیجئے ورنہ ڈگری۔ حضرت نے امام حسن اپنے فرزند اور قنبل غلام کو شہادت میں پیش کیا مدعی جرح کی کہ ایک انکا بیٹا دوسرا غلام ہے۔ شہادت کافی نہیں قاضی نے جرح کو تسلیم کیا اور حضرت علی پر ڈگری دیدی۔ بمجبوری تعمیل حکم عدالت حضرت علی نے یہودی کو بار دیگر قیمت دینے کا قصد کیا۔ یہودی پر اسلامی عدالت کے انصاف اور ان کے بادشاہ کی راستبازی و انقیاد حکم کا وہ اثر پڑا کہ اسنے اپنے کاذب ہونیکا صاف اقرار کیا اور مذہب اسلام قبول کر لیا اور کہدیا کہ مجھے اسلامی انصاف کا امتحان مقصود تھا +

خلفا اپنے معاملات میں اور لوگوں سے زیادہ کوئی خصوصیت نہ رکھتے تھے۔ نہ خلافت موروثی حق کسیکا سمجھا جاتا تھا (ملاحظہ ہو سیرت خلفا)

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۲) جب بادشاہ کے اختیارات محدود کر دیئے تو قوم کو بھی انکی اطاعت کا حکم دینا ایک لازمی امر ہے اسلئے فرمایا۔ اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ کہ اللہ اور اس کے رسول اور اپنے حاکم کی اطاعت کیا کرو۔ اس حکم کی اسلام میں بڑی تاکید ہے آنحضرت صلعم نے فرمایا ہے کہ اگر تم پر کوئی نکٹا حبشی بھی حاکم ہو تو اسکی بھی اطاعت کرنا۔ حاکم کی اطاعت اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت قرار دیگئی ہے +

(۳) قوم کے لئے حکم ہے کہ جان و مال سے سلطنت کی مدد کریں قرآن میں اس کے محامد بیان ہوئے ہیں ان اللہ اشتری من المؤمنین انفسھم واموالھم بان لھم الجنۃ یقاتلون فی سبیل اللہ فیقتلون ویقتلون الایہ کہ اللہ نے ایمانداروں کا مال اور جان جنت کے بدلہ میں خرید لی ہے سو انکو اللہ کی راہ میں لڑنا چاہیئے پس ماریں اور مر جائیں۔ جہاد کی ترغیب اور اس کے فضائل۔ اس کے برکات دنیا و اخری کے درجات سورۂ توبہ۔ انفال وغیرہا میں مذکور ہیں اور ہر شہیدوں کے فضائل بھی بیان فرمائے ہیں کہ انکو حیات جاودانی نصیب ہوتی ہے۔ بڑی بڑی نعمتیں ملتی ہیں۔ اس مال اور جان بازی کو بطور استعارہ کے تجارت اور خرید و فروخت سے تعبیر کیا ہے اور اللہ کے راہ میں خرچ کرنے کو اللہ کو قرض دینے سے تعبیر فرمایا ہے یہ استعارہ ہے جو کلام فصیح میں ہوا کرتا ہے۔ اس سے قرآن پر یہ عیب لگانا کہ قرآنی خدا تاجر ہے لوگوں سے قرض مانگتا ہے ایک نہایت درجہ کی کوڑ مغزی ہے +

(۴) ایمانداروں کو ظاہر و باطن ہر حال میں انقیاد و یک جہتی کا حکم دیا نفاق اور دورخہ پن کی سخت ممانعت فرمائی۔ ایسے لوگوں کو منافق کے لقب سے ملقب فرمایا اور تمثیلیں دے دے کر انکی دنیاوی و اخروی حالت کا برا نقشہ کھینچکر دکھایا۔

اسمیں ذرا بھی شبہ نہیں کہ قومی و ملکی ریاست و حکومت کے حق میں لوگوں کے نفاق سے بڑھکر اور کوئی زیادہ زہردار چیز نہیں یہ قومی بربادی کا سبب ہو جاتا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

کسلئے کہ جو شخص بظاہر مطیع اور در پردہ مخالف ہے نہ تو وہ اوس مذہب پر ایمان رکھتا ہے نہ اس کے دلمیں اوس مذہب کی وقعت ہوتی ہے نہ اس کے احکام کو واجب التعمیل جانتا ہے نہ حکام کی فرمانبرداری کرتا ہے وہ در پردہ تخریب کے درپے ہوتا ہے وہ دشمنوں سے سازوبازر کھتا ہے وہ قومی اسرار فاش کرتا رہتا ہے۔ اور مذہب کی توہین لوگوں کے دلوں میں بٹہانے کی کوشش کیا کرتا ہے وہ بظاہر جو کبھی کسی قومی کام میں شریک ہوتا ہے تو اور دنکی بھی ہمت توڑا دیتا ہے اور کوئی نہ کوئی فتنہ برپا کرتا ہے۔ اسلئے یہ جماعت ان لوگوں سے جو کہلم کہلا مخالف ہیں زیادہ تر اندیشہ ناک ہے۔ اور یہ قوم اور سلطنت اور مذہب کے باغی اور نہلسٹ ہوتے ہیں +

ابتداء مدینہ میں کچھ ایسے لوگ بھی قوم انصار میں سے تھے اور وہ بھی حرکات کیا کرتے تھے جنکا قرآن میں اکثر مواضع پر ذکر ہے اور جابجا قرآن میں اس گروہ ناپاک پر سرزنش بھی ہے۔ خدا نے اپنے پیغمبر علیہ السلام اور راستباز ایمانداروں کو ان کے حالات سے مطلع کیا ہے ان سے آنحضرت صلعم کو بھی بڑی بڑی تکلیفیں پہونچیں ہیں اسی گروہ نے حضرت عائشہ صدیقہؓ پر بہتان باندہا تھا جسکا ذکر سورہ نور میں ہے اوس گروہ کا سرا عبداللہ بن اُبی بن سلول تھا +

(۵) قوم کو ان کے مخالفوں اور دشمنوں کے مکائد سے مطلع فرماکر مقابلہ پر آمادہ کرنا کیونکہ بغیر اس کے وہ قوم قوم نہیں رہ سکتی۔ اس لئے قرآن میں اوس وقت کے مخالف فرقوں کے عقائد باطلہ اور اقوال وافعال فاسدہ سے بھی آگاہ کرنا پڑا منجملہ ان کے ایک فرقہ یہود کا تھا جسکو اہل کتاب اور نسل ابراہیم ہونے کا بڑا گھمنڈ تھا وہ خود بھی اسلام پر اعتراض کیا کرتے تھے اور عرب کے جہلاء کو بھی سکھایا کرتے تھے ان کے اعتراض اور جواب اور انکی کرتوت کا بھی قرآن میں اکثر ذکر ہے۔ منجملہ ان کے ایک گروہ عیسائیوں کا بھی تھا جو اپنے آپ کو نصاریٰ کہتے تھے اکثر رومن کیتھولک کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور دیگر فرقوں کے عیسائی تھے جنہیں مذہب عیسوی کے کچھ بھی برکات باقی نہ رہے تھے حضرت مسیح اور مریم کی پرستش انکا مذہب تھا۔ صدہا توہمات باطلہ ان میں مروج تھے انمیں سے ایک گروہ رہبانیت کا بھی دم بھرتا تھا۔ ان کے مذہب کے حالات اور ان کارروائیوں کے بدحیالات سے بھی قرآن میں جابجا ایماندارونکو مطلع فرمایا ہے منجملہ انکے ایک بڑا گروہ **مشرکین عرب** کا ان کی بت پرستی اوہام باطلہ اور رسوم قبیحہ کی پابندی اور اسپر اصرار اور مسلمانوں سے پرخاش اور رات دن کی لڑائی اور مار دھاڑ تھی ان کا بھی قرآن میں اکثر ذکر ہے اور ان سے خطاب کیا گیا ہے۔ ابتداءً مکہ میں مسلمانونکو صبر و برداشت کا حکم تھا پھر جب ان کی زیادتی اور اقسام و انواع کے ظلم حد سے گزر گئے اور پیغمبر علیہ السلام اور ایماندار وطن چھوڑ کر مدینہ چلے آئے اور ایمانداروں کی ایک جماعت قائم ہوگئی تو بدلہ لینے اور کلہ بہ کلہ جواب دینے بلکہ اپر چڑھائی کر کے مغلوب کرنے اور خدا پرستوں کو اس کے شر سے محفوظ رکھنے کا حکم ہوا۔ جس کے بعد انسے متعدد لڑائیاں ہوئیں۔ بدر۔ احد کی دو مشہور جنگ ہیں اور یہی لڑائیاں ہوئی ہیں +

آنحضرت صلعم کے عہد میں مسلمانوں کے دو گروہ تھے **ایک انصار کا** یہ مدینہ کے لوگ بنی اوس و بنی خزرج کے قبیلے تھے انہوں نے پیغمبر علیہ السلام اور انکے پاس آنے والوں کی حمایت اور خدمت گزاری میں کوئی دقیقہ اٹھا نہیں رکھا تھا۔ اسلئے ان سے آنحضرت صلعم کو بہت محبت تھی اور انکو اپنا دلی ارادتمند سمجھتے تھے۔ دوسرا **مہاجرین** کا یہ وہ لوگ ہیں جو کفار کے ظلم سے اپنے شہروں اور گھروں سے ہجرت کر کے آنحضرت صلعم کے پاس جمع ہو گئے تھے بیشتر تو ان میں مکہ کے لوگ تھے۔

فتح مکہ سے پہلے ہر ایماندار پر ہجرت فرض تھی کیلئے کہ وطن میں ادائے فرائض نہ کر سکتے تھے فتح مکہ کے بعد ہجرت فرض نہ رہی کیلئے کہ اکثر عرب میں اسلام پھیل گیا تھا +

toobaa-elibrary.blogspot.com

ان سب باتوں کا ذکر بھی قرآن میں بکثرت موجود ہے۔ انصار و مہاجرین کے مناقب اور ان کے درجات اور ان واقعات میں جو جو خدا کیطرف سے ایماندار و پر غیبی امداد ہوئی ان کا بھی ذکر قرآن میں ہے

ف اب بھی جہاں مسلمانوں پر غیر قوموں کی تعدی ہو اور مراسم اسلامیہ بآزادی ادا کرنے کی ممانعت ہو وہ ملک دارالحرب کہلاتا ہے وہاں سے مسلمانوں کو ہجرت کر کے اسلامی ملک میں چلا جانا واجب ہے ف جو مسلمان غیر اقوام کی سلطنت میں رہتے ہوں اور انپر یہ تشدد نہو۔ بلکہ وہ وہاں ہر طرح آرام و امن سے امور مذہبیہ ادا کر سکتے ہوں تو انپر اس حکومت سے عذر کرنا ممنوع ہے۔ جو کچھ انہوں نے اوس سلطنت سے عہد کر لیا ہو۔ بشرطیکہ خلاف اسلام نہو اسکی پابندی واجب ہے انکو وفاداری اور صداقت سے اوس ملک میں رہنا چاہیئے۔ ف بعض ناعاقبت اندیش ان غریب مسلمانوں سے سلطنت کو اندیشہ دلاتے رہتے ہیں۔ یہ انکی سخت ناانصافی اور غلط فہمی ہے ✣

(۱) قوم کو دشمنوں کی حرب کے لئے آمادہ کرنا زمانہ کے موافق عمدہ سے عمدہ سامان حرب تیار رکھنے کا حکم دینا بھی اصول سیاست میں سے ہے وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ وَاٰخَرِيْنَ مِنْ دُوْنِهِمْ لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ اَللّٰهُ يَعْلَمُهُمْ۔ جہاں تک تم سے ہو سکے دشمنوں کے مقابلہ میں ایک ایسی قوت تیار رکھو کہ جس سے خدا کے اور تمہارے دشمنوں کو خوف و ہیبت پیدا ہو تاکہ اور دشمنوں کو بھی خوف ہو جنکو ابھی تک تمنے نہیں جانا ہے انکو اللہ جانتا ہے اسمیں عرب کے سوا، دیگر ممالک کے دشمنوں کیطرف بھی اشارہ ہے کہ جن سے بعد آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے خلفاء کے محاربات جنگ ہوئی ✣

قوت کا لفظ جامع ہے سامان حرب کو بھی شامل ہے جیسا کہ پہلے زمانہ میں تیر و کمان

toobaa-elibrary.blogspot.com

عمدہ گھوڑے تلوار و نیزہ خنجر و خود و بکتر و زرہ وغیرہ تھا۔ اس زمانہ میں توپ بندوق۔ کارتوس بحری و بری سواری۔ ریل اور سٹیم اور تار پیڈو اور ہر قسم کا سامان آتش فشاں جو ایجاد ہوا ہے اور جو ایجاد ہو سب کو شامل ہے اور فن سپہ گری سیکھنے کو بھی شامل ہے جیسا جس زمانہ میں رواج ہو اور جو کارآمد ہو۔ یہ ملکی لشکر تیار کرنے کی طرف اشارہ ہے جنکو والنٹیر کہتے ہیں کہ خود قوم ہی سپاہی بنجائے۔ اسلیئے ان کے لئے مال غنیمت میں سے حصہ دیا جاتا ہے۔ برخلاف تنخواہ یاب لشکر کے کہ ان کا غنیمت میں کوئی حق نہیں۔ کل سلطنت کا مال ہے مگر جسکو جسقدر سردار حسب مصلحت بطور بخشش کے دیدے۔ مسلمانوں کے جسقدر فتوحات حیرت انگیز خلفاء کے عہد میں ہوئے ہیں وہ اکثر قومی لشکر سے ہوئے ہیں ✣

(۲) قوم کو مضبوط اور بہادر اور جفاکش ہونے کا حکم دینا بھی اصول سیاست میں ہے کسلئے کہ جب تک لشکر میں جوانمردی اور جفاکشی نہوگی آرام طلب اور بزدل سپاہ کے پاس لاکھہ سامان حرب و ضرب عمدہ سے عمدہ ہو مگر موقع پر شکست ہی ان کا استقبال کرے گی۔ اسلئے قرآن میں یہ بھی حکم دیدیا۔ ولیجدوا فیکم غلظۃً ایسے رہو کہ تمہارے دشمن تم میں سختی محسوس کریں۔ تم کو بودا۔ اور آرام طلب نہ پاویں۔ یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا لَقِیْتُمُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا زَحْفًا فَلَا تُوَلُّوْهُمُ الْاَدْبَارَ ۚ وَمَنْ یُّوَلِّهِمْ یَوْمَىٕذٍ دُبُرَهٗۤ اِلَّا مُتَحَرِّفًا لِّقِتَالٍ اَوْ مُتَحَیِّزًا اِلٰى فِئَةٍ فَقَدْ بَآءَ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِیْرُ ۝ (الانفال) کہ اے ایمانداروں جب کافروں سے تمہارا جنگ میں مقابلہ ہو تو پیٹھہ نہ پھیرنا اور بجز اسکے کہ جو جنگ میں وار کرنے کے لئے پیٹھہ پھیرتا ہے یا لشکر میں جا ملنے کے لیئے پیٹھہ پھیرتا ہے اور کسینے پیٹھہ پھیری تو اسنے خدا کا غضب حاصل کیا اور اس کا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ بہت بری جگہ ہے یہ مضمون بھی قرآن میں بکثرت ہے ✣

toobaa-elibrary.blogspot.com

علم سیاست کے متعلق اور بھی بہت مفید ہدایات قرآن میں ہیں لیکن بخوف تطویل انہیں چند اصول پر اقتصار کرتا ہوں ٭

فوائد۔ (۱) ان علوم و مسائل کے متعلق جو کچھ آحادیث صحیحہ میں وارد ہے ان آیات کی اصلی تفسیر وہی ہے اور نیز صحابہ و اہل بیت کا تعامل اور ارشاد بھی تفسیر ہے مگر اول سے دوم درجہ پر۔ انکے برخلاف جو کچھ کسینے تفسیر کی ہے وہ غیر مقبول ہے خواہ کسینے کی ہو اسکو یاد رکھنا چاہیئے کسلئے کہ معترض لوگ بہت سے اقوال باطلہ سے سند لیکر اسلام پر اعتراض کیا کرتے ہیں ٭

(۲) جو لوگ بمقابلہ قرآن مجید اپنی مذہبی کتابوں کو الہامی اور منزل من اللہ کہا کرتے ہیں جیسا کہ ہنود چار ویدوں کو مجوس دساتیر زندوستھا کو بودہ بودہ پشتک اور دیگر کتابوں کو عیسائی اناجیل اربعہ و نامہ حواریوں اور جملہ عہد قدیم کو اور یہودی صرف عہد قدیم کو اور سامری صرف عہد قدیم میں سے موسیٰ کی پانچوں کتابوں کو جنکو **توریت** کہتے ہیں اول تو اہل اسلام کو کسی آسمانی کتاب اور نبی سے مخالفت نہیں اگر وہ کتابیں انبیاء علیہم السلام پر نازل ہوئی ہیں۔ ان میں الہامی مضامین ہیں اور ان میں تحریف و تبدیل بھی نہیں ہوئی ہے وہ بیطرح باقی ہیں تو ہمارا اوپر بھی ایمان ہے اور در اصل وہ کتابیں واجب الاحترام ہیں کیونکہ قرآن نے بتادیا ہے کہ خدا نے ہر امت میں نذیر انبیاء علیہم السلام یا ان کے نائب بھیجے ہیں۔ مگر جب ان موجودہ کتابوں کو دیکھا جاتا ہے تو بڑا شک پیدا ہوتا ہے کس لئے کہ اول تو ان کے مضامین (گو انمیں کچھ عمدہ بھی ہیں) ایسے ہیں کہ جو مخلوق پرستی کذب مبالغہ سے خالی نہیں۔ چاروں وید اور دساتیر کی اگر وہی معنے ہیں کہ جنکو ہمیشہ سے اون کے ماننے والے مانتے آئے ہیں اور انہیں کے الفاظ سے بغیر تاویل کے پیدا ہوتے ہیں تو سراسر عناصر و مخلوق پرستی سے مملو ہیں۔ بودہ کی کتاب میں خدا پرستی کا نام بھی نہیں۔ عہد قدیم و جدید میں گرچہ بہت سے الہامی مضامین ہیں مگر تحریف کے سبب بہت سے

toobaa-elibrary.blogspot.com

غلط بھی ہیں +

اسپر بھی اگر کسیکو دعویٰ ہے تو مضامین مذکورہ بالا پر اپنی کتاب سے ایک ایک ہی جملہ ثبوت میں پیش کرے تاویل بعید نکرے۔ ترجمہ لفظی ہونا چاہیئے۔ جسکو ہر ایک زبان داں مان سکے۔ یہی امتحان کی کسوٹی ہے +

(۳) احکام اور قانون کی شان خود بتلا دیا کرتی ہے کہ یہ کسی طماع تنگ خیال قوم کے خدا کی بنائے ہوئے ہیں یا ان سب باتوں سے پاک خدائے جہاں آفرین کا کہ جو سب مخلوق خصوصاً سب بنی آدم پر اپنی شان رب العالمینی سے نظر عنایت رکھتا ہے۔ یہ شان قرآنی احکام اور قرآنی قوانین میں ہی ہے +

(فائدہ ۴) جن جن علوم کا ہم قرآن سے نشان دیتے آئے ہیں ان کے لئے جداگانہ علماء اسلام نے متعدد اور مفید اور مبسوط کتابیں تصنیف فرمائی ہیں مثلاً آسمانوں۔ اور زمین اور کائنات کی پیدائش کا جو قرآن میں ذکر ہے اسکو علم بدء خلق السماوات والارض کہتے ہیں اور جن آیات میں دلائل انفس وافاق سے اپنی ذات کاملہ اور صفات مقدسہ کا ثبوت کیا ہے اور صفات تجسیم سے تقدیس کی ہے اور شریک ومثل ہونے کی نفی کی ہے اسکو علم الذات والصفات وعلم التوحید کہتے ہیں اور فلسفہ الہیات اور اسیطرح جہاں عالم مجردات ملائکہ وارواح وغیرہا کا ذکر ہے اسکو علم المجردات کہتے ہیں اور اسیطرح انسان کو اسکی حیات دنیا کی بے ثباتی اور دوسرے جہان میں حیات ابدی پانے اور خدا سے دل لگانے وغیرہ امور کا ذکر کیا ہے اسکو علم الزہد والرقاق کہتے ہیں اور عملیات میں۔ جہاں حرام حلال چیزوں اور عبادات وفرائض کا ذکر کیا ہے۔ اس کو علم الاحکام کہتے ہیں پھر ان میں سے ارث کی بات جو کچھ ہے اسکو علم الفرائض وعلم المیراث کہتے ہیں اور جہاں حج وغیرہ کا بیان ہے۔ اسکو علم المناسک کہتے ہیں۔ اور جن آیات میں عبرت لانے کے لئے گذشتہ انبیاء اور ان کی امتوں کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

حالات بیان کئے ہیں اسکو علم القصص کہتے ہیں اور پھر جہاں جہاں قرآن میں امثال ذکر ہیں اسکو علم الامثال اور جہاں مجاز و استعارہ مذکور ہے اسکو علم المجاز۔ اور جہاں آیات متشابہات ہیں اسکو علم المتشابہ اور جہاں محکمات مذکور ہیں اسکو علم المحکمات کہتے ہیں الغرض ہر بیان کو قرآن میں سے لیکر ایک جگہ جمع کر دیا ہے اور ایک جداگانہ علم قرار دیا ہے۔ پھر ہر ہر علم میں بہت سے فضلاء نے عمدہ عمدہ تصانیف کی ہیں۔ اگر ان علوم اور ان میں جو کچھ کتابیں لکھی گئی ہیں سب کو مفصلاً بیان کروں تو ایک بڑی کتاب بھی اسکے لئے کافی نہو۔ اور لطف یہ ہے کہ جس زمانہ میں مسلمانوں کا باہم خلافت و امامت میں اختلاف ہو رہا تھا اور گھر کی وہ تلوار جسنے تھوڑے دنوں میں تقریباً نصف کرہ ارض تسلط کر لیا تھا۔ گھر والوں پر بھی اولٹ پڑی تھی اور سخت سخت خونخوار محاربات پیش آ رہے تھے پھر دس پانچ برس نہیں بلکہ صدیوں تک یہی حال رہا ایسے جانکاہ حادثہ میں اشاعت علوم تو کیا اگر قرآن اور اصول مذہب ہی مٹ جاتے تو کچھ بھی تعجب نہ تھا مگر اعجاز اسلام کو دیکھو کہ وہی زمانہ ان علوم کی تدوین اور کتابوں کی تصنیف کا تھا۔ اور ہر فن محدثین احادیث رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے جمع کرنے اور راویوں کی تنقید میں سرگرم تھا اور اسی عہد میں حدیث کی معتبر کتابیں لکھنی شروع ہو گئیں اور راویوں کی تحقیق و تفتیش کا علم الرجال بھی مدون ہو گیا اور ابو خیثمہ نے ۱۸۰ھ میں کتاب الجرح التعدیل بھی لکھدی اور ابن جریج اور مالک اور سفیان ثوری وغیرہ نے کتب حدیث بھی لکھیں اور پھر یوماً فیوماً ترقی ہوتی گئی۔ یحیٰی بن سعید قطان امام الجرح والتعدیل وغیرہ نے بھی تصانیف کیں اور حدیث کی مصطلحات بھی مقرر ہو گئے یہاں تک کہ امام محمد بن اسمٰعیل بخاری اور مسلم بن حجاج قشیری نے تو اس فن کو تکمیل ہی کو پہونچا دیا صحیح بخاری اور صحیح مسلم و موطا امام مالک اس فن میں بے نظیر کتابیں ہیں اگرچہ سنن ابو داؤد۔ و جامع ترمذی و سنن نسائی و ابن ماجہ و مسند امام احمد حنبل وغیرہ اور بھی بہت کتابیں اس فن میں ہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

ادہر قرار کا گروہ فن قرارت کی تکمیل کر رہا تھا انہوں نے بھی اس فن قرارت میں بڑی بڑی مبسوط کتابیں لکھیں[1] ادہر آیات زہد و رقاق سے انتخاب کر کے اہل دل صفیار کرام نے علم تصوف میں نہایت عمدہ کتابیں تصنیف فرمائیں متاخرین میں امام غزالی کی احیاء العلوم اور شیخ شہاب الدین سہروردی کی عوارف المعارف اس فن میں بہت عمدہ کتابیں ہیں۔ ادہر گروہ مفسرین علم تفسیر کی تکمیل میں سرگرم تھا۔ عبداللہ بن عباس اس فن کے ایک بڑے استاد تھے۔ پھر عکرمہ۔ ضحاک۔ سدی۔ قتادہ۔ ابوالعالیہ وغیرہ اس فن کے ماہر تھے اس فن میں بھی بہت کتابیں تصنیف ہوئیں جن کا شمار سیکڑوں سے زائد ہے ادہر علماء مجتہدین قرآن و احادیث سے عملی مسائل کو انتخاب کر کے جداگانہ ترتیب دے رہے تھے اور اس علم کا نام انہوں نے فقہ رکھا۔ اس انتخاب اور استنباط احکام میں مجتہدین کی راؤں کا جزئیات مسائل میں مختلف ہونا ضروری تھا۔ اسلئے مجتہدین کی فقہ ان کے نام سے موسوم ہوئی۔ مگر ان میں سے ان چار مجتہدوں کی فقہ جسقدر مرتب اور مقبول خاص و عام ہوئی۔ ایسی اور کسیکی نہیں ہوئی۔ اول امام ابوحنیفہ کوفی دوم امام مالک بن انس مدنی سوم امام محمد بن ادریس شافعی چہارم امام احمد بن محمد بن حنبل۔ ان کے عہد سے لیکر اب تک روئے زمین کے اکثر مسلمان انہیں چاروں کی فقہ پر چلتے ہیں انہیں کے نام سے منسوب بھی ہیں ہندوستان و ترکستان و یورپ کے مسلمان اکثر حنفی ہیں عرب و شام و مصر کے اکثر شافعی ہیں۔ تونس مراکش وغیرہ بلاد کے لوگ اکثر مالکی کہلاتے ہیں عرب و شام وغیرہ بلاد میں بہت کم جماعت حنبلی کہلاتی ہے۔ ان کا باہمی اختلاف فروع میں نہیں صرف جزئیات و استنباطی مسائل میں ہے جس سے ایک دوسرے کو گمراہ اور بدعتی نہیں خیال کرتا بلکہ سب اہل حق سمجھے جاتے ہیں ✣

[1] یہاں تک کہ علم رسم الخط میں بھی کتابیں تصنیف ہوئیں ۱۲ منہ

فقہ حنفی و شافعی کی کتابوں کے لئے ایک بڑا دفتر درکار ہے جنمیں ان کے نام مع مصنفین کے نام کے لکھے جائیں حنفیوں کی فقہ میں ہدایہ۔ درمختار۔ کنز۔ وقایہ وغیرہ معتبر کتابیں ہیں جنہیں امام محمد شاگرد امام ابوحنیفہ کی چھ مشہور کتابوں سے مسائل انتخاب کئے گئے ہیں اور وہ چھ کتابیں یہ ہیں۔ جامع صغیر۔ جامع کبیر۔ زیادات۔ مبسوط۔ سیر صغیر۔ سیر کبیر۔ اور ایک گروہ نے ایک اور علم کی بنیاد ڈالی جسمیں قرآن و احادیث و اجماع امت و قیاس یعنے استنباط مجتہد سے بحث کیجاتی ہے کہ ان سے مسائل عملیہ اخذ کرنے کا کیا طریقہ ہے؟۔ اس علم کا نام **اصول فقہ** ہے۔ اسمیں قرآن کی ان آیات سے بحث ہوتی ہے جو احکام کے متعلق ہیں کہ وہ اپنے مطلب پر عبارت النص اشارۃ النص۔ اقتضاء النص دلالۃ النص کسطور سے دلالت کرتی ہیں۔ پھر کیا وہ اپنی دلالت میں ظاہر۔ نص۔ مفسر۔ محکم یا اس کے برخلاف خفی۔ مشکل۔ مجمل۔ متشابہ ہیں۔ پھر الفاظ کا استعمال بطور حقیقت کے ہے یا مجاز کے۔ صراحۃ کے یا کنایہ کے پھر اس کے الفاظ عام خاص مؤول۔ مشترک کیسے ہیں۔ اسطرح حدیث اور اسکے اقسام سے اور اجماع اور اسکے شرائط سے اور قیاس کی ماہیت اور اسکے شرائط صحت سے بحث ہوتی ہے اور ضمناً اور بہت دقیق مسائل پر بھی بحث ہوتی ہے۔ اس فن میں بھی بہت کتابیں ہیں مسلم الثبوت۔ تلویح توضیح۔ حسامی۔ کاتب الحروف نے عربی زبان میں اسکی شرح لکھی ہے جسکا نام نامی ہے علماء نے اسکو نہایت عزت و احترام کی نظر سے دیکھا ہے۔ مختصر الاصول میزان وغیرہ۔ اور ایک گروہ نے قرآن کی اُن آیات کو کہ جنمیں اعتقادی امور تھے جدا مرتب کیا۔ اور اس علم کا نام **علم العقائد** رکھا اور جب یونانی فلسفہ خلفاء عباسیہ کے عہد میں عربی میں ترجمہ ہوکر آیا اور علماء نے دیکھا کہ فلسفہ سے اسلامی عقائد کی نسبت لوگوں کو سست اعتقاد ہونے کا اندیشہ ہے تو اسی علم عقائد کو ادلہ عقلیہ سے مدلل کرنا شروع کیا اور فلسفہ یونانی کے اصول کو توڑ پھوڑ کر ایک نیا فلسفہ قائم کر دیا تب اس علم کا نام

اصول فقہ

علم العقائد

toobaa-elibrary.blogspot.com

علم الکلام

علم الکلام رکھا گیا۔ اس فن میں بھی بہت کتابیں ہیں امام ابو منصور ماتریدی۔ اور امام ابو الحسن اشعری کی تصانیف اول ہیں پھر شرح مواقف شرح مقاصد عقائد نسفی فقیر کی کتاب عقائد الاسلام وغیرہ بھی بہت کتابیں لکھی گئیں۔ ایک گروہ نے علم لغت کیطرف توجہ کی تو دوسرے نے زبان عربی کے قواعد صرف و نحو بنائے اور ایک نے بلاغت[ف] اور فصاحت کے قواعد مقرر کئے تو ایک نے عروض و قوافی کو مدون کیا۔ ہر فن میں متعدد کتابیں ہیں۔ اسیطرح ایک گروہ نے اسلامی واقعات اور اپنے پیغمبر علیہ السلام اور ان کے صحابہ وغیرہ کے حالات و غزوات قلمبند کرنے شروع کئے۔ اس فن کو فن سیرت کہتے ہیں اس میں بھی بہت کتابیں ہیں اور اسکی بہت شاخیں ہیں۔ اس علم کی یہ کتابیں بہت مشہور ہیں۔ سیرت ابن ہشام۔ سیرت شامیہ۔ مواہب لدنیہ۔ سیرت حلبیہ وغیرہ صحابہ کے حالات میں اسد الغابہ اور اصابہ بڑی مبسوط کتابیں ہیں۔ اور کسی نے فرمانرواؤں اور ان کے محاربات و سلطنت کے حالات لکھے ہیں اوسکا نام علم تاریخ ہے اوسمیں بھی مسلمانوں نے صدہا کتابیں لکھی ہیں۔ ابن الاثیر کی کامل اور مسعودی۔ اور تاریخ ابن خلدون۔ تاریخ ابن خلکان مشہور کتابیں ہیں۔ ایک گروہ نے قرآن کے اون آیات سے جن میں توحید و صفات و قیامت پر استدلال اور منکرین کی تقریروں کا رد ہے ان میں نظر کرکے ایک معیار بحث قائم کیا کہ اگر اس کے مطابق ہے تو نتیجہ بخش ہے ورنہ بیکار اور یہ اگر خاص مجتہدین کے مسائل اختلافیہ میں رد و اثبات کے لئے مستعمل ہے تو اسکو علم الجدل و الخلاف کہتے ہیں اور عموماً ہر دعوی کے اثبات اور اسکے

ف بلاغت میں تلخیص المفتاح پھر ان کے شرح مطول مختصر المعانی وغیرہ۔ لغت میں مفردات راغب اصفہانی۔ نہایہ۔ ابن اثیر۔ مجمع البحار۔ قاموس وغیرہ ہیں۔ صرف میں میزان منشعب۔ مراح۔ شافیہ وغیرہ نحو میں مائۃ عامل ہدایۃ النحو۔ الفیہ کافیہ اور اسکی شرح۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ردمیں مستعمل ہے تو اسکو علم المناظرہ کہتے ہیں۔ اس فن میں بھی بہت کتابیں ہیں آداب باقیہ مناظرہ رشیدیہ ہمارے دیار ہندوستان میں زیادہ مروج ہے۔ انہیں ایام میں ایک گروہ کرۂ ارض کے حالات کے درپے ہوا۔ اور اپنی سیاحت سے جو کچھ بلاد و اقالیم کا صحیح صحیح حال معلوم ہوا۔ اسکو قلمبند کیا اس علم کا نام جغرافیہ ہے اس فن میں بھی مسلمانوں نے مجتہدانہ طور پر بہت کتابیں تصنیف کی ہیں تقویم البلدان۔ احسن التقسیم۔ اقوم المسالک۔ نزہۃ المشتاق وغیرہ۔ جن جن مواضع و ممالک کا قرآن میں ذکر آیا ہے۔ اسکو آئینہ کر دیا ہے پھر منطق۔ ریاضی۔ طبیعات الہیات وغیرہ فنون[۵۱] میں جو کچھ مسلمانوں نے کمال پیدا کیا اور عمدہ عمدہ تصانیف کیں ان کا اب تک یورپ بھی معترف ہے ابن رشد کا فلسفہ فریڈرک جرمنی کے عہد میں جسقدر یورپ میں مانا گیا ہے اسکی تاریخیں شہادت دے رہی ہیں ؛

ان علوم کو اور نیز ان علوم دنیاویہ کو بعض علما نے قرآن سے ثابت کیا اور دکھا دیا ہے کہ قرآن نہ صرف دینی و اخلاقی علوم ہی کا چشمہ ہے بلکہ جملہ[۵۲] علوم کا سرچشمہ یہی ہے ہمیں سردست بحث نہیں اسلئے اسیقدر پر بس کرتے ہیں ؛

۵۱ چنانچہ نصیر طوسی وغیرہ علما نے اقلیدس اور مجسطی کی کتاب کو از سر نو زندہ کر دیا کمزور دلائل کو مستحکم بنا دیا اسیطرح علم مثلث۔ علم اکر۔ علم مناظرہ علم مقابلہ۔ اصطرلاب بین کتابیں لکھیں ۱۲

۵۲ ویدوں میں بجز ستایش و پرستش متعدد دیوتاؤں کے علوم مذکورہ میں سے کچھ بھی نہیں اور اگر کوئی بات ہے بھی تو معمولی جیسا کوئی بوڑھا برہمن کسی راہ گزر پر بھیک مانگنے بیٹھ جاتا ہے اور آتے جاتوں کو کچھ معمولی نصیحتیں کرتا اور معمولی دعائیں دیتا ہے اور ساتھ ہی تعریفیں بھی کرتا جاتا ہے کہ تو ایسا اور تیری بیوی ایسی تیرے گھوڑے اور ہتھیار ایسے۔ فرقہ آریہ کے بانی نے مسلمانوں سے یہ بات اوڑا کر کہ قرآن جملہ علوم کا سرچشمہ ہے دعوے کر دیا کہ ویدوں میں طبعیات و ریاضات اور جدید صنعتیں تار برقی ریل وغیرہ سب کچھ ہے۔ اور اپنی جاہل قوم کو تسلی اسطرح دی کہ جہاں ویدوں میں

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل (۸)

(قرآن کا طرز بیان)

(۱) مضامین مذکورہ بالا کو اس بلاغت و فصاحت سے ادا کیا ہے کہ جسکے مقابلہ میں فصحاء عرب باوجود تحدی کے ایک سورۃ تو کیا اس کے دسویں حصہ کے برابر بھی بنا کر لانے پر قادر نہو سکے حالانکہ وہ میدان سخن کے بڑے شہسوار تھے اور انواع و اقسام سخن پر قادر اور ہر قسم کی نظم کے مشاق تھے عرب میں سالانہ جلسے ہوا کرتے تھے ان میں ایک دوسرے کے مقابلہ میں اپنی نظمیں بڑے فخر و مباہات سے پڑھتے تھے اور جب شعراء اور فصحاء و بلغاء کیطرف سے آوازۂ تحسین و آفریں بلند ہوتا تھا تو اسکو وہ سلطنت اور بے شمار دولت ملنے سے زیادہ قابل فخر سمجھا کرتے تھے اور ان کا کلام عوام و خواص کی زبان پر چڑھ جاتا تھا اور قبائل عرب میں ضرب المثل ہو جاتا تھا۔ بات یہ تھی کہ عرب کو فصاحت و بلاغت کا ایک قدرتی مذاق تھا آقا سے لیکر غلام تک مرد سے لیکر عورت تک بڑے سے لیکر بچے تک سب ہی تو اس ذوق سے آشنا تھے اور یہی وجہ تھی کہ ملک کیطرف سے قدردانی ہوتی تھی اور قدردانی شعراء کا حوصلہ بڑھاتی تھی۔ اور قدرتاً عرب کی زبان میں

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۴۰۳) آسون وغیرہ الفاظ آئے ہیں جنکے معنی ابجرات آگ۔ دھواں۔ وغیرہ ہیں اور یہی منہود کے معبود ہیں انہیں کی ستایش ویدمیں موجود ہے اسلئے کہیں تو مراد خدا تعالےٰ لیا تاکہ ویدوں کو توحید کا چشمہ بنائے اور کہیں ان چیزوں کے ذکر آنیسے یہ بات ثابت کی کہ جتنی کلیں چلتی ہیں وہ اگنی کے زور سے چلتی ہیں اور اگنی بھانپ۔ گیاس۔ برقی قوت سے چلتے ہیں پس ان چیزوں کے ذکر آجانے سے ویدوں میں جملہ جدید و قدیم علوم و صنائع آگئے پنڈت دیانند جی نے بڑی کوشش کرکے دہرم کی اصلاح چاہی تھی۔ اسلئے اول ہنود کی ان مذہبی کتابوں کا جہاں تاویل ناممکن ہے انکار کر دیا۔ صرف ویدوں کے اول حصوں پر اقتصار کیا پھر وہ بھی لکھ کر بہت کچھ زمین و آسمان کے قلابے ملائے اور رگوید کی شرح لکھنے بیٹھے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وسعت بھی بڑی ہے صرف اونٹ اور شراب اور سطرنج گھوڑے کے بہت سے نام ہیں کیفیات محسوسہ اور غیر محسوسہ کے لئے تشبیہات اور استعارات اور کنایات اور مجاز کے ایسے قوالب ڈھلے ہوئے تیار ملتے تھے کہ جسمیں فصیح و بلیغ اپنے مطلب کو نہایت عمدگی سے بآسانی ادا کرسکتا تھا۔ زبانوں کی وسعت اور تنگی زبان دانوں سے مخفی نہیں۔ میں یہ نہیں کہتا کہ اور کس زبان میں یہ وسعت اور شیرینی نہیں ہوگی۔ مگر بہت کم ✣

پھر باوجود مقابلہ اور مقاتلہ کے کہ ان کے مذہب پر اعتراضات ان کے معبودوں کی خدائی کا ابطال ان کے رسم و رواج پر طعن اور ان سے بار بار یہ کہا جاتا تھا۔ کہ اگر قرآن خدا کیطرف سے نہیں تو تم اور تمہارے معبود جن اور جس سے چاہو مدد لے لو سب ملکر تو ایک سورۃ یا اس کے دسویں حصہ کے برابر بنا لاؤ۔ پھر اسپر بھی ان کا نہ بنا کر لانا کم سے کم اسبات کی تو صریح دلیل ہے کہ یہ کلام عرب کے فصحا و بلغا کی مجموعی قوت سے بھی بالاتر ہے۔ اُس زمانہ کے مخالف عرب باوجودیکہ اسلام کے دشمن پیغمبر علیہ السلام سے سخت عداوت مگر جب کہیں آیات قرآنیہ سنتے تھے تو پہروں کھڑے ہوکر مزے لیتے اور سر دھنتے تھے اور بہت سے فصحا و بلغا محض بعض بعض آیات سنکر ہی ایمان لے آئے۔ خانہ کعبہ کا جاہلیت میں بھی حج ہوا کرتا تھا کسی صحابی نے شعرا عرب کے دکھانے کے لئے جو ہر سال دور دراز سے آیا کرتے تھے اور مجامع میں اپنا کلام سنایا کرتے تھے سورۂ انا اعطیناک الکوثر ✣ فصل لربک وانحر ✣ ان شانئک ھوالابتر ✣ لکھ کر دیوار کعبہ سے لگا دی اور کاغذ پر نیچے لکھنے کے لئے بہت سی جگہ بھی چھوڑ دی۔ شعرا زعور سے پڑھتے تھے اور کچھ لکھ نہ سکتے تھے۔ آخر ایک بڑے

بقیہ ٹٹ صفحہ ۴۰۴ منتر و کی تاویلات کرتے کرتے تھک گئے تو اسکو ناتمام ہی چھوڑ دیا۔ یجروید کی شرح ہی لکھی جسمیں علمیات موجود ہونیکا بڑا دعویٰ تھا وہاں علمیات میں بڑا عمل دنیا و آخرت کی بھلائی کاہنوں کے سوا اور کیا تھا کہ آگ پر سرد و گھی وغیرہ بیوں برباد کیا کرو پھر وہ بھی مکرر بیان اللہ کے فضائل سے یجروید پر تھا اسلئے پنڈت جی ناامید ہوگئے اور اپنا کام ناتمام چھوڑ کر دنیا سے چل بسے خیر باعتقاد ہنود وہ دوسرا جنم لیکر یہ کام پورا کر جائیں یا مسلمان ہو جائیں ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

شاعر نے جسکی فصاحت و بلاغت کا عرب میں سکہ جما ہوا تھا۔ صرف یہ جملہ لکھا۔ ماہذا کلام البشر کہ یہ بشر کا کلام نہیں۔ اسطرح اور صدہا واقعات ہیں جو انہیں مقابلہ و معارضہ کرنیکے خواستگاروں نے اسلام لانے کے بعد بیان کئے ہیں +

یہ تو ایک اجمالی ثبوت تھا جو عربی داں اور غیر عربی داں سب کو اطمینان دلانے کے لئے کافی تھا اب میں خاص زبان دانوں کے لئے تفصیلی ثبوت پیش کرتا ہوں +

تعریف فصاحت

فصاحت کلام کا ان عیبوں سے خالی ہونا (۱) غرابت الفاظ یعنی غیر مانوسۃ الاستعمال الفاظ نہ لائے جائیں عام ہے کہ وہ الفاظ اسی زبان کے ہوں یا دوسری زبان کے مگر اس زبان میں مستعمل ہو گئے ہوں۔ اگر اسی زبان کے ہی وہ الفاظ استعمال کئے جاوینگے جو ترک ہو گئے ہیں تب بھی کلام فصیح نہ رہے گا۔ اور ہر زبان میں باہمی اختلاط سے جسکا کوئی سبب کیوں نہو تھوڑے یا بہت دوسری زبان کے الفاظ ضرور مستعمل ہوتے رہتے ہیں۔ (۲) کلمات کے حروف میں تنافر نہو یعنے زبان دانوں کے زبان پر ثقیل نہوں جیسا کہ گنواروں کے الفاظ اہل شہر کے نزدیک سخت ہوتے ہیں (۳) اس لغت کا جو کچھ قاعدہ ہو الفاظ اسکے برخلاف نہوں جن لفظوں کی جسطرح جمع آتی ہو جسطرح اسم فاعل و مفعول بنتا ہو جو مذکر و مونث حاضر و غائب کے لئے صیغوں کا قاعدہ ہو اسکے موافق استعمال ہونا چاہیئے اسکے خلاف ہوگا تو کلام درجہ فصاحت سے ساقط ہو جائیگا۔ (۴) ضعف تالیف نہو یعنے کلمات کا جوڑ بقاعدہ نہو (۵) تعقید لفظی و معنوی۔ نہو یعنے الفاظ اور معنی میں گلجھٹی اور گرہ نہو۔ کیونکہ جس کلام میں ایچ پیچ یا میر پیر سے معنی سمجھے

نوٹ علماء اسلام نے جب قرآن کے الفاظ و جملوں اور ان کے محاورات حقیقت و مجاز کنایہ و استعارہ سے بحث کی ہے وہاں یہ بھی بتلایا ہے کہ مستعمل الفاظ قریش کی زبان کے نہیں بلکہ دوسری زبان کے ہیں جو قریش میں مستعمل تھے وہاں بعض وہ مشتری کہ جنکو قرآن پر اعتراض کرنے کا بڑا شوق ہے دور تک ان الفاظ پر نمبر شمار لگاتے گئے ہیں اور کہدیا کہ اتنے الفاظ غیر زبان کے ہیں یا کہدیا

toobaa-elibrary.blogspot.com

جاتے ہوں وہ کلام فصیح نہیں رہتا۔ قرآن ان سب عیبوں سے پاک ہے آجتک کسی مخالف زبان داں نے بھی ان عیبوں میں سے کوئی عیب قرآن پر نہیں لگایا +

بلاغت

باوجود فصاحت کے کلام کا حسب موقع صادر ہونا اور مطلب کو عمدہ پیرایہ میں ادا کر دینا لیکن یہ بات زبان دانو نسے مخفی نہیں کہ موقع اور حال ہر وقت یکساں نہیں ہوتا بعضی سے جو کلام کیا جاتا ہے وہاں وہ موقع حال نہیں ہوتا جو ایک ذکی۔ تیز فہم اشارہ سے سمجھنے والے کے ساتھ کلام کرنے میں ہوتا ہے اول کو اوسی اسلوب کلام سے مخاطب بنایا جاتا ہے جسمیں کوئی حذف و ابدال و استعارہ و کنایہ وغیرہ نہو۔ برخلاف ثانی کے۔ کہ اس کے خطاب میں یہ سب باتیں ملحوظ ہوتی ہیں ورنہ کلام پھیکا پڑ جاتا ہے اور سامع کو لطف نہیں آتا۔ مگر قرآن میں ان سب باتوں کی ایسی رعایت ہے کہ کلام بلاغت میں اعجاز کو پہونچ گیا۔ قرآن کا روئے سخن تمام عقلاء کیطرف ہے جنمیں ہر قسم اور ہر مذاق کے لوگ ہیں اولاً مخاطب قوا سکے عرب ہیں جنکی زبان میں قرآن ہے ثانیاً اور سب لوگ اسلئے فصاحت و بلاغت میں مذاق و محاورات عرب کا زیادہ لحاظ رکھا گیا اور خود کلام میں بھی خواہ اسکو کسی زبان میں ترجمہ کر کے لیجاؤ۔ ایک ایسا لطف رکھا ہے کہ سمجھنے کے بعد طبیعت سلیمہ پھڑک ہی اٹھتی ہے۔ اور نیز ذکی اور غبی دونوں اپنے اپنے فہم و استعداد کے موافق

بقیہ نوٹ صفحہ ۴۰۶ گنوار ہی ہیں اسلئے قرآن فصیح نہیں اور پھر استعدادی اعتراضات ہمارے سمجھنے اور انکے سند میں علماء کے اقوال پیش کرنے افسوس اس طمع کار پیشے بجز اس کے کہ عوام شک میں پڑ جائیں اور کیا نتیجہ ہے مگر اہل علم کے نزدیک یہ نہایت شرمناک حرکت ہے ۱۲ منہ

لہ منجملہ ان کے تاکید و ترک تاکید اور تاکید کے مراتب اور اسناد خبری میں حقیقت و مجاز کا استعمال اور کلام کا ایجاز و اطناب اور کلمات حصر و قصر کا حسب موقع استعمال۔ اور کلام کا بغیر حرف عطف یا بعطف لانا جسکو وصل و فصل کہتے ہیں اور تشبیہ میں ادات تشبیہ کا حذف وغیر وجہ شبہ کا اظہار و اخفاء اسیطرح کنایات میں قرائن کا ذکر و عدم ذکر وغیرہ بہت باتیں ہیں ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

اوس سے پورا پورا حظ اٹھاتے ہیں۔ قرآن کے الفاظ میں ایک ذاتی حلاوت بھی ایسی رکھی گئی ہے کہ جو سمجھتے نہیں وہ بھی محظوظ ہوتے ہیں اور یہی سبب ہے کہ اتنی بڑی کتاب کا حفظ کرلینا آسان ہوگیا۔ دس جزو کی کتاب کو بھی جو کوئی سخت محنت سے بڑی مدت میں حفظ کرسکتا ہے اور حفظ کرنے کے بعد سخت سے سخت محنت سے یاد رکھ سکتا ہے اوس سے بہت کم مدت اور کم محنت میں قرآن کو حفظ کرسکتا ہے اور تھوڑی سی محنت سے اسکو پھر یاد بھی رکھ سکتا ہے۔ اسلئے قرآن کے حفاظ شروع سے ابتک نہ صرف عرب اور جوان لوگ ہی ہوتے آئے ہیں بلکہ عرب عجم لڑکے جوان بوڑھے عورت مرد ہزاروں ہر ملک میں اول سے لیکر آخر تک حافظ موجود ہیں برخلاف اور کتابوں کے کہ باوجود رغبات۔ اور ضرورتوں کے بھی انکا کوئی بڑا قوی الحافظہ بھی حرفاً حرفاً حافظ سننے اور دیکھنے میں نہیں آیا۔ لطف یہ ہے کہ جن حافظوں نے تھوڑے دنوں میں قرآن حفظ کرلیا ہے۔ پھر انہوں ہی نے عربی کی کسی کتاب کے حفظ کرنے کا ارادہ کیا خواہ وہ کتاب صرف و نحو و منطق کی تھی یا حدیث و فقہ کی اسکو یاد نکر سکے اور اگر نہایت مشکل اور محنت سے یاد بھی کرلیا تو گو مطالب اکثر یاد رہ گئے لیکن وہ کتاب حرفاً حرفاً یاد نہ رہی باوجودیکہ اس کو قرآن کی طرح پڑھتے بھی رہے۔

اور یہی حسن ذاتی ہے کہ اگر قرآن کا کوئی جملہ۔ عربی کی کسی کتاب میں آجاتا ہے خواہ وہ صرف و نحو و منطق و فلسفہ کی کتاب ہو یا حدیث و فقہ کی یا فن ادب میں بڑے سے بڑے فصیح و بلیغ کی جیسا کہ مقامات حریری جسکی فصاحت و بلاغت مسلم ہے تو وہ جملہ خود بخود ایسا جدا معلوم ہوتا ہے کہ جیسا سونے کے زیور میں کوئی یاقوت و الماس چمکتا ہوا جدا معلوم ہوا کرتا ہے ۔

اب کوئی منکر ہمیں سبب بتائے کہ کیا ہے؟ یہ وجہ کہ مسلمانوں کو قرآن سے اس قدر مسلم نہیں کس لئے کہ جو غیر مسلمان عربی داں ہیں ان کو بھی یہی بات نصیب ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

باوجودیکہ انکو قرآن سے بجائے انس کے عداوت ہوتی ہے اور خیر یہ بھی تسلیم تو ہر اہل مذہب کو اپنی کتاب سے ویسا ہی انس ہے جو مسلمانوں کو قرآن سے تو اسقدر نہیں صرف دس بیس ہی حافظ اپنی کتاب کے دکھائیں چلو مسلمانوں کا دعوی ہی توڑنے کے لئے سہی اور کئی ایک فرمانرواؤں نے ایسا کرنا چاہا۔ مگر ناکام رہے۔ اگر کوئی یہ کہے کہ اور اہل مذہب کو اپنی دینی کتاب سے ایسا انس نہیں جو مسلمانوں کو قرآن سے ہے تو یہی ایک دلیل اسکے اعجاز کی کافی ہے کیونکہ قرآن میں جذب مقناطیسی ہے اور دل میں نہیں +

اب میں قرآن کی ان خاص خاص باتوں کو بتاتا ہوں جو فصاحت و بلاغت میں اعجاز کے پہونچنے کا سبب ہوئی ہیں +

(۱) ہر قوم اور ہر ملک کے لوگوں میں قدرت نے آج سے نہیں بلکہ ابتدا سے یہ مذاق رکھدیا ہے کہ انکو بہ نسبت غیر فصیح و بلیغ کلام کے فصیح و بلیغ میں ایک متم کی لذت۔ اور سرور معلوم ہوتا ہے جیسا کہ موزوں آواز میں بہ نسبت غیر موزوں آواز کے مزا معلوم ہوتا ہے اسیطرح نثر سے زیادہ نظم میں لذت آتی ہے۔ لیکن نظم کے قواعد و اوزان ہر قوم اور ہر ملک میں اپنے اپنے مذاق کے بموجب جداگانہ ہیں جیسا کہ نغمہ کے اوزان اور راگ و راگنیاں ہر قوم و ہر ملک میں اپنے اپنے مذاق کے بموجب جداگانہ ہیں قرآن جبکہ جملہ بنی آدم کے لئے نازل ہوا ہے تو اسکی زبان گو عربی ہے اور عربوں ہی کے اسالیب بلاغت و فصاحت میں ڈھالا گیا ہے۔ مگر اس کے جملہ کہ جنکو آیت کہتے ہیں ایسے جامع اسلوب پر ہیں کہ جن سے عرب و عجم ایشیا، افریقہ یورپ و امریکہ ہر ملک کے لوگوں کو اپنے اپنے مذاق کے بموجب نظم کا مزا آتا ہے۔ لیکن باایں ہمہ وہ کسیکے مذاق پر بھی باقاعدہ نظم نہیں کیلئے کہ شاعرانہ عروض و قوافی کے تکلفات سے کلام کرنا نہ کسی حکیم کی شان ہے نہ بادشاہ باشکوہ کی چہ جائیکہ خدائے جلیل و جبار کی شان ہو یہ ایک ایسی بات ہے کہ جسکا التزام کوئی بھی فصیح و بلیغ کر نہیں سکتا۔ واضح ہو کہ جملوں کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

اگر چند حروف اخیر ایک طرح کے ہوتے ہیں تو اس سے کلام میں شیرینی پیدا ہو جاتی ہے بشرطیکہ تکلف نہو جیسا کہ حریر۔ قصیر۔ اب اسکی تین قسم ہیں اگر مسجع میں یہ بات ہے تو اسکو **قرینہ** کہتے ہیں اور اگر نظم میں ہے تو اسکو **قافیہ** کہتے ہیں۔ اور اگر قرآن میں ہے تو اسکو **فاصلہ** کہتے ہیں جسکی جمع فواصل آتی ہے یہ ایک آیت کو دوسرے سے جدا کر دیتا ہے لیکن ہر ایک کے احکام جداگانہ ہیں بعض تغیرات قافیہ میں عیب سمجھے جاتے ہیں فواصل میں نہیں۔ کیلئے کہ قوافی میں بعض پابندیوں کے لحاظ سے ضرور ایک قسم کا تکلف سمجھا جاتا ہے برخلاف فواصل کے اسلیئے فواصل میں یہ وسعت ہے (۱) یہ کہ اگر اخیر حرف میں سب کا اشتراک ہو اور اس سے پہلے وہی مدہ ہے (یعنے حرف علت ساکن اور اسکے پہلے حرکت موافق ہو) بار بار آئے تو زیادہ تر لطف ہے جیسا کہ رحیم۔ کریم۔ نعیم۔ کہ سب کے اخیر میں میم ہے اور اس سے پہلے ہی ساکن ماقبل مسکور ہے۔ ورنہ آخر کا حرف بدل جائے اور مدہ وہی رہے تو بھی درست ہے جیسا کہ مزیج۔ یجتد۔ کہ حرف آخر ایک میں ج۔ دوسرے میں د ہے مگر دونوں کے اول مدہ ایک ہی ہے ی ساکن ماقبل مکسور۔ اور اسیطرح تبارفواق عجاب ہے کہ حرف اخیر مختلفہ ہے مگر پہلے مدہ ایک ہی ہے الف ساکن ماقبل مفتوح اور اگر اخیر حرف ایک ہو یا نہو اور اول کا مدہ بھی دوسرا ہو تو بھی درست ہے جیسا کہ یعلمون اور مومنین اور مستقیم۔ اخیر حرف دونوں جگہ ن اور ایک جگہ م اور ایک جگہ مدہ و دوسری جگہ ی ہے (۲) قوافی میں دونوں مصرعوں کی مساوات شرط ہے برخلاف فواصل کے کہ یہاں دوسری آیت پہلے سے زیادہ کم بھی ہو تو کچھ مضائقہ نہیں (۳) ایک غزل یا قصیدہ میں آخر تک ایک ہی قافیہ کی پابندی کرنی پڑتی ہے برخلاف سورہ قرآنیہ کے کہ ایک سورۃ میں فواصل نشاط ذہن سامع کے لیئے بدل دینا حسن کلام ہے جیسا کہ سورہ مریم میں اول اور فواصل تیسے آخر میں ادا۔ ہدا۔ بدل دیئے گئے اور سورہ فرقان کے آخر میں بھی دوسرے فواصل سلاما۔ کراما۔ بدل دیئے گئے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مگر اس وسعت پر بھی بعض سورتوں اور بعض آیات میں مرصع کاری کی گئی ہے کہ متعدد فواصل اور کئی جملوں کے بعد پہر بار بار ایک خاص جملہ کا اعادہ کیا گیا ہے جیسا کہ ترجیع ہندیا مخمس مسدس میں ہوتا ہے جس سے سامع کو عجب لطف آتا ہے جیسا کہ سورہ الرحمٰن میں بار بار فبای آلاء ربکما تکذبان کا اعادہ کیا لطف دے رہا ہے جیسا کہ شعر آ ایک ہی شعر میں متعدد قافیہ لاکر حسن کلام بڑھا دیتے ہیں ؎

کالدہر فی ترف والبدر فی شرف والبحر فی کرم والبدر فی ہمم

اور اسکو التزام مالایلزم کہتے ہیں قرآن میں اس قسم کا بہت کلام ہے جیسا کہ اما الیتیم فلا تقہر۔ واما السائل فلا تنہر۔ سے اول ہ کا التزام ہے اسیطرح۔ الم نشرح لک صدرک الخ ہے ک سے اول رکا التزام کیا گیا ہے جیسا کہ والطور و کتاب مسطور۔ ما انت بنعمۃ ربک بمجنون۔ وان لک لاجرا غیر ممنون۔ اور کبھی کبھی تین تین حرف کا التزام ہے۔ جیسا کہ فاذا ہم مبصرون اور لا یقصرون۔ اور کہیں کلام میں لطف زیادہ کرنے کے لئے دو دو کلموں ہی کو متقفی یعنے مفصول کر دیا ہے جیسا کہ یا ایہا المدثر قم فانذر الخ والمرسلات عرفا الخ والذاریات ذروا الخ والعادیات ضبحا الخ اور کبھی ہر جملہ کو پہلے سے مساوی کر کے حسن بڑھا دیا ہے۔ جیسا کہ والنجم اذا ہوی۔ ما ضل صاحبکم وما غوی۔ اور کہیں جملوں کو قصیر کہیں متوسط کہیں طویل کر کے شان بلاغت دکھائی ہے۔ قصیر دو کلموں سے کم نہیں ہوتا طویل دس سے متجاوز ہوتا ہے ان دونوں کے درمیان متوسط ہیں۔ (۴) فواصل کی بنیاد وقف پر ہے اس لئے مرفوع کے مقابلہ میں مجرور اور مجرور کے مرفوع لاکر وسعت فواصل دکھا دی گئی۔ جیسا کہ خلقنا ہم من طین لازب (۵) فواصل میں تضمین اور ایطار جائز ہے برخلاف شعر کے تضمین یہ کہ فاصلہ کا مابعد اوس سے متعلق ہو جیسا کہ انکم تمرون علیہ مصبحین وبالیل۔ بالیل تمرون سے متعلق ہے۔ ایطار فاصلہ فی فاصلہ کا اوسی لفظ سے مکرر لانا اور اسی وسعت کے سبب فواصل میں خبکی فیہا وحالت وقفی پر ہوتی ہے بقاعدہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

زبان عرب کہیں حذف کہیں زیادت سے اسی قسم کی چالیس حالتیں ہوتی ہیں جنکا ذکر ابن الصائغ نے اپنی کتاب احکام الرای فی احکام الائی میں کیا ہے پھر جو جو ان فواصل میں باریکیاں ودیعت رکھی گئی ہیں بیان سے باہر ہیں کہ اگر اوس لفظ کی جگہ دوسرا لایا جائے تو وہ باریکیاں باقی نہ رہیں۔ جنکو اہل زبان ہی خوب جانتے اور مزہ لیتے ہیں۔ اگر ایک ہی سورۃ کے فواصل کے اسرار بیان کیئے جائیں تو کئی جلدوں میں نہ سمائیں۔

(۲) ایک بڑے طول وطویل کلام میں یہ بات ضرور دیکھی جاتی ہے کہ متکلم کا ابتدار اور وسط اور آخیر میں کیا حال ہے جس شان سے ابتدار کی ہے اگر وسط میں بھی وہی ہے اور خاتمہ بھی عمدہ موقع پر اول و وسط کو زیر نظر رکھ کر کیا ہے تو کلام فصیح و بلیغ ہے ورنہ درجہ کمال سے گرا ہوا ہے۔ آپنے مجالس میں بڑے بڑے خوش بیانوں کو تقریر کرتے دیکھا ہوگا۔ بعض تو ابتدار میں بڑے وسیع پیمانہ پر کلام کرتے ہیں اور بیچمیں بہت ہی کمزور کلام ہوتا ہے اور آخر میں تو ایسے برے موقعہ پر تمام کرتے ہیں کہ جیسا کسینے سر سے بوجھ زمین پر بے موقعہ دھم سے دے مارا۔ مگر قرآن میں جس سورہ کو دیکھئے گا تینوں مواضع میں نہایت موزوں اور بلند شان پائے گا مقطع پر ایک ایسا پر نمک فقرہ ہوتا ہے جو تمام مضمون سابق میں تازہ روح پھونکدیتا ہے اور سارے کلام کی تصویر کھینچدیتا ہے۔ ابتدار کلام اس شان و انداز سے ہوتی ہے کہ سامع کو یقین ہوجاتا ہے کہ کوئی بلند مضمون بیان ہونے والا ہے اور پھر وسط اسکی تصدیق کردیتا ہے۔ اور مقطع اسپر مہر ہوجاتا ہے۔ علمار نے خاص طوائع و مقاطع قرآنی کے حسن وخوبی میں بڑی بڑی مفید کتابیں لکھی ہیں ✣

(۳) ہر فصیح و بلیغ شاعر کسی خاص بیان میں ایک خصوصیت خاص رکھتا ہے عرب کے مشہور خوش بیانوں میں سے کوئی رزم میں کوئی بزم میں کوئی گھوڑوں کی مدح میں کوئی معشوقوں کے حسن وجمال خدوخال میں کوئی ہجو میں مشہور تھا۔ ان خاص مضامین کے سوا

toobaa-elibrary.blogspot.com

جب وہ دوسرے مضمون پر کچھ کہتے تھے تو وہ بات حاصل نہوتی تھی۔ مگر قرآن مجید جملہ مضامین اور تمام سورتوں میں اعلے درجہ کی بلاغت پر ہے ٭

(۴) فصیح و بلیغ شعراء کا بڑا میدان سخن محسوسات کے کیفیات ہیں پھر اسکے ساتھ کذب اور مبالغہ بھی جزئ بلاغت ہے اور پھر مضمون کے وہ تالیع نہیں رہتی۔ لفاظی کے لئے جو مضمون آگے لجائے اور جو کوئی عمدہ قافیہ اور اچھا لفظ مل جائے تو اسکو بھی لے آتے ہیں اگر مضمون کی پابندی کر دیجائے اور کذب و مبالغہ سے بھی منع کر دیا جائے۔ اور مضمون بھی قرآنی مضامین مذکورہ بالا میں سے ان کو دیا جائے مثلاً توحید و خدا پرستی یا دنیا کی بے ثباتی۔ یا عالم ملکوت کے حالات یا احکام صوم و صلوۃ یا قانون میراث دیت و قصاص کے مسائل عفت و صداقت کی خوبی۔ شہوت پرستی اور ریاکاری اور نمود کی مذمت وغیرہ تو پھر ان مشہور شاعروں اور مسلم بلیغ و فصیح لوگوں کی شاعری۔ اور خوش بیانی کو ملاحظہ فرمائیے کیسی پھیکی اور بے نمک معلوم ہوتی ہے۔ برخلاف قرآن مجید کے کہ اول سے آخر تک اسمیں وہی مضامین عالیہ ہیں کہ جنکو ہم نے بطور نمونہ کے ذکر کیا اور پھر سراسر راستی ہے مبالغہ اور کذب اور طبیعت کے جوش کو رجحان سے انحراف ہے مگر باایں ہمہ اعلی درجہ کی بلاغت ہے انہیں باتوں کو دیکھ کر عرب کے بڑے بڑے شعراء فصحاء و بلغاء کو قرآن کے مقابلہ میں کچھ بنا کے لانے سے دل چھوٹ گئے تھے۔

(۵) ہر ایک کلام سے متکلم کی شان نمودار ضرور ہوتی ہے۔ عرفاء کے کلام پڑھنے سننے سے دلپر ایک کیفیت نورانیہ پیدا ہوتا ہے۔ جس سے معلوم ہوتی ہے کہ یہ کسی شیریں چشمہ کا پانی ہے اور دنیا کے عشاق شہوت پرستوں یا فلسفہ کی دلدل میں دبے ہوؤں کی کلام سے ضرور پہلی کیفیت کے برخلاف دلپر دوسری کیفیت پیدا ہوتی ہے جو چاہے مثنوی مولنا روم اور بدر منیر کو پڑھکر مشاہدہ کرلے۔ اور نیز بازاری کے کلام اور بادشاہ کے فرمان کا بھی پڑھکر معاینہ کرلے اول الذکر کے وہی بازاری محاورات وہی اسکا حوصلہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

وہی اسکے ولی خیالات نمایاں ہوں گے برخلاف ثانی کے کہ اس سے شاہی جلال اور اسکی بلند خیالی معلوم ہوگی۔ اب جسکو ذرا بھی تمیز و قوت درا کہ ہے تو قرآن کو اور دوسری کتابوں کو پڑھکر آپ مشاہدہ کرلے کہ قرآن سے توحید و خدا پرستی کا اور دنیا سے بے رغبتی کا اور عالم جاودانی کے اشتیاق کا اکتساب حسنات کے شوق کا معاصی سے نفس کی لگام تھامنے کا کیسا رنگ دلپر چڑھتا ہے اور توکل و رضا و تسلیم و محبت حق کا کیا نور پیدا ہوتا ہے اور کلام سے ایک شان کبریائی پیدا ہوتی ہے۔ یہ ایک ایسی بات ہے کہ جو کیسا ہی فصیح و بلیغ کیوں نہ ہوتا وقتیکہ وہ نورانی اور روحانی مستی میں سرشار نہو اپنے کلام میں پیدا نہیں کرسکتا اور کسینے نقل بھی اتاری تو اس میں وہ مستی اور درد نہیں ہوگا۔

اب دیکھنا یہ ہے کہ جب دنیا پر اس سرے سے اوس سرے تک بت پرستی اور بدکاری کی ظلمت محیط تھی تمام بر عرب اس میں غرق تھا ایک ایسے شخص نے کہ جو ایک ایسے ملک اور ایسے شہر کا رہنے والا تھا جہاں کسی قسم کے علوم کی بھی روشنی نہ پڑی تھی نہ وہ پڑھے لکھے تھے کہ اور کتابوں سے انہوں نے یہ بات پیدا کرلی ہے نہ وہ شعر و سخن کے مشاق تھے نہ عمر بھر کبھی اس قسم کے مجالس میں شریک ہوئے تھے باوجود سخت مصائب کے ایک ایسی کتاب جسمیں یہ علوم عالیہ اس بلاغت و فصاحت سے ایسی طبیعت انسانیہ کو نورانیت بخشنے والی راہ راست پر لانے والی مخلوق پرستی سے نفرت دلانے والی بغیر الہام الٰہی کیونکر تصنیف کردی؟ ہرگز نہیں ہرگز نہیں حیطۂ امکان سے باہر ہے۔

(۶) بعض لوگوں کے مضامین تو عمدہ ہوتے ہیں مگر الفاظ کی رکاکت تشبیہات و استعارات کی بیہودگی باہم جملوں اور مضامین کی بے ربطی ایک ایسا عیب اسمیں ہوتا ہے جس سے مضمون کی خوبی میں فرق آجاتا ہے۔ کتاب حزقیل کا ۲۳ باب ملاحظہ ہو۔ اور ۲۳ باب کے

یہ جملہ ہیں۔ خداوند کا کلام مجھکو پہونچا اور اسنے کہا اے آدم زاد دو عورتیں تھیں جو ایک ہی ماں باپ سے پیدا ہوئیں تھیں۔ انہوں نے مصر میں زناکاری کی وہ اپنی جوانی میں

toobaa-elibrary.blogspot.com

یا بابل ہوئیں وہاں انکی چھاتیاں ملی گئیں اور انکی بکر کی پستان چھوئی گئیں انمیں سے بڑی کا نام آہولہ اور اسکی بہن کا اہولیبہ تھا۔ دے میری جو روان ہوئیں انخا سپر بھی اس نے اپنے جوانی کے دنوں کو یاد کر کے زبان پر زناکاری کی ہو وہ اپنے یاروں پر مرنے لگی جنکا گدھوں کا سا اور جن کا انزال گھوڑوں کا سا تھا۔ غزل الغزلات سلیمان ۴ باب میں یہ فقرے ہیں۔ میری بہن میری بیوی تیرا عشق کیا خوب ہے کیا ہی پرفحش تشبیہات ہیں۔

اسیطرح ویدوں کی بے ربط منتر اور ان میں عناصر اور غیر مرئی دیوتاؤں کی بیحد ستایش اور وہی تنگدست بھکاری برہمنوں جیسی بول چال مگر قرآن اول سے آخر تک ان سب باتوں سے پاک ہے +

(۷) ایک مضمون یا ایک قصہ کو ایکبار بیان کر کے اگر بار دگر بیان کیا جاتا ہے تو خواہ مخواہ اوس تکرار سے سامع کو ایک طرح کی بے لطفی معلوم ہوتی ہے جسکے سننے اور پڑھنے سے طبیعت منقبض ہوتی ہے۔ یہ ایک طبعی بات ہے جس سے انکار ہو نہیں سکتا چنانچہ ایک شاعر فرماتے ہیں ؎

مکرر گرچہ سحر آمیز باشد طبیعت را ملال انگیز باشد

باایں ہمہ بسا اوقات تکرار اور بار بار بیان کرنے کی ضرورت بھی پڑتی ہے تاکہ وہ مضمون سامع کے ذہن میں بار بار گوش زد ہونے سے جاگزیں ہو جائے اور یہی سبب ہے کہ جب کوئی کلام حفظ کرنا مقصود ہوتا ہے تو اوس ایک ہی جملہ کو بار بار پڑھا جاتا ہے جس سے نقش متاثر ہو کر اسکو نقش کر لیتا ہے۔ اور بار بار ایک عمل کرنے سے اس عالم میں اثر محسوس ہونے کا ایک باریک سر ہے اسیلئے لکھنے کی یا اور کام کی تکمیل کے لیئے بنی آدم مشق کیا کرتے ہیں جسمیں اس کام کی تکرار ہوتی ہے۔ اور اسیلئے قرآن میں مضامین توحید وصفات وغیرہ اور اسیطرح احکام اور قصص بار بار آئے ہیں کہ لوگوں کے دلوں پر اثر ہو۔ اور نقش کالحجر ہو جائیں اور یہی وجہ ہے کہ قرآن ایک بار نازل نہیں کیا تئیس برس میں تھوڑا

toobaa-elibrary.blogspot.com

ستوڑا نازل فرمایا کہ نبی کو بھی الہامی حالت میں وقتاً فوقتاً لذت پڑ ہتی رہے اور کمالات نبوت کی ترقی ہوتی رہے اور مخاطبین بھی بار بار اس رنگ میں رنگین ہوتے رہیں مگر تا وقتیکہ اس تکرار میں ایک جداگانہ لذت نہ پیدا کر دیجائے انقباض خاطر سامعین دفع نہیں ہوا اسلئے گانے میں ایک ہی کلمہ کو بار بار اس لئے کہتے ہیں کہ ہر بار نغمہ کی خوبی نئی لذت بخشتی رہتی ہے اور اسلئے اسماء الٰہی کے بار بار کہنے میں مزا آتا ہے کہ ہر بار اسکی تجلی دل کو جداگانہ فرحت بخشتی رہتی ہے **قرآن** نے اس تکرار کی بے لطفی کو تغیر و تبدیل عنوان کلام سے دفع کیا یعنے جب ایک مضمون یا قصہ کو بار دیگر بیان فرمایا ہے تو ایک نئے انداز اور شان سے بیان کیا ہے کہ وہی پہلا مضمون یا قصہ نیا معلوم ہوتا ہے یہ ایک ایسی بڑی بات ہے جسکو کوئی فصیح و بلیغ خواہ وہ کیسا ہی قادر الکلام ہو کر نہیں کہہ سکتا +

(۸) ایک ایسی بات قرآن میں ہے جس سے ہر ایک فصیح و بلیغ عاجز ہے وہ یہہ کہ ایک مضمون سے دوسرے مضمون کیطرف بڑی خوبی اور عمدہ مناسبت سے منتقل ہو جاتا ہے۔ توحید کے مضمون سے احکام کیطرف قصص سے توحید و دار آخرت کے مضمون کیطرف۔ احکام سے آثار قدرت کیطرف و بالعکس۔ اسلئے نہ قرائن مضامین کے لئے ابواب باندھے ہیں نہ فصول قائم کئے ہیں تمام کلام مسلسل ہے۔ باوجودیکہ تیئیس ۲۳ برس میں ٹکڑے ٹکڑے ہو کر لوگوں کے جواب اور امور پیش آیندہ کی ہدایات میں نازل ہوا ہے +

لیکن باہمی مناسبت کہیں صاف اور ظاہر ہے کیونکہ غبی اور جاہل بھی مخاطب ہیں اور کہیں نہایت باریک کہ جسکو بجز ذکیوں اور صاحب ذوق سلیمہ کے اور کوئی نہیں سمجھتا اسلئے علماء کرام کی ایک جماعت نے مناسبت آیات اور سورۃ میں بڑی بڑی مبسوط کتابیں تصنیف کی ہیں +

سب سے اول شیخ ابوبکر نیشاپوری اسطرف متوجہ ہوئے پھر تو بہت علماء نے قلم اٹھایا

toobaa-elibrary.blogspot.com

امام رازی نے بھی اپنی تفسیر کبیر میں آیات کی مناسبت بہت کچھ بیان فرمائی ہے۔ اور علامہ ابوجعفر بن زبیر ستاوانی حیان نے اس علم میں ایک کتاب لکھی ہے جس کا نام **البرہان فی مناسبۃ ترتیب سور القرآن** ہے اور شیخ برہان الدین بقاعی کی بھی ایک کتاب ہے جس کا نام **نظم الدرر فی تناسب الآی والسور** ہے اور اس فن میں علامہ جلال سیوطی کی کتاب **اسرار التنزیل** بھی بہت ہی عمدہ ہے اور شیخ علی مہائمی کی تفسیر **تبصیر الرحمن وتیسیر المنان** بھی نہایت عمدہ ہے۔ اس عاجز کی تفسیر فتح المنان مشہور بہ تفسیر حقانی بھی اس بیان میں کافی وافی ہے۔

(فائدہ)

مناسبت لغت میں مشاکلت و مقاربت کو کہتے ہیں اور مال کار اس کا آیات یا دو جملوں میں ایک رابطہ ہوتا ہے وہ **رابطہ** کبھی عام ہوتا ہے کبھی خاص کبھی حسی۔ کبھی عقلی کبھی خیالی اور کبھی تلازم ذہنی ہوتا ہے جیسا کہ سبب و مسبب۔ علت و معلول۔ نظیرین۔ و ضدین وغیرہ علاقات میں ہوا کرتا ہے۔ فائدہ اس کا اجزاء کلام کے باہمی ارتباط سے اسمیں استحکام پیدا کر دیتا ہے جیسا کہ دیوار کے مختلف اجزاء کو مربوط کرنے سے قوت و استحکام ہو جاتا ہے۔ ہر مرکبات میں اسکے اجزاء ترتیبیہ کے باہمی ارتباط سے قدرتاً استحکام پیدا ہو جاتا ہے۔

اس تمہید کے بعد آپ اس قاعدہ کلیہ کو ملحوظ خاطر رکھیں گے تو مناسبت کا اصول آپ کو معلوم ہو جائے گا وہ ایک آیت کے بعد دوسری آیت کو دیکھئے اگر وہ پہلی آیت کا کلیہ تتمہ ہے خواہ احکام و قصص میں خواہ استدلال میں تو انکی مناسبت اور باہمی ارتباط ظاہر ہے اور اگر ایک دوسرے کی تاکید یا تفسیر و تشریح یا بدل یا کسی سوال مقدر کا جواب ہے یا بیان سابق کا نتیجہ ہے تب بھی دونوں کی مناسبت ظاہر ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

جسکو ہر ایک اہل زبان بشرط سلیقہ سمجھ سکتا ہے۔ ہاں اگر دونوں جملے بذات خود مستقل ہیں تو اب یہ دیکھنا چاہئے کہ ایک دوسرے پر حروف مشترکہ عطف کیساتھ معطوف ہے یا نہیں؟ اگر معطوف ہے تو ضرور ان دونوں میں اشتراک اور علاقات مذکورہ میں سے کوئی نہ کوئی علاقہ ہے جیسا کہ ان آیات میں یعلم مایلج فی الارض ومایخرج منھا ومایَنزل من السماء ومایعرج فیھا۔ ان میں ولوج۔ اور خروج نزول وعروج اسمان وزمین باہم علاقہ تضاد رکھتے ہیں اللہ یقبض ویبسط والیہ ترجعون قبض وبسط میں علاقہ تضاد ہے۔ عذاب کے بعد ثواب کا رحمت کے بعد غضب کا ترغیب کے بعد ترہیب کا ذکر جو اکثر آیات میں ہوتا ہے وہاں بھی علاقہ تضاد ہوتا ہے۔ قرآن مجید میں اکثر احکام کے بعد وعدہ وعید اور کبھی وہ گزشتہ واقعات ذکر کئے جاتے ہیں جنمیں فرمانبرداروں پر عنایت اور نافرمانوں پر عتاب مذکور ہوتا ہے تاکہ احکام مذکورہ کی تعمیل میں لوگ کوشش کریں۔ اور کبھی قیامت اور مرنے کے بعد ہولناک رحمت ونعمت کے واقعات بھی بیان ہوتے ہیں تاکہ نتیجہ عمل سامع کے ذہن نشین ہو جائے اور کبھی آیات توحید اور آیات انعام بھی بعد میں ذکر ہوتے ہیں تاکہ آمر وناہی کی شان معلوم ہو جائے کہ یہ ایسے حکیم وشہنشاہ ومنعم کے احکام ہیں۔ اسغرض سے سورہ بقرہ اور نساء اور مائدہ کے آیات میں اگر آپ تامل کریں گے تو اکثر یہی بات پائیں گے ٭

اور اگر دونوں جملوں میں عطف نہیں ہے تو ضرور کوئی نہ کوئی ان میں ان روابط میں سے ایک رابطہ ہوتا ہے ٭

(۱) تنظیر کیونکہ ایک نظیر کو دوسرے سے الحاق کرنا عقلاء کی شان ہے جیسا کہ ان آیات میں كَمَآ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْۢ بَيْتِكَ بِالْحَقِّ۔ اسکے اول کا یہ جملہ ہے اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا اس جملہ سے اول یہ بیان تھا کہ اے نبی علیک السلام۔ آپ امور سیاست میں کسی مخالفت اور طعن کی پروا نہ کیجئے۔ کیونکہ ان کے مصالح عوام کے سمجھ میں نہیں آتے مومن

toobaa-elibrary.blogspot.com

خالص بے چون وچرا آپ کی پیروی کرتے ہیں اور بعد میں سبکو انکی مصلحت معلوم ہوجاتی ہے جیساکہ آپ کا گھر سے نکلنا۔ اس معاملہ میں طبائع عامہ مخالف تھیں مگر اسکی برکات کا بعد میں سب نے معاینہ کرلیا۔ گھر سے نکلنے میں یا ہجرت کی طرف اشارہ ہے یا قریش کے مقابلہ کے لئے جانا اور بدر میں مقابلہ ہوکر اسلام کا فتح پانا کفر کی کمر ٹوٹ جانا مراد ہے۔

(۲) **مضاوت** کہ ایک چیز بیان کرنے کے بعد اسکا ضد بیان کیا جائے تاکہ اوسکی پوری حالت کا انکشاف ہوجائے جیساکہ ایمانداروں کے اوصاف اور ان کے دنیا اور آخرت میں نیک نتیجہ بیان کرنے کے بعد کافروں فاسقوں کے حالات کا بیان مشہور ہے تعرف الاشیاء باضدادہا۔

(۳) **استطراد** جیساکہ اس آیت میں یابنی آدم قد انزلنا علیکم لباساً یواری سوءٰتکم وریشاً ولباس التقوٰی ذٰلک خیر۔ کیونکہ اس سے پیشتر آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور آدم کی وہ حالت بیان ہوئی تھی کہ وہ بجائے لباس کے اپنے بدن پر درختوں کے پتے چپکاتے تھے اس موقعہ پر ضمناً اوس لباس کا ذکر کردینا مناسب ہوا۔ جو خدا نے بعد میں بنی آدم کو بنانا سکھایا جو انکی زیب وزینت کا باعث ہے اور لباس میں بھی لباس تقوی کا ذکر مناسب پر مناسب ہوا۔ اسی قبیل سے یہ آیت ہے لن یستنکف المسیح ان یکون عبداً للہ ولا الملئکۃ المقربون کیونکہ اصل جملہ تو عیسائیونکے رد میں صادر ہوا تھا کہ وہ حضرت مسیح کو خدا اور خدا کا بیٹا کہتے تھے کہ وہ نہ خدا ہیں نہ اس کا بیٹا کیونکہ انکو خدا کے بندہ ہونے سے انکار نہیں مگر تبعاً عرب کے خیال کا ابطال بھی مناسب ہوا۔ کیونکہ وہ بھی فرشتوں کو خدا کی بیٹیاں کہا کرتے تھے کہ ملائک مقربین کو بھی اسکی عبدیت سے انکار نہیں۔

(۴) **حسن التخلص**۔ اسمیں اور استطراد میں صرف یہی فرق ہے کہ استطراد میں ایک مضمون ذکر کرتے ہوئے اسکے مناسب دوسری بات بیان کرکے جلد اصل مضمون

toobaa-elibrary.blogspot.com

کیطرف آجاتے ہیں اور حسن التخلص میں ایک مضمون بیان کرکے اسکے مناسب دوسرے مضمون کیطرف اس خوبی سے منتقل ہوجاتے ہیں کہ سامع کو اس انتقال کیطرف خیال بھی نہیں آنے پاتا کسلئے کہ دونوں مضمون میں کمال اتحاد ہوتا ہے۔ یہ قرآن میں بہت ہے اور اس خوبی سے ہے کہ بڑے بڑے فصحا حیران رہجاتے ہیں جیسا کہ سورہ اعراف میں انبیاء اور قرون ماضیہ کا ذکر کرکے حضرت موسے علیہ السلام کے ذکر کی نوبت آئی یہاں تک کہ موسے نے ستر آدمی ساتھ لیکر کوہ طور پر خدا سے کلام کرنے گئے اور موسے نے اپنی امت کے لئے دعا کی بقولہ واکتب لنا فی ہذہ حسنۃ اور اس کا جواب ملا کہ گو میری رحمت نے ہر شے کو گھیر لیا ہے۔ مگر میرا عذاب بھی جسکو چاہتا ہے پہونچتا ہے۔ اس مقام سے خدا نے تخلص کرکے جناب سید المرسلین صلے اللہ علیہ وسلم اور ان کی امت کے مناقب وفضائل بیان کرنے شروع کردیئے کہ اے موسے یہ رحمت خاص آپکی امت کا حصہ نہیں۔ یہ تو ایک آنے والے نبی امی کی امت کا حصہ ہے اور ان کے یہ مناقب ہیں۔ اسلئے فرمایا فسأکتبہا للذین یتقون ویؤتون الزکوۃ والذین ہم بآیتنا یؤمنون ○ الذین یتبعون الرسول النبی الامی الذی یجدونہ مکتوبا عندہم فی التورٰۃ والانجیل۔ یأمرہم بالمعروف وینہٰہم عن المنکر ویحل لہم الطیبٰت ویحرم علیہم الخبائث ویضع عنہم اصرہم والاغلال التی کانت علیہم۔ والذین اٰمنوا بہ وعزروہ ونصروہ واتبعوا النور الذی انزل معہ اولٰئک ہم المفلحون ○ کہ اس حسنہ اور رحمۃ خاصہ کو میں ان کے نام لکھے دیتا ہوں جو پرہیزگار رہونگے (۲) وہ جو صدقہ وخیرات کرینگے (۳) وہ جو ہمارے آیتوں پر ایمان لائیں گے (۴) وہ جو رسول نبی امی کے پیرو ہونگے۔ جسکو وہ توریت وانجیل میں اپنے پاس لکھا پائیں گے اور وہ نبی کیسا ہوگا۔ (۱) انکو نیک باتوں کا حکم دے گا۔ اور بری باتوں سے منع کرے گا (۲) ان کے لئے پاک چیزیں حلال اور

toobaa-elibrary.blogspot.com

ناپاک اپنپر حرام کرے گا (۳) انسے سخت احکام کے بوجھ دور کرے گا (۴) اور نافرمانیوں اور خدا کے غضب کے انکی جو گردنوں میں طوق پڑے ہونگے انکو اتار دے گا اور جو کوئی اسپر ایمان لائے گا اور اسکی توقیر کرے گا اور اسکی مدد کرے گا اور اس نور کا بھی جو اس کے ساتھ نازل کیا گیا ہوگا پیرو ہوگا۔ وہی فلاح بھی پائے گا۔ اس کے بعد اسبات کے جتلانے کے لئے کہ وہ نبی امی جس کے یہ صفات موسےٰ سے خدا نے بیان فرمائے تھے کون ہیں؟ حضرت کو حکم دیتا ہے قُلْ یٰاَیُّهَا النَّاسُ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَیْكُمْ جَمِیْعًا کہ اے نبی کہدو اے لوگو میں اللہ کیطرف سے تم سب کیطرف بھیجا گیا ہوں۔ اسکے بعد اللہ کی شان بیان کرنا ضرور تھا تاکہ معلوم ہو کہ جسکیطرف سے رسول آیا ہے وہ کیسا ہے کیونکہ فرستادہ کی قدر و عزت فرستندہ کے لحاظ سے ہوتی ہے اسلئے اللہ کی شان بیان ہوتی ہے الذی لہ ملک السموات والارض۔ لا الٰہ الا ھو یحیی ویمیت کہ اللہ وہ ہے جسکی سلطنت آسمانوں اور زمین پر ہے۔ کوئی شے اس کے قبضۂ اقتدار سے باہر نہیں وہ مجرم کو سزا اور مطیع کو جزا بھی دے سکتا ہے۔ اس سے بڑھکر اس مقام پر اور کوئی صفت مناسب نہ تھی) اس کے سوا اور کوئی معبود نہیں وہی مارتا اور وہی جلاتا ہے غیر معبودوں کی الوہیت باطل کرنے کے لئے ان دو وصفوں مارنے اور جلانے سے زیادہ کوئی شے موثر نہیں۔ اب اسکے بعد لوگوں کو بھی اوس رسول پر ایمان لانے کا حکم دینا عین مناسب تھا اسلئے فرمایا فاٰمنوا باللہ ورسولہ النبی الامی کہ اللہ اور اس کے رسول نبی امی پر ایمان لاؤ اور اسپر ایمان لانا اے اہل کتاب تمہارے دین و مذہب کے بھی برخلاف نہیں کیونکہ الذی یومن باللہ وکلماتہ کہ وہ نبی اللہ اور اس کے کلمات منزلہ پر ایمان لا رہا ہے اور یہی تمہارا بھی اصلی مذہب ہے اب بے کہٹکے واتبعوہ اسکی پیروی کرو لعلکم تھتدون تاکہ اس عہد میں کہ تحریفات و تغیرات کے سبب تمہارا اصلی مذہب تمسے چھوٹ گیا ہے اس نبی کے وسیلہ سے

toobaa-elibrary.blogspot.com

تمہیں ملے اور تم مقصود کو پہونچو۔ اب اسبات کی بھی تصدیق ضروری تھی کہ کوہ طور پر موسے نے یہ دعا کی تھی اور خدا نے اس کا یہ جواب دیا تھا اور نبی امی کے یہ اوصاف بیان فرما کر اسکے پیرون کے لئے رحمت وحسنہ کا لکھا جانا مخصوص فرمایا تھا۔ اسکی شہادت اگر کوئی دے گا تو موسے ہی کی قوم کا دیگا۔ اسلئے ان راستبازوں اور حذاتر مس اسرائیلیوں کی خوبی بیان کرنا بھی مناسب ہوا جو شہادت دے رہے ہیں۔ ومن قوم موسے امۃ یھدون بالحق وبہ یعدلون ۝ کہ موسے کی قوم میں سے ابھی تک ایک ایسا بھی گروہ ہے جو لوگوں کو حق پر چلنے کی ہدایت کرتا اور خود بھی حق کے ساتھ عدالت کرتا ہے۔ اور عدالت حق کا مقتضی مضمون سابق کی تصدیق ہے۔ جو انہوں نے کی اور نبی امی پر اس نوشتہ توریت و انجیل کے موافق ایمان لائے جیسا کہ عبداللہ بن سلام وغیرہ۔ اسکے بعد پھر اصل مضمون کیطرف رجوع کر کے موسے اور اسکی قوم کے حالات بیان فرماتا ہے وقطعناھم الخ۔

اب اس حسن التخلص و استطراد اور آیات کی مناسبت کو غور فرمائیے کہ موتی ہیں جو ایک لڑی میں باترتیب پروئے گئے ہیں اختصار کے لئے تمام نظم قرآن کے لیئے یہی نمونہ کافی ہے +

(۹) سورتوں کے فواتح اور مقاطع میں وہ مناسبت ہے کہ جس سے بڑے بڑے بلیغ و فصیح عاجز آ گئے۔ اس فن میں بھی علماء نے نادر کتابیں تصنیف فرمائی ہیں از انجملہ جلال الدین سیوطی کی ایک کتاب ہے جسکا نام **مراصد المطالع فی تناسب المقاطع والمطالع** ہے۔ اور اسیطرح کرمانی کی کتاب **عجائب** بھی بہت ہی عمدہ ہے۔ دیکھو سورہ بقرہ کا ابتدا یہ ہے الم ذلک الکتاب لاریب فیہ ہدی للمتقین الخ کہ یہ کتاب ایسی ہے کہ جسمیں کچھ بھی شبہ نہیں پرہیزگاروں کے لئے ہدایت ہے آگے پرہیزگاروں کے اوصاف بیان فرمائے ہیں۔ اور پھر ان کے ضد کافروں کے خصائل ذکر کئے اور

خاتمہ یہ ہے واعف عنا واغفر لنا وارحمنا۔ انت مولنا فانصرنا علی القوم الکافرین۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

جسمیں کتاب کے ہدایت ہونے اور پرہیزگاریکے دنیاوی و اخروی نتیجہ کا بیان ہے۔ پرہیزگاری اور ایمانداری کا اخروی ثمرہ یہ ہے کہ خدا بھول چوک کے گناہ معاف فرمائے کیلئے کہ کوئی لاکھ پرہیزگار ہوجائے مگر بشریت ساتھ لگی ہوئی ہے۔ جس میں اشارہ ہے کہ بشریت کی لغزشیں پرہیزگاریکے منافی نہیں۔ اس کے لئے واعف عنا واغفرلنا کہنے کی تعلیم فرمائی۔ مگر صرف بخشدینا ہی کافی نہیں بلکہ خدا کی عنایت اور دارباقی کی نعمتوں کا ملنا بھی مقصد اعلے ہے اسکے لئے اور نیز دنیا میں عافیت وعزت کے ساتھ زندہ رہنے کے لئے وارحمنا کہنے کی تعلیم فرمائی رحم سب کو شامل ہے نیز دنیا میں خدا کی مدد اور مخالفین پر فتحیابی بھی ایک اعلی چیز ہے اس کے لئے انت مولنا اور فانصرنا علی القوم الکافرین کہنے کی تعلیم فرمائی جسمیں اشارہ ہے کہ فتح ونصرت ملنا اور خدا کا حامی ومددگار ہونا پرہیزگاری کا ثمرہ ہے اور مغلوب ومقہور ہونا کفر و بدکاری کا نتیجہ بد ہے۔

اسیطرح سورہ آل عمران کا ابتدا یہ ہے الم اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم نزل علیک الکتب بالحق مصدقا لما بین یدیہ وانزل التورات والانجیل من قبل ھدی للناس وانزل الفرقان ۝ کہ الہ وہی ہے جسکے سوا اور کوئی معبود نہیں۔ وہ زندہ ہے قائم رکھنے والا ہے۔ اے نبی اسنے (اپنی وحدانیت اور حیات اور قیومیت کے تقاضے سے حضرت ابراہیم کے بعد ملت ابراہیمہ کے زندہ و قائم رکھنے کے لئے جو توحید پر مبنی ہے) تین کتابیں نازل فرمائیں (۱) آپ پر قرآن نازل کیا جو توحید کا خزانہ ہے اور حیات ابدی اور وجود ابدی بخشنے کا باعث ہے۔ اور اوس حی وقیوم نے اپنے ان دو صفات کے مطابق قرآن میں بھی دو صفت رکھی ہیں اول یہ وہ بالحق ہے اسمیں کوئی بات بھی باطل نہیں اور کتاب کی حیات بھی یہی ہے کہ وہ سراسر حق ہو ورنہ باطل کتاب مردہ ہے دوئم یہ کہ وہ اگلی کتابوں کا مصدق ہے اور وہ ان کو

toobaa-elibrary.blogspot.com

قائم رکھہ رہا ہے سو قرآن کی قیومیت ہے جو اسکی قیومیت کا مظہر ہے (۲) توریت (۳) انجیل ۔ قرآن میں دو وصف اور بھی ہیں ایک یہ کہ وہ دنیا میں تھوڑا تھوڑا تئیس برس میں نازل ہوا اس لحاظ سے اسکو اول لفظ منزل سے تعبیر کیا اور کتاب کہا اور وصف کتابیت پارہ پارہ ہوکر ہی وجود میں آنے کا مقتضی ہے دوئم یہ کہ وہ بیت المعمور سے آسمان دنیا میں یکبارگی نازل ہوا۔ اور اسکو بلفظ انزل اور بلفظ فرقان تعبیر فرمایا۔ توریت و انجیل دو کتابوں کے مقابلہ میں قرآن دو وصف سے دوبار بیان فرمایا جسمیں اشارہ ہے کہ جو ان دونوں میں تھا وہ سب کچھ قرآن میں ہے یہ ان دونوں کے برابر ہے اور اسلیئے اسمیں اب یہ تین وصف ہوگئے دو تو وہی۔ تیسرا فرقان ہونا۔ اور ہر وصف خدا کے تینوں اوصاف مذکورہ سے مناسبت رکھتا ہے اور خاتمہ اس سورہ کا یہ ہے یا ایھا الذین امنوا اصبروا وصابروا ورابطوا واتقوا اللہ لعلکم تفلحون کہ اے ایماندار و برداشت کیا کرو اور مقابلہ میں ثابت قدم رہا کرو اور نیک کاموں میں دل لگائے رہا کرو اور اللہ سے ڈرتے رہا کرو تاکہ تم فلاح پاؤ۔ انسانی سعادت کا انہیں تین اوصاف پر مدار ہے (۱) نفسانی بدخواہشوں شہوات ولذات فاسدہ سے اپنے آپ کو بچانا یہ صبر و برداشت ہے اور جب نفس بد کا حملہ ہو تو مقابلے میں مستحکم رہنا یہ صابروا ہے۔ (۲) نیک کاموں کو عمل میں لانا اور خدا سے دل لگانا یہ رابطوا ہے (۳) اللہ سے ڈرتے رہنا کسی وصف پر مغرور نہو جانا برے کاموں سے بچنے اور نیک کاموں سے دل لگانیکا یہی تقوی محرک ہے۔ سعادت کے بعد پھر فلاح ہی فلاح ہے۔ چونکہ خدا کی تمام کتابوں کا یہی لب لباب ہے اسلیئے سورۃ کو اسی پر تمام کردیا۔ بظاہر کتابیں تین بیان ہوئی تھیں اسلیئے موجبات سعادت بھی تین ہی بیان ہوئے۔ لیکن قرآن کو دو وصف کے لحاظ سے دوبار ذکر کیا تھا جسلیئے اس فرق اعتباری سے چار ہوگئیں اسیطرح اگر اصبروا وصابروا کو توڑ دیجے تفاوت سے دو سمجھا جائے تو موجبات سعادت بھی چار ہوجاتے ہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

اب مطلع اور مقطع کی مناسبت اور دونوں میں جو جو الفاظ لائے گئے ہیں انکی باریکی دیکھئے (۱۰) مفاتح سور میں ایک ایسا سر بلاغت رکھا ہے جو اعجاز کو پہونچگیا ہے۔ جسکی تفصیل یہ ہے جس سورت میں جو مضمون زیادہ تر ملحوظ ہے اسیکے مناسب شروع سورہ میں الفاظ لائے گئے ہیں۔ سورتوں کی ابتدا دو قسم سے ہے (۱) خدا تعالیٰ کی ثنا و صفت کے ساتھ پھر ثنا کی دو قسم ہیں اول صفات مدح کا ثبوت دوئم برے صفات سے تنزیہ و تقدیس۔ پس پانچ سورتوں کو تحمید کے ساتھ شروع کیا اور دو کو بہ لفظ تبارک جنمیں اثبات صفات ہے۔ اور لفظ سبحان کے ساتھ سات سورتوں کو شروع کیا۔ مگر اسمیں بھی یہ خوبی رکھی ہے کہ کہیں مصدر کے ساتھ جیسا کہ سورہ بنی اسرائیل سبحان الذی اسری بعبدہ اور کہیں صیغہ ماضی سے جیسا کہ حدید اور سورہ حشر سبح اور کہیں صیغہ مضارع سے جیسا کہ تغابن اور جمعہ یسبح اور کہیں صیغہ امر سے۔ جیسا کہ سبح اسم ربک الاعلیٰ اور اسمیں بھی ایک نکتہ ہے (۲) حروف تہجی سے۔ انتیس سورتوں کو شروع کیا اور اسمیں بھی یہ نکتہ باریک رکھا کہ حروف کے جسقدر اقسام ہیں سب کے نصف نصف ان حروف میں آگئے ہیں اور جس سورہ کو جو جو حروف مناسب تھے وہی اول میں لائے گئے۔ (۳) دس سورتوں کو بلفظ ندا شروع کیا پانچ کو یعنے احزاب۔ اور طلاق۔ اور تحریم۔ اور مزمل۔ اور مدثر۔ کو بندار رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کہیں یا ایہا النبی اور کہیں یا ایہا المزمل اور کہیں یا ایہا المدثر۔ اور پانچ کو یعنے سورۂ نساء۔ مائدہ۔ حج۔ حجرات۔ ممتحنہ۔ کو بندار امت (۴) تئیس سورتوں کو جملہ خبریہ سے شروع کیا۔ یسئلونک عن الانفال۔ براءۃ من اللہ۔ اتی امر اللہ۔ اقترب للناس حسابہم۔ قد افلح المؤمنون۔ سورۃ انزلناہا۔ تنزیل الکتاب۔ الذین کفروا۔ انا فتحنا۔ اقترب الساعۃ الرحمن علم القرآن۔ قد سمع اللہ۔ الحاقۃ الحاقۃ۔ سئل سائل۔ انا ارسلنا نوحا۔ لا اقسم۔ وجگہ حبس۔ انا انزلناہ۔ لم یکن۔ القارعۃ۔ الہاکم۔ انا اعطیناک ۔ (۵) پندرہ سورتوں کو قسم سے شروع کیا ایک میں ملائکہ کی قسم ہے۔ والصافات۔ اور دو میں آسمانوں کی

فرقان دہلی ۱۲ امر

والسماء ذات البروج۔ والسماء والطارق۔ اور جیہ میں انکے لوازم کی والنجم ستاروں کی والفجر مبدء نہار کی والشمس نشان نہار کی۔ واللیل نصف زمانہ کی والضحیٰ نصف دن کی۔ والعصر نصف آخر کی اور کل زمانہ کی اور دو میں ہوا کی جو ایک عنصر ہے والذاریات والمرسلات والطور زمین کے جز ایک پہاڑ کی والتین نبات کی والنازعات حیوان ناطق یا ایک قسم کے ملائکہ کی۔ والعادیات حیوان کی ایک قسم خاص یعنے گھوڑوں کی قسم ہے ان قسموں کا سر ہم آگے چلکر بیان کرتے ہیں۔ (۶) سات سورتوں کو شرط سے شروع کیا ہے اذا وقعت الواقعہ۔ منافقون اذا جاءک المنافقون۔ تکویر۔ انفطار۔ انشقاق۔ زلزلہ اذا زلزلت الارض۔ نصر اذا جاء نصر اللہ (۷) جیہ سورتوں کو بصیغہ امر شروع کیا۔ قل اوحی۔ اقرء قل یا یہا الکافرون۔ قل ہو اللہ۔ قل اعوذ برب الناس (۸) جیہ سورتوں کو بصیغہ استفہام شروع کیا۔ ہل اتی۔ عم یتسائلون۔ ہل اتاک۔ الم نشرح۔ الم تر۔ ارءیت (۹) تین سورتوں کو بدعا کے ساتھ شروع کیا۔ ویل للمطففین۔ ویل لکل ہمزہ۔ تبت (۱۰) ایک کو تعلیل کے ساتھ لایلاف قریش۔ علامہ ابو شامہ فرماتے ہیں۔ کہ بدعا کو اور اسیطرح ثنا کو بھی بجز سبح اسم ربک کے جملہ خبریہ میں داخل کر سکتے ہیں اور سبحان خبر اور امر دونوں کا احتمال رکھتا ہے ۔

اب میں بطور نمونہ کے ہر ایک مطلع سورہ کی اوسکے مضمون کے ساتھ مختصر مناسبت بیان کرتا ہوں :-

(۱) وہ پانچ سورتیں جو حمد سے شروع ہوئی ہیں یہ ہیں اول سورۂ فاتحہ۔ دوم سورۂ انعام سوم سورہ کہف چہارم سورہ سبا پنجم سورہ فاطر۔ اب سورۂ فاتحہ قرآن کی اول سورہ کو دیکھئے جسکے ابتدا میں الحمد للہ رب العالمین ہے۔ انبیاء علیہم السلام کی معرفت جسقدر علوم نازل ہوئے ہیں ان سب کا ان چار علموں میں انحصار ہے اول علم الاصول جسکا مدار خدا کی ذات اور صفات کی معرفت پر ہے اسکا بیان اول جملہ الحمد للہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

رب العالمین میں ہے جسکی تشریح ہم نے اپنی تفسیر میں کی ہے۔ دوئم علم نبوات اسکیطرف بشارہ الذین انعمت علیہم میں ہے۔ سوئم معرفت معاد اسکی طرف مالک یوم الدین میں ہے۔ چہارم علم العبادات اسکی طرف ایاک نعبد میں اشارہ ہے۔ پنجم علم السلوک وہ نفس کو آداب شرعیہ اور انقیاد رب البریہ کا پابند کرنا ہے اسکی طرف ایاک نستعین اہدنا الصراط المستقیم میں ہے۔ ششم امم گذشتہ کے حالات پر مطلع ہونا تاکہ مطیعوں کی سعادت نافرمانوں کی شقاوت معلوم ہو اسکی طرف اس جملہ میں اشارہ ہے صراط الذین انعمت علیہم غیر المغضوب علیہم ولا الضالین۔ اور قرآن مجید کے بھی یہی مقاصد ہیں جو سورہ فاتحہ میں اجمالاً جمع کر دیئے گئے ہیں اور پھر دیگر سورتوں میں انکی تفصیل ہے۔ اور یہ بندوں پر اسکی بڑی نعمت و رحمت ہے جسپر حمد کرنا مناسب اور حق شناسی ہے اسلئے ابتدا میں الحمد للہ رب العالمین کا لانا اشارہ اجمالی ہے کہ اسکے بعد جو کچھ ارشاد ہوگا وہ ایک نعمت و رحمت ہوگی اس مناسبت کی خوبی ملاحظہ فرمائیے۔

دوسری سورۃ جسکے شروع میں الحمد ہے سورہ کہف ہے۔ اس سورہ میں چند باخدا لوگوں کے واقعات ہیں اصحاب کہف کا ان دو شخصوں کا جنہوں نے بڑا سرمایہ صرف کرکے اپنے دو باغ بنائے تھے پھر غرور اور کفران نعمت کے سبب ایک کے باغ پر آفت آئی اور دوسرے کے باغ میں اسکی خدا پرستی اور نیکوکاری کے سبب برکت ہوئی۔ موسےٰ و خضر کا ذکر ہے کہ نیکوکار اور ان کی پس ماندی مصائب سے محفوظ کئے جاتے ہیں دنیا میں بھی نیکی کا پھل پاتے ہیں۔ ذی القرنین کا کہ جسکو خدا نے اسکی نیکوکاری کے سبب سب قسم کے سامان عطا کئے تھے اور وہ اوس بلندی پر پہونچ کر بھی خدا پرست رہا مظلوموں کی حمایت کی کہ ایک دیوار بنا کر ان کو روک دیا۔ اور یہ سورہ ہر موقعہ پر حسن تخلص کے پیرایہ میں دار آخرت اور نیکوکاری کے ثمرات کا بھی ذکر ہے اور اسکے برخلاف برائیکا دنیا و آخرت میں برے نتیجہ کا بھی بیان ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ایسے واقعات گزشتہ کا بیان جنکو کوئی تاریخ بھی مفصل نہیں بتاتی جنمیں بڑی عبرت و نصیحت ہے خدا کی ایک بڑی نعمت و رحمت ہی جو قرآن کے ذریعہ سے بندو پر پہونچی اس لئے اسکے مطلع میں یہ جملہ آنا الحمد للہ الذی انزل علی عبدہ الکتاب ولم یجعل لہ عوجاً۔ گویا تمام سورہ کا شروع میں عنوان بیان کردیا ہے۔ سورہ بنی اسرائیل میں چونکہ معراج کا ایک ایسا ذکر ہے کہ جسکی تکذیب منکرین کے نزدیک کچھ مستبعد نہ تھی اور خدا کو کذب کی طرف منسوب کرنا اوسمیں نقص ثابت کرتا ہے اسلئے سورہ کی ابتدا ہی میں لفظ سبحان لایا گیا کہ وہ جھوٹھہ بولنے سے پاک ہے۔

(۲) حروف تہجی کا ابتدا میں لانا ایک خاص رمز کے لئے ہے کہ جسکو خاص اللہ تعالے یا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہی جانتے تھے۔ یا وہ کہ جنکو آپنے مطلع فرمایا تھا۔ مگر اسکے سوا اور جو جو فوائد ان کے ذکر کرنے میں ودیعت رکھے گئے ہیں وہ غور کرنے سے معلوم ہو سکتے ہیں۔ انجملہ یہ ہے کہ بجز تین سورتوں روم عنکبوت ن کے جہاں کہیں سورہ کو ان حروف سے شروع کیا ہے وہاں ضرور اس کے بعد قرآن کا بھی کچھ نہ کچھ ذکر آیا ہے جیسا کہ الم ذلک الکتاب لاریب فیہ۔ المص کتاب انزل الیک۔ الر تلک آیات الکتاب المبین۔ طہ ما انزلنا علیک القرآن لتشقی۔ طسم تلک آیات الکتاب۔ یسین والقرآن الحکیم۔ ص والقران ذی الذکر۔ حم تنزیل الکتاب ق والقرآن المجید جس سے ایک یہ بھی اشارہ ہے کہ قرآن بھی انہیں حروف اور کلمات سے مرکب ہے (کسلئے کہ کہیں حروف کو مفرداً ذکر کیا ہے کہیں مرکبا اور پھر کہیں دو دو سے اور کہیں تین تین سے اور کہیں چار چار سے اور کہیں پانچ سے ترکیب دی ہے کسلئے کہ خماسی سے زیادہ کلمات عرب مرکب نہیں ہوتے) جو تمہارے کلام کا بھی مادہ ہیں پھر کیا وجہ کہ باوجود متحدی کے تم اسکی ایک سورۃ کے برابر بھی بنا کر نہیں لاسکتے۔ پھر ان حروف کو جہاں جسطرح ابتدا میں لایا گیا ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

اوس سورہ میں اوس قسم کے زیادہ حروف مستعمل ہوئے ہیں ٭

(۳) جن سورتوں کو جملہ خبریہ سے شروع کیا ہے وہاں وہ جملے جو ابتدار میں آئے ہیں آیندہ بیان کا نمونہ ہیں کہ اس قسم کا بیان ہوگا۔ اور یہی حال ان سورتوں کا ہے کہ جنکے ابتدار میں ندا رہے ٭

فائدہ۔ ہر سورہ اپنے بیان میں ایک مستقل نامہ شاہی یا فرمان ہے۔ شاہانہ فرامین کی مختلف شان ہوتی ہے کبھی تو نفس مضمون سے ابتدار ہوتی ہے جیسا کہ وہ سورتیں ہیں کہ جنکی ابتدار جملہ خبریہ سے ہے اور کبھی عنوان میں بھیجنے والے کی شان کا اظہار ہوتا ہے از طرف شاہ شاہان وغیرہ الفاظ ہوتے ہیں یہ وہ سورتیں ہیں کہ جنکی ابتدار میں خدائے تعالے کی عظمت و جبروت یا صفات کمال کا اظہار ہے جیسا کہ تنزیل الکتاب من اللہ العزیز الحکیم اور کبھی مکتوب الیہ کیطرف خطاب ہوتا ہے جیسا کہ بنام فلاں یہ وہ سورتیں ہیں کہ جن کی ابتدار ندا سے ہے اور کبھی وہ نامہ مختصر ہوتا ہے اور کبھی مطول یہی حال سورتوں کا ہے اور کبھی اظہار جلال و جبروت ہوتا ہے اور کبھی اظہار عنایت و مرحمت اسی طرح سورتوں کا حال ہے ٭

فصل (۹)

(دیگر اسباب بلاغت)

(۱) علامہ ابن ابی الاصبع نے اس فن میں ایک کتاب لکھی ہے جسکا نام اعجاز القرآن ہے اسمیں تقریباً سو قسم کے بدائع[۵۱] درج کئے ہیں۔ مجاز۔ استعارہ۔ کنایہ۔ ارداف

[۵۱] بدیعہ کی جمع کلام میں علاوہ عمدہ عبارت مستحسنہ بیرایہ میں مطلب ادا کرنیکے کوئی حسن و خوبی ہو تو اسکو بدیعہ کہتے ہیں۔ اور ان چیزوں کا ذکر فن بدیع میں ہوا کرتا ہے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

تمثیل۔ تشبیہ۔ ایجاز۔ اتساع۔ اشارہ۔ مساوات۔ بسط۔ ایغال۔ تسجیع۔ تسریع۔ ایضاح بعد الابہام۔ تتمیم۔ تکمیل۔ احتراس۔ استقصار۔ تذییل۔ زیادہ۔ ترویہ۔ تکرار تغیر مذہب کلامی۔ قول بالموجب۔ مناقضہ۔ انتقال۔ استجلال۔ تسلیم۔ تمکین۔ توشیح تسہیم۔ رد العجز علی الصدر۔ تشابہ الاطراف۔ لزوم مالایلزم۔ تخییر۔ ایہام یعنے توریہ۔ استخدام۔ التفات۔ استطراد۔ اطراد۔ انسجام۔ ادماج۔ افتنان۔ اقتدار۔ ائتلاف اللفظ مع اللفظ۔ ائتلاف اللفظ مع المعنی۔ استدراک۔ استثنار۔ تاکید المدح مایشبہ الذم۔ تعریف۔ تغائر۔ تقسیم۔ تدبیج۔ تکمیت۔ تضمین۔ تجنیس۔ جمع المؤتلف والمختلف۔ حسن النسق۔ عتاب المرء نفسہ۔ عکس۔ عنوان فوائد۔ قسم مبالغہ۔ مطابقہ۔ مقابلہ۔ موازنہ۔ مراجعہ۔ نزاہتہ۔ ابداع۔ مغارنہ۔ حسن الابتداء حسن الختام۔ حسن التخلص۔ حسن الطلب۔

ان کے علاوہ اور بھی صنعت بدیع ہیں۔ جیسا کہ حسن تعلیل۔ لف ونشر۔ مراعۃ الاستہلال۔ مراعات النظیر۔ مشاکلت وغیرہ۔ جنکو اہل بدیع نے بہت صراحت سے بیان کیا ہے۔ ان صنعتوں میں سے اکثر تو معنویہ ہیں۔ اور بعض لفظیہ جیسا کہ تجنیس رد العجز علی الصدر۔ قلب کہ حروف کے اوٹلنے سے وہی جملہ بنجائے جیسا کہ کل فی فلک ربک فکبر اور فارسی میں۔ ورد قرآن میں اکثر ان بدائع کا اس لطف وخوبی کے ساتھ استعمال ہوا ہے کہ زبان داں سنکر بڑے مزے لیتا ہے۔ بلاغت کے متعلق۔ اسناد وصل فصل۔ ایجاز۔ اطناب قصر۔ حذف۔ ابدال وغیرہ۔ ان امور میں جو بلاغت کا عنصر ہے اور محارہ کی پابندی میں جو اصول بلاغت ہے قرآن نے اعجاز دکھایا ہے محاورہ کے موقعہ پر زبان کے بہت سے قوانین تغیر کر دینا کلام میں جان ڈالدینا ہوتا ہے اور اگر محاورہ کی رعایت نہ کیجائے تو کلام نہایت پھیکا اور بدمزہ ہوجاتا ہے۔ اور یہ بڑے قادر الکلام کا کام ہے۔ آپ اردو کے محاورے کو دیکھئے بہت الفاظ مشترک

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور پہران میں جو قدرے کسی کسی معنے کے لئے خصوصیت ہے جیسا کہ کہنا۔ فرمانا اور عرض کرنا۔ طلب کرنا۔ اور پہر ایک معنی کے اصناف وانواع کے لئے جو لفظ مخصوص ہیں ان کا ان کے مواقع پر استعمال کرنا ہی بلاغت ہے۔ مثلاً بکری کے بولنے کو میمانا اور گھوڑے کے آواز دینے کو ہنہنانا کہتے ہیں جاندار کے از خود اپنے جسم کو کسیجگہ قائم کرنے کو بیٹھنا۔ غیر ذی روح کو دہر دینا کہتے ہیں۔ اب اگر کوئی یوں کہے کہ فلاں جگہ کتاب بیٹھی تھی تو کیسا برا معلوم ہوتا ہے۔ بخلاف اسکے اگر یوں کہیں کہ دہری پڑی تھی تو باقاعدہ معلوم ہوگا۔ مگر ایک فصیح وبلیغ جب کسی استعارہ کے لحاظ سے ان الفاظ میں ادل بدل کرکے عام قاعدے کو چھوڑ دیتا ہے تو کلام میں جان پڑجاتی ہے مثلاً کوئی بلیغ کیسکو شیر سے تشبیہ دے اور اس کے للکارنے کو غرانے سے تعبیر کرے تو کیا عمدہ معلوم ہوتا ہے۔ یا کیسکو بیجان و بے حس ظاہر کرنا ہو تو اسکو کہے وہ شخص وہاں دہرا تھا۔ یا دہرے رہو۔ اسیطرح فعل کے روابط کے ادل بدل میں بھی محاورہ کی رعایت کرنا فصاحت وبلاغت ہے۔ مثلاً دہلی کے فصحا یوں کہتے ہیں کہ فلاں بھوکوں مرگیا اور وہ اس بات سے خبر بھی نہوا۔ لیکن جو ماہر زبان نہیں وہ یوں کہے گا کہ بھوک سے مرگیا۔ اور فلاں بات سے اسکو خبر نہوئی۔

اب دیکھئے قرآن نے ان باتوں کی کہاں تک رعایت کی ہے۔ مگر جو شخص اس مذاق سے واقف نہیں وہ اسکو خلاف فصاحت وبلاغت کہے گا۔ قرآن کے مخالفوں نے اس قسم کے تغیرات کو بڑی محنت سے انتخاب کرکے اور عبارت میں نون مرچ لگاکر بڑی چٹ پٹی کتاب بنادی اور گلے میں ڈھول ڈالکر شہرت دیتے پہرے۔ کہ قرآن درجہ فصاحت اور بلاغت سے گرا ہوا ہے اسمیں اسقدر الفاظ غیر زبانوں کے ہیں اور اسقدر مواقع پر اصول زبان عرب کے خلاف کیا ہے۔ مگر جب کسی غیر مذہب بان داں ہی نے اس پر تکلف خوبچے میں سے کچھ لیکر چکھا تو تھو تھو کرکے تھوک دیا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور اس خوبچے والیکو جو ہر گلی اور بازار میں آوازیں لگاتے پھرتا تھا۔ سیکڑوں صلاتیں سنائیں ان کو مسلمانوں کے سوا دیگر زبان دانوں ہی نے پورا صلہ دیدیا ہے۔

اب میں سب امور مذکورۃ الصدر کو مفصلاً بیان کروں تو اسی بحث میں کئی جلد کی ضخیم کتاب تیار کرنی پڑے۔ مگر بعض بعض کو بیان کرتا ہوں۔ لان مالا یدرک کلہ لا یترک کلہ عرب کا مشہور مقولہ ہے۔

(۱) **استعارہ و کنایہ** وغیرہ۔ ہر زبان میں فصاحت و بلاغت کا جوہر ہے۔ اگر عمدہ طور سے استعمال کیا جائے۔ قرآن چونکہ فصاحت و بلاغت میں درجۂ کمال تک پہونچا ہوا ہے۔ اسمیں استعارہ اور مجاز اور کنایہ اور تشبیہ اور مثال کا نہونا ایسا ہی بے معنی خیال ہے کہ جیسا سمندر میں پانی کا نہونا۔ یا آگ میں حرارت اور آفتاب میں نور کا نہونا۔

جو لفظ معنے کے لئے وضع[۱] کیا جاوے اسکو لفظ **موضوع** کہتے ہیں۔ اگر اوسکا کوئی جزء معنے پر دلالت کرتا ہو اور وہ دلالت بھی مقصود ہو تو اس کو **مرکب** کہتے ہیں۔

---

[۱] وضع مقرر و معین کرنا۔ اسکے کئی قسم ہیں۔ اگر واضع نے لفظ اور معنی کا بوقت وضع دونوں کو خصوصیت سے لحاظ کیا ہے تو یہ (۱) وضع خاص اور موضوع لہ خاص ہے جیسا کہ لفظ انسان اس کے معنی کے لئے (۲) اگر دونوں کو بطور عموم و کلیت لحاظ کیا ہے کہ جس جس لفظ پر وہ وجہ صادق آئے وہ ان ان معانی پر دلالت کرے کہ جو اس معنی کلی کے افراد ہو سکیں تو اسکو وضع عام اور موضوع لہٗ عام کہتے ہیں (۳) اگر لفظ کو خصوصیت سے لیکر ایک عام معنی کے لئے وضع کر دیا ہے کہ جسقدر اس معنی کلی کے افراد ہوں سب پر یہ لفظ بولا جائے تو اسکو وضع عام اور موضوع لہٗ خاص کہتے ہیں (۴) اگر اسکے برعکس ہے تو اسکو وضع خاص اور موضوع لہ عام کہتے ہیں مگر ایسا پایا نہیں گیا۔ شرح مسلم بحر العلوم

[۲] علماء نے اس مسئلہ میں بڑی بحث کی ہے کہ الفاظ کو معنی کے لئے معین کرنے والا کون ہے؟ ایک گروہ نے کہا کہ خدا۔ اور ان کا استدلال اس آیت سے ہے وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

یا تام ہے اگر اسپر سکوت کرنا صحیح ہو سکے جیسا کہ زید قائم ہے۔ پھر مرکب تام کے دو قسم ہیں۔ کیونکہ اگر اسکو سچا یا جھوٹا کہہ سکتے ہوں تو اسکو خبر کہتے ہیں ورنہ **انشاء** ہے۔ پھر انشاء کی کئی قسم ہیں **امر۔ نہی۔ استفہام۔ تمنی۔ ترجی۔ قسم۔ عرض**۔ وغیرہ۔ یا مرکب غیر تام ہے کہ بغیر دوسرے لفظ کے ملائے مطلب پورا نہو۔ اسکی بھی کئی قسم ہیں۔ یا تقیدی ہے اگر جزء ثانی اول کی قید ہے خواہ بطور اضافت کے جیسا کہ غلام زید۔ یا بطور صفت کے جیسا کہ رجل فاضل یا غیر تقیدی ہے۔

اور اگر جزء لفظ جزء معنے پر دلالت نکرے تو اسکو **مفرد** کہتے ہیں۔ پھر وہ مفرد اگر اپنی دلالت میں مستقل ہے اور اسکی ہیئت ترکیبہ سے زمانۂ حال۔ ماضی۔ مستقبل نہیں سمجھا جاتا تو اسکو **اسم** کہتے ہیں اور اگر اسکی ہیئت ترکیبہ سے زمانہ سمجھا جاتا ہے تو اسکو **فعل** اور منطقی **کلمہ** کہتے ہیں۔ لیکن یہ بات نہیں کہ جسکو عرب فعل کہتے ہیں ان سب کو منطقی کلمہ کہتے ہوں۔ کیونکہ حاضر اور متکلم کے صیغہ جیسا کہ تمشی و امشی۔ عرب کے نزدیک فعل ہیں۔ مگر منطقی انکو کلمہ نہیں کہتے۔ کیونکہ ان کے نزدیک یہ مرکبات میں داخل ہیں احتمال صدق و کذب رکھتے ہیں تمشی کی مخاطب پر۔ اور ہمزہ امشی میں متکلم پر دلالت کرتے ہیں برخلاف یمشی غائب کے صیغہ کے۔ کیونکہ یمی میں محکوم علیہ پر دلالت کرنے کی صلاحیت نہیں کیسلئے کہ کبھی اسکا فاعل ظاہر بھی ہوتا ہے

بقیہ نوٹ صفحہ ۴۳۲) ایک گروہ کہتا ہے کہ واضع یعنے معین کرنے والے انسان ہیں انکی ضرورت وقت انکو ایک شے کے لئے جو پیش آتی ہے اپنی زبان کے مذاق کیموافق کسی نہ کسی مناسبت سے جیسا کہ ایک گروہ علماء کا خیال ہے بغیر کسی مناسبت کے کوئی نہ کوئی لفظ وضع کرنا تعلیم کردیتی ہے اور یہ سلسلۂ تعلیم کسی قوم کسی زمانہ تک محدود نہیں۔ میرے خیال میں یہ آتا ہے کہ ایک حد تک دونوں گروہ کا قول صحیح ہے۔ ابتدار آفرینش میں جو وحی اسرار کے نام حضرت آدم کو تعلیم فرمائے ہوں اور بعد میں انسانی ضرورت کے ساتھ یہ سلسلۂ تعلیم متعلق ہو گیا ہو جو الفاظ کسی معنی کے لیئے موضوع نہوں انکو مہمل کہتے ہیں ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور اگر کسی معنے پر مستقلاً دلالت نکرے تو وہ **حرف** ہے اور منطقی اسکو **ادات** کہتے ہیں۔ جسکی جمع ادوات آتی ہے +

پھر **اسم** کی کئی قسمیں ہیں۔ کیونکہ اس کے ایک ہی معنے ہیں یا ایک سے زائد ہیں۔ اگر اس کے ایک معنی ہیں تو اگر وہ معنی مشخص ہیں اور وہ ضمیر اسم اشارہ محمود بھی نہیں۔ جیسا کہ عربی میں انت ہذا الرجل ہے تو اسکو **علم** کہتے ہیں اور اگر معنی مشخص نہیں بلکہ کلی ہیں۔ جیسا کہ انسان پھر اگر وہ سب افراد میں برابر ہیں تو اسکو **متواطی** کہتے ہیں اور اگر تفاوت ہے تو اسکو **مشکک** کہتے ہیں جیسا کہ سیاہ کا لفظ اس کے افراد مساوی نہیں کیونکہ بعض جگہ تیز سیاہی ہوتی ہے بعض جگہ ہلکی۔ اور اگر اس اسم کی کے متعدد معنی ہیں پھر اگر وہ سب کے لئے برابر وضع کیا گیا ہے تو اسکو **مشترک** کہتے ہیں جیسا کہ عربی میں لفظ عین جسکے چشمہ۔ آنکھ۔ گھٹنے وغیرہ کئی معنے ہیں۔ اور اگر سب کے لئے برابر وضع نہیں کیا گیا۔ اب اگر اسکے پہلے وضعی معنے متروک ہو گئے ہیں اور دوسرے معنی میں مستعمل ہو رہا ہے تو اسکو **منقول** کہتے ہیں اگر ناقل عرف عام ہے تو اسکو منقول عرفی کہتے ہیں۔ جیسا کہ عربی میں لفظ دابہ واضع نے تو اسکو ہر ایک زمین پر چلنے والے کیلئے وضع کیا تھا مگر اب عرف عام میں وہ معنے چھوٹ گئے ان میں سے خاص گھوڑے خچر گدھے پر استعمال ہونے لگا اور اگر ناقل شرع ہے تو اس کو منقول شرعی کہتے ہیں جیسا کہ لفظ صلوٰۃ واضع نے خاص دعا کے لئے وضع کیا تھا۔ مگر شرع نے اسکو نماز کے لئے مخصوص کر لیا۔ اسیطرح زکوٰۃ۔ صوم۔ وغیرہ ہیں اور اگر ناقل کوئی گروہ خاص ہے تو اسکو منقول اصطلاحی کہتے ہیں جیسا کہ ہر ایک جماعت کے مصطلحات مثلاً مرفوع لغت میں بلند کو کہتے تھے۔ مگر نحویوں کے گروہ نے جسپر ضمہ ہو اسکے لئے مخصوص کر دیا۔

اور اگر پہلے معنے متروک نہیں ہوئے تو اول معنے میں اسکو **حقیقت**۔ اور

toobaa-elibrary.blogspot.com

دوسرے معنی میں **مجاز** کہتے ہیں جیسا کہ لفظ شیر واضع نے تو اسکو ایک درندے کے لئے وضع کیا ہے۔ مگر بہادر کو بھی شیر کہتے ہیں اور درندہ پر اسکا اطلاق حقیقی اور بہادر پر مجازی ہوگا۔ و لفظ اگر ایک معنی رکھتے ہیں تو ان کو **مترادف** اور جو جداگانہ معنی رکھتے ہیں تو ان کو **مبائن** کہتے ہیں۔ مترادف جیسا کہ مطر و غیث۔ دونوں کے معنی بارش کے ہیں۔ اسد و لیث دونوں کے معنی شیر کے ہیں۔ مبائن جیسا کہ حجر و شجر بر و بحر۔

کسی لفظ کو اس کے اصلی معنی چھوڑ کر دوسرے میں اطلاق کرنا بغیر کسی باہمی علاقہ کے درست نہیں۔ اسلئے اس قسم کے علماء نے پچیس علاقہ قرار دیئے ہیں۔ مشابہت۔ مسببت سببیت۔ کلیت۔ جزئیت لازمیہ۔ ملزومیت۔ تقیید۔ اطلاق۔ عموم۔ خصوص محاورۃ۔ اول الیہ۔ کون فیہ۔ حالیت۔ محلیت آلیت الشی بدلیت احدہما عن الاخر تضاد وغیرہ ان میں سے صرف ایک علاقہ مشابہت کے سبب اگر ایک لفظ دوسرے معنی میں استعمال ہوا ہے تو اسکو **استعارہ** کہتے ہیں باقی اور علاقات میں **مجاز مرسل** +

استعارہ بھی مجاز کی ایک قسم خاص ہے جسمیں علاقہ تشبیہ ہے۔ جیسا کہ شیر بول کر بہادر مراد لینا مجاز ہے کیلئے کہ دونوں کو شجاعت میں مشابہت ہے۔ اور جب کسی مقام پر لفظ کے حقیقی معنے درست نہ ہو سکیں۔ اور کوئی قرینہ حقیقی معنی سے مانع ہو جیسا کہ شیر لکھ رہا ہے۔ لکھ رہا ہے قرینہ ہے کہ شیر کے اصلی معنی مراد نہیں۔ تب کسی علاقہ کی وجہ سے مجاز قرار دیا جاوے گا اور بغیر قرینہ کے معنے مجازی ہرگز مراد نہ لیئے جائیں گے +

استعارہ میں دو چیزیں ہوتی ہیں اول مستعار وہ لفظ کہ جو دوسرے معنی کیلئے مانگ لیا گیا ہے۔ دوئم مستعار منہ کہ جس سے وہ لفظ مانگا گیا ہے یعنے اس کے اصلی معنے سے جو مشبہ بہ ہے۔ سوئم مستعار لہ جسکے لئے وہ لفظ مانگا گیا ہے۔

استعارہ اور اسکے اقسام

toobaa-elibrary.blogspot.com

یعنے مشبہ شیر رکھ رہا ہے۔ لفظ شیر مستعار اور مشبہ بزید یا کوئی جو اس سے مراد لیا گیا ہے مستعار لہٗ اور مشبہ جسکو ادعاءً شیر کا فرد بنایا گیا ہے معنی حقیقی مستعار منہ

غرض۔ اس سے کبھی خفی بات کا اظہار اور کبھی ظاہر کا ایضاح واشتہار یا مبالغہ ف ہوتی ہے اظہار خفی کی مثال وَاِنَّهٗ فِیْ اُمِّ الْکِتٰبِ۔ اصل کیجگہ اُم کا لفظ بطور استعارہ کے استعمال ہوا۔ اس مشابہت سے کہ جسطرح اصل سے فرع پیدا ہوتی ہے اسیطرح ماں سے اولاد پیدا ہوتی ہے۔ یہاں ایک غیر محسوس بات کو محسوس بنا کر دکھا دیا گیا ایضاح کی مثال واخفض لہما جناح الذل۔ مطلب اولاد کو ماں باپ کی اطاعت کا حکم دینا۔ اور حکم موکد کرنا ہے اسلئے اطاعت کرنہ کہا بلکہ اسکے آگے جھک جا کہا۔ جو اول سے موکد ہے۔ دوئم انسان کا جھکنا کسی جانب سے ہوا کرتا ہے۔ گردن شانہ وغیرہ سے اسکی جگہ جناح کا لفظ بطور استعارہ کے آیا۔ کیونکہ جناح پرند کے بازو کو کہتے ہیں۔ اور وہ باوجود طیران کے جب چاہتا ہے تو اپنا بازو بالکل زمین سے لگا دیتا ہے یعنے تو ماں باپ کے آگے زمین سے لگ جا۔ اسمیں ایضاح اور مبالغہ دونوں ہیں ✣

استعارہ کی مختلف اعتبارات سے بہت سی قسمیں ہیں لیکن ارکان ثلاثہ۔ مستعار۔ مستعار منہ۔ مستعار لہ۔ کے لحاظ سے **پانچ قسم** ہیں۔ (۱) ایک محسوس کا دوسرے محسوس کے لئے استعارہ۔ جیسا کہ اس آیت میں وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَیْبًا۔ (ترجمہ) بڑھاپے کا سر میں شعلہ بھڑک اٹھا۔ مستعار منہ آگ مستعار لہ بڑھاپا۔ مستعار لفظ اشتعل ہے اور وہ مشبہ آگ کی روشنی اور بڑھاپے کی سفیدی ہے۔ اور ہر ایک محسوس ہے وَتَرَکْنَا بَعْضَهُمْ یَوْمَئِذٍ یَّمُوْجُ فِیْ بَعْضٍ۔ کہ ہمنے اسدن انکو

ف مبالغہ سے مراد وہ مبالغہ نہیں جو عرف عقلاء میں ممنوع ہے جیسا کہ شعراء کے کلام میں ہوا کرتا ہے بلکہ ایک معنی کا زیادہ کرنا ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

ایک دوسرے میں موجیں مارتے چھوڑا۔ موج اصل میں پانی کی حرکت کو کہتے ہیں مگر اسروز قوم کی باہم دھکا پیل کو بطور استعارہ کے موج سے تعبیر کیا۔ کیونکہ دونوں میں وصف سرعت انتقال مشترک ہے یہ بھی محسوس ہے۔ وَالصُّبْحِ إِذَا تَنَفَّسَ ۔ قسم ہے صبح کی جبکہ وہ سانس لے۔ سانس کا رفتہ رفتہ لینا صبح کے ظہور کے لئے جو وہ بھی شیئاً فشیئاً ہوتا ہے۔ استعارہ کیا گیا اور ہر ایک محسوس ہے (۲) محسوس کا محسوس کے لئے استعارہ ہو اور مشابہت حسی نہو بلکہ عقلی ہو۔ جیسا کہ وَآيَةٌ لَّهُمُ اللَّيْلُ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ ۔ کہ ان کے لئے رات بھی ایک قدرت کا نمونہ ہے جسکی کمال اوتار کر ہم دن نکالتے ہیں۔ مستعار منہ سلخ یعنے کمال اتارنا اور مستعار لہ رات کی اندھیری میں سے روشنی روز کا نمودار ہونا اور وہ دونوں حسی ہیں اور دونوں میں امر مشابہ ایک چیز کے بعد دوسری کا ظہور اور ایک پر دوسری کا مرتب ہوتا ہی جیسا کہ رات سے دن کا ظہور اور کمال اتارنے سے گوشت کا ظہور امر عقلی ہے فَجَعَلْنَاهَا حَصِيدًا ۔ کہ ہمنے اوس بستی کو کٹا ہوا کھیت بنا دیا۔ حصید کٹی ہوئی نباتات اور بستی کی لوگوں کا مرے ہوئے پڑا ہونا جو مستعار و مستعار لہ ہیں حسی ہیں مگر ہلاکت جو دونوں میں مشترک ہے امر عقلی ہے (۳) ایک معقول کا دوسرے معقول کے لئے استعارہ اور مناسبت بھی عقلی ہو جیسا کہ مَنْ بَعَثَنَا مِن مَّرْقَدِنَا ۔ مستعار منہ خواب مستعار لہ موت۔ اور دونوں میں مشترک مشابہت افعال کا ظہور نہونا۔ ہر ایک عقلی ہے وَلَمَّا سَكَتَ عَن مُّوسَى الْغَضَبُ ۔ مستعار سکوت مستعار منہ ساکت مستعار لہ غضب اور ہر ایک عقلی ہے۔ (۴) محسوس کا معقول کے لئے استعارہ وجہ عقلی سے ہو جیسا کہ مَسَّتْهُمُ الْبَأْسَاءُ وَالضَّرَّاءُ ۔ مس یعنے چھونا جو اجسام کی ایک صفت محسوس ہے دکھ اور درد پانے کے لئے استعارہ کی گئی اور دونوں میں مشترک لحوق ہے اور وہ دونوں عقلی ہیں بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهُ کہ ہم حق کو باطل پر دے مارتے ہیں سو وہ حق اوس باطل کو توڑ پھوڑ دیتا ہے۔ قذف اور دمغ حسی ہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور حق و باطل عقلی۔ ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ اَيْنَمَا ثُقِفُوْٓا اِلَّا بِحَبْلٍ مِّنَ اللّٰهِ وَحَبْلٍ مِّنَ النَّاسِ۔ کہ یہود پر خدا کی طرف سے ذلت ڈالدی گئی ہے (یہہ بھی استعارہ ہے) وہ کہیں بھی بغیر رسّے (عہد) خدا اور آدمیوں کے رہ نہیں سکتے جبل رسّے کو کہتے ہیں اور یہہ ایک حسی چیز ہے مضبوطی و استحکام کی شرکت سے اس لفظ کا عہد کے لئے استعارہ ہوا ہے جو ایک امر غیر محسوس ہے۔ فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ۔ کہ اے پیغمبر جس بات کا آپ کو حکم دیا گیا ہے اسکا بھانڈا پھوڑ دو یعنے صاف صاف کہدو صدع اصل میں برتن یا شیشے کے پھوڑ توڑ دینے کو کہتے ہیں اور یہ ایک حسی چیز ہے اسکا کسی بات کے اظہار کرنے کے لئے استعارہ کیا گیا ہے اور یہ امر عقلی ہے اور تاثیر جو دونوں میں جامع ہے وہ بھی عقلی ہے۔ اب ایک تو یوں کہنا اور ایک یہ کہ جو کچھ آپ کو حکم دیا گیا ہے اسکو پہونچا دو۔ دونوں میں ایک زباں داں صاحب سلیقہ کے نزدیک بڑا فرق ہے۔ اسلیئے جب ایک عرب فصیح و بلیغ نے یہ آیت سنی تو وجد میں آکر زمین پر سجدہ کرنے کے لئے گر پڑا اور کہا میں اس متکلم کو سجدہ کرتا ہوں۔

اسیطرح ان آیات میں بھی محسوس کا معقول کے لئے استعارہ ہے اور جامع بھی عقلی ہے۔ يَخُوضُونَ فِي اٰيٰتِنَا خوض اصل میں پانی میں غوطہ لگانا مگر اس کلام میں عیب جوئی میں فکر کرنے کے لئے استعارہ کیا گیا ہے فَنَبَذُوْهُ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ کہ یہود نے توریت کو پس پشت پھینکدیا۔ نبذ پھینکنے کو جو امر حسی ہے بے پروائی اور عمل نکرنے کے لئے جو امر غیر محسوس ہے استعارہ کیا۔ اَفَمَنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى تَقْوٰى۔ يَبْغُوْنَهَا عِوَجًا۔ لِيُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ۔ فَجَعَلْنٰهُ هَبَآءً مَّنْثُوْرًا۔ فِيْ كُلِّ وَادٍ يَّهِيْمُوْنَ۔ وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُوْلَةً اِلٰى عُنُقِكَ۔ اور صدہا آیات اس قسم کے استعارات سے پر ہیں۔

(۵) ایک امر غیر محسوس کا محسوس کے لئے استعارہ کرنا اور جامع بھی غیر محسوس ہو

toobaa-elibrary.blogspot.com

جیسا کہ ان آیات میں۔ انا لما طغی الماء مستعار منہ بحر اور وہ غیر محسوس ہے اور مستعار لہ پانی کا جوش جو حسی ہے اور استعلاء جامع ہے جو غیر حسی ہے۔ کما قال تعالیٰ۔ وجعلنا ایۃ النہار مبصرۃ۔ من الایات۔

استعارہ کی ایک دوسرے اعتبار سے یہ بھی تقسیم ہے یا وہ اصلیہ ہے۔ اگر اسم جنس کا استعارہ کیا گیا ہے جیسا کہ پہلی مثالوں میں گزرا یا تبعیہ ہے اگر مشتقات اور فعل اور حروف کا استعارہ ان کے مشابہ دوسرے معنے کے لئے کیا گیا ہے حرف کا استعارہ فالتقطہ آل فرعون لیکون لہم عدوا وحزنا۔ کہ موسے کو فرعون کے خاندان نے (لو معترض صاحب اب تو آپ کی تسلی ہوئی بیوی کا نام نہیں خاندان کا ذکر ہے جسمیں بیٹی بھی داخل ہے) دریا میں بہتے ہوئے اوٹھا لیا تاکہ ان کے لیئے انجام کا دشمن اور رنج بنے۔ اور رنج بننے کے لئے نہیں اٹھایا تھا۔ بلکہ فرزندی کے لئے۔ مگر اس آیت میں ان کے اٹھانے پر جو عداوت و دشمنی مرتب ہوئی اسکو معلول کی علت پر مرتب ہونے کے ساتھ تشبیہ دیکر لیکون کے لام کا (جو شبہ میں علت کے لئے آیا کرتا ہے) استعارہ مشبہ کے لیے کیا گیا ہے اب آیت کے یہ معنی ہونگے تاکہ انجام کار ان کا دشمن اور رنج کا باعث ہو۔

صاحب مطول اسکو استعارہ بالکنایہ کہتے ہیں کہ دل میں مثلاً عداوت کو علت غائیہ سے تشبیہ دی گئی اور بجز مشبہ کے اور کچھ ذکر نہ کیا گیا اور اسپر مخصوصات مشبہ سے متنبہ کر دیا اور وہ لام تعلیل ہے ایک اور اعتبار سے استعارہ کی یوں تقسیم ہے۔ یا تو کوئی چیز بھی مناسبات مستعار لہ و مستعار منہ سے ذکر نہو تو اسکو استعارہ مطلقہ کہتے ہیں یا ذکر ہو۔ پھر اگر مستعار منہ کے مناسبات مذکور ہیں تو اسکو استعارہ مرشحہ کہتے ہیں۔ جیسا کہ اس آیت میں۔ اولئک الذین اشتروا الضلالۃ بالہدیٰ فما ربحت تجارتہم کہ گمراہوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی خریدی اور انکو اس تجارت میں نفع نہوا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اس مبادلہ کو تجارت سے استعارہ کیا اور تجارت کے مناسبات میں سے نفع و نقصان ہوتا ہے اسلئے نقصان کا ذکر کیا۔ یا مستعارلہ کے مناسبات ذکر کئے جائیں تب اسکو **استعارہ مجردہ** کہتے ہیں جیسا کہ فَأَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوعِ وَالْخَوْفِ۔ کہ اوس قریہ کو کہ جسنے خدا کی نعمتوں کا کفران کیا تھا خدا نے بھوک اور خوف کا لباس چکھایا۔ پہنایا نہ فرمایا۔ اگر یہ فرمایا جاتا تو ترشیح ہوجاتی۔ گو وہ بھی بلیغ ہے مگر ادراک بالذوق ادراک باللمس کو شامل ہے نہ عکس یعنے ادراک لمس ادراک ذوقی کو شامل نہیں۔ پس اذاقہ یعنے چکھانے میں شدت مصیبت کیطرف استعارہ جس خوبی سے ہوسکتا ہے وہ پہنانے میں نہیں ہوتا۔ اور چکھانے سے مراد پہونچانا ہے کیونکہ مصائب پر چکھانے کا اطلاق عرف عرب میں بطور حقیقت کے ہوا کرتا ہے کہتے ہیں ذاق فلاں البوس والضر کہ فلاں نے سختی کا مزا چکھا۔ بعض کہتے ہیں یہاں دو استعارہ ہیں ایک تصریحیہ ہے اور وہ یہ کہ انسان پر بھوک اور مصیبت میں جو کچھ حالت طاری ہوتی ہے اسکو لباس سے تشبیہ دیگئی ہے کہ جسطرح لباس ڈھانک لیتا ہے وہ حالت بھی ڈھانک لیتی ہے۔ دوسرا استعارہ مکنیہ ہے کہ جو کچھ اثر ضرر اور الم معلوم ہوتا ہے اسکو کڑوی چیز کے چکھنے سے تشبیہ دیگئی ہے اسلئے اوسپر لفظ ذوق کا اطلاق ہوا (مطول)

ایک اور تقسیم ہے۔ تحقیقیہ۔ تخیلیہ۔ ومکنیہ۔ وتصریحیہ۔ تحقیقیہ وہ ہے کہ جسکے معنے حساً معلوم ہوسکیں۔ جیسا کہ اذاقہا اللہ یا عقلاً جیسا کہ انزلنا الیکم نوراً اسی بیان واضحا اور اگر کسی چیز کو کسیکے ساتھ دلیل تشبیہ دی جائے اور سوائے مشبہ کے اور کچھ ذکر کیا جاوے تو اس تشبیہ مضمر کو **استعارہ بالکنایہ** اور **استعارہ مکنیہ** کہتے ہیں اور اس کے مقابلہ میں **استعارہ تصریحیہ** ہے اور خصوصیات مشبہ کا ذکر **استعارہ تخیلیہ** ہے۔ جیسا کہ اس آیت میں۔ يَنْقُضُونَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مِيثَاقِهِ

toobaa-elibrary.blogspot.com

عہد کو استحکام میں رسّے سے دلیل تشبیہ دی اور بجز عہد مشبہ کے ارکان تشبیہ میں سے کچھ بھی ذکر نکیا یہ تو استعارہ بالکنایہ ہوا اور رسّے پر دلالت کرنیوالا لفظ نقض ذکر کرنا استعارہ تخییلیہ ہوا۔ ہمارے محاورے میں جب کسی حسین کو کوئی عیب لاحق ہوجاتا ہے تو کہتے ہیں کہ چاند کو گہن لگ گیا۔ چاند کے ساتھ دلیل معشوق کو تشبیہ دینا استعارہ بالکنایہ ہے اور گہن لگنا خصوصیات مشبہ بہ یعنے چاند سے ہے آدمی کو گہن نہیں لگتا اس کا ذکر استعارہ تخییلیہ ہوا۔ اسیطرح اذاقھا اللہ لباس الجوع والخوف میں وہ حالت خوف وجوع جو لباس کی طرح بدن پر طاری ہوجاتی ہے اسکو تلخ چیز سے تشبیہ دی یہ استعارہ بالکنایہ ہوا۔ اور اذاقھا کا لفظ اسکے لئے تخیل ہوا۔

اسیطرح **وفاقیہ اور عنادیہ** بھی استعارہ کے اقسام میں اول وہ ہے کہ مستعار لہ اور مستعار منہ ایک چیز میں جمع ہوسکتے ہوں جیسا کہ اومن کان میتا فاحییناہ یہاں گمراہی کے لئے موت اور ہدایت کے لئے حیات کو استعارہ کیا ہے اور یہ دونوں وصف یکے بعد دیگر ایک شخص میں جمع ہوسکتے ہیں۔ دوئم وہ ہے کہ جمع نہوسکیں اور عنادیہ کے اقسام میں سے استعارہ تہکمیہ و تلمیحہ ہے وہ یہ کہ ایک لفظ کو اس کے خلاف معنی کے لئے استعارہ کیا جاوے جیسا کہ فبشرھم بعذاب۔ کیونکہ بشارت کا لفظ نعمت کے موقع پر استعمال ہوتا ہے۔ یہاں انکی تحقیر کے لئے بمقام عذاب اخبر کے معنی میں استعمال کیا گیا۔ استعارہ کی خوبی یہ ہے کہ الفاظ میں تشبیہ کی بو بھی نہ آئے اور دونوں میں مشابہت واضح بھی ہو۔ اگر کوئی لفظ بھی تشبیہ پر دلالت کرنے والا مذکور ہوگا تو وہ استعارہ تشبیہ گنا جائیگا۔

تشبیہ لغت میں ایک چیز کو دوسری سے مشابہت دینا **اصطلاح** علم بیان میں دو چیزوں کا باہمی ایک وصف خاص میں اشتراک ظاہر کرنا ہے۔ جیسا کہ شیر کا وصف خاص شجاعت اور آفتاب کا نور ہے۔ تشبیہ میں یہی قید ہے کہ

تشبیہ کے ارکان

toobaa-elibrary.blogspot.com

کہ وہ نہ استعارہ بالکنایہ کے طور پر ہو نہ تجرید کے طور پر ہو نہ استعارہ تحقیقیہ کے طور پر ہو ✣

تشبیہ میں چار چیزیں ہوتی ہیں (۱) مشبہ جسکو تشبیہ دیگئی (۲) مشبہ بہ جسکی ساتھ تشبیہ دیگئی (۳) ادات تشبیہ وہ کلمات جنکی ساتھ تشبیہ بیان کیجاتی ہے۔ عربی میں کاف کأن وغیرہ اُردو میں گویا۔ جیسا۔ وغیرہ۔ (۴) وجہ الشبہ وہ وصف خاص جسمیں تشبیہ دیگئی ہے جیساکہ زید کالاسد۔ زید شیر جیسا ہے۔ زید مشبہ۔ شیر مشبہ بہی۔ کاف اوات تشبیہ۔ شجاعت وجہ الشبہ جسمیں تشبیہ دیگئی ✣

تشبیہ کے اعتبارات مختلفہ سے بہت سے اقسام ہیں جنکے ذکر کی یہاں گنجایش نہیں علم بیان میں مشرح ہیں مگر مختصر آیہہ ہے کہ وجہ الشبہ یا واحد ہے یا مرکب ہے یا متعدد اور پہلے دونوں یا حسی ہیں یا غیر حسی اور تیسری حسی ہیں یا غیر حسی یا مختلف یہہ سات قسم پیدا ہوتی ہیں۔ اور ہر ایک صورت میں مشبہ اور مشبہ بہ یا حسی ہیں یا غیر حسی یا مختلف اٹھاسی قسمیں پیدا ہوتی ہیں لیکن جب وجہ الشبہ حسی میں یہ قید لگا دیجائے گی کہ مشبہ اور مشبہ بہ بھی حسی ہوں تو اس سے بارہ خارج ہوکر صرف ستّولہ باقی رہجائیں گی ✣

غرض تشبیہ سے اکثر تو مشبہ کیطرف عائد ہوتی ہے۔ کبھی اسکا ممکن الوقوع ہونا ثابت کیا جاتا ہے یا اوس کا حال بیان کرنا مقصود ہوتا ہے جیساکہ ایک کپڑے کو دوسرے سے سیاہی میں تشبیہ دیجائے یا اُس کے حال کی مقدار بیان کرنی مقصود ہوتی ہے قوت وضعف زیادتی کمی میں مثلاً کسی سیاہ چیز کو کالے کوّے سے تشبیہ دیجائے یا حال کی تقریر مقصود ہوتی ہے جیسا کسیکے کام کا کوئی نتیجہ برآمد نہوتا ہو اسکو پانی پر لکھنے سے تشبیہ دیجائے۔

ان چاروں صورتوں میں مشبہ بہ کا اوس وصف میں اکمل اور مشہور ہونا چاہیئے لیکن اسمیں بعض علما نے کلام کیا ہے جسکے محاکمہ کا یہ موقع نہیں۔ یا مشبہ کی خوبی بیان کرنی مقصود ہوتی ہے جیساکہ کسی حسین کے بالوں کو سیاہی میں مشک سے تشبیہ دیجائے۔ یا اسکی قباحت بیان کرنی مطلوب ہوتی ہے جیسا کسیکی آنکھ کو بلی کی آنکھ سے تشبیہ دیجائے یا مشبہ کی

toobaa-elibrary.blogspot.com

کوئی انوکھی اور نادر بات بیان کرنی مقصود ہوتی ہے اور کبھی مشبہ کیطرف عائد ہوتی ہے۔ اور اسکی دو ہی صورتیں ہیں (۱) یہ کہ مشبہ بہ کی فضیلت کا اظہار مقصود ہوتا ہے جیسا کہ تشبیہ مقلوب میں اور وہ ناقص چیز کو مشبہ بہ بنا کر کامل کو اس سے تشبیہ دیجائے جیسا کوئی چاند کو اپنے معشوق کے مونہہ سے تشبیہ دے مقصد یہ ہوتا ہے کہ معشوق کا چہرہ چاند سے زیادہ منور اور خوبصورت ہے (۲) زیادتی تو مقصود نہیں مگر کسی وجہ سے مشبہ بہ کی شان کا اہتمام مقصود ہے جیسا کوئی بھوکا کیسکے چہرہ کو نور میں چاند سے اور گولائی میں روٹی سے تشبیہ دے اور یہ ظاہر ہے کہ بھوکے کو روٹی کیطرف زیادہ اہتمام ہوتا ہے ۔

بلحاظ وجہ الشبہ تشبیہ کی تین قسم ہیں (۱) تمثیل وغیر تمثیل (۲) مجمل و مفصل (۳) قریب الفہم و بعید الفہم۔ اور ادات تشبیہ کے لحاظ سے تشبیہ کی دو قسم ہیں (۱) **موکد**۔ یہ وہ ہے کہ جسمیں ادات تشبیہ کاف وغیرہا محذوف ہوں جیسا کہ یہ آیت وہی تمر السحاب اسے مثل مر السحاب اور اس قسم میں سے یہ بھی ہے کہ مشبہ کو مشبہ بہ کیطرف مضاف کردیا جاوے ادات حذف کرنے کے بعد جیسا کہ ماہ طلعت۔ گلرو شمشاد قد۔ (۲) **مرسل** جسمیں ادات تشبیہ مذکور ہوں جیسا چاند سا مونہہ۔

اب قرآن مجید کی تشبیہات کو ملاحظہ فرمایئے کہ حسن و خوبی میں اعجاز کو پہونچ گئی ہیں۔ بعض علماء نے خاص اس فن میں کتابیں لکھی ہیں اور قرآن کی تشبیہات کا کمال کہا یا ہی نمونہ کیطور پر چند مثالیں بیان کرتا ہوں۔ مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي اسْتَوْقَدَ نَارًا ۔ أَوْ كَصَيِّبٍ مِنَ السَّمَاءِ فِيهِ ظُلُمَاتٌ وَرَعْدٌ وَبَرْقٌ ۔ اول تشبیہ مرکب ہے منافقوں کے حال کو ایک آگ روشن کرنے والے اور روشنی کے فوائد پاکر اس کے جلد گم ہوجانے اور اس شخص کے اندھیریوں میں حیران و پریشان رہجانے کے ساتھ تشبیہ دیگئی ہے اس تشبیہ کے جملہ اعتبارات مذکورہ کو ملاحظہ فرمائے کس خوبی کے ساتھ بلاغت کے سانچے میں ڈھالے گئے ہیں۔ دوسری میں ان کے حال کو ایسے لوگوں کے حال سے تشبیہ دی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

کہ جنہیں بارش اور گنگھور گھٹا چھائی ہو جسمیں کڑک اور چمک بھی ہو اور تو انکے دلوں میں بارش کے منافع کی خوشی بھری ہوئی ہے کہ جو ان کے رزق و روزی کا سامان ہے اور کڑک اور چمک سے دل لرز رہا ہے۔ کڑک کے مارے کانوں میں اونگلیاں ڈال رہے ہیں۔ کہ سنائی نہ دے چمک سے فائدہ بھی اٹھا رہے ہیں کہ اندھیریوں میں دو چار قدم رستہ بھی طے کرتے ہیں۔ مگر اس فائدہ کے ساتھ خوف بھی ہے کہ چمک سے آنکھیں چوندھیائی جارہی ہیں عجب حال ہے۔ دونوں تشبیہوں میں کہ مشبہ بہ پر داخل ہے اول میں مذکور پر دوسرے میں مقدر پر جو زور ہے بمشبہ منافقوں کا حال مشبہ بہ گھٹا ئیں جنمیں کڑک اور چمک ہے۔

یاایھا الذین امنوا کونوا انصار اللہ کما قال عیسے بن مریم للحواریین من انصاری الی اللہ قال الحواریون نحن انصار اللہ۔ یہاں مسلمانوں کو انصار اللہ ہو جانے کی تشبیہ دی ہے اور مشبہ بہ حواریوں کا مجرد حضرت عیسے علیہ السلام کے فرمانے سے حواریوں کا انصار اللہ ہو جانے کا اقرار کرنا ہے چونکہ مشبہ بھی مجموعہ ہے اسلئے مجموعہ پر کاف تشبیہ کما قال الخ وارد ہوا۔ اور یہ کمال بلاغت ہے مثل الذین حملوا التورٰۃ ثم لم یحملوھا کمثل الحمار یحمل اسفارا۔ یہود کو جو حامل توریت اور اس کے عامل نہیں گدھے سے تشبیہ دی ہے جس پر کتابیں لدی ہوں مشبہ ایک قوم کا حال جو مقید ہے بعدم العمل مشبہ بہ گدھا جو مقید ہے بحمل اسفار۔ وجہ الشبہ عدم انتفاع جو دونوں میں مشترک ہے عقلی ہے اور تشبیہ بیان حال کے لئے واقع ہوئی ہے اسلئے مشبہ بہ میں عدم انتفاع اتم اور اس صفت میں اشہر بھی ہے اور کاف تشبیہ مشبہ بہ مرکب سے ملا ہوا ہے واضرب لھم مثل الحیوٰۃ الدنیا کماء انزلنٰہ من السماء فاختلط بہ نبات الارض فاصبح ھشیما تذروہ الریاح۔ مشبہ دنیا کی زندگانی مشبہ بہ وہ نباتات جو آسمانی پانی سے اوگتی ہیں دونوں مرکب وجہ الشبہ بھی مرکب وہ دنیا کی بہار اور پھر اوس کا جلد زوال پذیر ہو جانا اسیطرح نباتات کی تازگی اور انکا جلد فنا پذیر ہو جانا۔ یہاں بھی کاف مشبہ پر داخل

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہوا ہے۔ دونوں مشبہ اور مشبہ بہ کے مفردات میں بھی مشابہت ہے۔ آسمانی پانی کو انسانی منی سے تشبیہ ہے مرد کو بالا رہنے کے سبب آسمان سے مادہ کو زیر رہنے کے سبب زمین سے پیدا ہونے والے بچے کو نباتات سے۔ انسان بلکہ دیگر حیوانات کے شباب کو نباتات کی بہار اور نمو کامل سے۔ ان کے بڑھاپے کو نباتات کے زرد پڑ جانے سے۔ حیوانات کی موت کو نباتات کے زمین پر سے اوکھڑ جانے سے مرنیکے بعد حیوانات کے اجزا جسم بوسیدہ ہوکر ہواؤں میں اُڑتے پھرنے کو نباتات کے چورا چورا ہوکر ہواؤں میں اوڑتے پھرنے سے مشابہت ہے +

تمثیل اصطلاح میں اوس مجاز مرکب کو کہتے ہیں کہ جسمیں استعارہ ہو۔ اور اسکو تمثیل علے سبیل الاستعارہ کہتے ہیں۔ کسلئے کہ وجہ شبہ امور متعددہ سے منتزع کرکے مشبہ بہ کا ذکر کیا جاتا ہے اور مراد مشبہ ہوتا ہے۔ جیساکہ متردد ہو اور اسکو کہیں تم تو ایک پاؤں آگے اور دوسرا پیچھے رکھتے ہو۔ متردد کیحالت کو بطور مبالغہ کے اوس شخص کے حال سے تشبیہ دیگئی ہے کہ جو جانے میں تردد کرتا ہے ایک پاؤں آگے رکھکر دوسرا پیچھے ہٹا لیتا ہے۔ اور کبھی اسکو مطلقاً تمثیل کہا کرتے ہیں۔ اور جب اس مجاز مرکب کا بطریق استعارہ کے زیادہ اہل زبان میں استعمال ہو جاتا ہے (اور اسمیں کوئی انوکھی بات بھی ہوتی ہے) تو اسکو **مثل** کہتے ہیں۔ جسکی جمع امثال آتی ہے۔ اور اُردو میں اسکو **کہاوت** کہتے ہیں۔ مثل میں کوئی تغیر کرنا جائز نہیں جسطرح اس کا استعمال ہوا اوسیطرح ذکر کرنا چاہیئے اور جس کے لئے وہ مثل بنی ہے (جسکو مضرب کہتے ہیں) اسکیطرف التفات نہیں کیا جاتا خواہ وہ مرد کے لئے بنی تھی یا عورت کے لئے خواہ ایک کے لئے یا دو کے لئے یا جمع کے لئے۔

کنایہ لغت میں مصدر ہے کہتے ہیں کنیت بکذا عن کذا او کنوت اذا ترکت التصریح یعنے صراحت کی کوئی بات کہدینا اور اصطلاح میں ایک لفظ بولکر اسکے

toobaa-elibrary.blogspot.com

معنے کا لازم مراد لینا جہاں معنے اصلی کا مراد لینا بھی ممکن ہو مفتاح میں ہے کہ کلمہ کے یا تو صرف اصلی معنی مراد لیئے جاتے ہیں یا غیر اصلی یا دونوں اول صورت میں حقیقت ہے دوسری میں مجاز تیسری میں کنایہ۔ سکاکی نے کنایہ اور مجاز میں یہ فرق کیا ہے کہ کنایہ میں لازم سے ملزوم کیطرف جاتے ہیں جیسا کہ لمبے کرتے والا۔ بولکر طویل القامت مراد لیا جائے طویل القامت ملزوم لیا کرتا لازم اور مجاز میں ملزوم سے لازم کیطرف جاتے ہیں جیسا کہ شیر بولکر جو ملزوم ہے شجاعت سمجھیں جو لازم ہے۔ مگر اسپر صاحب تلخیص نے اعتراض کیا ہے ؛

کنایہ کی تین قسم ہیں (۱) یہ کہ اوس سے نہ کوئی صفت مقصود ہو نہ نسبت بلکہ صرف مکنی عنہ کی ذات پر کبھی ایک صفت مخصوص ذکر کرکے مکنی عنہ کی تعین ہوتی ہے۔ جیسا کوئی شخص کسی ایک وصف میں مشہور ہو اور وہی ذکر کیا جاوے تاکہ وہ موصوف سمجھا جاوے اور کبھی چند صفات سے موصوف معین کیا جاوے جیسا کہ اس آیت میں فاکتبھا للنبی الامی الذی یجدونہ مکتوبا عندھم فی التوراۃ والانجیل یامرھم بالمعروف وینھاھم عن المنکر الایہ مقصود ان اوصاف سے آنحضرت صلعم ہیں اور لطف اسطرح کے کنایہ میں یہ ہوتا ہے کہ ان عمدہ صفات کو مکنی عنہ میں ثابت کرکے جنکا مخاطب بھی انکار نہیں کرسکتا بطور برہان مکنی عنہ بتایا جاتا ہے یہ بات ان کے نام لے دینے میں حاصل نہیں ہوتی۔ (۲) یہ کہ اسکی کوئی صفت بیان کرنا مقصود ہوتا ہے جیسا کہ طول قامت شجاعت وغیرہ پھر اسکی بھی دو قسم ہیں اول کنایہ **قریبہ** کہ بغیر وسائط کے موصوف کیطرف ذہن منتقل ہوجائے پھر اسکی دو قسم ہیں ایک واضحہ کہ بلا تامل ذہن منتقل ہوجائے دوئم یہ کہ بتامل منتقل ہو اسکو خفیہ کہتے ہیں دوئم **بعیدہ** کہ وسائط کثیرہ کے ذریعہ سے ذہن منتقل ہو جیسا کہ کثیر الرماد یعنے بہت راکھ والا بولکر اسکی سخاوت سمجھی جاوے کس لئے راکھ کی کثرت سے اول ذہن بہت لکڑیاں جلنے کیطرف منتقل ہوتا ہے پھر اوس سے

toobaa-elibrary.blogspot.com

بہت کہانا پکنے کیطرف پہر اوس سے بہت مہمانوں کیطرف۔ پہر اوس سے مہمان نوازی اور سخاوت کیطرف جن استعارات وکنایات میں بہت مشکل سے مراد کیطرف ذہن منتقل ہو۔ وہ بلاغت کی شان سے بعید ہیں انکو **لغز** (جسکی جمع الغاز آتی ہے) اور **معما** کہتے ہیں جنکا استعمال کبھی کبھی مصلحت سے بلیغ وفصیح بھی کیا کرتے ہیں (۳) اوس کنایہ سے کوئی نسبت مقصود ہوتی ہے یعنے کسی چیز کا اثبات یا اسکی نفی۔

سکاکی کہتے ہیں کہ کنایہ جب عرضیہ ہو تو اسکو **تعریض** کہنا مناسب ہے۔ صاحب کشاف کہتے ہیں کہ تعریض یہ ہے کہ کسی کلام سے ایسی بات پیدا کیجائے جو مذکور نہو جیسا کوئی حاجتمند کسی سے کہے کہ میں آپ کو سلام کرنے آیا ہوں جس سے طلب حاجت مقصود ہو جو کلام میں مذکور نہیں۔ اور جب کنایہ میں وسائط کثیرہ ہوں تب اس کو **تلویح** کہنا چاہیئے۔ تلویح میں غیر کیطرف دور سے اشارہ ہوتا ہے۔ اور جب لازم و ملزوم میں خفاء ہو اور وسائط بھی کم ہوں تب **رمز** کہنا چاہیئے۔ اسمیں کسی قریب کیطرف مخفی اشارہ ہوتا ہے اور وسائط کم ہونے کی صورت میں اگر لازم وملزوم میں خفاء نہو تب اسکو **ایماء** اور **اشارہ** کہنا چاہیئے ✣

اب ہم دکھاتے ہیں کہ قرآن میں بلاغت کے لئے۔ مجاز۔ تشبیہ۔ استعارہ۔ کنایہ کا کس کس خوبی کے ساتھ استعمال ہوا ہے ✣

واضح ہو کہ مجاز واستعارہ وکنایہ جس طرح مفردات میں ہوتا ہے اسیطرح مرکبات میں بھی اور حروف وآوات کلام میں بھی۔ کبھی ایک کلمہ کے اعرابی تغیر پر بھی مجاز کا اطلاق ہوتا ہے خواہ وہ تغیر کسی لفظ کے حذف کرنے سے پیدا ہوا ہو یا زیادہ کردینے سے جیسا کہ جاء ربک واسئل القریۃ۔ لیس کمثلہ شئے پہلی صورت میں جاء امر ربک تہا اوس آنے والے واقعہ کی عظمت بتانے کیلئے امر کو حذف کرکے اس مجیئت کو خدا کی طرف اسناد کردیا۔ دوسری صورت میں واسئل اہل القریۃ

toobaa-elibrary.blogspot.com

تھا مگر یہ بات بتانے کے لئے کہ ان برباد شدہ گاؤں کے اب اہل اور بسنے والے کہاں ہیں جو کوئی ان سے انکے گزشتہ عبرتناک واردات پوچھے اہل کے لفظ کو حذف کر کے یہ بتادیا کہ ان اجڑی ہوئی بستیوں ہی سے پوچھو کہ وہ زبان حال سے کیا جواب دیتی ہیں۔ تیسری صورت میں لیس مثلہ شئی۔ تھا مگر مماثلت۔ خالق و مخلوق کی نفی بتاکید کرنی مقصود تھی کنایہ کے طور پر لفظ کمثلہ بھیر ادیا۔ بولتے ہیں مثلک لایبخل کہ آپ جیسا شخص بخل نہیں کیا کرتا۔ مراد اسکی ذات ہوتی ہے کہ آپ بخل نہیں کیا کرتے۔ اس طرح سے تعبیر کرتے ہیں بخل کی نفی زیادہ ہو جاتی ہے۔ کسلئے کہ الکنایۃ ابلغ من الصراحۃ فصحاء کا مشہور و مسلم مقولہ ہے۔ اسطرح بل یداہ مبسوطتان میں اسکا جود مقصود ہے کسلئے۔ کہ عرف میں سخی جو کچھ دیتا ہے ہاتھوں سے دیتا ہے اسلئے فراخدستی ثروت وجود سے کنایہ ہے اور تنگدستی افلاس اور بخل سے اصلی معنی کیطرف ایسے الفاظ میں التفات بھی نہیں ہوا کرتا کیونکہ افلاس اور بخل پر خواہ کیسے کتنے ہی لمبے چوڑے ہاتھ ہوں کچھ بھی باعث مدح نہیں ہو سکتے +

(۱) خدا نے اپنی ذات و صفات کے بیان میں بھی استعارہ اور کنایہ سے کام لیا ہے کسلئے کہ جس کا نہ کوئی مثل ہو نہ وہ ممکنات کے سلسلہ میں داخل ہو نہ وہ محسوس ہو۔ نہ ادراک خیالی اس تک پہونچ سکتا ہو نہ طائر وہم وہاں تک پرواز کر سکتا ہو۔ اس کی ذات و صفات کی بندوں کے سامنے تصویر کھینچی جائے تو بندے بغیر استعارہ و کنایہ کے سمجھ نہ سکیں الرحمن علی العرش استوی۔ ثم استوی علی العرش و یحمل عرش ربک فوقہم یومئذ ثمانیۃ ۝ یہ سب کنایات ہیں۔ ان سے یہ لفظی معنے سمجھ لینا کہ در اصل خدا ایک لکڑی یا سونے کے تخت پر جسکو آٹھ فرشتے اٹھائے ہوئے ہیں ایسا ہی بیٹھا ہے کہ جسطرح بادشاہ بیٹھے ہوتے ہیں ایک بڑی غلطی ہے کیونکہ ان معنوں کی آیات تنزیہ لیس کمثلہ شئی۔ وغیرہا نفی کر رہی ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

کسلئے کہ ان معنی سے اسکی جسمیت اور جہت اور دیگر مثلث مخلوق کے ساتھ ثابت ہوتی ہے جنسے وہ خود اپنی پاکی ظاہر فرماتا ہے۔ پھر یہ معنی لیکر قرآن پر اعتراض کرنا اور بھی غلطی ہے مفسرین نے جیسا کہ امام رازی وصاحب کشاف ہیں ان معنے کا صاف انکار کر دیا ہے بلکہ یہ مراد ہے کہ اسکو اپنی مخلوق پر ایسا قبضہ وتصرف ہے کہ جیسا کسی بادشاہ تخت نشین کو ہوتا ہے کہ جسکے تخت کو آٹھ نے اٹھایا ہو۔ ہر تخت کو چار پائے اٹھائے ہوتے ہیں مگر اسکا تخت اسنے بھی زیادہ عظیم الشان ہے کہ اسکے آٹھ پائے ہیں بلکہ اوروں کے تخت کو چار چار شخص اٹھاتے ہیں تو اس کے تخت کو آٹھ۔ آٹھ کے لفظ کا ابہام اس عظمت کو ثابت کر رہا ہے جسمیں آٹھ سو آٹھ ہزار آٹھ لاکھ آٹھ کروڑ آٹھ ارب آٹھ پدم پھر آٹھ فرشتے یا آٹھ جہات چار سفلی یعنے دنیاوی چار آسمانی سب کیطرف اشارہ ہو دنیا کے بڑے بڑے بادشاہ کے تخت کا قیام دنیا کی چار جہات مشرق مغرب جنوب شمال۔ کی وسعت حکومت پر ہوتا ہے۔ مگر اس کے تخت حکومت کا اس سے بھی دو چند جہات پر ہے اور قیامت کے روز جب وہ تخت عدالت پر جلوس فرمائے گا اوس شان وشوکت سے ظہور کرے گا۔

سیطرح ید بمعنی دست۔ وجہہ بمعنی چہرہ ساق بمعنی پنڈلی۔ قبضہ داہنا ہاتھ۔ والارض قبضتہ والسماء مطویات بیمینہ یوم یکشف عن ساق۔ ویبقی وجہ ربک۔ سب کنایات اور استعارات ہیں۔ جنکے معنے اسکی ذات اور اسکا قبضۂ قدرت ہیں۔

ف۔ علماء اسلام کے متقدمین نے بھی ان الفاظ کے وہ معنی مراد نہیں لئے ہیں جو اسکی تقدیس کے خلاف ہوں بلکہ یہ کہدیا ہے کہ ان الفاظ پر ہمارا ایمان ہے یہ متشابہات میں سے ہیں جنکا علم اسیکو ہے تاویل کی کوئی ضرورت نہیں ان کے جو کچھ معنے علم الٰہی میں ہیں انکا انکار کرنا ممنوع ہے متاخرین نے جبکہ اوہام عوام خلاف تقدیس لفظی معنے کیطرف جانے لگے تو ان کنایات کے مرادی معنی بیان فرمادیئے علماء کلام کے محققین اسیطرف گئے ہیں امام رازی وغیرہ ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۳) اسیطرح ملائکہ خصوصاً جبرئیل وغیرہ عالم مجردات کی اشیاء کے حالات بیان کرنے میں بھی استعارات وکنایات کا استعمال ہوا ہے۔ انکے لئے جو دو دو اور تین تین۔ اور چار چار بازو بیان فرمائے ہیں۔ جَاعِلِ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا اُولِيْٓ اَجْنِحَةٍ مَّثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ۭ يَزِيْدُ فِي الْخَلْقِ مَا يَشَاۗءُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ خود قرینہ رسالت بتا رہا ہے کہ اس سے انکی قوت وسرعت سیر مراد ہے جو پیغام واحکام رسانی اور قضاء وقدر کے احکام کی تنفیذ کے لئے ضروری ہے۔ اب اس سے یہ سمجھ لینا کہ دراصل وہ چیل۔ کوؤں کی مانند پرند ہیں ان کے چونچ پنجے بھی ہیں اور جبرئیل تو ایک بہت بڑے پرند ہیں جنکے چھ سو بازو بتائے گئے ہیں ایک صریح غلط فہمی ہے اور اسپر اعتراض اور ہنسی سفاہت ہے۔ کسی[۱] مخالف کو حق نہیں کہ وہ قرآن میں سے استعارہ ومجاز وکنایہ کو نکالکر آپ اپنی طرف سے کوئی معنی اعتراض جمانے کے لئے پیدا کرے۔

(۴) اسیطرح جہاں کہیں قرآن میں تفضیل کا انتساب اپنی ذات مقدسہ کیطرف کیا ہے کہ وہ جسکو چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور فلاں کو گمراہ کر دیا۔ اور ان کے دلوں پر مہر کر دی اور ان کی آنکھوں پر پردا ڈال دیا یہ سب مجازات میں مسبب بولکر سبب مراد لیے گئے ہیں کہ خدا جو کل مخلوق جواہر واعراض کا خالق ہے اسنے اسباب ضلالت بھی پیدا کر دیئے جنکو وہ استعمال میں لاکر گمراہ ہوئے اور انکی آنکھوں پر پردے پڑ گئے دلوں پر گمراہی کی

[۱] فرقہ آریہ کے بانی نے اپنی کتاب ستیارتھ پر کاش وغیرہ میں مجاز وغیرہ تسلیم کر لیا ہے اور وہ کیونکر تسلیم نہ کرتے انہوں نے تو ویدوں کے تمام وانع دھبوں کو تاویلات رکیکہ کے ہی پانی سے دھونا چاہا ہے ان تاویلات کی بنیاد کاش استعارہ وکنایہ مجاز پر ہوتی اور وہ ان چیزوں کو جہاں انہوں نے ویدوں کے مطالب کو بدلا ہے دکھاتے اور زبان دانوں سے ثابت کر دیتے تو ایک بات تھی مگر وہ ایسا کر نہیں سکتے تھے۔ مخالفوں کا منہ بند کرنیکے لئے یہ تو کہدیا کہ سیاق وسباق کے ملانیسے جس کلام کے معنی اس کلام کے ماننے والے بیان کرتے ہوں اسکے خلاف معنی پیدا کرنے کا مخالف کو حق نہیں مگر ان کے مریدوں کو ہے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

مہر ہوگئی۔ انکی ان اسباب کو باختیار خود عمل میں لانے کی مذمت بیان کرنے کے لئے ان کے مسبب ضلالت وغیرہ کو اپنی طرف اسناد کیا۔ اور اسباب ضلالت اس عالم امتحان و اختیار میں پیدا کرنا اوس قدوس کے لئے کوئی بھی عیب اور نقص نہیں۔ مجاز کو چھوڑ کر حقیقی معنے لیکر قرآن پر الزام لگانا ایک سخت کوڑ مغزی ہے ؛

(۴) اسیطرح احکام سعادت کی ترغیب دلانے کے لئے بھی قرآن میں استعارہ و کنایہ کا استعمال ہوا ہے جیسا کہ من ذا الذی یقرض اللہ قرضاً حسناً۔ واقرضوا اللہ قرضاً حسناً ۝ کہ خدا کو قرض حسن دو۔ قرآن کی دیگر آیات لہ ما فی السماوات والارض۔ واللہ الغنی وانتم الفقراء۔ کہ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اسکا ہے اور تم فقیر ہو اللہ ہی غنی ہے وللہ خزائن السماوات والارض۔ اور اللہ ہی کے لئے ہیں آسمانوں اور زمین کے خزانے۔ اس معنی حقیقی سے کہ دراصل خدا محتاج ہے بندوں سے قرض مانگتا ہے۔ دوگنے چوگنے دینے کا وعدہ کرتا ہے۔ مانع آرہی ہیں اور یہ ایک قرینہ صارفہ ہے۔ بلکہ بندوں کے لئے استحکام اجر کے لئے لفظ قرض سے استعارہ کیا گیا ہے یعنی جیسا کسی معتبر کو قرض دینے میں مع منافع واپس آنے کا اطمینان ہوتا ہے اسیطرح خدا کی راہ میں صرف کرنے پر دنیا اور دار آخرت میں اصل اور نفع کثیر حاصل ہونے کا اطمینان خدا پرست کو دلایا جاتا ہے۔ اس وجہ الشبہ سے لفظ قرض انفقوا کے لئے استعارہ کیا گیا اب اسکے حقیقی معنی پر پکڑ اوڑانا ایک سخت سفیہانہ حرکت ہے۔

(۵) اسیطرح برے اعمال کی جزا کو تہدیداً بر سبیل مشاکلت کبھی انہیں الفاظ سے تعبیر کیا ہے کہ جن سے ان کے اعمال بد تعبیر کیئے گئے۔ اور یہ فصیح و بلیغ لوگوں کا عام محاورہ ہے۔ فارسی میں بھی ہے۔ سعدی فرماتے ہیں ؎ بدی را بدی سہل باشد جزا۔ حالانکہ بدی کی جزا بدی نہیں ہوتی مگر بر سبیل مشاکلت اوسپر بھی بدی کا لفظ اطلاق ہوا اردو میں بھی کہتے ہیں بدی کا بدلہ بد ہے قرآن نے بھی اسی بلاغت کی رعایت سے

toobaa-elibrary.blogspot.com

اعمال بد کی جزا پر انہیں اعمال بد کا اطلاق کیا ہے جیسا کہ مَکَرُوْا وَمَکَرَ اللّٰہُ وَاللّٰہُ خَیْرُ الْمَاکِرِیْنَ۔ کہ انہوں نے مکر کیا اللہ نے بھی ان سے مکر کیا یعنے مکر کی جزا دی اور اللہ بہت بڑا مکر کرنیوالا ہے۔ یعنے مکر کی بڑی جزا دینے والا ہے۔ اَللّٰہُ یَسْتَہْزِئُ بِہِمْ اللہ بھی انسے دل لگی کرتا ہے یعنے وہ جو خدا کی باتوں پر تمسخر کرتے ہیں خدا ان کو اُن کے تمسخر کی سزا دے رہا ہے وَیَکِیْدُوْنَ کَیْدًا وَاَکِیْدُ کَیْدًا۔ کہ وہ دا اور فریب کر رہے ہیں میں بھی انکے فریبوں کی جزا دے رہا ہوں۔ اب اس استعارہ یا مجاز کو جسمیں صنعت مشاکلت ہے جو بلغا میں قابل قدر ہے حقیقت پر محمول کر کے۔ قرآن پر الزام لگانا اور قرآنی خدا کو فریبی مکار مسخرہ کہنا۔ اگر ایک سفاہت نہیں تو اور کیا ہے؟ یہ ہیں فرقہ آریہ کے وہ بڑے اعتراض جنکو وہ اپنی آبائی تہذیب اور قومی اور ملکی شرافت سے کن کن فحش اور بیہودہ الفاظ میں اسلام اور قرآن پر وارد کیا کرتے ہیں۔

واضح ہو کہ تصریح چھوڑ کر کنایہ تعریض کرنے کے چند اسباب ہوتے ہیں (۱) یہ کہ وہاں تصریح خلاف تہذیب ہوتی ہے اسلئے جماع کو لمس سے تعبیر کیا لامستم النساء کہ اگر عورت کو چھوؤ یعنے جماع کرو۔ اسیطرح پاخانہ کو غائط سے تعبیر کیا (غائط مکان مطمئن)

ف سیات بھی خدا ہی کے پیدا کئے ہوئے ہیں اور یہ اس کے لئے کوئی عیب نہیں اب جو کوئی نادان باوجود مالعنت کے سنکیا کہائے تو اسکی سرکشی کی قباحت بیان کرنے کے لئے یہ کہدینا کہ خدا نے اسکو کہلا دیا اسکا نوشتہ ازلی اس بدنصیب پر غالب آگیا کوئی عیب نہیں اس سے یہ سمجھ لینا کہ خدا سنکیا کہلاتا ہے اور آپ ہی کہانے سے منع بھی کرتا ہے روکنے کے لئے کتابیں اور انبیا بھی بھیجتا ہے عجیب بات ہے نہایت بدفہمی ہے اسمیں شبہ نہیں کہ خدا علیم وخبیر ہے اسکو مخلوق کے پیدا کرنے سے پہلے بھی علم تھا کہ یہ ایسی ہوگی اور ایسا ایسا ظہور میں آئیگا۔ اب اسکا یہ علم ازلی جسکو تقدیر اور نوشتہ کہتے ہیں بندوں کے اختیار و قدرت کو جسقدر اسنے ان کے افعال ارادیہ کے لئے عطا کیا ہے کچھ بھی منافی نہیں ان کے اختیار کو باطل کرتا ہے نہ انکی قدرت میں فرق لاتا ہے۔ دنیا میں کتابیں نازل فرمانا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہمارے محاورے میں اگر کوئی یوں کہے کہ بگڑنے گیا تو برا معلوم ہوتا ہے برخلاف اس کے یہ کہنا کہ بیت الخلاء گیا ایک مہذب کلام ہے ان باتوں کی قرآن میں بہت رعایت ہے اسیطرح حضرت مریم کی عصمت کو پاکدامنی سے تعبیر کیا۔ احصنت فرجہا۔ فرج چاک دامنی و گریبان یعنے اپنے دامن کو مستحکم و مضبوط رکھا مگر مراد ستر خاص ہے۔ اسیطرح فنفخنا فیہا من روحنا ہے جس سے مراد یہ ہے کہ جبرئیل نے انکے گریبان میں پھونکدیا تھا ستر خاص مراد نہیں جسکو نہایت بے تہذیبی تھی۔ (اتقان)۔

(۲) کسیکی پردہ پوشی کرنا مقصود ہوتا ہے نام لے دینے میں کسیکا عیب ظاہر ہوجاتا ہے اسلئے قرآن میں اصحاب دین کا نام نہیں لیا گیا صرف ان کے صفات ذمیمہ ذکر فرمائے تاکہ سمجھنے والے سمجھ جائیں اور ان کی رسوائی نہو کا فروں۔ منافقوں سے کنایہ ہی میں خطاب ہوا ہے اسلئے مفسرین ان کے نام بتانے میں مختلف الاقوال ہوجاتے ہیں۔

(۳) کبھی کسیکے صفات حمیدہ کا اظہار مقصود ہوتا ہے اسلئے ان کے صفات حمیدہ مذکور ہوتے ہیں نام نہیں لیا جاتا جیسا کہ دین میں جانبازی کرنے والوں صحابہ و اہل بیت کے محامد بیان کرنے میں کیا گیا جس سے انصار و مہاجرین مراد ہیں۔

(۴) کبھی تصریح میں مخاطب کی رنجیدگی کا خوف ہوتا ہے اسلئے کنایہ و تعریض سے کام لیا جاتا ہے جیسا کہ مالی لا اعبد الذی فطرنی میں ذکر تو اپنا کیا کہ مجھے کیا ہوا کہ میں اسکی عبادت نکروں کہ جسنے مجھے بنایا اور مراد اس سے مخاطب ہیں کہ تم کیوں اس کے عبادت نہیں کرتے جسکی طرف والیہ ترجعون میں اشارہ کردیا کہ تم سب کو اسکے پاس جانا ہے

(بقیہ نوٹ صفحہ ۴۵۲) انبیاء علیہم السلام جیسا جو اسکی سراسر رحمت ہے بندوں کو خداداد اختیار اور قدرت ہی پر مبنی ہے پھر جس بات کو کتاب اور نبی بندے کے حق میں بھی جانکر منع کرے اور وہ بندہ اوس سے منع ہوجانیکی قدرت بھی رکھتا ہو۔ اور پھر یہ نصیب بازی سے وہی منکیا کہائی تو اب اسکی اس سرکشی کو بطور حسرت افسوس کے یہ کہنا کہ خدا ہی نے اسکو منکیا کہلائی خدا ہی اسکی آنکھوں پر پردا ڈالدیا لجاجہ اسباب پیدا کرنے کی کوئی بھی عیب نہیں ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

پہر اس آیت میں اپنر تعریض ہے اتخذا من دونہ الہۃ الا یہ کہ کیا میں خدا کے سوا کوئی اور معبود بنالوں کہ جو اللہ مجھے ضرر دینا چاہے تو وہ معبود کچھہ کام بھی نہ آسکے یعنی تمنے ایسی چیزوں کو معبود بنا رکھا ہے اور اس آیت میں لئن اشرکت لیحبطن عملک الا یہ خطاب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کیطرف اور مراد اور لوگ ہیں تاکہ شرک کی قباحت اور اسکے نتیجۂ بد سے وہ متاثر ہوں۔

ایسے ہی مواقع پر توریہ و ایہام سے کام لیا جاتا ہے کہ ذو معنی بات کہدیجاتی ہے جیساکہ سیدنا ابراہیم علیہ السلام نے بتوں کو توڑ ڈالا اور بڑے بت کو رہنے دیا اور جب قوم نے پوچھا تو کہدیا فعلہ کبیرہم۔ کہ یہ کام ان کے بڑے نے کیا ہے جس سے بڑے بت اور سب سے بڑے خدا تعالی دونوں کیطرف اشارہ ہوسکتا ہے اور اس میں اپنر تعریض تہی کہ ان بتوں سے برتر ایک اور ذات مقدسہ ہے جو اپنر قادر ہے اسکو نہ پوجنا عین حماقت ہے اسیطرح انی سقیم میں بھی توریہ تہا کہ میں بیمار ہوں تمہاری ساتھ نہیں جاسکتا اور یہ بھی کہ تمہاری بیہودہ باتوں سے میرا دل بیمار ہے۔ اسیطرح مصری چہار بادشاہ کے جواب میں اپنی بیوی سارا کو بہن کہنا بھی توریہ تہا کیونکہ وہ ان کے چچا کی بیٹی بھی تہیں۔ اسیطرح آفتاب ماہتاب کو قوم کے سامنے یہ کہدینا کہ ہذا ربی۔ یہ میرا خدا ہے۔ مخاطبوں پر تعریض تہی کہ یہ طلوع و غروب کرنے والی چیز جنکو تم پوجتے ہو (کیونکہ صابی انکو بھی پوجا کرتے تہے) میرا خدا نہیں بلکہ تمہارا معبود ہے جیساکہ ہمارے محاورہ میں کسی حقیر شخص کو کہ جسکو مخاطب بادشاہ خیال کرتا ہو کہا جائے کہ یہ میرا بادشاہ ہے یعنی نہیں یا کوئی بری اپنی بات میں یہ کہے کہ میں ہی خطاوار ہوں یعنے نہیں بلکہ تم خطاوار ہو۔

(۵) یا کسی بات کا کسی مصلحت سے مخفی رکہنا مقصود ہوتا ہے جیساکہ مقطعات قرآنیہ یعنے اوائل سورتوں میں جو حروف مفردات آئے ہیں جیساکہ۔ الم۔ ص۔ ن۔ ق۔ حم۔ وغیرہا ان حروف سے جو مراد ہے اسکو خدا نے کسی مصلحت سے مخفی رکہنا چاہا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور اس کیطرف ان حروف سے اشارہ کر دیا ہے۔

فصل

ہر کلام کی بلاغت کے لئے چند ایسے اصول ہیں کہ جنکی رعایت نہ کرنے سے کلام حد بلاغت سے دور جا پڑتا ہے از انجملہ ایجاز و اطناب ہے یعنے حسب موقع کلام کو مختصر اور دراز کرنا۔ اسبات کی قرآن میں وہ رعایت ہے کہ جس کے بڑے بڑے بلیغ و فصیح قائل ہو گئے ہیں۔ ایجاز کلام میں یا تو اختصار مناسب سے ہوتا ہے جیسا کہ اس آیت میں فی القصاص حیوۃ اس موقع پر عرب میں یہ جملہ مشہور تھا۔ اور اسپر وہ فخر کیا کرتے تھے القتل انفی للقتل آیت کے یہ معنی ہیں کہ قصاص میں زندگی ہے۔ قاتل یعنے قتل کے ارادہ کرنے والے کی تو اسلئے کہ وہ قانون قصاص سے ڈر کر قتل سے باز آئے گا۔ اور قصاص میں مارا نہ جائے گا اور جسکو قتل کرنا چاہتا تھا وہ اس قانون کے سبب قتل ہونیسے بچ رہیگا۔ پھر قتل کے رک جانے سے طرفین کے حامیتی باہمی قتال سے رک جائیں گے۔ اس سے ہزاروں جانیں بچ جائیں گی دوسرے جملہ کے یہ معنی ہیں کہ قتل کو قتل ہی زیادہ تر مٹایا کرتا ہے۔ غور کیجئے کہ دونوں جملوں میں کتنا فرق ہے؟ (۱) تو ہر قتل دوسرے قتل کو نہیں مٹاتا بلکہ بعض مواقع پر تو اور بڑھاتا ہے جیسا کہ قتل ناحق جس سے باہمی خونریزی کے سبب صدہا قتل پیدا ہوتے ہیں (۲) اسمیں حذف نہیں برخلاف مشہور جملہ کے جو بڑا مختصر سمجھا جاتا تھا وہاں قتل کے ساتھ کوئی قید محذوف ماننی پڑتی ہے (۳) آیت مطلب پر وضاحت سے دلالت کرتی ہے برخلاف جملہ مشہورہ کے (۴) اس کے حروف جملہ مشہورہ سے کم ہیں کیونکہ آیت کے حروف ملفوظ گیارہ اور جملہ کے چودہ ہیں (۵) حیوۃ کی تنوین تعظیم کا فائدہ دے رہی ہے کہ بڑی زندگی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

یعنے ایک جماعت کی (۶) آیت میں طرادہے کہ ہر قصاص موجب حیات ہے برخلاف ہر قتل کے (۷) آیت میں الفاظ متکررہ نہیں برخلاف جملہ کے کہ اسمیں دوبار قتل کا لفظ آیا (۸) آیت میں مقدر ماننے کی ضرورت نہیں برخلاف جملہ کے کہ اوسمیں من ترکہ مقدر ماننا پڑتا ہے (۹) آیت میں صنعت مطابقت ہے برخلاف جملہ کے صنعت مطابقت دومتضاد چیزونکا ایک کلام میں جمع کرنا جیساکہ گرم۔ سرد۔ حیوۃ قصاص۔ اور بھی بہت سی خوبیاں ہیں۔

بحث حذف

دوم ایجاز **حذف** ہے مگر وہ حذف کہ جس سے کلام میں خلل نہ پیدا ہو پھر اس کی بہت سے اقسام ہیں یا تو جملہ **مستقلہ** ہے پھر وہ ایک ہی یا زیادہ ہیں یا تو وہ سبب ہے کہ مسبب سے خود سمجھا جاسکتا ہے جیساکہ اس آیت میں فقلنا اضرب بعصاک الحجر فانفجرت کہ ہمنے موسیٰ کو حکم دیا کہ پانی کے لئے اس پتھر پر اپنا عصا مار و تب اُس پتھر میں سے بارہ چشمے پھوٹ نکلے۔ اس کے سبب کو جو پہلے جملہ سے سمجھا جاتا تھا یہاں محذوف کردیا۔ یعنے کہ اس پتھر پر عصا مارا۔ اسیطرح یہ آیت ہے کَانَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّبِيّٖنَ مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۝ کہ ابتدا میں سب لوگ ایک ہی طریق (توحید) پر تھے۔ پھر خدا نے انبیا بھیجے جو نیکوں کو مژدہ دیتے اور بروں کو بدنتیجہ سے ڈراتے تھے۔ انبیا کے بھیجنے کا سبب لوگوں کا باہم اختلاف طریق کرنا پہلے جملہ سے سمجھا جاتا تھا۔ اسلئے فاختلفوا جملہ سببیہ محذوف کردینا بلاغت تھا۔ یا وہ جملہ محذوف سبب ہے کہ مسبب سے مخاطب کے ذہن میں خود بخود آسکتا ہے اسلئے اسکا حذف کرنا بلاغت ٹھیرا جیساکہ اس آیت میں لیحق الحق ویبطل الباطل۔ کہ خدا نے حق کو حق اور باطل کو باطل کرنے کے لئے فعل ما فعل ایسا ایسا کیا یہ جملہ مسبب ہے اسکو محذوف کردیا۔ یا سبب مسبب کے سوا اور کوئی جملہ ہو۔ جو سیاق کلام سے سمجھا جاتا ہو۔ اسکو حذف کردینا جیساکہ مخصوص بالمدح والذم

toobaa-elibrary.blogspot.com

فنعم الماہدون نحن خوب زمین کو بچھانے والے ہیں۔ یعنے ہم وبئس المصیر اور بری جگہ ہے یعنے جہنم یا وہ محذوف کئی جملہ ہیں جو سیاق سے خود بخود سمجھے جاتے ہیں جیسا کہ اس آیت میں انا انبئکم بتاویلہ فارسلون یوسف الایہ کہ شاہ مصر کے ساقی نے قید سے رہا ہوکر جبکہ شاہ مصر نے ایک خواب دیکھا اور اسکی تعبیر سے معبرین عاجز آگئے درباریوں سے یہ کہا کہ اسکی تعبیر میں تمہیں بتاتا ہوں مجھے بھیجو۔ اب اس کے بعد کے یہ جملے محذوف ہیں کہ اسکو بھیجا اور وہ یوسف کو لایا تب یوسف سے کہا۔ یوسف اے یوسف اسکی تعبیر بتا ؛

یا وہ محذوف جزء جملہ ہے پھر اسکی بھی کئی قسمیں ہیں یا تو مضاف ہے۔ جیسا کہ واسئل القریہ یہاں القریہ کا مضاف اہل محذوف ہے اے اہل القریہ۔ یا موصوف ہے کقولہ تعالے ومنہم دون ذلک اے من ہو موصوف محذوف ودون ذلک صفت۔ اور کبھی خود صفت محذوف کر دیجاتی ہے جیسا کہ اس آیت میں وکان وراءہم ملکٌ یاخذ کل سفینۃٍ غصبا سفینہ موصوف مذکور اور اس کی صفت صحیحہ یا سالمۃ بقرینہ سابق محذوف کیلئے کہ بادشاہ خراب کشتیاں بیگار میں نہیں پکڑتا تھا جسلئے خضر نے اوس کشتی کو کہ جسمیں سوار تھے تختہ توڑ کر عیب دار کر دیا یا شرط محذوف ہو جیسا کہ تمنی استفہام امر۔ نہی۔ کے بعد ہوا کرتی ہے صرف جزاء کلام میں مذکور ہوتی ہے اسلئے ان کے بعد کا جملہ مجزوم ہوتا ہے اور انکے سوا دیگر مواضع میں بھی شرط محذوف ہوتی ہے کسی قرینہ کے سبب جیسا کہ قل لعبادی الذین امنوا یقیموا الصلوۃ اے ان امنوا یقیموا الصلوۃ اسلیے یقیموا مجزوم آیا۔ شرط کے لئے یہ کچھ ضرور نہیں کہ وہ حصول جزاء کے لئے علت تامہ ہو بلکہ اس پر توقف ہونا کافی ہے۔ ایمان لانا اقامت صلوۃ کے لئے علت تامہ نہیں۔ مگر ایمان پر صحت صلوۃ موقوف ہے ؛

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور جیسا کہ فالله هو الولی۔ اسکی شرط ان ارادوا ولیا بقرینہ سابق ام اتخذوا من دونہ اولیاء محذوف ہے کبھی جواب شرط محذوف ہوتا ہے یا تو محض اختصار کے لئے جیسا کہ اس آیت میں واذا قیل لہم اتقوا ما بین ایدیکم وما خلفکم لعلکم ترحمون۔ اس شرط اذا قیل کا جواب محذوف ہے اے اعرضوا کہ وہ نہیں مانتے۔ کیونکہ مابعد کا جملہ وما تاتیہم من آیۃ من آیات ربہم الا کانوا عنہا معرضین۔ اسپر دلالت کر رہا ہے۔ یا اسلئے جواب کو حذف کیا جاتا ہے کہ سامع کو معلوم ہو کہ جواب بڑی چیز ہے احاطۂ توصیف میں نہیں آتا جس سے مخاطب کو کبھی ہیبت دلانا کبھی شوق دلانا مقصود ہوتا ہے یا اس کے خیال میں وسعت دلانی مطلوب ہوتی ہے کہ جہاں تک اس کے خیال میں آئے اسکو جزا سمجھ لے جیسا کہ ان آیات بین ولو ترٰی اذ وقفوا علی النار اس کا جواب لترٰی امرًا فظیعا یعنے اے مخاطب اگر آپ منکروں کو اسوقت دیکھیں کہ جب وہ جہنم کے کنارے کھڑے کئے جائینگے۔ اسکا جواب یہ ہے کہ بڑی خوفناک حالت دیکھیں گے۔ ولو ترٰے اذ الظالمون موقوفون عند ربہم۔ ولو ترٰی اذ المجرمون ناکسوا رؤسہم عند ربہم۔ رغبات کے نظائر حتے اذا جاءوہا وفتحت ابوابہا۔ کہ جب اہل جنت بہشت کے پاس آئیں گے اور اس کے دروازے کھولدیئے جائیں گے تو کیا ہوگا؟ اسکا جواب محذوف ہے کہ بڑی بہار ہوگی یا اس قسم کا اور کوئی جملہ ان چیزوں کے سوا اور بہت مواقع میں حذف کرنا حسن بلاغت ہے کبھی مسند حذف کر دیا جاتا ہے۔ کبھی مسند الیہ کبھی مفعول تاکہ فعل کا اثر عام ہو جائے جیسا کہ لا یعلمون کہ وہ جانتے نہیں۔ اگر کسی چیز کا نام لیا جاتا تو یہ بات نہ حاصل ہوتی جو حذف میں ہے گویا کچھ بھی نہیں جانتے۔ کبھی فعل ہی حذف کر دیا جاتا ہے اسی تعمیم کے لحاظ سے۔ کبھی حال حذف کر دیا جاتا ہے۔ کبھی مستثنےٰ اور کبھی مستثنےٰ منہ اور کبھی مضاف الیہ جیسا کہ یا ابن ام اے یا ابن امی اور کبھی قسم کا جواب محذوف کر دیا جاتا ہے۔ جیسا کہ والفجر ولیال عشر۔ اور کبھی لما کا جواب محذوف کر دیا جاتا ہے جیسا کہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

فلما اسلما تو للجبین۔ اور کبھی محطوف مع حرف عطف حذف کر دیا۔ جاتا ہے جیسا کہ لا یستوی منکم من انفق من قبل الفتح و قاتل و قاتل سے اول بدلالت ما بعد اولئک اعظم درجۃ من الذین انفقوا من بعد اسقدر محذوف ہے و من انفق من بعد کبھی ادوات و روابط کسی غرض خاص سے حذف کر دینا بلاغت سمجھا جاتا ہے جیسا کہ و اختار موسیٰ قومہ اے من قومہ من کو سلسلے حذف کر دیا کہ در اصل موسے کی عمدہ قوم وہی ستر آدمی تھے جنکو پہاڑ پر ساتھ لے گئے تھے۔ باقی قوم بعد میں بچھڑا پوجنے کے سبب اصلی قوم نہ رہی تھی۔ اور یہی مواقع ہیں مختصراً انہیں پر لیس کرتا ہوں ✣

مفسرین اپنی تفاسیر میں توضیح کے لئے اس قسم کے محذوفات ظاہر کیا کرتے ہیں۔ جلال الدین سیوطی کی تفسیر جلالین زیادہ تر اسی فن محذوفات کے اظہار کو حاوی ہے ✣

معاندین ان محذوفات کو دیکھ کر قرآن پر عیب لگایا کرتے ہیں کہ دیکھو اسمقام پر یوں کہنا چاہیئے تھا ✣

واضح ہو کہ اطناب کی بحث بڑی طویل بحث ہے اسیطرح دیگر ابواب بلاغت میں فصل وصل انشاء، جزء، اسناد، حصر وغیرہ جہاں قرآن نے اعجاز دکھایا ہے اگر میں انمیں سے تھوڑا تھوڑا بیان بھی کروں تو میری یہ کتاب مقصود سے ٹلکر خاص ایک فن اعجاز کی کتاب ہو جاوے ✣

فائدہ جلیلہ

فصیح و بلیغ کے مسلسل اور منتظم کلام کے جملے آپسمیں ایسے مربوط ہوتے ہیں کہ جیسا لڑی کے موتی۔ اور پہلا جملہ آنے والے جملہ کی خود خبر دیدیا کرتا ہے کہ اس کے بعد یوں کہا جائیگا یہ بات جسکو تھوڑی فہمی کا سلیقہ ہے بہت عمدہ طرح سے سمجھ سکتا ہے اسلیئے جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم قرآن کے بعض آیات سناتے یا کاتبوں سے لکھواتے تھے

فائدہ جلیلہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہنوز آپنے اگلا جملہ زبان سے نہیں نکالا ہے کہ سامع نے پہلے سے پڑھ دیا۔ اور آپنے اسکو لکھوا دیا۔ اس سے بعض کوتہ مغزوں کو یہ بدگمانی پیدا ہوئی کہ یہ وحی اور منزل من اللہ کیا ہے یہ تو جو کچھ پہلے سے ہم کہہ دیتے ہیں اسیکو ہی وحی اور منزل جانکر مصحف میں لکھوا دیتے ہیں چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک کاتب اسی خیال سے مرتد ہوکر شام میں بنی غسان نصاریٰ کے پاس چلا گیا اور دعوے کرنے لگا کہ محمد کے قرآن جیسا تو میں بھی بنا سکتا ہوں اور اسی معارضہ کی امید سے شاہ غسانی نے اسکو بہت لالچ دیکر بلوایا بھی تھا مگر جب اوس سے وہاں کہا گیا کہ لو اب کچھ بناؤ تو کچھ بھی نہ بنا سکا بات تو دراصل کچھ اور ہی تھی بارہا قصد کیا طبیعت پر زور ڈالا مگر کچھ بھی نہو سکا اسپر غسانی بادشاہ نے اسکو بُری حالت سے نکلوا دیا۔

لیکن اسکے ہم مشرب مشتری جو باوجود عربیت دانی کے یہاں تک کہ بعض کی تو عربی بانِ مادری ہوتی تھی جیسا کہ بیروت شام کے فصیح و بلیغ عیسائی مقابلہ میں تو آجتک دس جملوں کی بھی جمع و تالیف کی جرأت نکر سکے۔ مگر لوگوں کے دلوں میں شبہ ڈالنے کے لئے اس بات کو ضرور پیش کر دیا کرتے ہیں کہ فلاں فلاں جملے فلاں فلاں اشخاص کی زبان کے نکلے ہوئے ہیں جو قرآن میں شامل ہیں۔ واللہ الہادی +

فصل (۱۱)

ہمنے مجاز اور اس کے علاقات کا مختصراً بیان کر دیا ہے۔ مگر اس فصل میں اس کی قدرے تشریح کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے تاکہ معلوم ہو کہ قرآن میں برعایت حسن کلام و بلحاظ محاورہ کسطرح مجاز کا استعمال ہوا ہے اس فن میں امام عزالدین بن عبد السلام نے ایک کتاب لکھی ہے جسکا خلاصہ جلال سیوطی نے کیا اور اسکا نام **مجاز القرآن الی مجاز الفرقان** رکھا ہے +

toobaa-elibrary.blogspot.com

مجاز کی دو قسم ہیں (۱) ترکیب کلام میں مجاز ہو اسکو مجاز الاسناد و مجاز عقلی کہتے ہیں۔ اور علاقہ ملابست ہوتا ہے اور وہ یہ ہے کہ ایک فعل یا شبہ فعل کو کسی لگاؤ کے سبب جس سے وہ سرزد نہوا ہو اسکیطرف اسناد کر دیا جاوے اور اسکی چار قسم ہیں اول یہ کہ دونوں طرف تو معنی حقیقی میں مستعمل ہوں صرف اسناد میں مجاز ہو جیسا کہ اذ انجیتکم علیہم ایاتہ زادتہم ایمانا زیادہ کرنا جو اللہ کا فعل تھا آیات کیطرف بسبب کے علاقہ سے نسبت کر دیا گیا۔ یذبح ابناءہم حالانکہ اسرائیلوں کے بیٹے فرعون کے نوکر ذبح کیا کرتے تھے لیکن فرعون حکم دینے والا تھا اسلئے یذبح میں فرعون کیطرف اسناد ہوا۔ واخرجت الارض اثقالہا۔ وبلغت القلوب الحناجر زمین کیا اپنا ثقل باہر کالیگی بلکہ خدا اور دل کیا گلوں تک پہنچیں گے بلکہ خدا پہنچاتا ہے۔ اور ہمیں خوف و دہشت سے استعارہ بھی ہے جیسا کہ ہمارے محاورہ میں کہتے ہیں کہ میں دم آگیا دوم یہ کہ دونوں طرف بھی مجازی معنی میں مستعمل ہوں مسند اور مسند الیہ یہ دو طرف ہیں جیسا کہ فما ربحت تجارتہم ربح اور تجارت بھی مجازی معنی میں مستعمل ہیں۔ اور استعارہ بھی مجازی ہے (سوئم) یہ کہ اسناد بھی مجازی ہو اور مسند بھی مجازی معنی میں مستعمل ہو۔ (چہارم) یہ کہ اسناد تو مجازی ہو اور مسند۔ الیہ بھی مجازی معنی میں مستعمل ہو۔ ان دونوں قسموں کے نظائر بہت ہیں انہا فطی تراغہ للشوی تدعوا من ادبر و تولے۔ آگ کی طرف ملانے کا اسناد مجازی ہے۔ حتے تضع الحرب اوزارہا۔ لڑائی کی طرف ہتیاروں کا رکھدینا اسناد مجازی ہے (۲) مجاز مفرد۔ اس کی کئی قسم ہیں اور اسکو مجاز لغوی بھی کہتے ہیں۔

اول حذف جس کے نظائر ہم ذکر کر چکے ہیں۔ بعض علماء اس کو مجاز سے خارج سمجھتے ہیں **دوئم**۔ ایک اسم کا دوسرے اسم کیجگہ استعمال ہونا۔ **سوئم**۔ فعل یا شبہ فعل کا دوسرے معنی میں استعمال ہونا اور اسکی جگہ دوسرا فعل یا شبہ فعل (اسم فاعل اسم مفعول صفت مشبہ وغیرہ) کا آنا **چہارم** حروف میں مجاز ہونا ایک کی جگہ دوسرا آنا۔ پھر آگے ہر ایک کی بہت قسمیں ہیں۔ فعل کی مثال انہ الذی یذکر الہتکم کہنا یہ تھا کہ کیا یہ وہی ہے جو تمہارے معبودوں کو گالیاں دیا کرتا ہے لیکن کیجگہ نہ دیکھ

toobaa-elibrary.blogspot.com

کے طور پر بند کر لایا گیا تقلت فی السماوات والارض اصل حقیقت تھا بشبہ فعل میں مجاز کی نظائر فظلت اعناقہم لہا خاضعین کہ اس حادثہ کے سامنے ان کی گردنیں جھک گئیں۔ کہنا چاہیے تھا خاضعات کیونکہ اعناق مونث ہے مگر جبکہ اعناق سے مراد جزر ہو کر کل مراد لینے کے قاعدہ پر خود وہ لوگ مراد لیئے گئے۔ تو ان کے لئے خاضعین جمع مذکر کا صیغہ لانا ہی بلاغت تھا۔ اسیطرح مریم کی نسبت من القانتین فرمایا ان کا صفات مردانہ سے مردوں میں شمار کر کے۔ حروف میں مجاز اکثر تضمین کے لحاظ سے ہوتا ہے کہ ایک لفظ میں دوسرے لفظ کے معنی ضمناً لیکر جوڑ و ابط و صلات اس ضمنی معنے کے لئے آتے ہوں اس بات کے جتلانے کے لئے کہ اس میں یہ معنے لئے گئے ہیں وہی استعمال کرنا جس کے نظائر یہ ہیں فلما تجلی ربہ للجبل اے علی الجبل معنے۔ کیونکہ لام آیا۔ ردف لکم اے لکم۔ اتی کیونکہ لام کا استعمال ہوا لاصلبنکم فی جذوع النخل او علی جذوع النخل علی کیونکہ فی آیا سیر و ا فی الارض اے علی الارض علی کیونکہ فی آیا السماء منفطر بہ اے فیہ۔ مستکبرین بہ اے عنہ +

اسیطرح مظہر کیجگہ مضمر۔ حاضر کیجگہ غائب کا صیغہ متکلم کیجگہ غائب کا صیغہ لانا جو صنعت التفات میں ہوا کرتا ہے مجاز ہے جو معنی میں نمک پیدا کر دیتا ہے اور انہیں مواضع پر فصاحت و بلاغت کی تمیز کیجاتی ہے۔ اسیطرح مستقبل کو یقینی الثبوت ہونے کے سبب بلفظ ماضی تعبیر کرنا قرآن میں آئیوالے واقعات کو اس لحاظ سے ماضی کے صیغوں سے تعبیر کیا ہے۔ جیسا کہ وسیق الذین کفروا الی جہنم کہ کافر جہنم کیطرف ہانکے گئے یعنے ہانکے جائیں گے۔ اسیطرح کسی شے پر قابض ہونیکو اسکی چوٹی پکڑ لینے سے تعبیر کرنا جیسا کہ من دابۃ فی الارض الا ہو آخذ بناصیتہا کہ کوئی چیز زمین پر چلنے والی ایسی نہیں کہ جسکی خدا نے چوٹی نہ پکڑ رکھی ہو۔ اسیطرح کسی حزنناک حالت کو اس سے تعبیر کرنا کہ اپنے نہ آسمان رویا نہ زمین نے آنسو بہائے فما بکت علیہم السماء والارض اور کسی قبیح حالت کو جملہ دعائیہ یعنے بددعا سے تعبیر کرنا۔ قتل الانسان ما اکفرہ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مارا جائے انسان کیا ہی ناشکرا ہے۔ تبت یدا ابی لہب۔ ابی لہب کے دونوں ہاتھ ٹوٹ جائیں کہیں غیر مخاطب کو مخاطب بنا لیا جاتا ہے جیسا کہ گذشتہ واقعات میں تہدید کے لئے موجودہ بنی اسرائیل سے خطاب کیا گیا ہے اور کبھی ایک غیر محسوس امر کو یقینی ثابت کرنے کے لئے محسوس قرار دیکر مخاطب سے اوسپر توجہ نکرنے کی بابت معاینہ کیا جاتا ہے جیسا کہ اولم یر الذین کفروا ان السماوات والارض کانتا رتقا ففتقنا ہما کہ کیا کافر اسبات کیطرف نہیں دیکھتے کہ آسمان وزمین بند تہے ہمنے ان کو کھولدیا ہے اور کبھی یقینی بات کو مخاطب کے علم ظنی اور تخمینی کے موافق تخمینی ہی کلمات سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ کیونکہ بات تو کچھ اور کہنی ہے اگر اول اسی میں تحقیقاً کلام ہو تو اصلی بات رہجائے۔ مخاطب اسی میں اوجھنے لگے جیسا کہ مائۃ الف اوزیدون کہ یونس کو ہمنے ارسلنا الیکیطرف جہاں لاکھ یا اس سے بھی زیادہ آدمی تہے کیونکہ شہروں کی مردم شماری اوس عہد میں یقینی نہ تھی اور مخاطبین کو انکی تعداد میں اختلاف بھی تہا۔ گو خدائے علیم کو انکی تعداد کا علم حقیقی تہا۔ اسیطرح خلق الموت والحیوٰۃ لیبلوکم ایکم احسن عملاً۔ آزمائش کا لفظ ایسے مواقع پر استعمال کرنا مخاطبین کے خیال پر ہے۔ کیونکہ ان کو بعد الوقوع علم ہوتا ہے ورنہ خدا کو تو قبل الوقوع بھی ایسا ہی علم ہے کہ جیسا بعد الوقوع ہوتا ہے۔ اسیطرح فاتوا بالتورٰۃ فاتلوہا کہ اگر سچے ہو تو توریت لاکر پڑھو تو سہی اس میں بھی ان کے زعم پر کلام ہے کہ جسکو تم توریت سمجھتے ہو اسکو لاؤ تو سہی اسکے مطابق تم ملزم ٹہرتے ہو یہ سب مجاز و استعارہ ہے جو فصحاء و بلغاء کے کلام میں ہوا کرتا ہے۔

معاند ان ان مواقع پر اعتراض کرے یا ان سے اپنے مطلب پر استدلال کرے اسکی غلط فہمی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل (۱۲)

فوائد

(۱) قرآن کا طریق استدلال مطالب پر ایسا ہی سہل الماخذ ہے کہ جسکو ایک بڑے سے بڑا حکیم اور ایک جاہل اونٹ بکریاں چرانے والا دونوں سمجھ سکتے ہیں۔ اور ہر ایک اپنے اپنے فہم و مذاق کے بموجب اس دلیل سے مستفید ہو سکتا ہے۔ اگر خاص حکیمانہ ہی طریق پر استدلال بیان ہوتے تو عوام مستفید نہ ہوتے مثلاً کتاب الٰہی کا پہلا فرض منصب یہ ہے کہ وہ خدا کے وجود اور اس کے صفات کا کسی دلیل سے ثبوت پیش کرے کسلئے کہ انسان جو محسوسات کے ادراک کا خوگر ہے وہ غیر محسوس وجود کا مشکل سے قائل ہوتا ہے یہاں تک کہ جو علوم حسیہ کے بلند ترین مقامات پر بھی جا بیٹھے ہیں اور وہ بڑے حکیم و فلاسفر بھی کہلاتے ہیں اور محسوسات میں انہوں نے حیرت انگیز اختراع بھی کیئے ہیں۔ لیکن بعض کیا بلکہ آجکل تو اکثر اوسی ابتدائی حالت خام کاری میں پڑے ہوئے ہیں وہ غیر محسوس موجودات کا انکار کرتے ہیں۔ جسمیں خدا تعالےٰ اور ارواح و ملائکہ سب آگئے۔ جہاں تک ہمارے سامنے مذہبی کتابیں موجود ہیں جنکو ان کے معتقد الہامی اور کلام الٰہی کہتے ہیں ان سب کو اول سے لیکر آخر تک دیکھ جائیں کہیں بھی ایک دلیل ایسی نہ ملے گی جو خدا کے وجود کو ثابت کر سکے۔ ہاں یہ ملیگا کہ خدا موجود ہے وہ وحدہ لاشریک ہے اسکی عبادت کرو اسکو مانو اس سے محبت کرو۔ مگر یہ سب دعاوی ہیں منکر کتاب و الہام کے سامنے جو موجودات کا دائرہ محسوسات ہی تک محدود مانتا ہے حجت اور تسلی بخش نہیں ہو سکتے برخلاف سب کے قرآن نے سب سے اول سورۃ کے اول ہی جملہ میں سب سے اول اسی بات کو ثابت کر دیا ہے۔ الحمد للہ رب العالمین کہ سب خوبیاں اور ہر طرح کی

toobaa-elibrary.blogspot.com

ستائش اللہ ہی کے لئے ہے اور اللہ ہے کون؟ رب العالمین ب عالم کے جملہ انواع و اصناف پر ایک نظر ڈالجائے عالم سفلی سے لیکر عالم علوی تک۔ عالم انسان عالم حیوانات۔ عالم نباتات عالم جمادات عالم عناصر۔ عالم افلاک۔ علم سیارات و نیرات ان میں سے کوئی چیز بھی ایسی نہیں کہ جو اسکے فیض تربیت اور پرورش سے خالی ہو سب سے اول انسان اپنے حالات کو غور کرے کہ نطفہ کو تدریجاً کس کمال تک پہونچایا جاتا ہے۔ آخر وہ ایک انسان کامل ہو جاتا ہے۔ نباتات کی سب باتوں کو جانے دیجئے ان کی مجموعی رفتار کو دیکھئے کہ کس اندازپر ہے کہ ایک دوسرے سے ٹکرا نہیں جاتا نہ یہ ان کے مادہ کا فعل ہے نہ انکی طبیعت کا کیسلئے کہ یہ دونوں چیزیں مدرک اور صاحب شعور نہیں پھر ان کے جسقدر افعال تسلیم کئے جائیں انہیں کے اجسام تک محدود ہیں دوسرے جسم میں ایک طبیعت اور مادہ کا فعل ارادی پہونچنا حیطۂ امکان سے باہر ہے ✤

اب اس دلیل سے عوام بھی مستفید ہو سکتے ہیں کہ ان کو سب سے بالاتر ایک ایسا وجود وکھا دیا جو انکی پرورش کر رہا ہے اور ایک حکیم بھی اسکو منطق کے قاعدہ پر برہان بنا کر اطمینان کر سکتا ہے کہ عالم مربوب ہے اور جو مربوب ہے اسکے لئے ایک مربی ہے نتیجہ نکلا کہ عالم کیلئے ایک مربی ہے اور وہی خدا ہے۔ اور اس سے عالم کو حادث بھی ثابت کر سکتا ہے کہ عالم موثر سے مستغنی نہیں۔ (کیونکہ مربوب ہے) اور جو موثر سے مستغنی نہیں وہ حادث ہے نتیجہ نکلا کہ عالم حادث ہے اور جب حادث ہے تو اسکے لئے کوئی محدث بھی ہے اور وہی خدا ہے دنیا میں بہت سی قومیں جو گمراہ ہوئیں انکا اول مرتکب الاقدام یہی ہے کہ انہوں نے عالم کو خدا کا کسی بات میں محتاج نہیں سمجھا یہہ گمان خدا کے وجود کا بطلان کرتا ہے پھر جسنے کچھ ترقی بھی کی اور وہ خدا کے قائل بھی ہوئے تو ایک بیکار خدا کے جس کا عالم پر کچھ بھی اختیار و تصرف نہیں جیسا کہ فرقہ جینی اور آریہ وغیرہ کا گمان ہے۔ پھر جب وہ مربی و محدث ہے تو قدرت رحم وغیرہ جملہ صفات بھی تسلیم کرنی پڑتی ہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

اسیطرح احکام کے بیان میں بھی ایک ایسا سہل اور موثر طریق اختیار کیا ہے کہ جس سے بندوں کے دلونپر اثر ہو اور وہ تعمیل کے لئے آمادہ ہو جائیں اسلئے کہیں تو اپنی ذات و صفات کے اثبات کے بعد بیان کیا ہے۔ تاکہ آمر کی شان مشفت عمل پر آمادہ کرے کبھی حشر و دار آخرت سے ملاکر تاکہ عمل کے نتائج اسکو عمل پر محرک ہوں اور نافرمانی کے برے نتائج نافرمانی سے باز رکھیں اور کہیں نیک و بد لوگوں کے واقعات کے بیان کے ساتھ تاکہ ان کو بھی رغبت اور نافرمانی سے نفرت ہو پھر سب کو ایک باب یا ایک فصل میں ترتیب جمع نہیں کر دیا۔ بلکہ انہیں شیرینیوں کیساتھ اس دوا کو ایک جگہ نہیں بلکہ متعدد جگہ ملا دیا ہے۔ پھر ایک عنوان سے نہیں بلکہ مختلف عنوان سے پھر ایکبار نہیں بلکہ بتدریج حکم دیا ہے منصف سمجھ سکتا ہے کہ اس بیان میں اور لوگوں کے معمولی بیان احکام میں جو فصلوں اور بابوں میں مذکور ہوتے ہیں۔ کتنا فرق ہے۔ اسکا نظیر بھی کتب مذہبیہ میں نہیں پایا جاتا۔

(۲) قرآن کبھی مطالب کو مع دلیل بیان فرماتا ہے اور کبھی مخاطبین کے عرف اور مذاق کے موافق اسکی صداقت پر قسم کھاتا ہے۔ عرب کے مذاق پر کسی مضمون کی بابت قسم کھانا باعث اعتبار ہوتا تھا یہ بات ملکی مذاق سے تعلق رکھتی ہے اسکے ثبوت کے لئے براہین و دلائل کی ضرورت نہیں مگر اس قسم کے کھانے میں بھی کمال کیا ہے۔ اس کمال کی تشریح کے پہلے یہ چند باتیں معلوم کر لینی ضرور ہیں ؎

اول یہ کہ قسم میں کئی چیزیں ہوتی ہیں ادات قسم یعنے وہ حروف جو زبان عرب میں قسم کے لئے مخصوص ہیں جیسا کہ وَ۔ تَ۔ بَ۔ وَاللہِ۔ تَاللہِ۔ بِاللہِ ان حروف کی ہر جدا جدا خصوصیات ہیں کہیں صاف لفظ قسم ہوتا ہے۔ اور کبھی لا کے ساتھ آتا ہے لا اقسم اور کہیں جملہ پر لام لاکر قسم کھائی جاتی ہے جیسا کہ لعمرک۔ انہم لفی سکرتہم یعمھون کہ اے نبی آپ کی حیات کی قسم وہ اپنے نشہ میں اندھے ہو رہے ہیں۔ دوئم مقسم بہ کہ جس کی قسم کھائی جاتی ہے۔ سوئم مقسم علیہ کہ جسپات پر قسم کھائی جاتی ہے ؎

toobaa-elibrary.blogspot.com

دوئم یہ کہ مقسم بہ میں کوئی نہ کوئی بات ہونی چاہیئے جسکی قسم کہائی جاتی ہے اور وہ بات یہی تو مقسم بہ کی عزت و عظمت ہوتی ہے جیساکہ ہمارے عرف میں خدا یا کعبہ یا قرآن کی قسم انکی عزت و حرمت کے سبب کہائی جاتی ہے۔ اکثر لوگ ایسی چیزوں کی اسی خیال سے قسم کہایا کرتے ہیں بت پرست اپنے معبودوں کی قسم اسلئے کہاتے تھے اور یہی وجہ ہے کہ اسلام نے غیر اللہ کی قسم کہانے سے منع کردیا۔ حدیث میں آیا ہے کہ جو تم میں سے کوئی قسم کہائے تو اللہ کی قسم کہائے ورنہ خاموش رہے تاکہ بتوں کی عظمت نہ قائم ہو۔ مگر خدا اور بندوں کی حالت جداگانہ ہے۔ یہ حکم خدا کے لئے نہیں ہے وہ اپنی مخلوق میں سے جسکو چاہے عزت و احترام دیسکتا ہے۔ اسسے خدا مشترک نہیں ہوسکتا اور کبھی اسکی محبت ہوتی ہے جیساکوئی اپنی اولاد کی قسم کہائے۔ کوئی اپنی اولاد کو معبود یا قابل تعظیم سمجھکر قسم نہیں کہاتا ایسا ہی اپنی آنکھوں یا سر کی قسم ہے۔ کبھی اسکی کوئی ذاتی خوبی ہوتی ہے کبھی اسمیں منافع ہونے کے سبب قسم کہائی جاتی ہے جیساکہ اپنے گھوڑے یا دیگر کارآمد اشیاء کی قسم کبھی وہ مقسم بہ قدرت کاملہ کا ظاہر نمونہ ہوتا ہے۔ جیساکہ آسمان آفتاب ستارے وغیرہ۔

(سوئم) مقسم علیہ کوئی شان واربات ہوتی ہے ورنہ معمولی باتونپر قسم کہانا ایک لغو بات سمجھی جاتی ہے قرآن نے جن چیزونپر قسم کہائی ہیں وہ یہ امور مہتم بالشان ہیں قرآن نے اصول ایمان پر قسم کہائی ہے جنکا اعتقاد کرنا مخلوق پر واجب ہے (۱) کبھی توحید پر (۲) کبھی قرآن کے حق ہونے پر (۳) کبھی رسول کے برحق ہونے پر (۴) کبھی جزاء کے برحق ہونے اور وعدہ وعید پر (۵) کبھی انسان کیحالت پر کہ وہ اپنے رب کا ناشکر ہے اور یہ کہ وہ بغیر ایمان اور عمل صالح خسارہ میں ہے اور یہ کہ انسان کا اعمال میں اختلاف ہے کوئی کسی بات کو موجب نجات سمجھ رہا ہے کوئی کسیکو اسکا فیصلہ کتاب اللہ ہی کرسکتی ہے ✣

toobaa-elibrary.blogspot.com

قرآن میں اللہ تعالے نے جن چیزوں کی قسم کھائی ہے وہ تین ہیں **اول** اپنی ذات مقدسہ کی سات جگہ پر اس قسم میں عظمت وجلال ملحوظ ہے **دوئم** اپنے افعال مقدسہ کی قسم کھائی ہے جیسا کہ نفس وماسوٰہا۔ یہاں بھی عظمت وجلال ملحوظ ہے **سوئم** اپنی مخلوق کی تین۔ زیتون۔ صافات۔ ذاریات۔ قلم شمس۔ قمر لیل نہار واقع النجوم وغیرہ ان سب امور میں علماء کے دو قول ہیں **اول** یہ کہ ان کے اول لفظ رب محذوف ہے یعنی ان مفید اور آیات قدرت کے رب کی قسم۔ اس تقدیر پر یہ قسمیں بھی اپنی ہی ذات کی قسمیں ہوئیں۔ مآل کار تمام قسموں کا اپنی ذات کی قسمیں ہیں یا صفات۔ یعنی اپنے افعال کی صرف ایک جگہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات پاک کی قسم آپ کی محبت اور عزت کے ظاہر کرنے کو کھائی ہے۔ **دوئم** یہ کہ مخلوقات مذکور کی قسم کھائی ہے۔ اس تقدیر پر معترض دو اعتراض کیا کرتے ہیں۔ **اول اعتراض** یہ کہ خدا کو قسم کھانے کی کیا ضرورت؟ قرآن کے ماننے والے تو بغیر قسم کے بھی تصدیق کرتے تھے اور منکر قسموں کا بھی کیا اعتبار کرتے ہوں گے اور نیز بار بار قسمیں کھانا شان کبریائی۔ بلکہ شان بادشاہی سے بھی بعید ہے اسکا **جواب** یہ ہے کہ عرب کی عادت کے موافق کلام ہے۔ اور اس قسم کے کلام کو موکد جانتے تھے جیسا ان اور لام اور جملہ اسمیہ میں تاکید وتقویت ہوتی ہے اس سے بھی زیادہ کلام قسمی میں ہوتی ہے یہ ایک زبان کا محاورہ ہے اور نیز ان کے نزدیک ایسے کلام سے دلپر صداقت کا اثر پڑتا تھا اسلیئے صدہا ایمان لے آئے اور ماننے والوں کے ایمان کو ایسے کلام سے اور زیادہ تقویت ہوتی ہے۔ بے ضرورت قسمیں کھانا ضرور شان کبریائی کے خلاف ہے مگر ضرورت پر نہیں قسم پر کیا موقوف ہے شان بادشاہی کے خلاف تو بار بار حکمد نیا بار بار ایلچی بھیجنا اور کمتر درجہ کے لوگوں سے کلام کرنا بھی خلاف ہے۔ مگر اوس رحیم وکریم کی شان کے خلاف نہیں اسلیئے

toobaa-elibrary.blogspot.com

اسنے کتابیں الہام کیں۔ ایک دو جزر کی نہیں بلکہ بڑی بڑی اور اپنی مخلوق کو مخاطب بھی بنایا یکے بعد دیگرے انبیا بھی بھیجے دوسرا **اعتراض** یہ کرتے ہیں کہ انجیر اور زیتون کا درخت اور گھوڑے وغیرہ ادنے مخلوق کی قسم کھانا شان کبریائی سے بعید ہے۔ جو کوئی جسکی قسم کھاتا ہے اسکو واجب الاحترام ہی سمجھتا ہے پھر کیا یہ چیزیں خدا کے نزدیک واجب التعظیم نہیں اسکا **جواب** یہ ہے کہ قسم میں یہ کوئی ضرور نہیں کہ وہ شے اسکے نزدیک واجب التعظیم ہی ہو۔ بلکہ مخاطب کے نزدیک واجب التعظیم ہونا ہی کافی ہے۔ اور عرب کے نزدیک تو ان چیزوں میں سے بہت تو واجب الاحترام تھیں اور محبت تو سب ہی سے تھی اور یہ بھی نہ تو اسقدر بھی کافی ہے کہ وہ شے کثیر النفع یا آیت قدرت ہونیکے سبب بھی ایسی ہو کہ اوس پر قسم کھائی جائے اس لحاظ سے کہ مخلوق کی خوبی اور کمال اسکے خالق کی خوبی اور کمال ہے ان چیزوں کی قسم کھانا گویا اپنے ہی کمال و قدرت کی قسم کھانا ہے اسی نکتہ سے اول گروہ نے لفظ رب محذوف مانا ہے رہی قسموں کی کثرت وہ مجموعہ قرآن سے خیال کیجا سکتی ہے ایک سورہ یا آیت میں نہیں جو مذموم ہو اسقدر طول طویل کلام میں جدا گانہ چند قسمیں کثرت پر محمول نہیں ہو سکتیں ۔

ان قسموں میں جو کچھ کمال ہے اسکو مفصلاً تو علامہ ابن قیم جوزیہ نے اپنی کتاب تبیان فی اقسام القرآن میں بیان کیا ہے جو خاص اسی فن میں تصنیف فرمائی ہے مگر مختصراً یہ ہے کہ جہاں جس چیز کی جس مضمون کے لئے قسم کھائی ہے اوس چیز کو اوس مضمون سے نہایت مناسبت ہے پھر جن حروف اور جملوں سے وہ قسم ہے وہ جواب قسم کے لئے نہایت ہی موزوں ہیں۔ پھر جن جن مواقع پر جواب قسم یعنے مقسم علیہ کو مذکور کیا ہے وہاں مذکور کرنا کیا ہی لطف دے رہا ہے اور جہاں بدلالت قسم حذف کیا ہے وہاں حذف ایک نیا لطف پیدا کر رہا ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

اس مختصر میں اسکی تشریح کی گنجائش نہیں لہذا اسیقدر پر بس کرتا ہوں وباللہ الہادی۔

فصل

نسخ کی بحث

نسخ کے لغوی معنی کسی چیز کا دوسری چیز سے مٹا دینا۔ یا بدل دینا۔ کہتے ہیں۔ نسخت الریح آثار القوم اذا عدمت ونسخت الشمس الظل اذا عدم (کبیر)

اسلام کا دعویٰ ہے کہ قرآن میں احکام کی بابت نسخ ہوا ہے۔ **مخالفین** اسلام نے بے سمجھے بوجھے غل مچا دیا اور سب سے بڑا اعتراض اسلام پر اسیکو قرار دیدیا۔ کہ اس سے خدا کی تقدیس میں فرق لازم آتا ہے۔ کیا اسکو پہلے سے معلوم نہ تہا جو بعد میں اسکی اصلاح کی۔ اور مسلمان کہتے ہیں کہ کتب سابقہ توریت انجیل وغیرہ قرآن نے منسوخ کردیں بھلا کبھی آسمانی احکام اور علوم جو انبیاء علیہم السلام کی معرفت الہام ہوئے منسوخ ہوسکتے ہیں؟ حضرت مسیح علیہ السلام تو فرماتے ہیں کہ آسمان وزمین ٹل جائینگے مگر توریت کا ایک نقطہ بھی نہ ٹلیگا اور میں توریت کی تکمیل کرنے آیا ہوں۔ نہ کہ مٹانے مگر یہ نبی عربی سب کو مٹانے آئے ہیں؟ یہ دو اعتراض ہیں اول میں تو آریہ وغیرہ سب شریک ہیں اور اسکو بڑے طعن آمیز الفاظ میں بیان کرتے ہیں۔ دوسرا اعتراض خاص عیسائیوں کا ہے وہ بھی اسکو بڑی طول وطویل تقریر میں نہایت زور دیکر بیان کیا کرتے ہیں۔

اول اعتراض کا جواب

اول اعتراض کا جواب

یہ ہے کہ معترض نے ابتک نسخ اور بدا میں امتیاز نہیں کیا بدا اسکو کہتے ہیں کہ کوئی بات پہلے معلوم نہو بعد میں معلوم ہوجائے۔ البتہ یہ بات شان تقدیس کے خلاف ہے اسکے مسلمان ہرگز قائل نہیں برخلاف نسخ کے کہ اوسمیں اول سے علم ہوتا ہے مثلاً معلوم ہے کہ بالفعل مریض کو

toobaa-elibrary.blogspot.com

یہ نسخہ مفید ہے اور بعد میں حسب مرض اور حسب مصلحت اسمیں یہ تغیر کیا جاویگا۔ اس سے حکیم کی حذاقت اور علم میں کوئی فرق نہیں لازم آتا۔ اگر کوئی حکیم کسی مریض کے لئے مصلحت وقت اور مناسب مرض خیال کرکے کوئی نسخہ تجویز کرے اور بعد میں مرض اور مصلحت وقت بدل جانے پر بھی وہ اس نسخہ کو استعمال کرے اور اسمیں تبدیل نکرے تو یہ اوسکے لئے عیب نہوگا۔ ایسا فعل جاہل کرسکتا ہے کہ اسکو کہیں سے کوئی پرانا نسخہ ہاتھ آگیا اور وہ نہ زمانہ کی حالت کا خیال کرتا ہے نہ مریض کی حالت کو دیکھتا ہے ہر موقع پر اسکو تجویز کرتا ہے ؛

زمانہ کی رفتار اور اسکے تغیرات کا کوئی انکار نہیں کرسکتا۔ کیا اوس قوم اور ملک کے لئے وہ قوانین جو انکی جاہلیت اور سرکشی میں تجویز ہوئے تھے انکی علمی روشنی اور اطاعت کے زمانہ میں مناسب خیال کئے جاسکتے ہیں ؟ ہرگز نہیں اسی لئے خدا نے ابتداء آفرینش انسان سے لیکر آخر تک بار بار الہام کیا یکے بعد دیگرے انبیاء بھیجے خدائے علیم وحکیم کوئی جاہل وید (حکیم) نہیں کہ ابتداء آفرینش انسان میں تو ایک نہیں چار رشیوں پر بلا ضرورت چار کتاب الہام کردے جنمیں بے تکے مضامین ہوں جنمیں انسانی سعادت وشقاوت کا کچھ بھی بیان نہو نہ اشیاء کی حلت وحرمت نہ طہارت۔ ونجاست نہ عبادت ونجات کا دستور العمل نہ عقائد کی تشریح نہ عملیات میں احکام کی توضیح ہو پھر ایک کتاب دوسری کتاب کا نہ تکملہ نہ تشریح۔ بلکہ بے جوڑ اور پھر ہر ایک کے منتروں میں نہ انتظام نہ کوئی مناسبت نہ اوس زبان کی کہ جسمیں وہ ہوں رعایت[1] اور پھر جب انسان دنیا میں پھیلیں اور انکو نئی نئی ضرورتیں پیش آئیں جنکے لئے تقدیم پارینہ کچھ بھی کارآمد نہوسکیں۔ چپ بیٹھا رہے اور اُس جاہل وید کی طرح اوس مہمل نسخہ

[1] یہی وجہ ہے کہ ویدوں کے عام سنسکرت دانوں کو بھی معنی معلوم نہوئے۔ بلکہ بقول آریہ خاص خاص ان رشیوں کو کہ جنکے اسمار گرامی منتروں کے سر پر اب تک لکھے ہوئے پائے جاتے ہیں اور ان کو بھی کسی

toobaa-elibrary.blogspot.com

کے استعمال کا حکم دیا کرے۔ اور اس نسخہ کے طرفدار کھینچ تان کر اسکی تاویلیں کر کے ہمیں جھوٹے فوائد بتایا کریں۔ یہ سمجھ میں نہیں آتا نہ یہ اوس رحیم وکریم قادر وعلیم کی شان ہے

دوسرے اعتراض کا جواب یہ ہے کہ اس معترض نے ابھی نسخ کے معنی نہیں سمجھے کاش کسی اصول کی کتاب کو پہلے دیکھ لیتے یا کسی مسلمان عالم سے پوچھ لیتا تو نہ اعتراض کی نوبت آتی نہ اوس اعتراض کے انہیں پر اولٹ پڑنے سے مشکل پڑتی۔ مگر ان کی غرض تو خواہ مخواہ اسلام پر اعتراض کر دینا ہے خواہ وہ اعتراض پڑے یا نہ پڑے اندھے کا لٹھ ہے گھما دینے سے غرض۔ خواہ اولٹ کر اسیکے سر یا ماتھہ پاؤں پر جا پڑے۔

دوسرے اعتراض کا جواب

واضح ہو کہ جسقدر علوم ومعارف ذات وصفات حق سبحانہ کے متعلق ہیں اور جسقدر قصص وواقعات حضرات انبیاء نے فرمائے ہیں اور جسقدر امور متعلقہ صفات وذات ہیں یا قیامت وغیرہا ان سب نظریات میں کبھی نسخ نہیں ہوتا۔ نہ اہل اسلام اسکے قائل ان معنی میں نہ توریت منسوخ ہے نہ انجیل نہ اور کوئی الہامی کتاب نہ ان باتوں میں نسخ ہو سکتا ہے۔ صرف احکام عملیہ میں اور احکام عملیہ کی بھی دو قسم ہیں۔ ایک اصول جیسا نماز یعنے خدا کی پرستش زکوٰۃ خیرات وصدقات روزہ۔ نفس کو اسکے شہوات سے روکنا یا مکارم اخلاق اسیطرح ممنوعات میں وہ چیزیں جو انسان کی روح پر

بقیہ نوٹ صفحہ ۴۷۱، زبان کے قاعدہ سے معلوم نہیں ہوتے بلکہ کشف سے جو الہام کیلئے دوسرا لفظ ہے بات یہ ہو کہ ابتداء میں جسطرح انسانی حالت صنائع وتمدن میں گھسی ہوئی ہوتی ہے۔ اسیطرح زبان کا بھی حال ہوتا ہے پھر جسطرح تمدن میں انسان ترقی کرتا جاتا ہے زبان بھی شائستگی حاصل کرتی جاتی ہے۔ ویدوں کی تصنیف جیسا آریہ قوموں کا تمدن تھا ویسی ہی زبان بھی تھی پھر ایسی زبان کی کتاب کے معنی دریافت کرنا کوئی آسان کام نہیں یہی وجہ ہے کہ ویدوں کے معانی میں زمین وآسمان کا فرق ہے جنکو قدیم پنڈت مانتے آئے ہیں اور جو آریہ کے بیشوؤں نے معنی بیان کئے ہیں دونوں کو ملا کر دیکھنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ دونوں وجہ اکتساب ہیں ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

تاریکی پیدا کرتی ہیں۔ زنا۔ قتل۔ ظلم۔ جھوٹ بولنا بت پرستی وغیرہ ان میں بھی نسخ نہیں نہ اسکے مسلمان قائل ان امور میں جملہ شرائع انبیاء علیہم السلام ابدی ہیں اور ان سب باتوں میں جملہ انبیاء علیہم السلام متفق ہیں سب کا ایک ہی طریقہ اور ایک ہی شریعت ہے جیسا کہ قرآن میں ہے شرع لکم من الدین ما وصی بہ نوحا والذی اوحینا الیک وما وصینا بہ ابراھیم وموسیٰ وعیسیٰ ان اقیموا الدین ولا تتفرقوا فیہ (شوریٰ رکوع ۲) اولئک الذین ھدی اللہ فبھدٰھم اقتدہ (سورۂ انعام رکوع ۹)

(دوئم) فروع عملیات یعنے ان احکام کے قوالب اور صورتیں البتہ ان میں بحسب ضرورت وقت ولحاظ اقوام ضرور نسخ ہوا ہے اور ہونا بھی چاہیے۔ مثلاً نماز کسی نبی کے عہد میں صرف دعا اور تسبیح وتہلیل تھی اخیر نبی کے عہد میں اسمیں رکوع وسجود وغیرہ شرائط وارکان قائم ہو گئے۔ حضرت مسیح علیہ السلام جو فرماتے ہیں کہ میں توریت کو منسوخ کرنے نہیں آیا۔ وہ قسم اول اور فطری باتوں کی نسبت فرماتے ہیں سو قرآن بھی یہی فرماتا ہے رہا فروع کا اختلاف حسب موقع سو اسکا تو نہ کوئی یہودی انکار کرسکتا ہے نہ کوئی عیسائی بشرطیکہ وہ توریت واناجیل کا قائل بھی ہو کیلئے کہ فروع میں نسخ انکے ہاں بھی ثابت ہے جسکے نظائر یہ ہیں (۱) آدم علیہ السلام کے عہد میں بہن بھائی کا نکاح درست تھا بلکہ سارا حضرت ابراہیم کی علاتی بہن تھیں جیسا کہ تورات سفر تکوین کے بیسویں باب میں ہے حالانکہ یہ حکم حضرت موسیٰ کے

---

۱۵ اے مسلمانو تمہارے لئے وہ شریعت قائم کی ہے کہ جس کا جسنے نوح کو حکم دیا تھا اور وہ جو اے پیغمبر آپ پر وحی کی گئی اور وہ جسکا ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ کو حکم دیا تھا کہ اسکو قائم رکھو اسمیں اختلاف نکرنا۔ اس سے ثابت ہوا کہ شریعت محمدیہ اگلی شریعتوں اور جدید احکام منزل من اللہ کا مجموعہ ہے کوئی نئی شریعت نہیں ہے اسکے احکام کو اور شریعتوں سے لئے جانے کا الزام لگانا محض بیہودہ خیال ہے ۱۲ منہ

۱۶ یہ انبیاء (جنکا ذکر ہوا۔) وہ ہیں کہ جنکو خدا نے ہدایت دی تھی پس اے پیغمبر آپ بھی انہیں کی چال چلیں یعنی اصول دین اور شریعت سب انبیاء کی متحد ہیں۔ ان میں قرآن نے نسخ نہیں کیا ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

عہد میں منسوخ ہوگیا۔ اور بمنزلہ زنا کے قرار دیدیا گیا جیسا کہ سفر احبار کے اٹھارہویں باب میں ہے (۲) نوح علیہ السلام کے عہد میں زمین پر چلنے والے کل جانور حلال تھے جیسا کہ سفر تکوین کے ۹ باب میں ہے مگر موسے کے عہد میں بہت سے حرام ہوگئے جنمیں خنزیر بھی ہے ملاحظہ ہو سفر احبار کا گیارہواں باب۔ (۳) حضرت یعقوب علیہ السلام کے عہد میں دو حقیقی بہنوں سے ایک ساتھ نکاح کرنا درست تھا۔ چنانچہ لیا اور راحیل دو حقیقی بہنیں ایک وقت میں حضرت یعقوب کے نکاح میں تھیں جیسا کہ سفر تکوین کے ۲۹ باب میں ہے پر یہ نکاح حضرت موسے کے عہد میں حرام ہوگیا۔ ملاحظہ ہو سفر احبار کا اٹھارہواں باب۔ (۴) حضرت موسیٰ کے عہد میں بہت سے جانور حرام تھے۔ ختنہ اور تعظیم سبت وغیرہ فرض تھی اور انکی بہت تاکید تھی اور انکو ابدی بھی بتایا تھا۔ مگر موسے کی اس تمام شریعت کو حواریوں نے یک لخت منسوخ کر دیا۔ صرف چار حکم باقی رہے۔ ذبیحہ[1] خنق۔ خون۔ گلا گھونٹا ہوا جانور زنا۔ جیسا کہ نامہ حواریان کے پانچویں باب میں مذکور ہے پھر چند روز کے بعد پولوس مقدس جسکے مذہب پر جملہ عیسائی چلتے ہیں۔ زنا کے سوا انکو بھی منسوخ کر دیا (نامہ حواریاں باب ۵) مگر جب اوسپر بھی کوئی سزا قائم نہ رکھی تو گویا اسکی بھی ایک معنی سے اجازت دیدی۔ اس سے بڑھکر یہ ہے کہ پولوس مقدس نے موسیٰ کی تمام شریعت اور کتاب کو جسکو پرانے عہدنامہ سے تعبیر کیا ہے کمزور اور بیفائدہ سمجھکر اٹھا دیا ملاحظہ ہو پولوس کا وہ خط جو اہل اغلاطیہ کو لکھا ہے اسکا تیسرا باب اور اسمیں حضرت مسیح علیہ السلام کا لوگونکے بدلہ میں ملعون ہونا بھی لکھا ہے۔ اور پیشوائے فرقہ پراٹسٹنٹ مارٹین لوتھر تو بدکاری کرنے اور شریعت سے آزاد

[1] انسان کے شر نے بے مہار اور ہر طرح کی بدکاری عیاری میں شریر ہونے کے لئے اس سے بڑھکر اور کوئی تجویز سمجھ میں نہیں آتی یہ وہ اعتقاد ہے جو انسان کو مذہبی برکات سے محروم رکھتا ہے۔ اسلیئے عیسائی ممالک میں باوجود تہذیب اور شائستگی کے بدکاری شراب خوری کا وہ رواج ہے جس کا نظیر کسی دوسری جگہ مشکل سے ملیگا ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

رہنے کا حکم دیتا ہے۔ اسپر منصفت کا مستحق بتاتا ہے۔

عیسائی اس مقام پر لاجواب ہو کر ایک توجیہ کیا کرتے ہیں کہ موسیٰ کی رسمی شریعت کی مسیح کے آنے سے ضرورت نہ رہی۔ البتہ اخلاقی شریعت واجب العمل ہے اور وہ اخلاقی کیا ہے صرف مسیح کو خدا اور خدا کا بیٹا اور دنیا کا کفارہ سمجھنا اور ان باتوں پر ایمان لانا یہی تو مسلمان بھی کہتے ہیں کہ بعض شرائع سابقہ رسمی ہونے کے سبب واجب العمل نہ رہے اور یہی وہ نسخ ہے جسکے مسلمان قائل ہیں۔ بات تو ایک ہی ہے پھر اوسپر اعتراض کرنا اپنے ہی اوپر اعتراض کرنا ہے اور اس تیشہ سے جسکو اسلام پر چلاتے تھے اپنے مذہب اور پولوس وغیرہ کے اقوال کو جڑ پیڑ سے کاٹنا ہے جنہوں نے باوجودیکہ حضرت مسیح اسکا شوشہ بھی مٹانے نہیں آئے تھے۔ اسکے ورق اور ابواب بلکہ کتاب مٹا دی یہ تو نسخ نہیں نہ اسمیں کوئی عیب۔ مگر مسلمان جو کہتے ہیں وہ نسخ اسپر طعن۔ عجب انصاف ہے۔

قرآن کے احکام میں بھی نسخ ہوا ہے؟

ابو مسلم وغیرہ علماء فرماتے ہیں کہ ہرگز نہیں۔ نہ احکام میں نسخ واقع ہوا ہے نہ آیات کے الفاظ میں اور جن احکام کو منسوخ کہا جاتا ہے در اصل وہاں تعمیم و تخصیص ہے۔ یا وہ احکام در اصل واجب و فرض نہ تھے۔ لوگ انکو عمل میں بطور وجوب کے لاتے تھے۔ بعد میں واضح کر دیا گیا کہ یہ واجب نہیں۔ اسبات کو علماء نے نسخ سمجھ لیا۔ اور جن کو آیات منسوخ التلاوہ کہا جاتا ہے در اصل وہ قرآن نہ تھا بلکہ حضرت رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی تفسیر تھی جسکو صحابہ نے متبرک سمجھ کر ان آیات کے ساتھ ملا کر مصاحف میں لکھدیا تھا۔ قرآن جب جمع کیا گیا اور ان تفسیری جملوں کو ترک کیا گیا تو لوگوں نے یہ سمجھ لیا کہ وہ منسوخ التلاوہ ہو گئے۔ اور بے احتیاط محدثوں نے اس کی بابت حدیثیں روایت کر دیں جو بیشتر غلط ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اکثر علماً کہتے ہیں کہ قرآنی احکام میں بعض بعض مواقع پر نسخ ہوا ہے۔ غور کرکے جو دیکھا گیا تو اس قسم کا پانچ حکموں میں نسخ پایا گیا (۱) ابتدار اسلام میں میراث کے حکم سے پہلے وصیت فرض تھی۔ جیسا کہ سورہ بقرہ میں ہے کُتِبَ عَلَیْکُمْ اِذَا حَضَرَ احدکم الایہ یہ حکم آیت میراث سے منسوخ ہوگیا یوصیکم اللہ فی اولادکم الایہ (۲) ابتدار اسلام میں جسکا شوہر مرجائے اوس عورت کے لئے برس بھر عدت کرنے کا حکم تھا والذین یتوفون الی قولہ متاعاً الی الحول۔ یہ حکم منسوخ ہوگیا صرف چار مہینے دس دن کی عدت باقی رہ گئی اربعۃ اشہر وعشراً۔ (۳) ابتدار اسلام میں وہ چند کفار سے مقابلہ فرض تھا وان یکن منکم عشرون صابرون۔ انفال۔ اس کے مابعد کی آیت سے صرف دوچند سے مقابلہ کرنا باقی رہ گیا (۴) آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو موجودہ بیویوں کے علاوہ اور سے نکاح کرنا ممنوع ہوگیا تھا لا یحل لک النساء من بعد مگر یہ حکم اس سے پہلی آیت سے یا اس آیت سے منسوخ ہوگیا انا احللنا لک ازواجک الایہ (۵) تم میں آکر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بغیر صدقہ دیئے سرگوشی کرنا ممنوع ٹھہر گیا تھا۔ کس لئے کہ منافقین مسلمانوں کی دل آزاری کے لئے خواہ مخواہ آنحضرت سے سرگوشیاں کرکے آپ کا بھی حرج کرتے اور مسلمانوں کو بھی ایذا دیتے تھے اذا ناجیتم الرسول فقدموا بین یدی نجوٰکم صدقۃ۔ سورہ مجادلہ۔ مگر بعد میں یہ حکم منسوخ ہوگیا۔

قدمار نسخ کے جمیع معنے لیکر بہت سی آیات کو منسوخ کہدیا کرتے تھے۔ ان کے نزدیک عام کی تخصیص مطلق کا مقید کرنا یا بالعکس نسخ سمجھا جاتا تھا۔ اس معنے سے ابومسلم میں اور قدمار میں نزاع لفظی باقی رہجاتا ہے۔ کیونکہ اسکا وہ بھی انکار نہیں کرتے۔ نسخ متنازعہ فیہ وہ ہے کہ دونوں حکموں میں صریح تعارض ہو تب موخر حکم کو ناسخ اور مقدم کو

ے گروہ نحیر کا استدلال اس آیت سے ہے ما ننسخ من اٰیۃ او ننسھا نات بخیر منھا او مثلھا۔ کہ جب ہم کسی آیت کو مٹاتے یا بھولاتے ہیں تو اوس سے بہتر یا ویسی اور لے آتے ہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

منسوخ کہیں گے۔ اس تقدم و تاخر کا پتا آیات کے زمانہ نزول سے لگایا جاتا ہے اسلئے علماء مفسرین آیات مکیہ و مدنیہ کو بتلا دیا کرتے ہیں اور فن تفسیر کا یہ بھی ایک اہم کام ہے علماء نے یہ بھی فرمایا ہے کہ آیات کی ترتیب اور تقدم و تاخر سے ناسخ و منسوخ نہیں متعین کیا جاویگا بلکہ زمانۂ نزول سے گو ناسخ جو بعد میں نازل ہوا ہے منسوخ سے مقدم ہی کیوں نہ لکھا گیا ہو ✣

ف قرآن کا نزول تدریج ہوا ہے کبھی ایک سورہ کی چند چند آیات نازل ہوئی ہیں کبھی ایک سورہ تمام و کمال نازل ہوئی ہے۔ پھر یہ بھی ہوا ہے کہ ایک بڑی سورہ کچھ مکہ میں قبل ہجرت نازل ہوئی اور باقی مدینہ میں۔ قرآن کی آیات اور سورتوں کی ترتیب نزول پر نہیں رکھی گئی ہے بلکہ قرآن کی اصلی حالت پر جو لوح محفوظ میں تھی یا مضمون کی مناسبت پر مگر یہ سب کام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو بامر الٰہی ہو چکا تھا۔ آیات کی ترتیب بدلنے کا کسیکو اختیار نہیں ✣

فصل

احکام جن آیات میں بیان ہوئے ہیں انکی تعداد میں علماء کا اختلاف ہے کیونکہ جنہوں نے صراحت کا لحاظ کیا ہے ان کے نزدیک ایسی آیات کی تعداد ایک سو پچاس ۱۵۰ ہے اور جنہوں نے استنباط کا بھی خیال کیا ہے ان کے نزدیک پانسو ہے۔ احکام کی تقسیم علماء نے اسطور سے کی ہے کہ جو فعل ایسا ہو کہ خواہ اسکو کوئی کرے

بقیہ نوٹ صفحہ ۴۷۶) ابو مسلم کہتے ہیں کہ آیت سے مراد آیت قدرت ہے نہ آیت قرآنی بدلیل سیاق سباق اور نیز یہ جملہ شرطیہ ہے جس کے لئے تحقق شرط نہیں امام رازی نے بھی اس آیت سے نسخ آیات قرآنیہ پر استدلال کرنے میں کلام کیا ہے ۱۲ منہ

ف ابو مسلم وغیرہ ان پانچ احکام میں بھی نسخ حقیقی کے قائل نہیں ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

یا نکرے تو اسکو **مباح** کہتے ہیں اور جسکو کرنا چاہیئے اسکی کئی صورتیں ہیں یا تو ضرور اسکو عمل میں لانا چاہیئے اور اسکی تاکید شدید ہے تو اسکو **فرض** کہتے ہیں اور جس کی اس سے کم تاکید ہے تو اسکو **واجب** کہتے ہیں اور جو اس سے بھی کم تاکید ہے اور اس کے ترک پر کوئی دنیاوی یا اخروی قباحت وعذاب مرتب نہیں ہے تو اسکو **مندوب** کہتے ہیں سنت موکدہ اور سنن زوائد اسمیں داخل ہیں۔ اور اس سے کم درجہ وہی مباح ہے اور اگر اوس کے ترک کی تاکید و تہدید ہے اور اسپر کوئی عذاب دنگال مرتب کیا ہے تو اسکو **حرام** کہتے ہیں اور جو اس سے کم تہدید و تاکید ہے تو اسکو **مکروہ تحریمی** کہتے ہیں اور جو اس سے بھی کم ہے تو اسکو **مکروہ تنزیہی** کہتے ہیں۔ اور جو یہ بھی نہیں تو وہ مباح ہے۔ غرض امر مباح کی دونوں طرف یکساں ہیں کرنے پر ثواب نہیں نکرنے پر عذاب نہیں۔

یہ بات کہ یہ حکم مذکورہ اقسام میں سے کس قسم میں داخل ہے۔ قرآن کے الفاظ سے سمجھی جاسکتی ہے۔ فرض وواجب کے علامات (۱) لفظ فرض (۲) یوصیکم اووصی یا وعینا (۳) لفظ امر۔ ان اللہ یامرکم (۴) امر کے صیغے مگر جہاں قرینہ غیر وجوب کا ہو وہاں اباحت سمجھی جائے گی۔ (۵) لفظ قضی یا جو اس معنی کے الفاظ ہوں (۶) یا اس کے ترک پر کوئی قباحت دنیاوی یا عذاب اخروی مرتب کیا ہو (۷) اس کے فاعل کی مدح اور اسپر نتیجہ خیر مرتب کیا ہو (۸) اس کے عمل میں لانے کی تاکید فرمائی ہو۔ (۹) اس فعل پر کوئی ثواب مرتب کیا ہو (۱۰) اس فعل کو ابرار کا فعل بتایا ہو اسپر اپنی محبت و رضا کا اظہار کیا ہو۔ حرمت و کراہتہ تحریمی کے علامات (۱) لفظ حرام و حرمت کا اطلاق ہونا (۲) اسپر نہی وارد ہونا۔ (۳) اس فعل کو رجس یا خبث یا شیطان کا فعل بتانا (۴) اسپر کوئی عذاب اخروی یا عتاب صادر کیا جانا (۵) اس کے فاعل کی مذمت۔ (۶) اسکو کسی خرابی کا باعث کہنا۔ (۷) اسکو حمقا، وسفہار کا فعل بتانا۔ (۸) اس فعل پر

toobaa-elibrary.blogspot.com

لعنت کرنا (۹) اسکے فاعل پر لعنت کرنا (۱۰) اسکو اپنے غضب اور ناراضی کا سبب بتانا وغیرہ

ف بعض علماء کے نزدیک فرض و واجب میں اسطرح حرام و مکروہ تحریمی میں کچھ فرق نہیں لیکن محققین نے یہ فرق بتایا ہے کہ جسکا عمل میں لانا دلیل قطعی سے سمجھا جائے۔ اور اس کی دلالت بھی یقینی ہو تو وہ فرض ہے۔ اگر اسطرح سے ممانعت ثابت ہو تو وہ حرام ہے۔ اور اگر دلیل ظنی سے ثبوت یا ممانعت ہے تو اسکو واجب یا مکروہ تحریمی کہیں گے خواہ اسکے ثبوت میں ظن ہو جیسا کہ خبر احاد اور قیاس مجتہد یا ثبوت تو قطعی ہو مگر دلالت ظنی ہو کہ وہ بات قرآن کے صاف لفظوں سے ثابت نہیں ہوتی۔ اسلئے فرض اور حرام کا منکر کافر سمجھا جائے گا نہ واجب و مکروہ تحریمی کا۔

جن امور کے کرنے کا شرع نے حکم دیا ہے ان میں ضرور کوئی نہ کوئی خوبی ہوتی ہے جسکو عقل سلیم بھی تسلیم کرتی ہے اور جن سے منع کیا ہے انمیں کوئی نہ کوئی قباحت ہوتی ہے جو غور و فکر سے عقل میں آسکتی ہے۔

(فصل)

لفظ اگر اپنے پورے معنی پر دلالت کرے تو اس دلالت کو **مطابقی** کہتے ہیں اور اگر معنی کے جزء پر دلالت کرے تو اسکو **دلالت تضمنی** کہتے ہیں اور اگر معنی کے علاوہ کسی دوسری چیز پر دلالت کرے بشرطیکہ اوس غیر اور معنی اصلی میں کوئی لزوم ہو ورنہ معنے کے غیر تو ہزاروں چیزیں ہوتی ہیں اپر لفظ بغیر لزوم کے کہ اس کے تصور سے اسکا بھی تصور آجائے۔ کیوں دلالت کرنے لگا۔ ایسی دلالت کو **التزامی** کہتے ہیں۔ جیسا کہ لفظ تخت اس سے جو وہ مرکب بنا ہوا سمجھا جاتا ہے یہ دلالت مطابقی ہے۔ اور اسکا جو کوئی جزء پایا تختہ وغیرہ سمجھا جاتا ہے تو یہ دلالت تضمنی ہے اور اس سے جو اس کے بنانے والے کا وجود سمجھا جاتا ہے خواہ وہ کوئی ہو یہ دلالت التزامی ہے

دلالت قطعی ثابت ہونے کی تحقیق ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

یہ دلالت[1] لفظی وضعی کے اقسام ہیں پھر ہر جملہ جو ظاہر المراد ہے وہ محتمل تاویل ہے یا نہیں اگر اسمیں تاویل کی گنجایش ہے پھر اگر اسکے معنی کا ظہور محض اسکے الفاظ سے ہے تو اسکو **ظاہر** کہتے ہیں اور اگر سیاق کلام سے اسکے معنی میں اور بھی ظہور ہو گیا ہے تو **نص** کہتے ہیں جیسا کوئی یوں کہے کہ میرے پاس قوم آئی اسکو مجیئت قوم کے لئے نص کہیں گے اور جو کوئی یوں کہے کہ مینے فلاں کو اسوقت دیکھا جبکہ میرے پاس قوم آئی تھی تو فلاں کی رویت کیلئے تو یہ کلام نص اور قوم کے آنے کے لئے ظاہر ہوگا عام محاورہ شرعی میں ہر آیت اور حدیث کو بھی نص کہا کرتے ہیں۔ اور اگر اس کے معنی کا ظہور اس حد تک پہونچ گیا ہے کہ اب اسمیں دوسرے معنے بذریعہ تاویل پیدا کرنے کی بھی گنجایش نہیں رہی تو اسکو **مفسر** کہتے ہیں۔ لیکن باوجود اسقدر ظہور معنی کے اسمیں منسوخ ہونے کا احتمال باقی تھا اور اگر یہ احتمال بھی باقی نرہے تو اسکو **محکم** کہتے ہیں۔ اور اس میں اس احتمال باقی نرہنے کی وجہ یا تو خود اس کے معنے کے

---

[1] دلالت کی کئی قسم ہیں ایک عقلی ہے اسکی دو قسم ہیں غیر لفظی جیسا کہ دھوئیں سے آگ کا معلوم کرلینا اسمیں لازم سے ملزوم اور ملزوم سے لازم پر دلالت ہوتی ہے۔ دوئم لفظی کہ کسی کی آواز سنکر یہ سمجھ لینا کہ کوئی آواز دینے والا ہے۔ دوسری طبعی کہ بمقتضار طبیعت سے اندرونہ حالات پر دلالت کرنے والی چیز پیدا ہوں جیسا کہ درد میں ہائے ہائے یا بدن میں کوئی حالت پیدا ہو جیسا کہ خوف کے وقت چہرہ کی زردی تیسری وضعی کہ کسینے کوئی چیز کسی چیز کے لئے وضع کردی ہو وہ غیر لفظی بھی ہوتی ہے جیسا کہ اشارات اور جھنڈیاں اور حروف کی صورتیں وغیرہ اور لفظی بھی ہوتی ہے جیسا کہ الفاظ کا معنی کے لئے وضع کرنا پھر یہ مطابقی تضمنی التزامی اس کی قسم ہیں ۱۲ منہ

ف مفسرین کے نزدیک آیات محکمات میں ظاہر نص مفسر محکم سب داخل ہیں اور درجات متفاوت ہیں اسیطرح متشکل۔ مجمل متشابہ۔ سب متشابہات ہیں اور ان کے بھی درجات متفاوت ہیں ان معنی سے ضرور متشابہات کو راسخین بھی جانتے ہیں ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

استقامت ہے جیسا کہ آیات توحید وصفات وغیرہ امور اعتقادیہ یا کسی عارض کے سبب نسخ کا احتمال جاتا رہا ہو جیسا کہ آیات احکام فرعیہ بھی اب انقطاع وحی اور وفات پیغمبر علیہ السلام کے سبب منسوخ نہیں ہو سکتیں اسلئے وہ بھی محکم ہو گئیں ✣

ان چار قسموں کے مقابل جنمیں درجہ بدرجہ معنے کا ظہور تھا۔ چار قسم اور ہیں جن میں درجہ بدرجہ معنی میں پوشیدگی بڑھتی جاتی ہے۔ کیونکہ اگر ان کے معنی کا خفا کسی عارضی سبب سے ہو الفاظ میں خفا نہیں ہے تو اسکو **خفی** کہتے ہیں پھر یہ خفا کبھی تو معنی کے زیادہ ہو جانے سے ہوتا ہے کبھی کم ہو جانے سے۔ جیسا کہ آیت سرقہ۔ کفن چور کے حق میں معنے سرقہ کے کم ہو جانے سے خفی ہے۔ کیونکہ چوری مال محفوظ کو مالک کی غفلت سے لیجانے کا نام ہے اور کفن مال محفوظ نہیں اور کیسہ بُر میں معنے کی زیادتی سے خفا ہو گیا۔ کیونکہ یہ غفلت میں نہیں بلکہ ہوشیاری میں مال اوڑا لیجاتا ہے۔ اسمیں غور و تامل کر کے معنی قائم کرنے چاہئیں۔ یا الفاظ ہی میں کوئی خفا ہے۔ مگر ایسا خفا ہے کہ سباق وسیاق اور قرائن میں تامل کرنے سے دور ہو سکتا ہے تو اسکو **مشکل** کہتے ہیں۔ اور اگر تامل سے بھی خفا دور نہو سکے بلکہ متکلم کیطرف سے وضاحت کا محتاج ہو تو ایسے کلام کو **مجمل** کہتے ہیں۔ جیسا کہ والعادیات ضبحاً وغیرہا کہ ان سے کیا مراد ہے گھوڑے یا اونٹ؟ اور اگر یہ امید بھی نہو تو اسکو **متشابہ** کہتے ہیں۔

کلام میں خفا کے کئی سبب ہوتے ہیں کبھی اشتراک یا غیر معروف ہونے کے سبب یا ضمائر اور اسم اشارات سے مراد متعین نہونے کے سبب معنی میں مخاطب کے نزدیک خفا پیدا ہو جاتی ہے **مفسر** کا کام ہے کہ اسکو حل کرے اور اسکو فن تفسیر میں **شرح غریب** کہتے ہیں اور اسمیں مفسر کا کمال یہ ہے کہ قرآن کے دوسرے جملوں ہی سے حل کرے ورنہ صحابہ و تابعین کے اقوال سے جو بروایت معتبرہ ثابت ہوں اس کے بعد کتب لغت وغیرہ سے ✣

toobaa-elibrary.blogspot.com

کلام میں **اشکال** پیدا ہو جانے کے بھی چند اسباب ہوتے ہیں کبھی کوئی مضمون دوسری آیات یا احادیث صحیحہ یا تاریخی واقعات کا مخالف معلوم ہوتا ہے اور حقیقت میں مخالف نہیں ہوتا یا اسمیں قواعد زبان کا خلاف معلوم ہوتا ہے یا مضمون ہی میں کوئی پیچیدگی ہوتی ہے یا واقعات کے بیان میں ان کی ترتیب وقوع اور قصہ کا ابتدا نہ معلوم ہونے سے اشکال پیدا ہو جاتا ہے اسیطرح احکام کا پورا حال ذہن نشین نہونے کے سبب اشکال پیدا ہو جاتا ہے۔

مفسر کا فرض ہے کہ اسکو بھی انہیں پابندیوں سے حل کرے مثلاً حضرت مریم کو ان کی قوم نے یا اخت ہارون کہا تھا اس سے یہ اشکال پیدا ہوتا تھا کہ ہارون علیہ السلام تو حضرت مریم سے سینکڑوں برس پہلے ہو گزرے ہیں پھر مریم ان کی بہن کیونکر ہو سکتی ہیں؟۔ اسبات کو خود پیغمبر علیہ السلام ہی نے بتا دیا کہ یہ وہ ہارون نہیں بلکہ ان کے نام پر مریم کے بھائی کا نام تھا اور بنی اسرائیل میں بزرگوں کے نام پر نام رکھنے کا دستور تھا۔

اجمال کے بھی بہت سے اسباب ہوتے ہیں کبھی کسیکا ذکر صفات سے ہوتا ہے یا اسکو اسماء موصولہ سے تعبیر کیا جاتا ہے یا احکام میں اطلاق ہوتا ہے یا عموم کے الفاظ ہوتے ہیں جنسے معنی میں اجمال و ابہام ہو جاتا ہے جیساکہ والذاریات ذروا اب نہیں معلوم کہ ذریات سے کیا مراد ہے ہوائیں یا فرشتے ہیں؟ اسکا حل کرنا بھی **مفسر** کے فرائض منصبی میں سے ہے مگر اسکا حل احتمالات عقلیہ سے صحیح نہیں بلکہ اسکی نسبت جو کچھ نبی علیہ السلام یا ان سے تعلیم یافتوں نے بیان کیا ہے اوس سے حل کرے اور روایت صحیحہ کا اعتبار کرے۔ جیساکہ یہ آیت ہے ولقد فتنا سلیمان والقینا علی کرسیہ جسدا ثم انا ب ۝ کہ ہمنے سلیمان کو آزمایا اور اس کی کرسی پر ایک جسم ڈالدیا پھر سلیمان خدا کیطرف متوجہ ہوئے۔ اب بظاہر نہیں معلوم کہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

کہ سلیمان کی کیا آزمایش تھی اور ان کی کرسی پر جسم ڈالدینے سے کیا مراد ہے؟ بے احتیاط مفسر اسکی تفسیر میں زمین و آسمان کے قلابے ملا دیتے ہیں ٭

تشابہ کلام میں پیدا ہوجانیکا یہ سبب ہوتا ہے کہ تھوڑے سے لفظوں میں بہت سے معانی جمع ہوجاتے ہیں کلام کا ہر پہلو ہر ایک معنی پر برابر دلالت کر رہا ہے۔ اور کبھی یہ ہوتا ہے کہ کسی غیر محسوس کا حال محسوسات کے پیرایہ میں بیان کیا جاتا ہے کیونکہ اس کے لئے اور الفاظ ہی مخاطبوں کے محاورے میں نہیں ہوتے ہیں۔ خواہ ذات وصفات باری کا بیان ہو یا غیر محسوس عالم کے کیفیات کا ٭

ہمیں علماء اسلام کے دو قول ہیں ایک گروہ کہتا ہے کہ ان کے معانی بجز خدا کے اور کوئی نہیں جانتا ان کے نزدیک لَا یَعْلَمُ تَاْوِیْلَهٗ اِلَّا اللّٰهُ پر وقف لازم ہے وَالرّٰسِخُوْنَ فِی الْعِلْمِ۔ دوسرا جملہ ہے۔ پھر متشابہات کے نازل کرنے سے یہ مقصود ہے کہ مخلص ایماندار اسپر ایمان لائیں چون وچرا نکریں دوسرا گروہ اللہ پر وقف نہیں کرتا بلکہ والراسخون فی العلم پر اسکا عطف کرتا ہے۔ ان کے نزدیک متشابہات کو علماء راسخین بھی جانتے ہیں جنمیں حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے فیض یافتہ بدرجہ اولی داخل ہیں اسلئے وہ ان کے معانی کی تشریح احادیث واقوال صحابہ واہلبیت سے کیا کرتے ہیں۔ مگر کج طبع لوگوں کو فاسد خیالات پیدا کرنے کا بڑا موقعہ ملتا ہے اسلئے قرآن نے ان کی مذمت بھی بیان فرمادی ہے ٭

اون پہلی چار قسموں کو کہ جنکے معنے ظاہر ہوں کسی تفسیر وتاویل کی حاجت نہیں انمیں تاویلات باطلہ کرکے خلاف ظاہر معنی پیدا کرنا سراسر الحاد وزندقہ ہے۔ ہاں ان کو مسلمان کران کے بطون سے حقائق کا اظہار جائز ہے ٭

تبصرہ جب کلام کو اس کے معنی پر دلالت کرنے کے لحاظ سے دیکھا جاتا ہے یعنے یہ کلام اوس معنی پر کیونکر دلالت کرتا ہے اسکی بھی چار قسم پیدا ہوتی ہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

کیونکہ مستدل جب اس کلام سے کوئی مطلب حاصل کرنا چاہتا ہے یا تو یہ کلام اس مطلب کے لئے ہی صادر کیا گیا تھا تب اس دلالت کو **عبارۃ النص** کہیں گے اور اگر وہ الفاظ سے تبعاً سمجھا جاتا ہے تو اسکو **اشارۃ النص** کہیں گے وَعَلَی الْمَوْلُوْدِ لَهٗ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ۔ جسکا بچہ ہے اوسپر دودھ پلانے والیکا روٹی کپڑا حسب دستور واجب ہے۔ کلام کا صدور تو مرضعہ کے روٹی کپڑا لازم ہونے کے لئے ہے اس معنی پر اسکی دلالت بعبارۃ النص ہے۔ مگر المولود لہ میں ضمیر نذکر ہے اس سے باشارۃ النص یہہ بات بھی سمجھی گئی کہ بچہ باپ ہی کا ہے نہ ماں کا۔ اول کو دلالت مطابقی دوسرے کو تضمنی سمجھنا چاہیئے۔ اول دوئم سے قوی ہے اور اگر لغوی معنی سے کوئی بات سمجھی جائے تو یہ **دلالۃ النص** ہے فلا تقل لهما أُفٍّ ولا تنهرهما۔ کہ ماں باپ کو نہ اُف کہہ نہ جھڑک۔ مگر ان معنی سے ہر اہل زبان سمجھ سکتا ہے کہ گالی دینا مارنا بھی ممنوع ہے۔ کیونکہ جھڑکنے اف کہنے سے منع کرنا رنج اور تکلیف دینی منع کرنا ہے۔ مارنا گالی دینا بھی تکلیف و رنج دینا ہے۔ یہہ دلالت بمنزلہ التزامی کے ہے جو لازم معنی لغوی پر ہے۔ اور اگر کلام سے وہ بات سمجھی جائے کہ جسپر معنی کی صحت موقوف ہے تو اسکو **اقتضاء النص** کہتے ہیں اور یہ توقف عام ہے۔ شرعی ہو خواہ عقلی۔ مثلاً نماز کا حکم دینا۔ چونکہ شرع میں نماز وضو پر موقوف ہے پس اس حکم سے وضو جو سمجھا گیا تو بطریق اقتضاء النص سمجھا گیا۔

یہہ چاروں دلالت علماء کے نزدیک معتبر ہیں اور جو کچھ ان سے سمجھا جائیگا خواہ وہ کوئی نظری بات ہو یا عملی قطعی الثبوت سمجھی جائے گی۔ البتہ خود ان چاروں میں قطعیت کے لحاظ سے ایک کو دوسرے پر فوقیت ہے سب میں مقدم عبارۃ النص ہے پھر اشارۃ النص پھر دلالۃ النص پھر اقتضاء النص۔

برخلاف ان کے اور دلالتیں جیسا کہ مفہوم مخالف یا مفہوم صفت و مفہوم شرط انکا اعتبار نہیں اور جو چیز استنباط اقتباس قیاس سے سمجھی جائے وہ بھی قطعی نہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

بلکہ ظنی ہے۔ قیاس یہ ہے کہ ایک حکم کی علت تلاش کرنا اور جہاں وہ علت پائی جائے اوسپر وہی حکم لگا دینا۔ شراب کی حرمت کی علت نشا رہے پھر جس جس چیز میں نشا رپایا جاوے اوسکو حرام قرار دینا۔ شراب مقیس علیہ بھنگ وغیرہ مقیس نشا رعلت۔

قیاس اکثر علمار کے نزدیک معتبر چیز مانی گئی ہے۔ قرآن کی آیات یا احادیث سے جسقدر مسائل بطور استنباط ثابت ہونگے وہ بھی قابل التسلیم سمجھے جائیں گے۔ مگر قیاس **مجتہد** یعنے ایسے عالم متبحر کا کام ہے جسکو جملہ علوم شرعیہ اور ان کے مبادی پر کامل قدرت ہو اور انمیں ملکۂ اجتہاد و استنباط بھی ہو جیسا کہ ائمہ اربعہ ابو حنیفہ۔ مالک۔ شافعی۔ احمد حنبل تھے۔

محدثین کا ایک گروہ قیاسی مسائل کا پابند نہیں نہ وہ قیاس کو حجت شرعیہ سمجھتے ہیں۔ مجتہدین کے مسائل قیاسی کے پابند **مقلد** کہلاتے ہیں اور کثرت سے ہر ملک کے مسلمان مقلد ہی ہیں شیعہ انکو اصولی کہتے ہیں۔ دوسرا گروہ **ظاہری** اور اہل حدیث۔ اور غیر مقلد شیعوں میں اخباری کہلاتا ہے۔

فصل

تفسیر و تاویل کے معنی اور ان کے باہمی فرق میں علمار کی مختلف عبارتیں ہیں جن کا خلاصہ مطلب قریب قریب یہی ہے۔ تفسیر۔ بروزن تفعیل۔ فسر سے ہے جسکے معنی بیان اور کشف کے ہیں اور تاویل اول سے ہے جسکے معنی رجوع کرنا۔ گویا اول الفاظ کے چند معنی محتملہ میں سے بقرائن ایک معنی کیطرف رجوع کرنا ہے۔ **ماتریدی** فرماتے ہیں کہ تفسیر میں ایک معنی پر یقین کر لینا ہوتا ہے کہ خدا کی یہی مراد ہے اگر اس کے پاس کوئی شہادت عمدہ ہے تو خیر ورنہ وہ تفسیر بالرائے ہے جو ممنوع ہے نبی صلی اللہ

علیہ وسلم نے فرمایا ہے من قال فی القرآن بغیر علم وفی روایۃ برأیہ فلیتبوأ مقعدہ من النار کہ جسنے قرآن میں بغیر علم یا اپنی رائے سے کچھ کہا تو اسکو اپنا ٹھکانا جہنم میں بنا لینا چاہیئے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور تاویل میں دو معنی میں سے ایک کو ترجیح دینا ہوتا ہے +

فرق دونوں میں یہ ہے کہ مبہمات کی تعیین مشکلات کا حل متشابہات کی توضیح۔ احکام کی تفصیل قیود الفاظ کے فوائد شان نزول کا بیان لغات کا حل وغیرہ سب از قسم تفسیر ہیں تاویل کا تعلق زیادہ تر معانی کے ساتھ ہوتا ہے برخلاف تفسیر کے۔ اسلئے ابوحیان نے تفسیر کی یہ تعریف کی ہے کہ وہ ایک ایسا علم ہے کہ جسمیں الفاظ قرآن کی کیفیت نطق اور الفاظ کے معانی اور ان کے افرادی و ترکیبی حالات اور ان کے تتمات کا بیان کیا جاوے۔ علم کا لفظ بمنزلہ جنس کے ہے جو جملہ علوم کو شامل ہے کیفیت نطق کی قید سے علم قرءت اور الفاظ کے معانی کی قید سے علم لغت کیطرف اور الفاظ کے احکام افرادی و ترکیبی کی قید سے صرف نحو۔ بیان۔ بدیع کیطرف اور حالت ترکیب کی قید سے مدلولات حقیقہ و مجازیہ کیطرف اور تتموں کی قید سے معرفت ناسخ و منسوخ ظاہر و نص وغیرہ اور توضیح قصص و احکامات کیطرف اشارہ ہے۔ اور یہ علوم علم تفسیر کے مبادی ہیں +

پس **علم تفسیر** کے دو جزو قرار پائے۔ ایک معرفت ناسخ و منسوخ۔ و اسباب نزول مقاصد آیات کی تشریح غریب الفاظ کی توضیح ابہام و اجمال کی تشریح یہ حصہ تفسیر نقل صحیح اور اقوال سلف کے ساتھ تعلق رکھتا ہے۔ متقدمین اسی حصہ کو تفسیر کہا کرتے تھے۔ دوسرا حصہ وہ ہے جو لغت۔ صرف و نحو۔ بیان۔ و معانی وغیرہ علوم سے تعلق رکھتا ہے اور یہ علوم اس حصہ اول کے مبادی ہیں۔ جنکی طرف حاجت پڑتی ہے یہ حصہ نقل آثار سلف پر موقوف نہیں۔ ان دونوں جزوں کے لحاظ سے فن تفسیر میں صرف نحو۔ بیان۔ معانی بدیع اصول فقہ۔ اصول حدیث۔ علم قرءت۔ علم فقہ۔ علم کلام۔ علم تاریخ۔ علم جغرافیہ (کیونکہ جن واقعات کا قرآن میں بیان ہوا ہے ان کے مقامات کا جاننا بھی ضرور ہے) کتب سابقہ توریت وغیرہ (کیونکہ قرآن میں بنی اسرائیل کے واقعات اور احکام کا ذکر آتا ہے) علم حدیث۔ علم الرجال۔ علم لغت۔ اور اس زبان پر عبور کامل ہونا۔ علم الزہد و الرقاق

toobaa-elibrary.blogspot.com

علم الاسرار یعنے جسمیں اسرار احکام قرآنی بیان ہوتے ہیں۔ علم الجدل والخلاف علم السیرۃ علم الحقائق۔ یعنے وہ علم کہ جسمیں حقائق موجودات کا بیان ہوتا ہے۔ یہ بڑا وسیع علم ہے۔ اور پھر اسکی بہت شاخیں ہیں اور وہ حکمار قدیم کا جدا علم ہے۔ حکمار جدید کا جدا پھر اہل اشراق کا جدا اور پھر اہل حقیقت حضرات صوفیار کرام کا جدا جو ان کے انکشاف روحانی پر مبنی ہے جو ان کو حضرت رسول کریم سے بواسطہ یا بلا واسطہ حاصل ہوتا ہے علم الحساب کیونکہ قرآن میں علم میراث بھی ہے اور اسمیں حساب کی ضرورت پڑتی ہے۔ علم منطق کیونکہ اس سے قرآن کا طریقہ استدلال معلوم ہوتا ہے ۔

جب تک ان علوم میں مہارت نہو تفسیر لکھنے کا قصد بھی نکرنا چاہیئے اور ان سب سے مقدم مفسر کی دیانت شرط ہے۔ کیلئے کہ جب دنیاوی امور میں غیر متدین کی بات تو کیا شہادت کا بھی اعتبار نہیں ہوتا تو دینی امور بالخصوص مطالب قرآنیہ کی بابت کیونکر اعتبار ہوسکتا ہے مخالف اور بدمذہب ضرور کچھ نہ کچھ اصلی مطلب بیان کرنے میں پردہ ڈالدیتا ہے کہ عمدہ مطلب بھی برا معلوم ہوتا ہے یا وہ اپنی طبیعت کے رنگ میں رنگ کر مطالب کو دوسرے پیرایہ میں بیان کر جاتا ہے یا وہ ایسے بُرے عنوان سے تعبیر کرتا ہے جو بدنما معلوم ہوتا ہے یا بدنما کرنے کے لئے پوری بات بیان نہیں کرتا۔ یا عمدہ بات کو اسکے موقعہ پر بیان نہیں کرتا یا زور دار بات کو دبی زبان سے ادا کر جاتا ہے۔ یا تفسیر میں عمداً غلط اور غیر معتبر افسانے روایت کے ذریعہ سے داخل کر کے قرآن کو عیب دار بنا کر دکھاتا ہے۔ الغرض اس قسم کی بہت سی صورتیں خیانت کی ہیں یا وہ اپنی جہالت سے مطالب کو نہیں سمجھتا اپنی رائے ناقص سے کام لیتا ہے۔ انگریزی اور فرنچ میں جسقدر یورپین نے قرآن کے ترجمے اور تفسیریں لکھی ہیں انہیں یہی کاریگری کی گئی ہے اور آجکل نئی روشنی کے ڈیوٹ جو علوم مذکورہ سے نابلد محض ہوتے ہیں صرف انگریزی میں مہارت پیدا کرلینا کافی سمجھکر قرآن کا ترجمہ اور تفسیر کرتے ہیں۔ کیا کیا غضب

toobaa-elibrary.blogspot.com

ڈھاتے ہیں ایک تو بدمذہبی اسلامی احکام سے مطلقاً بے پروائی دوسرے علوم اسلامیہ سے جہالت تیسرے ان کی خود آرائی اور پندار ان کو جملہ علوم سے مستغنی کر دیتی ہے مسلمانوں کو ان کے تراجم و تفاسیر پر اعتبار نکرنا چاہیئے۔ نہ مخالف ہمارے مقابلہ میں ان سے سند پیش کر سکتا ہے۔

علم تاویل کی دو قسم ہیں ایک تاویل صحیح جو الفاظ سے تعلق رکھے اور ان معانی کے الفاظ بھی محتمل ہوں اور وہ اصول اسلامیہ اور سلف صالحین کے خلاف بھی نہو۔ اسکے لئے بھی بہت سے علوم درکار ہیں اور سب سے بڑھکر ایک خداداد ملکہ بھی درکار ہے جو نہ وہ وراثت سے حاصل ہوتا ہے نہ تعلیم و تعلم سے۔ اس قسم کی تاویل مقبول ہے کیلئے کہ قرآن کے لئے ظہر و بطن حدیث میں بیان ہوا ہے اور قرآن دریا بیکنار ہے اسکی تہ میں عجائب و غرائب در شہوار خدا نے رکھے ہیں ہر پہلو اسکا ایک نئے معنی کو لئے ہوئے ہے حضرات صحابہ و اہل بیت پھر ان کی برکت سے تابعین اور ان کے بعد کے اہل کشف نے جو جو موتی اس دریا سے نکالے ہیں انہیں سے ایک ایک قرآن کا اعجاز۔ اور نبی علیہ السلام کی صداقت و عظمت کی دلیل ہے +

دوسری قسم تاویل باطل ہے جو ظاہری الفاظ قرآن سے نہ سمجھی جائے یا ان کے مخالف ہو یا جمہور اسلام کے عقائد اور نصوص صریحہ و احادیث صحیحہ کے مخالف ہو اسکو **تحریف** کہتے ہیں یہ حرام اور زندقہ و الحاد ہے خواہ کوئی اسکا قائل ہو اور اگر وہ کسی مشہور بزرگ کیطرف منسوب ہے۔ تو یقین کر لینا چاہیئے کہ زندیقوں نے ابطال کتاب اللہ کے لئے اس بزرگ پر بہتان لگایا ہے۔ اس قسم کی تاویل باطل کرنے کے چند اسباب ہوتے ہیں (**اول**) مخالفین مذہب اسلام نے پہلے زمانہ میں ایسی چالاکیاں کیں ہیں اور اب بھی کرتے ہوں تو تعجب نہیں کہ کبھی کسینے اپنے تئیں مسلمان ظاہر کیا اور رفتہ رفتہ درویشی اور تصوف میں قدم دھرنا شروع کیا۔ بہت لوگ ان کی خوش بیانی اور کرشمونکی

toobaa-elibrary.blogspot.com

وجہ سے معتقد ہو گئے اگر کوئی رئیس یا بادشاہ ہی دام میں آگیا تو دنیا بھی ملی اور کام بھی بن آیا تصوف کے پردہ میں ہزاروں کو زندیق بنا دیا اور کبھی کسینے قرآن کی کوئی تفسیر بھی لکھ ڈالی تمام نصوص کو تاویل کے پیرایہ میں اولٹ دیا۔ نماز سے مراد یہ ہے اور صوم سے مراد یہ ہے اور جنت سے یہ اور دوزخ سے یہ قیامت اور اعمال کے حساب سے یہ اور موسیٰ و فرعون کے واقعہ سے یہ علی ہذا القیاس۔ اور کہدیا کہ یہ ظاہر بین علمار قرآن کی حقیقت سے کیا واقف یہ معنی تو سینہ بسینہ پیران عظام اور حضرات اہل بیت سے ہمیں کو حاصل ہوئے ہیں نماز نداروسب محرمات حلال کبھی کوئی اس قسم کی تفسیر بنا کر کسی بزرگ کے نام سے مشتہر کر دی اور دیباچہ میں اسکا نام لکھدیا۔ اب کوئی نہیں پوچھتا کہ اس کا مصنف کون ہے ۔

اسیطرح ایسے زندیقوں نے پیغمبر علیہ السلام کے نام سے صدہا جھوٹی حدیثیں بھی گھڑلیں اور مجہول راویوں کے نام لیکر حدثنا واخبرنا کہہ کے سند بھی بنالی۔ مگر محدثین کو خدا جزا خیر دے انہوں نے یہہ چوریاں پکڑ کر لوگوں کو متنبہ کر دیا۔ اور بعض جاہلاکوں نے چند مقام پر قرآن میں ایسے روایات اور معنی پیدا کر دیئے تاکہ اسلام کے نورانی چہرہ پر بدنما داغ لگے۔ مثلاً اس آیت کی تفسیر میں وما ارسلنا من قبلک من رسول ولا نبی الا اذا تمنی القی الشیطان فی امنیتہ الایہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں سورہ نجم پڑھ رہے تھے اور اس مجلس میں اعیان قریش بھی تھے۔ جب آپ اس جملہ پر پہونچے ومناۃ الثالثۃ الاخریٰ تو شیطان نے آپ کی آواز سے اپنی آواز مشابہ کر کے بتوں کی مدح میں یہہ جملہ بھی پڑھ دیا۔ وتلک الغرانیق العلیٰ وان شفاعتھن لترتجی۔ کہ یہ بڑے بڑے قدآور بت ہیں ان کی شفاعت مقبول ہے۔ حالانکہ یہ آیت

ف فرقہ قادیانیہ اسی قسم کی تاویلات کیا کرتا تھا اور اپنے آپ کو اہل باطن کہتے تھے حسن صباح وغیرہ کے حالات تواریخ میں موجود ہیں۔ اسیطرح فرخ سیر شاہ دہلی کے عہد میں ایک فرقہ بیکوک پیدا ہوا تھا اور اب فرقہ قادیانی ہے انکی تاویلات بھی اسی قسم کی ہوتی ہیں۔ فرقہ نیچر کے تاویلات بھی اسی قسم کی ہیں ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

آواز بلند کہہ رہی ہے کہ شیطان کا وحی میں دخل نہیں ہو سکتا۔ لا یاتیہ الباطل من بین یدیہ ومن خلفہ۔ کہ قرآن میں آگے اور پیچھے کسیطرف سے بھی باطل کا دخل نہیں ہو سکتا اسیطرح اس آیت کی تفسیر میں (وتخفی فی نفسک ما اللہ مبدیہ) کی تفسیر میں یہ قصہ نقل کر دیا۔ کہ ایک روز آنحضرت زید کے گھر میں گئے اور زینب کو نہاتے دیکھ کر عاشق ہو گئے یہ بات تھی جسکو دلمیں چھپا رہے تھے اور اسکے ظاہر ہونے کا ڈر کر رہے تھے حالانکہ خود اسی آیت میں اس دل کی بات کا اشیان ہے۔ ما اللہ مبدیہ یعنے وہ کہ جسکو اللہ ظاہر کرنیوالا ہے حالانکہ اللہ نے زینب کے عشق و محبت کا کہیں بھی اظہار نہیں کیا جسکا اظہار کیا وہ زینب کے ساتھ نکاح کرنے کا حکم ہے جسکو بلفظ زوجنا کہا ظاہر فرمایا۔ آپ متبنی کی بیوی سے نکاح کرنے سے اسلئے پرہیز کرتے تھے کہ رسم عرب کے خلاف ہے لوگ طعن کرینگے مگر خدا کو رسم متبنی توڑنا مقصود تھا۔ آپ اوس نکاح پر مجبور کیے گئے۔ اگر بقول مخالفین آپ پیغمبر نہ تھے اور بیجا خواہشیں دلمیں مخفی رکھتے تھے تو آپ اپنی برائی قرآن میں کیوں ظاہر کرتے جو ہمیشہ یادگار رہے اور منافقوں اور یہود بنی نضیر و بنی قریظہ اور عرب کے تمام قبائل کو جو رات دن آپکے عیب تلاش کرتے رہتے تھے۔ ایک متمک ہاتھ آجائے بعید از قیاس ہے اس صاف اور عمدہ بات کو پادریوں اور دیگر مخالفوں نے کن کن رنگ آمیزیوں کے ساتھ بیان کر کے سخت الفاظ میں آنحضرت صلعم کی ذات پاک پر عیب لگایا ہے۔ اور چال چلن کی برائی ثابت کی ہے۔

(دوم) خیالات کا رجحان بھی ایسی تاویلات کرنے پر مجبور کیا کرتا ہے۔ پھر جس کسی کی کمزور طبیعت پر فلسفہ غالب آگیا اور وہ اس کو حق سمجھ بیٹھا اس نے اس کے اعتراضات سے بچنے کے لئے تمام اصول روشن اور الہامی مطالب کو کھینچ تان کر بذریعہ تاویلات فلسفہ ہی کے مطابق کر دیا۔ اور وہ اپنی اس کوشش بیہودہ کو قرآن اور اسلام کی خیرخواہی اور خدمت سمجھا۔ چنانچہ جب بنی العباس کے عہد میں یونانی فلسفہ عربی میں ترجمہ ہوا تو

toobaa-elibrary.blogspot.com

ایک فرقہ نے جسکا نام معتزلہ تھا قرآن کو اسکے مطابق کرنے کی کوشش کی کیونکہ ان کی کمزور طبیعتوں پر اوس فلسفہ کے مسائل اثر کر گئے تھے ان کی مخالفت کو قرآن کا نقص سمجھتے تھے اسلئے انہوں نے تاویلات کے ذریعہ سے قرآن کو اس کے مطابق کرنے میں کوشش کی اور تفسیریں لکھیں ابو علی جبائی کی تفسیر اس قسم کی ہے۔ اور جب اس زمانہ میں وہ فلسفۂ تحقیقات جدیدہ کے مقابلہ میں تقویم پارینہ ہوگیا تو مسلمانوں کے بعض اشخاص[1] کے دلمیں یہ داعیہ پیدا ہوا کہ جسطرح ہو سکے قرآن کو اس فلسفہ کے مطابق کیا جاوے تاکہ اس کے حملوں سے بچے اسلئے انہوں نے بھی اس قسم کی تفسیر لکھی جنمیں عالم غیر حسی کی موجودات کا اور زمین ان چیزوں کا کہ جنکو فلسفہ نہیں مانتا۔ انکا بذریعہ تاویل کیا ہے۔ فرشتوں کو کبھی قوی نباتات کبھی صفات باری بنایا جن کو جنگلی قوم کہا معجزات کا انکار کیا مگر یہ نہ سوچا کہ اگر آئندہ یہ فلسفہ بھی یونانی فلسفہ کیطرح جسکی صدیوں تک حکومت کا ڈنکا بجتا رہا ہے غلط ثابت ہوگیا اور کوئی اس کے برخلاف تیسرا فلسفہ پیدا ہوگیا۔ تو پھر قرآن کو اسکے مطابق کرنا پڑے گا۔ کلام الٰہی کیا ہوا موم کی ناک ہوگئی جدھر چاہا موڑ دیا۔

فلسفۂ حال کی یہ کیفیت ہے کہ روز بروز اسمیں ترقی ہوتی جاتی ہے۔ آج سے پچاس برس آگے بعض وہ مسائل جو حق الیقین کے مرتبہ پر مانے جاتے تھے غلط ثابت ہوگئے پھر باقی مسائل کی کون ضمانت کر سکتا ہے کہ وہ بدستور رہیں گے؟

کبھی مذہبی خیالات اس تاویل پر محرک ہوا کرتے ہیں بعض حضرات شیعہ نے قرآن کی آیات کو اہلبیتؓ اور ان کے مخالفین ہی کے حق میں نازل شدہ قرار دیدیا گویا قرآن کو بجز اس خلافت و امامت کے جھگڑے کے اور کوئی کام ہی نہ تھا۔ اور لطف یہ ہے کہ تاویلات اور زبر و بینات کے اشاروں میں تو سب کچھ کہا روایات کے زبان سے

[1] سرسید احمد خاں اور ان کے حواری ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

بہت کچھ فرمایا یہاں تک کہ ان کے اصلی مخالفوں کے اور نیز ان کے کہ جو امام و خلیفہ ہو جانے کے جرم میں بخیال شیعہ دشمن اہل بیت قرار پا گئے ہیں نام بھی بتا دیئے اور ان کی دنیاوی و اخروی سزائیں بھی بیان کر دیں۔ مگر اتنے بڑے قرآن میں باوجود فصاحت و بلاغت کے یہ ذرا سا مسئلہ خلافت صراحت سے کہیں بھی بیان نہ کیا گیا یا یوں کہو بیان نہ ہو سکا تعجب ہے۔ کبھی صوفیانہ خیالات کا غلبہ اس تاویل پر محرک ہو جاتا ہے بعض نے تمام آیات کو نفس روح وحدت الوجود۔ تجلی ذاتی۔ وصفاتی وغیرہ پر اولٹ دیا نہ قرآن میں موسےٰ کا ذکر نہ فرعون کا حال نہ کوئی شریعت نہ حلت و حرمت آیت و قصاص ہے نہ اعمال کی جزا و سزا کا تذکرہ ہے سب کچھ اول سے لے کر آخر تک یہی تجلی وغیرہ اشیاء کی کہانی ہے۔ جس سے نہ صحابہ واقف تھے نہ اہلبیت کے کان آشنا تھے نہ تیسری چوتھی صدی تک کوئی زبان داں مسلمان واقف تھا نہ اس عہد تک اولیاء اللہ ہوئے تھے نہ اہل کشف و شہود تھے طرفہ ماجرا ہے۔ کبھی کسی کی بیجا خوشامد یا طرفداری بھی ایسی رکیک تاویلات پر مجبور کر دیا کرتی ہے کہ وہ آیات کو اپنے ہی مطلب کیطرف کھینچا کرتا ہے۔

تفسیر میں بھی ایسے ہی اسباب سے بے اعتدالیاں ہو جایا کرتی ہیں۔ مثلاً قرآن نے انسانی جذبات کا حال بیان فرماتے ہوئے یہ ذکر کیا ہے کہ ہمنے انسان اور اسکی بیوی کو پیدا کیا۔ فلما تغشاها حملت حملا خفیفا فمرت به فلما اثقلت دعوا الله ربهما لان اتیتنا صالحا لنکونن من الشاکرین فلما اتاهما صالحا جعلا له شرکاء فیما اتاهما فتعالی الله عما یشرکون۔ آیت میں الفاظ ماضی اور تثنیہ کے صیغوں کے آنیسے یہ سمجھ لیا کہ اس سے حضرت آدم اور حوا مراد ہیں۔ اب اس کے منطبق کرنے کے لئے ایک قصہ بھی تراش لیا کہ حضرت حوا کو جو ابتداً حمل رہا اور بھاری ہوا تو میاں بیوی اس عجوبہ حالت سے گھبرائے۔ شیطان نے آکے کہا کہ بچہ پیدا ہوگا

toobaa-elibrary.blogspot.com

اسکا نام عبد الحارث رکھنا (کیونکہ حارث[1] شیطان کا نام ہے) چنانچہ آدم وحوا نے اس کا نام عبد الحارث رکھا یہ ہے وہ شرک جو آیت میں ذکر ہے۔

حالانکہ یشرکون جمع کا صیغہ بتا رہا ہے کہ آدم وحوا نہیں بلکہ مطلق نر و مادہ مراد ہیں اور یہ انسانی طبیعت کا روزمرہ کام ہے کہ بوقت مصیبت خدا سے التجا کیجاتی ہے۔ اور رستگاری کیوقت اسباب کیطرف اس نعمت کو منسوب کردیا جاتا ہے ✤

اس قصہ کی بے بنیادی کا ایک نشان یہ بھی ہے کہ صحیحین میں باوجود کتاب التفسیر لکھنے کے اس قصہ کا ذکر تک بھی نہیں آیا۔ مگر بت پرستوں کو اسلام کے مقابلہ میں اچھا تک ماتہ آگیا کہ باوا آدم جو مسلمانوں کے اعتقاد میں بغیر اور معصوم ہیں قرآن کے بیان سے وہ بھی مشرک رہتے پھر ہمارے اکابر اور دیوتاؤں پر زناکاری اور قتل وغیرہ معاصی کا کیا الزام لگایا جاتا ہے ✤

اسی قسم سے ذات العماد کی بابت ایک روایت مشہور کردی ہے کہ نواح یمن میں تبک ایک شہر جنگل میں ایسا ہے جیسے بہشت کے تمام سامان موجود ہیں شہد اور دودھ کی نہریں بہ رہی ہیں یاقوت وزبرجد سے بڑے بڑے محلوں کی دیواریں بنی ہوئی ہیں۔ سونے چاندی کے مکانات ہیں انہیں مہ جبین عورتیں گلگشت کرتی پھرتی ہیں مگر وہ شہر انسانوں کی نظروں سے غائب ہے معاویہ کے زمانہ میں کسیکا اونٹ کھویا گیا تھا اتفاقاً اسکا وہاں گذر ہوگیا اس نے یہ سب بیان امیر معاویہ سے کیا اور انہوں نے تصدیق کی۔

اسیطرح وما انزل علی الملکین ببابل ہاروت وماروت کی تفسیر میں ایک روایت تراشی ہے کہ بابل شہر میں ایک بڑا عمیق کنواں ہے اسمیں وہ دو فرشتہ جنکا نام ہاروت وماروت ہے

[1] یہ بھی کہیں سے ثابت نہیں ہوتا کہ شیطان کا لقب یا نام حارث تھا اور اگر ہوتا بھی تو علم آدم الاسماء کلہا کے بموجب حضرت آدم کو بھی معلوم ہوتا پھر آدم ایکبار تو اس کے کہنے پر عمل کرنیکا خمیازہ اٹھا چکے ہے بار دگر اسکی عبدیت پر نام کیسے رکھتے اور حضرت آدم کے کسی بیٹے کا نام بھی عبد الحارث نہیں ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

لٹک رہے ہیں کیونکہ وہ زہرہ فاحشہ پر عاشق ہو گئے تھے اور اس سے زہرہ نے وہ سحر جسکی تعلیم کے لئے وہ بھیجے گئے تھے سیکھ لیا تھا جس سے وہ تو آسمان پر اوڑ کر چلی گئی (یہ زہرہ ستارہ وہی ہے) اور یہ دونوں اسمیں الٹے لٹکائے گئے۔ ان کی زبان نکلی ہوئی ہے تمام دنیا کا دھواں جمع ہو کر ان کے پاس ایذاء دینے جایا کرتا ہے۔ اسیطرح جہاں قرآن میں خدا نے زمین کے پیدا کرنے کا ذکر کیا ہے وہاں ایک یہ روایت بھی تراش لی ہے کہ زمین ایک بیل کے سر پر ہے جب اسکو کوئی مچھر کاٹتا ہے تو وہ سینگ ہلاتا ہے جس سے زمین پر زلزلہ آتا ہے۔ اسیطرح جہاں یاجوج ماجوج کا قرآن میں ذکر آیا ہے وہاں ان کے اوصاف میں یہ روایات بھی پیش کیجاتی ہیں کہ وہ ایک مردم خور قوم ہے کسیکا قد تو تاڑ کے برابر ہے اور کسیکا ایک بالشت یا دو بالشت کے برابر پھر ان کے اتنے لمبے چوڑے کان ہیں کہ ایک کو بچھا کر اور دوسرے کو اوڑھکر سویا کرتے ہیں۔ اسیطرح موسیٰ علیہ السلام کے واقعات میں جہاں عوج کا ذکر آتا ہے تو بیان کرتے ہیں کہ اوسکا قد اسقدر بلند تھا کہ جب حضرت نوح علیہ السلام کے عہد میں طوفان آیا تھا اور بڑے بڑے پہاڑ پانیوں میں ڈوب گئے تھے تو عوج کے گھٹنوں سے زیادہ کہیں بھی پانی نہ تھا۔ اور حضرت موسیٰ کا تیس گز کا قد تھا اور تیس ہی گز کا ان کے ہاتھ میں عصا رہتا تھا اور تیس ہی گز انہوں نے کود کر وہ عصا عوج کے مارا تو اسکے ٹخنے تک پہونچا تھا۔ اسیطرح اس آیت کی تفسیر میں لو اطلعت علیہم لولیت منہم فرارا ولملئت منہم رعبا ○ یہ روایت گھڑلی ہے کہ غیب سے ایک چادر آئی اسکے چاروں کونوں پر چاروں خلفاء اور بیچمیں حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھے اور فرشتے اسکو اصحاب کہف تک لیگئے آنحضرت صلعم اور خلفاء کو ان کی شکل مہیب دیکھکر ڈر لگا اور فی الفور واپس آئے۔ اسیطرح سورہ ص میں حضرت داؤد علیہ السلام کے حال میں جہاں یہ بیان ہوا ہے کہ اہل اناک بنا والخصم الخ یہودیوں کی کتاب

toobaa-elibrary.blogspot.com

سموئیل سے لیکر یہ بیان کر دیا ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام نے اوریا کی بیوی بنت سبع کو برہنہ نہاتے دیکھا اور پھر عاشق ہو گئے فریب سے اوسکے خاوند کو مروا ڈالا اسکو اپنے گھر میں لائے داہل کتاب کی الہامی کتاب کہتی ہے کہ بلا کراوس سے زنا کیا) پھر بصورت متخاصمین وفرشتہ داؤد کو تنبیہ کرنے آئے جسپر وہ تائب و مستغفر ہوئے جس سے خدا نے ان کے قصور کو معاف کر دیا۔ حالانکہ سباق وسیاق اسکے برخلاف ہے کیونکہ اول میں حضرت داؤد علیہ السلام کی مدح کیگئی ہے کہ اٰتینا داب واتینا ہ الحکمۃ وفصل الخطاب ۔ و مشددنا ملکہ اور اس واقعہ کے بعد یا داود انا جعلناک خلیفۃ فی الارض بھی آیا ہے۔ پھر بیچمیں داؤد علیہ السلام کی یہ تفضیح بیان ہو؟ اور وہ حضرت کو سنائی جائے۔ بلکہ بات یہ ہے کہ کفار قریش نے آنحضرت صلعم کو ساحر کذاب۔ وغیرہ دشناموں سے مخاطب کیا تھا جسپر آنحضرت صلعم کو ملال پیدا ہونا اقتضاء انسانیت تھا۔ اسپر آنحضرت کو داؤد کے واقعہ سے اطمینان دلایا جاتا ہے کہ انکو دینی و دنیاوی یہ خوبیاں عطا ہوئیں تھیں۔ اور وہ ایک زبردست بادشاہ بھی تھے۔ ان کے پاس دو معمولی جھگڑا ہے خلاف وقت بلا اجازت اپنے اصلی تنازع کے فیصلہ کے لئے دیوار پھاند کر چلے گئے تھے اور جاکر کلام بھی گستاخانہ اور جاہلانہ انداز پر کیا تھا۔ کہ ڈر نہیں ظلم نکرنا۔ اس میں ہماری طرف سے داؤد کو حلم وانصاف کی آزمائش تھی داؤد کے دلمیں قدرے ملال وغصہ پیدا ہونا بشریت کا تقاضا تھا مگر داود بھی اس رمز کو سمجھ گئے انکا باقاعدہ انصاف کر دیا اور دلی جوش وغصہ کو خلاف منصب سمجھکر معافی کے لئے سجدے میں گر پڑے جسپر خدا نے انکی وہ ذرا سی بات بھی معاف کر دی اور خلافت کا تاج سر پر رکھدیا آنحضرت صلعم کیطرف اشارہ ہے کہ آپ بھی صبر کیا کریں۔ اور ان دو متخاصموں کا واقعی تنازع یہ تھا کہ ایک نے دوسرے کو اس شرط پر چیرہ دایا بنایا تھا کہ اگر تو و نبیاں ہو جائیں گی تو حق الخدمت بچھے ایک دیدونگا جب موقع آیا تو جسکو حق الخدمت میں دنبی دی تھی چھین لی اور گالیاں بھی دیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قاضی عیاض نے لکھا ہے کہ ایک قصہ گو واعظ اس فحش قصہ کو بیان کر رہا تھا حضرت علی کا عہد خلافت تھا آپ نے اس جرم میں اسپر درے مارنے کا حکم دیا اور یہی اس قسم کی غلط فہمیاں ہیں ؛

راویوں نے جہاں کہیں کوئی مجمل ذکر آیا ہے جیسا کہ معراج میں براق کا یا کسی فرشتہ کا یا کسی بادشاہ کا تو وہاں انکا فوٹو کھینچ دیا ہے کہ انکی ایسی صورت اور ایسا قد اور ایسی طاقت تھی اور سب کو اعجوبہ ہی کر کے بیان کیا ہے نہ معلوم یہ باتیں ان حضرات کو کہاں سے معلوم ہو گئیں ہیں۔ مگر سب کو حضرت صحابہ و نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کیطرف منسوب کیا ہے اور قصہ گو واعظوں نے اور انکے تعلیم یافتہ شاعروں نے تو غضب ہی ڈھا دیا ہے کسی ایک بزرگ کا حال بیان کرنے بیٹھے ہیں تو ان کی روزمرہ کی معمولی باتوں کو بھی جو اور انسانوں جیسی تھیں افلاک پر پہونچا دیا ہے وہ مصالح لگاتے ہیں کہ جس سے جاہل سننے والے دنگ ہو جاتے ہیں ؛

موضوع اس علم تفسیر کا قرآن مجید ہے اس لحاظ سے کہ اسکے مطالب و مقاصد بیان کیے جائیں علوم مدونہ کا ایک دوسرے سے امتیاز بسبب موضوع کے ہوا کرتا ہے مثلاً طب اور علم ہے صرف نحو دوسرا علم ہے اسلئے کہ طب کا موضوع بدن انسان ہے اسمیں اسکے حالات صحت و مرض سے بحث کیجاتی ہے۔ صرف و نحو کا موضوع کلمہ و کلام ہے۔ موضوع علم وہ ہوتا ہے کہ جسکے حالات سے بحث ہوتی ہے اور حالات ذاتیہ ہوں نہ غریبہ۔ کیونکہ جو حالات خود موضوع کو عارض ہوں یا اس کے اجزاء کو یا اسکے مساوی کو وہ سب حالات ذاتیہ ہیں موضوع کی ذات ہی کیطرف منسوب ہوتے ہیں۔ اور جو کسی خاص من وجہ یا عام من وجہ یا مباین کے ذریعہ سے عارض ہوں تو وہ غریبہ ہیں ان سے بحث نہیں ہوا کرتی۔

مبادی۔ اس علم کے یعنے وہ علوم کہ جن کی اس علم میں حاجت پڑتی ہے وہ علوم ہیں کہ جنکا ہمنے اوپر ذکر کیا ہے۔

غرض اس علم سے تحصیل سعادت اور اجتناب شقاوت ہے ؛

toobaa-elibrary.blogspot.com

(طبقات مفسرین)

طبقہ اولیٰ میں حضرات صحابہ واہل بیت کرام ہیں۔ اور سب سے اول مفسر خود حضرت رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم ہیں کیونکہ آپ بحکم لتبین للناس وقتاً فوقتاً صحابہ کو قرآن کے علوم اور معانی تعلیم فرمایا کرتے تھے۔ اور ایسا ہونا ہی چاہیئے کسلئے کہ ہر کلام کو پورا پورا متکلم یا مخاطب ہی سمجھتا ہے +

سوال جب قرآن کی مدح خود قرآن میں ہے کہ وہ بلسان عربی مبین ہے اور نہایت درجہ کی فصاحت وبلاغت رکھتا ہے اور جمیع اقوام بنی آدم کے لئے بھیجا گیا ہے تو اسکی تفسیر کی کیا ضرورت ؟ ہر ایک زبان داں سمجھ سکتا ہے کیونکہ نہ اسمیں کوئی معما نہ اغلاق

جواب یہ سب درست اور بجا ہے مگر جب کلام بڑے وسیع پیمانہ پر صادر ہوا کرتا ہے اور بے شمار مطالب کو محدود فقروں میں ادا کیا جاتا ہے۔ غیر محسوس اشیاء کے حالات کا آئینہ سامنے رکھا جاتا ہے احکام کو اس اسلوب سے بیان کیا جاتا ہے کہ موجودہ ضرورتوں کے بھی کافی ہوں اور آیندہ بھی ان میں غور وفکر کرکے انہیں کے علل واسباب سے نئی ضرورتوں کے احکام بھی برآمد ہو سکتے ہوں تو پھر کلام میں استعارہ بھی ہوتا ہے مجاز بھی بعض امور کو مبہم ومجمل بھی چھوڑ دیا جاتا ہے ورنہ شاخ در شاخ کلام کہیں سے کہیں پہونچ جائے پھر ان سب مضامین کی تہ تک پہونچنے کے لئے ہر زبان داں کا دماغ اور فہم یکساں نہیں لامحالا انکے لئے تفسیر وتوضیح کی ضرورت پڑتی ہے۔

ہر چند صحابہ میں آپکے فیض صحبت سے یہ قابلیت پیدا ہو گئی تھی کہ امور کے غوامض کو سمجھ اور سمجھا سکتے تھے مگر ان میں بھی اذہان متفاوت اور قابلیتیں گوناگوں تھیں اس سے ان میں سے یہ دس اشخاص اس فن میں منتخب سمجھے گئے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

خلفاء اربعہ۔ ابن مسعودؓ۔ ابن عباسؓ۔ ابی بن کعبؓ۔ زید بن ثابتؓ عبداللہ بن زبیرؓ۔ بہران سب میں سے یہ دو شخص حضرت امیر المومنین علی بن طالب اور عبداللہ ابن عباس تو اس فن کے امام ہی تھے۔ حضرت رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ میں اے مسلمانو تمہارے لئے دو چیزیں چھوڑے جاتا ہوں ایک کتاب اللہ۔ دوم اپنی عترت جو اس کتاب اللہ کی محافظ ہے۔ شاید اس حدیث میں انہیں دونوں کیطرف اشارہ ہو کیونکہ یہ بھی عترت میں داخل ہیں ✤

سوال۔ یہ لوگ مبادی علم تفسیر یعنے ان علوم سے کہ جنکا جاننا مفسر کے لئے ضروری بتایا گیا ہے واقف نہ تھے پھر یہ کیونکر مفسر کامل اور امام مانے گئے ✤

جواب۔ وہ ان علوم سے خالی نہ تھے بلکہ مالا مال تھے منقولات اور زبان عربی کے متعلق جسقدر علوم ہیں اون سب کا خزانہ ان کے سینوں میں مجتمع تھا انہیں سینوں سے نکلکر کتابوں میں جمع ہوا ہے نہ کہ کتابوں سے ان کے سینوں میں جمع ہوا تھا اور علوم کے حقیقی مالک بھی وہی لوگ ہوتے ہیں کہ جنکے سینوں سے نکلکر سفینوں تک علوم پہونچتے ہیں۔ پہلا ایک وہ فصیح و بلیغ جو اپنی مادری زبان کا مالک ہو اور عروض و قوافی کا بھی اسکو قدرتی ملکہ ہو کیا وہ اوس زبان کی صرف نحو۔ معانی و بیان۔ عروض و قوافی لغت وغیرہ کے پڑھنے کا محتاج ہے؟ ہرگز نہیں بلکہ ان فنون میں کتابیں بنانے والے انہیں کے محتاج ہیں ✤

ف حضرت ابوبکر کی وفات ۱۳ھ ہجری میں اور حضرت عمر کی ۲۳ھ ہجری میں ہوئی۔ ابولؤلؤ مجوسی نے عین نماز میں خنجر سے شہید کیا تھا۔ حضرت عثمان ۱۸ ذی الحجہ ۳۵ھ ہجری میں باغیوں کے ہاتھ سے شہید ہوئے یہ سب مدینہ میں مدفون ہیں حضرت علی ایک خارجی کے ہاتھ ۴۰ھ ہجری میں شہید ہوئے کوفہ میں دفن کیئے گئے۔ ان کے چودہ فرزند تھے جنمیں سے پانچ کی نسل باقی ہے۔ حسن حسین محمد بن حنیفہ۔ عباس۔ عمر۔ عبداللہ بن زبیر ۷۳ھ ہجری میں حجاج کے لشکر سے شہید ہوئے۔ ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

مذکورہ بالا مفسرین کی تفسیر کا ذخیرہ بھی احادیث و فقہ و کلام کے ذخائر کیطرح ان کے وسیع سینوں میں بترتیب جمع تھا لکھا نہ گیا تھا نہ کوئی باقاعدہ کتاب بنی تھی بعض لوگوں کا گمان ہے کہ ایسے علوم کی حضرت علی کے پاس کوئی کتاب تھی جو متوارث ہو کر امام زین العابدینؒ اور انکی اولاد ائمہ اطہار تک پہونچتی رہی ہے جسمیں آئندہ آنے والے واقعات پر مطلع ہونے کا بھی علم تھا۔

لیکن اس کا کوئی ثبوت نہیں بلکہ حضرت علی اور بعض ائمہ اطہار کے اقوال سے تو اسکی نفی ثابت ہوتی ہے۔ ان کے پاس کتاب اللہ ہی وہ کتاب تھی جس سے وہ اپنے فہم خداداد سے سب علوم پیدا کر لیتے تھے۔ کوفہ میں منبر پر حضرت علی نے ایکبار فرمایا کہ جسکا جو دل چاہے مجھ سے پوچھے میں بھی جواب دینے کو تیار ہوں۔ بلکہ ائمہ اطہار کیطرف بعض خود غرضوں نے یہ بھی اتہام لگایا تھا کیونکہ وہ ان کے نام سے بہت سی غلط باتیں مشہور کر کے ایک نیا فرقہ بنا کر اسکے پیشوا بننے کا شوق رکھتے تھے اور جب کوئی ان غلط باتوں کا ان سے مطالبہ کرتا تھا تو اس فرضی کتاب کا حوالہ دیدیا کرتے تھے۔ اسپر اور بھی حاشیہ چڑھا رکھے تھے کہ خلفاء بنی امیہ بن العباس کے خوف سے اس کتاب کو ائمہ پوشیدہ رکھتے تھے۔ ایسے افسانے شیعوں کے فرقوں میں بہت کچھ مشہور ہیں ✤

البتہ عبداللہ بن عباس کی تفسیرات کا مجموعہ **علی بن ابی طلحہ** ہاشمی کی روایات سے مصر میں تھا۔ ابن حجر فرماتے ہیں کہ یہ نسخہ مصر میں **ابی صالح** کاتب **لیث** محدث کے پاس تھا جسکو وہ معاویہ بن ابی صالح سے اور وہ علی بن ابی طلحہ سے اور وہ ابن عباس سے روایت کرتے تھے۔ **ابوجعفر نحاس** اپنی کتاب ناسخ میں اوسی سے روایت لیتے ہیں۔ امام بخاری نے جو اپنی کتاب میں بطور تعلیق کے ابن عباس کے اقوال درج کیئے ہیں بیشتر ابی صالح کی روایت سے لئے ہیں۔ ابن جریر اور ابن ابی حاتم و ابن المنذر بھی

toobaa-elibrary.blogspot.com

اپنی تفاسیر میں کئی واسطہ سے ابی صالح کے سلسلہ سے ابن عباس سے روایت کرتے ہیں **بعض محققین** نے کہا ہے کہ ابی صالح کے شیخ الشیخ علی بن ابی طلحہ نے خود ابن عباس سے تفسیر کے متعلق کچھ بھی نہیں سنا تھا۔ بلکہ ابن عباس اور ان کے بیچ میں مجاہد یا سعید بن جبیر کا واسطہ تھا۔ **علامہ ابن حجر** نے اسکے جواب میں یہ کہا ہے کہ جب وہ واسطہ یعنی مجاہد اور سعید بن جبیر ثقہ اور معتبر ہیں تب بھی اس روایت میں کوئی بھی قباحت نہیں۔ **خلیلی** اپنی کتاب ارشاد میں کہتے ہیں کہ ابی صالح کے شیخ معاویہ بن ابی صالح قاضی اندلس کی روایت کو جو وہ اپنے شیخ علی بن ابی طلحہ سے اور وہ ابن عباس سے کرتے ہیں بڑے بڑے مستند محدثوں نے معتبر جانا اور قبول کیا ہے باوجودیکہ حفاظ حدیث کا اتفاق ہے کہ علی بن ابی طلحہ نے خود ابن عباس سے کچھ نہیں سنا ہے بلکہ ان کے شاگردوں سے مگر یہ جو بڑی لمبی چوڑی روایتیں ابن عباس کیطرف منسوب کیجاتی ہیں سب خرافات ہیں اور ان کے راوی مجہول الحال ہیں جیسا کہ جویبر ضحاک سے اور وہ ابن عباس سے روایت کیا کرتے ہیں اسطرح ابن جریج کے سلسلہ سے بھی بہت سی روایات تفسیر کے متعلق ابن عباس سے کیا کرتے ہیں۔ جیسا کہ بکر بن سہیل دمیاطی عبدالغنی بن سعید سے اور وہ موسے بن محمد سے اور وہ ابن جریج سے روایت کیا کرتے ہیں یہ سب سلسلہ مخدوش ہیں ہاں ابن جریج سے محمد بن ثور اور حجاج بن محمد کی روایت البتہ معتبر ہے علی بن ابی طلحہ کے سوا اور لوگ بھی ابن عباس سے روایت کرتے ہیں جنمیں بعض سلسلہ صحیح اور معتبر ہیں اور بعض غیر معتبر ہیں اور بعض بالکل لغو اور بیکار ہیں +

طبقہ ثانیہ تابعین کا ہے یعنے انہیں صحابہ کے شاگردوں کا۔ ابن عباس کے شاگرد بیشتر اہل مکہ ہیں اسلیئے کہا جاتا تھا کہ اہل مکہ کی تفسیر معتبر ہے۔ ان میں سے یہ لوگ زیادہ مشہور ہیں **مجاہد، عطاء بن ابی رباح، عکرمہ، غلام ابن عباس طاؤس، سعید بن جبیر** وغیرہ۔ ابی بن کعب کی تفاسیر کو ابو العالیہ روایت کرتے تھے

toobaa-elibrary.blogspot.com

انسے ربیع بن انس روایت کیا کرتے تھے ان کے شاگرد ابو جعفر رازی تھے۔ یہ سلسلہ معتبر مانا گیا ہے اسی سلسلہ سے ابن جریر و احمد بن حنبل و حاکم و ابن ابی حاتم روایت کرتے ہیں۔

ف منقولات میں وہی روایات قابل اعتبار ہیں جو کتب حدیث بالخصوص صحاح ستہ خاصکر صحیح بخاری میں منقول ہیں +

اسیطرح کوفہ میں عبداللہ بن مسعود کے شاگرد اور مدینہ میں بھی بہت لوگ صحابہ کے شاگرد مفسر تھے۔ اس کے مشابہ یہ ہیں حسن بصری عطا ابن ابی سلمہ خراسانی۔ محمد بن کعب قرظی۔ ابو العالیہ ضحاک بن مزاحم عطیہ عوفی۔ قتادہ زید بن اسلم مرہ ہمدانی۔ ابو مالک اور ان سے کسیقدر کم۔ ربیع بن انس عبدالرحمن بن زید بن اسلم یہ لوگ علم تفسیر کے امام تھے یہ جو کچھ فرماتے تھے اسکو انہوں نے صحابہ سے سنا تھا +

تیسرے طبقہ میں وہ لوگ ہیں جو صحابہ تابعین کے اقوال روایت کرتے تھے یعنی تبع تابعین اس طبقہ میں تفاسیر کا تصنیف ہونا شروع ہوگیا تھا چنانچہ بہت تفسیریں لکھی گئی تھیں جیسا کہ تفسیر سفیان بن عینہ و تفسیر وکیع بن الجراح و تفسیر شعبہ بن الحجاج و تفسیر یزید بن ہارون و تفسیر عبدالرزاق و تفسیر آدم بن ابی ایاس و تفسیر اسحاق بن راہویہ و تفسیر روح بن عبادہ و تفسیر عبد بن حمید و تفسیر سعید۔ و تفسیر ابوبکر بن شیبہ وغیرہ اسی طبقہ میں ابن جریج و سدی و مقاتل بن سلیمان و کلبی و ابن قتیبہ ابو محمد بن عبداللہ بن مسلم دینوری مصنف مشکل القرآن و آداب القراۃ و غریب القرآن اسحاق بن راہویہ ابو حاتم سجستانی کے شاگرد تھے ان کی وفات ۲۷۶ھ میں ہوئی۔ ان سب کی تفاسیر ہیں مگر رطب و یابس سے خالی نہیں مقاتل کو بعض نے شیعی بتایا ہے۔

ف ابو العالیہ ریاحی کا ۹۰ھ میں انتقال ہوا ہے ریاح بنی تمیم کا ایک قبیلہ ہے ابی بن کعب کے شاگرد تھے محمد بن کعب قرظی بنی قریظہ یہود مدینہ میں سے تھے انکا انتقال شہر مدینہ میں ۱۱۸ھ ایک سو بیس میں ہوا۔ ضحاک ہلالی بنی عبد مناف میں سے قبیلہ ہلال

toobaa-elibrary.blogspot.com

میں سے تھے انکا انتقال ۱۳۰ھ ایک سو تین میں ہوا۔ مقاتل بن سلیمان ازدی مروزی یعنے مرو میں رہتے تھے زنسبت میں زیادہ کر دیجاتی ہے۔ ان کی کنیت ابوالحسن ہے انکا انتقال ۱۵۰ھ میں ہوا قتادہ بن دعامہ سدوسی اپنے جد سدوس کیطرف منسوب ہیں انکا انتقال ۱۱۷ھ میں ہوا ہے۔

ف ۳۰ سدی کا نام اسماعیل عبدالرحمن کے بیٹے شعبہ وسفیان ثوری کے شاگرد تھے سدہ چبوترہ کو کہتے ہیں یہہ جامع مسجد کوفہ کے ایک چبوترے پر بیٹھا کرتے تھے اسلیئے سدی مشہور ہو گئے تفسیر وحدیث کے امام تھے انکا انتقال ۱۲۷ھ میں ہوا۔ کلبی قبیلہ کلب بن وبرہ کیطرف منسوب ہیں جو قبیلہ قضاعہ کی شاخ ہے ان کا نام ابونضر محمد بن سائب کوفی ہے سفیان ثوری ومحمد بن اسحاق کے شاگرد ہیں ۱۴۶ھ میں وفات پائی۔

ابوبکر بن شیبہ کا نام عثمان ہے انکی تصانیف میں سے فضائل القرآن۔ اور ایک حدیث کی کتاب جسکو مسند ابن شیبہ کہتے ہیں مشہور ہے ۲۳۵ھ میں وفات پائی۔

چوتھے طبقہ کے مشاہیر میں سے ابوجعفر محمد بن جریر طبری ہیں ان کی تفسیر کی جلال سیوطی نے بہت مدح کی ہے۔ لیکن ضحاک کے اقوال وتفاسیر جو بذریعہ بشر بن عمارہ اسمیں درج ہیں وہ غیر معتبر ہیں کیونکہ بشر کو حفاظ نے ضعیف کہا ہے جیساکہ طبقہ ثالثہ میں کلبی اور مقاتل بن سلیمان کو مجروح سمجھا گیا ہے اور ان کی تفسیروں کو بھی غیر معتبر سمجھا ہے شیعہ اور فرقہ کرامیہ میں بھی ایک شخص ابن جریر طبری ہے شیعہ کبھی اس نام سے دھوکا دیدیا کرتے ہیں۔ ابن جریر کی تفسیر مصر میں طبع ہوگئی ہے بڑی کتاب کی جلدوں میں ہے۔ انکی وفات ۳۱۰ھ میں ہے ابوالقاسم ابراہیم ابن اسحاق انماطی متوفی ۳۰۲ھ مشہور مفسر ہیں۔ جنکا انتقال ۳۰۳ھ میں ہے۔ انماطی نمط کیطرف منسوب ہیں نمط قالین کو کہتے ہیں۔ قالین بنایا کرتے تھے۔ عبدالرحمن بن ابی حاتم متوفی ۳۲۷ھ انکی یہہ تصانیف ہیں تفسیر جسکا نام شفاء الصدور ہے کتاب الاشارات

toobaa-elibrary.blogspot.com

جس میں الفاظ قرآن کے معنی کی تشریح ہے۔ ابواب القرآن یہ موضح معانی القرآن انکی وفات ۳۱۱ھ میں ہے اور ابن ماجہ اور حاکم اور ابن جہان اور ابن مردویہ اور ابو الشیخ اور ابن المنذر وغیرہ بھی اسی طبقہ میں داخل ہیں اسی طبقہ میں ابو حنیفہ احمد بن داؤد نحوی دینوری متوفی ۲۸۲ھ ہیں ان کی بھی ایک تفسیر ہے ابو حنیفہ بھی بہت سے گذرے ہیں انہیں ایک مرجیۂ مذہب کا بھی تھا جس کی حضرت شیخ عبد القادر جیلانی مذمت فرماتے ہیں عوام کو مغالطہ میں ڈالنے کے لئے شیعہ وغیرہ اسکو امام ابو حنیفہ قرار دیدیا کرتے ہیں۔ ان کی تفاسیر میں بھی رطب و یابس ہے۔ ابو الشیخ ابن مردویہ ابن جہان اپنی تفاسیر میں ضحاک کی اکثر روایت جو ابن عباس کی طرف منسوب ہیں جویبر کے واسطہ سے ہوتی ہیں اور یہ شخص محدثین کے نزدیک کذاب ہے قابل اطمینان نہیں +

پانچویں طبقہ میں تو بے شمار لوگ ہیں یہ لوگ اسناد کو حذف کر کے صحابہ و تابعین کیطرف اقوال منسوب کر دیتے ہیں کہ ابن عباس نے یوں فرمایا مجاہد نے یہ کہا ابو العالیہ کا یہ قول ہے۔ اسمیں بہت سے حوالے بے اصل بھی ہوتے ہیں پھر ان کے بعد والے ان کے قول پر اعتماد کر کے ان اقوال کو انہیں ائمہ تفسیر کا قول سمجھ بیٹھے ہیں اور بڑی غلطی میں پڑ جاتے ہیں اس طبقہ میں یہ لوگ ہیں **ابو عبد الرحمن محمد بن حسین سلمی** نیشاپوری ان کی تفسیر میں بہت کچھ خرافات ہے۔ ان کا ۴۱۲ھ میں انتقال ہوا ہے **ابو اسحاق احمد ثعلبی** جنکی بڑی تفسیر ہے یہ بھی نیشاپوری ہیں ثعلب روباہ یعنے لومڑی کو کہتے ہیں یہ اس کی کھال کا پوستین پہنا کرتے تھے اسلئے ثعلبی مشہور ہو گئے انکا انتقال ۴۲۷ھ میں ہوا ہے۔ سید مرتضی علم الہدی شیعی اپنی تفسیر درر غرر میں ان کا نام ابو القاسم علی بن حسین بن موسیٰ بتاتے ہیں اور ان کو شیعی کہتے ہیں۔ ان کی تفسیر میں بہت کچھ جھوٹے قصہ اور غلط روایات ہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

اہل سنت کے مقابلہ میں شیعی لوگ اکثر اسی تفسیر سے نقل کیا کرتے ہیں **ابو محمد عبد اللہ جوینی** امام الحرمین کے والد جوین بصیغہ تصغیر نیشاپور کے متعلق ایک ضلع کا نام ہے انکی تفسیر کا نام کبیر ہے انکا انتقال ۴۳۸ھ میں ہے **ابو القاسم عبد الکریم قشیری** جنکی تفسیر کا نام تیسیر ہے یہ بڑے با اثر واعظ تھے انکا انتقال ۴۶۵ھ میں ہے **ابو الحسن احمد واحدی** متوفی ۴۶۸ھ یہ بھی نیشاپوری ہیں۔ انکی تین تفسیریں ہیں صغیر بسیط کبیر۔ پھر ان تینوں کو جمع کرکے انکا نام حاوی رکھا ہے۔ اکثر لوگ تفسیر نیشاپوری کا حوالہ دیدیا کرتے ہیں حالانکہ وہ نیشاپوری جن کی تفاسیر ہیں کئی شخص ہیں بعض کے نام تو آپ کو معلوم ہو گئے اور ایک تفسیر نیشاپوری علامہ حسن بن محمد بن حسین مشہور بنظام نیشاپوری کی تین جلد میں ہے جو دولت آباد (دکن) میں ۷۳۰ھ میں تصنیف کی گئی ہے اور یہ شخص ساتویں بلکہ آٹھویں طبقہ کے مفسرین میں سے ہے **نیشاپور** مشہد کے متصل ایک قدیم شہر اجاڑ پڑا ہوا ہے جسکی ابادی بہت کم ہے اور اب نیشاپور مشہد کو سمجھنا چاہیئے **ابو القاسم** عبد الکریم بن ہوازن قشیری متوفی ۴۶۵ھ کی تفسیر التیسیر ہے +

چھٹے طبقہ میں

وہ متاخرین ہیں جو چھٹی صدی میں گزرے ہیں۔ اس طبقہ میں یہ بات پیدا ہو گئی تھی کہ ہر شخص قرآن کی تفسیر اپنے مذاق پر کرنے لگا تھا صرفی نحوی صرف و نحو کیطرف متوجہ ہوا ہے متکلم اونی مناسبت سے مسائل فلسفہ کا ذکر کرکے ان کے رو کے درپے ہوتا ہے فقیہہ اپنے مذہب کی تائید کرنے کے لئے آیات کو اسیطرف کھینچتا ہے صوفی آیات کو اپنے ہی مذاق پر لے جاتا ہے۔ محدث ضرورت بے ضرورت روایات اور اقوال ہی کا ڈھیر لگائے دیتا ہے اور روایت کش بہت سے افسانے اور بے اصل روایات سے قرآن کو اپنے دلپسند رنگ میں رنگ رہا ہے مگر اصلی ذوالفض سے جو مفسر کے ہیں غفلت ہے اس طبقہ میں

toobaa-elibrary.blogspot.com

یہ لوگ ہیں **ابو القاسم** اسماعیل بن محمد اصفہانی متوفی ۵۳۵ھ کی تفسیر الجامع تیس جلدوں میں ہے **ابو القاسم حسین راغب اصفہانی** متوفی ۵۰۲ھ۔ انکی ایک تفسیر ہے اور ایک کتاب احتجاج القرآن۔ مفردات قرآن کے بیان میں بھی ہے۔ ان کے بعد کے سب مفسروں کا اس بات میں انہیں کی تحقیقات پر مدار ہے **ابو حامد محمد بن محمد غزالی** ملقب بزین الدین متوفی ۵۰۵ھ غزالہ شہر طوس کے قریب ایک گاؤں ہے۔ جواہر القرآن۔ یاقوت التاویل انہیں امام غزالی کی تصنیف سے ہیں۔ ایک شخص محمود غزالی بھی ہے جو شیعی تھا۔ بعض کہتے ہیں معتزلی تھا۔ صرف غزالی کہہ کر بعض لوگ اہل سنت کو دھوکا دیدیا کرتے ہیں۔ **ابو محمد حسین بن محمود بغوی** متوفی ۵۱۶ھ یہ بغشور کیطرف منسوب ہیں۔ جو خراسان میں ایک شہر ہے اور انکو فراء بھی کہتے ہیں فراء پوستین۔ یہ پوستین بنایا کرتے تھے۔ انکی تفسیر کا نام معالم التنزیل ہے اور وہ متداول کتاب ہے۔

گرچہ بطرز محدثین ہے لیکن بہت سے غلط قصے بھی اسمیں جمع کر دیئے ہیں۔ خازن نے اسکو ملخص کیا ہے **ابن برجان ابو الحکم عبد السلام** بن عبد الرحمن تفسیر ارشاد کے مصنف جو ارباب حال کے روش پر ہے ۵۳۶ھ میں مراکش میں انکا انتقال ہوا۔ **ابو الحسن علی بن عراق بن محمد بن علی** حنفی خوارزمی متوفی ۵۳۹ھ ان کی بھی ایک تفسیر ہے جس کو تفسیر خوارزمی کہتے ہیں **ابو جعفر محمد بن حسن بن علی طوسی** شیعہ کے امام و مجتہد متوفی ۵۶۰ھ انکی تفسیر **مجمع البیان** ہے۔

ابو القاسم محمد بن عمر زمخشری متوفی ۵۳۸ھ زمخشر اضلاع خوارزم میں سے ایک گاؤں ہے یہ ترک وطن کر کے مکہ معظمہ میں آرہے تھے اسلئے ان کو جار اللہ کہتے ہیں یعنی خدا کے گھر کے پڑوسی۔ ان کی تفسیر کشاف کئی جلدوں میں ہے۔ اسمیں کچھ بھی شبہ نہیں کہ فنون عربیت میں یہ کتاب بے مثل ہے اور ان کے بعد والے ان فنون میں انہیں کا اتباع کرتے ہیں یہ حنفی تھے مگر اعتزال کیطرف مائل تھے +

toobaa-elibrary.blogspot.com

ساتویں طبقے میں یہ لوگ ہیں امام رازی ابو عبد اللہ محمد فخر الدین متوفی ۶۰۶ھ یہ رے کے رہنے والے تھے جو عراق عجم کا ایک پرانا شہر ہے رے کے رہنے والے کو زرے کہا کرتے ہیں یہ عجب مردم خیز خطہ ہے بڑے بڑے اہل فضل و کمال یہاں سے اٹھے ہیں سب کو رازی کہا جاتا ہے جیسا محمد بن ابوبکر رازی حنفی جو ایک بڑا مستند امام ہو گزرا ہے فخر رازی اپنی تفسیر میں کہیں کہیں ان کے مسائل پر نکتہ چینی بھی کیا کرتے ہیں کیونکہ یہ شافعی ہیں۔ ان کی تفسیر کئی جلدوں میں ہے۔ اس کا نام مفاتیح الغیب ہے مشہور نام تفسیر کبیر ہے امام صاحب فن کلام کے امام تھے گرچہ اپنی تفسیر میں کوئی بات چھوڑی نہیں مگر فلسفہ قدیم کے رد میں مقصد سے دور نکل جاتے ہیں اس بات سے بعض نکتہ چینوں کو اسقدر کہنے کا موقع مل گیا۔ کہ فیہ کل شئی الا التفسیر کہ اس میں ہر چیز ہے مگر تفسیر نہیں۔ عبد اللہ بن ابی جعفر رازی کی بھی ایک تفسیر ہے جسکا نام ضیاء القلوب ہے اسکو بھی تفسیر رازی کہتے ہیں محمد بن ابی بکر رازی متوفی ۶۶۰ھ یہ وہی بزرگ ہیں جنکا ہمنے ذکر کیا تھا۔ ان کی لغات قرآن میں ایک کتاب ہے۔ زاہدی[1] نجم الدین ابو عمر و محمود اپنے کسی بزرگ زاہد کیطرف منسوب ہیں ان کی تفسیر زاہدی کے نام سے مشہور ہے ۶۵۸ھ میں وفات پائی ہے۔ ابو محمد روزبہان بقلی شیرازی متوفی ۶۰۶ھ انکی ایک تفسیر کئی جلدوں میں بطرز صوفیہ ہے اسکا نام عرائس البیان ہے۔ امام ابو عبد اللہ محمد بن احمد انصاری متوفی ۶۶۸ھ قرطبی مالکی انکی تفسیر کا نام جامع احکام القرآن ہے جسکو تفسیر قرطبی کہتے ہیں وہ یہی ہے موفق الدین احمد بن یوسف موصلی سیبانی متوفی ۶۸۱ھ کی تفسیر کو شہی دو ہیں خرد کو تلخیص کلاں کو تبصرہ کہتے ہیں قاضی ناصر الدین عبد اللہ بن عمر بیضاوی متوفی ۶۸۵ھ کی تفسیر انوار التنزیل و اسرار التاویل مشہور بتفسیر بیضاوی مشہور و متداول تفسیر دو جلدوں میں ہے منقولات میں کم رتبہ ہے فضائل سور میں ضعیف و موضوع احادیث بھی لائے ہیں

[1] اس نام کی فارسی میں بھی ایک تفسیر ہے جو معمولی مرتبہ سے کچھ زیادہ وقعت نہیں رکھتی ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

آٹھویں طبقے میں یہ لوگ ہیں **ابوالبرکات عبداللہ بن احمد محمود نسفی** متوفی سنہ ۷۱۰ھ حنفی اصول وفقہ میں یگانہ تھے۔ ان کی تفسیر مدارک گرچہ مختصر ہے مگر نہایت عمدہ ہے۔ **بازری** مفسر ہیئۃ اللہ شرف الدین بن عبدالرحیم متوفی سنہ ۷۱۰ھ انکی تفسیر کا نام اسرار التنزیل ہے۔ بازر ایک شہر کا نام ہے **ابوالفدا عماد الدین اسماعیل بن عمر** بن کثیر قرشی دمشقی متوفی سنہ ۷۷۴ھ کی تفسیر کئی جلدوں میں بڑی کتاب بطرز محدثانہ ہے مصر میں طبع ہوگئی ہے روایت میں احتیاط کرتے ہیں **شرف الدین عبدالواحد ابن المنیر** متوفی سنہ ۷۳۳ھ کی تفسیر کئی جلدوں میں ہے **فتح المنان** نے تفسیر القرآن قطب الدین محمود بن مسعود شیرازی متوفی سنہ ۷۱۰ھ کی چالیس جلدوں میں تفسیر ہے۔ جسکو تفسیر علامی کہتے ہیں +

شرف الدین حسن بن محمد مشہور بہ **طیبی**۔ طیب ایک شہر سوشتر اور واسط کے بیچ میں ہے ان کی ایک تفسیر ہے جس کا نام فتوح الغیب عن قناع الریب ہے۔ نہایت عمدہ تفسیر ہے جو کچھ مفسر کے فرائض ہیں سب ادا کیے ہیں۔ کشاف پر بھی چھ جلد میں انکا حاشیہ ہے مشکوۃ المصابیح کی بھی شرح کی ہے ان کی وفات سنہ ۷۴۳ھ میں ہے۔ کشاف پر اور علماء کے بھی بہت حواشی ہیں از انجملہ علامہ سعد الدین تفتازانی متوفی سنہ ۷۹۲ھ کا بھی حاشیہ ہے تفتازان خراسان میں ایک گاؤں ہے مردم خیز جگہ ہے از انجملہ محمد بن مسعود قطب الدین شیرازی متوفی سنہ ۷۱۰ھ کا بھی حاشیہ ہے۔ از انجملہ ابوالمکارم فخر الدین احمد بن حسن جاربردی متوفی سنہ ۷۴۶ھ کا حاشیہ ہے۔ جاربرد ایک گاؤں کا نام ہے از انجملہ سید شریف جرجانی متوفی سنہ ۸۱۶ھ کا حاشیہ ہے۔ سید شریف نے قرآن کا فارسی میں ترجمہ بھی کیا ہے جسکو آجکل جہلاء سعدی کا ترجمہ کہتے ہیں وہ دراصل سید شریف کا ترجمہ ہے۔ صاحب مطبع نے میرے سامنے رواج دینے کے لیئے سعدی کیطرف منسوب کردیا ہے از انجملہ شیخ سراج الدین عمر بن رسلان بلقینی متوفی سنہ ۸۰۵ھ کا حاشیہ تین جلدوں میں ہے۔ از انجملہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

عبدالرحمٰن بن عمر جلال الدین مصنف مواقع العلوم فی علوم القرآن متوفی ۹۱۸ھ کا حاشیہ ہے بُلقینہ مصر میں ایک گاؤں ہے ۱۲ منہ ولی الدین عراقی ابوزرعہ احمد بن عبدالرحیم عراقی کا حاشیہ وجلد میں ہے۔ اسمیں ابن منیر ومعلم عراقی وابوحیان اور سمین حلبی وسفاقسی کے سوال وجواب بھی ذکر کئے ہیں۔ اور ان کی ایک تفسیر بھی ہم پہ کشاف ہے۔ انکی وفات ۸۲۶ھ میں ہے

نویں طبقے میں نویں صدی اور اس کے بعد کے علماء مفسرین ہیں جیسا کہ کشاف وبیضاوی[۱] کے اکثر محشے ان لوگوں نے جداگانہ بھی تفاسیر لکھی ہیں جیسا کہ جلال الدین سیوطی ان کی متعدد تفاسیر ہیں منجملہ ان کے جلالین کا نصف اول۔ کسلئے کہ نصف اخیر سورہ اسراء سے لیکر آخر تک جلال الدین محمد بن احمد محلی شافعی متوفی ۸۶۴ھ نے تصنیف کیا تھا عمر نے وفا نہ کی ان کے چھ برس بعد جلال الدین سیوطی متوفی ۹۱۱ھ نے اوسی انداز پر اول کا حصہ لکھکر تفسیر کو تمام کردیا جیسا کہ اس کے حاشیہ جمل سے معلوم ہوتا ہے اسلئے اس تفسیر کو جلالین (یعنے دو جلال الدین کی تصنیف کہا جاتا ہے۔

ف طبقات کا انحصار نویں طبقہ پر اسلئے کردیا گیا ہے کہ ان کے بعد کے لوگ انہیں پہلے طبقات والوں کے حوشہ چیں ہیں ۱۲ منہ

[۱] بیضاوی پر بھی لوگوں نے بہت شرح حواشی لکھی ہیں (۱) محی الدین محمد بن شیخ مصلح الدین قسطموی متوفی ۹۵۱ھ تمام تفسیر پر ایک حاشیہ لکھا پھر اسمیں ترمیم کرکے دوسرا لکھا دونوں مفید اور سہل العبارت ہیں آٹھ جلد میں (۲) ابن التمجید مصلح الدین معتماد سلطان محمد فاتح قسطنطنیہ کا پورا حاشیہ ۳ جلدوں میں (۳) قاضی زکریا محمد بن محمد انصاری متوفی ۹۲۶ھ کا حاشیہ (۴) جلال الدین سیوطی متوفی ۹۱۱ھ نواہد الابکار وشواہد الافکار (۵) ابوالفضل صدیقی خطیب مشہور بگازونی متوفی ۹۴۰ھ کا عمدہ حاشیہ (۶) شمس الدین محمد بن یوسف کرمانی متوفی ۷۸۶ھ کا (۷) محمد بن جمال الدین بن رمضان شروانی متوفی ۹۰۰ھ کا (۸) جمال الدین اسحاق قراحانی متوفی ۹۳۳ھ کا (۹) شیخ شہاب الدین خفاجی کا آٹھ جلد میں (۱۰) صادق گیلانی محمود بن حسین فضلی حاذقی متوفی ۹۷۰ھ کا حاشیہ (۱۱) بابا نعمت اللہ بن محمد نجوانی متوفی ۹۰۰ھ کا حاشیہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

محلی۔ محلہ کبریٰ۔ کیطرف منسوب ہیں اور وہ مصر کا ایک شہر ہے سیوطی سیوط جسکو اسیوط بھی کہتے ہیں مصر کا ایک شہر ہے۔ اس تفسیر پر بھی علماء نے بہت سے حواشی اور شروح لکھے ہیں اس تفسیر کی شہرت اور قبولیت بھی تفسیر بیضاوی سے کم نہیں۔ بہت مختصر سے جملے آیات کے سابقہ ایضاح مطالب کے لئے زیادہ کر دیئے جاتے ہیں **تیسیر الرحمٰن** و تیسیر المنان مشہور بہ تفسیر رحمانی حضرت شیخ علی بن احمد بن حسن شافعی مہائمی متوفی ۸۳۵ھ کی دو جلد میں تفسیر بطرز صوفیہ قرآن کی آیات میں ربط خوب دیا ہے **بحر مواج** ملک العلماء شہاب الدین دولت آبادی متوفی ۸۳۵ھ کی تصنیف دولت آباد دکن میں ہے اورنگ آباد کے قریب **کشف الاسرار و عدۃ الابرار** علامہ سعد الدین تفتازانی کی فارسی میں تفسیر **غوامض المنقول** من مشکلات الایات و اخبار الرسول علامہ مرصفی کی تفسیر جسمیں غوامض قرآنی کا اظہار کیا گیا ہے

بقیہ نوٹ ص ۵۰۸ (۱۲) مصطفےٰ بن شعبان سروری متوفی ۹۶۹ھ کا (۱۳) ملا عوض متوفی ۹۹۶ھ کا حاشیہ تین جلدوں میں ہے (۱۴) محمد بن فرامرز مشہور بملا خسرو متوفی ۸۸۵ھ کا سیقول السفہاء تک مگر نہایت عمدہ ہے۔ (۱۵) عصام الدین ابراہیم بن محمد بن عرب شاہ اسفرائینی متوفی ۹۴۳ھ کا حاشیہ اول سے آخر اعراف تک۔ (۱۶) سعد الدین بن عیسےٰ مشہور بسعدی آفندی متوفی ۹۴۵ھ کا حاشیہ اول سورہ ہود سے آخر تک اور اس کے اول کا حصہ ان کے فرزند بیر محمد کا ہے (۱۷) اوستا دسنان الدین یوسف بن حسام الدین متوفی ۹۳۸ھ کا مختلف مقامات پر عمدہ حاشیہ ہے (کشف الظنون) اس کے علاوہ بہت سے چھوٹے چھوٹے حواشی ہیں جنکو تعلیقات کہتے ہیں از انجملہ مولانا فیض الحسن سہارنپوری متوفی ۱۳۰۶ھ نے آیات بیضاوی کا بہت عمدہ حل کیا ہے ۱۲ منہ

لہ (۱) شیخ شمس الدین محمد بن علقمی کا حاشیہ قبس الیزین (۲) ملا علی قاری متوفی ۱۰۱۴ھ کا حاشیہ جالین (۳) شیخ سلیمان جمل کا حاشیہ جو کئی جلدوں میں ہے۔ (۴) مجمع البحرین و مطلع البدرین جلال الدین محمد کرخی کی شرح جو کئی جلدوں میں ہے (۵) شیخ سلام اللہ بن شیخ الاسلام از احفاد شیخ عبد الحق محدث دہلوی کا حاشیہ کمالین ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

تفسیر حسینی ملا حسین واعظ کاشفی متوفی ۹۱۰ھ کی فارسی میں تفسیر ہے۔ علماء کہتے ہیں کہ یہ درپردہ شیعہ ہے کتاب بھی معمولی ہے **ولی الدین عراقی** ابوزرعہ احمد بن عبدالرحیم متوفی ۸۲۱ھ کی تفسیر کشاف کے ہم پلہ ہے۔ **عبدالرحمن بن عمر بلقینی** متوفی ۸۱۸ھ کی تفسیر مواقع العلوم **ابوالسعود محمد بن عمادی حنفی** متوفی ۹۸۲ھ کی تفسیر بیضاوی وکشاف کی ہم پلہ ہے **تفسیر اسفرائینی** عصام الدین ابراہیم بن عرب شاہ متوفی ۹۴۳ھ کی تفسیر۔ اسفرائن نیشاپور کے قریب ایک شہر ہے **سواطع الالہام** ابوالفیض فیضی کی بے نقط فن تفسیر کے متعلق اسمیں بہت ہی کم ہے البتہ مصنف کا فن عربیت میں کمال ثابت کرتی ہے **درمنثور** جلال سیوطی کی تفسیر جو رطب ویابس سے پُر ہے **مجمع البحرین ومطلع البدرین**۔ جلال سیوطی کی وہ تفسیر کہ جسکا اتقان فی علوم القرآن کو مقدمہ بنایا ہے۔ اور یہی صدہا تفاسیر ہیں جنکا حال کشف الظنون ومفتاح السعادۃ وغیرہ کتابوں سے معلوم ہوسکتا ہے **فتح الخبیر بمالابد من حفظہ فی علم التفسیر** شاہ ولی اللہ محدث دہلوی متوفی ۱۱۷۶ھ کی ایک مختصر تفسیر ہے جسمیں الفاظ کی شرح آثار ابن عباس سے اور اسباب نزول بخاری وترمذی وحاکم سے نقل فرماتے ہیں بہت عمدہ تفسیر ہے۔ اسکے اول ایک مقدمہ بھی ہے جسمیں اصول تفسیر پر محققانہ بحث کی ہے اسکا نام **للفوز الکبیر فی اصول التفسیر** ہے حضرت شاہ ولی اللہ نے قرآن کا فارسی میں بھی عمدہ اسلوب پر ترجمہ کیا ہے۔ اس کا نام **فتح الرحمن** ہے۔ **فتح العزیز**۔ حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی ابن شاہ ولی اللہ محدث متوفی ۱۲۲۶ھ کی فارسی میں تفسیر ناتمام ہے ایک جلد سورہ فاتحہ سے لے کر وان تصوموا خیر لکم تک اور ایک جلد تبارک الذی سے لیکر آخر تک ہے۔ اس میں نکات محققانہ اور دقائق عالمانہ بہت کچھ ہیں مگر طرز وعظانہ ہے **فتح القدیر** محمد بن علی بن محمد یمنی شوکانی متوفی ۱۲۵۵ھ کی تفسیر کئی جلد میں محدثانہ طور پر ہے نقلیات کے حصہ میں بہت احتیاط کی ہے **فتح البیان**۔ مولوی نواب سید صدیق حسن خان

toobaa-elibrary.blogspot.com

مرحوم قنوجی بھوپالی متوفی ۱۳۰۷ھ کی کئی جلدوں میں تفسیر ہے۔ اسکا ماخذ شوکانی کی تفسیر ہے۔

فتح المنان اس زمرہ ماچیز کی تفسیر آٹھ جلدوں میں ہے جو **تفسیر حقانی** کے نام سے مشہور ہے اور بارہا طبع ہو چکی ہے جسمیں نقلیات کو بڑی احتیاط سے لیا ہے۔ حل لغات اور اعراب اور جو کچھ بلاغت و فصاحت سے متعلق ہے وہ اس فن کی عمدہ کتابوں سے ماخوذ ہے اسمیں ان باتوں کو ملحوظ رکھا ہے (۱) توضیح مطالب (۲) احکام کی تشریح اور ان کے اسرار اور مخالفوں کے اعتراضات کے جواب (۳) الفاظ قرانی میں قیود کے فوائد کا بیان (۴) قصص انبیاء کی محققانہ تحقیق۔ مخالفوں کے اعتراضات کے جواب واقعات کے مواقع کے نقشے۔ (۵) امثال و استعارات و کنایات و مجاز قرانی کے توضیح اور ان کے فوائد (۶) مبدء و معاد کی تشریح اور انکا ادلہ عقلیہ و نقلیہ سے اثبات (۷) جہاں کہیں قرآن نے مذاہب باطلہ کا رد کیا ہے اوس مذہب کے مورخانہ حالات اور ان آیات سے ان کی رد کے دلائل (۸) ناسخ و منسوخ مطلق و مفید محکم و متشابہ اور مبہمات قرانیہ کا بیان تسلی بخش (۹) آیات کا ارتباط ایسے مستحکم اصول پر کہ جس سے قرآن کا اعجاز ثابت ہو (۱۰) اسباب نزول اور ان سے آیات قرآنیہ کا پورا پورا تعلق (۱۱) جہاں انسانی سعادت و شقاوت کا قرآن میں بیان ہے اوس کی تصویر کھینچکر یہ بتایا گیا ہے کہ بجز انبیا علیہم السلام و الہام الہی کے ایسے امور کو انسان جان نہیں سکتا اور جو کچھ علوم عقلیہ سے جاننا ہوا ہے تو اسمیں قوت خیالیہ کی صدہا آمیزشیں ہیں (۱۲) مرنے کے بعد جو کچھ انسانی اعمال و عقائد کے نتائج قرآن نے جہاں کہیں بیان فرمائے ہیں وہاں روحانی اسرار کا اظہار کرکے کامل ثبوت کیا ہے (۱۳) جہاں اسنے اپنی نعمتوں کا اظہار فرمایا ہے وہاں انسانی اور خدائی رابطہ کا اظہار اثبات کیا ہے (۱۴) جہاں مذاہب باطلہ یا فلسفہ جدید و قدیم کے اعتراضات وارد ہوتے ہیں انکا تسلی بخش جواب دیا ہے اور معترضوں کی غلط فہمی کو ظاہر کر دیا ہے (۱۵) آیات توحید و صفات جس موقعہ پر آئی ہیں اول تو ان کی اس موقعہ سے مناسبت پھر دلائل و براہین سے انکا اثبات توضیح کی ہے (۱۶) سلف صالحین

toobaa-elibrary.blogspot.com

کی پابندی ملحوظ رکھی ہے تاویلات باطلہ سے اجتناب کلی کیا گیا ہے۔ الغرض اس قسم کی اور بھی پابندیاں کی گئی ہیں (۱۷) مسائل نظریہ وعملیہ میں کوئی پاسداری نہیں کیگئی ہے آیات کو انہیں کے اسلوب پر رہنے دیا ہے یہ تفسیر اردو زبان میں بنظر ضرورت ملک آٹھ جلدوں میں تمام ہوئی ہے۔ بحمد اللہ کہ اسکی قبولیت وشہرت بلند پایہ تک پہونچ گئی ہے اب جو کچھ میں یہ کتاب لکھ رہا ہوں اسکے اول مقدمہ کی ترتیب بدلکر فوائد کا اضافہ کیا ہے جسکی ضرورت تصنیف کے بعد معلوم ہوئی۔ اگر یہ کتاب یورپ کی زبانوں میں ترجمہ ہوگئی جیسا کہ میری اور میرے احباب خیر خواہان اسلام کی خواہش ہے تو انشاء اللہ ترقی اسلام کا ایک بڑا قوی سبب ہوگا +

علماء کرام نے قرآن کے خاص ایک ایک علم میں بھی مبسوط کتابیں تحریر فرمائی ہیں کسینے لغات ہی کا فن لیا ہے جیسا کہ مفردات راغب اصفہانی۔ کسینے خاص آیات کے اعراب کو حل کیا ہے جیسا کہ شیخ نور الدین ابی الحسن علی بن حسین بن علی باقولی متوفی ۵۴۳ھ کی کتاب کشف ہے اور اسی فن میں ابوحیان کی کتاب بحر اور انکے شاگرد شہاب الدین احمد بن یوسف حلبی سمین کی کتاب الدر المصنون فی علم الکتاب المکنون ہے اور اسی فن میں ابراہیم بن محمد سفاقسی متوفی ۷۴۲ھ کی کتاب کئی جلد میں ہے جسکا نام الجید ہے اور اسی فن میں ابو البقاء عبد اللہ بن حسین عکبری نحوی متوفی ۶۱۶ھ کی کتاب بیان ہے اور اسی فن میں ابو الحسن علی بن ابراہیم جوفی متوفی ۴۳۰ھ کی کتاب دس جلد میں ہے۔ اور اسیطرح شیخ مکی بن ابی طالب حموشی بن محمد قیسی نحوی متوفی ۴۲۷ھ کی کتاب بالخصوص مشکل عبارتوں کے اعراب میں ہے۔ اور متقدمین نے بھی اس فن میں بہت سی کتابیں لکھی ہیں جیسا کہ ابو حاتم سہل بن محمد سجستانی متوفی ۲۵۰ھ وابو مروان عبد الملک بن حبیب سلیمان مالکی قرطبی متوفی ۲۳۹ھ وابو جعفر محمد بن احمد معروف بنحاس نحوی ۳۳۸ھ وابو العباس محمد بن یزید معروف بمبرد نحوی متوفی ۲۸۶ھ وابو البرکات عبد الرحمن بن ابی سعید محمد انباری نحوی متوفی ۳۲۸ھ نے ان کی کتاب کا نام بیان ہے اور منتخب الدین حسین بن ابی الغرز الرشید ہمدانی

toobaa-elibrary.blogspot.com

متوفی ۳۴۲ھ اور حسین بن احمد معروف بابن خالویہ نحوی متوفی ۳۷۰ھ کی کتاب ہے جسمیں سورہ طارق سے لیکر آخر تک کی سورتوں کا اعراب بیان کیا ہے۔ فن قرأت میں بھی بہت تفاسیر ہیں جیساکہ ابو القاسم یوسف بن علی بن جبارہ ہذلی مغربی متوفی ۴۶۵ھ کی کتاب کامل ہے اور کتاب القرأت السبع ابن المجاہد کی اور فضل بن عباس انصاری و ابی عبید قاسم بن سلام متوفی ۲۲۴ھ و ابی حاتم سہل بن محمد سجستانی متوفی ۲۴۸ھ وغیرہ آئمہ کی کتابیں ہیں۔ قرآن کے فضائل میں بھی کتابیں لکھی گئی ہیں جیساکہ امام شافعی متوفی ۲۰۴ھ و ابو العباس جعفر بن محمد مستغفری متوفی ۴۳۲ھ وغیرہ کی کتابیں اور احکام قرآن میں بھی بہت سے تصانیف کی ہیں۔ جیساکہ امام شافعی شیخ ابو الحسن علی بن حجر سعدی متوفی ۲۴۴ھ و شیخ ابو جعفر احمد بن محمد طحاوی متوفی ۳۲۱ھ قاضی ابی اسحاق اسماعیل ازدی بصری متوفی ۲۸۲ھ و شیخ ابو الحسن علی بن موسوی بن بزداوقی حنفی متوفی ۳۰۵ھ و شیخ ابو بکر احمد بن محمد جصاص رازی حنفی متوفی ۳۷۰ھ و شیخ محمود بن احمد معروف بابن سراج قونوی حنفی متوفی ۷۰۰ھ و شیخ ابو بکر احمد بن حسین بیہقی متوفی ۴۵۸ھ وغیرہ کی کتابیں۔

اسیطرح اسباب نزول میں بھی بہت سے علماء کی تصانیف ہیں جیساکہ شیخ الحافظ علی بن المدینی متوفی ۲۳۴ھ و شیخ عبد الرحمن بن محمد معروف بابن مطرف متوفی ۴۰۱ھ و شیخ ابو الحسن علی بن احمد واحدی متوفی ۴۶۸ھ و ابو الفرج عبد الرحمن بن علی بن الجوزی بغدادی حافظ شہاب الدین احمد بن علی بن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ھ جلال الدین سیوطی وغیرہ کی کتابیں ہیں

شان نزول

یا اسباب نزول اوس آیت کے نازل ہونے کا سبب۔ دراصل تو بندوں کی حاجت و ضرورت ہے جسکے لئے خدا نے قرآن اور اسکے آیات نازل فرمائیں۔ مگر کسی خاص واقعہ کے سبب سے بھی آیات نازل ہوتی ہیں اصطلاح مفسرین میں وہی مراد ہے جیساکہ ظہار کی بابت ایک عورت کا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے سوال کرنا اور اسپر قد سمع اللہ قول التی تجادلک الایہ کا نازل ہونا یا لوگوں کا آنحضرت صلعم سے سوال کرنا اس کے جواب میں آیت کا نازل ہونا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اس معنی سے معدودے چند واقعات ہیں جنکو محدثین نے بسند صحیح نقل کیا ہے۔ مگر یہ جو بعض ناواقف مفسر ہر آیت کے ساتھ ایک واقعہ اس کے نازل ہونے کا سبب بتایا کرتے ہیں وہ بہت سی ضعیف بلکہ موضوع روایات ہوتی ہیں جو تفسیر اور مفسر کی شان میں بٹا لگاتی ہیں +

لیکن قرن اول میں اسکا اطلاق وسیع معنی پر ہوتا تھا (۱) یہی معنی جو بیان ہوئے (۲) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا کسی سوال کے جواب میں نازل شدہ آیت کا پڑھ دینا جسمیں اوس سوال کا جواب ہے اسکو بھی سبب نزول ہی کہدیا کرتے تھے۔ نزلت فی کذا (۳) کبھی آنحضرت صلعم کسی واقعہ کا حکم کسی آیت سے استنباط فرماتے اور آیت پڑھ دیتے تھے اسکو بھی نزلت فی کذا کہدیا کرتے تھے (۴) کبھی اپنے کلام کی تائید میں آیت پڑھ دیتے تھے اسکو بھی نزلت فی کذا کہتے تھے۔ (۵) ایک عام حکم کے کسی فرد خاص پر آیت کا انطباق کرنا یعنے اوسکا مصداق بتانا بھی سبب نزول سمجھا جاتا تھا **مگر باتفاق جمہور صحابہ و تابعین** سبب نزول کے ساتھ آیت کو مخصوص نہیں کیا جاوے گا۔ آیت کے عموم الفاظ کا اعتبار ہوگا۔ مگر اوس خاص سبب کے بیان کرنے سے مفسرین کا مقصود آیت کے معنی کی توضیح ہوتی ہے۔ کیونکہ بسا اوقات سبب نزول معلوم ہوئے بغیر آیت کے معنی سمجھ میں نہیں آتے جیسا کہ یہ آیت ہے فَأَيْنَمَا تُوَلُّوا فَثَمَّ وَجْهُ اللَّهِ کہ جسطرف چاہو مونہہ کرکے نماز پڑھو وہی خدا ہے کیونکہ بظاہر اس سے قبلہ کیطرف مونہہ کرکے نماز پڑھنے کی فرضیت اٹھی جاتی ہے۔ لیکن جب اس کے نزول کا سبب اور موقعہ معلوم ہو جائیگا۔ تو مطلب صاف ہو جائیگا وہ یہ کہ آیت ان لوگوں کے لئے نازل ہوئی ہے جن کو سفر یا جنگل میں قبلہ معلوم نہو یا وہ سواری پر سفر میں جا رہے ہیں اور ان کو نوافل پڑھنے ہیں تو دونوں حالتوں میں جدہر چاہیں مونہہ کریں نماز درست ہو جائے گی۔ کیونکہ ہر سمت میں حضور حق جل وعلیٰ ہے وہ بے مکان و بے زمان ہر سمت یکساں حاضر و ناظر ہے اسیطرح قرآن کے جسقدر امثال ہیں خاص انہیں کی تفسیر میں علماء نے کتابیں لکھی ہیں جیسا کہ شیخ

toobaa-elibrary.blogspot.com

ابو عبد الرحمن محمد بن حسین سلمی نیشاپوری متوفی ۴۱۲ھ و شیخ ابو الحسن علی بن محمد بن حبیب ماوردی شافعی متوفی ۴۵۰ھ و شیخ شمس الدین محمد بن ابی بکر بن القیم جوزیہ متوفی ۷۵۱ھ کی کتابیں ہیں ۔

اسیطرح جملہ فنون قرآنیہ میں علماء کی متعدد تصانیف ہیں جنکی تفصیل کتاب مفتاح السعادۃ اور کشف الظنون وغیرہما میں ہے۔

(ترجمہ)

کسی کلام کو ایک زبان سے دوسری زبان میں لیجانا۔ اس کے لئے عموماً یہ شروط ہیں (۱) یہ کہ مترجم دونوں زبانوں پر برابر قادر ہو۔ اگر جس زبان سے ترجمہ کر رہا ہے اسکے محاورات و نکات و لغات و اسلوب ادا سے واقف نہ ہوگا تو یقیناً غلطی میں پڑ جائیگا اسیطرح جس زبان میں ترجمہ کرنا چاہتا ہو اس سے بھی اسیطرح واقف ہو (۲) جس کلام کا ترجمہ کرنا چاہتا ہے اس کے چند معانی محتملۃ العبارت میں سے خاص ایک معنی کو نہ لینا چاہئے بلکہ اوسی قسم کے الفاظ میں ترجمہ کرنا چاہیئے جو اسیطرح ان میں بھی ان جملہ معانی کا احتمال ہو یہ ایک بڑا مشکل کام ہے۔ (۳) اصل کلام میں مطالب کے ادا کرنے کے لئے جو جو قیود اور روابط ہیں اگر وہ خاص زبان سے تعلق رکھتے ہیں تو خیر اور اگر انکا تعلق بلحاظ تخصیص و تعمیم اطلاق و تقید معانی سے ہے تو دوسری زبان میں بھی ویسے ہی قیود لگانے چاہئیں (۴) مجازات و کنایات و استعارات کو اسی قسم کے مجازات و کنایات و استعارات میں ترجمہ کرنا چاہیئے۔ مگر یہ بڑا مشکل کام ہے لاچاری کو ان کے مراد معنی ہی کو تحقیق کر کے ترجمہ کردے (۵) اصل کلام کا جو رنگ اور جو اسکی شان ہو جہاں تک ہو سکے ترجمہ میں بھی وہی پیدا کیا جاوے ورنہ دوسری زبان میں اگر وہ معانی جبکہ دوسری شان اور دوسرے رنگ سے ادا کیئے جائینگے تو بہت ہی حقیر اور بدنما معلوم ہونگے جیسا کسی کا لباس فاخرہ اتار کر اسکو بہت برہ لباس پہنایا جاوے (۶) اگر وہ مذہبی اور علمی کتاب ہے تو اس کے ترجمہ کرنے میں مترجم

toobaa-elibrary.blogspot.com

کسی خاص شہر کی زبان اور ان کے مخصوص محاورات کی پابندی نکرے ورنہ نفع عام نہو گا اور ترجمہ سے مقصود یہی ہے۔ (۷) شاہی فرامین اور الہامی کتابوں اور مقدس لوگوں کے کلام کو بازاری اور مبتذل محاورات اور کمینہ بول چال میں ترجمہ نکرنا چاہیئے کیونکہ اس سے اصل کلام کی شان میں فرق آتا ہے (۸) جہاں تک ہو سکے ترجمہ کو بڑھنے نہ دے اصل کے مطالب کو آسان اور سہل و مختصر و معنی خیز عبارت میں ادا کردے طول دینا اور ہر ہر جملہ کے ساتھ دو قوسوں میں اپنی تراشیدہ شرح بھی لگاتے جانا۔ ترجمہ نہیں بلکہ تفسیر ہے جو حضرات ترجمہ اور تفسیر میں امتیاز نہیں کر سکتے اکثر ایسا کیا کرتے ہیں۔ اور اس سے ایک خرابی یہ بھی پیدا ہوتی ہے کہ جو کچھ اس ایجاد بندہ پر اعتراضات وارد ہوتے ہیں۔ وہ اصل کتاب پر عوام کے نزدیک وارد ہوتے ہیں حالانکہ وہ ان سے بری ہتی گو مترجم نے امتیاز کر دیا ہے لیکن یہ سب ترجمہ ہی کہلاتا ہے۔ ہاں محطوف علیہ و غیر محذوفات متعلقہ عبارت اصل کا اظہار کر دینا مضائقہ نہیں (۹) اصل کلام کے عیب چھپانے یا اوس میں کوئی خوبی پیدا کر دینے کی غرض سے اصل کتاب کے الفاظ چھوڑ کر دوسرے معنی پیدا کرنا بچنا چاہیئے کیونکہ یہ ترجمہ نہو گا۔ بلکہ ایک دوسرا کلام جیسا کہ آریہ کے پیشوا نے ویدوں کے ترجمہ میں کیا ہے صریح خیانت یا بیجا حمایت ہے (۱۰) اپنی نفسانی غرض سے علم کا ترجمہ نکرے ورنہ مطلب میں فرق آجاتا ہے جیسا کہ انجیلوں کے ترجموں میں خاص نام کا ترجمہ کر کے مراد کو اشتباہ میں ڈالدیا گیا ہے +

قرآن کے ترجمہ میں اسکے علاوہ اور بھی شرطیں ہیں (۱) کہ مترجم بد مذہب اور بے قید نہو۔ کیسلئے کہ جسطرح تفسیر میں متدین ہونے کی شرط ہے اسیطرح ترجمہ میں بھی ہے غیر متدین کے فاسد اور غلط خیالات کی آمیزش سے اسکا ترجمہ قابل اطمینان نہیں ہو سکتا۔ (۲) یہ کہ علوم مذکورہ جو تفسیر کے لئے ضروری ہیں انسے بھی ماہر ہونا ضروری ہے خصوصاً علم قرارت صرف و نحو و علم ادب و معانی و بیان و فقہ و حدیث و کلام کا ضرور فاضل ہو۔ مثلاً قرارت نہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

جاننے سے اسکو یہی علم ہوگا کہ اس جملہ پر وقف ہے یا نہیں اور ہے تو کیسا ہے؟ اور وقف کے بدلنے سے آیات کے مطالب بدل جاتے ہیں۔ ما یعلم تاویلہ الا اللہ والراسخون فی العلم یقولون الایہ میں اگر الا اللہ پر وقف کیا جاتا ہے جیسا کہ حفص کی قرارت ہے تو معنی ہونگے کہ متشابہات کے معنی بجز اللہ کے اور کوئی نہیں جانتا۔ اور الراسخون فی العلم دوسرا جملہ ہوگا۔ اور اگر وقف نہیں کیا جاتا جیسا کہ دوسرے قرار کی قرارت ہے تو یہ معنی ہوجائینگے۔ کہ متشابہات کو بجز اللہ اور راسخین فی العلم کے اور کوئی نہیں جانتا۔ اسپر اور باتوں کو قیاس کرلینا چاہیئے +

فارسی زبان ایک ترجمہ تو سید شریف جرجانی کا ہے جسکا ہم ذکر کرچکے۔ (۲) نظام نیشاپوری کا (۳) حضرت شاہ ولی اللہ صاحب کا ہے۔ اُردو میں سب سے پہلے حضرت شاہ عبدالقادر ابن حضرت شاہ ولی اللہ کا ترجمہ ہے جو ۱۲۰۵ھ میں کیا تھا۔ نہایت عمدہ ترجمہ اور ہر طرح سے قابل اطمینان ہے۔ البتہ ہر لفظ کا اس کے نیچے ہی ترجمہ رہنے کی قید نے توضیح مطالب نہونے دی۔ کیلئے کہ عربی اور اُردو زبان کے اسلوب میں بڑا فرق ہے مثلاً اُردو میں فاعل اول عربی میں فعل کے بعد آتا ہے یا شرط و جزا کی تقدیم و تاخیر یا موصوف و صفت کا اتصال و انفصال وغیرہ میں فرق ہے فوائد بھی جو اوپر میں وہ بہت مفید اور مختصر ہیں مگر تنقید و تحقیق مطالب کے لحاظ سے ایک تفسیر کے مرتبہ سے زیادہ نہیں۔ دوسرا ترجمہ تحت اللفظ ان کے بھائی حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب کا ہے یہ بھی معتبر ہے مگر اسکا فائدہ خاص ان کے لئے ہے جو عربی الفاظ کے معنی سے واقفیت پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ اس کے بعد میسر ترجمہ اس درجہ بیمقدار کا ہے جسمیں اوس تقدیم و تاخیر الفاظ عربیہ کا لحاظ نکر کے مطالب کا اظہار بخوبی کردیا ہے اور نیز اسقدر عرصہ میں اُردو زبان میں بھی بڑا تغیر پیدا ہوگیا ہے۔ اسلئے حضرت شاہ عبدالقادر مرحوم کے ترجمہ میں جو الفاظ متروک الاستعمال ہوگئے تھے ان کی جگہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

دوسرے الفاظ کا استعمال کیا ہے گو اس ناچیز نے لغت اور قرارت اور صرف ونحو اور اعراب کے فن کی کتابوں پر نظر خائر ڈال کر ترجمہ کیا ہے تو بھی میرے لئے ان بزرگواروں کی تراجم بالخصوص شاہ عبدالقادر مرحوم کا ترجمہ ہی رہنما ہے میں ان کی فضیلت اور رہنمائی کا شکریہ واعتراف کئے بغیر نہیں رک سکتا۔ سچ ہے الفضل للمتقدم۔ ہم انہیں بزرگوں کی خوشہ چین ہیں جنکو خدا نے علوم اسلامیہ کے خزائن عطا کئے تھے اور وہ تقدس وتقوی کے لباس سے بھی مزین تھے اور پھر انہوں نے نہ کسی تجارت نہ کسی نمود کے لئے بلکہ محض حسبۃً للہ اپنی عمر گرانمایہ دینی خدمات میں صرف کردی تھی۔ شکر اللہ سعیہم وجزاہم جزاً موفورا +

مگر میرے ترجمہ کے بعد بعض اور حضرات کو بھی ترجمہ کرنے کا خیال پیدا ہوا جن کا بڑا سرمایہ انہیں متقدم ترجموں کی اولٹ پھیر ہے اس نئی اولٹ پھیر اور دیگر الفاظ استعمال کرنے کے سبب ممکن ہے کہ اردو کے تینوں پہلے ترجموں سے زیادہ انمیں وضاحت ہوگئی ہو مگر علمی سرمایہ اور دیگر شرائط نہ پائے جانے سے جسقدر اغلاط ان کے ترجموں میں ہوں وہ کچھ بھی مستبعد نہیں۔ اس قلیل فائدہ کے مقابلہ میں یہ کثیر مضرت قابل لحاظ ہے میرا ترجمہ تفسیر ہی کے ساتھ آیات کے تحت میں ہے جداگانہ طبع نہیں ہوا۔ شاید آئندہ ہو +

اس زمانے میں ایک خرابی ایسی پیدا ہوگئی ہے کہ جسنے نہ صرف دنیاوی مضرت ہی پہونچائی۔ بلکہ دینی مضرت بھی پیدا کردی وہ یہ کہ نئی تعلیم کے سبب باوجود جہل علوم اسلامیہ اکثر نئی تعلیم یافتوں کے سر میں یہ سودا پیدا ہوگیا ہے کہ وہ نہ صرف فقہ وحدیث وکلام کے دقیق مسائل کے فیصلہ کرنے کا اپنے آپ کو قابل خیال کرتے ہیں بلکہ قرآن کے مفسر ومجتہد بننے کا بھی دعوی کرتے ہیں اور اسلام وقرآن کی ترمیم کا بھی اپنے آپ کو اہل جانتے ہیں حالانکہ نہ انکو عربی عبارت پڑھنے کی لیاقت ہے نہ وہ احکام اسلام کے پابند زیادہ منشا ان کے اس اجتہاد کا یہی ہے کہ وہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

اس آزادی کو قرآن و اسلام سے ثابت کر کے اپنے آپ کو الزام سے بری کرنا چاہتے ہیں اور ترقی دنیاوی کی چاٹ دیکر اور وں کو بھی اپنا ہم مشرب بنانے کی کوشش کرتے ہیں الاماں الاماں۔ مخبر صادق نے ایسے لوگوں کی پہلے ہی سے خبر دیکر مسلمانوں کو ہوشیار کر دیا تھا کہ میرے بعد بہت سے دجال و کذاب پیدا ہونگے۔ قرآن کی ایسی تاویلات باطلہ کرینگے کہ جو کبھی نہ تم نے سنی تھیں نہ تمہارے اگلے بزرگوں نے اسلئے پُر حذر رہنا۔ کوئی سود کو مباح بنا رہا ہے کوئی پردہ کو اٹھا رہا ہے کوئی نماز روزہ کی فرضیت میں کلام کر رہا ہے کوئی شراب کی حلت و اباحت دکھا رہا ہے کوئی تصاویر کے ٹکانیکا جواز ثابت کر رہا ہے کوئی نصرانیوں کے ساتھ بیٹھکر شراب سور وغیرہ محرمات وطعاہم حل لکم کی تاویل سے جائز قرار دے رہا ہے کوئی مجتہد کوئی مسیح بن رہا ہے۔ طوفان بے تمیزی برپا ہے۔

(فائدہ)

مسلمانوں کے نزدیک بجز آیت قرآنی اور حدیث پیغمبر علیہ السلام کے جو بسند صحیح متصل ثابت ہو اور کسیکا قول حجت ملزمہ نہیں اسکے بعد صحابہ و اہل بیت کا قول بشرطیکہ وہ بھی بسند صحیح متصل ثابت ہو دلیل و حجت ہے اسیطرح اجماع امت بالخصوص صحابہ اہل بیت کا اجماع و اتفاق کسی مسئلہ پر حجت و سند ہے۔ مسائل علمیہ فرعیہ میں مجتہد کا قول بھی اکثر کے نزدیک سند ہے جو آیات و احادیث میں استنباط کر کے مسائل فرعیہ ثابت کیا کرتا ہے بشرطیکہ اسکا اجتہاد مسلم ہو چکا ہو ہر ایک بوالہوس اگر اجتہاد کا دعویٰ کرے جس کے لئے علاوہ ملکہ استنباط کے بہت سے علوم درکار ہیں تو وہ مسموع بھی نہیں مناظرات میں جو ایک دوسرے کے مقابل مفسرین کے اقوال پیش کر دیئے جاتے ہیں تاوقتیکہ ان کی صحت و سقم پر نظر نہ کیجائے حجت نہیں ہو سکتے۔ اسیطرح احادیث اور اقوال صحابہ و اہلبیت و اجماع کا پیش کر دینا بغیر صحت نقل اور بغیر ثبوت اسبات کے کہ یہ مسلم ہیں کافی نہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

آج کل مناظرات کا بازار گرم ہے۔ ہر ایک دریدہ دہن کو رد اسلام کا شوق ہے وہ اپنی مذہبی بیہودگی کو اس پردہ میں چھپانا چاہتا ہے ایسے مصنفوں کو یہ خیال کر لینا چاہیئے کہ ہر دعوے پر دلیل لازم ہے یا تو عقلی ہو بقاعدہ منطق یا نقلی ہو اور نقلی مسلمات مقابل سے ہونی چاہیئے۔ اور جس کتاب سے نقل کرے بہتر ہے کہ مع حوالہ عبارت کو نقل کر دے۔ کیونکہ مطلب نقل کرنے میں احتمال ہے کہ مطلب سمجھنے میں غلطی کی ہو یا عمداً غلط مطلب بیان کیا ہو اگر ایسا نہ ہوگا تو دعویٰ رد ہو جائیگا۔ مخالفین اسلام انمیں سے کچھ بھی نہیں کرتے بلکہ مسلمانوں کی کتابوں کا حوالہ دیا کرتے ہیں عام ہے کہ انکے نزدیک مسلم ہوں یا نہوں اور عام ہے کہ ان کتابوں میں وہ مضمون ہو یا نہو۔ ان کے جملہ اعتراضات کالعدم ہیں۔ ہنود۔ آریہ۔ عیسائیوں وغیرہ کے رسائل اور ضخیم کتابیں جو رد اسلام میں لکھی ہیں اسی قسم کی بیقاعدگی پر مبنی ہیں ان سب کا اجمالی جواب تو یہی قانون مذکورہ بالا کافی ہے۔ بعض اعتراض جو مسلمانوں کے مسلمات پر مبنی ہیں بظاہر قوی معلوم ہوتے ہیں مگر وہاں یہ کاریگری کی ہے کہ ان مسلم عبارتوں کے آپ ہی ویسے معنی گھڑ لیئے ہیں + جنکو مسلمان نہیں مانتے نہ وہ قواعد زبان سے ثابت ہوتے ہیں +

جارج سیل اور **راڈویل** وغیرہ انگلشیمن مفسر و مترجم قرآن کے اعتراضات اسی قسم کے ہیں۔ اور بھی یورپین فاضلوں نے اسلام پر بیجا حملے کئے ہیں بعض نے تو مدح کے پیرایہ میں قدح کی ہے جیسا کہ انکا دستور ہے بعض نے صاف لفظوں میں جیسا کہ اکثر مشنریوں کا قاعدہ ہے۔ اور غضب یہ کرتے ہیں کہ اپنے نام کے ساتھ کہیں ڈاکٹر۔ کہیں کرنیل وغیرہ وہ القاب و اوصاف ذکر کرتے ہیں کہ جن سے ناظرین کو معلوم ہو کہ یہ ایک حکیمانہ خیالات کا غیر متعصب محقق ہے۔ مگر یورپ میں وہ محقق بھی ہیں اور پیدا ہوتے جاتے ہیں جو طرفداری یا عداوت سے پاک ہیں وہ ان متعصب لوگوں کی تحقیقات اور اعتراضات کا خاکہ اڑاتے ہیں اور ان کے رد میں بہت کچھ لکھا ہے جیسا کہ **مسٹر جان ڈیون پورٹ**

toobaa-elibrary.blogspot.com

ایڈورڈ گبن مشہور مورخ مسٹر ٹامس کارلائیل[1] اس مصنف نے ان مفتریوں پر کہ جنہوں نے اسلام پر صدہا بے اصل الزام لگاکر اسکو اپنے ہمچشموں اور ہم مذہبوں میں رسوا کر رکھا تھا۔ بہت ہی نفرینیاں کیں ہیں اور کہدیا کہ وہ الزامات جو اوس نیک انسان (حضرت نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم) پر لگائے ہیں اب تحقیقات کے ذریعہ سے ثابت ہوجاتا ہے کہ وہ ہماری روسیاہی کے باعث ہیں گاڈفری ہگنس نے بھی اسلام کی صداقت اور مخالفوں کے اعتراضات کے رد میں کتاب لکھی ہے جو اپالوجی اسلام سے مشہور ہے وہ بمقام لندن ۱۸۲۹ء میں طبع ہوئی ہے۔ اسکا ترجمہ حمایۃ الاسلام ۱۸۷۳ء میں بمقام بریلی چھپا ہے۔ اسیطرح جان ڈیونی پورٹ کی کتاب کا ترجمہ دہلی میں چھپا ہے جسکا نام مؤید الاسلام ہے اور لکھنؤ میں بھی کسیسنے ترجمہ کرکے چھاپا ہے اسکا نام مظاہر الحق ہے یورپ کے صدہا فاضل اسلام اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حقیقی کمالات دریافت کرکے مسلمان ہوگئے ہیں جیسا کہ انگلستان میں عبداللہ کویلم امریکہ میں رسل ویب دن بدن یورپین ممالک میں اسلام نہایت تیزی کے ساتھ پھیلتا جارہا ہے جسکی اس تیز رفتار سے مشنریوں کو اندیشہ ہورہا ہے۔ افریقہ کا شمالی حصہ تو شرق سے لیکر غرب تک مدتوں سے اسلامی روشنی میں آچکا ہے مگر اب اس آفتاب کی شعائیں وسطی اور جنوبی حصہ میں بھی ایسی تیز تیز پڑرہی ہیں کہ تیس برس کے اندر اندر کروڑوں عجائب پرست خدا پرست بنگئے اور بڑے بڑے والیان ملک یک لخت معہ رعیت وسپاہ اسلام لے آئے اور لاتے جارہے ہیں حالانکہ عیسائی مشنری ہزاروں روپیہ صرف کرکے ان ممالک میں جاتے اور بیشمار روپیہ لوگوں کو دیتے ہیں اسپر بھی ناکام ہی آتے ہیں اور جو لوگ ان کے دام میں بھی آجاتے ہیں تو خیالات میں ترقی ہوتے ہی خود مسلمان ہوجاتے ہیں اس دردناک واقعہ کو اینک ٹیلر نے صفر افریقیہ سے واپس آکر یورپ میں کن حسرت انگیز الفاظ میں بیان کیا ہے مگر مجبوری اسکو بھی اسلام کا جذب مقناطیسی

[1] کارلائیل کی کتاب جلد ۲ صفحہ ۲۰۰ مطالعہ کرو

toobaa-elibrary.blogspot.com

اپنی ناکامی کا سبب ماننا ہی پڑا ملاحظہ ہو ایزک ٹیلر کی رپورٹ ✣

ایشیا مدتوں سے اسلام کا مسکن ہو رہا ہے جسمیں سے خاص چین میں ہندوستان کے مسلمانوں سے زیادہ سربرآوردہ مسلمانوں کی صرف تعداد ہی نہیں ہے بلکہ وہ سلطنت کے شریک ومعین بھی خیال کیے جاتے ہیں خصوصاً شاہ چین جو ایک تاتاری قوم کا ہے اور جسکے خاندان کی بنیا دتخمیناً تین سو برس سے قائم ہوئی ہے۔ اسکی قوم میں سے نصف سے زیادہ ارکین سلطنت مسلمان ہیں اسلیئے جغرافیہ داں چین کو اسلامی کبھی نیم اسلامی سلطنت کہا کرتے ہیں۔ اب کوئی دن جاتا ہے کہ اسی خاندان میں سے کوئی مسلمان تخت نشین ہو جائیگا۔ اسیطرح ہند کے بیشمار جزائر بورنیو جاوا۔ وغیرہ بھی مسلمانوں سے پُر ہیں مگر اب جاپان جو ترقی کرتا جا رہا ہے کوئی دن میں مذہبی ترقی کرتا ہوا اسلام بھی قبول کریگا۔ اور ان کا اسطرف میلان بھی پایا جاتا ہے اور وہاں کے لوگ اسلام قبول بھی کرتے جا رہے ہیں اس بیان سے غرض صرف اسیقدر ہے کہ وہ جو مخالفین اسلام الزام لگایا کرتے ہیں کہ اسمیں ذاتی خوبی کچھ بھی نہیں وہ تلوار کے زور سے پھیلا ہے وہ دیکھیں کہ حال کی حیرت انگیز ترقی (جسکو دیکھ کر دنیا کے انجام کار پر رائے قائم کرنے والے آواز بلند کہہ رہے ہیں کہ اس رفتار سے معلوم ہوتا ہے کہ بہت تھوڑے زمانے میں دنیا پر صرف ایک ہی مذہب یعنی اسلام حکومت کرے گا) کونسی تلوار اور کس لالچ اور فریب پر مبنی ہے؟ کسی پر بھی نہیں بلکہ اپنی ذاتی خوبی اور قدرتی جوہر پر یہ **قرآن** کا ایک ایسا روشن **معجزہ** ہے کہ جسکا انکار وہی کر سکتا ہے جو روز روشن میں آفتاب کے نور کا انکار کر سکتا ہے جن کی نسبت نہایت حسرت سے یہی کہنا پڑتا ہے کہ انکی ازلی بدبختی نے انکی آنکھوں پر بلکہ کانوں پر بھی حجاب ڈال دیئے ان کے دلوں پر قفل لگا دیئے۔ مہریں کر دی ہیں ✣

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل ۱۷

(اسلام برحق ہے)

حقانیت اسلام

یہاں تک کہ قرآن کے حالات و کمالات ناظرین کو بہت ہی اجمال کے ساتھ سنا چکا ہوں جو اس کے باقی کمالات کا ایک شمہ بھی نہیں۔ اب میں صداقت قرآن و اسلام اور نبوت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر چند قسم کے ادلہ و براہین پیش کرتا ہوں اور ہر ایک قسم میں سے صرف ایک ایک ہی دلیل پر اختصار کرتا ہوں تاکہ کتاب دراز نہ ہو جائے اگر خدا نے چاہا تو پورے طور پر ایک جداگانہ کتاب میں بیان کرونگا۔

اعجاز قرآن

قسم اول اعجاز قرآن ہے۔ **دلیل معجزہ**۔ مدعی نبوت کے اوس فعل یا اوس خدا داد وصف کا نام ہے جو انسانی قدرت و اوصاف سے فوق ہو۔ اور یہ اوس نبی کی صداقت کا ایک صاف نشان ہوتا ہے اور ہونا بھی چاہیئے کیونکہ اس سے یہ بات ہر ایک صاحب عقل سلیم کے نزدیک ثابت ہو جاتی ہے کہ نبی بحیثیت انسانیت اور انسانوں کے برابر ہے پھر اوس سے کسی ایسی بات کا ظہور جو مافوق القدرت الانسانیہ ہے صاف دلیل ہے کہ یہ اسکا کام نہیں بلکہ کسی ایسی قدرت کا جو سب سے بالاتر ہے اور ممکنات کے سلسلہ میں سب سے بالاتر جو ایک قدرت نمایاں ہے جیسا کہ ہم شروع کتاب میں ثابت کرائے ہیں وہی خدائی قدرت ہے اور وہی اس کے وجود کا ثبوت ہے +

حکماء نے جو کچھ معجزہ پر شبہات عقلیہ قائم کیئے ہیں ان سب کا جواب علم کلام کی کتابوں میں مفصلاً مذکور ہے۔ اسمقام پر جو مخالفین اسلام نے آنحضرت صلی اللہ سے معجزہ صادر نہونے کی بابت قرآن سے استدلال کیا ہے اسکا ذکر اور ابطال مناسب سمجھتا ہوں مخالف کہتا ہے کہ قرآن کی یہ آیت بتا رہی ہے کہ حضرت سے کوئی معجزہ صادر نہیں ہوا

toobaa-elibrary.blogspot.com

برخلاف اور انبیاء سابقین کے کہ ان سے صادر ہوئے ہیں آیت یہ ہے وَمَا مَنَعَنَا اَنْ نُّرْسِلَ بِالْاٰیٰتِ اِلَّآ اَنْ کَذَّبَ بِهَا الْاَوَّلُوْنَ ۝ کہ ہم کو معجزات بھیجنے سے اور کسی چیز نے منع نہیں کیا صرف اسنے کہ پہلے لوگوں نے معجزات کو جھٹلا دیا تھا جس کے باعث وہ ہلاک ہوئے اسلئے اب ہم ایسا کرنا نہیں چاہتے۔ اس سے معلوم ہوا کہ آنحضرت صلعم سے کوئی معجزہ صادر نہیں ہوا۔ دیگر آیات سے بھی یہی ثابت ہوتا ہے کہ لوگ آپ سے معجزات طلب کرتے تھے ادھر سے یہی جواب آتا تھا کہ کہدو میں بھی تمہارے جیسا ایک بشر ہوں تمکو احکام الٰہی پہونچانے کے لئے بھیجا گیا ہوں ٭

ا اس شبہ کا **جواب** یہ ہے کہ عرب کی زبان میں نزول قرآن سے بھی پہلے اسماء پر جو الف لام داخل ہوتا تھا اس کے بھی کوئی معنی ہوتے تھے۔ کیونکہ رجل اور الرجل میں عرب کے نزدیک فرق بتین ہے۔ **علماء** نے عرب کی زبان کا تتبع کرکے جو دیکھا تو اس الف ولام کے چار قسمیں ثابت ہوئیں کیونکہ یا تو اس سے اس اسم کی کہ جسپر وہ داخل ہوا ہے نفس حقیقت مراد ہے یعنے معنی کلی اس کے افراد کا لحاظ تک بھی نہیں جیسا کہ الرجل خیر من امراۃ۔ یہاں رجل یعنے مرد کے کسی فرد کا بھی لحاظ نہیں بلکہ مرد کی جنس عورت کی جنس سے بہتر ہونا مراد ہے۔ تو اسکو الف لام جنس کہتے ہیں اور اگر افراد ملحوظ ہیں تو تین حال سے خالی نہیں یا تو جملہ افراد مراد ہیں تو اس کو الف ولام استغراق کہتے ہیں اور اگر جملہ افراد مراد نہیں بلکہ بعض۔ پھر یا تو بعض معین جیسا کہ الآیات میں وہ مخصوص معجزات مراد ہیں کہ جن کی کفار قریش تمسخر کی راہ سے درخواست کرتے تھے تو اسکو الف لام عہد خارجی کہتے ہیں اور اگر بعض غیر معین مراد ہیں تو اسکو عہد ذہنی کہتے ہیں ٭

آیت میں الآیات کے معنی وہ معین معجزات ہیں نہ کہ مطلقاً۔ اور قرینہ کلام بھی یہی چاہتا ہے کہ وہ کفار قریش نہ تو جملہ معجزات کی درخواست کرتے تھے نہ یہ کہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

کوئی معجزہ ہو ان کی درخواست کرتے تھے نہ جنس کی بلکہ وہ تو وہ معجزات چاہتے تھے کہ جن کا ذکر سورہ بنی اسرائیل کے ۹ رکوع میں ہے وقالوا لن نؤمن لک حتی تفجر لنا من الارض ینبوعا ۝ او تکون لک جنۃ من نخیل وعنب فتفجر الانہار خلالہا تفجیرا ۝ او تسقط السماء کما زعمت علینا کسفا او تاتی باللہ والملئکۃ قبیلا ۝ او یکون لک بیت من زخرف او ترقی فی السماء ولن نؤمن لرقیک حتی تنزل علینا کتابا نقرؤہ ۝ قل سبحان ربی ھل کنت الا بشرا رسولا ۝

حاصل جواب یہ ہے کہ جن معجزوں کو وہ طلب کرتے تھے اور طلب بھی محض جاہلانہ حجت اور تمسخر کے طور پر تھی نہ ایمان لانے کی غرض سے اُن کے بھیجنے کا انکار کر دیا گیا اور وجہ بھی بتلا دی کہ ایسے معجزات طلب کرنے والے آخر انکار ہی کر دیا کرتے ہیں جیسا کہ پہلی امتوں میں ہوا ہے اور پھر اوسوقت اپنر ضرور کوئی آفت نازل ہوتی ہے اس سے یہ نہیں ثابت ہوتا کہ مطلقاً معجزات بھیجنے کا انکار کیا گیا نہ وہ اسکی طلب کرتے تھے اور یہ کوئی نئی بات نہیں حضرت مسیح علیہ السلام نے بھی جبکہ فریسیوں نے معجزہ طلب کیا تو صاف انکار کر دیا جیسا کہ انجیل مرقس کے آٹھویں باب گیارھویں درس میں ہے۔ پھر کیا کوئی عیسائی کہہ سکتا ہے کہ حضرت مسیح نے کوئی معجزہ نہیں دکھایا قرآن کی آیت مذکورہ کا بھی یہی مطلب ہے۔

سوال یہ تسلیم مگر قرآن میں کہیں بھی اسبات کا ذکر یا اشارہ نہیں کہ آنحضرت صلعم سے معجزات صادر ہوتے تھے **جواب** متعدد جگہ ذکر اور اشارہ ہے ازانجملہ یہ آیت ہے

سید احمد خاں نے اس آیت سے یہ بھی ثابت کرنا چاہا ہے کہ پہلے بھی کسی نبی سے معجزہ صادر نہیں ہوا۔ یہ انکی نہایت غلط فہمی ہے کیونکہ آیت صاف بتا رہی کہ پہلوں نے معجزات کو جھٹلایا تھا یہی معجزات کے بھیجنے میں مانع ہوئی۔ اور عجب تر یہ ہے کہ سید خود اسی مقام پر کہ جہاں انہوں نے اپنی تفسیر میں یہ بحث کی ہے یہ بھی بڑے زور سے کہہ چکے ہیں کہ قرآن میں آیۃ یا آیات کا لفظ صرف قرآنی

toobaa-elibrary.blogspot.com

اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ۝ وَاِنْ يَّرَوْا اٰيَةً يُّعْرِضُوْا وَيَقُوْلُوْا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ اول توشق القمر کا ایسا معجزہ ہے کہ جس کی خبر احادیث میں موجود ہے دوم دوسری آیت بتا رہی ہے کہ وہ معجزات دیکھنے کے بعد ان کو جادو کہہ دیتے تھے۔ سحر مستمر کا لفظ دلیل ہے کہ آیۃ سے مراد نہ قرآنی آیت ہے نہ معمولی آیات قدرت فلسفہ کا جواب تو ہم دے چکے ہیں مگر عیسائی شق القمر پر کوئی عقلی اعتراض نہیں کر سکتا جبکہ بائیبل میں آفتاب کا ٹھہرا رہنا اور مسیح کی صلیب کیوقت تمام دنیا پر اندھیرا چھا جانا اور سورج کا تاریک ہو جانا مذکور ہے انجیل یوحنا ۱۹ باب۔ اور بھی بہت معجزات احادیث میں مذکور ہیں جو بلحاظ اتصال سند کے اناجیل سے زیادہ معتبر ہیں اور قرآن چونکہ حضرت کی تاریخ نہیں جیسا کہ اناجیل مسیح کی تاریخیں ہیں۔ اس لئے قرآن میں معجزات کا بیان نہونا مستبعد نہیں ؛

اب ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک زندہ معجزہ دکھاتے ہیں جو اسوقت سے ابتک ویسا ہی موجود ہے اور ہمیشہ رہے گا جسمیں نہ روایت کی ضرورت نہ تاریخ وحکایت کی احتیاج جسپر نہ فلسفۂ جدید کا حملہ ہو سکے نہ فلسفۂ قدیم کا جسکو ہر ملک وملت کا دانشمند انصاف پسند دیکھ کر سن کر یقین لا سکتا اور اس سے دارین کا فائدہ بھی اٹھا سکتا ہے وہ کیا ہے؟ **قرآن مجید**۔ ایسی کتاب جسکے یہ صفات ہوں ایسے شخص سے ظاہر ہونا جو علوم رسمیہ میں امی ہو جسکو علاوہ عبادت واشتغال بحق کے صدہا مصائب کا راتدن

بقیہ نوٹ صفحہ ۵۲۵) آیات پر اطلاق ہوا ہے اگر انکا صحیح اجتہادی صحیح ان لیا جاوے تو اس آیت میں معجزات کے ثبوت یا نفی کا کچھ بھی ذکر نہیں بلکہ آیات الہامیہ کے نہ بھیجنے کا سبب مذکور ہونا مانا جاویگا وہ بھی نہ مطلقاً۔ کیونکہ آیات قرآنیہ تو بہت کچھ بھیجی گئیں ہیں جن کا کوئی بھی انکار نہیں کر سکتا بلکہ مخصوص آیات کے نہ بھیجنے کا سبب سمجھا جائے گا جن کی اسوقت کے کفار قریش آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے درخواست کرتے ہونگے وفسادہ لایخفی ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

سامنا ہو چاروں طرف سے لوگ شمشیر بدست ہوں بیشک مافوق القدرت ہے۔ اور اسکو معجزہ کہتے ہیں صفات مذکورہ ذیل کی رعایت رکھہ کر کسی سے بھی باوجودیکہ قصد بھی کیا آجتک ایسی کتاب کی ایک سورۃ ہی کے برابر نہ بنایا جانا مافوق القدرت ہے اگر کوئی یوں کہے کہ اتبک کسینے اسبات کا قصد ہی نہیں کیا تھا تو یہ اور بھی معجزہ ہے کیونکہ عرب میں بھی بڑے فصیح و بلیغ تھے اور انکو عار دلا کر معاوضہ پر برانگیختہ بھی کیا جاتا تھا۔ مگر پھر بھی معاوضہ بالحروف سے عاجز آکر مقابلہ بالسیوف ہی کرتے رہے کیونکہ وہ جانتے تھے کہ لفظی خوبی سے کام نہیں چلتا مطالب کو اس خوبی سے ادا کر دینا کوئی آسان کام نہیں بقول شاعر ؎ گر مصور صورت آن جانِ جان خواہد کشید ٭ حیرتے دارم کہ نازش را چساں خواہد کشید ٭ اور عرب سے نکلکر جب اسلام مغرب اقصے سے لیکر مشرق اقصی تک پہونچ گیا اور سب کے پاس قرآن کا ہونا اور مخالفوں کے سامنے اعجاز میں قرآن کا پیش کرنا اور قرآن میں یہ دعوی ہونا کہ جن و انس سب ملکر تو اس کے کسی ایک سورہ ہی کے برابر بنا لاؤ پھر بھی کسیکا اس کے مثل بنانے کا قصد بھی نہونا اگر اعجاز نہیں تو اور کیا ہے۔ اب بھی عربی میں نہ سہی اور بھی زبان میں سہی صفات مذکورہ کے موافق کوئی بنا کر تو لائے حالانکہ ابتو نمونہ بھی سامنے موجود ہے پھر اگر اسپر بھی کسی عالم فاضل فلاسفر سپیکر خوش بیان سے ایسی کتاب کے کسی ایک سورہ کے بھی برابر نہ بنایا جاوے تب تو تسلیم کرنا پڑیگا کہ قرآن معجزہ ہے ٭

قرآن تو قرآن جن مصنفوں نے مضامین قرآن اور اس کے طرز بیان کا بھی کسیقدر اتباع کر لیا ہے۔ انکی کتاب کا بھی مثل بنانا مشکل پڑ گیا ہے۔ سعدی کی گلستاں ہی کو دیکھو فارسی زبان میں ہے کوئی اغلاق نہیں زیادہ عبارت کی رنگینی کا بھی التزام نہیں صاف صاف لفظوں میں حکایات اور کچھہ پند و نصائح ہیں لیکن بہت سے لوگوں نے سعدی کے مقابلہ پر قلم اوٹھائے حالانکہ فصاحت و بلاغت میں وہ بھی مشہور آفاق ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

مگر گلستاں کا مقابلہ مشکل پڑ گیا۔ بات کیا ہے سعدی اکثر قرآن و احادیث کے مطالب کو حکایات کے پیرایہ میں ادا کرتے ہیں حالانکہ قرآن وہ چیز ہے کہ جسپر خود سعدی بھی ایمان لائے ہوئے ہیں لفظی فصاحت و بلاغت میں مقامات حریری کا بھی پایہ کچھ کم نہیں عربیت کے میدان کا شہسوار ہے بڑے بڑے خوش بیان اسکی گرد تک بھی نہیں پہونچتے مگر پھر کیا بات ہے کہ وہ بھی جہاں اقتباس کیطور کسی قرآنی جملہ کو عبارت میں لے آتے ہیں تو کلام میں جان پڑ جاتی ہے اور سامع پھڑک اٹھتا ہے۔

وہ صفات

جہاں تک میرے فہم کی رسائی ہوئی ہے یہہ ہیں ورنہ اور بھی ایسی خوبیاں ہیں کہ جنکا کلام میں پیدا کرنا طاقت بشریہ سے باہر ہے +

(۱) خدا تعالیٰ کی ذات و صفات مقدسہ کا ایسے براہین سے ثبوت اور ثبوت میں توضیح کہ جنکو ایک بڑے سے بڑا حکیم اور ایک جاہل سے جاہل حسب مذاق دونوں برابر سمجھیں اور متاثر ہو جائیں +

(۲) عالم غیر محسوس کے حقائق اور وہاں کے حالات اور وہاں کی موجودات کا ایسا پر اثر سچا اور صاف بیان کہ جسکے سننے کی بعد روح میں اس عالم باقی کا ایسا شوق پیدا ہو کہ دنیا اور اس کے شہوات و لذات فانیہ آنکھوں میں حقیر ہو جائیں اور جسطرح نسیم سحری کے دلکش جھونکے کے وقت مرغان چمن کے چہچہے سنکر اسیر قفس طائر پر پھڑپھڑایا کرتا اور کہتا ہے

آواز من برسانید بمرغان چمن۔ کہ ہم آواز شما در قفسے افتادہ است

یہی حال سامع و قاری قرآن کا ہو جائے۔ عالم غیر محسوس میں روح ملائکہ جنت۔ دوزخ اور وہاں کے نعمار باقیہ اور عقوبات دائمہ وغیرہ ہیں۔ وہ عالم روحانی عالم جاودانی ہے فلسفہ تو عالم حسی کی دیوار سے ایک انچ بھی آگے نہیں جا سکتا۔ اگر اس عالم کا منکر ہو تو

toobaa-elibrary.blogspot.com

دیر کے لئے یہ بھی مان لے کہ اسکے تسلیم کر لینے میں بھی کوئی مانع نہیں۔ تو پھر بجز الہام انبیائی کے اوس عالم کا کون بتلانے والا ہے اجہاں ہمیشہ رہنا ہے اور وہ جلد پیش آنے والا ہے دنیا میں انبیاء علیہم السلام کی بعثت کا یہی سبب ہے پھر جس کتاب اور جس شخص نے اس فریضہ کو مکمل کر دیا ہو وہ نبی اور وہ کتاب الٰہی نہ مانی جائے تو اولٰی معاملہ ہے۔ اب ناظرین مدعیان الہام اور الہامی کتابوں کو اس کسوٹی پر لگا کر کہرے کھوٹے کو آپ پرکھ سکتے ہیں بعض مشنری قرآن کا سرقہ ثابت کرنے کے لئے واقعات وقصص قرآنی اور بعض احکام اسلامی کا توہیت تلاش سے دوسری کتابوں اور مذاہب سے لیا جانا بیان کرتے ہیں۔ مگر عالم روحانی کی تصویر کھینچنے میں جو نبوت کا اشد ضروری فریضہ ہے کسی کتاب اور کسی مذہب سے بھی اخذ کرنا ثابت نہیں کر سکتے نہ توریت و اناجیل سے نہ ویدوں اور پرانوں سے نہ زند وستہا اور دساتیر سے حالانکہ جسکو سرقہ بتاتے ہیں اور بڑی تلاش سے بعض مطالب قرآنی کا اور مذاہب و کتابوں کی طرف حوالہ دیتے ہیں یہ بھی قرآن کا اعجاز ہے کیونکہ جب اس زمانے میں کہ مطابع کے ذریعے سے ہر مذہب وملت کی کتابیں آسانی سے ہم پہونچ سکتی ہیں پھر ان سے نقل کرنے میں بھی ٹھوکریں کہا جاتے ہیں تو اوس پر عرب میں جہاں نہ علوم نہ علومی کتب خانے تھے نہ آپ کے پاس ایسے اہل مذاہب وتاریخ موجود تھے نہ آپ لکھنا پڑھنا جانتے تھے پھر ان امور کو صحیح صحیح کہنے آپ کو بتا دیا جنکے آج کتابوں اور مذاہب میں حوالے پائے جاتے ہیں اور بار بار بیان کرنے میں بھی تعارض نہیں ہوتا۔ حالانکہ بائیبل کی کتابوں میں جہاں بنی اسرائیل کے بادشاہوں کی تاریخ بیان ہوئی ہے باہم کسقدر اختلاف ہے مسیح کے نسب نامہ ہی کو دیکھئے جو بقول نصاریٰ متی نے الہام سے لکھا ہے کتنے اغلاط ہیں جو کتاب التاریخ و کتاب صموئیل وغیرہ کے ملا کر دیکھنے سے معلوم ہوتے ہیں جنکی توجیہ میں ہارن وغیرہ مفسر انجیل کیسے غلطاں پیچاں ہیں ؎

(۳) انسانی سعادت وشقاوت کا صاف اور سیدھا اور عقل کے مطابق رستہ دکھانا

toobaa-elibrary.blogspot.com

اسکو مفید و مضر اعتقادات سے واقف کرنا نیک و بد نتائج پیدا کرنے والے اعمال سے آگاہی دینا (۴) علم **سعادت** و شقاوت کے بہت سے اقسام ہیں انکو بھی تمام و کمال اسی عمدہ پیرایہ و اسلوب سے بیان کرنا جیسا کہ (۵) انسانی ظاہری طہارت و نجاست جسکا اثر باطن تک پہونچتا ہے (۶) اشیاء کی حلت و حرمت کیونکہ اخلاق اور باطن پر اسکا بھی بہت اثر ہے۔ (۷) فرائض و آداب عبادت مالی و بدنی و روحانی (۸) ذکر الٰہی اور آیات قدرت میں غور و فکر کرنے کے فوائد اور اس کے صفات میں مراقبہ کرنے کی تاکید (۹) حوادث دہر اور انسانی انقلاب سے عبرت و نصیحت حاصل کرنے کے فوائد و تاکید (۱۰) ناجائز شہوات و لذات اور دنیا کی زرق و برق پر مائل ہونے کی مذمت (۱۱) شکر صبر رضا تسلیم قناعت سخاوت۔ صدق۔ عفاف وغیرہ۔ ملکات فاضلہ کی مدح۔ ان کے برخلاف صفات کی مذمت (۱۲) اوقات گرانمایہ کو لغویات و بیکار مشاغل میں صرف کرنے کی برائی (۱۳) تمدن کے اصول۔ عفو کرنا۔ انتقام سے درگزر کرنا۔ برائی کے مقابلہ میں بھلائی کرکے دشمن کو مغلوب کرنا اور اگر بضرورت سیاست بدل ہی لینا ہو تو اسیقدر کہ جسقدر جریمہ ہے۔ حلم۔ راستبازی معاملات میں وفا و فریب نکرنا۔ عہد کی پابندی کرنا۔ تواضع و انکسار سے چلنا۔ مخلوق الٰہی پر رحم کرنا۔ ماں باپ اور بزرگوں کی تعظیم کرنا چھوٹوں پر نظر شفقت رکھنا۔ مسافر یتیموں۔ مسکینوں۔ غلاموں اسیروں پر رحم کھانا۔ جھوٹھ نہ بولنا۔ تمسخر اور طعنہ بازی غیبت و بدگوئی سے باز رہنا۔ ظلم و ستم نکرنا۔ معاملات میں انصاف کرنا جھوٹی گواہی نہ دینا۔ شراب قتل۔ زنا لواطت جوا۔ چوری وغیرہ مفاسد سے روکنا ایسے جرائم کی سزائیں بیان کرنا اور سزا میں اعتدال ملحوظ رکھنا فضول خرچی و اصراف سے روکنا۔ ہمسایہ اور اہل قرابت اور دوستوں کے حقوق ملحوظ رکھنا انکے ساتھ ہمدردی سے پیش آنا۔ اخلاق حسنہ حاصل کرنا برے اخلاق سے بچنا۔ اصول تمدن میں سے (۱۴) **میراث**۔ (۱۵) **بیع و شراء** وغیرہ معاملات کے قوانین بیان کرنا۔ (۱۶) علم سیاست کا مکمل بیان۔ حاکم کی اطاعت باہمی اتفاق

toobaa-elibrary.blogspot.com

معاملات کو بشاورت طے کرنا۔ قومی وملکی جمعیت کو محفوظ رکھنا۔ دشمنوں سے بچنے کے لئے ہر ایک قسم کا سامان حرب بہم پہونچانے میں کوشش کرنا قواعد حرب سیکھنا۔ جنگ میں استقلال وجوانمردی دکھانا اپنے سے دوچند کو بھی خاطر میں نہ لانا۔ اس استقامت وجوانمردی کے صلہ میں فتح وظفر غنیمت عزت۔ ثروت کا دنیاوی نتیجہ بتانا۔ آخرت کا مغفرت اور جنت کا مژدہ اور اطمینان دلانا شہیدوں کے فضائل مجاہدوں کے مناقب۔ ان قومی وملی کاموں میں مال وجان صرف کرنے کے محامد مذامر دوں کا ہلوں۔ بخل کرنے والوں کی مذمت دنیاوی واخروی بدنتائج کا بیان۔ **مسئلہ جہاد** کہ جسکو برے برے عنوانوں سے مخالف بیان کرکے اسکو مورد طعن قرار دیا کرتا اور اسلام پر بزور شمشیر پھیلانے کا الزام لگایا کرتا ہے اسی علم سیاست کا ایک اہم مسئلہ ہے کیونکہ اس کے بغیر قومی وملی عزت وتہذیب بھی قائم نہیں رہ سکتی اور غیروں کے محکوم وغلام بننے سے دین بھی باقی نہیں رہتا نہ دین کے علوم وبرکات باقی رہ سکتے ہیں بلکہ قوم قوم نہیں رہ سکتی نہ وہ دنیا میں عزت کی نگاہ سے دیکھی جاتی ہے نہ وہ اس غلامی کی حالت میں رہ کر دنیاوی ترقی کر سکتی ہے نہ مرفہ الحال ہی رہ سکتی ہے ایسی ذلیل حالت میں سود کا مسئلہ جو دائمی ذلت کا نشان ہے پست ہمتوں اور دولت پسند طبائع کو قومی ترفہ کا عمدہ ذریعہ معلوم ہوا کرتا ہے +

اس زمانہ کے سفہاء اسی مسئلہ سے آپ کی نبوت میں کلام کیا کرتے ہیں اور یہ نہیں سوچتے کہ جس نبی نے جو اولوالعزم ہونے کا شرف رکھتا ہو اگر خدا پرستوں کی ایک جداگانہ قومیت ہی قائم نہ کی اور انکو بت پرستوں ظالموں تہذیب روحانی کے مخالفوں کی غلامی سے ہی نجات نہ دلائی تو کچھ بھی نہیں کیا۔ حضرت موسے علیہ السلام تو بنی اسرائیل کو فرعونیوں کی غلامی سے آزاد کرانے میں بڑے اولوالعزم اور مسلم الثبوت نبی ورسل مانے جائیں اور حضرت محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم عرب کی قوموں اور خدا پرستوں کو ظالموں ہوا پرستوں جبار بادشاہوں کی غلامی سے آزاد کرا کے ہمیشہ کے لئے آزاد وسربرآوردہ بنانے کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

جرم میں سفاک۔ ڈاکو۔ لوگوں کے مال و اولاد اور عورتوں کے لالچی۔ شہوت پرست۔ بیرحم قرار پاویں اور نبوت کبریٰ کے درجہ سے محروم کئے جاویں یہ کونسی ایمانداری۔ اور کیا انصاف ہے ؛

(۱۶) انسانوں کی روحانی ترقی کے علوم اور روحانی امراض اور ان کی دوا کا بیان۔ یہ جس خوبی سے قرآن میں ہے اسکا عشر عشیر بھی کسی الہامی یا عقلی کتاب میں نہیں ؛

(۱۷) انسان کے سامنے موجودات اور وجود کے مرتب سلسلہ کو پیش کرنا اور انکے اس عالم محسوس میں آنے اور جانے کا راز بتانا کہ یہ سب کائنات اسی آفتاب حقیقی کے انوار ہے جو وہیں سے نکلتے اور عالم شہود کے میدان میں ایک حد تک پھوٹکر پھر وہیں چلے جاتے ہیں کل الینا راجعون وان کل لجمیع لدینا محضرون الم تر الی ربک کیف مد الظل الایہ وغیرہا من الایات جن سے ثابت کر دیا گیا ہے کہ موجودات میں سے بجز اس کی ذات کے کوئی بھی حقیقی وجود نہیں رکھتا بلکہ وہی موجود حقیقی ہے۔ اور تمام موجودات اسی ذات کا ظل مظہر ہے جو درجہ بدرجہ عالم حسی تک آئے ہیں۔ اور پھر سایہ کی طرح درجہ بدرجہ تجرد و لطافت حاصل کرتے ہوئے اسکیطرف سمٹ کر چلے جاتے ہیں اور اس سفر میں جو کچھ کدورات اپنے قائم ہو جاتے ہیں وہی انکا جہنم و عذاب ہے جو اول ہی سے اسکی صفت قہر کا مظہر ہو کر تیار ہو چکا ہے اور اسکا تقرب و اصول نجات جنت ہے جو اسکی رحمت کا مظہر ہو کر اشکال مختلفہ میں ظہور پذیر ہو چکا ہے نہ یہ کہ موجودات اس کل کے اجزاء منفصلہ ہیں نہ یہ کہ یہ اجزاء پھر اسی ذات میں منضم ہو جاتے ہیں نہ یہ کہ وہ ذات موجودات میں حلول کئے ہوئے ہے جیسا کہ خام کاروں نے سمجھا ہے ؛

(۱۸) اس ذات بابرکات کے سوا رجو علۃ العلل ہے کوئی بھی عبادت و پرستش کے قابل نہیں بلکہ انکی کچھ ہستی ہی نہیں اسلئے **توحید** کی تاکید اور غیر اللہ مخصوص اوہام باطلہ اور ارواح غیر مرئیہ اور بتوں کی پرستش حرام کر دی اور کن کن دلائل موثرہ سے

toobaa-elibrary.blogspot.com

توحید کی خوبی اور بت پرستی کی برائی انسان کے دل پر نقش کیا۔ (۲۰) خدا ہی سے محبت حقیقی رکھنے کی تاکید اور یہہ کہ بندہ سے بھی بشرطیکہ وہ محاسبت روحانی سے آلودہ نہو خدا کو محبت ہے۔ خدا رحمان ہے رحیم ہے۔ اسنے اپنے پیارے انسان کے لئے دنیا میں یہ یہ نعمتیں اپنے مبارک ہاتھوں سے پیدا کی ہیں۔ اس کے مصائب میں وہ دیں یوں اس کی دستگیری کیا کرتا ہے وہ رسولوں اور دلائل آفاق وانفس کے ہادیوں کے ذریعہ سے اپنی ہی طرف پاک ہوکر آنے کی دعوت دیا کرتا ہے وَاللّٰہ یدعوکم الی دار السلام (۲۰) ان مطالب جلیلہ کو ایک دوسرے سے مربوط کرکے اوس فصاحت وبلاغت اور اس شیریں عبارت سے کہ جس کی ہم شرح کرآئے ہیں۔ کبھی ایک جگہ کبھی متعدد مقامات پر کبھی واقعات گزشتہ کے پیرایہ میں کبھی بغیر اس کے نہایت دلکش انداز سے بیان کرتا اور بیان میں باوجود رعایت قانون بلاغت کے مبالغہ کذب فحش گوئی طرف داری کا شائبہ بھی نہ آنے دینا اور تکرار کی بے مزگی کو تبدیل عنوان کی شیرینی سے مٹا دینا۔ واقعات امم ماضیہ کو صدق سے بیان فرمانا اور ہر ایکبار نہیں بلکہ اغراض جداگانہ سے بار بار بیان کرنا اور اول سے لیکر کلام میں تعارض واختلاف نہ پیدا ہونے دینا نہ واقعات کو اپنی طبیعت کے رنگ میں رنگین نہونے دینا۔ اصلی حقیقت پر پردہ ڈالنا۔ پھر ہر واقعہ گزشتہ کو اسکی مناسبت سے ایسے مقام پر لانا۔ اور چھوٹے چھوٹے جملوں میں بہت سے معانی جمع کردینا اور بیان میں انسانی جذبات پر اشارہ وتلمیح ورمز وتعریض سے تازیانہ مارتے جانا نہ اسطرح کہ نفرت کا باعث ہوں بلکہ بیداری کا سبب ہوں اور کلام کے مبادی واوساط و مقاطع میں طبعی تناسب ملحوظ رکھنا ان سب باتوں پر مخاطبوں کے محاورے میں کلام کرنا اور اپنی شان شاہنشاہی کو بھی کلام میں دکھانا۔ وغیرہ ذلک بشر سے محال ہے۔ یہ اسی قادر مطلق کا کلام ہے جو اسنے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے دل پر القا کیا یا یوں کہو اپنی زبان سے خدا بولا۔ جنکو اول ہی سے علوم رسمیہ سے سادہ رکھہ چھوڑا تھا کہ یہ گمان نہو کہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

یہ خود اپنے علوم کے زور پر کلام کر رہے ہیں۔ وللہ الحمد۔

ان کمالات کے سوا قرآن نے طالب حق اور ربانی عالم کے جویاں اور اس سلسلہ کائنات کی ابتدا و انتہا اور اس زندگی کے نتیجہ کے متجسس کی تشفی کر دی اور اس کی پیاس کو بجھا دیا ہے اور خالق و مخلوق میں رشتہ محبت قائم کرنا بتا دیا ہے۔ اسکے علاوہ یہ بھی کیا ہے کہ بہت سے امور میں پیشین گوئیاں کی ہیں جو بہت سے متحقق ہو گئیں اور بہت ہونے والیاں ہیں (۱) یہ کہ جب کفار مکہ کا آپ پر ہجوم تھا اور اپنی بدمستی میں وہ ایذا رسانی سے باز نہیں آتے تھے تو ایک ایسے سخت قحط کی خبر دی تھی کہ بھوک کے مارے لوگوں کو ضعف بصر سے آسمان کی طرف نظر کرنے میں دھواں نظر آئیگا۔ یوم تاتی السماء بدخان مبین یغشی الناس (سورہ دخان) سو وہ واقع ہوا جسکی تفصیل احادیث کی کتابوں میں ہے (۲) مکہ میں عرب کے مشرکین ایران کے عناصر پرست بادشاہ کو اپنا اور شاہ ہرکلیوس عیسائی کو اہل کتاب ہونے کے سبب آنحضرت کے مذہب و مشرب کا سمجھا کرتے تھے اس لئے ہرکلیوس کی شکست پر ان کو خوشی اور مسلمانوں کو رنج ہوا تو قرآن نے پیشین گوئی کی۔ الم غلبت الروم فی ادنی الارض وھم من بعد غلبھم سیغلبون فی بضع سنین ۵ للہ الامر من قبل ومن بعد ویومئذ یفرح المومنون بنصر اللہ ینصر من یشاء وھو العزیز الرحیم وعد اللہ لا یخلف اللہ وعدہ۔ کہ اب تو رومی مغلوب ہو گئے ہیں مگر نو برس[1] میں بعد غالب ہو جائیں گے اور اگلے پچھلے سب کام اللہ ہی کے ہاتھ میں ہیں اور اس دن مسلمان بھی اللہ کی فتح و نصرت سے خوش ہونگے۔ اللہ جسکو چاہتا ہے فتح دیتا ہے اللہ کا وعدہ ہو چکا وہ اپنے وعدہ کے خلاف نہیں کیا کرتا۔

چنانچہ اسوقت سے نو سال بدر کی لڑائی میں مسلمانوں کو بھی فتح ہوئی جو محض اللہ کی فتح

قرآن کی پیشین گوئیاں

[1] بضع ایک سے لیکر نو تک کو کہتے ہیں مگر اس مقام پر آخر مرتبہ مراد ہے جو کلام ہی سے سمجھا جاتا ہے اسلئے ہم نے بھی نو ہی کے ساتھ مرادی ترجمہ کر دیا ہے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

ولنصرت تھی ورنہ اسباب ظاہرہ کے خلاف تھی۔ اور اسی اثنار میں ہرکلیوس کی شاہ ایران پر فتح ہونے کی بھی خبر آئی دونوں پیشین گوئیاں صادق آئیں (۳۳) وعداللہ الذین آمنوا وعملوا الصلحت منکم لیستخلفنھم فی الارض الایہ اللہ نے ہم میں سے ایمانداروں نیکوکاروں سے وعدہ کرلیا ہے کہ تمکو زمین کا حاکم بنائیگا۔ جیساکہ تم سے پہلوں کو بنایا ہے۔ اور تمہارے خوف کو امن سے بدل دیگا میری ہی عبادت کیا کریں گے۔ میرا کسی کو شریک نہ بنائیں گے ✣

حالانکہ جنگ احزاب کے وقت جبکہ یہ پیشین گوئی کی گئی تھی مسلمانوں کو چاروں طرف سے عرب نے محصور کر رکھا تھا اور بظاہر انسے نجات پانے کی کوئی صورت نہ تھی چہ جائیکہ حکومت ملے۔ لیکن ایسا ہی ہوا آنحضرت صلعم کے بعد خلفاء اس شان وشوکت کے ہوئے کہ خود ان سے بڑے بڑے بادشاہ لرزتے تھے۔ ان کو امن بھی ہوا اور وہ اس عروج کے وقت فتح وملک گیری کے نشہ میں بدکار اور مشرک بھی نہ ہوئے۔ بلکہ خدا پرست نیکوکار ہی رہے ✣

مخالف کو جب کوئی بات نہیں بن آتی تو کہتے ہے کہ یہ تخمینی باتیں تھیں۔ مگر بائبل میں جو گول مول بے نام ونشان پیشین گوئیاں ہیں وہ پیشین گوئیاں تھیں کہ جن کے مطابق کرنے میں ابتک یہود ونصاریٰ کا باہم اختلاف ہے ✣

ف (۱)

قرآن کے معجزہ ہونے میں سب مسلمان متفق ہیں نظام معتزلی بھی معجزہ ہی کہتا ہے مگر وجہ اعجاز اور بتاتا ہے۔ اور یہ کوئی بات نہیں کیونکہ قرآن میں بہت سی ایسی ایسی خوبیاں ہیں جو ہر واحد وجہ اعجاز ہوسکتی ہے۔ انہیں سے کسیننے کسیکو اور دوسرے نے کسی دوسری بات کو وجہ اعجاز قرار دیا ہے۔ مگر مخالفین صرف لفظی فصاحت کو وجہ اعجاز

toobaa-elibrary.blogspot.com

قرار دیکر کہتے ہیں کہ یہ کوئی دلیل کتاب الہامی ہونے کی نہیں ہوسکتی۔ اول تو اس کا یہ کہنا بھی غلط ہے دوئم صرف یہی وجہ اعجاز نہیں بلکہ معنی کی خوبی بھی ہے جس کی تشریح ابھی ہمنے کی ہے ✣

(۲)

معجزہ ہر قوم کے مذاق پر ہوتا ہے۔ جو بلید الذہن ہوتے ہیں انکو محسوسات ہی کے اندر اعجاز دکھایا جاتا ہے کیونکہ وہ ایسی ہی موٹی باتوں کو سمجھ سکتے ہیں جیسا کہ حضرت عیسےٰ اور موسےٰ کے مخاطب بنی اسرائیل تھے اسلئے اُن دونوں نبیوں کو حسی ہی معجزہ دیئے گئے عصےٰ کا اژدھا بنجانا ہاتھ کا روشن ہوجانا۔ قلزم سے خشک پار ہوجانا وغیرہ یا جیسا کہ بیماروں کو تندرست مردوں کو زندہ کردینا۔ پانی کے مٹکوں کا شراب ہوجانا۔ اور اسلیئے وہ بلید معجزات کے بعد بھی مائل نہوتے تھے اور جو ہوتے بھی تھے تو انکا وہ نشہ پھر اُتر جاتا تھا۔ اسلئے ان کو پھر معجزہ دکھانا پڑتا تھا۔ تکرار و کثرت معجزات کا یہی سبب تھا ✣ اور جو ذکی الادراک ہوتے ہیں تو انکو معنوی معجزہ دکھایا جاتا ہے۔ کیونکہ ان کے دل پر یہ زیادہ موثر ہوتا ہے عرب کی جودت مشہور ہے وہاں کے گدھے اور گھوڑے بھی بعض دیگر قوموں سے زیادہ دراک و حساس ہوتے ہیں اور نیز شعر و سخن فصاحت و بلاغت میں انکو بڑا ملکہ اور کمال تھا اسلئے انکو قرآن کی خوبی معنوی معجزہ دکھایا گیا اور جو ان میں بھی زیادہ دراک ہوتے ہیں تو انکو وجدانی اور ان سے زیادہ دراک ہوتے ہیں تو انکو روحانی معجزے دکھائے جاتے ہیں وہ کیا؟ طبائع کا تغیر اور قلبی کیفیات۔ سو قرآن میں یہ بھی اعجاز ہے کہ وہ دل کی کیفیت پلٹ دیتا ہے۔ فاجر کو پرہیزگار ظالم کو رحمدل تنگ دل کو سخی نامرد کو بہادر غافل کو مشغول بحق بنا دیتا ہے۔ وجدانی اور روحانی معجزات ہی زیادہ موثر ہوتے ہیں اسلئے اس قسم کا اعجاز آنحضرت سے بہت ہی ظاہر ہوا ہے اور حسی معجزے بھی دکھائے ہیں جنکی تفصیل کتب احادیث میں ہے ✣

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۳۰)

اور یہی ہے وہ یہ کہ حضرت کی نبوت تا قیامت اور ہر قوم کے لئے قائم رکھی گئی ہے۔ اسلئے ہر زمانہ اور ہر قوم کے لئے بھی ایک معجزہ ہونا چاہیئے سو وہ قرآن ہی کا معجزہ ایک ایسا معجزہ ہے جو قیامت تک باقی رہے گا۔ اور ہر قوم اسکو دیکھ بھی سکتی ہے۔

(۴۰)

معمولی معجزہ سے صرف نبی کی صداقت ثابت ہو سکتی ہے ورنہ فی نفسہ معجزہ کوئی امت کے لئے مفید اور ہدایت نہیں برخلاف قرآن کے کہ وہ صداقت نبی کا بھی فائدہ دیتا ہے اور ہدایت اور دستور العمل بھی ہے اور نبی کی بعثت سے یہی مقصود بھی ہوتا ہے نہ کہ معجزہ کا دکھانا۔ اسلئے قرآن جملہ معجزات سے افضل ہے۔

دوسری قسم اثر ہدایت ہے۔ یہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا افوق العادۃ فعل بھی ہے اور وصف بھی ہے اسیطرح قرآن کا بھی وصف ہے۔ اسلئے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا بھی یہ ایک ایسا معجزہ ہے کہ جسکو وہ شخص کہ جسکا واقعات پر ہر گہری نظر ڈالنے والا منصف کسی طرح انکار ہی نہیں کر سکتا۔

نبوت کا اصل مقصد بنی نوع کی رہنمائی اور ان کو خلاف فطرت رستو سے ہٹا کر طریقہ فطرت پر لانا ہے۔ جس نبی سے یہ فریضہ جسقدر وقوع میں آیا اسیقدر ان کے باہمی تفاضل کا سبب ہے جس نبی کو ایک خاص قوم دیگئی اور وہ بھی فی الجملہ شائستہ الہامی احکام و فرائض سے واقف ہو برخلاف دوسرے کے کہ وہ تمام جہان کا ہادی مقرر کیا گیا ہو اور اسوقت تمام کرۂ ارض اخلاقی و روحانی ظلمات میں محیط ہو فطرت کا آفتاب غروب ہو چکا ہو بالخصوص اوس نبی کا وہ ملک کہ جہاں سے وہ مبعوث ہوا ہو بت پرستی شہوت رانی۔ تخیلات کی پابندی جہالت اور اسپر ضد اور ہٹ اسپر غرور کے دریا میں ڈوبا ہوا ہو

toobaa-elibrary.blogspot.com

خلاف طبع باتوں پر نہ صرف مناظرہ ومباحثہ بلکہ تلوار اور خنجر آبدار سے جواب دینا انکی گھٹی میں پڑا ہوا ہے پھر ایک کی مدد میں اسکا قبیلہ اور اس قبیلہ کی مدد میں ان کے حلیف قبائل بھی لڑنے مرنے مارنے کو تیار ہو جاتے ہوں جس ملک میں اس سرے سے اوس سرے تک نہ کوئی علوم کا مدرسہ ہو نہ کسی حرفت وصنعت کا کارخانہ ہو لوٹ مار ان کا پیشہ ہو آپسی رسم ورواج کی پابندی اور ٹوٹکے۔ فال۔ گنڈے۔ عجائب پرستی مجالس میں جاہلانہ افسانہ انکا ایمان ہو ہزاروں بتوں اور ستاروں اور ارواح غیر مرئیہ کے اختیار میں انہوں نے دنیا کے تمام کاروبار کا انصرام سمجھ رکھا ہو سنگدلی کا یہ حال ہو کہ دامادی کی عار سے معصوم لڑکیوں کو اپنے ہاتھوں سے زندہ گاڑ دینا۔ شرافت سمجھا جاتا ہو شہوت پرستی کا یہ حال ہو کہ باپ کے مرنے کے بعد بڑا بیٹا اسکی بیویوں کو تصرف میں لانا کوئی عیب سمجھتا ہو ان دونوں نبیوں اور ہادیوں میں بلحاظ سہولت ووقت فرائض منصبی زمین وآسمان کا فرق ہے +

پھر جس شخص نے چند برسوں میں اوس ملک کی کایا پلٹ دی۔ بجائے بت پرستی کے خدا پرستی انکا خمیر کر دیا۔ خدا کی ذات اور اسکے صفات پر ان کا ایسا ایمان مستحکم ہو گیا کہ جو ایک بڑے حکیم الٰہی کا ہی ہو گا وہ تخیلات وتوہمات کی قید سے آزاد ہو گئے ان کو سنسان جنگلوں اور بلند پہاڑوں اور موجیں مارتے ہوئے سمندروں میں عالم کے بانی کے نشان قدرت دکھائی دینے لگے وہ نیرات اور ان کے تغیرات کو اسکی قدرت کاملہ کا کرشمہ سمجھنے لگے اپنے ہر کاروبار بیماری تندرستی افلاس دولتمندی کو اسکے ید قدرت کا فعل سمجھنے لگے ان کو ایک پیش آنے والی حیات جاودانی کا دنیا کے حاصل کرنے سے زیادہ اشتیاق پیدا کر دیا۔ وہ راتوں خدا کی عبادت اور دعا اور گریہ وزاری میں مصروف رہنا اپنی حیات چند روزہ کا اصلی مقصد سمجھنے لگے وہ تخلیہ میں ایات قدرت میں غور وفکر کر کے خدائی جلوے دیکھنے کے مشتاق ہو گئے۔ بدکاری کی جگہ پرہیزگار بن گئے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

سنگدلی کے بدلے رحم دل ہو گئے غصہ وری کے جگہ حلیم بنگئے عفو واحسان نے ان کے دلوں پر سکہ جما دیا۔ ان کی بیجا بہادری کو باقاعدہ شجاعت اور دینی استقلال سے بدل دیا۔ ان میں بجائے کم حوصلگی کے جہانداری کے خیالات راسخ ہو گئے۔ عرب کی بدھنی اور آپسکی مار دھاڑ حسد و نفاق و اختلاف کو امنیت صلاح اتفاق یک جہتی سے بدل دیا۔ تمام خدا پرستوں کو ایک گھر کے آدمی اور ایک باپ کے بیٹے بنا دیا۔ روحانیت و انسانیت میں وہ مردے تھے ان میں ایک نئی زندگی کی روح پھونکدی۔ یہی نہیں بلکہ ہمیشہ کے لئے ان تپھروں پر وہ نقش جمایا جسکو حوادث کے پانی اور انقلابات کے گرد و غبار مٹا نہ سکے۔ انکا وہ دینی نشار زمانہ کی کسی تراشی سے بھی نہ اترا +

پھر ان کے ذریعہ سے اور تمام نبی نوع پر بھی یہی رنگ چڑھا دیا صحابہ جہاں جاتے تھے اپنا علم اپنا تمدن اپنے اخلاق اپنی صداقت اپنی روحانی فیاضی اور بنی نوع کی سچی ہمدردی ساتھ لیجاتے تھے مفتوح قوموں کو وہ بہت جلد اپنی عزت اپنے کمالات کا شریک اور حصہ دار بنا لیتے تھے۔ اپنے قیصر و کسرے کی جبروت کا بموجب ان پیشین گوئیوں کے کہ جنکا اب بھی کتاب و اینال وغیرہ میں کچھ اثر نقش قدم سا پایا جاتا ہے۔ کچھ بھی زور نہ چل سکا بلکہ وہ جسطرف اپنا عزم سفر کرتے تھے فتح و ظفر ان کا خیر مقدم کرتی تھی۔ ان کے پرچم اقبال و شوکت کی ہواؤں میں لہرایا کرتے تھے جسطرح وہ ایک صدی کے تمام ہونے سے پہلے اٹلانٹک سے لیکر اقصائے شرق تک کے ممالک پر حکمراں ہو گئے تھے اسطرح وہ علوم و فنون کے بھی بڑے بڑے خزانوں کے خزانچی اور کلید بردار بنگئے تھے۔ بایں ہمہ ان کے اوصاف حمیدہ اس جاہ و حشم کے زمانہ میں بدل نہ گئے تھے خلفار کے وہی اطوار اوس زمانہ میں بھی تھے جبکہ وہ قیصر و کسرے کی سرسبز سلطنتوں کے مالک ہو گئے تھے۔ جو مدینہ میں ان کے بعد اوس ناقابل برداشت غریبی و بیچارگی کے زمانہ میں تھے مکان و لباس کھانے پینے دربار داری میں ان کے پاس شان کسرے کی نہ تھی نہ حشمت جبروت قیصری تھی وہ ویسے ہی سادہ مزاج

toobaa-elibrary.blogspot.com

متواضع اخلاق مجسم ایک معمولی شخص تھے۔ انکی وہ سرگرمیاں جو پیغمبر علیہ السلام کے روبرو تھیں ان کے بعد میں بھی نہیں۔ وہ اسیطرح ایک غریب شخص کی طرح اپنی زندگانی بسر کرتے تھے وہی شب خیزی رہی راتوں کا عبادت میں گریہ وزاری اور خدا کا شوق ان کے سینوں میں بھرا ہوا تھا۔ اس سلطنت کے عہد میں وہ ایسے تھے کہ جیسا کوئی عابد زاہد تارک الدنیا گوشہ نشین سفر آخرت کے توشہ فراہم کرنے میں مشغول اور نفسی چند کا مہمان ہوتا ہے ؛

یہ وہ کیفیت مختصراً بیان ہوئی ہے جسکو یورپ کے تمام محقق مورخ تسلیم کئے ہوئے ہیں ان دشمنوں کا اعتبار نہیں جنہوں نے واقعات مذکورہ کو دوسرا رنگ دیکر بیان کیا اور بدنفسی سے ایسی پاک زندگانیوں پر الزام لگایا ہے کیونکہ بقول کارلائیل وہ الزامات اس زمانہ کی ترقی اور علمی تحقیقات کے وسیع ہوجانے سے خود انہیں کی رو سیاہی ہوگئی ہے ؛

اب قابل غور دو باتیں ہیں

اوّل یہ کہ اس دینی اور خداپرستی نیکوکاری انسانی کمال کا ایسے لوگوں پر ایسا مستحکم رنگ چڑھا دینا۔ اور پھر انکے ذریعہ سے ایک دنیا کے اس رنگ میں رنگدینا اور اس کے سدراہ کو باوجود اس بے سروسامانی کے بڑی بڑی پرانی اور قومی سلطنتوں کو نیست و نابود کردینا اور تھوڑے سے دنوں میں مشرق سے مغرب تک اس ملت کا حاوی ہوجانا اگر یہ فعل اوسی ید قدرت کا نہیں ہے کہ جسنے اپنے اس نبی کو ابتدا حال میں ہی بطور پیشین گوئی کے لیظہرہ علی الدین کلہ کا مژدہ سنا دیا تھا تو کیا کسی انسانی قدرت کا کام تھا؟ ہرگز نہیں ہرگز نہیں۔ حیطۂ امکان سے باہر ہے۔ اور اگر تھوڑی دیر کے لئے یہ بھی فرض کرلیا جاوے تو کیا ایسا فعل معجزہ نہیں ہے؟ ضرور معجزہ ہے جسکا انکار ہی نہیں ہوسکتا۔ کیا ابتدا آفرینش سے آجتک کوئی کسی معتبر تاریخ میں اسکا نشان دیسکتا اور اسکا کوئی نظیر بتا سکتا ہے؟ ہرگز نہیں عقل سلیم مان نہیں سکتی کہ کسی پُرفن اور عیار جسکی سیرت پر ایسے دھبہ بدنما ہوں جیسا کہ مخالفین اسلام آپ کی پاک زندگانی پر لگایا کرتے ہیں کہ وہ شہوت پرست پُرفریب۔ بیرحم۔ سفاک تھے

toobaa-elibrary.blogspot.com

مریدوں کو لوٹ اور لوگوں کی عورتوں کا لالچ اور فرضی جنت کی طمع اور وہمی دوزخ کا ڈر بتلا کر مجتمع کر لیا تھا۔ ان کے پاس کوئی بھی نشان صداقت نہ تھا نہ ان کی تعلیم اچھی تھی نہ انہیں مکارم اخلاق اور خدا پرستی نیکوکاری کا نور تھا) ایسا اثر اپنی ایسی قوم پر ایسا مستحکم کر دیا ہو کہ انہوں نے اوس زمانہ میں کہ اپنے چار و نظرف سے مصائب کا مینہ برس رہا ہو اپنی جانوں کو تہلکہ میں ڈال دیا ہو۔ اپنے پرانے لذات و شہوات اور خیال پرستی کو جو انہیں پشت در پشت خمیر ہو رہی تھی چھوڑ دیا ہو اور پھر وہ شرت اور ہر طرح کا اقتدار پاکر بھی اسی روش کے پابند رہے ہوں اور مدت العمر انپر اوس کا فریب اور اس کے بدنما وہمہ ظاہر نہوئے ہوں۔ اور ان کے اعتقاد میں کچھ بھی فرق نہ آیا ہو ؛

آج اس ترقی کے زمانہ میں کوئی یورپین پرگواور فصیح و بلیغ سپیکر۔ ریفارمر اور نہیں صرف شراب خوری ہی کو چھوڑا دے جسکی برائی ان کے دلونپر بھی تہ نشین ہے۔ یا کوئی ایشیائی حکیم یا دھرتما پنڈت اپنے کسی خداداد اثر سے صرف بت پرستی کو ہی جسکی برائی بھی اب عقلاء کے دلیں مرسوخ ہو گئی ہے اس سرے سے اوس سرے تک اپنے ہی ملک سے مٹا دے چند آدمیوں کو اپنے رنگ میں رنگ لینا کوئی بڑی بات نہیں۔ نہ یہ کوئی بڑی بات ہے کہ قوم کو حرفت و صنعت تجارت وغیرہ کیطرف آمادہ کرے کیونکہ یہ افعال نفسانی خواہشوں کے خلاف نہیں بلکہ انمیں تو ان کو دنیا کا بدیہی فائدہ محسوس ہو رہا ہے ؛

دوسری بات اب اس فرض منصب نبوت ادا کرنے کا (دنیا میں آجتک جسقدر مسلم انبیاء اور رشی آئے ہیں اور انہوں نے انسانی ہدایت میں کوشش کی ہے اگر اس سے) مقابلہ کر کے دیکھو۔ حضرت موسےٰ ایسے مسلم نبی ہیں کہ یہود۔ عیسائی۔ سامری مسلمان۔ تقریباً دو ثلث بنی آدم مانتے ہیں۔ ان کی جو کچھ کوشش تھی خاص بنی اسرائیل ہی تک محدود تھی۔ بنی اسرائیل فرعونیوں کی غلامی سے ایسے تنگ آگئے تھے کہ جو اور کوئی بھی انکو اس قید سے آزادی دلانیکا اطمینان دلاتا تو اسیکے پیرو ہو جاتے۔ مگر حضرت موسیٰ تو

toobaa-elibrary.blogspot.com

انہیں کی قوم کے تھے اور ایسی آزادی کا انہیں اطمینان دلاتے تھے اور قوم بھی اسوقت کوئی سربرآوردہ اور باحوصلہ قوم نہ تھی کیونکہ غلامی نے ان کے سب حوصلے پست کر دیئے تھے پھر انکو موسیٰ نے اوس قید سے رہا کیا اور انہوں نے فرعون کے لشکر کو خود ان کی تعاقب میں آیا تھا اپنی آنکھوں کے سامنے غرق ہوتے بھی دیکھا مگر جب قلزم کو عبور کر کے عرب کے شمالی و غربی بیابانوں میں پڑ گئے تو پھر وہ حضرت موسیٰ سے بات بات میں کیسے کیسے کہور لائے۔(۱) تو دوسری قوموں کو بت پرستی کرتے دیکھ کر موسیٰ سے کہنے لگے کہ اے موسیٰ ہمارے لئے بھی ایسے ہی بت بنا دے جیسے کہ ان کے لئے ہیں جسپر موسیٰ سخت ناراض ہوئے (۲) حضرت موسیٰ جو کوہ طور پر خدا سے مناجات کے لئے گئے اور وہاں کچھ دیر ہو گئی تو پیچھے ان حضرات میں سے انہیں کے بھائی ہارون نے جیسا کہ اہل کتاب کہتے ہیں سونے چاندی کے ان زیوروں کا جو فرعونیوں سے بہانہ کر کے لائے تھے ایک بچھڑا ڈھال لیا اور اسیکو پوجنے لگے جسپر موسیٰ واپس آکر سخت ناراض ہوئے (مسلمانوں کے اعتقاد میں یہ فعل سامری نے کیا تھا اور صحیح بھی یہی ہے) (۳) اوس بیابان میں جب بھوکے مرنے لگے تو روئے چلائے حضرت موسیٰ نے دعا کی تو من وسلویٰ یعنے ایک چیز مثل ترنجبین کے اور بٹیریں نازل ہونی شروع ہو گئیں مفت کی بے محنت و مشقت خوراک کھا کھا کر مست گئے اور موسیٰ سے لڑنے جھگڑنے لگے۔ کہ تو ہمیں مصر سے ناحق نکال لایا جہاں ہر قسم کی سبز ترکاریاں اور گیہوں وغیرہ غلہ ہم کھاتے تھے ہم سے یہ نہیں کھایا جاتا (۴) جب رستہ میں عمالیق سے لڑائی کا موقع ہوا تو حضرت موسیٰ نے ہر چند آمادہ کیا مگر بول اوٹھے کہ جاؤ تم تو اور تیرا خدا لڑے ہم تو یہیں ٹھیرے ہوئے ہیں۔

الغرض ایک نہیں صدہا نافرمانیاں اور بے وفائیاں موسیٰ جیسے شفیق سے کیں۔ بات بات میں خدا سے ناراض ہوئے یہاں تک کہ عاجز آکر حضرت موسیٰ نے بھی بارگاہ باری میں عرض کیا کہ مجھے کسل نالائق قوم کا تو نے ہادی بنا دیا جس کے جواب میں بنی اسرائیل پر

toobaa-elibrary.blogspot.com

عتاب ظاہر ہوا کہ یہ ماہنجار حوصلہ سے بیس برس کی عمر میں نکلے ہیں وہ اور انسے بڑے بجز دو ایک آدمیوں کے سب انہیں بیابانوں میں مرکھپ جائیں گے۔ ان کو بیشک شام کا ملک جہاں جا رہے ہیں دیکھنا بھی نصیب نہ ہوگا +

حضرت عیسیٰ بھی بڑے نبی ہیں جنکو عیسائی و مسلمان تقریباً نصف کے قریب دنیا مان رہی ہے اور چونکہ روح القدس کے پھونک مارنے سے بے باپ کے پیدا ہوئے تھے نہیں روحانیت کا بڑا قوی اثر بھی تھا جس سے مردے بھی زندہ کئے۔ بیماروں کو بھی شفا دی بہت سے معجزے بھی دکھائے مگر فرض منصب نبوت کا بنی اسرائیل پر بھی کوئی معتدبہ اثر نہ ہوا۔ حالانکہ آپ بنی اسرائیل کی مسلم کتابوں اور مسلم نبیوں اور ان کے جملہ دستورات مذہبیہ میں کوئی بھی تغیر کرنا نہ چاہتے تھے۔ جو رنج و عداوت کا سبب متصور ہو سکے بلکہ طریقت و معرفت کے معلم تھے مگر بنی اسرائیل جو انہیں کی قوم تھی کچھ اثر پذیر نہ ہوئی۔ بلکہ ان کے مارنے اور ان کی پاکدامن والدہ پر تہمت لگانے کھڑی ہو گئی اور ان کی بھی پاک زندگی پر وہی بیہودہ الزامات لگانے شروع کر دیئے جو عیسائی و نیدار حضرت محمد صلعم پر لگایا کرتے ہیں (یہود کی وہ کتابیں ملاحظہ ہوں جو حضرت عیسیٰ کی بابت لکھی ہیں) وہ تو وہ ان کے بارہ حواریوں پر بھی ان کی ہدایت کا اسوقت تک پورا سکہ نہ جما ایک نے تو جسکا نام یہودا اسخریوطی ہے چند روپیہ لیکر اپنے آقا کو یہود کے ہاتھ گرفتار کرا دیا۔ اور شمعون پطرس جو اعظم الحواریین تھے اور جنکو آسمانی کنجیاں بھی دیگئی تھیں انکا یہ حال ہوا کہ بجائے جان نثاری کے ایک عورت کے یہ کہنے پر کہ یہ بھی اسکے ساتھیوں میں سے ہے شناسائی کا بھی انکار کر دیا اور کہدیا کہ میں انہیں جانتا بھی نہیں +

اب اسکے مقابلہ میں حضرت رسول کریم نے جو سکہ بٹھا دیا تھا۔ اسکی نظیر میں ایک ہی واقعہ پر بس کرتا ہوں کیونکہ صحابہ کی جان نثاری کا مسئلہ موافق مخالف سب کے نزدیک مسلم ہے +

toobaa-elibrary.blogspot.com

بدر کی لڑائی میں جب ہزار کے قریب مکہ کے جنگجو اور قریش جنمیں خود حضرت کے چچا عباس اور علیؓ کے بھائی عقیل اور ابوبکر کے فرزند عبدالرحمن اور اسیدؓ سب مہاجرین کے بہت ہی قریب قریب رشتہ دار تھے کوئی ماموں کوئی بھانجا کوئی خسر کوئی داماد کوئی باپ کوئی بیٹا کوئی چچا کوئی بھتیجا کوئی بھائی تھا اور ہر مسلمانوں میں کچھ مہاجرین اور باقی انصار تھے پر بڈھے کمزور بھی تھے اور ہتھیار بھی سب کے پاس نہ تھے برخلاف قریش مکہ کے کہ انمیں منتخب لوگ مسلح ہو کر نبی مظلوم اور ان کی غریب ایمان لانے والوں کو مٹانے آئے تھے جنمیں خالد بن ولید علامہ بن ابی جہل جیسے شہسوار اور بہادر تھے جنہوں نے اسلام لاکر کیا کیا کارنمایاں کیئے ہیں مسلمانوں کی اس حال پر بھی تین سو سے کچھ اوپر تعداد تھی جب دونوں طرف سے صف آرائی ہوئی اور کفار قریش نے کچھ انصار کی بابت پکار کر کلمات کہے کہ یہہ قریش کی تلواروں کی کیا تاب لاسکتے ہیں ابھی بھاگ اٹھیں گے تو سعد بن عبادہ انصاری سردار نے للکار کر جواب دیا کہ ہم بنی اسرائیل نہیں کہ اپنے پیغمبر سے یوں کہیں کہ تو اور تیرا خدا لڑے ہم تو آگے نہیں بڑھتے۔ اگر ہمکو دریا میں غوطہ مارنے کا حکم دیا جاوے تو ابھی سمندر میں کود پڑنے کو تیار ہیں پھر جبکہ ابوجہل نے یہ طعنہ دیا کہ غیروں کو کیا مقابلہ میں لاتے ہو اے محمدؐ اپنے لخت جگروں کو پیش کرو تو آپنے علی اور حمزہ اور عبیدہ بن حارث کو آگے بڑھایا جنمیں سے حمزہؓ حقیقی چچا اور وہ دونوں حقیقی چچازاد بھائی تھے۔ الحاصل بھائی کے مقابلہ میں بھائی اور باپ کے بیٹا اور چچا کے بھتیجا ہوگیا اور مسلمانوں نے پوری جان نثاری کر کے اپنے پیغمبر کو دشمنوں پر فتحیاب کیا اب کوئی بتلائے کہ وہ کیا نشا رتھا جو پیغمبر نے انکو پلا دیا تھا۔ وہی روحانی شراب تھی کہ جسکے نشہ میں نہ اپنی کسیکی کثرت و ہیبت غالب آتی تھی نہ قرابت سدراہ ہوتی تھی۔ اِس کی کوئی نظیر بتا سکتا ہے؟ ہرگز نہیں ✣

پھر یہہ عجب خیال ہے کہ حضرت موسیٰ اور حضرت عیسیٰ تو صرف اسقدر فرض منصبی

toobaa-elibrary.blogspot.com

ادا کرنے پر بھی اور اولوالعزم نبی مانے جائیں اور جسنے اس فریضہ کو اس خوبی سے ادا کیا کہ جسکا نظیر کسی نبی متقدم میں نہیں پایا جاتا وہ نبی نہ مانے جائیں اور عجب تر یہ ہے کہ ایک درخت کے شیریں اور عمدہ پھل کہا کر دیکھ کر بھی اس درخت کے بارآور ہونے میں شک اور تردد کیا جائے اگر دنیا میں سلسلہ مذہب الٰہی کا وجود تسلیم کیا جاوے تو میں بہت دعوے کے ساتھ کہونگا کہ اس سلسلہ میں حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم سے بڑھکر کوئی بھی نبی نہیں جو برکات آسمانی کا سبب مانا جائے ؛

بیان سابق کی تائید میں مناسب سمجھتا ہوں کہ چند عیسائی مصنفوں کی رائے کا اظہار کردوں جسپر انکو ان کے منصب نے مجبور کیا تھا۔ **گاڈفری ہیگنس** اپنی کتاب میں لکھتے ہیں کہ گبن صاحب کہتے ہیں چاروں خلفاء کے اطوار یکساں عمدہ اور ضرب المثل تھے ان کی سرگرمی دلدہی اخلاص کے ساتھ تھی۔ شروت پاکر بھی انہوں نے اپنی زندگی مذہبی اور اخلاقی فرائض ادا کرنے میں گزار دی۔ یہی وہ لوگ ہیں کہ جو پیغمبر کے اقتدار پانے سے اول بھی جبکہ وہ ہدف آزار ہو رہے تھے اپر ایمان لائے اس سے ان کی راستبازی ثابت ہوتی ہے اور دنیا کی سرسبز سلطنتوں کے مسخر کر لینے سے انکی لیاقت کی فوقیت معلوم ہوتی ہے (۲۱۹) اس صورت میں کوئی یقین کر سکتا ہے کہ ایسے شخصوں نے ایذائیں سہیں جلاوطنی اختیار کی اور بڑی سرگرمی سے پابندی کی یہ سب ایک ایسے شخص کی خاطر سے تھا کہ جسمیں ہر قسم کی برائیاں ہوں اور اس کا مذہب ان کی تربیت اور ابتدا زندگی کے تعصبات کے بھی برخلاف ہو۔ اسپر یقین نہیں ہو سکتا خارج از حیطہ امکان ہے۔ عیسائی اسبات کو یاد رکھیں تو اچھا ہو کہ محمدؐ کے مسائل نے اسدرجہ نثار ان کے مریدوں کے دلمیں پیدا کیا تھا کہ جسکا عیسےٰ کے ابتدائی پیروؤں میں تلاش کرنا بیفائدہ ہے۔ آپ کا مذہب اس تیزی سے دنیا میں پھیلا کہ جسکا دین عیسوی میں نظیر نہیں۔ چنانچہ نصف صدی سے بھی کم میں اسلام بہت سی عالیشان اور سرسبز سلطنتوں پر غالب آگیا تھا جب عیسےٰ کو

toobaa-elibrary.blogspot.com

سولی پر لے گئے تو ان کے پیرو بھاگ گئے انکا دینی نشا جاتا رہا۔ اور اپنے مقتدا کو موت کے پنجہ میں گرفتار چھوڑ کر چلدیئے۔ اگر بالفرض انکو حفاظت کرنے کی ممانعت تھی تو آپکی تشفی کے لئے تو موجود رہتے اور استقلال سے آپکے اور اپنے ایذا رسانوں کو دھمکاتے برعکس اس کے محمدؐ کے پیرو ان کے گرد آئے اور آپکے بچاؤ میں اپنی جانوں کو خطرہ میں ڈالکر انکو کل دشمنوں پر فتحیاب کیا۔ پرگین صاحب اپنی تاریخ میں لکھتے ہیں کہ محمد کا مذہب شکوک و شبہات سے پاک ہے۔ مکہ کے پیغمبر نے بتوں۔ انسانوں ستاروں کی پرستش کو اس معقول دلیل سے روکر دیا کہ حوفانی اور طلوع وغروب کرنے والا ہے وہ قابل پرستش نہیں۔ نہ اسکو ہستی کی کسی بات کا اقتدار حاصل ہے۔ اسنے بانی کائنات کا ایک ایسا وجود تسلیم کیا کہ نہ جسکی ابتدا ہے نہ انتہا رہے نہ وہ کسی شکل میں محدود نہ کسی مکان میں موجود نہ اسکا کوئی نظیر ہے جس سے تشبیہ دی جاوے ان بڑے بڑے حقائق کو پیغمبر نے ظاہر کیا اور انکو اس کے پیروؤں نے تسلیم کیا اور مفسروں نے دلائل سے انکی تشریح کی جنکی نسبت ایک بڑے سے بڑا حکیم کہہ سکتا ہے کہ وہ ہمارے موجودہ قویٰ اور عقل سے بھی بالاتر ہیں اسلئے انکے پیرو ہندوستان سے لیکر مراکش تک موحد کے لقب سے ممتاز ہیں اور بتوں کو حقیر سمجھکر ہمیشہ کے لئے بت پرستی کا خطرہ مٹا دیا۔ وہ اصول جنکی بنیاد عقل اور الہام پر ہے۔ محمد کی شہادت سے استحکام کو پہونچے۔ **رواوڈویل** کو اپنے ترجمہ قرآن کے دیباچہ میں یہ بھی کہنا ہی پڑا محمدؐ کے سب کام اس نیک نیتی کی تحریک سے ہوتے تھے کہ اپنے ملک کو جہالت اور ذلت بت پرستی سے چھڑائیں اور ان کی بڑی خواہش یہ تھی کہ امر حق یعنے توحید الٰہی کا جو انکی روح پر بدرجۂ غایت مستولی تھی۔ اشتہار کریں محمد کی سیرت ایک عجیب نمونہ اوس قوت وحیات کا تھی جو ایسی شخص میں ہوتی ہے کہ جسکو خدا اور قیامت پر اعتقاد کامل ہوتا ہے۔ اب اسمیں سے جو کچھ نتیجے پیدا کیئے جائیں انکی ذات کریم اور سیرت صداقت مشحون کے سبب انکو ان لوگوں میں تصور کرنا چاہیئے

toobaa-elibrary.blogspot.com

کہ جنکو ایمان اور اخلاق اور انبیاء جنس کی تمام حیات[1] پر اقتدار کامل حاصل ہوتا ہے - جو حقیقت میں بجز اولوالعزم کے اور کسیکو حاصل نہیں ہوتا ؛

لارڈ ولیم میور متعصب عیسائی کو بھی انصاف نے آخر اس کہنے پر مجبور کر دیا - درہم بلا تامل اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ اسلام نے ہمیشہ کے لئے اکثر توہمات کو معدوم کر دیا - اسلام کی صدائے چنگ کے روبرو بت پرستی مٹ گئی اور خدا کی وحدانیت اور غیر محدود کمالات اور قدرت کاملہ کا مسئلہ محمد کے معتقدوں کے دلوں اور جانوں میں ایسا ہی زندہ اصول ہو گیا جیسا کہ خاص محمد کے دلمیں تھا - مذہب اسلام کی پہلی بات جو خاص اسلام کے معنی میں ہے یہ ہے کہ خدا کی مرضی پر توکل مطلق کرنا چاہیئے - بلحاظ معاشرت کے بھی اسلام میں کچھ کم خوبیاں نہیں ہیں - چنانچہ مذہب اسلام میں ہدایت ہے کہ سب مسلمان آپسمیں برادرانہ محبت رکھیں یتیموں کے ساتھ نیک سلوک کریں غلاموں کے ساتھ نہایت شفقت سے پیش آئیں نشے کی چیزوں کی ممانعت ہے مذہب اسلام اس بات پر فخر کر سکتا ہے کہ اسمیں پرہیزگاری کا ایک ایسا درجہ موجود ہے جو کسی اور مذہب میں نہیں پایا جاتا (سیر محمدیہ مصنفہ لارڈ ولیم میور صاحب)

تیسری قسم **دلیل** - پہلے انبیاء علیہم السلام کی بشارات اور مبشین گوئیاں ہیں جو اسلام - اور کبھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور کبھی آپکے صحابہ صادقین اور ان کے عہد خدا پرستی اور نیکوکاری کی بابت ہوئی ہیں - جبکہ خدا کو دنیا میں ہمیشہ کے

[1] یہ نہایت درجہ کی فضیلت ہے کہ جو ابناء جنس کی حیات کا ایمان و اخلاق سے منور کر دینے کا اقتدار کامل رکھے کیونکہ وہ ارواح بنی آدم کا سلطان ہوتا ہے ارواح بنی آدم کیلئے اسمیں ایسی ہی قوی کشش ہوتی ہے جیسا کہ آفتاب میں نیرات کیلئے وہ بنی نوع پر جو سکہ جما دیتا ہے دور نہیں ہونے پاتا وہ ہدایت کیطرف اپنے جذب مقناطیسی سے ارواح بنی آدم کو کھینچ لیتا ہے - اسیکو سلطان الانبیاء کہا جاتا ہے اور انبیاء ستارے تو یہ آفتاب ہوتا ہے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

ایک ایسا دین قائم کر دینا مقصود تھا جو بلحاظ سہولت عمل کے بہت ہی آسان اور سادہ اور بلحاظ نتیجۂ عمل کے بڑا وزنی ہو جسپر عام و خاص امیر و غریب ہر ملک کے عمل کر سکیں۔ اور جو بادشاہوں تاجروں سب کے لئے موزوں ہو یعنے اسلام جو تمام اصول فروع انبیاء سابقین کا عطر ہے جو بہت پورانی اور دشوار گزار سڑکیں ترمیم کر کے ایک سیدھی اور صاف اور پر امن سڑک بنائی گئی ہے تو پہلی کتابوں کا محفوظ رکھنا ایسا ہی تھا جیسا کہ عطر نکالکے بعد پھولوں کا محفوظ رکھنا اسلئے اپنے سے محافظت الٰہی نے سایہ اٹھا لیا وہ محفوظ نہ رہیں وہ اصلی کتابیں دیگر مضامین کے ساتھ بھی مخلوط ہوئیں اور انمیں کمی بیشی بھی ہوئی۔ مگر پھر بھی جسقدر امور مذکورہ بالا پر انمیں سے شہادتیں بہم پہونچ سکتی ہیں اگر سب کو لکھوں تو ایک جداگانہ مبسوط کتاب بنجائے اسلئے بہت قدر قلیل پر نمونہ کیطور سے بس کرتا ہوں ؛

وہ شہادتیں توریت میں بھی ہیں نبیوں کے اور صحیفوں میں بھی ہیں۔ جیسا کہ کتاب دانیال زبور میں بھی ہیں انجیلوں میں بھی ہیں۔

عیسائی مصنف ان بشارات کا یہ جواب دیا کرتے ہیں کہ انمیں پیغمبر علیہ السلام کا نام تک نہیں اور توریت و انجیل کے مفسروں نے انکا مصداق نبی عربی کو نہیں مانا ہے اور ان کے معنی اور طرح بیان کیئے ہیں۔ اس کا جواب یہ ہے کہ (۱) تو بائیبل میں دنے اوانے آیندہ حوادث کی خبریں دی گئیں ہیں پھر اسقدر بڑے حادثہ کا کہ جس نے دنیا کی کایا پلٹ دی اور اوس دین میں بڑے بڑے بادشاہ اور بڑے بڑے حکیم اور بڑے عارف صاحب قوت قدسیہ پیدا ہوئے۔ قدیم سلطنتوں کے آثار تک کھو دیگئے یہودیہ کا تمام ملک اور خاص یروسلم اور ہیکل کے وہ سینکڑوں برسوں سے مالک و قابض بلکہ وارث ہو گئے اسکا کہیں بھی بائیبل کے انبیاء نے اپنے الہام اور نبوت میں ذکر تک نہ کیا ہو۔ ایک تعجب خیز بات ہے جو سمجھ میں نہیں آسکتی ؛

(۲) انبیاء کی بشارتوں میں اجمال ہوتا ہے اور سر مکتوم سمجھکر اشاروں میں بیان کیا جاتا ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

جسکے انطباق میں لوگ اپنے فہم اور قرائن سے کام لیتے ہیں اسلئے منے معین کرنے میں اختلاف ہوتا ہے۔ چنانچہ وہ نبی کا مصداق حضرت مسیح علیہ السلام تک بھی معین نہ ہوا تھا اسلئے کہ جب لوگ حضرت یوحنا یعنی یحیی علیہ السلام سے پوچھنے گئے کہ کیا تم ایلیا (الیاس) ہو انہوں نے کہا نہیں پھر پوچھا کیا تم وہ نبی ہو جسکے جواب میں کہا نہیں۔ حالانکہ یہ پوچھنے والے علماء یہود تھے مگر وہ نبی اسوقت تک ان کے نزدیک بھی متعین نہ تھا۔ اس لیے جسقدر بشارتیں عہد عتیق سے مسیحی علماء حضرت عیسے علیہ السلام کی صداقت پر نقل کرتے ہیں وہ بھی ایسی ہی مجمل اور گول مول ہیں کسی میں بھی ایسی صراحت نہیں جو خاص حضرت مسیح کے سوا اور کسی اور پر صادق نہ آسکے اگر ایسا ہوتا تو پھر یہود کو حضرت مسیح علیہ السلام کے انکار کرنے کی کوئی وجہ نہ تھی۔ پھر اگر وہ بشارات نبی اخیر (وہ نبی کا مصداق ہے) کے حق میں بھی صراحت سے نہوں تو کیا حرج ہے +

(۳) اگر اہل کتاب کی تاویل و تفسیر عام اس سے کہ وہ درست ہو یا نہو معنی معین کرنے میں دلیل یقینی ہے تو پھر کیا وجہ کہ جن بشارات کو عیسائیوں نے حضرت مسیح علیہ السلام کے حق میں نقل کیا ہے علماء یہود کے برخلاف تاویل و تفسیر کرنے سے مردود نہ ہوگئیں جواب عیسائیوں کے انکار اور تاویل سے حضرت محمد علیہ السلام کے حق میں مردود و تسلیم کیجائیں؟ اسکا کوئی سبب سمجھ میں نہیں آتا حالانکہ جو بشارات حضرت محمد علیہ السلام کی بابت نقل کیجاتی ہیں وہ قریب قریب صراحت کے ہیں جنکے خلاف میں تاویل کو گنجایش نہیں اور جو ہے تو بہت ہی ضعیف +

اول بشارت۔ توریت کتاب استثنا کے اٹھارہویں باب میں ایک آنے والے اولوالعزم نبی کی بابت حضرت موسے علیہ السلام خدا تعالے کا یہہ فرمان قوم پر بوقت وصیت اظہار فرماتے ہیں۔ خداوند تیرا خدا تیرے لئے تیرے ہی درمیان سے میری مانند ایک نبی برپا کریگا تم اسکی طرف کان دھریو۔ درس ۱۵۔ اور خداوند نے مجھ سے کہا کہ انہوں نے جو کچھ کہا سو اچھا کہا (۱۸) میں ان کے لئے ان کے بھائیوں میں سے تجھ سا ایک نبی برپا کرونگا اور اپنا کلام اسکے مونہہ میں ڈالونگا۔ اور جو کچھ میں اوسے فرماؤنگا وہ سب کچھ کہیگا +

toobaa-elibrary.blogspot.com

اسکے بعد یہ بھی ہے کہ جو اسکے کہنے پر نہ چلیگا میں اوسسے حساب لونگا اور اگر نبی میرے نام سے کوئی جھوٹھ بات کہیگا تو مارا جائے گا +

اس بشارت کو یہود تو حضرت یوشع بن نون خلیفہ و جانشین موسےٰ علیہ السلام کے حق میں کہتے ہیں اور عیسائی کہتے ہیں کہ یہ بشارت حضرت مسیح علیہ السلام کے حق میں ہے مگر مسلمان کہتے ہیں کہ یہ بیخبر حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے اور کسی پر صادق ہی نہیں آسکتی۔ سب کے دلائل خارجی اور مذہب کے پیشواؤں کی روایات اور رائیں چھوڑ کر کیونکہ وہ مخالف پر حجت نہیں خاص اس بشارت کے الفاظ ہی پر فیصلہ کرنا قرین انصاف ہے +

بشارت میں یہ چند علامات آنے والے نبی کے ہیں (۱) یہ کہ وہ نبی مخاطبین موسےٰ کے بھائیوں میں سے ہوگا اور ان کا یہ خطاب جملہ بنی اسرائیل کیطرف تھا کسی قوم اور قبیلہ کی خصوصیت نہ تھی (۲) وہ موسے کے مانند ہوگا (۳) جو اس کے کلام پر عمل کریگا خدا اوسسے حساب لیگا۔ اسسے مراد ہے دنیا کی سزا کیلئے کہ آخرت کی سزا تو ہر نبی کی خلاف ورزی پر مقرر ہے۔ اسکی کوئی خصوصیت نہیں۔ ان نشانوں کے مطابق یوشع تو مراد ہو نہیں سکتے کیلئے (۱) کہ وہ بنی اسرائیل کے بھائیوں میں سے نہ تھے بلکہ خود بنی اسرائیل تھے (۲) انکی ایسے مبہم الفاظ میں بشارت دینے کی ضرورت ہی کیا تھی وہ تو اسوقت موجود تھے انکا نام لینا یا انکی طرف اشارہ کر دینا کافی تھا۔ (۳) وہ ہرگز موسے کی مانند نہ تھے۔ بلکہ اسکے متبع۔ اور اس مشابہت میں اوصاف بشریہ وجہ الشبہ نہیں ہو سکتے بلکہ نبوت و شریعت اور حکومت اور کتاب میں مشابہت تھے +

اسطرح حضرت عیسیٰ بھی مراد نہیں ہو سکتے۔ کیلئے کہ اگر انکی الوہیت کیطرف دیکھا جاتا ہے جیسا کہ عیسائیوں کا اعتقاد ہے تو آلہ اور بشر میں کوئی بھی مشابہت نہیں۔ اور اگر بشریت کیطرف دیکھا جاتا ہے تو وہ بھی بنی اسرائیل میں سے تھے نہ اُن کے بھائیوں یعقوب و اسحاق کے سوا ابراہیم کے دوسرے خاندان سے اور در اصل بھائیونکا اطلاق

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہم جدی لوگوں پر عرف میں ہوا کرتا ہے۔ اسکے سوا وہ بھی موسیٰ کی مانند نہ تھے ان کو پاس نہ کوئی شریعت جدید تھی بلکہ احکام و شریعت میں موسیٰ ہی کی شریعت کے پابند اور مروج تھے جسلئے خود انہوں نے کہدیا تھا کہ میں توریت کو مٹانے نہیں بلکہ پورا کرنے آیا ہوں اور توریت کا ایک شوشہ بھی نہ مٹے گا۔ تابع اور متبوع میں کوئی بھی مشابہت نہیں ہوتی۔ اسکے سوا ان کے منکر پر کوئی بھی دنیا میں سزا نازل نہ ہوئی ان کے بعد ان کی نسل پر ہوا کرے ان کے منکر تو کیا بلکہ انکو مارنے والے مونہہ پر تھوک دینے والے سولی پر چڑھا دینے والے دنیا میں خاصے دندناتے رہے نہ مسیح میں موسوی جبروت تھی کہ وہ دنیا میں آسمانی سلطنت کے مالک یا بانی متصور ہو سکتے ہوں

عیسائی اس مقام پر دو عذر پیش کیا کرتے ہیں اول یہ کہ شروع جملے میں تیرے درمیان سے میری مانند نبی برپا کرے گا۔ کا جملہ وارد ہے جو صاف دلالت کر رہا ہے کہ وہ آنے والا نبی بنی اسرائیل میں سے ہوگا اور حضرت محمد بنی اسرائیل نہ تھے بلکہ نبی اسمٰعیل اسلئے وہ اس بشارت کے مصداق نہیں ہو سکتے دوئم یہ کہ پولوس مقدس نے جو رسول تھا اپنے الہام سے اس بشارت کو مسیح کے لئے قرار دیا ہے اول کا جواب یہ ہے کہ دو جگہ یہ لفظ بشارت میں آیا ہے اول یہ جملہ ہے جو موسیٰ کیطرف سے ہے دوسرے اس کے بعد کے جملوں میں جو خدا کیطرف سے ہیں گو اول جملہ میں تیری درمیان سے کا فقرہ ہے۔ مگر خدا کے کلام میں تیرے بھائیوں میں سے کا جملہ آیا ہے اور دونوں کلاموں کا وزن ناظرین آپ کر سکتے ہیں اسلئے اول جملہ کو دوسرے پر مطابق کیا جائیگا نہ کہ دوسرے کو اول پر بایں طور کہ بھائیوں میں سے برپا کرنا بھی بلحاظ اخوت کے انہیں میں سے برپا کرنا ہے یعنے وہ غیر نہ ہوگا اور عجب تر یہ ہے کہ کتاب اعمال میں جو عیسائیوں کے نزدیک الہامی ہے دو جگہ یہ ذکر آیا مگر کسیجگہ بھی تیرے درمیان کا فقرہ نہیں۔ دوسرے کا جواب یہ ہے کہ پولوس کی نسبت عیسائیوں کے نزاری فرقہ کو بھی کلام تھا اور مسلمان بھی انکو رسول نہیں سمجھتے نہ ان کے کلام کو

toobaa-elibrary.blogspot.com

الہامی جانتے ہیں ان کے وہ خطوط جو معمولی پیشوایان مذہب کے اپنے مریدوں کے لئے ہوتے ہیں اسنے کچھ زیادہ نہیں انکی تاویل و توجیہ ہمارے مقابلہ میں سند نہیں ہے ٭

برعکس اسکے کتاب اعمال تمیسرا باب اس پیشین گوئی کی بابت یہ اشارہ کر رہا ہے کہ یہ مسیح کے نزول سے پہلے کسی اور پر صادق آئے گی ملاحظہ ہو اوسکا (۲۲۱) جملہ اور بعد کے جملے

ضرور ہے کہ آسمان اوسے لئے رہے اوسوقت تک کہ سب چیزیں جن کا ذکر خدا نے اپنے پاک نبیوں کی زبانی شروع سے کیا اپنی حالت پر آویں کیونکہ موسیٰ نے باپ دادوں سے کہا کہ خداوند جو تمہارا خدا ہے تمہارے بھائیوں میں سے تمہارے لئے ایک نبی میری مانند برپا کرے گا ٭

یعنے جب تک یہ پیشین گوئی صادق نہ آئے اسیطرح اور جو کچھ پاک نبیوں نے فرمایا ہے پورا نہ ہوئے اوسوقت تک حضرت عیسیٰ آسمان سے بار دیگر دنیا پر نہ آئیں گے۔ اب یہ تو صاف ہوگیا کہ اسکا مصداق حضرت مسیح نہیں کیونکہ وہ تو اس کے پورے ہونے تک آسمان ہی پر رہیں گے۔ اب ہمکو کوئی عیسائی بتلائے کہ جو نبی اسرائیل کے بھائیوں میں سے بھی ہو اور وہ موسیٰ کی مانند بھی مستقل صاحب کتاب و صاحب شریعت بھی ہو بجز حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے کون ہے ؟

اب حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم اور موسیٰ کی باہم مشابہت کو دیکھئے۔ بہت سے امور میں مشابہت ہے۔ (۱) دونوں نبی مرسل صاحب کتاب و شریعت (۲) دونوں کے بعد خلفاء اور ملکوں کے مالک ہوئے (۳) دونوں سے خدا نے رفعت کے ساتھ کلام کیا موسیٰ سے کوہ طور پر تو حضرت سے معراج میں آسمانوں پر (۴) دونوں دنیا میں پرستو کی حکومت و شریعت کی شوکت قائم کر گئے جو اس کے خلاف کرتا تھا سزا پاتا تھا۔ قاتل سے قصاص زانی پر رجم وغیرہ (۵) دونوں کو اور ان کے بعد ان کے خلفاء کو قوام ملت و شوکت شریعت کے لئے مخالف بادشاہوں سے جہاد کرنا پڑا۔ سرکش و جباروں کو سرنگوں

toobaa-elibrary.blogspot.com

کر دیا (۶) دونوں صاحب شوکت و وقار تھے (۷) دونوں والدین سے پیدا ہوئے۔ زن و فرزند رکھتے تھے پھر اپنی طبعی موت سے انتقال کر گئے زمین میں مدفون ہوئے (۸) دونوں کے جانشین یروسلم کے وارث ہوئے۔ اور خدا کے مقدس گھر کے خادم اور ادب کرنے والے ہوئے (۹) دونوں مروج توحید تھے (۱۰) دونوں اپنے آپ کو خدا کا بندہ کہتے رہے (۱۱) دونوں کے شرائع میں سور شراب حرام قرار پائے۔ (۱۲) دونوں کی شریعت و کتاب نے بندے کی مغفرت اور نجات کا ذریعہ ایمان اور عمل صالح توبہ و استغفار کو بتایا۔ نہ کہ شتر بے مہار ہو کر صرف مسیح کی الوہیت و کفارہ و تثلیث کے فاسد اعتقاد پر مدار رکھا اور شریعت اور اعمال کو لغو اور بیکار بتایا۔ جو جملہ انبیاء سابقین و ادیان سماویہ اور عقل کے بھی برخلاف ہے اس بشارت کیطرف قرآن کی اس آیت میں اشارہ ہے۔ انا ارسلنا الیکم رسولا شاھدا کما ارسلنا الی فرعون رسولا۔ وہ نبی سے۔ اسی موعود بشارت کیطرف اشارہ ہے جسکا حضرت مسیح علیہ السلام کے مبعوث ہونے تک بھی توریت کے علما کو انتظار تھا۔ مگر افسوس وہ نبی جسکی تلاش میں یہود نے آکر مدینہ کے آس پاس مدتوں سے ڈیرے ڈالدئے تھے اور اہل کتاب اس کے منتظر تھے مگر جب وہ نبی آئے جنہوں نے آکر تمام انبیاء اور اصول حسنات انبیاء اور ان کی کتابوں بالخصوص حضرت مسیح اور انجیل کی اور ان کی پاکدامنی کی شہادت دی اور یہ بھی فرمادیا کہ میں کوئی نیا دین قایم کرنے نہیں آیا ہوں۔ اس ملت ابراہیمیہ کی تجدید کرنے آیا ہوں جسکو تم بھی مانتے ہو۔ باوجودیکہ ان پر ایمان لانا نہ ان کی کتاب کے مخالف تھا نہ اصول ملت کے برخلاف تھا پھر بھی اوسی خواب غفلت میں پڑے رہے اور بعد میں تو عیسائیوں کو مسلمان بادشاہوں اور ان کے بادشاہوں میں محاربات عظیمہ برپا ہونے کے سبب ایسی سخت عداوت ہوگئی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر جھوٹے بہتان باندھنا ان کی ہجو کرنا۔ ان کے مذہب پر نکتہ چینیاں کر کے عوام کو نفرت دلانا انکا جزو ایمان و دین ہو گیا ہائے بے نصیبی و محرومی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

آئے بھی لوگ بیٹھے بھی اوٹھہ بھی کھڑے ہوئے میں جا ہی ڈھونڈتا تری محفل میں رہ گیا

دوسری بشارت ۲ انجیل یوحنا - ۱۴ - باب - ۱۶ - اور میں اپنے باپ سے درخواست کرونگا وہ تمہیں دوسرا تسلی دینے والا بخشیگا کہ ہمیشہ تمہارے ساتھ رہے - ۲۶ - اور فارقلیط جسے باپ میرے نام سے بھیجے گا وہی تمہیں سب چیزیں بتائیگا اور سب باتیں جو میں نے تم سے کہی ہیں سکھا دیگا - ۱۹ - اور اب میں نے تم کو اس کے آنیسے پہلے خبر کردی تاکہ وہ جب آئے تم ایمان لاؤ - ۳۰ - بعد اس کے میں تم سے بہت کلام نکرونگا - اس لئے کہ اس جہان کا سردار آتا ہے اور مجھ میں اسکی کوئی چیز نہیں - پھر پندرھویں باب کا ۲۶ جملہ یہ ہے - پھر جبکہ وہ فارقلیط جسے میں تمہارے لئے باپ کیطرف سے بھیجونگا آویگا تو وہ میرے لئے گواہی دیگا اور تم بھی گواہی دوگے - پھر اسی انجیل کے سولہویں باب میں یہ جملے ہیں - لیکن میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ تمہارے لئے میرا جانا ہی بہتر ہے کیونکہ اگر میں نہ جاونگا تو فارقلیط تمہارے پاس نہ آئیگا - پر اگر میں جاؤں گا تو اسکو تم پاس بھیجدونگا - اور وہ آنکر دنیا کو گناہ پر اور نیکی پر اور حکم پر سزا دیگا - گناہ پر اسلئے کہ وہ مجھپر ایمان نہیں لائے - ۱۲ - میری اور بہت سی باتیں ہیں کہ تم سے کہوں پر تم برداشت نکرسکوگے - ۱۳ - لیکن جب وہ فارقلیط آئیگا تو تمہیں راہ حق بتائے گا - کیونکہ وہ اپنی طرف سے کچھ نہ کہیگا - بلکہ جو سنے گا سو کہیگا - اور تمہیں آئندہ کی خبریں دے گا اور میری بزرگی بیان کرے گا - منقول از عربی انجیل مطبوعہ ۱۸۳۱ء و ۱۸۲۱ء و ۱۸۴۴ء بمقام لنڈن +

اس بشارت کو عیسائی نزول روح القدس پر محمول کرتے ہیں جو حضرت مسیح کے سولی دیئے جانے کے دس روز بعد جبکہ حواری ایک مکان میں مجتمع تھے روح القدس کا ظہور ہوا تھا جسکی کیفیت ہم عیسائیوں ہی کی کتاب الاعمال سے بیان کرتے ہیں جو ان کے نزدیک الہامی ہے اور بعد مسیح کے لکھی گئی ہے - کتاب الاعمال کا باب دوئم - اور جب

toobaa-elibrary.blogspot.com

پینتکست کا دن آیا تھا وہ سب ایک دل ہو کے (یعنے حواری) اکٹھے تھے اور ایک بار کی آسمان سے ایک آواز آئی جیسے بڑی آندھی چلا کرتی ہے اور اس سے وہ سارا گھر جہاں وہ بیٹھے تھے بھر گیا اور انہیں جدی جدی آگ کی سی زبانیں دکھائی دیں اور انہیں سے ہر ایک پر بیٹھیں تب وہ سب روح القدس سے بھر گئے اور غیر ملکوں کی زبان جیسا انہیں روح القدس نے قدرت دی تھی بولنے لگے۔ ان مختلف زبانوں میں کلام کرنے سے جو یروسلم میں مختلف ملکوں کے لوگ جمع تھے حیران ہو گئے۔ کیونکہ ہر ایک نے انکو اپنی اپنی زبان میں کلام کرتا پایا۔ مگر کسینے حاضرین جلسہ میں سے بطور تمسخر کے یہ کہا کہ یہ شراب کے نشہ میں مست ہیں بے تکی باتیں کر رہے ہیں۔ اسپر شمعون پطرس حواری نے باواز بلند کہا کہ اے یہودی مرد اور یروسلم کے رہنے والو یہ مست شراب نہیں ہیں بلکہ یہ یوایل نبی کی خبر کے بموجب ظہور ہے کہ خدا کہتا ہے کہ آخری دنوں میں اپنی روح میں سے سب آدمیوں پر ڈالونگا۔ اور تمہارے بیٹے اور بیٹیاں نبوت (یعنے غیب بیانی) کرینگے۔ انتہی ملخصاً۔ اور یہ معاملہ حواریوں پر ایک ہی بار پیش نہیں آیا ہے بلکہ کئی بار جیسا کہ اسی کتاب کے ابواب سے معلوم ہوتا ہے +

اہل اسلام کا سلفاً و خلفاً یہ دعویٰ ہے کہ یہ پیشین گوئی جسکا ذکر کتاب یوحنا میں ہے جنمیں فارقلیط کا لفظ ہے وہ خاص حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے حق میں حضرت مسیح علیہ السلام نے بلفظ احمد دی ہے۔ جسکا عبرانی سے یونانی میں ترجمہ کیا اور پھر یونانی سے عبرانی و عربی میں فارقلیط بنایا گیا ہے +

جیسا کہ قرآن مجید میں خبر دیگئی ہے۔ یا بنی اسرائیل انی رسول اللہ الیکم مصدقاً لما بین یدی من التورات ومبشراً برسول یاتی من بعدی اسمہ احمد۔ کہ عیسےٰ نے بنی اسرائیل سے کہدیا تھا کہ میں تمہاری طرف خدا کا رسول ہو کر آیا ہوں اپنے سے اگلی کتابوں توریت کی بھی تصدیق کرتا ہوں اور اپنے بعد میں آنے والے

toobaa-elibrary.blogspot.com

رسول کی بھی خوشخبری دیتا ہوں جسکا نام احمد ہوگا ✣

عیسائی یہ دلیل پیش کرتے ہیں (۱) فارقلیط ایک لفظ یونانی کا معرب ہے جو پراکلی ٹوس ہے اسکے معنے وکیل کے ہیں ہاں اگر اسکو پیرکلوٹس پڑھا جاوے تب اس کے معنی احمد یا مختار کے ہو سکتے ہیں مگر ایسا ہے نہیں (۲) بشارت نزول روح القدس پر پوری صادق آتی ہے۔ کیونکہ حواریوں نے مختلف زبانوں میں مختلف اقوام کے سامنے مسیح کی شہادت ادا کر دی ✣

ناظرین باانصاف اگر تھوڑی دیر کے لئے مذہبی طرفداری چھوڑ کر بشارت کے قرائن اور سب الفاظ پر غور فرمائیں گے تو مطلب صاف ہو جائیگا کہ فریقین میں سے کون برسرحق اور کون باطل پر ہے ✣

انکی اول دلیل کچھ بھی مفید نہیں کیونکہ حضرت مسیح علیہ السلام نے یہ بشارت اپنی عبرانی زبان میں دی تھی اگر یوحنا کی عبرانی انجیل کوئی دکھا سکتا ہو تو اس کے الفاظ قابل غور ہیں اور یہ یونانی تو اس کا ترجمہ ہے نہ مترجم کی لیاقت کا حال معلوم نہ اسکی دیانت سے آگاہی نہ اس کے ترجمہ کیلئے چند اہل زبان نے اصل سے موافق ہونے پر کوئی شہادت دی ہے۔ اگر شہادت بھی ہو تو آنحضرت صلعم کی نعت سے پہلوں کی معتبر ہوگی جس پر حضرت کے انکار کا رنگ نہ چڑھا تھا اور اگر ترجمہ بھی معتبر مان لیا جاوے تو اس ترجمہ میں تغیر و تبدل نہ ہونے کی بابت بھی کوئی اطمینان نہیں کیونکہ ایسے ایسے تغیرات ہم مطبوعہ اناجیل میں روزمرہ معاینہ کرتے ہیں اسی لفظ کو کبھی فارقلیط کبھی تسلی دہندہ کبھی روح لکھا ہے دو سو برس کی عربی فارسی۔ اردو کی اناجیل کو ملا میسے تصدیق ہو سکتی ہے۔ پھر پیرکلوٹس کا پیراکلی ٹوس کر دینا کتنی بڑی بات ہے۔ دوسری دلیل بھی مفید مدعا نہیں کیونکہ وہ علاوہ انطباق دیگر

✣Paraklytos

toobaa-elibrary.blogspot.com

الفاظ بشارت کے صرف مسیح کی بابت روح کا شہادت دینا ہی نہیں پایا جاتا۔ کس لئے کہ کتاب الاعمال میں اسبات کا کچھ بھی ذکر نہیں کہ حواریوں نے کیا کلام بوقت حلول روح القدس کیا تھا شہادت دینا تو دوسری بات ہے بلکہ تمسخر کرنے والے کی بات سے تو یہی معلوم ہوتا ہے کہ کوئی نامعلوم المعانی کلام کرتے تھے جسپر اسنے انکو مست شراب بتایا۔ اگر شہادت ہوتی تو یہ نہ کہتا بلکہ ان کی تکذیب کرتا۔ اگر شہادت بھی مان لیجائے تو یہ ایک شہادت ہوگی خواہ حواریوں کی کہو خواہ روح القدس دونوں کی۔ مگر بشارت میں فارقلیط اور حواریوں کی دو شہادت مذکور ہیں ؛

قرائن بتا رہے ہیں کہ یہہ بشارت کسی انسان کی بابت ہے تاکہ وقت پر حواری انکار نکر دیں اور روح کا حلول تو اپنے خود انہیں کی حالت کا تغیر تھا جسکا انکار ناممکن تھا۔ (۱) جس کتاب الاعمال میں روح القدس نازل ہونے کا ذکر ہے اسمیں کسی مقام پر بھی اسطرف اشارہ نہیں کیا کہ وہ جو مسیح نے فارقلیط بھیجنے کا وعدہ کیا تھا پورا ہوا حالانکہ یہ کتاب اسواقعہ کے بہت برسوں بعد لکھی گئی ہے اور نہ پطرس ہی نے اوس تمسخر کرنے والے کے جواب میں یہہ کہا کہ یہ مسیح کی پیشین گوئی کا ظہور ہے بلکہ بجائے۔ اس کے یوئیل نبی کی پیشین گوئی کا ظہور فرمایا۔ حالانکہ مسیح کی صداقت ظاہر کرنے کا یہ ایک بڑا عمدہ موقع منکر کے مقابلہ میں تھا۔ کم سے کم اس کتاب کا مصنف اتنا تو کرتا کہ یہاں بھی روح القدس کو انہیں لفظوں سے تعبیر کرتا۔ کہ جن سے مسیح نے کیا تھا جس کا ترجمہ فارقلیط کیا گیا۔ (۲) حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی شہرت نبوت تک عیسائیوں میں بھی یہی مشہور تھا کہ اس پیشین گوئی کا مصداق کوئی آنے والا رسول ہے۔ چنانچہ اسی بنیاد پر بہت سے لوگوں نے اپنے آپ کو اس بشارت کا مصداق ظاہر کیا جیسا کہ دوسری صدی عیسوی میں مونٹانس نے دعوی کیا تھا کہ وہ آنے والا فارقلیط میں ہوں (ملاحظہ ہو اردو رومن تاریخ کلیسیا) اور رومن تاریخ کلیسیا مطبوعہ مرزاپور ۱۸۵۶ء صفحہ ۹ میں تسلیم کرلیا ہے کہ بعض مسیحی اسبات کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

قائل تھے۔ مونٹانس انسان ہوکر فرشتہ ہونیکا دعوی کرتا کوئی مجنون نہ تھا جسکے بہت سے لوگ متبع ہوگئے تھے۔ پھر اسکے منکر عیسائیوں نے اوسکی تردید اسوجہ سے کی وہ اس کا مصداق نہ تھا نہ اس بنا پر کہ فارقلیط کوئی آنے والا انسان ہی نہیں۔ مثلاً اسلام میں مہدی کا انتظار ہے اور جو کوئی دعوی ہی کرتا ہے تو اسی مشہور انتظار ہی کی بنیاد پر کیا کرتا ہے اور انکار اسوجہ سے کیا جاتا ہے کہ یہ وہ نہیں نہ اسوجہ سے کہ کوئی مہدی آنے والا ہی نہیں۔ (۳) اگر انجیل میں فارقلیط سے مراد آنے والا پیغمبر ہوتا تو یہ ممکن نہ تھا کہ سیکڑوں ہزاروں اہل کتاب کے سامنے قرآن ایک ایسا جھوٹا دعوی کردیتا کہ جسکا انجیل میں وجود ہی نہ ہو اور پھر وہ عیسائی جو اسلام میں آگئے تھے یکلخت اس بے بنیاد دعوی سے برگشتہ نہو جاتے (۴) آنحضرت صلعم کے عہد میں بہت سے عیسائی صرف اسی بشارت کے سبب اسلام میں آئے۔ جن پر طمع کی بدگمانی و خوف کا اتہام لگ سکتا ہے۔ جیسا کہ نجاشی بادشاہ حبش اور جارود بن العلا حضرمی وغیرہ اور بہت سے معتبر تھے مگر کسی مصلحت دنیاوی سے انہوں نے اسلام میں ظاہر ہونا اختیار نہ کیا جیسا کہ ہرقل شاہ قسطنطنیہ مقوقش شاہ مصر۔ اب یا تو ان کے پاس کوئی اور صحیح انجیل تھی جسمیں لفظ احمد کا ترجمہ اوس طریق پر تھا کہ جس سے وہ صاف طور پر آنحضرت کو اسکا مصداق سمجھ گئے یا یہی انجیل تھی اور اسمیں یہہ لفظ صاف تھا +

اب یہ کہنا کہ وہ یونانی زبان نہ جانتے تھے یا وہ انجیل سے واقف نہ تھے نہ انکے دربار میں کوئی انجیل تھی یا وہ احمق تھے البتہ موجودہ انگلشین پادریوں کی جرأت سے بعید نہیں۔ کیونکہ اناجیل ہیں تو ان کے پاس ہیں یونانی قدیم جانتے ہیں دیندار عیسائی ہیں تو وہی ہیں عاقل و دانا اور اہل فضل و کمال ہیں تو وہی ہیں +

قابل بحث الفاظ اس بشارت میں یہ ہیں۔ پہلے تمکو پہلے سے مطلع کردیا تاکہ جب وہ آئے تم ایمان لاؤ۔ یہ بتا رہا ہے کہ وہ روح نہیں کیونکہ جسپر وہ آتی ہے اس سے انکار ہی

toobaa-elibrary.blogspot.com

نہیں سکتا پھر اس اہتمام کی ضرورت کیا تھی معلوم ہوا کہ آنے والا کوئی نبی ہے جسکا انکار مستبعد نہیں تھا آخر جب وہ آیا باوجود اس تاکید اور اہتمام کے انکار ہی کر دیا۔ اور یہی بات حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کو اس تاکید و اہتمام پر مجبور کر رہی تھی کیونکہ امت کی حالت انکو خود معلوم ہو چکی تھی

(۲) بعد اسکے میں تم سے بہت کلام نکرونگا۔ کیونکہ اس جہان کا سردار آتا ہے اور مجھ میں اسکی کوئی چیز نہیں۔ یہ کسر نفسی ہے جیسا کہ یوحنا نے حضرت مسیح علیہ السلام کی نسبت کہا تھا کہ میں اسکی جوتیوں کا تسمہ کھولنے کے بھی قابل نہیں۔ جسکو ادنیٰ بھی مذاق سخن فہمی ہے اور وہ کچھ بھی پڑھا لکھا ہے تو صاف سمجھ سکتا ہے کہ یہ ایک ایسے عظیم الشان پیغمبر کی خبر ہے کہ جسکو حضرت عیسیٰ اس جہان کا سردار فرما رہے ہیں اور ان کے کمالات کے مقابلہ میں اپنے فضائل کو لاشے کہہ رہے ہیں اور اسکے سامنے اپنی خاموشی ہی کو ادب سمجھ رہے ہیں۔ یعنے باوجودیکہ میں حقائق اشیاء و اسرار محبت باری تعالیٰ اشکارا کئے اسکی ساتھ راز و نیاز سوز و گداز عجز و نیاز کا طریقہ سکھایا جس سے بنی اسرائیل نابلد تھے وہ خشک دماغ ظاہری احکام ہی کی پابندی کو نجات سمجھے ہوئے تھے شریعت ہی پر ان کا غرور تھا۔ اخلاص اور نیازمندی کے کوچہ سے ناآشنا تھے مگر ایک آنے والے عظیم الشان کے سامنے جو شرائع و احکام کے غوامض کا بھی واقف ہوگا جو احکام کی بے ترتیب سلسلہ کو باترتیب بھی کر دے گا۔ نہیں حسب مصلحت حکیم حاذق کیطرح کمی بیشی بھی فرمائیگا اور اسرار طریقت اور خدارسی کے رستہ کو بھی بالکل صاف کر دیگا و ہ شریعت و طریقت معرفت و حقیقت سب کا جامع ہوگا اس اوستا دکل کے سامنے کس کی گویائی ہے کہ بات کرے ع تو بگفتن اندر آئی و مار اسخن نماند۔ روح القدس کا یہ بیان کسیطرح بھی چسپاں نہیں ہو سکتا سخن پروری اور مذہبی پاسداری دوسری بات ہے (۳) وہ فارقلیط میرے لئے گواہی دے گا اور تم بھی گواہی دوگے۔ ہر دعوے کیلئے کم از کم دو گواہ ہوا کرتے ہیں میری صداقت کے لئے صرف ایک تمہاری گواہی بس نہیں کر سکتی اسلئے ایک ایسا بڑا عظیم الشان موصوف

toobaa-elibrary.blogspot.com

بصفات مذکورہ بالا اور یہی گواہ آتا ہے جسکی ایک شہادت کافی ہے۔ تمہاری شہادت طفیلی ہوگی جسکو تم بھی کے لفظ سے تعبیر کیا +

اسکا کون انکار کرسکتا ہے کہ اس آنے والے فارقلیط حضرت محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وسلم نے جہاں کے سامنے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی شہادت دیکر مخالفوں اور اپنر اتہام لگانے والوں کو عدالت آسمانی میں خجل کرادیا۔ جیلئے ذلت و رسوائی کی سزا بھی انکے لئے مقرر ہوگئی۔ ضربت علیہم الذلۃ والمسکنۃ الآیہ۔ کا اعلان سنادیا گیا وہ جو نبی نے کہا تھا کہ یہود کی عزت و اعتبار کا وجود اس آنے والے تک ہے جسکے پاس جملہ قومیں اکٹھے ہونگے۔ روح کی شہادت کوئی جداگانہ شہادت نہیں وہی حواریوں کی شہادت کہلائیگی خواہ وہ روح کے ذریعہ سے تھی یا خود اپنی طرف سے تھی۔ اول بقول پطرس روح کی حواریوں ہی کیلئے کیا خصوصیت تھی وہ تو ہر ایک پر خدا نے ڈالنی شروع کردی تھی۔ یہاں تک کہ یہود کے چوکرے اور چوکریاں بھی نبوت کرنے لگے تھے (۴) اگر میں نہ جاؤں گا تو فارقلیط تمہارے پاس نہ آئے گا۔ فارقلیط سے مراد اگر نزول روح ہوتا تو آپ ایسا نہ فرماتے کیلئے کہ نزول ان کے جانے پر موقوف نہیں تھا۔ پہلے بھی بارہا اپر نازل ہوتا رہا ہے ایکبار جبکہ حضرت مسیح اصطباغ پانے کے بعد ندی میں غوطہ مار کر باہر نکلے تو روح القدس کبوتر کی شکل میں اپر نازل ہوا تھا۔ (۵) اور وہ آنکر دنیا کو اسبات پر سزا دے گا یا کہو سرزنش کرے گا کہ وہ مجھپر ایمان نہیں لائے درحقیقت گواہی کے اہتمام کا مخالف پر خطا کاری کا آخری نتیجہ یہی ہوتا ہے کہ اسکو سزا سرزنش ملامت یہ نتیجہ روح کے نزول کے بعد ظاہر نہیں ہوا بلکہ انہیں ظالموں نے ان مسکین حواریوں پر بھی طرح طرح کے ظلم و ستم برپا کئے سرزنش تو اس نبی اخرالزماں صلے اللہ علیہ وسلم کے عہد ہی میں ہوئی ہے (۶) فارقلیط آکر تمہیں راہ حق بتائے گا۔ نیٹگیٹ کے روز روح نے حواریوں یا عیسائیوں کو کون کون سی باتیں بھولی ہوئی بتلائیں تھیں جو یا مسیحی تعلیم کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

جو کچھ وہ غلط معنی سمجھ گئے تھے ان میں سے کسپر متنبہ کیا تھا؟ عیسائی پرانے نوشتوں اور مسلم موزخوں سے اسکا ہمیں نشان تو دیں؟ البتہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے انکو صحیح تعلیم کے حقیقی معنے بتائے اور ان کی غلط فہمیوں پر متنبہ کیا چاہیئے تھا کہ مان لیتے مگر انکار کے خطرناک رستہ پر پڑ گئے۔ اول۔ باپ بیٹے روح القدس کے اتحاد ثلثہ کے معنی میں سب سے اول عیسائیوں نے غلط فہمی کی اس مسئلہ پر مجلسیں بھی منعقد ہوئیں مگر پھر بھی صاف اور سیدھے رستہ کو چھوڑ دوسری طرف پڑ گئے اور اب تک باوجود علم و فضل فہم و فراست کے محض تقلید آبائی کے سبب اسیطرف چلے جا رہے ہیں۔ توحید میں تثلیث قائم کر رکھی ہے جو جملہ انبیاء علیہم السلام اور عقل کے بھی برخلاف ہے۔ باپ کا لفظ پیار اور محبت کا محاورہ تھا حضرت مسیح علیہ الصلوٰۃ کی عادی تھے عشق و محبت الٰہی کا انپر غلبہ تھا۔ بجز وجود حقیقی کے اور موجودات انکی نظروں میں معدوم تھے اس لئے بہت سے اپنے اور روح القدس کے افعال کو بلکہ وجود کو بھی اسیطرف منسوب کر دیا کرتے تھے۔ اس سے تینوں کا اتحاد حقیقی سمجھ بیٹھے۔ (۲) حضرت مسیحی کی مصلوبی میں غلط فہمی کی۔ آدم کے گناہ کو متوارث سمجھکر جملہ بنی آدم کو ناکردگی پر بھی خطاوار ٹھہرا دیا اور اسکی بخشش کا سبب صرف مصلوبی مسیح کو قرار دے لیا اور کوشش عمل کو بیکار خیال کر لیا۔ (۳) خوش دماغ اسرائیلیوں کے مقابلہ میں حضرت عیسےٰ کے ارشاد کو (کہ تم کیا شریعت لے پھرتے ہو پہلے اپنے دلوں کو تو پاک کرو۔ حرام حلال اشیاء پر تو اتنا خیال کرتے ہو مگر وہ جو تمہارے دلوں کو ناپاک کر رہا ہے اسکو بیدھڑک عمل میں لا رہے ہو۔ خدا کی مغفرت و رحمت جو انسان کے دلی نیاز سے وابستہ ہے اسکو چھوڑ کر لمبے لمبے قمیصوں اور ظاہر کی وضعداری پر منحصر سمجھے بیٹھے ہو وغیرہ) موسےٰ کی تمام شریعت کا نسخ سمجھ لیا۔ شراب سور وغیرہ محرمات یک لخت حلال کر دیئے احکام موکدہ جنکو ابدی کہا تھا چھوڑ بیٹھے۔ حالانکہ خود حضرت مسیح فرما چکے تھے کہ میں توریت کو مٹانے نہیں آیا ہوں بلکہ پورا کرنے آیا ہوں۔ آسمان و زمین ٹل جائیں گے۔ مگر توریت کا

toobaa-elibrary.blogspot.com

ایک شوشہ بھی نہ ٹلیگا۔ صرف اصطباغ پانا اور عشاء ربانی کہانا یہ تو عملی فریضہ باقی رکھا اور مسیح کو خدا اور خدا کا فرزند سمجھنا اور ان کے ساتھ روح القدس کو بھی خدائی کا تیسرا رکن قرار دیکر الوہیت کی جمہوریت کا اعتقاد کرنا اور اگلے پچھلے سب گناہ حضرت مسیح اپنے اوپر اوڑھا کر تین روز ہمارے بدلہ جہنم بھگت آئے اسپر ایمان رکھنا فرائض اعتقادی میں سے باقی رکھا۔ کیونکہ مذہب عیسوی اسی مجموعہ کا نام ہے ٭

ان جملہ غلط فہمیوں کو فارقلیط نے آکر بہت کچھ سمجھایا مگر یہ کب ماننے والے تھے۔ یہود سے زیادہ اپنے سچے گواہ کے آپ ہی دشمن ہو گئے۔ اب اسکا فیصلہ تو خود حضرت مسیح بار دگر دنیا میں تشریف لاکر آپ کر دیں گے۔ مگر یہ خیال رہے کہ اسوقت یہی خود یہی عیسائی حضرت مسیح کے مقابلہ میں کھڑے ہو جائیں گے ٭

افسوس کیا پرخطر رستہ عیسائیوں نے اختیار کر رکھا ہے نہ معلوم انجیل کی کونسی آیت نے انکو حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانے سے منع کر دیا ہے۔ کیسی ایک سچے عیسائی کے مذہب میں حضرت پر ایمان لانے سے انہیں کے مسلم کتابوں کی موافق کیا فرق آسکتا ہے؟ رہا تثلیث والوہیت کا مسئلہ وہ حقیقی مذہب عیسوی کا کوئی بھی اصول نہیں نہ حواریوں کے عہد میں تھا اگر ایسا ہوتا تو خود عیسائیوں کے بعض فرقے اسکا کیوں انکار کرتے۔ مگر ہدایت اسکی طرف ہے

فصل ۸۱

مخالفوں کے اعتراض اور انکے جواب

اب تک ہم ہر موقع کے مخالفوں کے اعتراضات اور ان کے جواب دیتے آئے ہیں

ف مناظر عیسائی مسیح کا لفظ تو گوارا نہیں کرتے مگر اس کے معنی پر عمل اور اعتقاد ہے جسکو تکمیل سے تعبیر کرتے ہیں یہی ہے کسیلف کا ہاتھ پیر کرناک پکڑو پکڑی تو ناک ہی ہے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

لیکن ان کے اعتراضات کے اصول اور اسطرح جوابوں کے اصول بھی بیان نہیں ہوئے تھے اسلئے اس فصل میں دونوں چیزوں کے اصول بیان کرنا مناسب خیال کیا گیا تاکہ ناظرین کو موجودہ اعتراضات اور جو آئندہ ووسکے اعتراض پیش کئے جاویں ان کا اجمالاً حال معلوم ہو جائے جس سے ان اعتراضوں کا اصلی زور اور ضعف بھی معلوم ہو جائے اسکے بعد وہ اصول اجوبہ سے جلد تر مستفید ہو سکیں ✣

(اعتراضات)

(۱) ان امور اعتقادی پر جنکو فلسفۂ جدید اپنی موجودہ تحقیقات کے اعتماد پر نہیں مانتا جیسا کہ عالم غیر محسوس کے موجودات جسمیں خدا اور اسکے صفات۔ ملائکہ و ارواح۔ مرنے کے بعد کے حالات روح کا باقی رہنا اور اپنے دنیاوی نیک و بد عقائد و اعمال کی سزا و جزا پانا۔ عذاب و ثواب قبر جنت۔ دوزخ و اُن کے اسباب رنج و راحت جن و شیطان ان سب اعتراضات کے مبنیٰ و اسی پر ہے کہ ہمارے پاس غیر محسوس اشیاء کے یقین کر لینے کا کوئی ذریعہ نہیں۔ مگر ان کے محال اور ناممکن ہونے پر بھی کوئی دلیل نہیں اور یہ اعتراضات نہ صرف اسلام پر بلکہ جملہ مذاہب پر یکساں ہیں۔ ان سب کا **جواب** یہ ہے کہ علم یقین کا مدار حواس پر نہیں بلکہ ادراک عقلی اور ادراک کشفی بھی حقائق الاشیاء کے جاننے اور باور کرنے کا بڑا قوی ذریعہ ہے۔ خصوصاً غیر ادیات و مجردات کو تو حواس ادراک ہی نہیں کر سکتے یہ ان کا قصور نہیں بلکہ حواس کا۔ اشیاء میں جسقدر لطافت بڑھتی جاتی ہے۔ کہیں ایک حس کہیں دو کہیں تین کہیں چار کہیں پانچو ناکارہ ہو جاتے ہیں۔ ہوا و لطافت کے سبب حس بصر سے معلوم نہیں ہو سکتی۔ بلکہ مس وغیرہ سے تو شمہ و بو صرف حس شم یعنے سونگھنے سے مدرک ہو سکتی ہے یہاں اور چاروں حس بیکار ہیں فلسفۂ جدید اتیہر طبیعت اجسام کا مقر ہے۔ حالانکہ دونوں کسی حس سے بھی محسوس نہیں مصنوع سے صانع کا اور لازم سے ملزوم کا ادراک یقینی ہے مگر کسی حس سے بھی محسوس نہیں یہ فلسفۂ

toobaa-elibrary.blogspot.com

جدید کا نقصان ہے۔ ممکن ہے کہ روزمرہ کی ترمیم کے بعد دور ہو جائے۔ اسکی ترمیم ہی اسکے نقصان کی دلیل ہے ۔

(۲) وہ امور جسی کہ جو فلسفۂ جدید کی تحقیقات کے برخلاف ہیں۔ الہیات و جغرافیہ۔ و فیزک۔ و علم طبیعات و ریاضیات کے برخلاف قرآن نے بیان کیئے ہیں۔ زمین کا مساکن ہونا۔ اسکا بیل کے سینگ پر قائم ہونا اس کے سات طبقے ہونا۔ اور ہر طبقے میں بنی آدم کا پایا جانا۔ کوہ قاف کا تمام عالم کو محیط ہونا اور زمرد کا ہونا۔ زمین پر یاجوج ماجوج ایسی قوم کا ہونا کہ جو تیس تیس گز لمبے اور بڑے مردم خوار ہیں ایک کان اوڑھ کر دوسرا بچھا کر سوتے ہیں ایک دیوار میں بند ہیں۔ جسکو سکندر رومی نے بنایا تھا۔ آفتاب کا دلدل میں غروب ہونا۔ سات آسمان اور انکا۔ تانبے سونے چاندی وغیرہ مادہ کا ہونا بھر ان میں ستاروں کا میخوں کیطرح جڑا ہونا اور پھر ایک ایک آسمان کے کئی کئی اجزا رحاوی محوی تدویر وغیرہ ہونا۔ آسمانوں میں پانی کے دریا بہنا انہیں میں سے بارش کا اترنا۔ ہر ہر آسمان میں پانسو برس کا فاصلہ ہونا۔ مردے کو قبر میں عذاب و ثواب ہونا اور پھر گز پڑنے سے شتر و شبر گز قبر کا کشادہ ہونا حالانکہ صدہا قبر میں کھول کر دیکھی گئیں کچھ بھی دکھائی نہ دیا۔ ہر چند ۱۲ ویں صدی ہجری میں اس سے بھی بڑھ کر وہمی اور غلط باتیں ہیں مگر اسلام جب منجانب اللہ ہونے کا مدعی ہو تو اسکو ان سے پاک ہونا چاہیئے تھا

جواب قرآن میں ان باتوں میں سے بجز دو ایک کے کسیکا بھی ذکر نہیں۔ نہ قرآن مسائل فیزک و طبیعات و ہیئت کے بیان کرنے کے لئے نازل ہوا نہ ان باتوں کے لئے الہام اور نبوت کی ضرورت تھی ان باتوں کے لئے عقول حکمار کافی تھے۔ وہ انسانی سعادت اخلاق و روحانی مراتب وغیرہا کے لئے آیا ہے۔ قرآن میں نہ بطور بیان اہل ہیئت بلکہ بطور اظہار قدرت اسبات کا ذکر ہے کہ اسنے سات آسمان اور چاند سورج و ستارے بنائے۔ اور انہیں کیطرح زمین بنائی۔ اسمانوں کی کیا حقیقت ہے اور ان کو سات کس لئے کہتے ہیں اور انمیں باہم کیا فاصلہ ہے اور وہ کاہے کے ہیں اور ستارے جڑے ہوئے ہیں۔ اسکا کچھ بھی

toobaa-elibrary.blogspot.com

ذکر نہیں۔ زمین کی آسمانوں سے کس بات میں مماثلت ہے۔ اسکا بھی کچھ ذکر قرآن میں نہیں غالباً نمونہ قدرت ہونے میں ہے یہ بھی ذکر ہے کہ یاجوج ماجوج ایک قوم سرکش اور مفسد تھی لوگوں کی درخواست پر ذوالقرنین نے ان کے ملک سے باہر آنے جانے کا رستہ دیوار چنکر و رنبد کر دیا تھا۔ جسکے بعد وہ ایک دوسرے پر دھکا پیل کرتے رہ گئے۔ اور قریب قیامت پھر وہ قوم خروج کرے گی۔ یاجوج ماجوج کو تاتاری وچینی تاتاری قومیں مورخین نے بتایا ہے۔ قبر کے عذاب وثواب کی بابت صحیح روایات موجود ہیں۔ مگر قبر عالم برزخ ہے جسطرح سونے والے پر جو حالات دکھ درد کے یا راحت کے خواب میں گزرتے ہیں۔ اور دیکھنے والے کو دکھائی نہیں دیتے اسیطرح جو کچھ مرنے والے کی روح پر گزرتا ہے وہ نظر نہیں آتا۔ نہ روح نظر آتی ہے کیونکہ لطیف ہے باقی روایات بے اصل ہیں۔ ان کے ذمہ اراکے راوی علوم مذکورہ بالا سے زیادہ تر مخالف عیسائی یہودی مجوسی بودھ ہندو دہریہ وغیرہ کو ہے نہ اسلام کو۔ اسلام سراسر موافق عقل اور پر حکمت ہے وہ تخیلات اور وہمی افسانوں پر مبنی نہیں ✤

(۳۳) قرآن میں انبیاء کے معجزات بیان ہوئے ہیں جو سراسر مخالف قانون قدرت ہیں۔ اور اسیطرح قوموں پر عذاب نازل ہونے کے واقعات بھی خلاف قانون قدرت ہیں۔ جن کو علوم جدیدہ اور عقل سلیم مان نہیں سکتی ✤

جواب وہ ہرگز خلاف قانون قدرت نہیں بلکہ معمولی تجربہ اور روزمرہ کے دستور کے ضرور مخالف ہیں اور یہ قانون قدرت نہیں۔ قدرت کا قانون محدود الادراک انسان بنا نہیں سکتا۔ عام دماغ روحانی قدرت سے واقف نہیں اور اب واقف ہوتے چلے جارہے ہیں اسکے کام حیرت انگیز ہیں اسلیئے انبیاء کی صداقت کے لئے ان سے ایسے امور صادر ہوئے ہیں۔ اسمیں بھی اسلام کی خصوصیت نہیں جملہ مذاہب شریک ہیں ✤

(یہاں تک فلسفہ کے اعتراضات تھے)

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۴) قرآن کے الہامی ہونے اور حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی نبوت پر کوئی دلیل بھی نہیں

جواب ۔ بہت سے دلائل ہیں جنمیں سے کسیقدر ابھی بیان ہوئے ہیں ۔ کاش کوئی دوسرے مذاہب پر اتنی ہی دلائل قائم کرکے دکھادے ۔ ناظرین باانصاف طرفین کے دلائل کا خود موازنہ کرلیں گے +

(۵) قرآن اور پیغمبر علیہ السلام پر بہت سے اعتراضات قائم ہوتے ہیں ۔ اول یہہ کہ قرآن نے خدا کے لئے صفات ذمیمہ ثابت کئے ہیں جیسا کہ وہ عرش پر بیٹھا ہوا ہے وہ لوگوں سے قرض مانگتا ہے ۔ وہ گمراہ کرتا ہے وہ مکر و فریب کرتا ہے وہ ٹھٹھے بازی کیا کرتا ہے وہ خرید فروخت کیا کرتا ہے اسکو بہت چیزوں کا علم پہلے سے نہیں ہوتا بلکہ واقعات کے بعد ہوتا ہے وہ شک کے کلمات سے کلام کرتا ہے ۔ وہ ترازو بغیر انسانی اعمال کا قیامت میں موازنہ نہ کرسکے گا ۔ وہ سخت بیرحم ہے جہنم میں طرح طرح کا عذاب دے گا اور بندے کے رونے چلانے پر رحم نہ کہائیگا وہ ضعیف ہے اپنی مددگاری کرنیکا بندوں کو حکم دیتا ہے اسنے یوسف کو مکر کرنا سکھایا ۔ اسکے ہاتھ پاؤں مونہہ وغیرہ اعضا ہیں یہہ اور آیندہ فرقہ آریہ کے اعتراضات ہیں ۔ ان سب کا **جواب** ہم دے آئے ہیں کہ جن آیات سے انہوں نے یہ معنی سمجھے ہیں یہہ انکی غلط فہمی ہے وہاں لفظی اور حقیقی معنے مراد نہیں بلکہ وہ سب **استعارات** اور مجاز ہیں جو بیشتر فصیح و بلیغ کلاموں میں مستعمل ہوتے علماء مفسرین نے ابحاث کی ہر مقام پر تصریح کردی ہے اور مرادی معنے بتلادیئے ہیں مخالف کو حق نہیں کہ وہ محاورے کے مسلم معنی چھوڑ کر اپنی طرف سے معنے پیدا کرے ۔

ف ۔ خلاصہ یہہ کہ جو امر اسباب عادی پر مبنی نہیں ہوتے جیسا کہ انبیائی معجزات ان کو امور خارق عادت کہتے ہیں جو انسانوں کی معمولی قدرت سے باہر ہوتے ہیں اسلیئے وہ انبیاء سے صادر ہوتے ہیں تاکہ ان کی صداقت کی شہادت دیں ۔ ایسے امور کو قدرت اللہ کے تحت سے خارج کرنا درست نہیں اور قدرت الٰہی کا قانون اپنے تجربہ اور مشاہدہ پر منحصر رکھنا یہ بھی غلط ہے کیونکہ اسکی قدرت کا ایک یہہ بھی قانون ہے کہ انبیاء کی

toobaa-elibrary.blogspot.com

مثلاً تخت پر بیٹھنا استعارہ ہے علو و حکومت سے اور قرض دینے سے مراد ہے کہ خیرات دو اسکا بدلہ ہمیشہ سے جیسا کہ قرض کا ادا کرنا قرضدار پر ہوتا ہے۔ لوگ جو مکر و فریب اور تمسخر خدا اور اسکے کلام سے کرتے ہیں تو بھی انکو انکے فعل کی ویسی ہی جزا دیتا ہے اس جزا دینے کو اسی لفظ سے بر سبیل مشاکلت تعبیر فرمایا جیسا کہ کہتے ہیں جو دوگے سو پاؤ گے حالانکہ پاتے اسکا اجر ہیں۔ بندے اسباب مگر اہی کو باختیار خود عمل میں لاتے ہیں اور وہ اسباب پیدا کردہ اسکے ہیں کیونکہ دوسرا اور کوئی خالق نہیں خدا کے پیدا کردہ اسباب کو جنکے عمل میں لانے سے منع کر دیا ہے فعل ضلالت کا انتساب مجازاً تسبیب اور تہدید کے لئے خالق اسباب کیطرف کر دیا گیا۔ خرید نے سے مراد معاہدہ لینا ہے کہ اسنے بندو نسے معاہدہ لے لیا ہے کہ وہ اپنی جان و مال اسکی راہ میں صرف کریں اسپر انکو مغفرت ہے۔ اسکو اول و آخر سب علم ہے مگر محاورے میں ایسے مواقع پر بعد الوقوع ہی علم کا اطلاق ہوتا ہے ترازو استعارہ ہے تعین اور بندوں کو جتلانیسے۔ وہ رحیم ہے مگر بندہ اپنے کئے کا پھل پا رہا ہے کیونکہ اجسام میں جسطرح ایک تاثیر قدرت نے رکھی ہے ویسی ہی افعال میں بھی تاثیر ہے جس کے مطلع کرنے کو انبیاء آئے پھر جو کوئی زہر کھائیگا آپ مرے گا۔ اسمیں خدا پر کیا الزام ہے۔ آریہ اعتقاد میں اب جو کچھ ہے وہ اگلے جنم کا نتیجہ ہے پھر سینکڑوں جانور و انسان کیسی عذاب میں مبتلا ہیں روتے چلاتے ہیں مگر الشیر کو رحم نہیں آتا۔ وہ اپنی رو نہیں چاہتا وہ قوی ہے مگر استعارہ کے طور پر دین کی نے کو اپنی مدد سے تعبیر کیا ہے۔ یوسف کو تدبیر بتائی تھی جسکو بطور استعارہ کید سے تعبیر کیا پاؤں۔ ہاتھ سے مراد قدرت ہے۔ مونہہ سے ذات ہے یہ محاورہ ہے۔ اب تک قرآن کے اردو ترجمے گو مسلمانوں ہی نے کئے ہیں مگر لفظی ہیں نہ مرادی انکو سند میں پیش کرنا بیکار بات ہے۔

بقیہ نوٹ صفحہ ۵۶۶ روحانی طاقت سے ایسا ظاہر کرا دیتا ہے جو اسباب عادیہ پر مبنی ہیں ہوتا نیچر کے مریدوں نے فلسفہ کے اس غلط قاعدہ کو صحیح مانکر ایسے مقامات بذریعہ تاویل معجزات کا انکار ہی کر دیا ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۶) قرآن کا طریقہ تعلیم اچھا نہیں۔ اسنے باوجود ممانعت بت پرستی کے خود کعبہ اور حجر اسود کے پوجنے کا حکم دیا۔ اسنے خونریزی کا حکم دیا۔ کہ کافروں کو مارو انکی جورو میں چھین لو انکی اولاد کو غلام بناؤ۔ اسنے جیو کے مارنے کا حکم دیا۔ کہ جانوروں کی قربانی کرو اس سے اسکو کیا فائدہ پہونچتا ہے۔ اسنے گوشت کھانیکی اجازت دی جو سراسر خلاف رحم ہے

جواب قرآن میں نہ کعبہ پوجنے کا حکم ہے نہ حجر اسود کا ان دونوں کا پوجنے والا اسلام میں ویسا ہی مشرک ہے جیسا کسی اور پتھر کا پوجنے والا۔ کعبہ چونکہ حضرت ابراہیم کی مسجد ہے جو خدا پرستوں کے قدیم بزرگ ہیں اسلئے اس خدا پرست کی مسجد کیطرف مونہہ کر کے نماز ادا کرنے کا حکم دینا اس بنا پر ہے کہ اپنے آپ کو نماز ادا کرنے والا اوسی جماعت میں شامل سمجھے یہی جبکہ اوسکا رخ معلوم ہوا اور اسطرف سجدہ میں مونہہ بھی کر سکتا ہو ورنہ جدہر چاہے مونہہ کر کے نماز پڑھ لے۔ ہر سو اوسی معبود حقیقی کا مونہہ ہے اینما تولوا فثم وجہ اللہ ؎

کافراں سجدہ کہ در پیش بتاں میکردند ہمہ روسوئے تو بود ہمہ سوروئے تو بود

حجر اسود بھی اسی بزرگ موحدین کا چھوا ہوا ایک پتھر ہے۔ اس بزرگ کی یادگار سمجھکر اسپر ہاتھ لگانا بوسہ دینا پیغمبر کی سنت ہے جو اختصاص ابراہیمیت پر مبنی ہے۔ بیشک فی نفسہ خونریزی عمدہ کام نہیں مگر ایسے شریر اور سرکش لوگوں کا دفع کرنا انکی قوت توڑنا جو مظلوم خدا پرستوں پر ستم کرتے ہوں یا کرنے کو تیار ہوں اور خدا پرستی کو مٹانے کے لئے آمادہ ہوں سراسر خدا پرستوں اور خدا پرستی پر رحم ہے۔ چوروں قزاقوں۔ خونیوں کو سزا دینا عقلاء بھی غریب رعیت پر رحم کرنا ہے برعکس اسکے انپر رحم کرنا سراسر رعیت پر ظلم ہے ہر مذہب وملت میں ایسا ہی ہے۔ حضرت موسیٰ نے بھی ایسا کیا حضرت مسیح نے بھی تلواریں لینے کا حکم دیا۔ ہندوؤں کے مہاتماؤں نے تو لاکھوں بودھوں کا خون کیا ہے۔ بلکہ دینادی حصہ ترکہ پرسری کرشن جی نے مہابھارت کرا کر تباہ نیست کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

میدانوں میں چتریوں کے خون کے نالہ بہادیئے ہیں +

اسلام نے زن و فرزند گناہ بیگناہ سب کے قتل کرنے کا حکم نہیں دیا بلکہ ان کے بچوں بیویوں پر رحم کرنے کی تاکید کی ہے اور اگر کوئی چاہیئے تو انکو لاکر اپنے ساتھ کھانے پینے میں شریک کرسکتا ہے اور انسے ان کی استطاعت کے موافق کام بھی لے سکتا ہے اس پر ورش کا اپنے حق قائم ہے جسکو غلامی کہا جاتا ہے۔ غلام عربی زبان میں لڑکے کو کہتے ہیں مگر قرآن میں یہ نہیں ہے کہ خواہ مخواہ انکو غلام ہی بنالو۔ یہ مرحمت کا طریق نبی کریم نے سکھایا ہے اور آزاد کردینے اور اپنے رحم کھانے کی بھی بڑی تاکید فرمائی ہے +

گوشت۔ کھانا اور حیوانوں کو خواہ مخواہ مارنا قرآن نے کہیں بھی واجب و فرض نہیں کیا ہے۔ البتہ جسطرح نباتات اغذیہ انسانی ہیں اسیطرح حیوانات بھی ہیں بلکہ بہتر غذا وہی ہے جو کھانے والے سے مشابہت رکھتی ہو عمدہ خوں پیدا کرتی ہو۔ البتہ قرآن نے اسکی بھی اجازت دیدی ہے چاہے کوئی کھائے یا نہ کھائے اسکو اختیار ہے۔ حج کے ارکان آپ ہماری اس کتاب میں پڑھ چکے ہیں اسمیں نادار پر کہیں بھی قربانی کرنے کا حکم نہیں۔ مگر جو اوس فریضہ کو بطریق ابراہیم ادا کرے تو بہتر ہے۔ خدا نے خود فرمادیا ہے کہ اس سے ہمکو کوئی فائدہ نہیں پہونچتا لن ینال اللہ لحومھا ولا دمائھا ولکن ینالہ التقوی منکم لیکن حیوانات بھی انسان کا عمدہ مال ہے اسکا بھی اسکی راہ میں صرف کرنا محبت کی دلیل ہے۔ یہ بھی جملہ مذاہب کا قدیم دستور ہے آریہ کے بزرگ گھوڑوں اور گائیوں کا بلدان کرتے تھے۔ جیساکہ ویدوں سے پایا جاتا ہے چتریوں کو منوشاستر کی رو سے گوشت کھانے کی اجازت ہے اور باستثنا بعض اقوام سب ہندو بھی گوشت کھاتے ہیں۔ اپنے معبودوں پر قربانی کرتے ہیں۔ البتہ بودہ مت کے بانی صرف نفس کشی کے سبب گوشت سے احتراز کرتے تھے ہندوں نے ان کے مسئلہ کو دھرم بنالیا ہے۔ اور جان تو نباتات میں بھی ہے ادراک بھی ہے حیوان سے کمتر سہی پر یہ کونسی عقل کا فتویٰ ہے کہ انکی

toobaa-elibrary.blogspot.com

جانیں مارنا تو گناہ نہ سمجھا جائے اور حیوانات کی جان مارنا بوقت ضرورت بھی مہا پاپ خیال کیا جاوے اور وہی دہرما تما لڑائی کے وقت انسانوں کی جان مارنا جو اشرف الحیوانات ہے جائز قرار دیتے ہیں ۔

(۷) قرآن نے متعدد بیویں اور بے گنت لونڈیوں سے کامرانی کرنے کی اجازت دی جو ایک قسم کی شہوت رانی ہے ۔

جواب۔ ناجائز خواہش نفسانی کرنے کی کہیں اجازت نہیں دی۔ بیوی تو ایک ہی رکھنے کا اشارہ ہے اور اگر ضرورت پیش آئے بشرط مساوات حقوق ایک سے زیادہ کی بھی اجازت ہے اور یہ اجازت انسانی تمدن اور اسکی پاکدامنی محفوظ رکھنے کے لئے ضروری ہے۔ جیسا کہ ہم ثابت کر آئے ہیں۔ لونڈیوں کا مسئلہ ابھی بیان ہو چکا ہے۔ اور کسی مذہب و ملت میں بھی ایک ہی بیوی رکھنے کا حکم نہیں ہے نہ ہندوں کے شاستروں میں نہ توریت میں نہ انجیل میں۔ صرف یورپ کا رواج ہے جو انکی کسی مصلحت پر مبنی ہوگا۔

(۸) پیغمبر علیہ السلام کی سیرت پاک پر اعتراضات یہ ہیں۔ زینب کا نکاح۔ مسلمانوں کے لئے تو چار بیویوں کی اجازت اپنے لئے نو سے زیادہ جائز سمجھنا۔ اپنے دشمن یہودی کو مخفی طور سے قتل کروا ڈالنا۔ یہود کے قبائل کو تہ تیغ کرنا ان کے املاک لے لینا ۔

جواب زینب کے نکاح میں کوئی اعتراض نہیں نہ شرعاً نہ عرفاً نہ عقلاً۔ نکاح میں خصوصیت بھی محل اعتراض نہیں۔ جب یہ تسلیم ہے کہ قوم کے افراد اور ان کے صدر انجمن۔ یا بادشاہ یا ہادی و مرشد میں ضرور امتیاز ہے اور وہی امتیاز احکام کی خصوصیت کا بھی مقتضی ہے جسکو آجکل کے تعلیم یافتہ بھی تسلیم کئے ہوئے ہیں تو پیغمبر کی خصوصیت کیا محل اعتراض ہو سکتی ہے؟۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ یہ خصوصیت کسی دینی فائدہ کے لئے تھی جو خاص آپ ہی کی ذات پاک سے متصور ہو سکتا تھا یا نفس پروری اور شہوت رانی کے لئے ؟ معترض کی بدنیتی کا کوئی علاج ہو نہیں سکتا ہر ایک نیک کام میں نکتہ چینی

toobaa-elibrary.blogspot.com

کرسکتا ہے اور اصل حقیقت پر پردہ ڈال سکتا ہے جب تاریخی واقعات ثبوت دیچکے ہیں کہ مدنیہ میں آکر جبکہ سن شریف جوانی کے جزر و مد سے بھی تجاوز کر گیا تھا اور ملک کی متواتر یورشیں اور ہرگونہ مصائب بھی درپیش تھے اور وطن بھی نہ تھا صرف ایک جماعت قلیل مددگار تھی جنکا بڑا شتہ حسن اعتقاد تھا تو عقل باور نہیں کرسکتی کہ ایسے مواقع میں کوئی دانا شہوت پرستی کے اسباب فراہم کرکے اس جماعت کو بھی بد اعتقاد کرادے بلکہ نسوان کی تعلیمی حالت کی وسعت مقصود تھی جسکے لئے بلحاظ کفالت متعلمات۔ و بلحاظ ہر وقت کی جلوت و خلوت میں باریابی کے نکاح کے سلسلہ سے کوئی دوسرا سلسلہ مفید ہی نہ تھا۔ قرآن کے بہت الفاظ اسیطرف اشارہ بھی کررہے ہیں۔ اور سب سے زیادہ معاشرت و اخلاق میں انہیں کی زیادہ تر اصلاح مقصود تھی اسلئے ان کی معاشرت کے متعلق ایلاء اور شہد پر قسم کھانے وغیرہ امور میں آیات نازل ہوئیں جنکی بابت کوتاہ بیں معترض کہتا ہے کہ قرآن میں خانگی جھگڑے بھی ہیں اسلئے الہامی نہیں ✣

جب اسلام سیاست کو بھی لئے ہوئے ہے جسکی ضرورت ہم ثابت کرچکی ہیں تو ایسے باغی دشمنوں۔ بدذاتوں بدعہدوں کے ساتھ جو کسی معاہدہ کے بھی پابند نہ رہے اور مصائب بیرونی کے وقت جان دینیکو کھڑے ہوگئے بجز ایسے سلوک کے اور کیا ہوسکتا تھا جو انبیاء و رویشانہ پیرایہ میں آئے اور قوام ملت و قومیت کا بارگراں انپر نہیں ڈالا گیا۔ البتہ وہ ایسے احکام و معاملات سے الگ تھے۔ انکا قیاس انپر کرنا اور اس سبکدوشی کو ہی فضیلت سمجھنا قیاس مع الفارق اور سخت نافہمی ہے ✣

(۹) قرآن میں فصاحت و بلاغت جیسا کہ دعوے ہی نہیں ہے اسکے غیر فصیح فقرات اور حذف و ابدال میں اغلاط کی یہ فہرست ہے ✣

جواب۔ یہ معترض کی غلط فہمی اور اصول فصاحت و بلاغت سے ناواقفیت ہے محاورے اور استعارات بلیغہ کو عیوب میں شمار کرلیا جسکی ہم ابھی شرح کرآئے ہیں ✣

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۱۰) انجیل اور توریت پر تحریف کا الزام لگایا جاتا ہے مگر اختلاف قرارت - اور آیات کا نسخ اور تالیف وجمع کے وقت بعض آیات کا نہ ملنا قرآنی تحریف کی دلیل ہے۔

جواب اسکا مع تفصیل اسی کتاب میں گزر چکا ہے جسپر مخالف کو چون وچرا کرنے کی گنجایش باقی نہ رہی ✣

(۱۱) اسلام کوئی الہامی مذہب نہیں عرب کے فصیح وبلیغ پیغمبر نے کچھ واقعات ومسائل یہود ونصاریٰ سے کچھ مجوسیوں سے کچھ عرب کے دستورات سے لیکر مرکب کیا ہے دیکھو فلاں قصہ توریت میں فلاں مسئلہ انجیل میں فلاں مجوسیوں کی کتابوں میں فلاں یہود کی فقہ و تفسیر مدراس وگمرا وغیرہ میں ہے ✣

جواب۔ جب اسلام کو خود اقرار ہے کہ وہ کوئی نیا دین نہیں وہ ملت ابنیائی ہے جسکو لوگوں نے اپنے خیالات اپنے رسوم سے مسخ کر دیا تھا وہ عرب میں بھی یہود میں بھی نصارے ومجوسیوں وغیرہ اقوام میں بھی مسخ شدہ موجود تھے۔ پھر کیا اس کے نشان ان اقوام اور ان کتب میں نہ پائے جاتے ؟ ضرور پائے جانے چاہیں یہ تو اسکی صداقت کی دلیل ہے نہ کہ بطالت کی۔ اگر یہی بطالت ہے تو مذہب عیسوی وغیرہ کوئی بھی ایسے سرقہ سے پاک نہ نکلے گا۔ اور مذاہب واقوام میں ان کے آثار پائے جاتے ہیں۔ اور یہی اعتراض ہیں مگر لچر اور پوچ جو قابل التفات بھی نہیں ✣

toobaa-elibrary.blogspot.com

باب سوم

فصل (۱)

واضح ہو کہ قرآن مجید میں اکثر جگہ **تورات و انجیل و زبور** و صحف ابرہیم علیہ السلام وغیرہم کا ذکر آیا ہے اور انکی مدح اور تصدیق اور کتاب الہی ہونا بیان کیا ہے اور بعض مضامین کا انکی طرف حوالہ دیا ہے اسلیئے جمہور اہل اسلام کے نزدیک انپر ایمان لانا ضرور ہے کیونکہ جمیع انبیاء اور تمام کتب الہیہ کو بلا تفریق حق سمجھنا خاص اہل اسلام کا ہی حصہ ہے۔ اسلئے ضرور ہوا کہ ان کتابوں کا کسیقدر مختصر حال بیان کروں تاکہ ہر شخص کو معلوم ہو جائے کہ اسوقت جو کتابیں اس نام کی اہل کتاب کے پاس ہیں آیا وہی کتابیں ہیں یا اس نام کی اور ہیں۔

عہد عتیق حصہ ۱

اہل کتاب اپنی تمام کتب سماویہ کے مجموعہ کو **بائبل**[۱] کہتے ہیں۔ پھر اس کے دو حصے ہیں ایک **عہد عتیق** یعنے پرانی کتابیں دوسرا **عہد جدید** جسطرح ہم قرآن کے جملونکو آیت کہتے ہیں یہ لوگ **ورس** کہتے ہیں پہلے حصہ میں یہ کتابیں ہیں (۱) **سفر خلیقہ**[۲] کہ جسکو کتاب پیدائش بھی کہتے ہیں اسمیں ابتدا پیدائش آسمان و زمین کے حال سے لیکر حضرت موسےٰ تک سلسلہ وار تاریخ بیان ہے (۲) **سفر خروج** جسمیں بنی اسرائیل کے مصر سے نکلنے وغیرہ امور کا ذکر ہے (۳) **کتاب احبار** جسمیں قربانی اور قصاص اور جانورونکی حلت و حرمت وغیرہا احکام ہیں (۴) **سفر عدد** جسکو گنتی کی کتاب بھی کہتے ہیں اسمیں بنی اسرائیل کے فرقوں کا شمار ہونے کا اور دیگر بیان ہے (۵) **سفر استثنا**۔

---

[۱] لفظ یونانی بمعنی کتاب ہے ۱۲ منہ [۲] سفر بالکسر بمعنے کتاب۔ اور اسیطرح زبور بمعنی مکتوب جسکی جمع زبر آتی ہے جس سے مراد کتاب ہوتی ہے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

اسمیں ملک فلستین کی تقسیم وغیرہ امور ہیں ان پانچوں کو **تورات** کہتے ہیں یہ تورات ضخامت میں تخمیناً سعدی کی بوستان کے برابر ہوگی (۶) کتاب یشوع (۷) قاضیوں کی کتاب (۸) راعوث یاروت کی کتاب یہ تین ورق میں الیملک اور اُسکی بیوی نعومی کا قصہ ہے (۹) صموئیل کی اول کتاب (۱۰) صموئیل کی دوسری کتاب (۱۱) سلاطین کی پہلی کتاب (۱۲) سلاطین کی دوسری کتاب (۱۳) اول کتاب تواریخ (۱۴) دوسری کتاب تواریخ کہ جسکو اخبار الایام بھی کہتے ہیں (۱۵) عزرا[۱] کی کتاب اول (۱۶) عزرا کی دوسری کتاب کہ جسکو کتاب نحمیا بھی کہتے ہیں (۱۷) کتاب ایوب[۲] (۱۸) زبور داؤد علیہ السلام اسمیں محض مناجات اور خدا کی مدح وثنا ہے (۱۹) امثال سلیمان علیہ السلام اسمیں پند و نصائح ہیں (۲۰) کتاب واعظ جسکو جامع بھی کہتے ہیں (۲۱) غزل الغزلات کہ جسکو نشید انشاد بھی کہتے ہیں یہ پانچ چھہ ورق کا رسالہ ہے جسمیں عاشقانہ مضامین ہیں۔ بلکہ بعض فحش آمیز کلمات بھی ہیں (۲۲) یسعیاہ[۳] نبی کی کتاب (۲۳) یرمیاہ نبی کی کتاب (۲۴) یرمیاہ نبی کا نوحہ مرثیہ جو تین چار ورق پر ہے (۲۵) خزقیل[ف] کی کتاب (۲۶) دانیال علیہ السلام کی کتاب (۲۷) ہوشیع نبی کی کتاب (۲۸) یوئیل نبی کی کتاب یہ صرف دو ورق ہیں (۲۹) عاموس نبی کی کتاب یہ کل چار ورق کی ہے جسمیں کچھ پیشین گوئیاں ہیں (۳۰) عبدیاہ نبی کا خواب جو ایک صفحہ پر ہے (۳۱) کتاب یونہ یعنے یونس علیہ السلام کا ڈیڑھ ورق پر مختصر سا حال (۳۲) میخایا میکہ علیہما السلام کا چار ورق پر الہام بیان ہے۔ (۳۳) ناحوم علیہ السلام کا الہام جو نینوہ شہر کی نسبت ہے دو ورق میں (۳۴) حقوق نبی کا الہام جو دو ورق پر ہے (۳۵) صفنیاہ۔ یا صفونیا نبی کا الہام جو دو ورق پر ہے

---

[۱] یعنے عزیر علیہ السلام ۱۲ منہ [۲] اسمیں کسی نے حضرت ایوب کی مصیبت اور اُن کے صبر کا قصہ لکھا ہے۔ چھوٹا سا رسالہ ہے ۱۲ منہ [۳] ان کو اشعیاہ بھی کہتے ہیں ۱۲ منہ

[ف] یہ سب کتابیں نبی اسرائیل کی تاریخیں ہیں جنمیں متعارض بیان بھی بکثرت ہیں ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۳۶) حجی نبی کا الہام جو دارا شاہ ایران کے عہد میں ہوا ایک ورق (۳۷) زکریا علیہ السلام کا الہام جو دارا کے عہد میں ہوا تھا آٹھ ورق پر (۳۸) ملاخیا۔ یا ملاکی نبی کا الہام دو ورق پر جسمیں الیاسؑ کے آنے کی بھی خبر ہے یہ حضرت مسیح سے چار سو برس پہلے تھے۔ اور کبھی ان صحیفوں کے مجموعہ کو بھی مجازاً **تورات** کہتے ہیں یہ ۳۸ کتابیں وہ ہیں کہ جنکو یہود اور عیسائی سب مانتے ہیں مگر فرقہ سامریہ انمیں سے صرف تورات اور کتاب یوشع۔ اور کتاب القضات کو تو مانتے ہیں باقی اور سب کے منکر ہیں (اور یہ سب کتابیں عبرانی زبان میں ہیں جو ملک یہودیہ کی قدیم زبان ہے اور یہود کے نزدیک عبرانی میں ان کے کچھ اور نام ہوں تو تعجب نہیں۔ پھر ان کے تراجم یونانی اور لاطینی اور عربی وغیرہ زبانوں میں ہو گئے۔ میرے پاس بالفعل اردو بائبل مطبوعہ مرزاپور ۱۸۶۷ء موجود ہے لیکن عیسائیوں نے نو اور کتابیں اس مجموعہ میں داخل کی ہیں کہ جن کی تسلیم و عدم تسلیم میں اُن کے متقدمین و متاخرین میں سخت اختلاف ہے چنانچہ ابھی آپکو معلوم ہو جائے گا اور وہ نو کتابیں یہ ہیں (۱) **کتاب استریہ** پانچ ورق کا ایک دلچسپ قصہ آستر یہودیہ کا ہے کہ اسکو **احسویرس** بادشاہ نے دشتی ملکہ پر خفا ہو کے اپنی ملکہ بنایا اور اُسکے چچازاد بھائی مُرکی کو کہ جو اُسکا مربی تھا ایک خیرخواہی پر اپنا وزیر اعظم کیا اور ہامان وزیر سابق کو جو یہودیوں کا سخت دشمن تھا مع زن و فرزند قتل کیا (یہ قصہ ابتک عیسائیوں کے نزدیک کتب سماویہ میں شمار ہے (۲) کتاب باروق (۳) ایک حصہ کتاب دانیال کا (۴) کتاب قوبیاس (۵) کتاب یہودیت (۶) کتاب وزدوم (۷) کتاب ایکلیزیاسٹیکس (۸) مقابیس کی اول کتاب۔ (۹) مقابیس کی دوسری کتاب یہود ان کتابوں کو خوب قصے سمجھتے ہیں مگر عیسائیوں نے الہامی مانا ہے **عہد جدید** میں یہ کتابیں ہیں (۱) انجیل متی کہ جسکو حضرت عیسےٰ کے بعد متی حواری نے مسیح کی پیدائش سے لیکر موت تک کے حالات میں تاریخ کے طور پر

عہد جدید کا حصہ

۱؎ موسےٰ کی پانچوں کتاب ۱۲ منہ

جمع کیا (۲) انجیل مرقس یہ مرقس کی تصنیف ہے اسمیں بھی ابتدا سے لیکر اخیر تک حضرت مسیح کی سرگذشت سنی سنائی بیان کی ہے کیونکہ مرقس حواری نہیں بلکہ یہ پطرس حواری کا شاگرد ہے چنانچہ پطرس اپنے پہلے خط کے پانچویں باب میں اسکو بیٹا کہتا ہے یہ شخص رومی ہے اور اسکی یہ کتاب لاطین یعنے رومی زبان میں تھی پھر اسکا یونانی اور سریانی میں ترجمہ ہوا۔ (۳) انجیل لوقا یہ بھی حضرت مسیح کی تاریخ ہے جسکو لوقا نے لوگوں سے سنکر تالیف کیا ہے کیونکہ وہ کیا بلکہ اسکا اوستاد پولس بھی حواری نہ تھا چنانچہ اپنی کتاب کے اول میں وہ خود اقرار کرتا ہے **قولہ** چونکہ بہتوں نے کمر باندھی کہ اُن کاموں کو جو فی الواقع ہمارے درمیان ہوئے بیان کریں جسطرح سے انہوں نے جو شروع سے خود دیکھنے والے اور کلام کی خدمت کرنے والے تھے ہم سے روایت کی میں نے بھی مناسب جانا کہ سبکو سرے سے صحیح طور پر دریافت کرکے تیرے لیئے اے بزرگ تھیوفلس یہ ترتیب لکھوں انتہے (۴) انجیل یوحنا اسمیں یوحنا حواری نے حضرت مسیح کا تمام حال ابتدا سے انتہا تک لکھا ہے جسکا اخیر فقرہ یہ ہے۔ **قولہ** اور بھی بہت سے کام ہیں جو یسوع نے کیئے اور اگر وہ جدے لکھے جاتے تو میں گمان کرتا ہوں کہ کتابیں جو لکھی جاتیں دنیا میں نہ سما سکتیں انتہے۔ ان چاروں تاریخوں کو کہ جنکے زمانہ تالیف میں بڑا اختلاف ہے عیسائی اناجیل اربعہ کہتے ہیں (۵) اعمال حواریین یہ ایک چھوٹی سی حواریوں کی تاریخ ہے کہ حواری فلاں

۵۱ یسوع اور مسیح حضرت عیسےٰ کو کہتے ہیں ۱۲ منہ ۵۲ چنانچہ ہارن صاحب اپنی تفسیر کی چوتھی جلد کے دوسرے حصہ کے دوسرے باب میں بعد اس کے کہ زمانہ تالیف اناجیل کو غیر معین مانا ہے یہ لکھتے ہیں کہ پہلی انجیل ۳۷ سنہ یا ۳۸ سنہ یا ۴۳ سنہ یا ۶۱ سنہ یا ۶۲ سنہ یا ۶۳ سنہ یا ۶۴ سنہ عیسوی میں اور دوسری انجیل ۵۶ سنہ سے ۶۵ سنہ تک اور غالباً ۶۰ سنہ یا ۶۳ سنہ میں اور تیسری انجیل ۵۳ سنہ یا ۶۳ سنہ یا ۶۴ سنہ میں اور چوتھی انجیل ۶۸ سنہ یا ۶۹ سنہ یا ۹۷ سنہ یا ۹۸ سنہ عیسوی میں تالیف ہوئی انتہے ۱۲ منہ

۵۳ انجیل معرب ہے انگلیول کا جسکے معنی یونانی زبان میں بشارت اور تعلیم کے ہیں ۱۲ منہ ۵۴ حضرت عیسےٰ کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

شہر میں گئے اور وہاں یوں لوگوں کو خوارق دکھائے اور مخالفوں نے اُن کو ایسی ایسی تکلیفیں دیں اسکے مولف کا نام بھی معلوم نہیں غالباً یہ اُس شخص کی تالیف ہے کہ جسنے تیسری انجیل لکھی ہے یعنے لوقا کی کیونکہ اسکی ابتدا میں وہ یوں کہتا ہے **قولہ** اے تھیوفلس وہ پہلی کیفیت میں نے تصنیف کی ان سب باتوں کی جو کہ یسوع شروع سے کرتا اور سکھاتا رہا اس دن تک کہ اٹھایا گیا اوپر اوٹھایا گیا انتہے (۶) حواریوں اور غیر حواریوں کے خطوط کہ جنکی تفصیل ہے **پولوس** کے ۱۳ خط۔ **پطرس** حواری کا اول خط یوحنا کا پہلا خط سوائے چند فقرات کے یہ کل بیس کتابیں ہیں کہ جنکو اکثر عیسائی مانتے ہیں اور سات کتابیں اور ہیں کہ جنکو قدما رسیین نے رد کر دیا اور متاخرین نے انکو اپنی کتب مقدسہ میں شمار کیا ہے (۱) پولس کا اول خط جو عبرانیوں کو لکھا ہے (۲) پطرس کا دوسرا خط (۳) یوحنا کا دوسرا خط (۴) یوحنا کا تیسرا خط (۵) یعقوب کا خط (۶) یہود کا خط (۷) مکاشفات یوحنا (**واضح ہو کہ**) شاہ قسطنطین کے حکم سے شہر نائس میں عیسائی علماء کی ۳۲۵ سنہ عیسوی میں ایک مجلس (کمیٹی) تثلیث و الوہیت مسیح کے مسئلہ پر بحث کرنے کے لئے قائم ہوئی اور ان کتب مشکوکہ کی بابت بھی بحث آئی پس علماء نے بڑی بحث اور تحقیق سے یہ حکم دیا کہ ان مشکوک کتابوں میں سے صرف کتاب یہودیت واجب التسلیم ہے چنانچہ یہ بات جیروم کے اُس مقدمہ سے معلوم ہوتی ہے کہ جو اُسنے اس کتاب پر لکھا ہے پھر ۳۶۳ سنہ عیسوی میں ایک کمیٹی ہوئی کہ جسکا نام کمیٹی **لوڈیسیا**[۱] ہے اس انجمن نے بھی

(بقیہ نوٹ صفحہ ۵۷۶) بارہ حواریوں کے یہ نام ہیں (۱) شمعون جسکو پطرس بھی کہتے ہیں (۲) اندریاس پطرس کا بھائی (۳) زبدی کا بیٹا یعقوب (۴) اسکا بھائی یوحنا (۵) فیلبوس (۶) برتھولما (۷) توما (۸) متی (۹) یعقوب حلفا کا بیٹا (۱۰) لبی جسکو تدی بھی کہتے تھے (۱۱) شمعون کنعانی (۱۲) یہوداہ اسکریوتی کہ جسنے اسکو گرفتار بھی کرادیا تعالاوہ ان کے اور مرد اور چند عورتیں جیسا کہ مریم مگدلینی اور سلومی اور یعقوب کی ماں مریم بھی حضرت کے مخلصین میں سے تھیں [۱] یہ ایک شہر تھا جہیں یہ کمیٹی ہوئی تھی جسطرح کہ اول نائس میں پہر شہر کارتھیج میں ہوئی ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

کتاب یہودیت کو واجب التسلیم مانا اور سات کتابیں اور واجب التسلیم بتائیں جنکے نام ہیں (۱) کتاب آستر (۲) یعقوب کا خط (۳) پطرس کا دوسرا خط (۴) اور (۵) یوحنا کے دونوں خط (۶) یہوداکا خط (۷) پولس کا وہ خط جو عبرانیوں کو لکھا ہے۔ اور کتاب مکاشفات یوحنا کو ویسا ہی مشکوک چھوڑا اور اس حکم کو بذریعہ اشتہار جابجا مشتہر کرادیا پھر ۱۳۹۷ء میں ایک اور کمیٹی قائم ہوئی کہ جسکو انجمن کارتھیج کہتے ہیں اس میں علاوہ اگسٹائن کے جو انکے نزدیک بڑا عالم تھا ایک سو چھبیس ۱۲۶ اور بڑے بڑے عالم تھے اس مجلس میں پہلی مجلسوں کے حکم کو بحال رکھکر یہ سات کتابیں اور واجب التسلیم قرار دی گئیں (۱) کتاب وزدم (۲) کتاب توبیاس (۳) کتاب باروخ (۴) کتاب ایکلزیاستیکس (۵) (۶) مقابیں کی دونوں کتابیں (۷) مکاشفات یوحنا لیکن اس مجلس نے کتاب باروخ کو کتاب ارمیاہ کا جزو بنایا کیونکہ باروخ علیہ السلام ارمیاہ علیہ السلام کے خلیفہ اور نائب تھے۔ اسکے بعد اور تین مجلسیں مقرر ہوئیں کہ جنکو مجلس ترلو اور مجلس فلورنس اور مجلس ترنٹ کہتے ہیں ان مجلسوں نے مجلس کارتھیج کے حکم کو باقی رکھا مگر کتاب باروخ کو فہرست کتب میں علیحدہ لکھا پس یہ کتابیں بارہ سو برس تک عیسائیوں میں واجب التسلیم رہیں یہانتک کہ فرقہ پروٹسٹنٹ ظاہر ہوا اسنے کتاب باروخ اور کتاب توبیاس اور کتاب یہودیت اور کتاب وزدم اور کتاب ایکلزیاستیکس اور مقابیں کی دونوں کتابوں کو رد کردیا اور لغو سمجھا اور کتاب آستر کے چند بابونکو بھی الحاقی بتادیا کیونکہ اسکے متولہ باب تھے جنمیں اب نو باب اور دسویں کی بعض آیات کو مانتے ہیں اور باقی سبکو جعلی بتاتے ہیں اب آپکو انکے اسلاف کی تحقیق اور ان کتابوں میں اختلاف کیوجہ بخوبی معلوم ہوگئی ہوگی ✤۔

فصل (۲)

پیشتر اس کے کہ میں آپکو ان کتابوں کی اصلیت بتاؤں ایک اور بات سناتا ہوں کہ جس سے

toobaa-elibrary.blogspot.com

آپکو ان اصلی کتابوں کے گم ہوجانے میں کچھ تعجب نہ رہے اور وہ یہ ہے **قسیس** نورتن کہتے ہیں کہ موسےٰ علیہ السلام کے زمانہ میں لکھنے کا دستور نہ تھا انتہے اس قول کی صداقت ان دو باتوں سے اور بھی ہوتی ہے (**اول**) یہ کہ اس زمانہ میں کاغذ نتھا یہانتک کہ حضرت مسیح کے کئی سو برس بعد کاغذ ایجاد ہوا اور لکھنے کا دستور جاری ہوا چنانچہ اُس ہسٹری میں کہ جو ۱۸۵۰ء میں بمقام لندن مطبع چارلس ٹرالین میں چھپی ہے لکھا ہے کہ اول زمانہ میں سلائیوں سے تختوں پر حرف نقش کیا کرتے تھے پھر سب سے اول مصر والے درخت پیپرس کے پتوں پر لکھنے لگے پھر بلدہ پرگس میں خس کی دھلی ایجاد ہوئی اور آٹھویں صدی میں روئی اور ریشم کا کاغذ تیار ہوا انتہے (**دوئم**) یہ کہ تورات مطبوعہ ۱۸۳۵ء میں یہ ہے کہ ذبح کے پتھر و پیروضاحت سے تمام تورات کو لکھا تھا چنانچہ نسخہ فارسیہ مطبوعہ ۱۸۴۵ء کی یہ عبارت ہے (وزانجا بر سنگہا نسخہ تورات موسےٰ را کہ در حضور بنی اسرائیل نوشتہ بود نوشت انتہے۔ بلفظہ گرچہ بالفعل کے نسخوں میں اپنی جبلی عادت کے موافق اہل کتاب نے تورات کو چھوڑ کر احکام بنایا ہے لیکن ہمارا مدعا بخوبی ثابت ہے کہ اسوقت میں کاغذ نتھا اور اگر تھا تو بہت ہی کم اور کاغذ[۵۱] کی لکھی ہوئی بالخصوص ایسی ضخیم کتابیں کہ جیسے تورات ہے شاید تمام قوم میں ایک آدھ ہی نسخہ ہوگا۔ اور حفظ کا رواج تھا پس حضرت موسےٰ نے وہ نسخہ تورات (کہ جو کتاب الٰہی تھی خواہ بواسطہ جبرئیل علیہ السلام مع الفاظ حضرت موسےٰ پر نازل ہوئی تھی یا بطور الہام کے انہوں نے لکھی تھی ہر چہ باشد) احبار کو دیدیا تھا اور انہوں نے صندوق شہادت میں رکھدیا تھا اور سات برس کے بعد صندوق کھلتا اور یہودی عید کے روز اسکو سنتے تھے چنانچہ حضرت یشوع تک یہی حال رہا۔ پھر جب

[۵۱] اور یہ کہنا کہ لوہے یا لکڑی یا پیسہ کے تختے پر عبارت کھودنا بہت ہی بہتر اور پائدار اور معقول صورت تھی جائز ہے کہ تورات لوہے یا پتھر یا لکڑی کے تختوں پر لکھی ہو بالکل لغو ہے کیونکہ اگر تسلیم کرلیا جائے تو بدرجہا اولےٰ تورات کا ایک ہی نسخہ ہوگا کیونکہ عادتاً اتنی بڑی کتاب کا لوہے وغیرہ چیزوں کے تختوں پر کھودنا نہایت مشکل کیا

toobaa-elibrary.blogspot.com

یہود میں انقلاب ہوا کہ کبھی مرتد ہو کر سالہا سال بت پرستی کرتے تھے اور کبھی دیندار ہو جاتے تھے تو ان حوادث میں تورات جاتی رہی جزماً نہیں کہہ سکتے کہ کب گئی مگر اسمیں کچھ شک نہیں کہ سلیمان علیہ السلام کے عہد سے پیشتر تلف ہوئی کیونکہ جب سلیمان نے وہ صندوق کھولا تو اسمیں فقط وہ دو لوح برآمد ہوئیں کہ جن میں دس احکام لکھے ہوئے تھے چنانچہ یہ بات اول کتاب السلاطین کے ۸ باب درس ۹ سے ثابت ہے پھر سلیمان علیہ السلام کے بعد بنی اسرائیل کی سلطنت کے دو ٹکڑے ہو گئے اور دونوں سلطنتوں میں کفر اور بت پرستی نے تخمیناً ڈھائی سو برس تک وہ زور پکڑا کہ آخذ کے عہد میں بعل بت کے لئے ہر جگہ مذبح بنائے گئے اور بیت المقدس کے دروازے بند ہو گئے اور اس عرصے میں دو بار حملے بھی ہوئے چنانچہ ایکبار شاہ مصر نے چڑھائی کر کے بیت المقدس کو لوٹ کر تباہ کر دیا اور تمام چیزیں لیگیا اور ایکبار اسرائیل کا ایک مرتد بادشاہ چڑھ آیا اور اُسنے بھی ایسا ہی کیا المختصر سلیمان کے بعد سے تخمیناً چار سو برس تک یہ حال رہا کہ ایک مدت تک چند بادشاہ مشرک اور مرتد ہو کر دین موسوی کو برباد کرتے رہے اور بیچمیں ایک دو دیندار بھی ہو گئے آخر کار منسا کے عہد میں تو از حد کفر اور بت پرستی ہوئی چنانچہ خاص بیت المقدس میں بُت دھرے گئے یہانتک کہ جب یوسیاہ بن آمون تخت پر بیٹھا اور صدق دل سے بت پرستی سے توبہ کر کے دین موسوی کیطرف متوجہ ہوا

بقیہ نوٹ صفحہ ۵۸۹ اگر اُس زمانہ کے لحاظ سے محال معلوم نہ ہو پس جب تورات کا ہزار مثقال لکڑی کی تختیوں پر کھودکر ایک غایت درجہ کا نفیس تین نسخے مہیا کئے گئے تو اسقدر لکڑی کا انبار بخت نصر وغیرہ کے حوادث میں محفوظ رہنا اور اسکو کہیں چھپا دینا عادتاً محال ہے پس اُس انبار میں سے دس بیس تختے بھی گم ہو گئے تو تورات میں قطعی کمی ہو گئی پھر سخت مصائب اور سفروں میں اُس کے محفوظ رہنے کی کیا صورت ۱۲ منہ

ف کتاب استثناء کے اکتیس ۳۱ باب نویں درس میں ہے کہ موسے نے اس شریعت کو لکھا اور نبی لاوی کے جو صندوق شہادت اُٹھاتے تھے اور اسرائیل کے سارے بزرگوں کے حوالہ کیا۔ ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

تورات کو بہت ڈھونڈھا لیکن باینہمہ اسکو تورات کا پتا نہ ملا مگر اٹھارہویں سال خلقیاہ کاہن نے دعوی کیا کہ مجکو نسخہ تورات بیت المقدس میں سے دبا ہوا ملا ہے اور اُسنے بذریعہ ساطافن کاتب کے وہ نسخہ یوسیاہ کو دیا کہ جسکو سنکر یوسیاہ کو بنی اسرائیل کے گناہ پر بڑا رنج ہوا۔ (بظاہر سمجھ میں نہیں آتا کہ باوجود اس تجسس کے نہ بادشاہ کو نہ کسی اور کو بیت المقدس میں نسخہ تورات ملا خلقیا کو ملگیا پس قطعی یہ ہے کہ اتنی مدت تک خلقیاہ۔ حضرت موسےٰ کے حالات و دیگر حکایات کو اپنے طور پر جمع کرتا رہا جب مرتب ہوگیا تو یہ دعوے کیا) پس جب یہ بادشاہ مرگیا تو اسکی جگہہ اسکا بیٹا یہوآحاز تخت پر بیٹھتے ہی مرتد ہوگیا اور کفر پھیلا دیا۔ مگر اُسکو تھوڑے ہی دنوں بعد شاہ مصر نے گرفتار کرلیا پھر اُسکے بعد اسکا بھائی یہویقیم تخت پر بیٹھا وہ بھی مرتد ہوا اُسکے بعد اُسکا بیٹا یہویکین مرتد تخت پر بیٹھا تو بابل کا بادشاہ بخت نصر[۵۱] اُسکو گرفتار کرکے لے گیا اور بیت المقدس کو خراب کرگیا اور اُسکے چچا صدقیاہ کو اُسکی جگہ قائم کرگیا پس جب اُسنے بھی بخت نصر سے بغاوت کی تو دوبارہ بخت نصر نے چڑھائی کی پھر تو بیت المقدس کو بالکل منہدم کردیا اور ہزارہا بنی اسرائیل کو تہ تیغ کیا اور بیشمار کو غلام بنا کے لے گیا اور جلیل اور اورشلیم کو بھی مسمار کرگیا اس حادثہ میں تورات (اگر فرض کیا جاوے کہ وہ باقی تھی ورنہ وہی تصنیف خلقیاہ) اور تمام کتابیں روے زمین[۵۲] سے بالکل معدوم ہوگئیں چنانچہ اس بات کا اہل کتاب کو اقرار ہے۔ پھر اسکے بعد حضرت عزیر علیہ السلام نے حضرت عیسےٰ سے چار سو چھپن برس پیشتر جو کچھہ اپنی یاد پر لکھا تھا کہ جسکو اہل کتاب تورات کہتے ہیں گو وہ بھی غلطی سے خالی نہ تھا کیونکہ سفر اول اور دوم کتاب تاریخ کو حضرت عزیر نے بقول اہل کتاب حجی اور زکریا علیہم السلام کی مدد سے لکھا ہے اُسمیں اولاد بنیامین کے بیان میں

[۵۱] جسکو نبوکد نضر بھی کہتے ہیں چنانچہ کتاب السلاطین کی جلد دوم ۲۴ باب میں اس واقعہ کی تصریح ہے ۱۲ منہ

[۵۲] اسلئے کہ اسوقت بنی اسرائیل اسی ملک میں رہتے تھے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

تورات کا خلاف کیا ہے تورات میں جو غلطی سے دس لکھ گئے ہیں اُن کو کبھی تین اور کبھی پانچ تبلایا ہے) وہ بھی شاہ انٹیوکس کی چڑھائی میں برباد ہوگیا یہ حادثہ حضرت مسیح سے اکیسو اسٹھ برس پیشتر یہود پر گذرا ہے اور ساڑھے تین برس تک رہا ہے جیسا کہ کتب تواریخ سے ظاہر ہے باب اول کتاب اول مقابیس میں یہ ہے کہ انٹیوکس شاہ فرنگ[1] نے اورشلیم پر چڑھائی کی اور عہد عتیق کی تمام کتابوں کو جلا دیا اور حکم دیا کہ جس کے پاس یہ کتابیں نکلیں گی یا کوئی رسم شریعت بجا لاویگا قتل کیا جاویگا اور ہر مہینہ میں تین بار خانہ تلاشی کرتا تھا انتہے ملخصاً۔ اور ملنر کا تلک بھی اپنی اُس کتاب میں جو ۱۸۸۴ء میں بلڈ ڈربی میں چھپی ہے اُسکے ۵۱ صفحہ میں لکھتا ہے کہ علماء کا اسپر اتفاق ہے کہ اصل نسخہ تورات اور اسطرح اصل نسخے، عہد عتیق کے بخت نصر کے ہاتھ سے شہر اور شلیم اور ہیکل کی بربادی کے وقت جاتے رہے اور صحیح نقلیں اُن کی پھر عزرا کے طفیل سے بہم پہنچیں تو انٹیوکس کے حادثہ میں تلف ہوگئیں پھر مسیح اور حواریوں کی شہادت بغیر انکی تسلیم کے

[1] یعنے اُس کا بادشاہ جسکا پایۂ تخت شہر رومیہ میں تھا یہ قیصر وہ کی بڑی زبردست سلطنت مصر اور شام اور تمام یورپ پر حکمراں تھے قسطنتین اعظم سے پہلے جتنے قیصر گزرے ہیں سب بت پرست اور یہودی مذہب کے سخت دشمن تھے پھر جب انہیں کے عہد میں حضرت عیسےٰ پیدا ہوئے اور شام خاص بیت المقدس ان کے زیر حکم تھا انہیں کے گورنر کے حکم سے مسیح علیہ السلام یہودیوں کی خواہش سے گرفتار کر کے صلیب پر لٹکائے گئے جیسا کہ عیسائیوں کا گمان ہے اور پھر بعد میں حواریوں اور ان کے مرید عیسائی دینداروں پر شاہان قیصر کے ہاتھ سے وہ وہ ظلم وستم ہوئے کہ جنکے ذکر کرنے سے بدن پر رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں زندہ آدمیوں کو لوہے کے گرم ستون سے باندھنا یا آگ میں جلا دینا یا درندوں سے پھڑوا دینا ایک معمولی بات تھی بعض انہیں قیصروں کے عہد میں چند دیندار عیسائی ایک غار میں جا چھپے تھے جنکو اصحاب الکہف کہتے ہیں ایسے مصائب میں حضرت عیسےٰ علیہ السلام کی اصلی انجیل جو اپنے خدا کی طرف سے نازل ہوئی تھی تلف ہوجانا قرین قیاس ہے پھر بعد میں لوگوں نے حضرت کے حالات سوخانہ لکھنے شروع کئے انہیں کا نام انجیل قرار پایا[2] اسکی تصدیق اس بات سے بخوبی ہوتی ہے کہ جب بخت نصر نے

toobaa-elibrary.blogspot.com

کوئی صورت نہ تھی انتہے ملخصاً اس زمانہ پر قیاس کرکے یہ کہنا کہ عزیر اور انیٹوکس میں کئی سو برس کا فاصلہ ہے اس عرصہ میں بہت سی کتابیں پھیل گئی ہونگی یہود بالخصوص ملک یہود یہ کے قتل سے وہ سب کیونکر تلف ہوسکتیں کیا اب کوئی بادشاہ روم اور عرب کے قرآن جلائے تو فارس اور کابل اور ہندوستان کے کیونکر جلا سکتا ہے) ہدایت المسلمین) قیاس مع الفارق ہے کیونکہ اول تو اُس زمانہ میں عہد عتیق کا اگر کچھ وجود ہوگا تو غایۃ ایک یا بفرض محال دو نسخے ہونگے کچھ مطابع تو تھے ہی نہیں کہ ہزاروں کی نوبت پہنچی ہوگی یا کاغذ پر صدہا طاہی لکھی گئی ہوگی کیونکہ کاغذ نہ تھا نہ کتابت کا اسقدر رواج تھا کما مر دوم یہود یوں کا تو ہمیشہ سے ایک ملک مخصوص چلا آیا ہے اُس زمانہ تک وہ تمام جہان میں کہاں پھیلے تھے جو اہل اسلام اور قرآن پر قیاس کیا جاوے۔ اس امر کی تصدیق اس سے بھی بخوبی ہوسکتی ہے کہ جس طرح حضرت ابراہیم وغیرہ انبیاء علیہم السلام کے صحیفے عالم سے مفقود ہوگئے اسیطرح انبیاء بنی اسرائیل کی بہت وہ کتابیں کہ جنکا ذکر عہد عتیق میں اب تک پایا جاتا ہے ان حوادث میں روئے زمین سے معدوم ہوگئیں اور وہ یہ ہیں (۱) موسےٰ کا جنگنامہ جسکا ذکر سفر عدد کے ۲۱ باب ۱۴ آیت میں ہے (۲) کتاب الیسر جسکا ذکر کتاب یوشع کے ۱۰ باب ۱۳ آیت میں ہے (۳) اور (۴) اور (۵) سلیمان علیہ السلام کی تین کتابیں تھیں ایک پندرہ سو زبورات تھے

بقیہ حاشیہ (۵۸۲) عہد عتیق کو کہ جو صدہا سال سے یہود میں چلا آتا تھا نیست و نابود کر دیا تھے کہ اگر عزیر علیہ السلام نہ ہوتے تو بقول اہل کتاب پیر تورات کا صفحہ عالم پر کوئی نشان بھی نہ رہتا پس انیٹوکس کا فاصلہ تو بقول عماد الدین چار برس کا تھا اور یہود کو اگلے زمانہ کا ساعر وج بھی اس عرصہ میں نہ تھا اسمیں کسیطرح سے احتمال بھی نہیں ہوسکتا کہ یہود کے ہاں تورات کے صدہا اور ہزارہا نسخے پھیلگئے ہونگے اور شرقاً غرباً پہنچگئے ہونگے تاکہ یہ کہا جاوے کہ انیٹوکس کے فساد سے تمام نسخے کیونکر معدوم ہوسکتے ہیں پس جسطرح بخت نصر نے کچھ کم ہزار برس کا نسخہ تورات اپنے دوسرے حملے میں معدوم کر دیا تو انیٹوکس نے چار سو برس کے نسخہ عزیر کو تو ساڑھے تین برس کے ہر روزہ حملوں میں بدرجہ اولی معدوم کر دیا ہوگا ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

دوسری مخلوقات کی تاریخ بھی تیسری میں تین ہزار امثال تھیں کہ جنمیں سے کسیقدر امثال ابتک باقی ہیں ان تینوں کا ذکر کتاب اول سلاطین کے ۴ باب کے ۳۲ اور ۳۳ درس میں ہے (۶) کتاب قوانین سلطنت صموئیل کی تصنیف جسکا ذکر اول کتاب صموئیل کے ۱۰ باب ۲۵ درس میں ہے (۷) تاریخ صموئیل (۸) تاریخ ناتھن نبی کی (۹) تاریخ غیب میں نبی کے داود کی ان تینوں کا ذکر اول کتاب التواریخ کے ۲۹ باب ۳۰ درس میں موجود ہے (۱۰) کتاب سمیعا کی (۱۱) کتاب عید و غیب بیں کی (۱۲) کتاب اخیاہ نبی کی (۱۳) مشاہدات عید و غیب بیں کے ان دونوں کا ذکر دوم کتاب تواریخ کے ۹ باب ۲۹ درس میں ہے (۱۴) یاہو نبی کی کتاب اسکا ذکر دوم کتاب تواریخ کے ۲۰ باب ۳۴ درس میں موجود ہے (۱۵) اشیعا نبی کی کتاب کہ جس میں شاہ عزیاہ کا اول سے آخر تک حال مندرج تھا اس کا ذکر دوسری کتاب التواریخ کے ۲۶ باب ۲۲ درس میں ہے (۱۶) خرقیاہ نبی کے مشاہدات اسکا ذکر دوسری کتاب التواریخ کے ۳۲ باب کی ۳۲ - درس میں ہے (۱۷) مرثیہ ارمیا کا یوشیا پر علیہما السلام اسکا ذکر دوم کتاب التواریخ کے ۳۵ باب کی ۲۵ درس میں ہے (۱۸) کتاب التواریخ الایام اسکا ذکر کتاب عزیا کے باب ۱۲ کی ۲۳ درس میں ہے - اور دو کتابیں یوسیفس مورخ خرقیال علیہ السلام کی اور بتلاتا ہے اب یہ کل ۲۰ کتابیں ہیں کہ جنکے مفقود ہونے کا تمام علماء اہل کتاب اقرار کرتے ہیں اور افسوس ظاہر کرتے ہیں - مگر آجکل کے کرسٹین بقول شخصے مدعی سست گوہ چست یہ بات بناتے ہیں کہ یہ کتابیں الہامی نہ تھیں اسلئے متقدمین نے انکو محفوظ نہ رکھا اور اسیطرح حضرت موسےٰ علیہ السلام کی آٹھ کتابیں اور تھیں کہ بعض سے عیسائیوں کے بزرگوں نے سند پکڑی ہیں انہیں سے بھی اکثر مفقود ہیں اُن کے یہ نام ہیں (۱) گیارہ زبور (۲) ایوب کی دوسری کتاب (۳) کتاب مشاہدات (۴) پیدایش کی خورد کتاب (۵) کتاب معراج (۶) کتاب الاسرار (۷) کتاب شٹمنٹ (۸) کتاب الاقرار - چنانچہ ارجن کہتا ہے کہ درس ۹ باب ۵ اور درس ۱۵

toobaa-elibrary.blogspot.com

باب ۱۲ گلاتیوں میں پولوس کتاب پیدائش سے نقل کرتا ہے اور یہ بھی کہتا ہے کہ درس نامہ سیوداہ کا کتاب المعراج سے منقول ہے اور لارڈ نرنی اپنی تفسیر کی جلد دوم صفحہ ۱۲ میں اسکو نقل کیا ہے علاوہ اسکے اوروں سے بھی سند پکڑی ہو تو کچھ تعجب نہیں۔ پادریان حال کا یہ جواب کہ یہ الہامی نہ تھیں عذر بدتر از گناہ ہے کیونکہ الہامی نہونے کی صرف یہ وجہ کہتے ہیں کہ یہ تاریخی کتابیں انبیاء نے لکھی تھیں اُن میں الہام کو دخل نہ تھا **اقول** یہ کتابیں کہ جنکو اہل کتاب اب مانتے ہیں اُنہیں انبیاء کی تصنیف ہیں انہیں کہیں نہیں کہا ہے کہ ہم الہام سے لکھتے ہیں علاوہ اسکے تاریخ نویسی میں الہام کے کیا معنی؟ اگر یہ مراد ہے کہ سچے واقعات تو پھر ان کتب کی کیا خصوصیت ہے؟ جسقدر دنیا میں سچی تاریخیں ہیں سب الہامی ہیں اور اگر یہ مراد کہ اُنہیں اور مورخوں کی طرح سے راویوں اور کتابوں کے حوالہ سے درج نکیا جاوے بلکہ ایک انکشاف الٰہی سے لکھا جاوے تو اس صورت میں یہ کتابیں جواب الہامی مانی گئی ہیں الہامی نہیں کیونکہ لوقا اور مرقس سب راویوں کے ذریعہ سے حالات لکھتے ہیں اور ان کتب مسلمہ میں تاریخی کتابوں کے حوالے ہیں اور کوئی الہام کی صورت تاریخ نویسی میں سمجھ میں نہیں آتی کہ جو ان کتابوں میں ہے اور وہیں نہ تھی باوجود اس کے اُنکے بھی یہی لوگ مصنف ہیں پس فرق بتلانا پادریوں کے ذمہ ہے ورنہ رجما بالغیب باتوں کیطرف ہم کان بھی نہیں دینگے جبکہ آپ کو یہ حال معلوم ہو چکا تو اب میں چند دلائل منصفانہ بیان کرتا ہوں کہ جنسے یہ بات بخوبی معلوم ہو جائے کہ یہ کتابیں حضرت موسےٰ کی تصنیف نہیں (۱) ان کتابوں میں بہت سے ایسے مضامین پائے جاتے ہیں کہ جنسے یہ معلوم ہوتا ہے کہ موسےٰ کے بہت بعد یہ کتابیں لکھی گئی ہیں۔ **شاہد اوّل** کتاب استثناء کا ۳۴ باب تو یہی کہہ رہا ہے کہ موسےٰ کے صدہا سال بعد کوئی شخص اسکا مصنف ہے چنانچہ اسمیں یہ ہے۔ سو موسیٰ خداوند کا بندہ خداوند کے حکم کے موافق موآب کی زمین میں مرگیا اور اُسے موآب کی ایک وادی میں بیت فغور کے مقابل گاڑا پر

وجہ اول
شاہد اول

toobaa-elibrary.blogspot.com

شاہد دوم

آج کے دن تک کوئی اُسکی قبر کو نہیں جانتا انتہے۔ شاہد دوم درس ۱۳ باب ۳۴ کتاب پیدایش کا یوں ہے پھر بنی اسرائیل نے کوچ کیا اور اپنا خیمہ عیذر کے ٹیلے کے اُس پار استادہ کیا انتہے۔ حالانکہ عیذر نام اُس منارہ کا ہے جو شہر یروشلم کے دروازہ پر تھا۔ حضرت موسےٰ کے عہد میں اسکا کہیں نام ونشان بھی نہ تھا بلکہ صدہا برس بعد بنایا گیا۔

شاہد سوم

شاہد سوم۔ درس ۳ باب ۲۱ کتاب گنتی کا یہ ہے چنانچہ یہواہ نے بنی اسرائیل کی آواز سنی اور کنعانیوں کو گرفتار کروادیا اور انہوں نے انہیں اور اُن کی بستیوں کو حرم کردیا اور اُس نے اُس مکان کا نام حرمہ رکھا انتہے۔ حالانکہ یہ واقعہ حضرت موسےٰ کیا بلکہ حضرت یوشع کے بعد واقع ہوا ہے کیونکہ موسیٰ تو اپنی زندگی میں کنعان تک پہنچے بھی نہ تھے بستیوں کا حرمہ کرنا تو کجا؟ ان مقامات پر مفسرین اہل کتاب عاجز ہوکر یہ کہتے ہیں کہ یہہ جملے الحاقی ہیں اور اُن کو حضرت عزیر نے ملادیا ہے مگر یہہ جب قبول ہوتا کہ اُسکا کوئی ثبوت کافی ہوتا ورنہ بے تک عزیر کا نام لے دینا فضول ہے کیسی جگہہ اُنہوں نے یہ نہیں کہا کہ فلاں فقرہ میرا ہے اور نہ کوئی فرق کے لئے نشان لکھا بلکہ تمام کلام متصل یکساں ہے (۲) زبور اور کتاب یسعیاہ اور یرمیاہ اور حزقیل کے ملاحظہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اُسوقت میں بھی تصنیف کا طرز اور مصنفوں کے محاورات ایسے ہی تھے کہ جواب ہیں کہ جہاں مصنف اپنا حال لکھتا ہے تو متکلم کے صیغے بولتا ہے گو کسیجگہ بلفظ غائب بھی تعبیر کرتا ہے مگر اس تورات میں تو ابتدا سے لیکر انتہا تک کسی مقام پر بھی متکلم کا صیغہ نہیں بولا گیا۔ بلکہ جو کوئی تورات کو اور کسی تاریخ کیساتھ (کہ جسمیں کسی مورخ نے کسیکے حال کو سالہا سال بعد لکھا ہے) مقابلہ کریگا تو سرمو تفاوت پاویگا۔ اور یہی حال باقی نبیوں کی کتابوں کا ہے اگرچہ سب الفاظ کا نقل کرنا مشکل ہے مگر نظیر کے طور پر کسیقدر نقل کرتا ہوں باب ۱ درس ۲ خروج کا یہہ ہے۔ اُن روزوں میں یوں ہوا کہ جب موسےٰ بڑا ہوا الخ ۱۵ جب فرعون نے یہہ سنا تو چاہا کہ موسےٰ

وجہ دوم

toobaa-elibrary.blogspot.com

قتل کرے پر موسے فرعون کے حضور سے بھاگا الخ ۲۱ تب موسے اس شخص کے گھر رہنے پر راضی ہوا۔ اول سے لیکر آخر تک تمام کتاب میں یہی طور ہے علاوہ اس کے اور تمام کتابوں کا (کہ جنکو وہ انبیاء کیطرف منسوب کرتے ہیں) یہی حال ہے چنانچہ کتاب یشوع کی یہ عبارت ہے۔ جب خداوند کا بندہ موسیٰ مرگیا تو یوں ہوا کہ خداوند نے نون کے بیٹے یشوع کو جو موسے کا خادم تھا خطاب کرکے فرمایا الخ۔ باب تب نون کے بیٹے یشوع نے سطم سے دو مرد بھیجے الخ کتاب روت میں بھی کوئی شخص نامعلوم لغومی یہودیہ کی بہو مسماۃ روت کا قصہ بیان کر رہا ہے چنانچہ اسکی یہ عبارت ہے۔ اور لغومی کا شوہر الیملک مرگیا وہ اور اسکے دونوں بیٹے باقی رہ گئے تھے اُن دونوں نے موآب کی عورتوں میں سے جوروائیں ایک کا نام عرفہ اور دوسری کا نام روت تھا۔ الخ اسیطرح کتاب صموئیل کا بھی عنوان صاف صاف باواز بلند یہ کہہ رہا ہے کہ کوئی شخص صموئیل کے قصہ کو لکھ رہا ہے چنانچہ صموئیل کی والدہ حنہ کا تمام قصہ لکھکر یہ مورخ کہتا ہے (۲۰) اور ایسا ہوا کہ حنہ کو حاملہ ہونے کے بعد جب دن پورے ہوئے وہ بیٹا جنی اور اُسکا نام صموئیل رکھا۔ الخ وقس علیہ البواقی (۳) ان کتابوں میں بہت سے ایسے مضامین پائے جاتے ہیں کہ جنسے خدا پاک کی ذات مقدس میں اور اسکے ملائکہ کرام اور انبیاء علیہم السلام میں سخت عیب لگتا ہے اور کتب الٰہیہ کی شان سے یہ ناممکن ہے کیونکہ ان سے ہدایت مقصود ہوتی ہے نہ ضلالت پس ثابت ہوا کہ یہ الہامی نہیں ہیں **شاہد اول** کتاب پیدائش کے باب ۱ درس ۲۶ سے ثابت ہے کہ خدا نے آدم کو اپنے ہمشکل بنایا۔ اور کئی مقام سے بھی یہی ثابت ہے جس سے لازم آیا کہ خدا تعالیٰ مجسم اور حادث ہے تعالی اللہ عن ذلک **سوال** قرآن میں بھی تو خدا کے لئے منہ اور ہاتھ ثابت کیا ہے **جواب** اسمیں اور جسمانیت میں زمین و آسمان کا فرق ہے اسکی تفصیل پہلے ہم کرچکے ہیں[1] **شاہد دوم** کتاب پیدائش کے باب ۳ درس

وجہ سوم

شاہد اول

شاہد دوم

[1] بعض خفیہ کرسٹان توراۃ کو اصلی ثابت کرنے کے لیے ان تمام عیوب کو ذات باری میں

toobaa-elibrary.blogspot.com

میں ہے اور خداوند نے کہا دیکھو کہ انسان نیک و بد کی پہچان میں ہم میں سے ایک کی مانند ہوگیا اور اب ایسا نہو کہ اپنا ہاتھ بڑھاوے اور حیات کے درخت سے کچھ لیوے اور کھاوے اور ہمیشہ جیتا رہے انتہے۔ یہانسے کئی برائیاں ثابت ہوئیں (۱) یہ کہ کئی خدا ہیں (۲) یہ کہ علم و ادراک میں آدم خدا کی مانند ہوگیا (۳) یہ کہ خدا کو آدم کے ہمیشہ جینے سے اندیشہ اور خوف پیدا ہوا۔ **شاہد سوم** - اسی کتاب کے باب ۶ درس ۵ و ۶ میں ہے تب خداوند زمین پر انسان پیدا کرنے سے پچھتایا اور نہایت دلگیر ہوا انتہے۔ یہاں سے اسکی جہالت اور عاجزی ثابت ہے **شاہد چہارم** کتاب خروج کے باب ۱۶ اور باب ۲۹ اور کتاب احبار کے باب ۲۶ اور کتاب دوم صموئیل کے باب ۷ اور ۲۲ اور کتاب خروج کے باب ۲۴ اور کتاب اول سلاطین کے باب ۲۲ وغیرہ مقامات میں تصریح ہے کہ خدا تعالےٰ بدلی میں اترا اور خیمہ کے دروازہ پر کھڑا رہا۔ اور اسکے منہ سے آگ اور نتھنوں سے دھواں نکلا۔ اور وہ ایک کروبی پر سوار ہو کر اڑا اور اسرائیل کے ستر لوگوں نے موسےٰ اور ہارون کے ساتھ میں خدا کو (کرسی پر بیٹھے) دیکھا اور کھایا اور پیا۔ اور اسکا لباس برف سا سفید اور اسکے سر کے بال صاف مثل اون کی مانند تھے۔ اس خرافات کو کچھ ٹھکانا ہے۔ **شاہد پنجم** - کتاب پیدایش کے باب ۳۲ درس ۲۴ میں ہے کہ یعقوب سے صبح صادق تک تمام رات خدا کشتی لڑتا رہا اور صبحکو جب جانا چاہا تو یعقوب نے بغیر برکت کے لیے جانے نہ دیا۔ اور باب اول فصل سوم مفتاح الاسرار میں پادری فنڈر صاحب اس کشتی لڑنے والے کو خدا کہتے ہیں۔ **شاہد ششم** کتاب خروج کے باب ۲۰ درس ۵ اور باب ۳۴ درس ۷ اور کتاب یرمیاہ باب ۳۲ درس ۱۸ میں تصریح ہے کہ خدا تعالیٰ باپ دادوں کے گناہ کی سزا ان کی

بقیہ ۵۸۷ تسلیم کرتا ہے اور ان آیات و احادیث کو کہ جنکے معنی علماء متکلمین نے بالاتفاق اسطرح بیان کئے ہیں جیسا کہ مفسر نے بیان فرمایا اور تمام اہل اسلام اسپر متفق ہیں کہ وہ جسمانیت اور مکانیت اور شکل و صورت وغیرہ سے پاک ہے یہ جاہل نہیں مانتا جیسا کہ اسکے پنج گنج سے واضح ہے ۱۲ حکم غلام حسن

toobaa-elibrary.blogspot.com

میری جو ہی پشت کو دیتا ہے۔ واہ کیا انصاف ہے کرے کوئی بھرے کوئی سبحان اللہ عما یصفون۔ ملائکہ کی نسبت کتاب پیدائش کے ۱۸ باب ۸ درس میں یہ ہے۔ پھر اُسنے گھی اور دودھ اور اُس بچھڑے کو جو اُسنے پکوایا تھا لیکے اُن کے سامنے رکھا اور آپ اُنکے پاس درخت کے نیچے کھڑا رہا اور انہوں نے کھایا تھے۔ پس جب فرشتوں نے کھایا پیا تو تمام شہوانی باتیں جو تفسیر کو لازم ہیں پائی گئیں پھر قدوسیت ملائکہ کہاں رہی؟ اب انبیاء کی نسبت سنیے **شاہد اول** کتاب پیدائش کے ۹ باب میں ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام شراب پیکر بدمست اور بدحواس ہوئے کہ تمام ستر برہنہ ہوگیا اور اُن کے بیٹوں نے ڈھانکا **شاہد دوم** کتاب پیدائش کے ۱۹ باب میں ہے کہ حضرت لوط نے شراب پیکر اپنی دونوں بیٹیوں سے زنا کیا اور یہ معاملہ دوبار وقوع میں آیا **شاہد سوم** حضرت یعقوب علیہ السلام نے بکری کے بچوں کی کھال ہاتھوں پر لپیٹکر جھوٹ بولا اور اپنے باپ اسحاق کو دھوکا دینے کو اپنا نام عیص بتلایا یہ کتاب پیدائش کے ۲۷ باب میں مذکور ہے **شاہد چہارم** کتاب پیدائش کے ۳۴ باب میں مذکور ہے کہ حمور کے بیٹے سکم نے حضرت یعقوب کی بیٹی دینہ سے زنا کیا اور یعقوب کے بیٹوں نے اس سے یہ مکر کیا کہ تو اور تیری تمام قوم اگر ختنہ کرے تو دینہ کی شادی تجھ سے کردیں چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا اور ان نبی زادوں نے ایسا موقع پاکر اُسکو اور اُسکی تمام قوم بیگناہ کو نہایت بے رحمی سے تہ تیغ کیا اور مال و اسباب لوٹ لیا اور اُنکی بیویوں اور بچوں کو غلام بنایا مگر حضرت یعقوب نے منع کرنا تو درکنار اس نالائق حرکت پر اپنی ناراضی بھی ظاہر نہ کی **شاہد پنجم** کتاب خروج کے ۳۲ باب میں ہے کہ بنی اسرائیل کے کہنے سے موسے کی غیبت میں ہارون علیہ السلام نے زیور کا ایک بت بنایا اور تمام بنی اسرائیل سے اُسکو پجوایا اور اُسکے لیے

انبیاء کی عصمت

شاہد اول

شاہد دوم

شاہد سوم

شاہد چہارم

شاہد پنجم

لہ ان سب باتوں کو بھی وہ خصیہ کرشان تسلیم کرتا ہے جیسا کہ جواب تفسیر حقانی اور ہیچ گنج وغیرہ رسائل سے ثابت ہے مسلمانو کو اس منافق کے فریب سے کہ لباس اسلام دھوکا دیتا ہے بچنا فرض ہے ۱۲ حکیم غلام حسن

toobaa-elibrary.blogspot.com

قربانیاں گزرانے کا حکم دیا اور یہ کہا کہ یہ تمہارا وہ معبود ہے کہ جو تمہیں مصر کی زمین سے نکال لایا انتہے یہ وہ ہارون ہیں کہ جنہوں نے بالمشافہ خدا تعالیٰ کو دیکھا اور اوس سے کلام کیا تھا اور اُن کے لیئے خدا کے گھر کی کہانت مقرر ہوئی تھی۔ اسپر یہ بت پرستی تو بہ تو بہ

شاہد ششم سموئیل کی دوسری کتاب کے ۱۱ باب میں ہے کہ حضرت داؤد اپنے بام پر چڑھے اتفاقاً اوریاہ کے جورو بنت سبع نہاتے دیکھکر اسپر فریفتہ ہو گئے اور آدمی بھیجکر اسکو بلوایا اور اُس سے زنا کیا کہ جس سے وہ عورت حاملہ ہوئی پھر اُس کے خاوند کے مکر و تدبیر کرکے مروا ڈالا جسپر ناتن نبی کی معرفت داؤد پر بڑی زجر و توبیخ ہوئی انتہے یہ وہ داؤد ہیں کہ جن کی تصنیف زبور کتب مقدسہ میں شامل ہے اور جو عیسائیوں کے خدا حضرت عیسےٰ کے جدامجد ہیں اور جو خدا کی پیروی کرنے والے ہیں اسپر یہ حرام کاری اور یہ مکاری

شاہد ہفتم کتاب اول سلاطین کے ۱۱ باب میں ہے کہ حضرت سلیمان نے باوجود سخت ممانعت کے موابی اور عمونی وغیرہ بت پرست عورتوں کو بیوی بنایا اور خواہش نفسانی کو یہ طغیانی ہوئی کہ سات سو بیگمات اور تین سو حرموں تک نوبت پہنچی اور پھر اپنے یہانتک عاشق اور مرید بن ہوئے کہ بتوں کی طرف مائل اور تعمیر بتخانوں میں مصروف اور شامل ہو گئے اور آخر عمر میں ایمان کو بھی سلام کر گئے انتہے الحصہ یہ وہ سلیمان ہیں کہ جن کی تصنیفات امثال و غزل الغزلات اہل کتاب میں الہامی مانی جاتی ہیں اور جن کے لئے خدا تعالیٰ نے یہہ فرمایا تھا کہ دیکھہ میں نے عاقل اور سمجھدار دل تجھکو بخشا ایسا کہ تیری مانند تجھہ سے آگے نہوا اور تیرے بعد تجھسا برپا نہوگا (کتاب اول سلاطین باب ۳ ورس ۱۲) اسی قسم کے اور بہت سے شواہد ہیں **ف** قرآن مجید میں خدا تعالیٰ نے ان مقامات میں ان ناپاک باتوں کے انتساب سے بھی اپنی ذات مقدسہ اور ملائکہ اور انبیاء علیہم السلام کو بری کیا ہے **(وجہ چہارم)** ان کتابوں میں باہم ایسے مضامین متعارض پائے جاتے ہیں کہ جو الہامی کتابوں کی شان سے ازبس بعید ہیں۔ اور مواضع متعارضہ میں سے

toobaa-elibrary.blogspot.com

ایک کا غلط ہونا بدیہی ہے۔ ان مواقع میں مفسرین اہل کتاب لاچار ہوکر یہہ کہدیتے ہیں کہ یہ سہو کاتب ہے چنانچہ ایسے سہو کاتب کہ جنکو دیر یویس ریڈنگ کہتے ہیں خود پادری فنڈر صاحب نے مباحثہ دینی مطبوعہ اکبر آباد میں لاکھہ سے بھی زیادہ تسلیم کیئے ہیں چنانچہ صفحہ ۵۳ میں لکھتے ہیں کہ گریسباخ نے ایسے غلط مقامات ایک لاکھہ پاس ہزار گنے ہیں اور انسائی کلوپیڈیا برٹینکا کی جلد ۱۹ بیان اسکرپچر میں لکھا ہے کہ فاضل ویسٹین نے ایسے مقامات دس لاکھہ سے زیادہ گنے ہیں انتہے۔ اب جبکہ ایسے بڑے محققین اقرار کرتے ہیں تو کسی آجکل کے کرسٹین مانیے پادری کا انکار کیا وقعت رکھتا ہے؟ اثبات تحریف کے لیے ہمکو نہ اب اُن مقامات کے نقل کرنے کی ضرورت ہے۔ عماد الدین کے ان جوابوں کی خاک اوڑانے کی حاجت ہے (۱) کہ یہہ کاتب کی بھول ہے غلطی عمداً ظہور میں نہیں آئی (۲) دس بیس باتیں کسی سچی کتاب میں جعلی نکل آنے سے وہ کل کتاب کیونکر جعلی ہوسکتی ہے (مقامات تعارض میں یہ جوابات ہیں) ایک جگہ یوں ہوا تو پھر کیا اور دوسری جگہ برخلاف آگیا تو کیا ہوا مطلب واحد ہے (۳) ان باتوں سے تحریف کیونکر ثابت ہوگئی (۴) مولوی رحمت اللہ مطلب نہیں سمجھے (۵) اچھا اگر ایسا تعارض ہوا تو پھر کیا اس سے کہیں کتب مقدسہ میں عیب لگ سکتا ہے کیونکہ یہ ایسے بسانڈے جواب ہیں کہ جنسے ہر دانشمند کو یقین کامل ہوجاتا ہے کہ درحقیقت یہ کتابیں جعلی ہیں (وجہ پنجم) ان کتابوں کا طرز و طریق فحش آمیز اور نہایت غیر مہذب ہے جو روح کے تقاضا سے پورا کرنیسے بالکل عاری ہے بلکہ قوائے شہوانیہ اور خیالات شیطانیہ کے جلا دینے کے لئے ایک عمدہ نسخہ ہے میں بطور نمونہ کے کسیقدر عبارتیں نقل کرکے دکھاتا ہوں۔ کتاب یسعیاہ کے ۴۲ باب میں خدا کا کلام یہہ ہے۔ میں بہت مدت چپ رہا۔ میں خاموش ہو رہا۔ آپ کو روکتا گیا پر اب میں اُس عورت کیطرح جسے درد زہ ہو چلاؤنگا اور ہانپونگا اور زور زور سے ٹھنڈی سانس بھی لونگا۔ اور نوحہ یرمیاہ کے باب ۳ میں خدا کو یہہ اور

تحریف کا ثبوت

وجہ پنجم

toobaa-elibrary.blogspot.com

شیر بتایا ہے کتاب حزقیل کے ۲۳ باب میں یہ ہے خداوند کا کلام مجکو پہنچا۔ اور اُسنے کہا اے آدم زاد دو عورتیں تھیں جو ایک ہی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوئیں انہوں نے مصر میں زنا کاری کی وے اپنی جوانی میں یار باز ہوئیں وہاں اُن کی چھاتیاں ملی گئیں اور وہاں اُن کے بکر کی پستان چھوئی گئی اُن میں کی بڑی کا نام اہولہ اور اُس کی بہن اہولیبہ وے میری جوروان ہوئیں اور بیٹے بیٹیاں جنیں الخ کتاب یرمیاہ کے ۳ باب میں ہے کہاوت ہے کہ کوئی مرد اگر اپنی جورو کو نکالے اور وہ وہاں سے جاکے دوسرے مرد کی ہو جائے کیا وہ پہلا اُس پاس پھر جائے گا کیا وہ زمین ناپاک نہو گی لیکن تو نے بہت یاروں کے ساتھ زنا کیا تب بھی میری طرف پھر آ انتہے مانا کہ یہاں کچھ اور مراد ہے مگر کلام میں بڑا فساد ہے کتاب لیسیاہ کے ۲۳ باب میں ہے اور وہ پھر خرچی کے لئے جائیگی اور ساری زمین کی مملکتوں سے زنا کرے گی لیکن اسکی تجارت اور خرچی خداوند کے لیئے مقدس ہوگی الخ بلکہ اسکی تجارت کا حاصل انکے لیئے ہوگا جو خداوند کے حضور رہتے ہیں کہ کہا کے سر ہو دیں نفیس پوشاک پہنیں الخ مقدس لوگوں کو کیا پاک مال کہلوایا اور کیسی پوشاک پہنوائی ہے الہامی بیان اسیکو کہتے ہیں کتاب حزقیل کے ۲۳ باب میں یہ ہے ۱۹۔ تیسرہی اُسنے اپنی جوانی کے دنوں کو یاد کرکے (جبکہ وہ مصر کی زمین میں چھنالا کرتی تھی) زنا کاری پر زنا کاری کی (۲۰) سو وہ پھر اپنے یاروں پر مرنے لگی جنکا بدن گدھوں کا سا بدن اور جن کا انزال گھوڑوں کا سا انزال تھا انتہے۔ غزل الغزلات کے ۴ باب ۱۰ درس میں یہ ہے میری بہن میری زوجہ تیرا عشق کیا خوب ہے انتہے اور اسی قسم کی اور بہت تشبیہات فحش آمیز ہیں کہ جن کے پڑھتے وقت لیڈیاں بلاشک آنکھیں نیچی کر لیتی ہوں گی۔

وجہ ششم محققین اہل کتاب کا ان کتابوں کے مصنفوں کی بابت اور اُن کے زمانہ تالیف کی بابت سخت اختلاف ہے جس سے یہ نتیجہ پیدا ہوتا ہے کہ محض تخمینی

toobaa-elibrary.blogspot.com

طور پر ان کتابوں کو انبیاء کی تصنیف بتلاتے ہیں نہ کوئی اُن کے پاس مولفین تک[1] سند متصل ہے نہ کوئی اور دلیل قابل تسکین ہے بلکہ صرف قیاس اور تخمین ہے۔ تورات کی نسبت سکندر گیدس[2] کا قول انسائی کلوپیڈیا بینی کی دسویں جلد میں منقول ہے کہ مجکو یقینی طور سے تین باتیں معلوم ہوئیں (۱) یہ کہ تورات موجودہ ہرگز موسےٰ کی تصنیف نہیں (۲) یہ کہ کسی شخص نے اسکو کسخان یا اور سلیم میں موسیٰ کے بہت مدت بعد لکھا ہے (۳) یہ کہ اسکی تالیف داؤد کے زمانہ سے پہلے کی نہیں ہے۔ اور کتاب یوشع کی نسبت بھی بڑا اختلاف ہے بعض لوگ تو اوسکو تصنیف یوشع کی کہتے ہیں اور ڈاکٹر لائٹ فٹ اسکو فینحاس کی تصنیف بتلاتے ہیں اور کالون عزرا کی تصنیف کہتے ہیں اور داٹل صموئیل کی اور ہنری ارمیا کی تصنیف کہتے ہیں اسیطرح قاضیون کی کتاب میں بھی سخت اختلاف ہے۔ بعض کہتے ہیں خرقیل کی اور بعض ارمیا کی اور بعض عزرا کی اور بعض فینحاس کی کہتے ہیں حالانکہ عزرا اور فینحاس میں تخمیناً نو سو برس کا فاصلہ ہے اسلیئے یہود لاچار ہوکر بے تک اسکو صموئیل کی تصنیف بتلاتے ہیں۔ کتاب اعوت

[1] آجکل کے پادری سلمانو نسے سند متصل کا لفظ تو سیکھ گئے ہیں مگر معنی سے ہنوز بیخبر ہیں باوجود بڑی لن ترانیوں کے کسی پادری صاحب نے آجتک اپنے سے لیکر کسی کتاب کے مؤلف تک سلسلہ وار متصل سند نہ لکھی کاش وہ بیچارے جھوٹے ہی نام فرض کرکے پادری عماد الدین یہ لکھدیتے۔ کیونکہ جھوٹ پر تو پولوسی مذہب کا مدار ہے۔ اور یوں تو بڑی شیخیاں بگھارتے ہیں کہ فلاں صاحب نے کتاب الاسناد میں سند لکھی ہے۔ خیر سند کو چھوڑو کوئی ہزار برس کا پرانا نسخہ ہی بتاؤ اور جو پرانے نسخے عبری کے گنوائے ہیں تو محض دم بازی کی ہے۔ جنکو یہ پرانا نسخہ کہتے ہیں غایتہ آٹھ سو برس کا ہے اور یہ آٹھ سو برس بھی پرانے اور پھٹے ورق دیکھکر کہے جاتے ہیں ورنہ اسکی بھی کیا دلیل ہے؟۔ گوصنوبر کے مارے پادری لوگ منہ سے نہ کہیں مگر دلیں تو ہمارے قول کی خوب تصدیق کرتے ہیں ۱۲ منہ

[2] یہ شخص عیسائیوں میں بڑا محقق ہے ۱۲ منہ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

میں بھی سخت اختلاف ہے بعض کہتے ہیں حزقیا کی تصنیف ہے اس تقدیر پر یہ الہامی نہیں اور بعض کہتے ہیں عزرا کی تصنیف ہے یہود اور اکثر عیسائی صموئیل کی تصنیف کہتے ہیں اور کاتلک ہرلڈ کی ساتویں جلد کے صفحہ ۲۰۵ میں ہے کہ راعوت کی کتاب ایک گھر کا دکھڑا سا ہے اور یونس کی کتاب محض کہانی ہے یعنی دونوں غیر معتبر ہیں۔ کتاب نحمیا میں بھی اختلاف ہے اکثر کہتے ہیں نحمیا کی تصنیف ہے اور کریزاسٹم وغیرہ عزرا کی کہتے ہیں لیکن اس میں دارا شاہ ایران کا بھی ذکر ہے جو نحمیا کے سو برس بعد ہوا ہے اسلئے لاچار ہو کر اس باب کو الحاقی کہتے ہیں۔ کتاب ایوب میں بھی نہایت اختلاف ہے۔ میکائلس اور سملر اور بشب اسٹاک وغیرہم کہتے ہیں کہ ایوب ایک فرضی نام ہے اور یہ کتاب جھوٹی کہانی ہے اور جو ایوب کا وجود مانتے ہیں تو وہ اس کے زمانہ میں اختلاف کرتے ہیں بعض ابراہیم علیہ السلام سے پہلے زمانہ کا بعض موسےٰ کے زمانہ کا بعض قضات کے عہد کا اور بعض یعقوب علیہ السلام کے زمانہ کا اور بعض سلیمانؑ کے عہد کا بعض بخت نصر کے عہد کا بعض اردشیر شاہ ایران کے عہد کا بتلاتے ہیں اور اس کتاب کے مصنف میں بھی سخت اختلاف ہے کوئی الیہود کوئی ایوب کوئی موسےٰ کوئی سلیمان کوئی اشعیا کوئی کسی نامعلوم شخص کو کہتا ہے کہ جو نمسےٰ بادشاہ کے عہد میں ہوا ہے اور بعض حزقیل اور بعض عزرا کا نام لیتے ہیں **زبور** میں بھی ایسا ہی اختلاف ہے **ارجن** اور **اگسٹائن** وغیرہم کل کو داؤد علیہ السلام کی تصنیف کہتے ہیں اور جیروم اور یوسی بیس وغیرہ علما اس قول کو رد کرتے ہیں اور تہتر زبور سے زیادہ کے مصنف کو نامعلوم شخص کہتے ہیں۔ اور باقی نوے سے ننانوے تک کو حضرت موسیٰ کی تصنیف اور اکہتر زبور کو داؤد کی اور بارہ کو اساف کی اور گیارہ زبور کو قورح کے تین بیٹوں کی کہتے ہیں اور اٹھاسیویں زبور کو ہیمان کی اور نواسیویں کو ایتھان کی اور تین زبور کو جدوتھن کی تصنیف کہتے ہیں اور ایکسو ستائیسویں کو سلیمان کی تصنیف کہتے ہیں۔ امثال سلیمان میں بھی نہایت اختلاف ہے

کتاب نحمیا

کتاب ایوب

زبور

امثال سلیمان

toobaa-elibrary.blogspot.com

الغرض یہ اختلاف سلف سے خلف تک چلا آیا ہے کہ جسکو لاچار ہوکر پادری فنڈر صاحب وکیل مذہب پولوسی نے بھی میزان الحق میں قبول کرلیا ہے۔ **قولہ** اگرچہ پرانے عہد کی بعض کتاب لکھنے والے کا نام معلوم نہیں ہے لیکن مسیح کی گواہی سے اور ان دلائل سے بھی جو کتب اسناد میں ہیں یقین ہوتا ہے کہ وہ سب الہام کی راہ سے لکھی گئی ہیں (صفحہ ۴ فصل ۳ باب اول) اور اسیطرح اختتام مباحثہ دینی مطبوعہ اکبر آباد ۱۸۵۴ء کے صفحہ ۳۶ میں کہتے ہیں **قولہ** بعض صحیفوں کی بابت معلوم نہیں کہ کس نبی کے ہاتھ سے لکھے گئے انتہے صفدر علی وعماد الدین وغیرہما کرسٹین اسکے جواب میں مسیح کی گواہی اور سلف کا تسلیم کرنا جو بیان کرتے ہیں ہم اس جواب کیطرف اگلی فصل میں غور کرینگے کہ آیا یہ لوگ سچ کہتے یا جھوٹ؟ اب مجکو اس دلیل کے لئے اور صحیفوں کی بابت اختلاف نقل کرنے کی کچھ حاجت نہیں رہی جبکہ مخالف کا وکیل خود تسلیم کرتا ہے۔ ان وجوہ سے یہ معلوم ہوا کہ یہ تورات حضرت موسے کے صدہا سال بعد مشایخ یہود نے تصنیف کی ہے ہیں کچھ غلط اور صحیح حالات حضرت موسے کے بھی ہیں اور کچھ احکام اصل تورات کے ہیں کہ جو انکو زبانی یا اپنی اور کتابوں کے ذریعہ سے یاد تھے اور کچھ آسمان وزمین وغیرہ چیزوں کی تاریخ ہے واللہ اعلم (عہد جدید) خیر تورات میں یہ بات تو ہے گئی ہیں کسیقدر مطالب اصل تورات کے ہیں اور کچھ پچھلے مشایخ کے لکھے ہوئے تاریخی واقعات کہ جسکے مجموعہ کو اہل کتاب حضرت موسے کی تصنیف وہ کتاب تورات بتلاتے ہیں کہ جو انہوں نے بالہام الٰہی تصنیف کرکے لاویونکو دی تھی چنانچہ کتاب استثنا کے ۳۱ باب ۲۴ درس میں یہ ہے (اور ایسا ہوا کہ جب موسے اس شریعت کی باتوں کو کتاب میں لکھ چکا اور وہ تمام ہوئیں تو موسے نے لاویونکو الخ فرمایا کہ اس کتاب کو لیکے خداوند اپنے خدا کے عہد کے صندوق کی ایک بغل میں رکھو انتہے لیکن جسکو عیسائی انجیل کہتے ہیں وہ تو نہ حضرت عیسے پر بذریعہ وحی نازل ہوئی نہ خود انکی تصنیف نہ ان کے زمانہ میں تصنیف ہوئی بلکہ ایک عرصہ بعد

عہد جدید کی حقیقت

toobaa-elibrary.blogspot.com

لوگوں نے حضرت عیسے علیہ السلام کے حالات اور اُنکے معجزات اور پند و نصائح کو جمع کر لیا ہے جنمیں سے دو مصنف تو وہ ہیں کہ جنہوں نے حضرت عیسے کو دیکھا بھی نہیں ایک مرقس دوسرا لوقا بلکہ لوقا کے اُستاد پولوس نے بھی حضرت عیسےٰ کی صحبت نہیں پائی پس یہ دونوں تو محض سنی سُنائی باتیں لکھتے ہیں کہ جسمیں الہام کو کچھ بھی دخل نہیں چنانچہ خود اونکے دیباچہ سے یہ بات معلوم ہوتی ہے اور دو شخص اگر وہی متی اور یوحنا ہیں کہ جو حضرت کے حواری ہیں تو اپنے اوپر گزرے ہوئے واقعات اور کچھ سنی سنائی بات لکھتے ہیں اور اکثر جگہ تورات و صحف انبیاء کے غلط حوالہ دیتے ہیں کہ یہ مضمون فلاں جگہ لکھا ہے۔ حالانکہ وہاں اُسکا کہیں نام و نشان بھی نہیں پس ان کتابوں کو حضرت عیسےٰ سے وہ نسبت ہے جو سکندر نامہ کو سکندر سے اور ہنود کی کتاب رامائن کو راجہ رامچندر سے ہے پس جو اس انجیل کو حضرت عیسےٰ کی کتاب بتادے وہ سکندر نامہ کو بھی سکندر کی تصنیف بتلاوے اب یہ بات باقی رہی کہ آیا خود حضرت عیسےٰ کی بھی کوئی انجیل تھی جو حوادث مفصلہ ذیل میں تلف ہو گئی یا انجیل کے معنے تعلیم کے ہیں خود حضرت عیسےٰ کی تعلیم و وعظ ہی انجیل تھا؟ جہانتک تجسس کیا گیا یہی بات معلوم ہوئی کہ خود حضرت عیسےٰ علیہ السلام کے عہد میں ایک کتاب تھی کہ جسکا قرآن میں ذکر ہے اور جسکا ثبوت کتاب مرقس کے ۱۶ باب درس ۱۵ میں ہے۔

اور اُسنے انہیں کہا کہ تم تمام دنیا میں جاکے ہر ایک مخلوق کے سامنے انجیل کی منادی کرو اتھے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عیسے کے عہد میں انجیل تھی۔ اور پولوس مقدس کے نام گلاتیون کے اول باب درس ۱۱ سے بھی اس انجیل کا پتا لگتا ہے۔ پر اے بھائیو میں تمہیں جتاتا ہوں کہ انجیل جسکی میں نے خبر دی انسان کے طور پر نہیں ہے (۱۲) اسلیئے کہ میںنے اُسکو کسی آدمی سے نہیں پایا نہ کسینے مجھے سکھایا پر وہ یسوع مسیح کے الہام سے مجھے ملی اتھے۔ اور اسی باب میں پہلے لوگوں کو تہدید کرتا ہے۔ کہ بعض لوگ مسیح کی انجیل اُلٹ دینی چاہتے ہیں لیکن اگر ہم یا آسمان سے کوئی فرشتہ سوائے اس انجیل کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

جو ہمنے تمیں سنائی دوسری انجیل تمہیں سنائے وہ ملعون ہوئے انتہے اور دوسرے باب میں پطرس اور برنباس حواریوں کی شکایت میں لکھتا ہے ۱۴ ارجب مینے دیکھا کہ وے انجیل کی سچائی پر سیدھی چال نہیں چلتے انتہے۔ یہانسے کئی باتیں معلوم ہوتی ہیں (۱) یہ کہ پولوس کے پاس خاص حضرت عیسےٰ کی انجیل تہی اور وہ ان چاروں انجیلوں موجودہ کے غیر تہی کیسلئے کہ لوقا اور مرقس اور یوحنا کی انجیل تو اتبک تصنیف بہی نہیں ہوئی تہی اور متی کی انجیل پر یہ صادق نہیں آسکتا کہ مینے اسکو کسی آدمی سے نہ پایا الخ کیسلئے کہ اگر یہ انجیل مراد ہوتی تو یہ تو اُنکو آدمیوں ہی کے ذریعے ملتی کما لایخفی (۲) یہ کہ اسوقت بہی عیسائیوں میں انجیل کے اُلٹ دینے والے پیدا ہو گئے تہے۔ اب عیسائی کس مُنہ سے کہتے ہیں کہ انجیل میں تحریف کرنے سے کیا غرض تہی الخ۔ اب میں وہ وجوہ بیان کرتا ہوں کہ جنکے دیکھنے سے یہ تعجب نرہے کہ حضرت مسیح کی انجیل کیوں مفقود ہوگئی؟ (۱) تو وہی سبب کہ اُس زمانہ میں بہی لکھنے کا دستور نہایت کم تہا اور کاغذ کم موجود تھا شاید درختوں کے پتوں یا کسی اور چیز پر لکھتے ہونگے جیسا کہ مورخین کے قول سے پہلے واضح ہوا (۲) یہ کہ اول اور دوسری صدی میں عیسائی غریب اور مفلس لوگ تہے اور بہت کم اور جہاں کہیں کوئی حواری جاتا تہا وہیں اُسپر مصیبت آجاتی تہی اسپر طرہ یہ ہوا کہ اُسوقت کے بادشاہ اُن کے سخت دشمن ہوگئے اور قتل عام شروع ہوگیا چنانچہ دس بار عیسائیوں پر یہ قتل شروع ہوا اور متصل تین سو برس تک جاری رہا اول ۶۴ء میں نیرو شاہ فرنگستان کے حکم سے ہوا جسمیں پطرس حواری اور پولوس وغیرہ مارے گئے دوسرا جو دشیان کے عہد میں ہوا اس ظالم نے بہی از حد خونریزی کی اور یوحنا حواری جلاوطن ہوئے تیسرا قتل ترجان کے عہد میں اٹہارہ برس تک رہا الغرض ایسے ایسے قتل دس بار ہوئے کہ جنمیں گرجا گرائے گئے اور زمین خون سے رنگین کی گئی اور تلاش کرکے کتابیں جلائی گئیں اس کے جواب میں پادری کہتے ہیں کہ تین سو برس تک گو یہ حوادث عظیمہ ہے لیکن بہت سے ملکوں میں عیسائی مذہب اور انجیل پہیل گئی

toobaa-elibrary.blogspot.com

تھی پھر کیونکر صفحہ عالم سے مفقود ہوگئی الخ میں کہتا ہوں کہ جسقدر یہودیوں کی موسےٰ سے لیکر بخت نصر تک ترقی اور شوکت اور شیوع اور حکومتیں اور زمانہ گزرا ہے اسکی نصف بھی تین سو برس میں عیسائیوں کی ترقی اور حکومت نہیں ہوئی پھر جب اس ایک حادثہ میں تورات صفحہ عالم سے مفقود ہوگئی حتےٰ کہ اگر عزیر نہ ہوتے تو نام ونشان بھی باقی نہ رہتا تو اسقدر حوادث عظیمہ میں اس مفلس اور غریب قوم سے انجیل کا مفقود ہونا کیا تعجب کی بات ہے پس اس زمانہ پر قیاس کرنا بڑی غلطی ہے اور شاہد اس امر پر یہ ہے کہ بہت سی کتابیں اس زمانہ کی اب بالکل مفقود ہیں چنانچہ انجیل یوحنا کے ۲۱ باب درس ۲۴ میں ہے یہ وہ شاگرد ہے جسنے ان کاموں کی گواہی دی اور ان باتوں کو لکھا الخ اب اس شاگرد مسیح کی لکھی ہوئی کتاب کا نام ونشان بھی نہیں بسیطرح انجیل لوقا کے دیباچہ سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ اسوقت اور لوگوں نے بھی حضرت عیسےٰ کے احوال میں انجیلیں لکھی تھیں چنانچہ تفسیر ہنری واسکاٹ اور ڈوالی اور جڈ منٹ میں اسکی تصریح ہے مورخ موشیم اپنی کتاب مطبوعہ ۱۷۳۳ء کی جلد اول میں فرقہ ناصریوں اور ایبونی کے بیان میں لکھتا ہے کہ ان دونوں فرقوں کے پاس ہماری انجیلوں کے علاوہ ایک اور انجیل تھی کہ جسکے بارہ میں ہمارے علماء کا اختلاف ہے انتہےٰ ملخصاً (۳) اول ہی صدی میں عیسائیوں میں اناجیل تصنیف کرنے کا شوق ہوگیا تھا پس وہ انجیلی حضرت مسیح کی اناجیل کو الٹ پلٹ کر اپنی تصانیف کو زیادہ رواج دینا چاہتے تھے جیسا کہ پولوس[1] کے بیان سے ثابت ہوتا ہے لہذا اس وقت ہی میں بہت سی انجیلیں تصنیف ہوگئی تھیں پس ان حوادث میں جب اصلی انجیل مٹ گئی تو ان میں سے جسکی انجیل مشہور ہوگئی اسی پر سادہ لوح عیسائیوں نے قناعت کرلی۔ اب میں ان چاروں کتابوں کی بابت گفتگو کرتا ہوں کہ اور تاریخ نے

[1] نہ وہ پولوس کی انجیل اب کسی کے پاس ہے کہ جسکو وہ ان سب انجیلوں کے غیر جملہ کر اسپر چلنے کا حکم دیتے تھے اور اس کے علاوہ اور انجیلوں کے سننے والے پر لعنت کرتے تھے سب سے زیادہ تعجب یہ ہے کہ حواریوں میں

وجوہ فقدان انجیل شریف

toobaa-elibrary.blogspot.com

اُن میں کونسی بات زائد ہے کہ جسکی وجہ سے اُنکو آسمانی کتابیں اور الہامی صحیفے مانا جاوے اور انبیاء کی فہرست کتب میں درج کیا جاوے واضح ہو کہ انکا الہامی ہونا دو باتوں پر موقوف ہے (۱) یہ کہ انکے مصنفین انبیاء رہوں (۲) انکی یہ تالیف محض عام مورخوں کی مانند نہو کہ جو کسی واقعہ کو دیکھکر یا سنکر لکھتے ہیں بلکہ محض انکشاف الٰہی اور تائید روح القدس سے ہو کہ جو خاصۂ انبیاء رہے اور جسمیں غلطی کو دخل نہیں ہوتا ورنہ یوں تو ہر شاعر اور ہر مورخ بلکہ ہر شخص بشرطیکہ وہ امر شہر نہو الہام ہی سے کرتا ہے میں یہی یہ کتاب الہام کے ذریعہ سے لکھ رہا ہوں اول امر دو شخصوں کی نسبت تو بالکل نہیں پایا جاتا یعنے ان چاروں میں سے لوقا اور مرقس کی نبوت ابتک کسی قوی دلیل تو کیا اقناعی سے بھی ثابت نہیں ہوئی نہ تو کسی کتاب عہد عتیق میں ان کی نبوت کی پیشین گوئی ہے نہ حضرت مسیح علیہ السلام نے انکو نبی کہا ہے نہ انکے بارہ حواریوں میں سے کسی نے فرمایا ہے ✤ اول تو معجزات وخرق عادات کا دعیٰ انکے نزدیک کچھ اعتبار ہی نہیں کیونکہ انجیل متی کے باب ۲۴ درس ۲۴ میں حضرت عیسےٰ کا قول یہ ہے کہ بہت سے جھوٹے نبی ظاہر ہونگے اور ایسے بڑے معجزے اور کرامتیں دکھائینگے اگر ممکن ہوتا تو وہ برگزیدوں کو بھی گمراہ کرتے انتہےٰ دوم اسنے کوئی معجزہ یا کرامت بھی سرزد نہیں ہوئی نہ کسی جگہہ انکا اور کوئی کمال مذکور ہے بلکہ اس سبب سے کہ انکو پولوس نے تعلیم کیا ہے ان کی صداقت میں یہی کلام ہے کیونکہ پولوس کا دینی امور میں جھوٹہہ بولنا اور جھوٹ سے اپنے خیالات کا پھیلانا پہلے مذکور ہو چکا ہے پولوس کسیطرح سے نبی نہیں بلکہ دین عیسوی کا محرف ہے اور نامہ حواریونمیں جو کچھہ اسکی کرامات لکھی ہیں وہ ہمارے لیئے سند نہیں کیونکہ وہ اسکے شاگرد کی تصنیف ہے اگر سچ ہے تو انہیں معجزات میں شمار ہوگا کہ جن کی مسیح علیہ السلام نے خبر دی ہے کیونکہ اسنے شریعت پر چلنے والیکو ملعون کہا اور تثلیث کی تعلیم کی اور حضرت موسےٰ کی تورات کو لغو اور کمزور بتلایا چنانچہ نامہ عبرانیوں کے ، باب

بقیہ صفحہ ۵۹۸) پطرس وغیرہ کسی بڑے حواری کی تو کوئی بھی انجیل نہو اور مرقس اور لوقا تابعین کی انجیلیں تسلیم کیجاویں

۱۸ اور میں کہتا ہے پس اگلا حکم (یعنے تورات) اسلئے کہ کمزور اور بیفائدہ تھا اوٹھہ گیا
تھے۔ بلکہ یہ شخص جناب مسیح علیہ السلام کی جناب میں بھی نہایت بے ادبی کرکے اُن کو ملعون
کہتا ہے العیاذ باللہ پس جبتک عیسائی پولوس اور ان کے شاگرد لوقا اور مرقس کی نبوت
نہ ثابت کردیں انجیل لوقا اور مرقس اور پولوس کے خطوط سے ہمارے روبرو کوئی سند
نہ پیش کریں کیونکہ جبکہ اُن کی نبوت تو کیا بلکہ دینداری ہی میں کلام ہے تو اُن کی تصانیف
کا کیا اعتبار ہے؟ اب رہے متی اور یوحنا سو اول تو اسکا بھی کوئی کافی ثبوت نہیں کہ
یہ وہ متی اور یوحنا ہیں کہ جو حواری ہیں دوم انکی نبوت کی بابت بھی کوئی پیشین گوئی کہیں سے
منقول نہیں نہ کوئی مسیح علیہ السلام کا قول پایا جاتا ہے اور نہ کوئی معجزہ و کرامت منقول ہے
اور اگر ہو تو اُسکا کیا اعتبار ہے کیونکہ مسیح علیہ السلام فرماتے ہیں اُسدن بہتیرے کہینگے
اے خداوند اے خداوند کیا ہمنے تیرے نام سے نبوت نہیں کی اور تیرے نام سے دیو کو نہیں
نہیں نکالا اور تیرے نام سے بہت سی کرامتیں ظاہر نہیں کیں اُسوقت میں اُن سے
صاف کہونگا میں کبھی تمسے واقف نتھا اے بدکارو میرے پاس سے دور ہو انتہے (متی باب ۷)
کیونکہ سب حواری انکی کتابوں کے بموجب پاکباز اور دیندار نہ تھے دیکھئے یہود انے آنحضرت
کو گرفتار کروادیا آخر خودکشی کرکے مرگیا اور پطرس وغیرہ کو یولوس نے انجیل پر نہ چلنے
کا الزام لگایا اور کیا کیا ان کی نسبت کہا اور دنیا سے آسمان پر چلتے وقت حضرت مسیح سب
حواریوں کو بے ایمانی کا لقب دے گئے جیسا کہ مرقس کے ۱۶ باب درس ۱۴ میں ہے اب جبتک
یہ نہ ثابت کردیا جاوے کہ متی اور یوحنا اُن باتوں اور اُن القابوں سے مستثنےٰ اور صاحب
نبوت ہیں کیونکہ نبوت کا اقرار کیا جاوے۔ ہاں ہم اہل اسلام اپنی تحقیق سے اُنکو دیندار
اور راستباز کہتے ہیں اور اُنکا نہایت ادب کرتے ہیں۔ دوسری بات تو بہت ظاہر ہے

ف۱ اور کتاب اعمال حواریوں سے جو کوئی ثابت کرتا ہے تو بیفائدہ محنت اُٹھاتا ہے کیونکہ یہ کتاب لوقا
کی تصنیف ہے کہ جو پولوس کے شاگرد رشید ہیں ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

کہ یہ کتابیں انہوں نے الہام سے نہیں لکھیں کیونکہ لوقا اور مرقس تو سنکر لکھتے ہیں جیسا کہ خود دیباچہ لوقا سے معلوم ہوتا ہے اور متی اور یوحنا اپنے روبرو گزرا ہوا معاملہ لکھتے ہیں اسمیں بھی الہام کی کوئی ضرورت نہیں چنانچہ پاسوبرا اور پاپیاس کہتے ہیں کہ جب حواری بخشم خود دیدہ یا معتبر گواہوں سے سنکر لکھتے تھے تو ان کو الہام کی حاجت نتھی انتہے بلکہ پولوس کے قول کے بموجب تو یہ چاروں کتابیں قابل رد ہیں کیونکہ اُسنے اُس انجیل کے سوا (کہ جو اسکو مسیح سے بلا توسط غیر ملی تھی جیسا کہ پہلے ذکر ہوا) اور کسی انجیل کے ماننے والے پر لعنت کی ہے اور یہ ظاہر ہے کہ یہ چاروں وہ انجیل نہیں بالفرض ہوئی بھی تو ایک ہوگی پھر تین غیر معتبر رہیں اس کے سوا اور چند دلیل ہیں کہ جنسے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ الہامی نہیں (۱) یہ کہ اُن کے مولفین نے بڑی سخت غلطیاں کی ہیں چنانچہ متی نے جو مسیح کا نسب نامہ لکھا ہے اُسمیں کئی نام بھول گیا جسکی تاویل میں مفسرین نہایت تکلفات کرتے ہیں اور اسیطرح اور چند غلطیاں کی ہیں کہ جنکی تفصیل اعجاز عیسوی وغیرہ کتابوں میں ہے اسیطرح لوقا نے دوسرے باب میں غلطی کی ہے کہ اوگسطس قیصر نے اسم نویسی کا حکم دیا تھا اور قورنیوس حاکم یہود کے وقت میں یوسف نجار اپنی بیوی مریم علیہا السلام کو جو حاملہ تھیں ہمراہ لیکر شہر بیت اللحم میں نام لکھوانے آیا تھا اور وہاں حضرت مسیح پیدا ہو پڑے انتہے ملخصاً حالانکہ یہ صریح غلط ہے اول یوں کہ قورنیوس حضرت مسیح کی ولادت کے پندرہ برس بعد وہاں کا حاکم ہوا تھا دوم یہ کہ حسب بیان متی حضرت مسیح ہیرود کے عہد میں پیدا ہوئے تھے اور اُسکی زندگی تک یہ ملک قورنیوس وغیرہ حکام روم کے قبضہ میں نہ آیا تھا (۲) یہ کہ ان کتابوں میں بہت سے ایسے جھوٹے مضامین مندرج ہیں کہ جنکی شہادت آجتک کسی تاریخ سے نہیں پائی جاتی نہ عقل اُنکو تسلیم کرسکتی ہے مثلاً متی نے ۲۷ باب میں لکھا ہے کہ حضرت عیسےٰ نے جب صلیب پر چلا کر جان دی تو ہیکل کا پردہ اوپر سے نیچے تک پھٹ گیا اور زمین کانپی اور پتھر ترک گئے اور قبریں کھل گئیں اور بہت لاشیں پاک لوگوں کی قبروں سے نکلکر مقدس شہر میں بہتوں کو نظر آئیں انتہے ملخصاً اور اسیطرح لوقا نے ۲۳ باب

وجہ اول

وجہ دوم

toobaa-elibrary.blogspot.com

میں لکھا ہے کہ چھٹویں گھنٹہ کے قریب تھا کہ تمام زمین پر اندھیرا چھا گیا اور نویں گھنٹہ تک رہا اور سورج تاریک ہو گیا اور ہیکل کا پردہ بیچ سے پھٹ گیا انتہے اور اسیطرح متی نے ۲۷ باب میں لکھا ہے کہ مجوسیوں کو ایک ستارہ دکھائی دیا اور وہ اُن کے آگے چلتا تھا اور جہاں مسیح پیدا ہوئے تھے وہاں آکر ٹھہر گیا انتہے الملخصاً (۳۷) حضرت مسیح کی نسبت وہ قول بھی نقل کیے ہیں کہ جو اُن کی شان سے نہایت بعید ہیں چنانچہ یوحنا اپنی کتاب کے ۱۰ باب میں حضرت مسیح کا قول نقل کرتے ہیں کہ مجھ سے پیشتر جسقدر انبیاء آئے ہیں سب چور اور رہزن تھے انتہے الملخصاً پھر اسی قول کی تقلید کر کے پولوس مقدس حضرت موسےٰ کی جناب میں کیا گستاخی کرتے ہیں کہ ہم موسےٰ کی مانند عمل نہیں کرتے جسنے اپنے چہرہ پر پردہ ڈالا تاکہ بنی اسرائیل اخیر تک نہ دیکھیں لیکن ان کی فہم تاریک ہوگئی کیونکہ آجتک پرانے عہدنامہ کے پڑھنے میں وہی پردہ رہتا ہے اُٹھ نہیں جاتا الخ انتہے (نامہ دوم قرنتیوں کا باب ۳) اور نامہ عبرانیوں میں تورات کو کمزور اور بیفائدہ کہتا ہے اور اس سے بڑھکر فرقہ پروٹسٹنٹ کے پیرومرشد لوتھر صاحب اور ہی کلمات تعظیم منہ سے نکالتے ہیں چنانچہ وارڈ صاحب اپنی کتاب اغلاط نامہ مطبوعہ ۱۸۴۱ء کے صفحہ ۳۷ میں کہتے ہیں کہ لوتھر صاحب اپنی ایک کتاب کی تیسری جلد کے صفحہ ۴۰ میں لکھتے ہیں ہم نہ سنینگے اور نہ دیکھینگے موسےٰ کو اسلئے کہ وہ صرف یہودیوں کے لیئے تھا اور ہمکو اُس سے کچھ علاقہ نہیں پھر کہتے ہیں کہ ہم نہ موسےٰ کو نہ اُسکی تورات کو قبول کرینگے اسلیئے کہ وہ دشمن عیسےٰ کا ہے۔ اور جلاد و نکاستا وہی پھر کہتے ہیں کہ اُن کے دس حکموں کو خارج کرنا چاہیئے کیونکہ تمام بدعت انہیں پر موقوف ہے انتہے حالانکہ اُن دس حکموں میں یہ بھی ہے کہ شرک نہ کرو ماں باپ کی تعظیم کرو ہمسایہ کو ایذا نہ دو خون نکرو زنا نکرو جھوٹی گواہی نہ دو وغیرہ لیکن اس تعلیم کے بموجب تو عیسائی شرک کرنے اور ماں باپ کی گستاخی کرنے اور ہمسایہ کو ستانے اور چوری اور زنا اور خون کرنے جھوٹ بولنے کو راہ نجات سمجھتے ہونگے؟ معاذ اللہ اگر یہی الہام ہے تو اس الہام کو

toobaa-elibrary.blogspot.com

سلام (۴) ایسی غلط بیشین گوئیاں ان کتابوں میں مندرج ہیں کہ جنکے جھوٹھہ ہونے میں کسی عاقل کو ذرا بھی شک نہیں چنانچہ انجیل متی کے ۲۴ باب میں اور مرقس کے ۱۳ باب میں اور لوقا کے ۲۱ باب میں مذکور ہے کہ حضرت مسیح نے اپنے حواریوں سے مخاطب ہوکر اپنے دوبارہ آنے کی بابت یہ فرمایا تھا کہ اُن دنوں میں سخت مصیبت پڑے گی کہ جو نہ کبھی پہلے پڑی ہے اور نہ آگے پھر پڑے گی اور سورج اندھیرا ہو جائیگا اور چاند اپنی روشنی نہ دیگا اور ستارے آسمان سے گر جائینگے اور آسمان کی قوتیں ہل جاویں گی تب ابن آدم کو (یعنے مجھکو) بادل پر بڑی قدرت اور جلال سے آتے دیکھینگے اسکے بعد پھر فرماتے ہیں کہ میں تمسے سچ کہتا ہوں کہ جب تک یہ سب[1] کچھ نہولے اسوقت کے لوگ گزر نہ جاوینگے۔ اور بعض کتب مطبوعہ ۱۸۴۱ء میں ہے کہ جب تک یہ سب کچھ پورا نہولے یہ پشت گزر نہ جائے گی اور انجیل مرقس میں یہ ہے کہ اس زمانہ کے لوگ جبتک یہ سب کچھ واقع نہولے گزر نہ جاوینگے۔ حالانکہ اُس زمانہ کے تمام لوگ گزر گئے اور بہتوں کی تو انتظار میں آنکھیں بھی پتھرا گئیں تھیں مگر ان سب چیزوں میں سے کوئی بھی انہوں نے نہ دیکھی۔ اس مقام پر یہ خیال میں آتا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام نے یہ باتیں قیامت کے علامات میں فرمائی ہونگی سو انشاء اللہ واقع ہونگی مگر یہ مورخ اپنی غلط فہمی سے کچھ اور سمجھ گئے۔ اب اسپر بحکم اندکے از بسیارے وشتے از خروارے ان انجیلوں کی جملہ تحقیقات اور الہام کو قیاس کرلینا چاہیئے۔ اسی لیے ان کتابوں اول اور دوم صدی کے عیسائیوں کو نہایت تردد اور شک تھا چنانچہ محقق برنٹیڈر

[1] بعض پادری کہتے ہیں کہ اس سب کچھ سے مراد صرف بیت المقدس پر مصیبت آنا تھا سو وہ اسوقت کے لوگوں نے دیکھا انتہے میں کہتا ہوں کہ یہ تمام باتیں ذکر کرکے پھر سب کچھ کہنا تو برہان قوی ہے اس بات پر کہ یہ سب چیزیں مراد ہیں کہ بعض سب کچھ سے۔ بعض مراد لینا تمام اہل عقل کے نزدیک مقبول ہے یوں تو بلا قرینہ ہر چیز کی تاویل ہوسکتی ہے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور اسٹاڈلن اور فرقۂ الوجین جو دوسری صدی میں تھا اس انجیل کو یوحنا حواری کی تصنیف نہیں کہتا تھا اور یہی قرین قیاس بھی ہے کیونکہ جب اس انجیل کا انکار ہوا تو اریوس نے جو پولی کارپ کا شاگرد ہے کبھی نہیں کہا کہ پولی کارپ نے کہ جو خاص یوحنا کا شاگرد ہے اسکو یوحنا کی تصنیف بتلایا ہے اور اسٹاڈلن کہتا ہے کہ یہ انجیل قطعی کسی طالبعلم مدرسہ اسکندریہ نے لکھی ہے۔ بعض پادری کہتے ہیں کہ اسکندریہ کا مدرسہ تو اس انجیل کے بعد قائم ہوا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ یہ کیونکر ثابت ہوا کہ اس مدرسے مشہورہ کی کتاب تھی اس پادری کی بات کو مانیں یا اسٹاڈلن جیسے محقق کی بات مانیں کہ جسکے قول کو ہارن صاحب مفسر نے بڑے ادب سے اپنی کتاب کی جلد چہارم صفحہ ۳۱۶ میں لکھا ہے۔ اسیطرح اور تینوں کتابوں کی نسبت بھی بہت کچھ قیل وقال تھی۔ اور یہ قیل وقال ضرور ہونی چاہیئے تھی کیونکہ اس زمانہ میں صدہا انجیلیں تصنیف ہوگئی تھیں اور جو غیر معتبر شخص ہے وہ تقلید فلاسفۂ یونان اپنی کتاب کو کسی اور مشہور آدمی کے نام سے شہرت دیتے تھے۔ چنانچہ تخمیناً اسّی نوے اور کتابیں ابتک عیسائیوں میں مشہور ہیں کہ جنکو اُن کے مرید الہامی کہتے تھے مگر جب مانکی نہ چلی اور مخالفوں نے اپنی کتابوں کو رد کر دیا تو وہ غریب بے الہامی ہوگئیں۔ اس کی وجہ سے بیچارہ پولوس بھی بڑا خجل ہوتا تھا تین سو برس تک عیسائیوں میں یہی جھگڑا رہا کہ کسی نے کسی کتاب کو الہامی سمجھا اور انجیلوں کے سننے سنانے والے کو ملعون کہا کسنے کسی کتاب کو عیسےٰ علیہ السلام کی انجیل قرار دیکر اپنا دل خوش کیا آخر جب قسطنطین شاہ روم کہ جو بڑا ظالم اور نہایت سفاک تھا اپنے گناہ معاف کرانے اور اپنے

لہ انجیل متی اصل میں عبرانی میں تھی اسکا ترجمہ یونانی میں خدا جانے کسنے کیا اور کیسا کیا۔ اب اسکی کسیکے پاس پاس نہیں کہ جو اس سے مقابلہ کر کے دیکھا جاوے۔ یہاں سے آپکو کتابوں کے گم ہو جانے میں کچھ تعجب نہ معلوم ہوگا کیونکہ جس طرح اور جس سبب سے متی کی عبرانی کتاب مفقود ہو گئی وہی سبب اور کتابوں کے لیئے پیش آیا ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

ظلموں کے مٹانے کے لیئے پولوس کی جماعت کا مرید ہوا تو اُسنے شہر نائس میں عیسا ہوں کو جمع کر کے ان کتابوں کی بابت ایک کمیٹی قائم کی اور اپنے زور اور شوکت سے تمام عیسائیوں کو ان کتابوں کے ماننے پر مجبور کیا اور مسئلہ تثلیث اور کفارہ کو کہ جسکے اعتما د پر وہ عیسائی ہوا تھا بحکم رواج دیا اسوقت سے ان کے ہاں اس زبردستی کا نام اجماع سلف قرار پایا کہ جسکو آجکل کے عیسائی ان کتابوں کے مقبول ہونے کے لیئے سند قرار دیتے ہیں چنانچہ پادری صفدر علی کہ جسنے ان کتابوں کے الہامی ثابت کرنے کا بیڑا اُٹھایا ہے نیاز نامہ کے صفحہ ۲۰۰ میں بڑی مجبوری سے اقرار کرتے ہیں کہ وجوہات مذکورہ بالا کے باعث تخمیناً سنہ ۳۰۰ عیسوی تک نہ تو تمام جماعتوں کو تمام نوشتوں کی اصلیت کا حال معلوم ہوگیا تھا الخ پس جو کچھ ان کے پاس برائے نام سند ہے وہ سنہ ۳۰۰ عیسوی تک بمشکل پہنچتی ہے آگے تو بس یہی سند ہے کہ اگناشش پاولی کارپ وغیرہ کی تحریرات میں بعض ایسے جملے پائے جاتے ہیں کہ جنکا مضمون ان کتابوں سے ملتا ہے غالباً یہیں سے لیا گیا ہے الخ۔ یہ سند تو ایسی لغو ہے کہ جسکی لغویت پر سند کی حاجت نہیں کیونکہ بہت سی پہلی کتابوں کے مضامین پچھلی کتابوں سے مطابق ہوجایا کرتے ہیں پھر کیا کوئی دانشمند پچھلی کتاب کو مقدم کہہ سکتا ہے ؟ گلستاں بوستاں میں بعض کیا بہت سے مضامین وعظ و پند کے اناجیل کے وعظ و پند سے ملتے ہیں اب کوئی بیوقوف ہوگا جو یہ کہیگا کہ اناجیل سعدی کی کتابوں سے لکھی گئیں یا اناجیل کے وقت سعدی کی کتابیں تھیں پس اسیطرح اگناشش وغیرہ کی تصانیف اگر مقدم ہوں تو کیا بعض مضامین کی مطابقت سے موخر ہوجانیگی بلکہ بسا اوقات بعض کتابوں کے مضامین میں توافق ہوتا ہے اور ایک کو دوسرے کی خبر بھی نہیں ہوتی اُس سے لینا یا اُسکی شہادت دینا چہ معنی دارد؟ و لو سلنا اگر شہادت ہے تو بعض مضامین کی ہے کل کتاب کا تسلیم کر لینا کہاں سے پایا جاتا ہے ؟ واضح ہو کہ یہ بات ہمارے اور عیسائیوں کے نزدیک متفق علیہ ہے کہ یہ چاروں انجیلیں

نہ حضرت عیسےٰ کی تصنیف ہیں نہ ان کے عہد میں لکھی گئی ہیں پس ہمکو تو بحث کو اسجگہہ تمام کر دینا چاہیئے تہا کیونکہ جس انجیل کے اہل اسلام قائل ہیں اور جسکا قرآن میں ذکر ہے وہ انجیل ہے کہ جو حضرت عیسےٰ علیہ السلام پر بذریعہ روح القدس نازل ہوئی جسطرح کہ تورات وزبور ودیگر صحف انبیاء کا حال ہے مگر چونکہ عیسائی اسبات کے قائل ہیں کہ گو یہ مسیح کی اناجیل نہیں مگر یہ بہی الہامی اور رسولونکی تصنیف ہیں اسلیئے ان سے بہی بحث کرنی پڑی ہر چند اس بات کو بہی ہمنے بتجسس کر کے دیکھا مگر بہت سے وجوہ سے غلط پایا اور عیسائیوں کے پاس سوائے خوش اعتقادی کے اور کوئی دلیل نہ پہی۔ ہاں اسقدر ہم بہی مانتے ہیں کہ انمیں کچھ مضامین الہامی بہی ماخوذ ہیں اور یہ بہی متفق علیہ ہے کہ ان کے مصنفین کے بعد ان میں خواہ سہواً خواہ عمداً بیشمار جگہہ غلطیاں اور کمی زیادتیاں بہی ہوئی ہیں کہ جنکا شمار بقول علماء اہل کتاب ہزار ہا تک پہنچتا ہے جنکی تفصیل اظہار الحق وغیرہ کتب میں ہے اور جنکا اقرار پادری فنڈر صاحب کو بہی ہے ہاں یہ بات اور ہے کہ پادری صاحب ان تحریفات کو اپنی خوش اعتقادی سے ویریوس ریڈنگ یعنی سہو کاتب کہتے ہیں ہم نہیں کہتے لیکن مدعا واحد ہے یہاں ایک بات اور بہی یاد رکہنے کے قابل ہے وہ یہ کہ جب اہل اسلام ان کتابوں میں تحریف ثابت کرتے ہیں تو انکا اول صدیوں میں غیر مقبول ہونا یا انکی نسبت علماء اہل کتاب کا یہ کلام ہونا کہ یہ در اصل ان شخصوں کی تصنیف ہی نہیں ودیگر مضامین اور بہی اسی قسم کے ذکر کیا کرتے ہیں چنانچہ اعجاز عیسوی وغیرہ کتب میں یہ کیا گیا ہے کہ اس کے بعد وہ جملہ بہی بتلا

لف قرآن مجید میں بعض جگہہ یہود کے رد میں واقع ہوا ہے یُحَرِّفُوْنَ الْکَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِہٖ کہ بعض کلمات کو انکی جگہہ سے معرف کرتے ہیں اور آیات میں انکی تفسیر میں علماء کا اختلاف ہے بعض کہتے ہیں مراد یہ ہے کہ یہود کتاب میں تبدیل نکرتے تہے بلکہ کسیکے سناتے وقت شرارت سے یہ کام کرتے تہے بعض کہتے ہیں بلکہ نفس کتاب میں اغراض دنیاویہ سے تبدیل کرتے تہے خیر جو کچہہ ہو مگر یہ بات یہود مدینہ کی بابت ہے لیکن قطع نظر اس آیت کے یہود کیا بلکہ کل اہل کتاب اپنی کتابوں میں تحریف کرتے آئے

toobaa-elibrary.blogspot.com

کرتے ہیں کہ جبکو محققین مسیحیں نے الحاقی بتلایا ہے اسپر پہلی بات کا جواب پادری یوں دیا کرتے ہیں کہ اسسے تحریف کو کیا علاقہ اس سے تحریف کیونکر ثابت ہوئی چنانچہ فنڈر صاحب نے بھی کہا ہے اور عماد الدین اور صفدر علی بھی انہیں کی تقلید کرکے یہی فرماتے ہیں مگر مجکو کیا بلکہ سب اہل عقل کو اس جواب پر بے اختیار ہنسی آتی ہے یہ ایسی بات ہے کہ کوئی کسی گھوڑے میں عیوب ثابت کرنے والا یہ کہے کہ دیکھو یہ تو مرگیا یہ اب بالکل کسی کام کا نہیں اس کے جواب میں مالک کہے اس سے کیا ہوتا ہے اسکے پاؤں اور دم وغیرہ اعضا میں کوئی عیب بتلاؤ اب وہ بیوقوف یہ نہیں سمجھتا کہ اسکا مدعا تو بخوبی ثابت ہوگیا کیونکہ جب اصل ہی نہیں رہی تو اب اُس کی فروعات کہاں؟ اور دوسری بات کا یہ جواب دیا کرتے ہیں کہ اچھا کچھ حصہ الحاقی ہوئے تو کیا ہوا انسے ہمارے اصول مذہب میں کیا فرق آیا کل کتاب کیونکر غیر معتبر ہوگئی انہیں محمد صاحب کی بشارت سے کیا علاقہ الخ چنانچہ فنڈر صاحب اور ان کے دو مقلدوں نے اپنی تصانیف میں یہی کیا ہے اور لفظ لفظ پر طعن وطنز کرتے گئے ہیں۔ مگر یہ جواب اول سے زیادہ لغو ہے۔ پادری صاحبو ذرا اتنا تو سوچو کہ جب دو چار فقرے الحاقی ثابت ہوگئے گو بقول آپکے اُسنے آپکے اصول دین میں کوئی فتور نہ آوے مگر یہ کتاب تو غیر معتبر ہوگئی اب کیا اعتبار کہ آپکے اصول دین بھی ایسے ہی الحاقی فقروں سے ثابت ہوں الغرض کتاب کی بے اعتباری یا کسی دستاویز کی بے اعتباری کے لئے اوسنے شبہہ بھی کافی ہوتا ہے چہ جائیکہ صدہا الحاقات **ف** جب چاروں انجیلوں کا یہ حال ہے تو پولوس کے خطوں کا کیا اعتبار ہے

بقیہ حاشیہ ۶۰۶ اگر یہ آیت نازل نہوتی تب بھی بنفس الامری وہ حسب اقرار اہل کتاب پر باقی رہتا ہمارے دعوے تحریف کی بنیاد اس قسم کی آیات پر نہیں بلکہ ایک نفس الامری واقع پر ہے اب اس آیت کی تفسیر میں اختلاف ہونا ہمارے دعوے کو کچھ مضر نہیں ۱۲ منہ خفیہ کرسٹان بتقلید لیم میور صاحب ان آیات کے ذیل میں جو کچھ علماء نے فرمایا ہے اور وہ جو بعض نفس قرآن میں تحریف کے قائل ہوئے ہیں اُسنے اس تورات و اناجیل کو اصلی اور غیر محرف ثابت کرکے مسلمانوں کو بے پردہ اسلام دھوکا دے رہا ہے ۱۲ حکیم غلام حسن ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

اسمیں تثلیث اور خدا کا مجسم ہونا اور شریعت کو ترک کرنا وغیرہ وہ ملحدانہ مضامین ہیں کہ جو تمام اہل نقل و عقل کے نزدیک بدتر اور خراب ہیں اور پطرس اور دیگر شخصوں کے خطوط بھی ان شرائط سے خالی ہیں کہ جو کتاب الٰہی کے لیئے ضرور ہیں +

فصل (۳)

ف ۱۰۔ خدا تعالیٰ نے قرآن میں متعدد جگہ تورات و زبور اور انجیل کی مدح فرمائی ہے اور صحف ابراہیم و موسےٰ کا بھی تبعاً ذکر کیا ہے اور قرآن کو ان کتب مقدسہ کا مصدق یعنے سچا کرنے والا کہا ہے چنانچہ فرماتا ہے مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ کہ یہ قرآن پہلی کتابوں کی تصدیق کرتا ہے۔ اور تورات کو کتاب منیر اور امام اور فرقان اور رحمۃ وغیرہ القاب سے یاد کیا ہے۔ اور حضرت عیسےٰ کی نسبت یہ فرمایا ہے وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ الآیہ کہ ہمنے اوسکو انجیل دی اسیطرح وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا فرمایا ہے کہ داؤد کو ہمنے زبور دی اور سورہ بقرہ میں ہے وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ کہ ہمنے موسےٰ کو کتاب دی یعنی تورات اور کئی جگہ ان کتابوں پر ایمان لانے کی تاکید فرماتا ہے يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْ نَزَّلَ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ الآیہ کہ اے مسلمانو ایمان لاؤ اللہ اور اسکے رسول پر اور اس کتاب پر جو اس کے رسول پر نازل ہوئی اور جو اس سے پہلے نازل ہوئی اور سورہ بقرہ کے اول ہی میں مومنین کی شان میں فرمایا ہے وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ کہ مسلمان وہ ہیں کہ جو چیز تجھپر نازل ہوئی اور جو تجھ سے پہلے نازل ہوئی اور روز قیامت پر ایمان رکھتے ہیں۔ اور اسیطرح اور بہت سی[۵۱] آیات ہیں یہاں سے دو بات ثابت ہوئیں

---

۵۱ اِنَّآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ كَمَآ اَوْحَيْنَآ اِلٰى نُوْحٍ وَّالنَّبِيّٖنَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَعِيْسٰى وَاَيُّوْبَ وَيُوْنُسَ وَهٰرُوْنَ وَسُلَيْمٰنَ وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا

toobaa-elibrary.blogspot.com

اول یہ کہ تورات وہ کتاب ہے جو خاص حضرت موسے علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی اور زبور وہ کتاب ہے جو حضرت داؤد علیہ السلام کو عطا ہوئی اور انجیل وہ کتاب ہے جو حضرت عیسے علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی اور کچھ اور صحیفے حضرت ابراہیم علیہ السلام وغیرہ انبیاء پر نازل ہوئے تھے اور اس امر منصوص میں سنی شیعہ کل فرقے اسلام کے سلف سے خلف تک متفق ہیں پس یہ کتاب جو موسے کے بعد میں تصنیف ہوئی اور کچھ مضامین تورات اصلی کے بھی اسمیں درج کر کے تورات نام رکھا گیا قطعی وہ تورات نہیں کہ جسکا قرآن میں ذکر ہے اسیطرح وہ کتابیں کہ جو حضرت عیسے کے بعد لوگوں نے تصنیف کی ہیں اور انمیں حضرت عیسے کے حالات واقوال کو صحیح وغلط طور پر جمع کر دیا ہے کہ جسکو اب عیسائی انجیل متی ومرقس ولوقا ویوحنا کہتے ہیں وہ انجیل نہیں کہ جسکا قرآن میں ذکر ہے چنانچہ امام قرطبی نے اپنی کتاب اعلام میں اسکی تصریح فرمائی ہے اور امام رازی وغیرہ جمیع علماء اسلام اسی کے قائل بلکہ تمام اُمت محمدیہ میں یہ مسئلہ متفق علیہا ہے بخوف تطویل اقوال نقل کرنا مناسب نہیں جانتا پس اب جو اہل کتاب اس تورات وانجیل کو لیئے پھرتے ہیں اور اسکو اصل تورات وانجیل بتلا کر مسلمانوں کو ایمان لانے کے لیئے مجبور کرتے ہیں محض فریب ہے۔ **دوم** یہ کہ وہ تورات وانجیل وزبور ودیگر صحف انبیاء کہ جسکا قرآن میں ذکر ہے کلام الٰہی اور واجب التعظیم تھے جو کچھ خدا تعالیٰ نے اپنے انبیاء کی معرفت نہیں ذکر فرمایا تھا سب حق تھا اسلام کی بڑی خوبی یہ ہے کہ اسنے یہ ہدایت کی ہے کہ جسقدر خدا کے فرستادہ لوگ ہیں کہ جنکو انبیاء کہتے ہیں خواہ کسی ملک کے ہوں اور جسقدر مقدس کتابیں خدا نے بھیجی ہیں سب پر ایمان لاؤ اگرچہ بحکم وَاِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا نَذِيْرٌ کہ ہر گروہ میں خدا کی طرف کا ہادی آیا ہے وَرُسُلًا قَدْ قَصَصْنٰهُمْ عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ وَرُسُلًا لَّمْ نَقْصُصْهُمْ عَلَيْكَ (کہ بعض انبیاء کا آنحضرت سے ذکر آیا اور بعض کا نہیں) ہر قوم اور ہر ملک میں خدا کے ہادی نبی یا اُن کے نائب ضرور آئے (کہ جنکا علم تفصیلی خدا ہی کو ہے اور اجمالاً ہم سب کو

toobaa-elibrary.blogspot.com

حق جانتے ہیں اور تفصیلاً اُن کی تعیین کرتے ہیں کہ جنکا ذکر قرآن واحادیث میں آیا ہے)
مگر چونکہ اُن انبیاء کے طرق اور کتب میں حوادث زمانہ سے وہ تغیرات پیش آئے۔ اور وہ تحریفات
اور غلط ہوا کہ جس سے اصل مذہب اور اصل کتاب میں کچھ امتیاز نرہا بلکہ اکثر وہ کتابیں
صفحہ عالم سے ناپید ہوگئیں اور اُن مذاہب کے مشائخ نے اپنے خیالات فاسدہ کو مضامین
الہامیہ میں ملاکر ایک ایسی معجون مرکب بنائی کہ جسکے اجزاء اصلیہ اور غیر اصلیہ میں تمیز کرنا
کسی استحالۂ کیمیائی سے ممکن نرہا اسلئے خدا تعالیٰ نے اپنی کمال رحمت سے سب نبیوں کے
اخیر ایک ایسا نبی بھیجا کہ جسکی تعلیم کامل کی وجہ سے آیندہ کسی نبی کی ضرورت نرہی اور اسپر وہ
کتاب جامع نازل فرمائی کہ جسمیں پہلے انبیاء کی ضروری ہدایتیں اور اُن کتب مقدسہ کے
سب اصول زمانہ اخیر کی رعایت لحاظ کہکر جمع کردیئے اور ہمکو اس تکلیف مالایطاق سے
نجات بخشی کہ کتابوں کی تحقیق کرتے پھریں اور اُن کے وجوہ اصلی کے اثبات میں سرگردانی
اُٹھاویں اور جو کوئی نسخہ ہم پہنچے تو پھر اُس میں اصل اور ملونی میں تمیز کریں لہذا الحمدللہ قرآن
کا ماننا خدا کی تمام کتابوں کا ماننا ہے اور محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانا جمیع انبیاء پر
ایمان لانا ہے اور اسکے ستر تابی اور انکار جمیع انبیاء اور اُن کی سب الہامی کتابوں سے
انکار کرنا ہے کہ جسکی سزا ابدی جہنم اور خدا کے جلال اور بادشاہی میں سب سے خوار اور ذلیل
ہوتا ہے عیسائی برائے نام توریت کا بوجھ لادے تو پھرتے ہیں مگر پولوس کے کہنے
سے اُسپر بالکل عمل نہیں کرتے بلکہ اُسکو دلیل سمجھتے ہیں **ف۲** نزول قرآن مجید کے وقت
گو تورات وانجیل اصلی دنیا پر نہ تھیں جیسا کہ آپکو معلوم ہوا مگر اصلی تورات وانجیل کے صدہا
احکام اور بشمار باتیں اہل کتاب میں زبانی یا ان کتابوں کے وسیلے سے مشہور ومعروف تھیں
لیکن وہ لوگ اپنی شرارت سے اپنپر بھی عمل نہیں کرتے تھے اسلئے خدا تعالےٰ نے جابجا
قرآن کی صداقت ثابت کرنے میں اس بات کو ذکر کیا کہ یہ قرآن کتب سابقہ اور انبیاء
سابقین کے برخلاف نہیں بلکہ اصول مذاہب اور امور فطرت میں انکے مطابق

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور انکا اور اگلے انبیا کا مصدق ہے کہ جنکو تم مانتے ہو پہر اب قرآن کو نہ ماننا اور نہ مانا ہے۔ اور یہ کہ جنکو تم تورات و انجیل سمجھتے ہو اُسپر کیوں نہیں عمل کرتے اور جن انبیاء کی پیروی اور محبت کا تمکو دعوے ہے اُن کی پیروی کس لئے نہیں کرتے۔ اور کبھی مشرکین عرب کو بعض قصص و احکام میں الزام دینے کے لیئے یہ بھی فرمایا ہے کہ انکو اہل کتاب سے پوچھہ دیکھو وہ بھی یہی کہتے ہیں پہر محمد علیہ السلام نے کونسی نئی بات فرمائی ہے کہ جسپر تم چونکتے ہو ان باتوں سے بعض ناواقف پادری یہی سمجھہ گئے کہ نزول قرآن کے وقت تورات و انجیل بجنسہ موجود تھی کہ جسکی طرف خدا نے حوالہ دیا ہے اور جسپر عمل کرنے کی ترغیب دی ہے اور وہ یہی تورات و انجیل ہے کہ جو ہمارے پاس موجود ہے حالانکہ یہ بڑی غلطی ہے **و ۳** اہل کتاب بالخصوص پادریوں نے اس تورات و انجیل موجودہ کے اصلی تورات و انجیل ہونے پر چند دلایل بیان کیے ہیں کہ جو محض وہم پر مبنی ہیں میں اُن کے دلائل اور پہر اُن کے جواب ذکر کرتا ہوں (۱) قرآن میں متعدد جگہ تورات و انجیل پر اہل کتاب کو عمل کرنے کی ترغیب دی اور اُن کے محامد بیان فرمائے ہیں اور اپر ایمان لانے۔ اور اوب کرنے کی ترغیب دی اگر اسوقت یہ کتابیں موجود نہ ہوتیں تو عمل کس پر اور ایمان کیسپر لاتے اور وہ آیات یہ ہیں وَلَوْ اَنَّهُمْ اَقَامُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ مِّنْ رَّبِّهِمْ لَاَكَلُوْا مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ الآية قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَسْتُمْ عَلٰى شَيْءٍ حَتّٰى تُقِيْمُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ وَكَيْفَ يُحَكِّمُوْنَكَ وَعِنْدَهُمُ التَّوْرٰىةُ فِيْهَا حُكْمُ اللّٰهِ الآية قُلْ فَاْتُوْا بِالتَّوْرٰىةِ فَاتْلُوْهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ وَلْيَحْكُمْ اَهْلُ الْاِنْجِيْلِ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِ الآية وغیرہا من الآیات پس صاف معلوم ہوا کہ اسوقت تورات و انجیل اصلی موجود تھیں اور وہ یہی ہیں جو اب ہمارے پاس ہیں نیاز نامہ کے مصنف نے اس دلیل پر بڑا زور دیا ہے اور بہت سے ورق سیاہ

لہ ولیم میور صاحب نے اپنی شہادت قرآنی میں انہیں آیات سے استدلال کیا ہے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

کیئے ہیں۔ ج اول اور دوسری اور پانچویں آیت کا اور جس قدر آیات اس مطلب پر دلالت کرتی ہیں اُن سب کا یہ جواب ہے کہ تورات وانجیل کے اوپر چلنے اور اُن کے قائم رکھنے سے تورات وانجیل اصلی کے احکام مراد ہیں جیساکہ بیضاوی وغیرہ جمہور مفسرین نے بیان کیا نحو مستدل نے نقل کیا اور قرینہ بھی دال ہے اور احکام تورات وانجیل کے بیشتر ان تورات وانجیل میں بھی پائے جاتے ہیں۔ پس نتیجہ یہ نکلا کہ اسوقت تورات وانجیل کے احکام اُن کے پاس موجود تھے اور احکام کے موجود ہونے سے مجموعہ تورات وانجیل کا موجود ہونا لازم نہیں آتا دیکھئے ہدایہ وغیرہ کتب فقہ میں قرآن کے احکام موجود ہیں مگر ہدایہ کو قرآن نہیں کہہ سکتے۔ تیسری اور چوتھی آیت کہ جسمیں یہ ہے کہ یہود کے پاس تورات ہے اور اس قسم کی اور جملہ آیات کا یہ جواب ہے کہ یہاں بھی تورات سے مراد احکام تورات ہیں سو وہ بیشک یہود کے پاس خواہ بلا تغیر خواہ بالتغیر اس تورات میں ابتک موجود ہیں پس احکام کے موجود ہونے سے مجموعہ تورات اصلی کا موجود ہونا لازم نہیں آتا اور دلیل اس بات پر کہ تورات سے مراد احکام ہیں بطریق اطلاق الکل علے الجزء یہ ہے کہ اصل تورات وہ ہے کہ جو موسےٰ پر نازل ہوئی تھی جیساکہ آیات مذکورہ سے ثابت ہے اور یہ مجموعہ موسےٰ کے بعد مرتب ہوا ہے جیساکہ اس کے دلائل گزرے۔ پس جسنے ہمکو یہ بتلایا کہ اُنکے پاس تورات ہے اُسی نے یہ بھی کہدیا کہ تورات موسےٰ پر نازل ہوئی تھی پس مستدل جب تک اس احتمال کو کہ جو ناشی عن الدلیل ہے بند نکردے گا تو اسکی دلیل سے نتیجہ برآمد نہوگا۔ دوم یہود اس مجموعہ کو تورات کہا کرتے تھے اور ابتک کہتے ہیں۔ اور اُسمیں اصلی تورات کے احکام بھی موجود ہیں۔ پس قرآن میں اُن کو ان احکام پر عمل نکرنے میں الزام دینا مقصود تھا اسلئے اس مجموعہ کو اُسی لفظ سے تعبیر کرنا پڑا کہ جو اُن کے نزدیک مشہور تھا اور اگر کچھ اور کہتے تو وہ ہرگز نہ سمجھتے مثلاً کوئی شخص ایک کتاب تصنیف کرے کہ اسمیں قرآن مجید کے اکثر احکام صحیح اور غلط طور سے

toobaa-elibrary.blogspot.com

جمع کرکے اُسکا نام قرآن رکھدے اور ہمیں اُسکو اسوجہ سے کہ وہ اسپر عمل نہیں کرتا الزام دینا منظور ہو اور اس مجموعے کے نام لینے کی ضرورت پڑے تو بلاشک ہم اُس کو قرآن کے لفظ سے تعبیر کرینگے مگر اس سے کوئی یہ نہ سمجھیگا کہ ہمنے اسکو اصل قرآن تسلیم کرلیا (۲) اہل کتاب کو اپنی کتابوں کے گم کردینے یا بدل دینے میں کوئی عذر نہ تھی بلکہ باہم بڑے غیور رہتے پر ممکن نہیں کہ کوئی کتاب میں تصرف کرنے پاتا جسطرح کہ اہل اسلام میں کوئی قرآن میں کسیطرح تصرف نہیں کرسکتا اور نہ کوئی بادشاہ اس کو مٹاسکتا ہے (نیاز زمانہ وغیرہ ملخصاً) ج یہ ایک گمان یا وہم فاسد ہے کیونکہ تاریخ سے ثابت ہے مقدس اور حواری اول ہی صدی میں غل مچاتے ہیں کہ لوگ انجیل کو اُلٹ دینا چاہتے ہیں تو اب یہ عرض اُنسے پوچھنی چاہیئے اور قرآن کا مدار اول ہی سے حفظ پر ہے اگر تمام نسخے دنیا سے معدوم کردیے جاتے تو بھی ایک حرف میں فرق نہ آتا بخلاف کتب مقدسہ کے اُسکا مدار صرف لکھنے پر تھا اور لکھنے کی اور کاغذ کی قلت اور صدہا سال تک مصائب کی بڑی کثرت تھی پس اُنکا گم ہوجانا یا اُنمیں تغیر ہونا کچھ بھی بعید نہیں چنانچہ باقرار علماء اہل کتاب اب نہ وہ کتاب ہے جو موسےٰ نے لکھکر لاویوں کو دی تھی نہ جیسے کی وہ انجیل ہے کہ جسکی منادی کرنے کی وہ تاکید فرماگئے تھے۔ اور جو پولوس مقدس کو بلاتوسط کسی آدمی کے پہنچی تھی وغیرہ ذلک (۳) ان کتابوں میں بہت سے ایسے مضامین ہیں کہ جو خدا کی ذات وصفات وتقدس اور انسان کو خدا سے تقرب اور محبت اور روح کی پاکیزگی کا طور بتلاتے ہیں اور نیک چلنی اور اخلاق حمیدہ سکھلاتے ہیں اور عالم کے پیدا ہونے اور انسان کی نجات کا وسیلہ بیان کرتے ہیں وغیر ذلک اور انمیں بہت سی پیشین گوئیاں بھی مندرج ہیں جو اپنے وقت پر ظاہر ہوئیں اور یہ سب مضامین بغیر الہام اور تائید روح القدس کے اور کیسکو حاصل نہیں ہوتے۔ اِس دلیل کو پادری فنڈر صاحب نے میزان الحق میں ہر

toobaa-elibrary.blogspot.com

بات کا حوالہ دیکر بڑے بسط سے بیان کیا ہے اور ہر ایک بات کو ایک دلیل بنا کر ایک کی چھ دلیل بتائی ہیں اور بڑے زور سے نتیجہ نکالا ہے ج اولاً غایۃ ما فی الباب یہ مضامین الہامی اور انبیاء علیہم السلام کے فرمائے ہوئے ثابت ہو گئے ہیں لیکن اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ جس کتاب میں یہ مضامین جمع کر دیے جاویں وہ انبیاء کی تصنیف اور الہامی کتاب بھی ہو جائے کیا اگر کوئی شخص قرآن کے مضامین کو مخلص کر کے اُسپر کچھ اور ملا کے کتاب بناوے وہ قرآن ہو سکتا ہے ؟ ان مضامین کا الہامی ہونا اور بات ہے کتاب کا الہامی ہونا اور بات۔ بہت سی غیر الہامی کتابوں میں الہامی مضامین ہوتے ہیں ثانیاً ان کتابوں میں اگر یہ عمدہ مضامین ہیں تو اس کے ساتھ خراب مضامین بھی تو ہیں کہ جنکو الہام کی طرف منسوب کرنا بھی نازیبا ہے جیسا کہ پہلے گزرا پس یہ مجموعہ کیونکر الہامی ہو سکتا ہے ؟ ثالثاً جن کتابوں کے تم منکر ہو اُنمیں بھی یہ مضامین نہایت عمدگی سے پائے جاتے ہیں پھر اُن کو الہامی کیوں نہیں کہتے ؟

(۴) یہ کتابیں اُن کے مصنفین سے لیکر آجتک ہم میں متواتر چلی آتی ہیں اور تمام امت کا ان کے قبول کرنے پر اجماع ہو چکا ہے اور یہ اجماع ہر قرن میں پایا گیا ہے

ج اول تو یہ دعویٰ غلط ہے کہ ان کے مصنفین تک ہر قرن میں ان کتابوں پر اتفاق رہا ہے کیونکہ تیسری صدی کے بعد قسطنطین کیوجہ سے یہ اتفاق پایا گیا مگر اُس سے پیشتر یعنے حضرت مسیح سے تخمیناً تین سو برس بعد تک تو سب کتابیں عیسائیوں میں عموماً مشہور بھی نہ تھیں جیسا کہ اوپر گزرا اتفاق اور اجماع تو کجا ؟ دوم اگر یہ سب تسلیم بھی کر لیا جاوے تو غایۃ الامر یہ کتابیں اُن کے مصنفین کی تصنیف قرار دیجاویں گی لیکن اس سے الہامی ہونا ہرگز ثابت نہ ہوگا جبتک کہ وہ پہلی شرطیں ثابت نہ کیجائیں گی (۵) چونکہ خدا سب کا خدا ہے تو اُسکا دین بھی سب کے لیئے ہونا چاہیئے اور دین کی تعمیم بغیر اس بات کے ممکن نہیں کہ وہ کتاب تمام عالم میں پھیلے اور یہ صفت خاص بائبل بالخصوص عہد جدید

toobaa-elibrary.blogspot.com

میں پائی جاتی ہے کیونکہ اب کوئی ملک باقی نہیں کہ جہاں انجیل کی منادی نہ ہوتی ہو۔ اور ہر زبان میں اُسکے ترجمے ہو گئے ہیں تو یہ نشان الہامی ہونیکا ہے ج یہ دلیل بھی محض پادریانہ خیال ہے کیونکہ اول تو سب کتابوں سے زیادہ بائبل کی شہرت نہیں۔ بلکہ ابتدا سے لیکر ابتک جسقدر قرآن کی دنیا میں شہرت ہوئی اسقدر کسی کتاب کی نہیں ہوئی کونسا ملک اور کونسی زبان ہے کہ جہاں قرآن کے روح افزا مضامین لوگوں کی زبان پر جاری نہیں ؟ اور انجیل کی شہرت جو کچھ ہے سو تخمیناً ہزار برس سے ہے پس لازم آیا کہ اس سے پیشتر یہ کتاب الہامی نہ تھی پھر ہو گئی دوم زیادہ شہرت ہونے سے الہامی ہونا لازم نہیں آتا۔ گلستاں اور کلیلہ ودمنہ کی شہرت بھی کچھ کم نہیں اُن کو بھی الہامی کہو (۶) اس کتاب کے پڑھنے سے نیک چلنی اور محبت الٰہی اور روح کی صفائی پیدا ہوتی ہے اور یہ خاصہ الہامی کتابوں کا ہے ج بالفرض اگر بعض مضامین کی وجہ سے جو کہ الہامی ہیں یہ بھی تسلیم کر لیا جاوے تب بھی مجموعہ الہامی نہیں ہو سکتا ٭

فصل (۴)

حضرت عیسے علیہ السلام کے تھوڑے ہی دنوں بعد عیسائیوں میں اختلافات پیدا ہونے شروع ہو گئے اور حواریوں کے روبرو ہی سات کلیسائیں[۵۱] قائم ہو گئیں تھیں یعقوب[۵۲] حواری اور پولوس کا اختلاف اور اسیطرح شمعون پطرس اور دیگر

---

۵۱ کلیسا کے معنی ہیں گروہ اور جماعت کے حواریوں کے عہد میں سات کلیسیا قائم ہو گئیں تھیں کلیسیا یروشلم۔ کلیسیا انطاکیہ۔ کلیسیا روم۔ کلیسیا یونان وغیرہ ۱۲ منہ

۵۲ یعقوب اور دیگر حواری ایمان کے ساتھ نیک عمل کی بھی ضرورت بتلاتے ہیں مگر پولوس عمل اور شریعت کی پابندی کو لعنت اور قہر کا باعث کہتا ہے اور بیقیدی و آزادی کا فتوی دیتا ہے کہ جو چاہو کھاؤ۔ پیو جو چاہو کرو زنا چوری۔ شراب خواری و غاباری ظلم جھوٹھ۔ غرض ہر قسم کی بیقیدی پر ایمان لانے کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

حواریوں کا پولوس سے اختلاف جسکا پتا عیسائیوں کی کتاب اعمال حواریوں سے ملتا ہے اسبات کی دلیل ہے کہ مذہبی مخالفت کا تخم پڑ چکا تھا خود پولوس کے خطوط اسبات کیطرف اشارہ کر رہے ہیں +

مگر تھوڑے دنوں بعد یہ اختلاف پھوٹ ہی پڑا۔ اور مختلف فرقے پیدا ہو گئے۔ خود انجیلوں کی بابت اختلاف ہوا۔ پولس ان چاروں انجیلوں کے سوا ایک اور ہی انجیل کا قائل تھا جسکو وہ بغیر واسطہ کے مسیح سے عطا کردہ خیال کرتا تھا اور اسکے سوا اور انجیلوں کو سننے سنانے کو بھی موجب لعنت قرار دیتا تھا۔ پولوس کے کسی خط سے بھی اسبات کا پتا نہیں چلتا کہ وہ ان چاروں انجیلوں کو مانتا تھا بعض مضامین میں مطابقت ہونا اسبات کی دلیل نہیں ہو سکتی کہ ہیں نے از ابتدا تا انتہا ان کتابوں کو تسلیم کر لیا۔ چہ جائیکہ الہامی اور منزل من اللہ مان لیا ہو +

اور یہ کچھ کم تعجب کی بات نہیں کہ مسیح علیہ السلام کی تاریخ کا نام تو انجیل رکھا گیا۔ مگر شمعون پطرس وغیرہ مشاہیر حواریوں کی تو کوئی بھی انجیل نہ ہو اور لوقا اور مرقس کی کتاب انجیل قرار دیجائے جو حواری نہ تھے بلکہ پولوس کے شاگرد جو وہ خود بھی حواری نہ تھا بلکہ مسیح علیہ السلام کی حیات تک بلکہ بعد میں بھی ایک عرصہ تک حضرت عیسےٰ۔ اور عیسائیوں کا خونخوار دشمن رہا +

خود پولوس کے عہد میں ہی انجیلیں تصنیف کرنے کا بازار گرم ہو چلا تھا۔ اور کم و بیش تخمیناً ڈیڑھ سو انجیلیں لوگوں نے حضرت مسیح کے حالات میں تصنیف کیں۔ اور رواج دینے کے لئے مشاہیر کیطرف بھی منسوب کیا پھر ان چاروں انجیلوں کے بھی رد و قبول میں اختلاف رہا چنانچہ اسکندریہ میں جب یوحنا کے شاگرد سے پوچھا گیا تو

بقیہ ص۶۱۵ بعد کچھ بھی مدت نہیں پہونچتا۔ اسلیئے پولوسی مذہب رواج پا گیا اب اسکو عیسوی مذہب سمجھا جاتا ہے جو حضرت عیسے علیہ السلام کے قول اور فعل کے سراسر خلاف ہے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

تو اسنے صاف انکار کر دیا کہ میرے اوستاد کی کوئی انجیل تصنیف نہیں۔ اسکے سوا انجیل متی کے اول باب بلکہ ساری کتاب میں بڑی قیل وقال ہے۔ اصل عبرانی نسخہ کا پتا نہیں کسی نامعلوم شخص نے یونانی میں اور پھر یونانی سے عبرانی میں ترجمہ کیا ہے +

تثلیث والوہیت مسیح اور ان کے مصلوب ہونے میں تو اسقدر اختلافات ہیں کہ جنسے بہت سے مذہب اور فریق پیدا ہو گئے جو ایک دوسرے کو گمراہ کہتا ہے۔ پھر اصطباغ (بپتسمہ) میں بہت سے اختلافات ہو کر بہت سے مذہب پیدا ہوئے۔ جنکی قدرے تفصیل یہ ہے +

نمبر ۱	اول صدی میں ایک فرقہ تھا جو اوس انجیل سے برگشتہ ہو گیا تھا جسکو ترف پولوس بلاتا تھا (گلتیوں کے نام پولوس کا خط باب اول درس ۶)		عداوت تھی +
۲-۳ ۴-۵	اول صدی میں یہ چار فرقہ اسی کے پیرو تھے کہ جسکے نام سے نامزد تھے اول پولوس کا فرقہ دوئم اپلوس کا تیسرا کیفا کا چوتھا مسیحی (پلوس کا خط بنام قرنتھیون اول باب ۱۲ درس ۱) اس مخالفت پر پولوس بہت سرزنش کر رہا ہے +	۷	ابیونی۔ ان کے دو فریق تھے دونوں کے اعتقاد میں حضرت مسیح محض انسان تھے یہ لوگ صرف متی کے عبرانی انجیل کو مانتے تھے جسمیں نسب نامہ نہ تھا۔ اور پولوس کے سخت منکر (تفسیر لارڈنر مطبوعہ ۱۸۲۷ء جلد ۲ صفحہ ۳۸۲۔
۶	ایک اور فرقہ تھا جو ختنہ فرض سمجھتا تھا انکا یہ فریضہ آدرین قیصر کے عہد میں ڈیڑھ سو برس کے بعد اس سبب سے ترک ہوا کہ وہ بادشاہ مختونوں کو قتل کرواڈالتا تھا یہود مختون تھے اور اسنے اسکو سخت	۸	ڈوکیتی۔ ان کا اعتقاد تھا کہ خدا سے مختلف درجات کی قوتیں یا روحیں بنام ایون نکلیں جنمیں سے ایک مسیح تھی۔ جو اصطباغ کے بعد عیسےٰ پر اتری اور قبل مصلوبی آسمان پر چڑھ گئے (رومن تاریخ کلیسیا صفحہ ۹۶ +
		۹	ارتھن۔ یہ دوسو عیسوی میں تھا۔ یہ فرقہ الوہیت مسیح کا منکر تھا۔ پلوس شمساطی

toobaa-elibrary.blogspot.com

کلیسیا رالظاکیہ کا لارڈ پادری (اسقف) اسی فرقہ کا شخص تھا ✣

۱۰ مونٹانس۔ کا گروہ جو ۱۷۰ء میں اسبات کا مدعی ہوا کہ جس فارقلیط کے آنے کی خبر حضرت مسیح نے دی ہے وہ میں ہوں۔ اسکے بعد اور لوگوں نے بھی یہی دعوی کیا منجملہ ان کے دستہیوس سامری اور شمعون مجوسی نے بھی یہی دعوی کیا اور وہ اپنے آپ کو خدا کا بیٹا کہتا تھا ✣

۱۱ بانیسکی فرقہ تیسری صدی عیسوی میں مانی نے ملک فارس میں مجوسی اور عیسوی مذہب سے مرکب ایک جدید مذہب ایجاد کیا یہہ کتاب اعمال حواریوں کو نہیں مانتا تھا لارڈ نر اپنی تفسیر مطبوعہ لندن ۱۸۲۷ء جلد ۳ حصہ ۶ میں بحوالہ جیروم اس فرقہ کا ذکر کرتا ہے ✣

۱۲ نوویشین کا فرقہ اس فرقہ کے نزدیک توبہ قبول نہ تھی اور نہ یہ پولوس کا قائل تھا یہہ فرقہ پانسو عیسوی تک موجود تھا۔ اور تقریباً دو سو پچاس ۲۵۰ میں پیدا ہوا تھا

۱۳ آریوس کا فرقہ جو الوہیت مسیح کا سخت تھا

تھا پہر یاجوجی۔ سویوی۔ برگنڈی۔ لنگوبروی۔ ونڈلی وغیرہ۔ اس کی شاخیں پیدا ہوئیں (رومن تاریخ کلیسیا صفحہ ۱۴۹) لب التواریخ مصنفہ سکندر فریزر ٹیلر مطبوعہ مطبع جرج مشن ۱۸۲۹ء کے صفحہ ۲۸ میں ہے کہ یونومیان سیمی ایریوس۔ یوسیبیان۔ وغیرہ اسی فرقہ کے ساتھ دوسرے عیسائیوں کی خونریز لڑائیاں ہوئیں اور ۳۲۵ء میں جو شہر نائس میں مجلس بیٹھی تھی اسی فرقہ کے بابت تھی ✣

۱۴ یعقوبی فرقہ۔ اس کا بانی ایوتیکس تھا جو مسیح کی ذات میں کلام کرتا تھا۔ پانسو عیسوی کے قریب اس گروہ کا سرغنہ یعقوب تھا جسکیطرف یہہ فرقہ منسوب ہوا۔ آرمنیہ سے مصر تک یہہ گروہ پھیلا ہوا ہے ✣

۱۵ نسطوریانی فرقہ اسکا بانی قسطنطنیہ کا اسقف نسطوریس تھا اس فرقہ کا نام نسطورا ابھی ہے ۴۳۱ء میں جو شہر افسس میں مجلس جمع ہوئی تھی اسی فرقہ کے عقائد

toobaa-elibrary.blogspot.com

کی بابت تھی اس گروہ کے نصاریٰ بخارا و ترکستان میں ظہور اسلام تک موجود تھے ✣

۱۶ مگیسوس کا فرقہ اسکا بانی ملک ولیس کا ایک عابد عیسائی تھا وہ مسیح کے کفارہ ہونے کا سخت منکر تھا پولوس کے خطوط کے مضامین کا بھی منکر تھا۔ اس کے پیرو ایشیا اور فرانس میں ہیں (میزان الحق مصنفہ پادری فانڈر مطبوعہ لدھیانہ ۱۸۶۸ء صفحہ ۵۷ و ۷۷)

۱۷ یونی ٹیرین فرقہ اس گروہ کے لوگ مسیح کو نہ خدا کہتے ہیں نہ خدا کا بیٹا تثلیث کو سخت زندقہ جانتے ہیں اور انجیل متی کے باب اول و دوم کو الحاقی مانتے ہیں اس گروہ کے اب بھی صدہا لوگ ہیں بلکہ ہندوستان میں ان کا چرچ بھی ہے ✣

۱۸ ساسنین فرقہ اس کا بانی سوسینس ملک لٹکنی کا باشندہ سولھویں صدی عیسوی میں تھا۔ یہ بھی یونیٹرین کے قریب قریب عقیدہ رکھتے ہیں ✣

۱۹ کرنتھیون کا فرقہ اسکا بانی کرنتھیس اول صدی عیسوی کے قریب تھا اس کے یہ اقوال ہیں مسیح کے ظاہر ہونے سے پہلے وہ بزرگ خدا جو سب سے بڑا ہے بالکل نامعلوم تھا اور بڑی بڑی روحوں کے ساتھ بلند تر میں آسمان پر جنکا نام پلیروما ہے رہا کرتا تھا اسنے پہلے بیٹا پیدا کیا اور اس سے کلمہ پیدا ہوا جو بیٹے سے درجہ میں کم تھا مسیح گرچہ اور روحوں سے بزرگتر ہے مگر دو روحیں اوس سے بھی بزرگتر ہیں جنمیں سے ایک کا نام زوی یعنے زندگی اور دوسرے کا نام فوس یعنے روشنی ہے۔ اور ان روحوں سے اور چھوٹی چھوٹی روحیں پیدا ہوئیں انمیں سے ایک خاص روح نے جسکا نام دیمیرگس تھا اس عالم محسوس کو اوس مادہ سے جو ہمیشہ رہنے کے قابل ہے بنایا۔ یہہ ڈیمیرگس اوس خدا سے جو پلیروما پر ہے ناواقف تھا اور یہہ ارواح غیر محسوس سے تر میں کمتر تھا اور یہی اسرائیلیوں کا

toobaa-elibrary.blogspot.com

خاص خدا ہے جسنے موسےٰ کو ان میں بھیجا
اور انکو یہ شریعت دی کہ اوسپر ہمیشہ عمل کریں
عیسےٰ ایک انسان تھا جو پاکیزگی اور
انصاف میں ممتاز تھا اور وہ یوسف
اور مریم کا حقیقی بیٹا تھا اور جب عیسےٰ
بپٹسمہ پا چکا تو مسیح اوسپر کبوتر کیصورت
میں اُترا اور نامعلوم خدا کا وہ پسر ظاہر
کیا اور اسکو معجزہ دکھانے کی قوت
بخشی اور یوحنا بپٹسمہ دینے والے میں
بھی روشنی کی روح اسطرح داخل ہوئی
تھی اور اسلیئے بعض باتوں میں یوحنا
عیسےٰ سے بڑھکر تھا اور جب عیسےٰ
پر مسیح نازل ہوا تو عیسےٰ یہودیوں کے
خداوند یہوواہ سے مقابل ہوا اور
اسی خدا کی ترغیب سے یہودیوں کے سرداروں
نے عیسےٰ کو پکڑکر صلیب پر کھینچا اور جب
عیسےٰ کو صلیب پر کھینچنے کے لئے گرفتار
کرکے لے چلے تھے تب مسیح تو آسمان پر
صعود کر گیا عیسےٰ ذلت اور دردناک
تکلیف سے مارا گیا (رومن مفتاح الکتاب
مطبوعہ ۱۸۵۶ء صفحہ ۱۵۳ +

مفتاح الکتاب میں ہے کہ اسیکے رد
میں ایپیل یوحنا لکھی گئی اور ڈیونیسیس
کہتا ہے کہ اسنے کتاب مکاشفات
تصنیف کرکے یوحنا حواری کے نام سے
مشہور کی ہے +

۲۰ نکلاتیوں کا فرقہ۔ اس کا عقیدہ بھی
ابیونیوں اور ارمنس کے قریب قریب
تھا (مکاشفات ۲ باب ۶۔

۲۱ کولنزیڈینس کا فرقہ۔ یہہ فرقہ عرب میں تھا
یہ لوگ مریم کو تثلیث میں داخل کرتے تھے
اور ان کے لئے ایک قسم کی روٹی
بھی تیار کیا کرتے تھے +

۲۲ میریامائٹ اس گروہ کے لوگ بھی مریم
کو تثلیث میں بجائے روح القدس
کے داخل کرتے تھے اور نائس کونسل
کے بعض لوگ بھی یہی اعتقاد رکھتے
تھے۔ فرقہ توسیہ کا بھی یہی اعتقاد
تھا۔ (ہدایت السلمین صفحہ ۴۸ +

۲۳ باسلیدی فرقہ۔ یہہ اسلام سے پہلے
تھا انکا اعتقاد تھا کہ مسیح مصلوب
نہیں ہوا۔ بلکہ شمعون قرینی اسکے

toobaa-elibrary.blogspot.com

عوض پکڑا گیا اور مصلوب ہوا۔
(حاشیہ علماء نصاریٰ بترجمہ رومن
قرآن مطبوعہ مشن پریس الہ آباد ۱۸۸۲ء
صفحہ ۸۳) +

قرآن میں جو آیا ہے کہ مَا قَتَلُوْهُ
وَمَا صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ
کہ یہود نے نہ مسیح کو قتل کیا نہ سولی
دیا بلکہ ان کو اشتباہ ہو گیا۔ اسکی
تصدیق اس فرقہ اور دوسیتی اور کاپو
اکرتی اور سرنتھی فرقوں سے
بھی ہوتی ہے کیونکہ یہ فرقے اسلام
سے سینکڑوں برس سے پہلے تھے
(دین حق کی تحقیق صفحہ ۲۸ +

۲۴ گناستی فرقہ انکا عقیدہ تھا کہ دنیا
مادہ سے پیدا ہوئی ہے اور مادہ کے
لئے شرارت اور معصیت ضرور ہے
چونکہ مسیح مادہ سے پیدا نہیں ہوا
تھا اسلئے مصلوب نہیں ہو سکتا تھا
کیونکہ اوسکا جسم نہ تھا (رومن تواریخ
کلیسیا صفحہ ۵۶) +

۲۵ کہتری فرقہ اسکے بانی نومیس نے

انتظام کلیسیا کے لیے سخت احکام
ایجاد کیے تھے تاکہ گناہگار پر کلیسیا
میں شامل نہ کیے جائیں جسلئے اوسکو
اثر توبہ اور کفارہ اور نجات کے
دستور کا بھی انکار کرنا پڑا (اردو
تواریخ کلیسیا صفحہ ۲۰۰) +

۲۶ یونانی فرقہ انکا اعتقاد ہے کہ روح
القدس صرف باپ سے نکلتی ہے نہ کہ
بیٹے سے حالانکہ پراٹسٹنٹ فرقہ
کے نزدیک یہ صریح کفر ہے اور نیز
پوپ کو بے خطا بھی نہیں سمجھتے اور
۱۴ زبور کے ۳ درس کے بعد ان کے
کتاب میں اور بھی عبادت زائد ہے۔

۲۷ ارمنی فرقہ اس گروہ کے لوگ کفارہ
مسیح کو کافی نہیں جانتے بلکہ مریم کے
تیوہار میں قربانی بھی کرتے ہیں اور
اقارب کیطرف سے بھی قربانیاں کیا
کرتے ہیں۔ ان لوگوں اور یونانیوں
کے مذہب میں اختلاف ہے +

۲۸ سورمن فرقہ۔ یہ تمام عیسائیوں کو
کافر و بیدین سمجھتے ہیں اور ہر شخص

toobaa-elibrary.blogspot.com

	کے لئے بارہ حواریوں تک جائز سمجھتے ہیں اور ان کے پیشوا پرکم ٹینگ کے پاس پچاس جوڑیں رہتی ہیں یہ کہتے ہیں کہ بنی اسرائیل کے جو نو فرقے غائب ہیں وہ ہم ہی لوگ ہیں امریکہ کی دور کی سرحد میں آباد ہیں جنکی تعداد تقریباً اسّی ہزار بیان کیجاتی ہے ✣	۳۱	پرکشیس نامی سنہ ۲۰۰ دو سو عیسوی میں یونان میں ظاہر ہوا انکا اعتقاد تھا کہ بیٹا اور روح القدس خدا کی ذات سے بطور قوتوں کے ظاہر ہوئے نہ یہ کہ روح القدس بیٹے سے نکلا۔
۲۹	سُریانی فرقہ۔ یہ لوگ نامۂ دوئم لیطرس اور نامۂ دوئم و سیوم یوحنا اور نامہ یہود اور یعقوب اور مکاشفات یوحنا کو نہیں مانتے اسقدر کتابوں کے منکر ہیں اور عیسائی انکو الہامی کہتے ہیں ✣	۳۲	سبل لیوس کا فرقہ جو سنہ ۲۵۰ میں مصر میں ظاہر ہوا۔ اِس فرقہ کے لوگ پولوس شمساطی کا سا عقیدہ رکھتے تھے یہ بھی عیسائیوں میں ایک بدعتی فرقہ سمجھا جاتا تھا (رومن تاریخ کلیسیا صفحہ ۹) ✣
۳۰	مصری فرقہ۔ اس گروہ کی بابت پادری فانڈر نے انتہا ہی لکھا ہے کہ اس گروہ کی انجیل شام و عرب وغیرہ ملکوں میں مستعمل تھی آوریجن قیصر جبکہ سنہ ۲۳۲ء میں اسکندریہ آیا تھا یہ بیان کرتا ہے کہ یہ لوگ (مصریوں کا بت) کو بھی پوجتے ہیں	۳۳	کالون کا فرقہ۔ یہ مریم کو اولاد ناتان سے نہیں مانتا تھا اور جو عیسائی نسبنامہ متی اور لوقا کی تطبیق میں تاویلات کرتے ہیں اسکو بھی نہیں مانتا تھا اور اعتقاد نامہ حواریوں میں بھی شک کرتا تھا ✣
		۳۴	ناصریوں کا فرقہ۔ وہ صرف عبرانی انجیل متی کو مانتا تھا اور وہ اس انجیل مروج سے مختلف تھی۔ انکی کتابوں میں ہے کہ مسیح نے گارے کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

پرند بنا کر انمیں پھونک ماری اور وہ اُڑ کر چلے گئے اور وہ مسیح کے مصلوب ہونے کے بھی منکر تھے +

۳۴ دین حق کی تحقیق کا مصنف صفحہ ۸۸ میں کہتا ہے کہ پیغمبر علیہ السلام نے یہہ باتیں ناصری فرقہ سے لیکر قرآن میں شامل کی ہیں +

۳۵ نجرانی نصاریٰ یہہ لوگ مشرق کیطرف منہ کرکے نماز پڑھا کرتے تھے (اُردو تاریخ کلیسیا مطبوعہ ۱۸۷۰ء حاشیہ صفحہ ۱۵۴) اس گروہ کے لوگ آنحضرت صلعم سے تثلیث پر مباہلہ کرنے کے لئے آئے ہے مگر ڈر گئے اور جزیہ دینے پر راضی ہوگئے۔ نجران یمن ملک عرب میں شہر ہے +

۳۶ بریلوس اسقوف بصریٰ کا فرقہ۔ وہ مسیح کو ازلی نہ جانتا تھا +

۳۷ تیرتلیانی فرقہ۔ یہہ روح اور خدا کو بھی مادی سمجھتا تھا +

۳۸ کوپریانی فرقہ۔ کوپریانی نے یہ عقیدہ نکالا تھا کہ جو کلیسیا میں فرمانبرداری کے ساتھہ زندگی بسر کرے وہ نجات نہ پائے گا۔ اس بنا پر اعتقاد تثلیث وکفارہ والوہیت مسیح سب بیکار ہیں

۳۹ اُرجن کا فرقہ یہہ شخص ۲۲۳ء میں مدرسہ اسکندریہ کا مدرس تھا اسی کے وقت میں عیسائیوں میں جعلی کتابیں تصنیف کرکے حواریوں وغیرہم کے نام سے مشہور کرنے کا دستور پڑا وہ رائج ہوا اور چھ سو برس تک جاری رہا اُردو تاریخ کلیسیا مطبوعہ ۱۸۷۰ء صفحہ ۱۸۴-۱۸۵ مجلس نائیس میں جو پادریوں کو شادی کی ممانعت ہوئی تھی اور وہ خود بھی دین کے لئے خوجہ بن گیا تھا اسکا بانی بھی یہی شخص تھا اسکے عقائد افلاطونی فلسفہ اور عیسوی مذہب سے مرکب تھے یہہ لوگ روح کی تاثیر کے قائل نہ تھے صرف اپنے مجاہدہ کو موثر جانتے تھے +

۴۰ افلاطونی فرقہ۔ قریب اختتام دوسری صدی عیسوی کے اسکندریہ میں عیسائیوں کے ایک گروہ میں فلسفۂ افلاطون کا

toobaa-elibrary.blogspot.com

رنگ پیدا ہوا جو امور مذہب عیسوی
کے ان کی سمجھ کے برخلاف تھے۔
سب کا انکار کرتے تھے جیسا کہ آجکل
فلسفہ جدید نے یورپ میں مذہب
عیسوی کی مٹی خراب کر رکھی ہے
ایسا ہی اوس عہد میں منجملہ امتیوں
کے اس گروہ کا ایک بڑا فاضل
تھا جو تیس برس تک تیسری صدی
کے شروع میں درس دیا کرتا تھا۔
۴۱ پلوطنس کا فرقہ جسمیں ۲۶۲ء میں پورفیری
جو دین عیسوی کے برخلاف مدتوں
کتابیں تصنیف کرتا رہا۔ اس فرقہ
میں داخل ہوا۔ یہ لوگ چاروں
انجیلوں کو ایک فرضی داستان
سمجھتے تھے باوجود اس کے عیسوی
مذہب کے مدعی بھی تھے (اردو تاریخ
۴۲ کلیسیا صفحہ ۱۸۵۔ ۱۸۶ اکریو کراطس کا
فرقہ اس کے شاگرد دیدہ و دانستہ
بدکاریوں کے اصول کو اختیار کیے
ہوئے تھے ان لوگوں نے انجیل
کی مخالفت میں سب سے زیادہ سبقت

کی تھی مصلوبی مسیح کے سخت منکر تھے
(رومن ترجمہ قرآن و حاشیہ علماء
نصاریٰ مطبوعہ مشن پریس الہ آباد سنہ ۱۸۴۴ء
صفحہ ۸۳)
۴۳ قروو۔ اور مرکین اور وتینس کا فرقہ اول و دوم
۴۴ فرقہ کا ذکر نامہ حواریوں کے آٹھویں
باب سے سمجھا جاتا ہے۔
۴۵ یہ تینوں فرقے شروع میں تھے اور
سب کا یہ اعتقاد تھا کہ حضرت
عیسےٰ کا باپ خدا خالق دنیا نہیں
نہ وہ خدا جو توریت کا خدا ہی بلکہ
وہ جو اس سے برتر تھا (ایضاً صفحہ ۱۹۹
مع حاشیہ)۔
۴۶ تاتیان کا فرقہ۔ انکراتیس کا فرقہ
۴۷ ان دونوں فرقوں کے لوگ درویشی
اور تصوف میں محو تھے۔ استغراق
اور ریاضت ہی کو نجات کا باعث
جانتے تھے رہبان انہیں لوگوں
میں سے ہوتے تھے مگر اور عیسائیوں
کے نزدیک یہ مردود شمار کیے جاتے
تھے۔ اس گروہ کے لوگ شام اور عرب

toobaa-elibrary.blogspot.com

میں ظہور اسلام کیوقت بہت تھے اور نہیں خدا پرستی اور خدا ترسی کا بھی بہت کچھ مادہ تھا ٭

۴۸ تھیوڈوشس کا فرقہ۔ دوسری صدی عیسوی کے اختتام کے قریب یہ فرقہ پیدا ہوا۔ اس گروہ نے اور ایبن کے گروہ نے شریعت موسوی کو ترک کر کے صرف اسی بات پر قناعت کر رکھی تھی کہ وہ حضرت مسیح کو محض انسان جانتے تھے ٭

۴۹ پولی کا فرقہ یہ لوگ مسیح علیہ السلام کے مصلوب ہونے اور پھر زندہ ہو کر آسمان پر چڑھ جانے کے سخت منکر تھے۔ (اُردو تواریخ کلیسیا صفحہ ۲۰۲)۔

۵۰ سبلیوس کا فرقہ۔ یہ لوگ کہتے تھے کہ خدا کی ذات کا ایک جزء جدا ہو کر حضرت مسیح سے شامل ہو گیا اور یہ جزء دوسرا جزء منفصل ہو کر روح القدس بنگیا اسلیئے وہ قائل تھے کہ جو مصلوب ہوا وہ دراصل باپ خدا تھا نہ بیٹا اور اسکے پیرو پتری پاسین کہلاتے ہیں۔

(ایضاً صفحہ ۲۰۵)

۵۱ بالدی اور بالی فرقہ۔ ان دونوں کا ظہور ایک ہزار اسی یا نوے اسی عیسوی میں ہوا جبکہ فرقہ پراٹسٹنٹ کا نام ونشان بھی نہ تھا یہ دونوں فرقہ رومی کلیسا سے عقیدہ میں بالکل مخالف تھے اور رومی عیسائی ان دونوں کو واجب القتل سمجھتے تھے (ہندی تواریخ کلیسیا مطبوعہ ۱۸۲۹ء صفحہ ۱۷۵) ٭

۵۲ الوجین فرقہ ہارن اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ فرقہ الوجین جو دوسری صدی میں تھا انجیل یوحنا اور نامجات یوحنا کا منکر تھا۔

۵۴ مارسیونی فرقہ اسکا اعتقاد تھا کہ حضرت عیسےٰ مریم سے پیدا نہیں ہوئے بلکہ پچاس برس کی عمر میں ہو کر غیب سے اس جہان میں آگئے یہ لوگ عہد قدیم کی کسی ایک کتاب کو بھی نہیں مانتے تھے یہ کسی انجیل کو مگر انجیل لوقا کو اور اس کے بھی اول دو باب کو جنمیں حضرت مسیح کا حضرت مریم سے پیدا ہونا لکھا ہے الحاقی کہتے تھے۔

ہدایت المسلمین مطبوعہ لاہور ۱۸۶۸ء صفحہ ۵۵-۵۶

toobaa-elibrary.blogspot.com

۵۵ نزاری فرقہ یہ اول صدی عیسوی میں تہا اسکے لوگ پولوس کو اور اس کے نامجات کو نہیں مانتے تہے بلکہ اسکو مکار اور فریبی سمجھتے تہے وقالہ پولوس مصنفہ بولنجر کے دوسرے باب میں ہے کہ گری ساسٹن اپنی ایک تفسیر میں جو انہوں نے کتاب اعمال پر چوتھی صدی میں تصنیف کی تہی لکھتے ہیں کہ نزاری فرقہ جو شروع میں تہا وہ پولوس کے نامجات اسکی مکاری کے سبب نہیں مانتا تہا اور کہتا تہا کہ پولوس اصل میں رومی بت پرست تہا یہ وسلم میں اس مراد سے آکر ٹہرا کہ وہاں کے ایک عابد کی لڑکی سے شادی کرے جسپر وہ عاشق تہا جب وہ اپنی مراد کو نہ پہونچا تو عیسائیوں میں ملگیا اور یہود کی ضد میں توریت اور اس کے ابدی احکام کی تحقیر شروع

ف اس اختلاف شدید سے عاقل کو حیرت ہوتی ہے کہ اسقدر مخالف فرقوں میں سے جنکا اصول مذہب میں اختلاف ہے کون حق پر ہے اسلیئے اول زمانہ میں ہی عقلاء وحکماء نے اس اختلاف کو بطلان کی دلیل سمجھکر اس مذہب سے نفرت ظاہر کی اور اب بہی جو فلسفہ وسائنس کو ترقی ہوئی تو عقلاء وحکماء کی نظر میں یہ مذہب باطل ٹہیر گیا آج یورپ میں فیصدی پانچ ہی پڑہے لکہے اس مذہب کے معتقد نہیں بلکہ دہریئے اور مادی وطبعی ہوگئے مگر ایک قومی مصلحت سے اس مذہب کی تائید کو اپنی حکومت کی سرزمین میں کرتے ہیں اسلیئے اسکی اشاعت وترویج میں سرگرم ہیں اگر کوئی اسلام کے مخالف فرقوں کو معارضہ میں پیش کرکے اسلام کی بطلانیت ثابت کرنا چاہیئے تو یہ اسکی ناواقفیت ہے کیونکہ اسلام کے اصول امت دین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات سے ابتک ہیں اللہ پر مع صفات ایمان لانا خدا کے نبیوں کو برحق جاننا اسکی منزل کتابوں کو برحق ماننا فرشتوں پر ایمان لانا قیامت کا آنا برحق سمجہنا قرآن کو کتاب الٰہی اور اسکے ان مضامین کی جو عبارت سے ثابت ہیں تصدیق کرنا حضرت محمد صلعم کو رسول برحق جاننا اور اعمال میں یہ پانچ چیزیں اصول ہیں زبان سے اقرار شہادت کرنا نماز پڑہنا زکوۃ دینا روزہ رکہنا حج واجب ہوجائے تو ادا کرنا۔ قرآن میں جن چیزوں کو منع کیا ہے انسے باز رہنا جن کا حکم دیا ہے اسکو بجالانا ان سب میں اسلام کو سب

toobaa-elibrary.blogspot.com

کردی اور ختنہ اور یوم السبت کو بھی
اوڑا دیا اور شریعت پر عمل کرنے
والیکو بضعف قرار دیکر لوگونکو بے قید اور
آزاد کر دیا +
انمیں سے اکثر باتوں کا پتہ کتاب اعمال
اور پولوس کے خطوں سے بھی چلتا ہے
چنانچہ کتاب اعمال کے ۲۱ باب میں
خود پولوس اپنے آپ کو رومی الاصل
کہتا ہے اور رومی اسوقت بت پرستی
ہی تھے یہی وہ پولوس مقدس ہیں

۵۶

کہ جنکو اکثر عیسائی پیشوا مانتے ہیں اور
موجودہ مذہب عیسوی خواہ رومن کیتھولک
ہوں خواہ پراٹسٹنٹ پولوس ہی کا مذہب
ہے یہاں تک کہ اسکے خطوں کو بھی
جو معمولی ہیں الہامی اور انجیل مانا جاتا
ہے یہ شخص حواری نہیں مگر حواریونکو
بھی دھمکاتا ہے اور اپنی تدابیر سے
سب پر غالب آگیا تھا اہل اسلام ہی
اسکو نہیں مانتے +
متسنی فرقہ۔ اس فرقہ کو صاحب تواریخ

بقیہ حاشیہ صفحہ ۶۲۶ سب فرقے شریک ہیں کسیکا بھی اختلاف نہیں البتہ اول صدی میں خلافت و امامت کی
باہت باہم نزاع برپا ہوا علی کیطرف داری میں ایک گروہ نکلا جنکو شیعہ کہتے ہیں اسیطرح علی کے خلاف میں
ایک گروہ اُٹھا انکو خارجی کہتے ہیں پھر ایک گروہ تقدیر کا منکر بندہ کو اپنے افعال کا خالق کہنے لگا دوسرا
ان کے بالکل خلاف فرقہ اوٹھا اول کو قدریہ دوسرے کو جبریہ کہتے ہیں پھر جہم بن صفوان صفات باری میں
گفتگو کرنے لگا اس کے گروہ کا نام جہمیہ ہوا۔ پھر فلسفہ یونانی جب عربی میں نقل ہوا اور لوگوں کو اسکی
طرف رغبت ہوئی تو ایک گروہ شرعی باتوں کی ان کے موافق تاویل کرنے لگا اس گروہ کو معتزلہ
کہتے ہیں اور جس گروہ اعظم سے یہ نکلے ہیں وہ اہل سنت کا فرقہ ہے جو جمہور اہل اسلام کو حاوی ہے
اور دنیا بھر میں وہی ہے یہ کل سات فرقے ہوئے پھر ان چھ فرقوں میں بعض بعض امور میں اختلاف
ایک ایک کے متعدد فریق بن گئے جن کی تعداد غالباً بہتر تک پہونچتی ہے اہل سنت۔ اہلحدیث۔ شافعی
حنفی۔ مالکی۔ حنبلی لوگ ہیں مجتہدین کا نصوص سے احکام استنباط کرنے میں اختلاف آراء ہونا
ایک یقینی بات ہے اسلئے اس اختلاف جزئیات فرعیات کو کسیکی بدعت و بدمذہبی پر محمول نہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

	کلیسیا اُردو نے بھی صفحہ ۱۷ میں عیسیٰ فرقہ لکھا ہے اب انکی بدعات کا حال نہیں معلوم کہ کیا ہیں ✤	بڑی کلیسیا ہیں اول گریک چرچ یعنے یونانی کلیسیا - دوئم رومن کیتھولک چرچ یعنے رومی کلیسیا - تیسرے پراٹسٹنٹ
۵۷	فرقہ سنوسیت - مینی ڈک بن وہابیش	یعنے رومی کلیسیا کی منکر جماعت -
۵۸	کارمی سیت - یہ بھی فرقہ ✤	اول الذکر کلیسیا کی افسری کا دعوے
۵۹	اور بھی بہت سے عیسائیوں کے	شاہ روس کو ہے جو سینٹ پیٹرزبرگ
۶۰	فرقے ہیں جنکا اعمال وعقائد میں	شہر میں رہتا ہے اور پہلے اوس کا
	سخت اختلاف ہے جنکی تعداد نسطو	دارالسلطنت شہر ماسکو میں تھا اسکو
	سے بھی زیادہ ہے مگر اب جو دنیا	دعوے ہے کہ حضرت مسیح خدا ہیں اور
	میں اکثر موجود فرقے ہیں اور وہ	میں ان کا نائب و خلیفہ ہوں اسلیئے
	تثلیث کے معتقد ہیں انمیں تین	دنیا بھر پر حکومت کا استحقاق مجھے

بقیہ ص ۶۲۷ - کیا گیا اسی طرح اہل طریقت کیطرف جو لوگ منسوب ہیں چشتی قادری - نقشبندی وغیرہ وہ بھی کوئی اختلاف مذہب نہیں ان چھ فرقوں کے لوگوں نے اگر اپنے تعصب وعیات کو اصول مذہب نہیں بنالیا ہے اور اپنے مطالب کے استدلال میں آیات قرآنیہ کی تاویلات میں انکار کی نوبت نہیں پہونچادی ہے - یا آئندہ کوئی ایسا ہو تو اسکو جمہور اہل اسلام کا فرد خارج از اسلام نہیں کہتے یہہ اور بات ہے کہ ادنی اختلاف میں بھی ایک دوسرے کو آیات و احادیث متواترہ کا منکر قرار دیکر کافر بنا دیا کرتا ہے یہ مسلمانوں کی آپس کی جنگ ہے جو انکو ترقی سے مانع آئی - اب کل تین ہی فرقے موجود ہیں شیعہ جو ایران میں قدرے ہندوستان وغیرہ بلاد میں ہیں خوارج جو اطراف یمن وغیرہ میں ہیں باقی سب اہل سنت والجماعت ہیں ایک گروہ ہے اسکے مقابلہ میں مسلمانوں کے فرقوں کے ادنے ادنے اعتبارات سے لمبی چوڑی فہرست پیش کرنا ایک بڑی بدفہمی ہے ۱۲ منہ

۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

حاصل ہے ✣

اسکے ہم مذہب یعنے یونانی کلیسیا کے عیسائی اکثر حضرت سلطان المعظم خلد اللہ ملکہٗ کی عملداری میں رہتے ہیں اسلئے پادریوں کے ذریعے اپنے ہم مذہبوں کو بہکا کر نت نئے فساد برپا کرتے رہتے ہیں جسکی طرف تمام کوشش دولت علیہ کی مصروف رہتی ہے۔ اور کسی عمدہ تدبیر کیطرف توجہ کرنے کی کم فرصت ملتی ہے ✣

جو شخص اپنے گھر پر تپہر پھینکے اوسکا علاج یہی نہیں ہے کہ اسکے تپہروں سے بچاؤ کرے بلکہ اس کے گھر پر اسقدر تپہر برسائے کہ اسکو تپہر پھینکنے کی مہلت نہ ملے کاش سلطنت علیہ بھی اسکی رعیت میں جو بیشتر مسلمان اور سلطان کے ہمذہب ہیں اپنے علما بھیجکر ایسے فتنہ برپا کرائے کہ روس پر اطمینان سے ایسے فتنہ نہ اوٹھائے اور پناہ مانگ جائے مگر اب جاپان کی شکست سے روس کے ہوش وحواس پریشان ہیں سلطنت کی چولیں ڈھیلی ہوگئی ہیں ✣

دوسری کلیسیا کا سردار پوپ جو ملک اٹلی کے مشہور شہر رومیہ میں رہتا ہے وہ کہتا ہے کہ مسیح جو خدا ہے اسکی نیابت وخلافت کا استحقاق مجھکو ہے جو مسیح کے حواری پطرس[1] (شمعون) سے نیابتاً وراثۃً مجھتک پہونچا ہے اور بہشت و دوزخ کی کنجیاں بھی میرے ہی ہاتھ میں ہیں ہر شخص میرے انڈلجنس Indulgence یعنے پروانہ کے وسیلہ سے عذاب دوزخ سے نجات اور بہشت میں داخل پاسکتا ہے۔

[1] پطرس یونانی کلمہ ہے جسکے معنی پتہر کے ہیں کسی انجیل میں شاید یہ بھی ہے کہ حضرت عیسےٰ نے فرمایا تھا کہ میں اپنے کلیسیا کی بنیاد پتہر پر قائم کرونگا جو بہت مضبوط ہے۔ اسی سے رومی کلیسیا کے عیسائی یعنے رومن کیتولک یہ سمجھتے ہیں کہ مسیح کا خلیفہ برحق پطرس ہے اور وہی سب حواریوں سے افضل تر ہے۔ اس گروہ کے عیسائی کہتے ہیں کہ دینی انتظام بغیر اسکے ممکن نہیں کہ ہمیشہ ایک شخص نائب خدا دنیا میں رہے اور وہ پطرس پتہر کے بعد دیگر پوپ ہوتے آئے ہیں پوپ جو مسند خلافت

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہر شخص کو پوپ یا اسکے نائب پادری کے سامنے اپنے گناہوں کا اقرار اور بیان کرنا بھی لوازمہ نجات سے سمجھا جاتا ہے یہ لوگ مسیح کی صلیب اور مریم کی تصویر کو بھی پوجتے ہیں قدماء اہل اسلام کی کتابوں میں انہیں کو اہل جلیلیا لکھا ہے اور اسی گروہ سے اندلس و شام و مصر وغیرہ بلاد میں خونخوار لڑائیاں ہوئیں ہیں اور اسی گروہ کے لوگوں نے حرب صلیب قائم کی تھی جو کئی صدیوں تک مسلمانوں اور عیسائیوں میں بیت المقدس فتح کر لینے پر خونریز جنگ کے شعلہ افروختہ ہوتے رہے جنکو صلاح الدین یوسف نے اپنی آبدار شمشیر کے پانی سے بجھایا اور اس عہد میں یہی گروہ زیادہ تر یورپ میں تھا اور تمام یورپ پر پوپ ہی کی حکمرانی مذہبی طور سے تھی۔ اس مذہب میں فرانس۔ اٹلی ڈچ۔ پرتگیز وغیرہ سلطنتیں ہیں۔ اس مذہب میں توہمات پرستی قبر پرستی صدہا جاہلانہ توہمات ہیں ۔

تیسرا گروہ پراٹسٹنٹ اسپین انگلستان۔ جرمنی۔ امریکہ وغیرہ ہیں یہ کلمہ انگریزی زبان میں اسم فاعل کا صیغہ ہے جو مصدر پروٹسٹ سے مشتق ہے جسکے معنی ہیں کسیکی مخالفت کا

بقیہ ص ۶۲۹ پر بیٹھتا ہے وہ اپنے پیر کا روحانی فرزند سمجھا جاتا ہے۔ ہندوں کے سادھوں اور گوسائیوں کی طرح پوپ اور اوسکی خانقاہ کے مرد و زن شادی نہیں کرتے اور ملنگ رہنے کو مسیح کی خدمت سمجھتے مگر جو جو قباحتیں وہاں ظہور میں آئیں اور آتی رہتی ہیں ان کے ذکر سے شرم آتی ہے ان شرمناک واقعات کو دیکھکر جرمن کا رہنے والا لوتھر پوپ سے برگشتہ ہوگیا اور پراٹسٹنٹ فرقہ کا بانی ہوا ۱۲ منہ

ف پراٹسٹنٹ فرقہ مذہب میں توریت یا انجیل کا تابع ہے یا اپنے بادشاہوں اور پارلیمنٹ کا گولڈا اسمتھ کی تاریخ انگلستان مطبوعہ ۱۸۵۳ء صفحہ ۱۰۰ اسے معلوم کر سکتے ہیں وہ لکھتے ہیں

یہ نقشہ عبادت کا ۱۵۴۸ء میں پارلیمنٹ کے حکم سے بدلا گیا سال آیندہ ایڈورڈ ہشتم نے بارہ بشپ اور چھ پادریوں کی کمیٹی کو حکم دیا کہ عبادت کا دوسرا نقشہ بنا دیں اور ۱۵۵۲ء میں انہوں نے اپنی عبادت کا طور بدلا لوگوں نے خیال کیا کہ اس ترمیم نے عبادت کے طرز کو کامل کر دیا ہوگا۔ مگر افسوس کہ ۱۵۵۹ء میں ملکہ الزبتہ خلل انداز

toobaa-elibrary.blogspot.com

اعلانیہ اقرار کرنا چونکہ یہ جماعت رومی کلیسیا کا اعلانًا انکار کرتے رہے اسلئے پروٹسٹنٹ کہلاتے ہیں۔ اس فرقہ کا بانی مارٹین لوتھر جرمنی ہے جو تقریبًا پندرہویں صدی عیسوی میں تنہا ہسپانیہ اندلس میں مسلمانوں سے تعلیم پائی تھی یہ پوپ سے برگشتہ ہوگیا اور اس کی بدعات کا اعلانًا انکار کرنا شروع کیا ہر چند ابتداء میں طرفین میں بڑی خوں خوار لڑائیاں ہوئیں ایک فریق نے دوسرے فریق کو زندہ آگ میں جلایا مگر اس گروہ میں رومی کلیسیا اور پوپ کی بیحد اطاعت سے آزادی تھی اور سوئٹزرلینڈ کے بادشاہ بھی پوپوں کے تشددات اور دخل در معقولات سے عاجز آگئے تھے اسلئے جلد اس گروہ کا رواج ہوا اور بڑے بڑے عیسائی بادشاہ بھی اس مذہب میں داخل ہوگئے +

اس فریق کو لوتھرن فریق بھی کہتے ہیں یہ رومی اور یونانی کلیسیا کے عیسائیوں کو کافر وبت پرست سمجھتے ہیں اور وہ انکو بے دین اور زندیق خیال کرتے ہیں +

پھر اس فرقے میں سے بھی بہت سے فریق پیدا ہوگئے اور آپس میں ایک فریق کا دوسرے سے ایسا سخت اختلاف ہے کہ جو مسلمانوں کے کسی فریق میں بھی نہیں یہاں تک کہ سنی و شیعہ دو مخالف گروہوں میں بھی وہ اختلاف نہیں مگر ان فرقوں نے چند عرصہ سے باوجود اس اختلاف شدید کے اس امر پر اتفاق کرلیا ہے کہ جو قوت و دولت باہمی نزاع میں صرف کیجاتی ہے وہ سب غیر قوموں کے زیر کرنے اور عیسائی بنانے میں صرف کیجائے اور آپس میں ایک دوسرے سے متعرض نہو ہر ایک اپنے اپنے دین پر قایم رہے اسلئے غیر مفتوحہ ملکوں کو باہم فرضی طور پر

بقیہ ص ۶۳۰ ہوئی اور اسنے ایک عجیب کمی (بیشی) کی شاہ جیمس اول نے ۱۶۰۳ء میں پہر نماز کا دستور بدل ڈالا اسکے بعد ۱۶۶۲ء میں جیمس دوم نے پہر اسے تبدیل کیا الخ

اس مذہب میں سور شراب سب درست ہے کفارہ کا اعتقاد ہر ایک بدکاری کے لئے کافی ہے طہارت و نجاست حلت و حرمت بھی ان کے نزدیک کچھ نہیں سب چیزیں ان کے لئے پاک ہیں اس آزادی کے سبب یورپ میں اس مذہب کا رواج ہوا۔ ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

تقسیم کرلیا ہے پھر انپر تسلط کرنے اور عیسائی بنانے کے دو طریق ہیں ؛

اول ان کے سواحل پر تجارتی کوٹھیاں قائم کرتے ہیں پھر رفتہ رفتہ اوس ملک کے عوام اور امرا سے سازباز کرکے اندر گھستے جاتے ہیں اور اپنے آنے سے پہلے پادریوں اور ڈاکٹروں کو اپنی رسائی کا ذریعہ بناکر بھیجدیتے ہیں اِس عرصہ میں اوس ملک کی حکمت سے کمزوری پیدا کرکے عجیب وغریب اسباب پیدا کرتے ہیں اور امرا میں نفاق کی بنیاد ڈالکر آپسمیں لڑاتے اور ایک گروہ کے مددگار بنکر غالب ومغلوب دونوں کو قبضہ میں لاتے ہیں کہیں ایسے معاہدے کرتے ہیں کہ خشکی روسے اوس ملک اور بادشاہ کی کمزوری کے وقت چڑھائی کرکے اس کو لے سکیں پھر ملک کو فتح کرکے ہمیشہ کے لئے سخت طرح سے اپنے قابو میں کرلیتے ہیں کبھی کسی سلطنت کو ترقی کا سبز باغ دکھاکر قرضہ دیتے ہیں اور پھر اسکے جال میں ایسا پھانستے ہیں کہ باہر ہونا محال ہوجاتا ہے پھر تعلیم کا ایسا بیکار معیار قائم کرتے ہیں کہ لوگوں کو صنعت و حرفت سے تو آشنائی نہو مگر اس قوم سے مانوس ہوجائیں ان کے اخلاق وخیالات کا اپنپر پورا اثر پڑے یورپین ساخت کی چیزوں کی طرف رغبت ہوجائے اُنکا رعب غالب آجائے اخباری دنیا کے ملمع کار باتوں کو جلد تسلیم کرنے لگیں اپنے مذہب ملت اور حب الوطنی سے لگاؤ نہ رہے ؛

دوئم پادریوں کے وہ لشکر متعین کرتے ہیں کہ جن سے عہدہ برا ہونا محال ہوجاتا ہے جنڈ زنانہ ومردانہ اسکول وکالج اور شفاخانے کھولدیئے جاتے ہیں اور اسپر لاکھوں کروڑوں روپیہ صرف کرکے محتاجوں حاجتمندوں کو کہیں فریب سے کہیں کسی لالچ سے عیسائی بناتے ہیں پھر کہیں محتاج زدہ بچوں کو کہیں لوگوں کے چھوٹے بچوں کو بہکا پھسلا کر منگاتے اور مشن میں غائب کردیتے ہیں ماں باپ روتے پیٹتے مرجاتے ہیں کہیں بیگانہ منکوحہ عورتوں تک کو بلاکر غائب کردیتے ہیں اور جو کوئی عدالت میں دعویٰ دائر کرتا ہے تو بہت ہی کم کامیاب ہوتا ہے غریب کلیجہ تھام کر رہجاتا ہے۔ پھر کہیں کسی فرضی شخص کو مدینہ کا مجاور

toobaa-elibrary.blogspot.com

ظاہر کرکے اسکے نام سے جھوٹے اشتہار شائع کرتے ہیں کہ مجھے آنحضرت صلعم نے بشارت دی ہے کہ اسکے سال کئی لاکھ حاجیوں میں سے تین باایمان مرے باقی بے ایمان اور فلاں روز یہ یہ آثار قیامت برپا ہونگے اور فلاں روز یہ ہوگا بڑے پیر اور امام حسین کے نام پر مسلمان فلاں چیز پر فاتحہ دلائیں اور روزہ رکھیں وغیرہ تاکہ عوام مسلمانوں کے دلونمیں ان آثار کے ظاہر نہونے پر پیغمبر علیہ السلام کیطرف سے شک پیدا ہوجائے کہیں اپنے آپکو مسلمان ظاہر کرکے عیسائیوں سے مناظرہ کرتے اور آخر میں ہار جاتے اور مذہب عیسائی کے برحق ہونے کے قائل ہوجاتے ہیں۔ تاکہ عوام مسلمانوں کے دلونپر اثر پڑے باوجودیکہ شہر کی مینوسپالٹی میں ان کے قوم کی کچھ بھی آمدنی نہیں ہوتی مگر فاہ عام کے حیلہ سے سینکڑوں روپیہ ماہوار مقرر کرالیتے اور اسکو اپنے مذہب کی اشاعت میں صرف کرتے ہیں۔ پمفلٹوں اور کتابوں اور رسالوں کے ذریعہ سے اودھم مچاتے ہیں۔ الغرض بہت حیلے اور تدبیریں عمل میں لاتے ہیں مگر اسپر بھی بہت سی[۱] کم لوگ اون کے دام میں آتے ہیں گو یہ نقشہ میں کارروائی دکھاؤ کو سینکڑوں کی تعداد کو ہزاروں کرکے دکھاتے ہیں۔ ابسات پر پادری اینرک ٹیلر کی وہ اسپیچ گواہ ہے جو اسنے کئی سال افریقہ میں محنت جاں کاہ اور بیشمار روپیہ صرف کرنے کے بعد سینکڑوں چرچ کے ممبروں کے سامنے بیان کی تھی کہ ہماری سالہائے دراز کی محنت کا افریقہ میں کچھ بھی اثر نہوا جن لوگونکو زر کثیر صرف کرکے عیسائی کیا تھا جب ہم وہاں واپس آئے تو سب کو مسلمان پایا۔

[۱] یہ تمام تدابیر صرف اسلئے نہیں کہ وہ دراصل مذہب عیسوی کو حق جانکر اس کی اشاعت فرض جانتے ہیں بلکہ سلطنت کو عیسائیوں پر پورا اہر و ہے کہ وہ کبھی بغاوت نکریں گے اسلئے ان میں اور عام رعایا میں ایک امتیاز خاص پیدا کرتے ہیں مگر تجربہ سے یہ خیال غلط ثابت ہوتا جاتا ہے جب جب اوطنی کا مسئلہ پیش آجاتا ہے تو سب سے اول یہی لوگ آزادی کے خواستگار ہوتے ہیں۔ امریکہ ٹرانسوال وغیرہ کے نظائر موجود ہیں ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

بجائے مردم خوری کے ان میں انسانیت اور مہمان نوازی بھی آگئی۔ بجائے نامردی کے اب وہ شجاع بھی ہوگئے بجائے توہمات پرستی کے وہ خدائے واحد کی پرستش کرنے لگے اخلاقی اور طہارت کا بھی انمیں ایک معتدبہ حصہ نمایاں ہونے لگا اسلئے ہمکو مجبوراً اقرار کرنا پڑتا ہے کہ یہہ سب اسلام کی اندرونہ خوبی کا سبب ہے جو لوگوں کے دلوںپر مقناطیسی اثر رکھتی ہے اسیلئے دن بدن افریقہ میں ہزاروں بلکہ لاکھوں لوگ بعض تجار عرب کے سبب مسلمان ہوتے جاتے ہیں ہمکو اس سے ناراضی نہونا چاہیئے۔ کیونکہ اسلام بھی مذہب عیسوی کی ایک شاخ ہے الخ ہندوستان میں تخمیناً سو برس سے مشنری اسی کوشش میں ہیں لیکن ابتک جو اگلی پچھلی عیسائیوں کی تعداد ظاہر کیجاتی ہے تو بہت ہی کم ہے۔ برخلاف اس کے اول مردم شماری کے بعد جو دو تین برس ہوئے دوسری مردم شماری ہوئی تھی اسمیں صرف دس بارہ برس کے اندر مسلمانوں کی تعداد کا تین لاکھ سے زیادہ اضافہ تھا۔ جسپر اہل الرائے نے قیاس کیا تھا کہ اگر یہی اسلام کی افزونی رہی تو ایک صدی کے اندر اندر تمام ہندوستان کے لوگ مسلمان ہوں جائیں گے اگر مسلمان پادریوں سے دسواں حصہ بھی کوشش اور انتظام کریں تو پھر حیرت نما ترقی نظر آئے مگر ابھی تک وہ خواب غفلت میں بیہوش ہیں اور تمام قوت آپسکے جھگڑوںمیں صرف کررہے ہیں لیکن الحمدللہ اب کچھہ بیدار ہوتے چلے ہیں ان کے بادشاہوں نے بھی کروٹ بدلی ہے للہ الحمد ✣

ف بیت المقدس جسکے فتح کرنے کی بشارت عہد قدیم میں ایک بابرکت اور باخدا قوم کے لئے ہے جبسے حضرت عمر کے زمانہ سے ابتک اہل اسلام کے قبضہ میں ہے اب حضرت سلطان المعظم کے زیر حکم ہے وہاں ہر سال ہزاروں لاکھوں عیسائی بطور حج کے جاتے ہیں اور بردن ندی میں جہاں حضرت مسیح علیہ السلام نے حضرت یحیی علیہ السلام کے ذریعے غوطہ لگایا تھا۔ غوطہ لگاتے ہیں اور تبرک کے طور پر وہاں کا پانی اسطرح لیجاتے ہیں کہ جسطرح ہندو گنگا جل جیسوی مذہب میں داخل ہونے کی شرط پانی میں غوطہ لگانا ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

فصل (۵)

(ویدوں پر بحث)

اکثر ہندوؤں[۱] کا دعوےٰ ہے کہ ان کے بزرگوں پر بھی آسمانی کتابیں نازل ہوئیں ہیں اور ان میں معارف وسعادت انسانی کی تعلیم ہے۔ اور وہ چار کتابیں ہیں رگوید۔ یجروید۔ شام وید۔ اتھربن وید۔ وید کو عوام بید بھی کہتے ہیں واؤ کو بے سے بدل کر۔ اسکے معنے علم و دانش کے ہیں جسکو ودیا کہتے ہیں۔ انکا دعوےٰ ہے کہ ان کتابوں میں علم و دانش ہے اسلئے ہر ایک کے ساتھ لفظ وید ملا دیتے ہیں۔ اب انکے اصلی نام رگ۔ یجر۔ شام۔ اتھر د سمجھنے چاہیں۔ جو ان کے مصنفوں یا جمع کرنے والوں کے نام خیال کیے جاسکتے ہیں کم از کم اتنا تو ضرور تسلیم کرنا پڑے گا کہ ان چاروں اشخاص کے نام سے ان چاروں کتابوں کا نامزد ہونا کوئی خصوصیت خاص رکھتا ہے۔ اور

بقیہ صفحہ ۶۳۴۔ جو پادری کے حکم سے لگایا جاتا ہے جسکو اصطباغ یا بپٹسمہ کہتے ہیں یہ ان میں اگر اختلاف پڑ گیا ہے بعض کے نزدیک پانی کا چھینٹا دینا ہی کافی ہے۔ عشاء ربانی بھی عیسوی مذہب میں ایک متبرک عبادت ہے چند اشخاص شراب اور کچھ روٹیاں مسیح کا گوشت اور خون سمجھکر کھاتے ہیں صلیب انکی مذہبی علامت ہے اور نہیں تو گلے میں ایک دھاتی صلیبی طرز سے باندھتے ہیں ۱۲ منہ

[۱] دام مارگی۔ جینی۔ بودھ مت۔ ناستک یعنی ملحد و دہریئے۔ اکثر جوگی اعنی ہندوؤں کے صوفی۔ نانک پنتھی۔ داد و پنتھی۔ کبیر پنتھی۔ اور دیگر بہت سے گروہ جو ہندوستان کے قدیم باشندے مانے گئے ہیں اور اب وہ یا خانہ بدوش ہیں یا جنگلوں۔ پہاڑوں میں رہتے ہیں جیسا کہ قوم سونتھال جو بنگالہ نواح بردوان میں دور تک پہاڑوں میں آباد ہے یہ سب ویدوں اور شاستروں اور ہندو دہرم کی کتاب منوسمرتی وغیرہ کو نہیں مانتے۔ اور بودھ فرقہ تو ویدونکا یہاں تک دشمن ہے کہ جب انکا ہندوستان میں غلبہ ہوا تو تلاش کر کے ویدوں اور ویدیوں کو غارت کیا۔ اور الہامی

toobaa-elibrary.blogspot.com

تصنیف وتالیف سے بڑھکر اور کیا خصوصیت ہوسکتی ہے۔ کیونکہ شارح اور اس کے عامل کے نام سے کوئی کتاب نامزد نہیں کیجاتی۔ اس سے صاف طور پر یہ نتیجہ برآمد ہوتا ہے کہ یہی چار اشخاص ان کتابوں کے مصنف یا ملہم یا مولف ہیں۔ مگر ہندوؤں میں ان کے مصنفوں کی بابت بڑا ہی اختلاف ہے **قدیم** ہندو جنکو سناتن دہرم کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ اِن چاروں کا مصنف **برہما جی** کو کہتے ہیں کہ انکے چار مونہہ تھے ہر ایک مونہہ سے ایک وید صادر ہوا ہے۔ واقف کار پنڈتوں کا ایک گروہ کثیر یہ کہتا ہے کہ انکا کوئی خاص شخص مصنف نہیں۔ بلکہ ہر ایک وید کے مختلف اشخاص مصنف ہیں کیونکہ ہر ایک وید کے منتروں کے شروع میں ان کے بنانے والے اور ان کے وزن شعری گایتری وغیرہ ابتک لکھے ہوئے موجود ہیں چنانچہ یجروید کے منتروں کے مصنفوں کے چند اسماء یہ ہیں پرمیشٹی۔ انگرا۔ پرجاپتی۔ دروپ۔ سوشرت دیوودات۔ دام دیو۔ بہردواج۔ گوتم۔ وشتار۔ سوبندہو۔ میدہاتی۔ مدہوچندا۔ آتری وشوامتر گریتسمد۔ وسشٹ۔ کشپ۔ اگنی۔ یجر پرش وغیرہ۔

ہندوؤں کا آریہ فرقہ جو مصلح مذہب ہے وہ کہتا ہے کہ یہ چاروں وید ان چار اشخاص پر الہام ہوئے تھے۔ اگنی وایو۔ ادت۔ انگرا۔ مگر ان کے پاس اسبات پر بجز تخمین اوظن کے کوئی بھی دلیل نہیں جسکو ویدوں کے ماہر تسلیم کرسکتے ہوں۔ مترجم وشارح وید سر مُوتیر ولیمس کہتے ہیں کہ ویدوں کی بابت لوگوں کی مختلف رائیں ہیں۔

(۱) بعض پرمیشور سے پیدا ہوئے مانتے ہیں (۲) بعض کہتے ہیں کہ برہم سے ایسے نکلے ہیں کہ جیسا ایندھن سے دھواں نکلتا ہے (۳) بعض کہتے ہیں کہ اگنی (آگ) وایو ہوا وغیرہ عناصر سے پیدا ہوئے ہیں (۴) بعض کہتے ہیں کہ وید گایتری میں سے

بقیہ ص ۶۳۵۔ اور آسمانی ہونیکا دعوی بھی حال میں مسلمانوں سے سنکر فرقہ آریہ نے کیا ہو ورنہ قدماء ہنود تو ان الفاظ سے آشنا بھی نہ تھے البتہ ویدوں وغیرہ کو اپنے دہرم کی کتابیں ضرور جانتے تھے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

نکلے ہیں (۵) اتھروید کانڈ ۱۹۔ انوواک ۸۴ میں انکی پیدائش کال سے بتائی ہے (۶) کتاب شت پتھ برا ہمن میں اگنی وایو آدت (سورج) سے ترتیب وار رگ یجر شام وید کی پیدائش لکھی ہے اور منوسمرتی ادھیائے اشلوک ۲۳ میں بھی یہی بتایا ہے (۷) پرش سکت یجر ادھیائے ۳۱ کے بموجب پرش (انسان) سے پیدا ہونا لکھا ہے وغیرہ ازدیاچہ گوید ادی بھاشیہ بھومکا مطبوعہ مفید عام لاہور ماہ نومبر ۱۹۰۸ء مترجم نے ان اقوال کو تسلیم کرکے یہ جواب دیا ہے کہ سب کا مطلب ایک ہی ہے لیکن سب کے کہنا ایک بعید از کار تاویل کرنا آریوں ہی کا کام ہے۔ ان سب کے بعد ہم قول محقق بتائیں گے کہ وید کس کی تصنیف ہیں

ویدوں کے جملوں کو **شرتی** کہتے ہیں جسکے معنی ہیں شنیدہ۔ کیونکہ مدتوں تک وید تحریر میں نہ آئے تھے سننے سنانے ہی پر مدار تھا اور ہر ایک جملہ کو رچا کہتے ہیں جسکے معنی ہیں بامبالغہ تعریف کسلئے کہ دیوتاؤں کی بیحد مدح ان میں ہے **ویدوں** کی پوری دعا کو **منتر** کہتے ہیں۔ اور پانچ یا چار منتروں کے مجموعہ کو **ورگ** کہتے ہیں۔ غالباً اور الفاظ کیطرح یہ بھی ترندی زبان سے ماخوذ ہے جو برگ سے لیا گیا ہے کیونکہ اسوقت ویدوں کے چند منتر بڑے بڑے پتوں ہی پر لکھے جاتے تھے کاغذ نہ تھا اور کاغذ موجود ہو جانے پر بھی اسی پرانے محاورے کے لحاظ سے ابتک ورق کو ہندو پترا یا پتر کہتے ہیں حالانکہ پتھر کے معنی کاغذ کے نہیں بلکہ پتہ کے اور چند ورگ کے مجموعہ کو **اودھیا** کہتے ہیں جسکے معنے سبق کے قریب قریب ہیں کیونکہ استاد شاگرد کو ایک سبق میں چند پتے بڑھا دیتا تھا اور آٹھ ادھیا کا ایک **اشٹک** ہوتا ہے یہ بھی ماپزندی زبان سے ماخوذ معلوم ہوتا ہے جو ہشتک سے لیا گیا ہے ابتک ششتھی کو ہندو اشٹمی کہتے ہیں۔ رگوید کے آٹھ اشٹک ہیں ✣

ایک دوسری تقسیم یوں بھی ہے کہ چند رچاؤں کو **سوکت** کہتے ہیں یہ بھی غالباً لفظ سوخت سے ماخوذ معلوم ہوتا ہے کس لئے کہ دیوتاؤں کو جو ویدوں کے معبود ہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

تذر نیاز پہونچا دو تم آگ پر رچائیں جو دیوتاؤں کی مدح میں ہیں پڑھکر گھی وغیرہ جلاتے تھے اور اب بھی یہی دستور ہے۔ اور کئی کی سوکت کا ایک **انوواک** ہوتا ہے یہ بھی نوا نگ سے ماخوذ معلوم ہوتا ہے۔ اسکے معنے ہیں نیا مضمون یا نئی آواز اور سوت سے زائد انوواک کا ایک **منڈل** ہوتا ہے منڈل فارسی میں بمعنی حلقہ و دائرہ کے ہیں اس مناسبت سے کہ یہ اسقدر انوواک کو محیط ہے یا اس قسم کے انوواک پڑھتے ہوئے منتری لوگ اپنے اوگرد منڈل یعنے حلقہ کر لیتے تھے اور اب بھی جادوگر منتر پڑھتے وقت ایسا کیا کرتے ہیں رگوید میں دس منڈل ہیں +

کانڈ گانٹھ کو کہتے ہیں پنجابی زبان میں اسکو گانڈ کہتے ہیں۔ یعنے ایک بستہ پہلے زمانہ میں بہت سے بھوج پتر کے پتوں کو جنپر وید لکھا ہوا ہوتا تھا۔ ایک بستہ میں رسیوں سے باندھ لیتے تھے اسلیے اس مشٹے (مٹھے) کو کانڈ کہتے تھے +

پشتک بمعنی کتاب۔ یہ پوستک سے ماخوذ ہے ابتدا میں ان نووارد آریوں کا کوئی مقام اور خاص شہر نہ تھا مسافرانہ خانہ بدوشوں کیطرح جہاں سبزہ اور پانی دیکھا اپنے جانوروں کو لیکر چلے جاتے اور اپنے علمی مجموعہ کو کہاں میں بہر لیتے تھے۔ پھر یہ لفظ رفتہ رفتہ کتاب و دفتر کے معنے میں مستعمل ہونے لگا +

گوید کے ایک شاکھا کیس اور یجروید کے ایک اسو ایک اور شام وید کے ایک ہزار اور اتھروید کے نو شاک تھے مگر اب شاکل منی اور باشکل منی والے رگوید کے یعنی سنگتھا کے اور یجروید سنگتھا کے سیاہ اور سفید نسخے کے اور شام اور اتھروید کی صرف ایک ایک شاخ باقی ہے اس کے سوا اور ندارد نہ معلوم کس عہد میں کیونکر ضائع ہو گئے ؛

پاٹھک سے مراد کتاب کی ایک فصل یا باب ہے جسکے معنے پڑھا گیا جب اسکو بڑا کر کے دکھانا ہوتا ہے تو اس کے اول لفظ پر لگا دیتے ہیں پر پاٹھک کہتے ہیں اور تصغیر کرنی ہوتی ہے تو لفظ کا اخیر میں زیادہ کر دیتے ہیں پاٹھکا۔ کانڈکا +

toobaa-elibrary.blogspot.com

ویدونکے دو حصہ ہیں اول کو جسمیں صرف منتر ہیں سنگھتا کہتے ہیں دوسرے حصہ کو جسمیں ان منتروں کے فوائد اور طریق عمل اور دستورات وحکایات متعلقہ بحصہ اول ہیں اسکو براہمن یا براہمنا کہتے ہیں۔ فرقہ آریہ اس حصہ کو شرح سمجھتا ہے اصل وید نہیں مانتا۔

ویدوں کی تالیف کا زمانہ

ویدوں کی تالیف کا زمانہ

رگوید کے ویوالا۔ اور ان کے انوکرمنکا (فہرست) اور کتاب شت پتھ اور سوتر (دستورات) کی کتابیں دیکھنے اور خود وید وں میں غور کرنے سے انکی تالیف کا زمانہ معلوم ہوسکتا ہے جسکا پتا زمانہ حال کے شارحین ومترجمان وید فضلا یورپ نے لگایا ہے چنانچہ ولسن میکس مولر وغیرہ نے۔ اور نیز تمام سرکاری تعلیم گاہوں میں جو ہندوستان کی تاریخ پڑھائی جاتی ہے اسمیں تصریح ہے کہ مسیح سے تخمیناً ایکہزار بقول بعض کچھ زیادہ برس سے پہلے وید تالیف ہوئے ہیں۔ چونکہ یہ تعداد تخمینی ہے اسمیں اختلاف ہونا۔ معمولی بات ہے اس اختلاف سے یہ نتیجہ نکالنا کہ یہ سب تحقیق بیکار اور غلط ہے جیسا کہ آریہ کہا کرتے ہیں محض کم فہمی ہے۔ میرے خیال میں مسیح سے دوہزار برس سے بھی کچھ زیادہ پیشتر وید تصنیف ہوئے ہیں اور یہ نووارد آریہ قوم کی تالیف راجہ رام چندر جی کے عہد سے شروع ہوکر راجہ پانڈ کے عہد میں ختم ہوگئی تھی اسلئے ہندوستان کے اصل باشندے بھیل گونڈ سونتھال وغیرہ جو آریہ قوم کے آنے سے مقہور وذلیل ہوگئے اور پہاڑوں۔ اور جنگلوں کے سوا ان کا کوئی مسکن نرہا۔ ابتک بھی ویدوں کے قائل نہیں مسیح سے دواڑھائی ہزار برس پہلے وسط ایشیا سے ایک قوم ہندوستان کیطرف متوجہ ہوئی اور رفتہ رفتہ وہ ہندوستان پر قابض ہوگئی ایک عرصہ تک ان کا جولاں گاہ پنجاب کا شرقی کنارہ سرستی ندی کا نواحی ہی رہا۔ ابتدا میں یہ قوم خانہ بدوش تھی آپسمیں ذات اور گوت کا جیسا کہ بعد میں پیدا ہوا چنداں امتیاز نہ تھا وہ شکار کرتے اور گوشت

toobaa-elibrary.blogspot.com

کہلاتے اور قدیمی ہندو ؤں سے لڑتے بھڑتے مارتے لوٹتے رہے۔ اور اہل ہند کی بہ نسبت وہ قد آور بہادر شگفتہ رنگ بھی تھے اور بالکل ممیز و ممتاز بھی تھے +

مذہبی خیالات میں وہ ایرانیوں کے تابع تھے کیونکہ اس عہد میں شاہان کیانیہ کا نیرہ اقبال نصف النہار تک پہونچا ہوا تھا اور وسط ایشیا بلکہ اکثر ایشیا رکے آباد حصوں پر انکا پورا تسلط اور اقتدار مسلم ہو چکا تھا۔ اور یہ طبعی بات ہے کہ فاتح اور اقبالمند قوم کے علوم اور اون کے دستورات انکا مذہب بلکہ ان کے زبان نہایت اعزاز کی نگاہوں سے دیکھی جاتی ہے اور اسکو بڑے فخر و مباہات کے ساتھ اختیار کیا جاتا ہے انکا مذہب بھی انہیں کے مذہب عناصر پرستی وغیرہ سے ماخوذ تھا۔ انکی علمی زبان میں انہیں کی ترقی یافتہ زبان سے ماخوذ تھی جسکو ہندو دیوبانی کہتے ہیں یعنے سنسکرت اسی زبان میں ان کے وید اور دیگر مذہبی کتابیں ہیں چنانچہ آریوں کا قول ہے کہ لوگ الفاظ اور ہیں یعنے عوام کی بول چال اور ویدک الفاظ اور ہیں۔ اور خود اسکے بھی مقر ہیں کہ وہ زبان جسمیں وید بنے تھے اسوقت عام زبان نہ تھی +

اسمیں بھی کوئی شبہ نہیں کہ تمدن کو زبان کے ساتھ ایک قدرتی تعلق ہے جوں جوں تمدن میں اصلاح اور ترقی ہوتی جاتی ہے اسیقدر زبان بھی صاف اور منجھتی جاتی ہے۔ اس قاعدہ کے مطابق ویدوں کی زبان اور مابعد کی کتابوں کی زبان میں ایک صریح فرق ہے جسکا کوئی سنسکرت داں انکار نہیں کر سکتا۔ ویدوں کے محاورے اور ان کے فقروں کی بندش اور مضمون کا پھیکا پن وزن عروض کی بیقاعدگی صاف بتا رہی ہے کہ اوسوقت ان منتروں کے مصنفوں کا تمدن نہایت گرا ہوا تھا۔ عروض و قوافی بھی بے ترتیب اور مطالب میں بھی بے ربطی اور خیالات علمی میں نہایت پستی پائی جاتی ہے کیونکہ عناصر اور ستاروں ہی کو وہ خدائے قادر مطلق سمجھتے تھے انہیں کی مدح میں منتر ہیں۔ جیسا کہ رگوید یجروید سے صاف عیاں ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اسی بنا پر رگویداوی بہاشیہ بھومکا کا مصنف اپنی کتاب کے صفحہ ۲۸-۲۹ میں ویدونکو مضامین کو دو علموں پر تقسیم کرتا ہے ایک آپرا۔ (دنیوی) دوسرا پرا یعنے غیر محسوس اشیاء کا علم۔ بعد میں جب آریوں کا تمدن درست ہوتا گیا زبان بھی اور علمی مضامین بھی قدر عمدہ پیمانہ پر آتے گئے ؛

ابتدائے زمانہ میں آریہ لوگ اپنے مذاق شعر کے موافق گو وہ کیسا ہی بھدا کیوں نہو اپنے محسوس دیوتاؤں عناصر و کواکب وغیرہ اور غیر محسوس دیوتاؤں کی ستتی یعنے بھجن مدح میں اشعار کہتے تھے اور اسمیں بھی ہر شخص کا مذاق اور خیال جداگانہ ہوتا تھا۔ ہون اور یگ جیسا کہ پارسیوں میں مروج تھا وہ ہندوستان میں بھی آریوں کے ساتھ ساتھ آیا۔ جب یہ لوگ دفع اعداء و قحط یا کسی دشمن پر فتحیابی کے لیئے یگ یا ہون کرتے اور لکڑیوں کا انبار جلا کر اسمیں کرہیو نکے ذریعہ سے بوٹیوں کا رس ڈالتے جسکو سوم کہتے تھے تو ان عناصر اور کواکب وغیرہ مرئی اشیاء کی مدح میں جنکو دیوتا کہا جاتا تھا اور جس سے مدد مانگی جاتی تھی وہ اشعار پڑھتے تھے اسلئے وہ اشعار یعنے منتر اس کام کے لئے نہایت موزوں اور مناسب قرار پاگئے۔ یہ وجہ انکی قدردانی کی ہوئی اسکو سوا رمنتری جماعت ان کی تاثیرات کے بھی بیحد افسانے مشہور کیا کرتی تھی جسلئے عوام کو اور بھی ان سے گرویدگی پیدا ہوگئی اور اب تک ہندوؤں میں منتروں کی تاثیرات مسلم ہیں اور شدہ شدہ مداری اور بازی گر بھی یہی کہنے لگے کہ منتر کے زور سے ایسا کرونگا اور فلاں نے ایسا کردیا۔ اور فلاں نے ایسا منتر مارا کہ فلاں کام ہوگیا وغیرذلک

اس قدردانی نے لوگوں کا حوصلہ بڑھادیا خصوصاً جبکہ راجہ مہاراجہ اور بڑے بڑے دولتمند خاطر مدارا کرنے لگے اور بخشش سے پیش آنے لگے۔ پھر تو ایک نہیں بلکہ سینکڑوں منتر بنانے اور دیوتاؤں کی مدح کو نظم کرنے لگے۔ اس کے سوا بسنت اور دیگر مجامع میں بھی بالخصوص بیاہ شادی اور دیگر دستورات پر بھی ان

toobaa-elibrary.blogspot.com

منتروں کا پڑھنا باعث برکت اور شیوہ مذہب وملت قرار پا گیا۔ تخمیناً ایک ہزار برس تک یہ منتر بھوج پتر کے پتوں پر لکھے ہوئے مٹھوں میں لپٹے اور کھالوں میں بند پڑے رہے اور جسکے پاس یہ ذخیرہ زیادہ جمع ہوتا تھا وہی بڑا پنڈت (عالم) سمجھا جاتا تھا مگر موسیقی کا مذاق ہندوستان کی زمین کا خمیر ہے قدر افزائی کے لئے پنڈتوں نے تمام موسیقی کو انہیں منتروں کے پڑھنے میں خرچ کر دیا۔ چنانچہ گانے والوں نے ہر وید کے لئے جدا جدا لہر بھی قایم کر لیئے۔ اداتّ۔ الودات۔ اوداتا فودات۔ یہ ہے ویدوں کا علم قرأت +

یہ ذخیرہ اس بے ترتیبی کے ساتھ تخمیناً ہزار برس تک یوں ہی بیگوں اور گائے بہنیں کی کھالوں میں جمع رہا لیکن **مہابھارت** یعنے کیروں پانڈوں کی لڑائی کے بعد راجہ پانڈ کے حکم سے باہتمام **دیاس** جی برہمن دہلوی ترتیب دیکر کتاب میں جمع کیا گیا اسلئے جمع کرنے والے پنڈتوں کے نام سے ہر وید موسوم ہوا جسکو رگ نے جمع کیا تھا اسکا نام رگوید ہوا اور جسکو یجش یا یجر نے جمع کیا تھا اسکا نام یجروید ہوا اور جسکو شام نے جمع کیا تھا اسکا نام شام وید ہوا اور جسکو اتھرو نے جمع کیا تھا اسکا نام اتھروں وید ہوا +

بعض محققین اہل ہند کا یہ بھی قول ہے کہ صرف رگوید اور یجروید کے بعد دیگر تو دیاس جی کے عہد میں جمع ہوئے پھر عرصہ دراز کے بعد شام نے بعض منتر اضافہ کر کے رگوید کی ترتیب کو پلٹ کر شام وید بنایا کیونکہ باستثنائے چند منتر شام وید بھی رگوید ہے صرف ترتیب کا تغیر وتبدل ہے۔ پھر اس کے بھی بہت مدت بعد اتھروں وید بنایا گیا۔ اسلئے **منوسمرتی** جو ہندوؤں کی بڑی مسلم کتاب ہے اسمیں جہاں کہیں ویدوں کا ذکر آیا ہے صرف انہیں تینوں کا ذکر ہے اتھروں وید کا ذکر نہیں ملاحظہ ہو منوسمرتی باب ۳۔ و باب ۴۔ وباب ۵۔ وباب ۷۔ وباب ۱۱۔ وباب ۱۲۔ وغیرہ مقامات۔ اور یہی بات

toobaa-elibrary.blogspot.com

جوگ بشسٹ سے بھی پائی جاتی ہے جو ہندوؤں کی مسلم کتاب ہے اور نیز وید والوں کا متفق علیہ مقولہ ہے کہ تین لوک۔ تین وید۔ تین آشرم۔ اور اسلیئے گانے والوں نے بھی تین ہی سُر تین وید ونکے لئے بنائے۔ اور اس قول کے اب بھی صدہا پنڈت قائل ہیں۔ ہرچہ باشد لیکن قول مشہور کے موافق راجہ پانڈ کے حکم اور دیاس جی کے ارشاد سے ہر وید کے لئے انکا ایک شاگرد رشید بھی مخصوص ہوا چنانچہ پیل رگوید کے لئے وپی شم پائن یجروید کے لئے جے من شام وید کے لئے سمنتو اتھرون وید کے لئے ٭

دیاس جی اور ان کے شاگردوں کی یہ بات قابل داد ہے کہ انہوں نے ہر منتر کے مصنف اور اسکے ممدوح اور وزن کا حال منتروں کے پہلے لکھدیا ورنہ چاہتے تو سب کو اپنی تصنیف کہدیتے۔ یہ بات اور ہے کہ سہواً ان سے مصنفوں کے نام میں غلطی ہوگئی ہو اور وہ پرانا ذخیرہ پورا پورا بھی ان کے ہاتھ نہ لگا ہو آریہ مصنف اسکی یہ تاویل کیا کرتے ہیں کہ یہ ان منتروں کے مصنفوں کے نام نہیں بلکہ ان منتروں کے شارحوں کے نام ہیں جنپر بذریعہ کشف و مراقبہ ان کے معنی ظاہر ہوئے تھے۔ ناظرین اس تاویل کے ضعف کو خود خیال کر سکتے ہیں کیونکہ آریہ یہ نہیں بتا سکتے کہ یہ فہرست ان منتروں کے سروں پر کب لکھی گئی اور کسنے لکھی۔ پھر جب یہ بھی معلوم نہیں تو انکو یہ کیونکر معلوم ہوگیا کہ یہ ان کے شارحین کے نام ہیں اور پھر اسقدر شارحین میں سے کسکی یہی شرح منتروں کے متعلق نہیں بتا سکتے ہیں اور جب وہ شرحین ندارد ہیں نہ منتروں کے ساتھ لکھی گئی ہیں تو صرف شارح کے نام لکھنے سے کیا فائدہ تھا؟۔ ویدوں کو ہندو دل سے عزیز رکھتے آئے ہیں اسپر انکا ان کی مدح کرنا کہیں انکو جملہ علوم و حقائق کا سرچشمہ بتانا کبھی برہما کے مونہہ سے صادر شدہ کہنا کبھی انکو آفتاب کا نور قرار دینا کبھی الہٰی یعنے خدا کا کلام کہنا ایک معمولی بات ہے اسکو حقیقت

toobaa-elibrary.blogspot.com

محمول کرنا غلط فہمی ہے +

آریہ ان چاروں ویدوں کو ان چار اشخاص پر الہام شدہ کہتے ہیں۔ رگنی۔ وایو۔ آدت انگرا۔ اور جب اسنے یہ پوچھا جاتا ہے کہ یہ کہاں رہتے تھے ان کے چال چلن کیسے تھے اور کیا یہ چاروں ایک دن ایک وقت الہام ہوئے تھے یا یکے بعد دیگر۔ پھر وہ کب مرے اور اون کے کیا کیا اولاد تھی اور انہوں نے ان الہام شدہ مضامین کو کسی دفتر یا کاغذ میں لکھوا دیا۔ تھا یا کسیکو یاد کرا دیا تھا اور یہ تمام مضمون انپر بتدریج الہام ہوا تھا یا دفعۃً اور ملکی زبان چھوڑ کر غیر مشہور زبان میں الہام ہونے کی کیا وجہ تھی پھر الشیر نے اپنے کلام میں ایسی پیچیدگیاں کیوں پیدا کیں کہ جن کے معنے خاص انہیں رشیوں کو بڑی ریاضت و مراقبہ سے معلوم ہوئے کہ جن کے نام اول میں درج ہیں اور ان رشیوں سے پہلے وہ منتر کیا مہمل اور فضول تھے پھر بعد میں ان کا سلسلہ کیونکر چلا اور کیا تمام ویدمیں کسی ایک جگہ بھی ان مذکورہ بالا اشخاص نے اپنا نام ظاہر کر کے یہ کہدیا ہے کہ یہ مضمون مجھ پر الشیر کیطرف سے الہام ہوا ہے۔ اور اسوقت جبکہ انپر وید الہام ہوئے تھے انکی کیا عمر تھی اور اسوقت اور بھی بنی آدم تھے اور کون کون شہر آباد تھے اور کن راجہ کی عملداری تھی اور کسقدر لوگ انپر ایمان لائے اور کوئی ان کا مخالف بھی پیدا ہوا۔ اور ہوا تو کیا کیا واقعات پیش آئے؟ ان سب کے جواب میں لاچار ہو کر یہی کہدیتے ہیں کہ یہ واقعات تاریخ سے متعلق ہیں اور وہ تاریخ سے مبرا ہیں۔ اسکو تسلیم بھی کر لیا جائے تو کیا ان کے مطلب کی اسقدر بات کہ شروع دنیا میں یہ چار وید ان چار اشخاص پر الشیر کیطرف سے الہام ہوئے تاریخی بات نہیں۔ اسکی کیا سند اور کیا ثبوت ہے۔ اور بذریعہ تاویل رکیکہ جن کتابوں اور رشیوں کے اقوال پیش کیئے جاتے ہیں اول تو منکر کے لئے سند نہیں کیونکہ منکر کہہ سکتا ہے کہ یہ اقوال غلط ہیں ان کو ہم نہیں مانتے۔ ہمارے مسلمات سے یا بڑن

toobaa-elibrary.blogspot.com

عقلی سے ثابت کرو۔ دوئم اسبات کا کیا ثبوت ہے کہ جو کتابیں جن رشیوں کیطرف منسوب[۱] کیجاتی ہیں در اصل وہ انہیں کی ہیں؟ اور ہیں تو کیا اب تک بلا تحریف وتغیر ہیں

فائدہ

ہمنے شروع کلام میں کہا تھا کہ آریہ پر ژند ہی رنگ غالب تھا زبان مذہب وضع میں انہیں کی تقلید کرتے تھے اسکا ثبوت ان چند باتوں سے بخوبی ہو سکتا ہے (۱) پارسیونکی مذہبی کتاب میں جسکو وہ بھی آسمانی اور الہامی کہتے ہیں اور اپنے انکا وہی اعتقاد ہے جیساکہ ہندوؤں کا ویدوں پر یعنے دساتیر۔ اس کے نامہ نرشت میں تصریح ہے کہ ہند سے ایک اتما حکیم دیاس نامی بلخ میں زرتشت کی خدمت میں حاضر ہوا اور سوال وجواب کے بعد انکا مرید ہو گیا اور ان کے علوم ہندوستان میں لے گیا۔ اور ہندوؤں میں بھی مشہور ہے کہ سری دیاس جی ایک مدت تک غائب ہو کر ناراین جی کے پاس گئے تھے۔

(۲) تعدد زمانہ کروڑوں اربوں سے بھی کہیں زیادہ جسطرح ہندوؤں میں مروج ہے اسیطرح پارسیوں میں بھی ہے چار ذاتیں جسطرح ہندوؤں میں ہیں انہیں الفاظ سے پارسیوں میں بھی ہیں عناصر وکواکب کی پرستش جسطرح ہندوؤں میں ہے اسیطرح

[۱] ہنود کی مشہور کتابیں تخمینی طور پر رشیوں کی طرف منسوب کیجاتی ہیں کوئی دلیل اور یقین بخش سند نہیں کہ در اصل وہ انہیں کی تصانیف ہیں ۱۲ منہ

ف عجب ہے کہ ویدوں کا الہامی ہونا غیر الہامی کتابوں سے بالخصوص انکے ماننے والوں سے کیا جاتا ہے مخالف کے روبرو وہ کیونکر تسلیم ہو سکتی ہیں پھر نہ معلوم آریہ مناظر کس قاعدہ سے ان کتابوں کا نام لے دیا کرتے ہیں۔ اور عجب تر یہ ہے کہ ان میں بھی مطلقاً لفظ وید ہے جس کے معنے علم و دانش کے ہیں۔ ۱۲ منہ

نمونہ کیلئے سمجھ دیدباٹ منتر ۹ و ۸ نقل کرتا ہوں کہ اسی۔ کرہستی۔ تو کون ہے کتم اسی۔ کدام ہستی۔ یعنے تو کون ہے۔ کیا اسی کا بیٹا ہے کو اسی۔ کونام داری کیا نام ہے۔ الخ۔ علم وید کو علم میں اسلئے پوچھتا ہے (۲) کو ادات کہ دادو۔ کسنے دیا کسنے ادات کیلئے دیا۔ کامہ ادات کامنے دیا کامائی کام کیلئے دیا کامہ دا تا کام ہی داتا ہے کامہ پرتی گرہتیا کام ہی لیتا ہے۔ کامسی تتھے اے کام تیرے لیے یعنے نہ کوئی دیتا ہے نہ لیتا ہے۔ کسنے دیا کسنے لیا۔ کام ہی دیتا اور کام ہی کے لیے دیا جاتا ہے۔ نہ خدا دیتا ہے نہ کوئی خدا کے لیے دیتا ہے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

اسیطرح پارسیوں میں بھی ہے جسطرح وید کے منتر دیوتاؤں کی مدح سے پر ہیں اسی طرح وساتیر کے جملے بھی عناصر و کواکب کی ستایش سے بھرے پڑے ہیں ٭

(۳۳) سنسکرت اور زندی زبان میں سوائے لب ولہجہ وغیرہ امور کے بہت ہی کم فرق ہے ان سب اشتراک اتحاد پر اگر آریہ یہ کہیں کہ پارسیوں نے یہہ سب کچھ ہمسے لیا ہے تو خود پارسی ان کے قول کا تاریخی واقعات سے جواب دیسکتے ہیں ٭

ویدوں کا مضمون

بیشتر تو دیوتاؤں کی ستایش وعبودیت میں ہے مگر صدہا مصنفوں کے صدیوں کے اشعار کا مختلف رنگ ہونا ایک طبعی بات ہے گو ان منتروں کے مصنف ابتدا میں خدا کو بھی نہیں جانتے تھے ان کے ادراک کا جولاں گاہ عناصر و کواکب یا وہمی وخیالی اشخاص ہی تک محدود تھا۔ مگر اسقدر دراز عرصہ میں جبکہ تمدن ترقی کر گیا بیشمار مصنفوں میں سے چند ایسے بھی روشن خیال پیدا ہوئے ہوں کہ جن کی نظم میں خداشناسی واخلاق کا بھی کچھ حصہ ہو تو تعجب نہیں۔ ایسے چند منتر مجموعہ کتاب کی خوبی کی دلیل نہیں ہوسکتے ٭

دیوتا جو ویدونکا مسلم ممدوح بلکہ معبود ہے اسکے معنی تمام قدیم پنڈتوں نے جو ویدوں کے ماہر ہیں عناصر و کواکب وارواح غیر مرئیہ کے بتائے ہیں یہاں تک کہ انکی تعداد بھی بتادی ہے کہ وہ تینتیس ۳۳ کروڑ ہیں۔ مگر آریہ فرقہ کے پیشوا نے انکو مظہر حق کہہ کر انکی پرستش کا فتویٰ دیا ہے۔ کبھی دیوتا۔ کو لفظ مشترک بتا کر پیچھا چھوڑایا ہے کبھی تینتیس ۳۳ دیوتا تسلیم کرکے ان کے ساتھ تمام عالم کا کاروبار وابستہ کیا ہے۔ رگوید ادی بھاشیہ بھومکا صفحہ ۴۴ سے لیکر ۴۸ تک۔ مگر لفظ مشترک کے معنے بقرینۂ مقام معلوم ہوسکتے ہیں۔ جہاں آگ کو دیوتا کہا ہے اور پھر اوس کے اوصاف بیان کیئے ہیں کہ وہ لکڑیوں سے

toobaa-elibrary.blogspot.com

پیدا ہوتی ہے شعلہ مارتی ہے وغیرہ۔ تو اس سے کوئی عاقل شک نہیں کر سکتا کہ اگنی سے مراد یہاں خدا نہیں ✤

بااین ہمہ اسکے بعد پوجا کے معنے میں جو بحث کر کے عقب گزاری کی ہے وہ بھی بیکار ہے کیونکہ پوجا۔ پوجن۔ پستکار۔ پریہ آچرن۔ انکول آچرن جو کچھ گھو اگردہی ہے جو خدا کی ساتھ مخصوص ہے تو قطعی شرک ہے اور اگر اور ہے تو اس دوسری قسم کی پوجا کے وید سے سند پیش کریں جو غیر اللہ کے لئے جائز ہو ✤

آریوں کا دعوےٰ ہے

کہ ویدوں میں جملہ اشیاء کی حقیقت اور کل علوم اور تمام صنائع جدیدہ وقدیمہ موجود ہیں یہاں تک کہ تار برقی اور ریل بنانے کا علم بھی ہے مگر جنے ویدوں کے مضمون سے واقفیت حاصل نہ کی ہو شاید وہ اسکو تسلیم کرلے ورنہ ممکن نہ تھا کہ اہل ہند کے چھتری بجائے جدید بندوقوں اور میکسیم توپوں کے بیڈول ہتیاروں سے لڑتے اور بجائے ریل گاڑی کے بیلوں کے بیڈول چھکڑوں پر سفر کرتے اور بجائے تار برقی کے آدمیوں کے ذریعہ سے پیغام رسانی کرتے اور نہ کوئی ایک پل گنگا جمنا کا بنا سکے اور نہ کوئی عمدہ عمارت اپنی یادگار چھوڑ گئے جیسا کہ مصر وغیرہ ملکوں میں دکھائی دیتی ہیں اور جس نے علوم جدیدہ سے استفادہ نہ کیا ہو وہ اب بھی ویدوں کے زور سے انجن بنا کر بجلی کا کام کر کے دکھائے ✤

آریہ محقق نے ویدوں کے مطالب کو چار قسموں میں تقسیم کیا ہے کہ وگیان کانڈ معرفت رگوید میں۔ کرم کانڈ اعمل یجروید میں اُپاسنا کانڈ عبادت شاوید میں گیان کانڈ علم اتھروید میں ہے اور سب سے مقدم وگیان یعنے معرفت الٰہی کو بتایا ہے۔ جملہ علوم وصنائع کو جانے دیجئے۔ پنڈت جی خدا تعالےٰ کی ذات وصفات اور وجود کے درجات عالم مجردات کا وجود

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور علت و معلول کے مراتب بھی تفصیل سے جو حکماء کی کتابوں بالخصوص قرآن سے مستفاد اور علم کلام میں مذکور ہیں مبرہن و نکاتر جمہ لفظی کر کے دکھا دیں۔ اور مرنے کے بعد جو کچھ روح پر واقعات گزرتے ہیں اور اس جسم کے ساتھ متعلق ہونے سے پہلے جو کچھ اسکے حالات تھے انہیں کی تفصیل بیان کر دیں اور جن تماثیل دیوتاؤں کی پرستش ناچار ہو کر جائز رکھی ہے کچھ انہیں کے وجود اور حقیقت اور ان کے ساتھ انتظام عالم کے وابستہ ہونے کی ویدوں سے شرح کر دیں۔ اور نہیں برہما وشنو۔ مہادیو جو ہنود کے تین خدا رج گن۔ ست گن۔ تم گن۔ کی تاویل سے پوجے جا رہے ہیں اور تمام ہندو انہیں کی پرستش کرتے چلے آئے ہیں اور انہیں کی مورتیں مندروں میں سج رہی ہیں اور نیز اتاروں کی تفصیل اور نیز جگوں کی تفصیل رگوید سے ثابت کر دیں۔ اور نہیں تناسخ کا مسئلہ رگوید سے ثابت کر دیں اب ہا کرم کانڈ اور اپاسنا کانڈ۔ زیادہ مجبور کرنا نہیں چاہتا صرف ویدوں کے منتروں سے

---

۱ ہندو کہتے ہیں رج گن صفت ایجادیا ہمیت کے اعتبار سے ایشر برہما بنکر ظاہر ہوا ست گن یعنی صفت تربیت عالم کے لحاظ سے وشنو بنکر ظاہر ہوا۔ اور تم گن یعنے صفت فنا و قہر کے سبب وہ مہادیو بنکر ظاہر ہوا۔ عیسائیوں کی تثلیث بھی اسکے قریب قریب ہے ۱۲ منہ

۲ عام ہندوؤں کا عقیدہ ہے کہ ایشر یعنے خدا جو بمبن ہار ایسا مجبور ہوا کہ مختلف اشکال میں ظاہر ہونا پڑا اور انکو وہ اوتار کہتے ہیں ایکبار مچھلی کی صورت میں جبکہ منگا سر ویت ویدوں کو چور اکر سمندر میں گھس گیا تو خدا مچھلی بنکر واپس لایا۔ ایکبا کچھوے کی صورت میں (۳) ایک بار سور کی صورت میں راجہ رام چندر جی و کرشن کنہیا جی بھی اوتار مانے جاتے ہیں ابھی ایک اوتار کا انتظار ہے ۱۲ منہ

۳ ہنود کے نزدیک زمانہ چار حصوں میں منقسم ہے اول ست جگ دوئم تریتا جگ سوئم دواپر جگ چہارم کل جگ۔ جو اب موجود ہے اور اسکو برا زمانہ بتلاتے ہیں اور ست جگ کی بڑی تعریف کیا کرتے ہیں ہر جگوں کی تعداد لاکھوں برسوں سے زیادہ بیان کرتے ہیں ۱۲ منہ

۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

لفظی ترجمہ کرکے کوئی ایسی فہرست ہی پیش کردیں کہ جسمیں حلال وحرام اشیاء کی تفصیل ہو اور جن عورتوں سے نکاح جائز یا ناجائز ہے انکی اور طہارت ونجاست کے مسائل۔ اور میراث وترکہ کے مسائل قتل وقصاص کے مسائل اور اسبات کی کہ خدا کی عبادت کس کس پر کس کس طرح فرض ہے اور اس کے سوا اور کی عبادت حرام ہے اور فلاں فلاں اعمال تناسخ کے ذریعے سے سور بندر کی جون میں آنیسے نافع اور فلاں فلاں سے دوسری جون میں جاکر عذاب پاتا ہے اور اسکے رستگاری کی یہ صورت ہے اور نیز مذہبی دستورات جس کے ہندو پابند ہیں اور انہیں کو دہرم سمجھتے ہیں ویدوں سے ثابت کردیں صنائع میں صرف انجن کے کل پرزے اور فونوگراف بنانے کی ترکیب ہی وید وںسے ثابت کردیں اسپر یہ دعوی ہے کہ اہل یورپ نے یہہ جملہ فنون ویدوںسے حاصل کیے ہیں حالانکہ ان فنون کے موجد ویدوں کے نام سے بھی واقف نہیں۔ منوسمرتی جو منوجی پنڈت کی تصنیف ہے وہی ہندوؤں کے دہرم کرم کا ماخذ ہے نہ وید ؛

اِس سے ناظرین ویدوں کے الہامی یا غیر الہامی ہونے کا مسئلہ بھی حل کرسکتے ہیں کہ ویدوں نے انسان کی کس ضرورت کا سرانجام کیا ؛ ۲ خدا اعلم

البتہ ان کی ایک فضیلت بلحاظ دیرینہ ہونے کے ہے۔ اسکی بابت ہم اسقدر تسلیم کرتے ہیں کہ بیشک وید بہت رت کے ہیں اور ہندوستان کے پہلے حالات استنباط کرنے کے لیئے وید عمدہ خزانہ ہیں۔ مگر اسکو مذہبی کتاب ہونے اور قابل اقتدار اور انسانی سعادت کے لئے رہنما ہونے سے کوئی بھی علاقہ نہیں صرف تاریخی پرتال میں مفید ہوسکتی ہے لیکن آریہ پیشوا نے اس خوبی کو اس مبالغہ کے ساتھ بیان کیا ہے کہ جس سے وہ خوبی بھی ذائل ہوجاتی ہے ؛

آریہ کے پیشوا کہتے ہیں کہ وید قدیم ہیں یعنے ان کے زمانہ کی کوئی ابتدا نہیں انکی عمر ایشر کی عمر سے کچھ بھی کم نہیں اور جسطرح ایشر کو زوال وفنا نہیں اسیطرح ویدوںکو

toobaa-elibrary.blogspot.com

بھی نہیں اور جسطرح وہ تغیر سے پاک ہے ویدبھی اس صفت میں اوس سے کچھ کم نہیں۔ ان سب باتوں میں وہ اشیر کے برابر اور ہم پلہ ہیں ؛

جب اس دعویٰ پر نظر غائر ڈالی جاتی ہے تو صاف معلوم ہوتا ہے کہ یہ دعویٰ سراسر غلط ہے شہادت عقل سے بھی اور خود ویدوں کے مضامین سے بھی عقل سے اس لئے کہ جو چیز ازلی وابدی ہوتی ہے وہ اپنے وجود اور بقا میں کسیکی بھی محتاج نہیں ہوتی حالانکہ ویدوں کا خلاصہ اور بقول آریہ چار اشخاص سے ہے اور یہ بدیہی بات ہے کہ ان چار وں کا وجود جو ویدوں کے وجود کی علت ہے اقدم ہے اور وجود وید موخر ہے اور جب تاخیر ثابت ہوا تو قدم باطل ہوگیا۔ نیز چار اشخاص کے موجود ہوتے ہی تو وید موجود نہیں ہوگئے ہونگے بلکہ جب ان میں عقل وشعور پختگی پیدا ہوئی ہوگی اور ان سے پہلے وہ زبان بھی موجود ہو چکی ہوگی کہ جسمیں وید الہام ہوئے تھے یہ سب باتیں قدامت حقیقی کے خلاف ہیں ویدوں میں جابجا لوگوں[1] کے نام اور مقامات کے نام اور اشیاء کے نام ہیں جیسا کہ رتھ۔ راجا۔ عیت اوکھلی۔ موسل۔ ہانڈی وغیرہ بلکہ آریوں کی ذاتیں چترری برہمن ویش شودر بھی مذکور ہیں جس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ وید ان اشیاء کے بعد بنے ہیں کیونکہ محکی عنہ کا مرتبہ حکایت کے بعد ہے اور نیز بعض واقعات اور قصوں کیطرف بھی اشارہ ہے۔ جنکی شرح خود ویدوں کے دوسرے حصہ براہمنا میں موجود ہے۔ خود آریوں کے تاویلی ترجمہ سے بھی ویدوں کا حادث ہونا ثابت ہوتا ہے رگوید منڈل اول سوکت ایک منتر ۲۔ ایضاً سوکت ۲۳ منتر ۱۔ ایضاً سوکت ۲۶ منتر ۵۔ ایضاً سوکت ۳۵ منتر ۱۱۔ وغیرہ۔ نمبر ۱۔ موجودہ زمانہ اور پہلے زمانہ کے پنڈت ویدوں کے معنی پڑھنے والے طلبا الخ معلوم ہوا کہ وید سے پہلے زمانہ میں پنڈت اور علما بھی تھے نمبر ۲۔ جو جولانی بہرے طاقتور جن کی خواہش تعریف کے قابل ہوتی ہے پیدا ہو چکے یا اسوقت ہوتے ہیں ان سب کو ہوا حاصل ہوتی ہے الخ معلوم ہوا کہ وید سے پہلے زمانہ میں جولانی بہرے طاقتور پیدا ہو چکے تھے۔ نمبر ۳۔

[1] قولہ لوگوں کے نام اور مقامات کے نام الخ یہ بات بھی غلط ہے کہ ویدوں میں کسی شخص کا نام نہیں صفات ہی کا ذکر ہے کیونکہ ویدوں میں بہت سے نام بھی مذکور ہیں ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

لے زمانہ گزشتہ کے پنڈتوں کے دوست یجہ (جگ) کرنے اور کرانے والے پنڈت تو ہماری درستی کی آزمودگی ثابت ہوا کہ وید سے پہلے بھی پنڈت موجود تھے۔ اور نیز یجروید ادھیائے ۳۳ منتر ۴۰ کا یہ ترجمہ ہے۔ اے پنڈت شخص تو رتھہ بان کے مانند پنڈتوں کی تعریف کے قابل گھوڑے جوڑ یا آگ جلا پہلے پنڈتوں سے علم حاصل کر اور حاصل کئے ہوئے پر قائم رہ۔ اس سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ وید سے پہلے اہل علم پنڈت تھے مذکورہ منتروں کے مضمون کا بے جوڑ اور مہمل ہونا بھی ناظرین سے مخفی نہیں اور یہ بھی پوشیدہ نہیں کہ ایسے جملہ چشمہ علوم و معارف و قابل الہام نہیں ہو سکتے +

اسی لیئے انہوں نے الہام کی تعریف ایسی قیدیں لگا کر اور عجب طرح کے پیچ در پیچ بیان کی ہے تاکہ بجز ویدوں کے اور کسی حقیقی الہامی کتاب کا صادق نہ آئے مگر اس پر بھی اعتراضات پڑتے ہیں (۱) یہ کہ جب وید جملہ علوم و حقائق و معارف کا سرچشمہ ہیں اور بغیر انکے کوئی انسان کسی ملک اور کسی عہد کا جہالت مطلقہ سے

ف آریوں نے الہام کی تعریف کی ہے لفظ الہام کے معنے ہیں ایشور کا اپنے گیان کو انسان کے دل میں نیک و بد کی تمیز کے واسطے علم کا بیج بلا کسی درمیانی انسان یا حواس کے ڈالنا۔ اور موقوف سلسلہ تعلیم جاری نہ ہوا ہو ورنہ الہام کی حاجت نہیں۔ الہام کے مستحق وہ ہیں جو تعلیم دنیا اور سنسکار سے بالکل بے بہرہ ہوں۔ الہام کل سچے علوم کا تخم ہوتا ہے اسمیں کسی قسم کا قصہ کہانی نہ ہو اور نہ اسمیں تعارض ہو اور اسمیں خاص خدا کی (پاسنا (عبادت) ہونی چاہیئے اور کی اور نجات کا یہی ایک طریق اسمیں ہونا لازم ہے (۱) یہ تعریف وید پر صادق نہیں آتی کیونکہ اسمیں کوئی طریق نجات نہیں بتایا گیا اور نیز اسمیں ۳۳ کروڑ دیوتاؤں کی اپاسنا ہے آریوں کے ترجموں کے موافق ۳۳ کی ہے (۲) نہ اسمیں سچے علوم کا تخم ہے (۳) نہ اسمیں نیک و بد کی تمیز ہے نہ کسی حلال و حرام کی تفصیل ہے نہ عقائد صحیحہ و غیر صحیحہ کا بیان ہے نہ طہارت و نجاست کا بیان ہے اگر کچھ ہے تو ہوں اور یگ ہے جو ایک نامعقول بات ہے (۴) جنکو آریہ وید و نکا ملہم مانتے ہیں نہ انکی بابت حواس سے معطل ہونا

toobaa-elibrary.blogspot.com

بخات ہی نہیں پاسکتا نہ اسکو بدیہات کا علم ہے نہ نظریات کا نہ کسیکا کشف و مشاہدہ۔ مفید ہے نہ بجربہ و ادراک عقلی نافع ہے۔ تو پنڈت جی اس تعریف اور ان قیود کا ثبوت ضرور وید و لنے پیش کریں ورنہ ویدوں کی ہمہ دانی کا دعوی غلط ہو جائیگا پھر جس چیز کا ثبوت نہ ان کی دہرم کی کتابوں سے ہے نہ دلیل عقلی سے ہے تو پنڈت جی نے اسکو کس زور پر الہام الہی کا معیار قائم کیا ہے؟ (۲) خود انکی تعریف ویدوں پر صادق نہیں آتی بلکہ انہیں کے معیار سے وید رد ٹھہرتے ہیں کیونکہ نہ ویدونکی ابدیت ثابت ہے نہ وہ قصص و تعارض اور مہمل گوئی سے مبرا ہیں نہ وہ قانون قدرت کی خلاف ورزی کے جرم سے بری ہیں نہ وہ جملہ علوم و معارف کا سرچشمہ ہیں ان کے علوم بغیر کسیکی ذریعے کے ہیں جنمیں سے بعض امور کا ثبوت تو ہمارے بیان سابق سے ہوگیا اور بعض کا ویدوں کے مترجم پیش کر کے علما اسلام نے کر دیا ہے کتب مناظرہ فریقین ملاحظہ ہوں (۳) الہام کے معنے سمجھنے میں بڑی غلطی کی ہے۔ کیونکہ الہام کی دو قسم ہیں ایک عام جس سے اوس قادر مطلق نے اپنی جملہ مخلوق کو علے حسب درجات و استعداد بہرہ ور فرمایا ہے وہ ایسا فیض ہے جس سے مکھی چیونٹی وغیرہ مخلوق بھی

بقیہ صفحہ (۶۵۱) نہ جملہ سنسکاروں سے بری ہونا ثابت کیا گیا ہے بعض آریوں نے ابتدا دنیا کی بھی قید لگائی ہے جسکا ضروری ہونا وہ کسی دلیل سے بھی ثابت نہیں کر سکتے اور یہ قید بھی لگائی ہیں کہ اسمیں مکرر مضمون نہو ایک بات کا بار بار بیان نہو حالانکہ یجروید اور یگ کا خاص یجر ویدمیں بار بار بیان ہے اور منتروں کے مضامین میں بیفائدہ تکرار ہے اور شام وید تو رگوید ہی کا اعادہ ہے اور نہ اسمیں اپنے مضامین کا رد ہو یہ بھی ویدوں میں بکثرت ہے برخلاف قرآن کے اور جو بعض احکام بمصلحت وقت اور ترحم بندگان بدلے گئے ہیں جسکو نسخ کہتے ہیں یہ اپنے مضمون کا رد کرنا نہیں ہوتا۔ قرآن میں عبرت و نظیر کیلئے چند گزشتہ واقعات بیان کیئے گئے ہیں یہ قصہ کہانی بیان کرنا نہیں کہلاتا برخلاف ویدوں کے کہ انہیں گل بکاولی کے قصہ سے بھی عجیب تر کہانیاں ہیں ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

محروم نہیں جسکیطرف اس آیت میں اشارہ ہے نَفْسٍ وَّمَا سَوّٰىهَا فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا بیشک یہ الہام خورشید کی مانند اور جملہ علوم کا سرچشمہ ہے اور یہ بغیر کسیکے واسطہ کے حاصل ہوتا ہے وغیرہ وغیرہ مگر اسکو چاروں ویدوں پر منحصر کرنا اور انہیں کو اسکا مصداق ٹہرانا ایک صریح غلط فہمی ہے۔ اس عام معنی سے تو ہر شاعر کی کتاب الہامی ٹہر سکتی ہے اگر وید بھی اس معنی سے الہامی ہیں تو آریوں کو مبارک مگر ایسی الہامی کتابوں کی جو کچھ قدر و قیمت مذہبی مجلس میں ہے وہ ناظرین سے مخفی نہیں۔ دوئم الہام خاص جو حضرات انبیاء علیہم السلام کا حصہ ہے بیشک وہ جملہ اغلاط و آمیزش وہم سے پاک ہے۔ اس ملہم کی بوقت الہام قوت بہیمیہ پست ہو جاتی ہے دنیا کا کوئی سنسکار باقی نہیں رہتا ملکیت کا غلبہ ہو جاتا ہے۔ پھر وہ مضامین بھی بغیر واسطہ جبرئیل امین نبی کے دل پر القا ہوتے ہیں۔ کبھی قوت دینے کے لئے جبرئیل امین کا بھی واسطہ ہو جاتا ہے۔ جبرئیل نہ صرف فرشتہ بلکہ فرشتوں کے سردار ہیں کمتر درجہ کا فرشتہ بلکہ جسم لطیف جن یا خبیث روح بھی انسان کے دل تک پہونچ سکتی ہے صدہا جاہلوں کو جن جن آتما نے غیر زبان بولتے اور دور دراز کی باتیں بتاتے دیکھا ہے۔ پھر جبرئیل کی رسائی کو قلب نبی تک کون مانع آسکتا ہے خواہ ان کی شان کے موافق ان کے چھ سو کیا چھ ہزار پر اور بازو کیوں نہوں۔ معترض نے جبرئیل کو کووں کے پروں پر قیاس کر کے انکا دل تک پہونچنا محال تصور کر لیا ہو تو یہ اسکی خوش فہمی ہے ✣

ہندو دہرم کی کتابیں۔

ہندو دہرم کی کتابیں

دو قسم کی ہیں (۱) اسوتہ پرمان یعنے مستند بالذات اسمیں صرف چار وید داخل ہیں۔ قدیم ہندو سنگتاؤں (یعنے منتروں) اور برہمن سب کو وید مانتے ہیں آریہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

صرف اول حصہ کو (۲) ان کے سوا اور کتابیں۔ پھر وہ کئی قسم کی ہیں (۱) شاکھائیں (۲) انگ (۳) اپانگ۔ شاکھائیں جو وید کے منتروں کے شرح ہے ایک ہزار ایک سو ستائیس ہیں انکو براہمن بھی کہا جاتا ہے۔ انگ[۵۱] چھہ ہیں۔ شکشا علم قرأت کلپ[۵۲] رسنسکار و نکا ہدایت نامہ۔ ویاکرن علم صرف و نحو۔ نرکت علم لغت۔ چھند علم عروض۔ جیوتش علم نجوم۔ ان کے علاوہ چار اُپ وید ہیں اُیرو وید علم طب و ہنر وید فن جنگ اسلحہ کا ندہر وید علم موسیقی آرتھہ وید علم صنعت۔ ان علوم میں متعدد کتابیں ہیں۔ چرک رسُشرت۔ نگنہٹو وغیرہ کو آیرد ماننا چاہیئے۔ اور دہنر وید کی کتابیں عموماً گم ہیں گندہر وید سے شام وید کے گانے وغیرہ کا علم مراد ہے ارتھہ وید میں دشوکرما توشٹری۔ اور منی کی تصنیف سنتا نام کی چار کتابیں تھیں علم قرأت میں پانتی منی وغیرہ کی کتابیں اور کلپ میں مانو کلپ سوتر وغیرہ شامل ہیں۔ صرف و نحو کی کتابیں اشٹادیائی مہابھاشیہ وہاتو پاٹھہ اُن آدی گن۔ پرائی پدک گن پاٹھہ ہیں اور نرکت مصنفہ یاسک منی جسمیں نگنہٹو بھی شامل ہے وید کا چوتھا انگ ہے چھند میں پنگل آچاریہ کا بنایا ہوا۔ سُوتر بھاشیہ ہے جیوتش میں وستشٹھہ وغیرہ رشیوں کی بنائی ہوئی ریکھا گنیت و علم مساحت و اقلیدس اور بیج گنت (علم جبر و مقابلہ) کی کتابیں شامل ہیں[۵۳]۔

چھہ اُپانگ یہہ ہیں یعنے مشہور چھہ شاستر

(۱) جے منی کا پورو میمانسا شاستر۔ جیمنی رشی جی نے شرح لکھی ہے اِس میں کرم کانڈ یعنے عمل یا رسوم کا بیان ہے اور دہرم (عرض) اور دہرمی (جوہر) کی تشریح کی ہے (۲) کنا دمنی کا ویشیشک شاستر جیمنی گوتم منی نے پرشت پاد شرح

[۵۱] علوم ۱۲ منہ [۵۲] دستورات مذہبی ۱۲ منہ [۵۳] یہ کتابیں فلسفہ یونانی سے ماخوذ اور قریب زمانہ کی تصانیف ہیں ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

لکھی ہے اسمیں خصوصاً عرض وجوہر کا بیان ہے (۳) گوتم منی کا نیائے شاستر جس پر وآتسیائن رشی نے شرح لکھی ہے۔ اسمیں پدارتھ[۵۱] وید یا علم طبعیات کا بیان ہے (۴) پتنجلی (پاتن جلی) منی کا یوگ شاستر جسکی ویاس جی شرح کی ہے۔ یہ درویشی اور تصوف سے متعلق ہے (۵) کپلن منی کا سانکھہ شاستر جسکی بھاگری منی نے شرح کی ہے۔ اسمیں امتیاز کے لئے تتوں کی تعلیم کا بیان ہے (۶) ویاس منی کا ویدانت شاستر جسپر بودہائن رشی نے شرح لکھی ہے اسمیں برہم یعنے ایشور (خدا) کا بیان ہے ٭

دس اُپ نشد[۵۲]۔ بھی اپانگ میں شامل ہیں ان کے یہہ نام ہیں۔ (۱) ایش۔ (۲) کین (۳) کٹھہ (۴) پرشن (۵) منڈک (۶) مانڈکیہ (۷) تیتیریہ (۸) ایتیریہ۔ (۹) چھاندوگیہ (۱۰) برہدارنیک ملخص از رگوید آدی بھاشیہ بھومکا مصنفہ پنڈت دیانند سرستی مرشد فرقہ آریہ صفحہ (۱۷۲)

اِن کے سوا اور بھی کتابیں آریوں اور سناتن دھرم ہندوؤں کے نزدیک مستند ہیں جیسا کہ شت پتہ جسکا جا بجا دیانند جی اپنی کتاب میں حوالہ دیا کرتے ہیں اسیطرح شری مدبھاگوت گیتا۔ جوگ بشسٹ۔ رامائن منوسمرتی جو تمام ہندوؤں کا دستور العمل اور

---

[۵۱] یہ مصنف دیانند جی سے تو زیادہ ویدوں کے منجے جانتے ہونگے پھر کیا وجہ کہ طبعیات وعلم صنعت میں انہوں نے جدید علوم وصنائع کا کچھ بھی ذکر نہیں کیا جس سے یہاں معلوم ہوا کہ دیانند جی نے بیجد مبالغہ کیا ہے جسپر سادہ لوح مریدوں کو اتنا ایمان ہے ۱۲ منہ

[۵۲] نشید اتنک پنجابی زبان میں ایک قسم کے گیت یا اشعار کو کہتے ہیں آپ کا لفظ اِس کے اول میں تعظیم کے لئے اضافہ کیا گیا ہے یعنے عمدہ گیت (راگ) یہہ ویدوں کے صدہا برس کے بعد ہندو درویشوں صوفیوں کے چھوٹے چھوٹے رسالہ ہیں جبکہ ان کے خیالات میں ترقی ہوگئی تھی ان میں مسائل تصوف والہیات بھی ہیں اس قسم کے اُپ نشد پچاس سے بھی زیادہ ہیں مگر نہ معلوم کس مصلحت سے آریہ پیشوا نے صرف دس کو تسلیم کیا ہے انکو وید ونسے کوئی تعلق نہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

مذہبی قانون ہے اور اتہاس یعنے مذہبی تاریخ ہیں مہابھارت ان کے سوا رسناتن دھرم کے ہندو پرانوں کو بھی مانتے ہیں اور انکو دیاس جی کی تصنیف بتلاتے ہیں اور وہ اٹھارہ ہیں۔ بشنو پوران۔ بھاگوت پوران۔ متسیہ پوران۔ اسکند پوران۔ مارکنڈی پوران۔ بھوشت پوران۔ برہم پوران۔ برہم ویورت پوران۔ لنگ پوران۔ بدم پوران۔ برہم پوران۔ بایو پوران۔ باؤن پوران۔ گرڑ پوران۔ اگن پوران۔ بارہ پوران۔ لنگ پوران۔ یعنے شیو پوران۔ نارد پوران۔ برہمانڈ پوران انمیں بت پرستی اور فحش اور بے حیا افسانہ بھی ہیں کہ فلاں کی بیوی کو اس حیلہ سے فلاں رشی نے بھاگا فلاں نے خفا ہو کر اس کے سر پر ٹھہ مار دیا چنانچہ شیو پوران میں ہے کہ بشن کی ناف سے کنول کا پھول نکلا اسمیں برہما پیدا ہوا دونوں جھگڑنے لگے برہما کہنے لگا میں نے تجھکو پیدا کیا ہے بشن نے کہا میں نے تجھے پیدا کیا ہے۔ اتنے میں آسمان سے دھواں نمودار ہوا اسنے فیصلہ کر دیا کہ بشن ہی نے برہما کو پیدا کیا ہے۔ اے برہما تو مخلوق کو پیدا کر لیکن جب اس دھوئیں کو غور سے دیکھا تو اسمیں لنگ یعنے آلہ تناسل کی صورت دکھائی دی اسکے تحقیق کے لئے بشن سور بنکر زمین کی تہ میں گھسا اور برہما ہنس بنکر اوپر کو اڑا اور دس ہزار برس تک دونوں چلا کئے لیکن اس کی انتہا نہ پائی تب برہما کو یقین ہو گیا کہ میرا یہی خدا ہے تب سے لنگ پوجا شروع ہوئی۔ بدم پوران میں ہے کہ برہما جی

بقیہ صفحہ ۶۵۵) ان کے بعض بلند مضامین کے سبب سے خواہ مخواہ ویدوں کی شرح قرار دیدینا زبردستی ہے اسپر یہ بھی نہیں بتایا جا سکتا کہ کس وید کے کونسے منتر کی شرحیں ہیں اسیطرح صرف دلخود قدرے ریاضی وطب کی کتابوں کو بھی بلاوجہ وید دلنسے چپکایا جاتا ہے ۱۲ منہ

ف نیوگ۔ خاوند کے جیتے جی اگر وہ اولاد جنانے کے قابل نہ رہے اسکی بیوی دس مرد دلنسے اولاد حاصل کرلے مرد عموماً اپنی خواہش سے مل بیٹھیں یہ گندہ بیاہ ہے۔ سوتے میں یا مستی۔ یا بیماری کی حالت میں روپیہ دیکر کامرانی کرنا پشاچ بیاہ ہے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

اپنی بیٹی سرستی کو بہ نظر شہوت دیکھا وہ دوسری طرف پھر گئی اسطرف بھی برہما جی کا دوسرا مونہہ پیدا ہوگیا۔ اسیطرح اسکے چار مونہہ پیدا ہوگئے آخر سرستی بھاگ اٹھی۔ مگر برہما جی سے کہاں جاسکتی تھی آخر اسکو اپنے قبضہ میں لائے اور بیوی بنایا مہادیو جی اور وشن جی کے اس سے بھی زیادہ شرمناک واقعات پرانوں میں مذکور ہیں اسلیے انکو آریہ نے یک لخت ترک کیا اور بید یتی کی کتابیں قرار دیدیا۔ بہت سی جگہ عقل کا کام کیا۔ مگر جن کتابوں کو وہ اب تک مانتے ہیں انمیں بھی ایسی کچھ افسانے اور خلاف عقل باتیں نہیں ہیں +

یہ انصاف کے خلاف ہے کہ ان عیبوں کو تاویلات رکیکہ کے ذریعہ سے چھپایا جاتا ہے اور اسیلئے تمام پہلی کتابوں میں کہیں تصرف و تاویل کرتے ہیں۔ اور کہیں پہلے شارحوں کی شرح کو مردود ٹھہراتے ہیں۔ ویدوں کی تفسیر میں سائنا چاریہ نے وید پرکاش کتاب لکھی ہے اور اسکا زمانہ مسلمانوں کی سلطنت کا زمانہ ہے۔ اور نیز مہیدھر پنڈت نے شرح کی ہے۔ اور ولسن میکس مولر وغیرہ یورپ کے فاضلوں نے بھی وید کی تفسیر اور ترجمہ لکھے ہیں اگر معدودے چند مقامات پر غلطی کے ارتکاب کا جرم انپر لگایا جائے تو ممکن ہے مگر غضب تو یہ ہے کہ اس سرے سے اوس سرے تک تمام شرح اور ترجمہ غلط بتایا جاتا ہے اور جس کو وہ آسمان کہتے ہیں آریہ اسکو زمین قرار دیتے ہیں گویا وہ ایک دوسرا ہی وید اور دوسری زبان ہے۔ یہہ تفاوت سمجھ میں نہیں آتا۔ اور لطف یہ ہے کہ آریہ کے سوا جملہ پنڈت سائنا وغیرہ کی تفسیر ہی کی تصدیق کرتے آئے ہیں اور پنڈت دیانند جی صریح غلطی اور عمدہ ملی خیانت کا الزام لگا رہے ہیں اور قواعد زبان اور لغت سے ثبوت بھی پیش کر رہے ہیں۔ اسپر بھی ہم سوامی دیانند جی کو آفریں کہے بغیر نہیں رہ سکتے کہ تاویل اور اولٹ پھیر کے ذریعہ سے ہندوؤں کو جنہوں نے مخلوقات میں سے کسیکی بھی

toobaa-elibrary.blogspot.com

پرستش نہیں چھوڑی انسان حیوان۔ نباتات ستارے عناصر سب ہی کو تو پوجتے ہیں موحد بنانے کی کوشش کی مگر عمر نے وفا نہ کی ورنہ قومی عزت کو برباد کنندہ مسئلہ نیوگ اور گندہر بیاہ پیشاچ بیاہ کو بھی مٹا جاتا۔

فصل (۶)

پارسی بھی (یعنے آتش پرست کہ جنکو مجوس کہتے ہیں) اس امر کے مدعی ہیں کہ ہمارے وخشوروں یعنے پیغمبرونپر آسمان سے خدا کا کلام نازل ہوا ہے کہ جسکو وہ الہامی اور کلام خدا سمجھتے ہیں ژند و ستا وغیرہ جو اُن کے پاس اور کتابیں بھی ہیں مگر زیادہ مشہور اور معتبر دساتیر ہے۔ اس کتاب میں چھوٹے چھوٹے (پندرہ شخصوں کے) پندرہ نامے ہیں (اول) نامہ آباد[۵۱] وخشور کا اسکو ایرانی اول پیغمبر کہتے ہیں (۲) نامہ جی افرام کا (۳) نامہ شائی کلیو کا (۴) نامہ پاسان کا (۵) نامہ گلشاہ کا کہ جسکو کیومرث بھی کہتے ہیں (۶) نامہ سیامک وخشور کا (۷) نامہ ہوشنگ کا (۸) نامہ تہمورس وخشور کا (۹) جمشید وخشور کا (۱۰) نامہ فریدون کا (۱۱) نامہ منوچہر کا (۱۲) نامہ کیخسرو کا (۱۳) نامہ زرتشت وخشور کا (۱۴) پند نامہ سکندر کا (۱۵) نامہ ساسان اول کا (۱۶) نامہ ساسان پنجم کا۔ انمیں سے اگر پند نامہ سکندر کو جدا نہ شمار کیا جاوے تو یہہ پندرہ نامہ ہیں ورنہ سولہ ہیں۔ انمیں سے نامہ اول اور نامہ زرتشت

---

[۵۱] یہ کتاب زرتشت کی تصنیف ہی کہ جو ایران میں گشتاسپ بن لہراسپ شاہ ایران کے عہد میں ظاہر ہوا تھا اور اُسکو اپنے مذہب کیطرف بلایا اور خوارق دکھائی تھے اور اسفندیار نے اُسکے مذہب کی ترویج میں بڑی کوشش کی تھی۔ اور ہندوستان سے بیاس جاکر اُسکا مرید ہوا تھا ۱۲ منہ

[۵۲] نامہ ساسان پنجم کے ۵۷ جملہ سے یہ معلوم ہوتا ہی کہ مہ آباد حضرت ابراہیم علیہ السلام کو کہتے ہیں کیونکہ اسمیں ہی کہ خانہ کعبہ کو مہ آباد نے بنایا ہی اور یہ ظاہر ہی کہ کعبہ کو حضرت ابراہیم نے تعمیر فرمایا ہے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور نامہ ساسان اول تو تخمیناً ایک ایک جزر کے ہونگے ورنہ اور تو ایک صفحہ یا دو صفحہ کے نامہ ہیں۔ ان نامونکو ساسان نجم نے خسرو پرویز بن ہرمز بن نوشیرواں کے عہد میں پاتزندی[1] زبان سے دری زبان میں ترجمہ کیا اور اصل کے نقروں پر ہندسوں کے نشان لگائے گئے ہیں اور ہرنامہ کے اول بسم اللہ الرحمن الرحیم اور اعوذ کا ترجمہ لکھہ رکھا ہے

اسطرح ابتناسیم بہ یزداں از نش وخوئے بدوزشت گمراہ کنندہ وبراہ ناخوب برندہ رنج دہندہ آزار رساننده (۲) بنام ایزد بخشاینده بخشایشگر مہربان دادگراں۔ نامجات میں کچھہ صفات باریتعالیٰ اور یہہ بات کہ عقل اول کے ذریعہ سے خدا نے تمام عالم پیدا کیا جس طرح کہ حکمار یونان کا مذہب ہے بلکہ یوں معلوم ہوتا ہے کہ حکمار یونان کے فلسفہ الہیات اور فلکیات اور عنصریات کو کسی نے نقل کر دیا ہے اور کواکب پرستی و آتش پرستی کے طریقہ بھی مذکور ہیں اور کسیقدر پیشین گوئیاں ہیں اب یہاں چند امور قابل بحث ہیں (۱) یہہ کہ ان کے مؤلفین نے انکو الہام سے لکھا ہے یا نہیں؟ (۲) ان کے مولفین کون لوگ ہیں؟ (۳) ان کے مضامین کیسے ہیں؟ اول امر کی نسبت یہ تحقیق ہے کہ یہ تمام نامے ایک شخص یعنی ساسان نجم کے جمع کیے ہوئے ہیں کہ جو خسرو پرویز کے عہد میں تھا اور اسکا حال یہہ ہے کہ وہ اپنے آپکو تو کیا بلکہ اپنی اولاد میں ہمیشہ پیغمبری کا مدعی ہے چنانچہ اسکے نامہ کا ۳۹ فقرہ ہے دور تخمہ تو پیغمبری ہمیشہ ماند اگرچہ اسکے حالات مفصلاً ہمکو معلوم نہیں مگر ۷ نامہ میں دو چار پیشین گوئیاں ایسی ہیں کہ جنکے جھوٹ ہونے میں کیسکو بھی کلام نہیں ۲۵-۲۶- جملہ میں کہتا ہے۔ وپادشاں گراں گروہے باشند آرے ۔ ۲۶ درہم افتادہ وبدکار انچہ بزرگ ایشاں گفتہ ہم نکنند انتہے۔ یعنے جو گروہ عرب بنی عربی کا پابند کہ

[1] پاتزندی ایران کی قدیم زبان ہے سنسکرت سے بہت مشابہ ہے اگر اب و لہجہ اور دیگر تفاوت قلیلہ کو دور کر دیا جاوے تو دونوں ایک ہی زبان ہیں۔ ایران کے قدمار کے رسوم اور اہل ہند کے رسوم وعادات وعبادات بہت قریب ہیں وہاں کے لوگ ہند میں آکر بادشاہ بن بیٹھے ہوں تو کچھہ تعجب نہیں ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

ایرانیوں کو اُن کے گناہوں کی سزا دیگا۔ بدکار اور اپنے پیغمبر کا نافرمان ہوگا سو یہ بات بالکل غلط ہے کیونکہ حضرت عمر کی خلافت میں حضرت سعد بن ابی وقاص نے ایران کو فتح کیا ہے اور اسمیں سب صحابہ شریک تھے اور انہیں کے ہاتھ سے ایرانیوں کی سلطنت برباد ہوئی سو وہ پیغمبر علیہ السلام کے ایسے فرمانبردار تھے کہ اجتک ایسی کوئی قوم اپنے نبی بزرگ کی فرمانبردار نہیں ہوئی جناب رسول خدا اس گروہ پاکباز کی جان و مال کے مالک تھے اور ان کے نیک ہونے میں بھی کسی اہل تاریخ کو مجال گفتگو نہیں مورخین یورپ کے اقوال آپ پہلے سُن چکے ہیں (۲) اُسنے کہا کہ میری اولاد میں ہمیشہ پیغمبری رہے گی سو یہ بھی بالکل جھوٹ آجتک اُس کی اولاد میں سے کسینے کوئی پیغمبر دیکھا تو کیا سنا بھی نہیں ہاں یہ بات اور ہے کہ کوئی پارسی بمبئی میں بیٹھکر پیغمبری کا دعوےٰ کیا کرے (۳) وہ کہتے ہیں کہ دین محمدی ہزار برس کے بعد ایسا خراب ہوگا کہ اختلاف باہمی کیوجہ سے پہچانا نہ جائے گا چنانچہ ۳۰ جملہ میں اسکی تصریح ہے لیکن یہ بھی صاف جھوٹ کیونکہ گو امور جزئیہ میں باہم اہل اسلام میں اختلاف ہوا سو وہ ہزار برس سے کہیں پیشتر بلکہ دوسری تیسری صدی میں شروع ہوا مگر بحمداللہ ابتک قرآن اور احکام منصوصہ اسلام و دیگر فرائض وغیرہا امور ضروریہ میں ایک بال کے برابر بھی فرق نہیں آیا ان امور میں آجتک تمام اہل اسلام یک زبان ہیں۔ اور یہ امور ہو بہو حضرت سے منقول ہیں بلکہ ان کے بزرگ ساسان اول کی پیشین گوئی بھی صریح غلط نکلی کیونکہ وہ اپنے نامہ کے ۳، جملہ سے ۸۰ تک یہ خبر دیتے ہیں کہ عرب کے غلبہ ہونے کے بعد پھر ساسان اول کی اولاد میں سے ایک پیغمبر پیدا ہوگا اور ایرانیوں کی وہ حکومت و شوکت برباد شدہ پھر عود کر آئے گی اور اہل اسلام ایرانیوں سے ایسے بھاگیں گے جیسا بلی سے چوہے بھاگتے ہیں انتہے حالانکہ یہ بالکل جھوٹ ہے کیونکہ جب سے اسلام کا پھریرا ایران میں اُڑا اُسوقت سے لیکر ابتک اہل اسلام ہی غالب رہے ہیں مجوسیوں کی عزت اور سلطنت نے عود نہیں کیا علاوہ اسکے یہ ساسان خسرو پرویز کی بڑی مدح کرتا ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور اسکو فرشتہ منش کہتا ہے حالانکہ یہ خسرو وہ ہے کہ جسنے پیغمبر آخر الزماں کا نامہ مبارک پھاڑا تھا اور آتش پرستی اور بدمستی اسکا شیوہ تھا پس ان دلائل سے معلوم ہوا کہ ساسان پنجم نے الہام سے نہیں لکھا بلکہ دوسری بات یہی معلوم ہوگئی کہ مجوس کے اکابر کہ جن کی طرف یہ نامجات منسوب ہیں (بلکہ ہنود کے اکابر سے ہی رام چندر دسری کرشن وغیرہم بھی) اگر یہہ کتابیں ٹھیک انہیں کی تصنیف اور انہیں بلاکم و کاست انہیں کے عقائد مذکور ہیں، تو وہ ہرگز پیغمبر نہ تھے غایۃ مافی الباب بادشاہ تھے اور حکمت و فلسفہ میں خوب دخل رکھتے تھے جسکی وجہ سے مشہور ہوگئے اور پیشوا مانے گئے۔ ان کتابوں کے تمام مضامین بھی ایسے نہیں کہ ان کو الہام کیطرف منسوب کیا جاوے بلکہ بعض جھوٹے مضامین اور بعض میں شرک اور نازیبا باتوں کی تعلیم ہے (**شاہد اوّل**) ساسان اول کے نامہ میں ۱۹ جملہ میں اسبات کی تصریح ہے کہ مرکر انسان کی روح دوسرے جسم میں تناسخ[1] کے طور پر جاتی ہے **قولہ** روال ازتنے بہ تنے روند است الخ پھر اسکی شرح میں ساسان پنجم بڑے دلائل قائم کرتے ہیں حالانکہ یہ عقیدہ بالکل لغو اور باطل ہے نہ عقل اسکے مقتضی ہے نہ نقل (**شاہد دوم**) نامہ شت[2] جی افرام کے ۲۰ جملہ میں کہتا ہے کہ مہ آباد کی اولاد میں چودہ خشور ہوئے ہیں کہ انکو آباد کہتے ہیں ان آبادوں کی اولاد میں نشوزاد تک سلطنت قائم رہی۔ اور زاد حسب تفسیر ساسان پنجم کروڑ تو کیا بلکہ ارب بلکہ کھرب بلکہ نیل سے بھی زیادہ ہے پس جب اس کو سو بار لیا جاوے تو کہاں تک پہنچتا ہے؟ حالانکہ اس کے جھوٹ ہونے میں کسی عقلمند کو بھی شک نہیں کیونکہ مہ آباد ابراہیم علیہ السلام ہیں اور بالفرض آدم بھی مراد لیئے جاویں تو انکا زمانہ ابتک سات آٹھ ہزار برس سے زیادہ نہیں گزرا چہ جائیکہ جی افرام کے

---

[1] اسیطرح نامہ اول کے ۷۰-۷۱-۷۲ جملوں میں اسکی تصریح ہے کہ اس عالم میں انسان اپنے پہلے بدن کے اعمال کا نتیجہ شادی وغمی رنج و خوشی دیکھتا ہے حالانکہ یہ غلط ہے کیونکہ جب اول جسم میں اگر رنج و راحت پائی تھی وہ کون سے جسم کے اعمال کا نتیجہ تھا؟ ۱۲ منہ [2] شت سو بمعنی حضرت ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

عہد تک مہ آباد کی نسل میں صدہا کروڑ برس کا زمانہ گزر جاوے ایسی گپیں ہانکنی کی بابت منہو کے ہاں بھی ہیں سری بیاس جی یہیں سے سیکھکر گئے ہیں (**شاہد سوم**) نامہ خوشورپاں کے ۵۸ جملہ میں تصریح ہے کہ آگ اور ستارے کے آگے سجدہ کرو اور اون کی تعظیم اور عبادت بجالاؤ پھر نامہ سیامک بن گلشاہ کے ۳ جملہ میں تصریح ہے کہ اے سیامک ہمیشہ تو مشتری کی اسطرح ستائش کر آگے پھر اسکی بڑی ثنا وصفت ہے اور اس سے یوں دعا مانگ کہ منجو اہم از تو نیکبختی ہر دو سرائے اپھر نامہ تہمورس میں آفتاب پرستی کی نہایت تاکید ہے اور اسکی بڑی ثنا وصفت بتلائی ہے کہ وہ عبادت کے وقت پڑھے جاوے اور اوس سے یوں دعا مانگی جاوے۔ اور سجدہ کیا جاوے۔ پھر نامہ جمشید میں ناہید یعنے زہرہ کی بڑی تاثیر ہے اور وہ الفاظ دعا میں مذکور ہیں کہ جو خاص خدا تعالے سے مانگنے چاہییں۔ الغرض آگ اور آفتاب اور ماہتاب اور ستاروں کی پرستش کے طریقے دساتیر میں اکثر جگہ موجود ہیں پھر ایسی کتاب کیونکر الہامی اور من جانب اللہ تصور ہوسکتی ہے اور یہی آتش پرستی اور آفتاب پرستی سری بیاس جی نے ہندوستان میں ان سے سیکھکر پھیلائی بعض ہنود اور مجوس اس آتش پرستی اور آفتاب پرستی کی یہ توجیہ کیا کرتے ہیں کہ یہ جو ہر نورانی ہیں ہم انکو نہیں پوجتے بلکہ انکی طرف منہ کرکے اور انکا دھیان دھر کر اور ان کو جہت قبلہ سمجھکر خدا کو پوجتے ہیں۔ مگر یہ توجیہ بالکل بے بنیاد ہے کیونکہ عبادت یا پرستش یا پوجا جو چاہو سو کہو تذلل اور عاجزی اور استعانت اور اوسکی ثنا وصفت کرنا۔ اور اُسکو نافع وضار سمجھنا ہے سو یہ تمام باتیں ان معبودوں سے عمل میں لاتے ہیں پھر عبادت میں کیا باقی رہگیا۔ دیکھئے ہم خانہ کعبہ کو جہت عبادت سمجھتے ہیں مگر نہ اُس سے استعانت کرتے نہ اُسکو نافع وضار سمجھتے ہیں نہ بوقت نماز یا طواف کچھ اُسکی حمد وثنا کرتے ہیں پھر اسپر قیاس کرنا دور از عقل ہے۔ داخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علے سید المرسلین محمد وآلہ اجمعین۔ فقط

تمت بالخیر

toobaa-elibrary.blogspot.com

خاتمہ

اس تمام بحث کے بعد میں ان لوگوں کے مقابلہ میں جو خدا تعالیٰ اور اعمال کی جزا و سزا اور انسان کی اصلاح کیلئے مذہب کے بھی قائل ہیں اقتدار اور کہنا چاہتا ہوں کہ خدا تعالیٰ کا عام قانون ہے جو اسنے اپنے بندوں کی ہدایت و رہنمائی کیلئے ابتدا آفرینش بنی آدم سے جاری کر رکھا ہے کہ وہ ہر زمانہ میں ایک ایسا ہادی برپا کرتا رہتا ہے جسکی صحبت اور تعلیم اور اسکے انفاس قدسیہ کے برکات عموماً قلوب بنی آدم کو ہدایت خدا پرستی مکارم اخلاق کیطرف مائل کرتے رہتے ہیں۔ مگر دنیا بھر کے موجودہ اہل سچے مقدس سلسلہ ختم کر چکے ہیں ہندوؤں کے نزدیک خواہ کل جگ کے لحاظ سے ہی وہ اوتار نہ وہ رشی پیر پیدا ہوئے جنکا ذکر بڑے فخر و مباہات سے کیا جاتا ہے سینکڑوں ہزاروں برس سے یہ سلسلہ بند ہے اسیطرح پارسیوں نے بھی جن زرتشت کا وہ نام لیا کرتے ہیں انکے بعد سے اس سلسلہ کو بند کر دیا ہے اسیطرح یہود کے نزدیک عموماً حضرت موسیٰ کے بعد سے اور خصوصاً حضرت یحییٰ علیہ السلام کے بعد سے وہ سلسلہ منقطع ہے عیسائیوں کے نزدیک حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور انکے حواریوں کے بعد سے سلسلہ منقطع ہے انکے بعد سے وہ پھر کسی ایسے صاحب انفاس قدسیہ کا نشان نہیں دیسکتے کہ جن پر روح القدس کو برکات مشاہدہ میں آئے ہوں۔

پھر کیا خدا کی حجت ایک حد تک جلکر بند ہو گئی اور اسنے اپنے بندوں کو تا یکیوں ضلالت میں یوں ہی ٹکراتے چھوڑ دیا اور شروع زمانہ میں بضرورت ایک کیچگہ چار کتابیں الہام فرما دیں اور بیشمار ہادی بھیجدیئے سمجھ میں نہیں آسکتا اب ہمکو یقین کر لینا چاہیئے کہ وہ سلسلہ بند نہیں ہوا ہے ہوگا۔ مگر دیکھنے کیلئے آنکھ اور سننے کیلئے کان اور سمجھنے کیلئے دل درکار ہے اور یہ کمسقدر بے نصیبی ہے کہ انسان نہیں بزرگواروں پر سلسلہ ختم کر کے عین ضرورت کے وقت جو ہادیوں کیطرف سے آنکھ بند کر کے اسی پرانی لکیر کا فقیر بنا بیٹھا رہے اور اسکے سامنے محفل ہدایت میں عمدہ عمدہ شمعیں بھی روشن ہو جائیں وہ ہدایت بھی چلے اور یہ کمبخت خبر بھی نہو ؎

آئے بھی لوگ بیٹھے بھی اوٹھے بھی کھڑے ہوئے میں جا ہی ڈھونڈھتا تری محفل میں رہ گیا

ضرور اس پر آشوب زمانہ میں کہ جب گمراہی کے دریا موجزن تھے مخلوق وہم پرستی کی گہری اندھیری دنیا پر چھائی ہوئی تھی بنی آدم کی بھری ہوئی کشتی بحر ضلالت میں ڈوب چکنے کو تھی برعرب میں ایک ایسا آفتاب جہاں تاب جلوہ گر ہوا کہ جسکی کرنیں فاران کی بلند چوٹیوں پر پڑیں اور پھر بڑھتے بڑھتے مشرق سے لیکر مغرب تک کو روشن کر دیا اور ایک مدت تک وہ آفتاب دنیا کو روشن کر کے جب غروب ہوا۔ تو اپنے بعد روشنی کے وہ سلسلہ ایسے چھوڑ گیا جو بنی آدم کیلئے ہمیشہ کیلئے کافی ہیں۔ وہ کیا ہیں (۱) قرآن مجید۔ بحمد اللہ جسطرح دنیا میں بلا تحریف و تغیر

toobaa-elibrary.blogspot.com

جیسی یہ کتاب باقی ہے ویسی اور کوئی نہیں اسکی تحقیق اہل فرنگ بھی شہادت دے رہے ہیں قرآن کو مطالب کی عمدگی اس کتاب میں بیان ہو چکی ہے۔ یہاں تک کہ اب جو کوئی انسانی ہدایت کے متعلق کوئی عمدہ سے عمدہ بات بھی پیدا کریگا تو اسکو قرآن مجید پہلے سے لیے ہوئے ہوگا (۲) **عترت** یعنے خاندان نبوت اور ان کے بعد انہیں کے سلسلہ کے ہر وہ یافتہ جماعت جنکو **اولیا اللہ** کہتے ہیں یہ لوگ انوار باطنیہ و برکات روحانی میں سلسلہ وار نبی مرسل علیہ السلام کا پورا پورا نمونہ ہوتے ہیں شروع سے ابتک اور انشاء اللہ قیامت تک بسقدر اولیا اللہ جو پیدا ہوئے اسرائیل کے ہم پلہ ہیں اور دین اسلام میں گزرے اور آئندہ ہونگے انکا نظیر دوسری قوموں میں تلاش کرنا بیفائدہ ہے جو ہم سے پہلے گذر چکے اور ان کی کرامات و برکات حد تواتر کو پہنچ گئے ہیں کتب تواریخ اولیا اللہ میں مشہور ہیں۔ مگر جسقدر سے یہ کمترین اسلام راقم الحروف مشرف ہوا ہے انمیں سے حضرت مولانا **فضل الرحمن** گنج مرادآبادی قدس اللہ سرہ بھی اس مرتبہ کے شخص تھے کہ جنکے کرامات و برکات دیکھنے والے ابتک بھی سیکڑوں شخص موجود ہیں +

بڑی کرامت جسکے لحاظ سے یہ حضرات جانشین پیغمبر علیہ السلام سمجھے جاتے ہیں روحانی انجذاب ہے حضرت مولانا و شیخنا قدس سرہ میں یہانتک غلبہ کیے ہوا تھا کہ بڑے بڑے فاسق و فاجر جنکی روحانیت پر تاریکی محیط ہو چکی تھی حضرت کی ہتھ لیسی صحبت سے باخدا اور پرہیزگار بنگئے اگر اور کرامات کے مقابلہ میں کوئی اپنے ہمذہب لوگوں کے کرشمے اور شعبدے پیش کرکے بحث کو طول دینا چاہے تو طول دیسکتا ہے مگر یہ بات ہرگز پیش نہ کرسکے گا۔ بلکہ جنکی بابت وہ کرشمہ نقل کرتے ہیں ان کی صحبت یافتوں کا تو کیا ذکر ہے خود انمیں غفلت دنیا کی طلب لذات و شہوات پر مرمٹنے کی موجودہ تھی اور ہے۔ برخلاف اسکے کہ یہ لوگ ذات حق میں محو انکی روح معنوی علوم روحانیہ اور حقائق و معارف سے بہرہ ور تھے۔ اور یہی وہ خاص معجزہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا تھا کہ جسکا عشر عشیر بھی انبیاء علیہم السلام حضرت موسیٰ و حضرت عیسے علیہم السلام میں نہ تھا۔ موخر الذکر انبیاء کے معجزات زیادہ تر اشیاء حسیہ کے متعلق تھے۔ اللھم احشرنی فی زمرتھم آمین +

ف۱ جسکو حضرت مولانا قدس سرہ کے حالات تفصیل سے معلوم کرنے ہوں تو وہ مولوی سید نواب لوحسن خان بہادر کی کتاب دیکھے جو بڑی تحقیق کے ساتھ حضرت کے حالات میں لکھی ہے ۱۲ منہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

فہرست کتاب البیان فی علوم القرآن

صفحہ	مضمون
۱	دیباچہ۔ وسبب تالیف کتاب۔
۴	مقدمہ۔ انسانی ادراک اور اسکے الات حواس خمسہ پر بحث اور ادراک حسی کی حقیقت اور اس میں حکما رکے اقوال۔
۶	حواس خمسہ باطنہ پر بحث حس مشترک۔ خیال وہم حافظہ متصرفہ کے حالات۔
۷	حواس خمسہ ظاہرہ کان۔ آنکھہ۔ ناک۔ زبان ٹٹوّ لنے اور نیز حواس خمسہ باطنہ سے جو چیز معلوم ہوسکتی ہے وہ بادی اشیا رہوتی ہیں اور مادیات میں بھی لطافت آجانیکے سبب کبھی چند حواس کبھی سب بیکار ہوجاتے ہیں
۸	فلسفۂ حال نے جو کچھہ ترقی کی ہے وہ مادیات ہی میں کی عالم دنیاوی کے تنگ دائرہ سے ان کا طائر ادراک ایک انچہ باہر اڑکر نہیں گیا
۹	ہے حواس خمسہ اور حیوانات بلکہ ایک گونہ ادراک نباتات میں بھی ہے حال کے حکما رنے حواس کی مدد کے لئے دوربینیں وغیرہ
۱۰	آلات بنائے۔ انسان وحیوانات کے ادراک حسی کا فرق۔
۱۰	عالم محسوس کے اقسام
۱۱	عناصر و بسائط میں حکما، حال وسابق کا اختلاف عالم البسیط وعالم مرکبات پر بحث۔
۱۲	عالم جواہر واجسام پر بحث۔
۱۳	علوم فلسفیہ کا باعتبار اختلاف موضوعات کے جداگانہ ہونا۔ جوہر مجسمہ محسوس نہیں بلکہ اجسام بھی نہیں صرف ان کے عوارض محسوس ہیں۔
۱۴	اجسام مرکبہ کے اجزا پر بحث اور یہہ کہ جسکی ترکیب میں بسائط غیر محسوسہ غالب ہوں گے وہ بھی محسوس نہوگا۔
۱۵	حواس ادراک کرتے ہیں یا ان کے ذریعہ سے کوئی اور چیز ادراک کرتی ہے؟
//	مدرک ہونا مادی چیز کی شان نہیں۔ اسی بنا پر حکما رقدیم نے نباتات بلکہ سیارات وافلاک کے لئے بھی نفوس مجردہ تسلیم کی ہیں
۱۶	انسان کے اندر مدرک غیر مادی غیر محسوس چیز ہے یعنے روح نہ مادہ نہ طبیعت۔
۱۷	تعلق روح جسم کیسا تہ کیونکر ہے؟ اور جسم کے ذریعہ سے اسکو رنج وراحت بھی ہوتا ہے +

toobaa-elibrary.blogspot.com

صفحہ	مضمون	صفحہ	مضمون
۱۸	ادراک حسی انسان کا کمال نہیں کیونکہ یہ		پر نہیں۔ اشیاء غیر محسوسہ کا انکار محض غلطی ہے
۱۹	اور حیوانات بھی شریک ہیں بلکہ اس کے لئے		(۲) مدرکات عقلی آنکھوں سے دیکھے ہوئی
	اور بھی ادراک ہیں اول ادراک حضوری		چیزوں کی برابر یقینی الثبوت ہیں (۳) ادراک
	وادراک وجدانی بھوک پیاس رنج وخوشی۔		مادہ اور مادیات کا کام نہیں (۴) اصلی انسان
	(۲) ادراک استدلالی استدلال کی کیفیت		روح ہے مادیات کا ادراک حواس سے اور
	اور اسمیں اغلاط سے بچانے کے لئے علم منطق		غیر مادیات کا بغیر حواس کے کرتی ہے۔
	کا ایجاد علم منطق کا مختصر بیان۔		(۵) حواس صرف مادیات کثیفہ کا ادراک
۲۲	بدیہی یقینیات کے اقسام		کرسکتے ہیں مادیات لطیفہ جیسا کہ ہوا روشنی
۲۳	قضایا غیر یقینیہ کے اقسام		جو کسی برتن میں ہو اسیطرح طبیعت نیچر جو
۲۵	(۳) ادراک منامی۔ خواب کی حقیقت		مسلمہ فلسفہ حال ہے کسی حواس سے محسوس
	اور اسمیں نفس ناطقہ یعنے روح کو غیر معلومات		نہیں (۶) ادراک روحانی بجز ادراک
	کا انکشاف۔		انبیائی کے آمیزش وہم سے معصوم نہیں۔
۲۶	انسان کی حقیقت (۴) ادراک کشفی اور		حاشیہ میں یورپ کے فلسفہ وسائنس پر بحث
	اس کے مراتب اور یہ کہ بجز انبیاء کے	۳۵	فصل ۲۔ انسان کو ضرور موت طبعی ہے ایکدن
	کسیکا ادراک کشفی معصوم نہیں۔		یہ گرہ کھلجانے والی ہے جسم سے جدا ہوکر
۳۱	ادراک کے اور دیگر ذرائع ہیں جیسا کہ		روح باقی رہتی ہے اور اسپر اعمال وعقائد
	نجوم ورمل وجفر (۲) علم بالآثار والعلامات		کا بیحد وراحت ضرور پیش آتا ہے جس پر
	(۳) غیر مرئی ارواح جن وغیرہ سے معلوم		ہزاروں برسوں سے نصف سے زیادہ شاہد
	کرنا۔ ہاتف غیب کی آواز مگر یہہ سب		لوگ بالخصوص حضرات انبیاء علیہم السلام
	قابل یقین نہیں اسیطرح فال وشگن کا حال ہے		شہادت دیتے آئے ہیں انکی یہہ شہادت
۳۳	خلاصہ بحث کہ ان چند چیزوں کا ثبوت کردیا		کسی نفسانی غرض یا جنون سے خیال کرنا
	گیا (۱) یہہ کہ موجودات کا انحصار محسوسات		بے عقلی ہے۔ اگر بقول ایک گروہ حکماء کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

صفحہ	مضمون
	روح فنا ہوجاتی ہے تو یہی گروہ انبیائی کا کچھ حرج نہیں اور اگر وہ انبیائی کا قول سچ ثابت ہوا اور در اصل سچ ہے تو اس گروہ منکر کے لئے بجز حسرت وندامت کوئی چارہ نہیں
۳۹	**فصل ۳** مرنے کے بعد روح کی بقا۔ اور اس کے اعمال وعقائد کا نیک یا بد نتیجہ مرتب ہونے کے ثبوت میں۔
۴۱	**باب اول۔ فصل اول** انبیائی سلسلہ کے خاتم حضرت محمد مصطفے ہیں صلی اللہ علیہ وسلم اپنے وہ کتاب نازل فرمائی جسمیں جملہ وہ علوم بڑی خوبی کے ساتھ ہیں کہ جو فلسفہ وسائنس سے حاصل نہیں ہوتے جنکے لئے حضرات انبیاء علیہم السلام بھیجے جاتے ہیں انسانی سعادت کے متعلق نظریات سے لیکر عملیات تک سب سے اول خدائے غیر محسوس کی ذات پاک کا ثبوت ایسی دلیل سے کہ جسکو ایک ادنی صحرائی جاہل۔ اور بڑا حکیم برابر سمجھ کر یقین لاسکیں دلیل شروع قرآن میں ہے الحمد للہ رب العالمین پھر اسکی تشریح ✤
۴۹	دلیل دوئم علویات آسمان وتیرات کے حالات سے مختلف پیرایوں سے متعدد مقامات پر

صفحہ	مضمون
	اوس ذات پاک کو جو محسوس نہیں عقل کی آنکھوں سے عیاناً دکھایا ہے۔
۵۲	تیسری دلیل عناصر ولوائط اور ان کے تغیرات وحالات اور جواسماء کی کائنات سے متعدد مقامات پر نئے نئے اسلوب سے۔
۵۵	چوتھی دلیل زمین اور اس کے احجار ونجار اور ان کی وضع وغیرہ حالات سے ✤
۵۷	پانچویں دلیل نباتات اور ان کے حیرت بخش حالات سے ✤
۶۱	چھٹی دلیل حیوانات کے حیرت انگیز حالات سے حیوان کی پیدائش پر فلسفیانہ بحث اور اونکے اقسام اور مادہ نباتی کا نباتی حالت سے ترقی کرکے حیوانیت میں آنا پھر حیوانوں کا ایک نوع یا صنف سے منتقل ہوکر دوسری نوع یا صنف میں ترقی کرجانا وغیرہ
۶۹	ساتویں دلیل۔ انسان اور اس کے حیرت خیز حالات۔
۷۰	اسکے صوری کمالات شیطان کا اوس سے برسرپرخاش آنا۔
۷۲	اس کے معنوی کمالات۔ اسکی قوت ملکیہ وبہیمیہ میں کشاکش اور اپنے نیک وبد نتائج کا ترتب۔ انہیں کے لحاظ سے انسانی طبقات

toobaa-elibrary.blogspot.com

صفحہ	مضمون
۷۵	مرنے کے وقت قوت ملکیہ وبہیمہ کیموافق ظہور آثار۔
۷۶	یہ نسل کسی حیوانی سلسلہ سے ترقی پاکر نہیں بنی ہے بلکہ جسطرح اور حیوانات از منہ زمین سے پیدا ہوتے ہیں اور آگے انکی نسل بھی چلتی ہے اسیطرح انسان اول حضرت آدم پیدا ہوئے اور انہیں کی نسل پھیلی یہ نوع قدیم نہیں اور انواع۔
۷۷	حضرت آدم کہاں پیدا ہوئے؟
۷۸	حاصل کلام ایک مادہ متحد الکیفیتہ والمادیتہ میں یہہ یہہ کمالات حیرت انگیز نہ خود بخود پیدا ہوگئے ہیں نہ یہہ طبیعت نے شعور کا کام ہے نہ نیچر کا نہ اتہر کا۔ کیونکہ اول تو یہہ تینوں بھی غیر محسوس ہیں فلسفہ وسائنس حال نے انکو برخلاف اپنے اصول کے کیوں تسلیم کرلیا یا پھر ان میں اسبات کی صلاحیت بھی نہیں کہ وہ ایک مادہ میں ایسی ایسی صنعت کرسکیں۔ اسلئے طبیعت مادہ ونیچر سے بالاتر ایک ایسی چیز تسلیم کرنی پڑتی ہے جو محسوس نہیں اور وہی خدائے قادر ہے +
۷۹	فصل دوئم۔ صفات میں صفت علم پر بحث

صفحہ	مضمون
۸۰	حکمار یونان کا خیال اور اسکا ابطال
	+
۸۱	صفت حیات۔ وقدرت۔ وارادہ پر بحث
۸۲	حکمار یونان کا خیال اور اسکا ابطال۔ حکمار یونان کے مسائل کو حق جاننے والے خلفا عباسیہ کے عہد میں ایک جماعت پیدا ہوئی اور وہ قرآن واحادیث کی اس خیال کے مطابق تاویل کرنے لگے انکا نام معتزلہ ہے اس جدید فلسفہ وسائنس کے عہد میں ابھی ہندوؤں میں برہمو اور آریہ تاویل کے ذریعہ سے اپنے مذہب کو فلسفہ حال کے مطابق کرنے کے لئے کھڑے ہوئے اسی طرح مسلمانوں میں بھی ایک گروہ اٹھا جنکو نیچریہ کہا جاتا ہے۔ ان کی نگاہ کو فلسفہ حال کی اس ترقی نے جو محسوسات میں کی ہے مذاہب اور علوم قدیمہ کو بیقدر کردیا اسکے مطابق کردینا ہی یہہ لوگ اپنی مذہب اور علوم کی سلامتی سمجھتے ہیں۔ حالانکہ خود فلسفہ کے بہت مسائل وزبردست تحقیقات جدیدہ سے غلط ثابت ہوتے جاتے ہیں پھر آئندہ کے لئے کیا اعتماد ہے کہ وہ غلط ثابت نہونگے جس سے ثابت ہوگا

toobaa-elibrary.blogspot.com

صفحہ	مضمون
	علوم انبیائی سراسر راست ہیں انکو ہر زمانہ کے فلسفہ کے مطابق کرنا موم کی ناک بنانا ہے۔
۸۵	صفت توحید۔ اور اسپر دلائل۔
۸۷	اوہام عامہ نے جو خیز بہیمت سے پیدا ہوتے رہتے ہیں مخلوق پر قیاس کرکے خالق کی ذات وصفات میں اور بھی شریک پیدا کرلئے ہیں جو بڑا مہلک رستہ ہے۔
۸۹	صفت ازلیت وابدیت پر بحث حکماء یونان اور فرقہ آریہ کی غلط فہمی کا انہوں نے بہت چیزوں کو اس کے ساتھ اس صفت میں شریک بنالیا ہے ؛
۹۰	آریہ کی دلیل۔ اور اسکا جواب۔
۹۱	صفت رحمت وغضب پر بحث۔
۹۲	غضب کے اسباب اور اسکے نتائج۔
۹۳	عیسائیوں نے اسکو صفت عفو سے برا خیال کرکے آدم کے گناہ میں مسیح علیہ السلام کو صلیب پر لٹکا دیا۔ ہنود اور یہود نے صفت رحمت کو اپنا خاص حصہ سمجھ لیا۔ فرقہ آریہ نے بھی ایسا خدا فرض کیا ہے جو کسیکا گناہ معاف نہیں کرسکتا نہ اپنی مہربانی ورحمت سے کچھ لے دے سکتا ہے بلکہ جو کچھ ہوتا ہے بندہ کے کرم افعال کا نتیجہ لازمی ہوتا ہے۔

صفحہ	مضمون
۹۴	صفت کلام پر بحث کلام لفظی ونفسی کی تحقیق۔ قرآن وغیرہ کس معنے سے کلام الٰہی ہیں۔
۹۵	صفت لطافت پر بحث۔ کہ خدائے قدوس نہ حواس سے محسوس ہوسکتا ہے نہ اس پر عوارض جسمانی لاحق ہوسکتے ہیں اس لئے وہ جملہ خصائص جسمانیہ ومادیہ سے پاک ہے
۹۶	نہ وہ کسی مکان وجہت میں ہوسکتا ہے اسلئے کوئی مکان آسمان وعرش وکرسی اسکے رہنے کی جائے نہیں۔ عرش وکرسی پر قائم ہونا جو قرآن میں آیا ہے وہ استعارات ہیں علو کے لئے صفت صمدیت پر بحث۔ وہ کسیکا کسی بات میں محتاج نہیں۔
۹۷	خدا کا قرض مانگنا ایک استعارہ ہے اسبات کے لئے کہ تمہاری خیرات مع نفع تمکو ملے گی اسپر اعتراض کرنا نافہمی ہے۔
۹۸	صفت تقدس پر بحث صفت عدالت پر بحث وہ بندے کو اس کے جرم سے زیادہ سزا نہیں دیتا نہ کسیکے جرم میں دوسرے کو پکڑتا ہے وہ غفور رحیم بھی ہے گناہ بھی بخشدیتا ہے وہ اپنی مصلحت سے جسکو جو چاہتا ہے دیتا ہے
۹۹	اگلے کرم وجنم کا نتیجہ بتانا محض غلط فہمی ہے (حاشیہ) کفار کو جو ان کی قوت نظریہ کی بدولت

toobaa-elibrary.blogspot.com

صفحہ	مضمون
	میں ابدی جہنم دیتا ہے وہ جرم بھی ایسا ہی ہے کہ اگر وہ ابد تک دنیا میں رہے تو اس سے باز نہ آئے یہ ظلم نہیں اسپر طعن کرنا اور اسکو قہر مجسم بتانا محض بدفہمی ہے۔
۱۰۰	صفت خالقیت پر بحث۔ جواہر و اعراض کا وہی خالق ہے مادہ بھی اسنے بنایا ہے نہ یہ کہ مادہ اسکا بنایا ہوا نہیں۔ بلکہ اس نے مادہ میں تصرف کر دیا ہے جیسا کہ آریہ کا خیال ہے نہ یہ کہ مخلوق اس کے اجزا سے منفصل ہو کر بنی ہے جیسا کہ ویدوں سے سمجھا جاتا ہے۔
۱۰۱	خالق اور مخلوق میں تغائر ذاتی ہے وحدت الوجود پر بحث۔
۱۰۲	فصل ۳۔ وہ عالم کا محدث و موجد ہے عالم کے اقسام۔
۱۰۳	اسنے جہان کو کس طرح اور کس ترتیب سے پیدا کیا ہے؟ اول عالم روحانی بنایا پھر عالم جسمانی۔
۱۰۴	عالم جسمانی میں مادہ اثیریہ (ایتھر) جو تمام فضا میں بھرا ہوا تھا اس کے دو حصہ ہو گئے تحتانی۔ فوقانی۔ تحتانی منجمد ہو کر زمین بنا اور بہت کچھ مستحیل ہو کر پانی

صفحہ	مضمون
	اور ہوا بنا۔ فوقانی حصہ سے آسمان بنا اور باقی مادہ سمٹ کر جنمیں گیاس بھی تھی آفتاب و ستارے بنے۔ مگر ابخرات متکاثفہ سے زمین پر اندھیرا تھا آفتاب کی شعاعیں صاف نہ پڑتی تھیں۔ ان ابخرات سے پانی برسنا شروع ہوا جن سے کٹ کٹ کر زمین کے بلند و پست قطعات بنگئے۔ اور بڑے بلند قطعات آفتاب کی شعاعوں سے متحجر ہو کر پہاڑ بن گئے ✣
۱۰۶	پھر زمین پر نباتات پیدا ہوئے پھر حیوانات اور بعد میں انسان پیدا ہوا۔
۱۰۷	آسمانوں کے وجود پر بحث حکماء قدیم کا مذہب
۱۰۸	تکوین عالم میں حکماء اور دیگر اشخاص اور مذاہب کے اقوال۔ ہنود کے اقوال۔
۱۰۹	فصل ۴۔ صفات متشابہات پر بحث۔
۱۱۱	فصل ۵۔ تنزیہات میں کہ خدا ان ان چیزوں سے پاک ہے۔
۱۱۴	فصل ۶۔ ملائکہ کے بیان میں۔
۱۱۸	ملائکہ کی حقیقت اور اس میں دیگر لوگوں کا اختلاف اور ان کے درجات۔
۱۱۹	فصل ۷۔ جن کی حقیقت اور اس قسم کی مخلوق کا حال اور ان کے اقسام۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

صفحہ	مضمون	صفحہ	مضمون
۱۲۲	شیطان کی تحقیق اور ابلیس کے معنے۔		وہ بسبب لطافت کے محسوس نہیں نہ قدیم ہے
۱۲۳	(فوائد (۱) وجود جن اور ملائکہ علاوہ وجوہ مذکورہ بالا کے دنیا کے معتبر لوگوں کی شہادتیں از انجملہ حضرت مسیح علیہ السلام کی (انجیل لوقا باب ۴ و ۸) وغیرہ		واخذ ربک من بنی آدم الخ کی شرح۔
		۱۳۰	ارواح کی استعداد مختلف ہے جو ازلی عنایت کا سبب ہے۔ مسئلہ تقدیر۔ اور سعادت و شقاوت پر بحث۔
۱۲۴	فلسفہ حال اس قسم کی مخلوق کا اسلئے انکار کرتا ہے کہ وہ محسوس نہیں۔	۱۳۱	روح پر اعمال و عقائد کا ایک رنگ چڑھنا ضرور ہوتا ہے جو بعد مفارقت بدن کے ہر ایک کو معلوم ہوگا +
۱۲۵	انکی تقلید سے نیچری بھی انکار کرتے ہیں۔ اور جن آیات و احادیث میں ان کا ذکر ہے انکی رکیک تاویلات کرتے ہیں۔ اون کا جواب۔	۱۳۳	روح کو منور اور سیاہ کرنیوالے امور اور اس کے مرض و صحت کی تدبیر بجز حضرات انبیاء کے اور کوئی اسطرح نہیں بتا سکتا کہ جسمیں وہم کی آمیزش نہو اسلئے نبی کی بعثت ضرور ہوئی۔
۱۲۶	(۲) جن اور فرشتوں کے سوا اور بھی اس قسم کی مخلوق ہے جو محسوس نہیں۔		
	(۳) فرشتوں جنوں ارواح کی اوہام عامہ پرستش کرنے لگے جیسا کہ صفات باری کو قدیم قوموں نے خیالی قالب میں ڈھالکر ان کے بت بنائے	۱۳۴	روح کا پیکر جسمانی سے علیحدہ ہونا۔
		۱۳۵	پاک ارواح کو مرنیسے پہلے عالم قدس کیطرف ایک کشش اور رغبت ہوتی ہے۔
۱۲۷	اسلام نے اسکو ممنوع کر دیا۔ (حاشیہ) اوہام پرست بسا اوقات توہمات کو جن دیو پری سمجھکر ان کے آثار کے معتقد ہو جاتے ہیں جسکا نمونہ جاہل اور بت پرست قوموں میں موجود ہے۔	۱۳۷	موت کے وقت کی حالت روح کی پاکیزگی و کثافت کے سبب جداگانہ ہوتی ہے
			روح کے جدا ہو جانے کے بعد کے حالات
۱۲۸	فصل (۸) روح کا بیان۔	۱۳۹	عالم برزخی کا بیان اور اسیکو حقیقی قبر سمجھنا چاہیئے۔ قبر میں عذاب و ثواب کی کیفیت۔
۱۲۹	روح کی حقیقت اور اسمیں حکماء کے اقوال		اسپر چند اعتراض اور اسکا جواب۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

صفحہ	مضمون	صفحہ	مضمون
۱۴۰	مفارقت بدن کے بعد روح ایک نورانی پیکر میں باقی رہتی ہے دنیا کے واقعات یاد رہتے ہیں اور عزیزوں دوستوں کی محبت باقی رہتی ہے اور روح کسی دوسری جسم میں بطور تناسخ کے نہیں آتی۔	۱۴۴	مسئلہ تناسخ کا دلائل عقلیہ سے ابطال دلیل اول دلیل دوئم
۱۴۱	حضرت مسیح علیہ السلام کی قبر کے عذاب و ثواب پر شہادت۔ انجیل لوقا باب ۱۶۔	۱۴۵	تیسری دلیل۔ ہندوؤں کے نزدیک انسان کے پاس جو کچھ نعمتیں ہیں اور جو کمالات اسکو حاصل ہیں وہ سب اس کے اعمال سابقہ کا نتیجہ ہے اسی اعتقاد پر جبکہ خدا نے ارواح کو پیدا ہی نہیں کیا نہ اس کے پاس کوئی رحمت و نعمت خدا کی ہے نہ وہ کچھ دے لے سکتا ہے تو پھر ایسا بیکار خدا کس کام کا اور اسکی حمد و شکر گزاری کیسی؟۔
۱۴۲	اسکا ثبوت کہ (۱) دوزخ اور بہشت اب بھی موجود ہیں (۲) مرنے کے بعد روح اپنے خاص پیکر کے ساتھ گرمی سردی کھانے پینے وغیرہ کے آرام اور تکالیف پاتی ہے	۱۴۶	اور نیز جب یہی عالم جزا و سزا ہے تو یہی جہان اسکا دوزخ اور بہشت بھی ہے پھر جسقدر بدکار نعیم و لذات میں مزے اوڑاتے ہیں وہ اپنے بہشت کے مزے لے رہے ہیں۔ جو ان کے لئے ضروری ہیں پھر ان کے یہہ کام کیونکر گناہ سمجھے جاسکتے ہیں۔ اور نیز ایسی بہشت اور ایسے دوزخ کی حقیقت معلوم چوتھی دلیل۔ پانچویں دلیل۔ چھٹی دلیل۔
۱۴۳	اسبات پر جملہ اہل ادیان اہنیائی اور حکماء متفق ہیں بجز فرقہ صدوقیہ اور حکماء حال اور ایک گروہ قدماء کے۔ ہنود روح کے باقی رہنے کے معتقد ہیں مگر اعمال کی سزا و جزا پھر اسی عالم میں آکر کسی جسم میں بطور تناسخ کے پانا مانتے ہیں بلکہ نباتات و جملہ حیوانات اور انسان کی نسبت یہی اعتقاد ہے کہ یہہ اگلے جنم کے لوگ ہیں اسلیئے حیوانات کا مارنا گناہ سمجھتے ہیں انکو لازم ہے کہ نباتات کا کھانا اور کاٹنا بھی ممنوع سمجھیں۔	۱۴۷	ارواح کے دیگر حالات۔ مرنے کے بعد ارواح آپسمیں ملتے اور کبھی اہل دنیا کے خواب میں آکر بعض مخفی امور بھی بتا جاتی ہیں۔ اسیطرح ارواح خبیثہ جو

toobaa-elibrary.blogspot.com

صفحہ	مضمون
	جو عالم سفلی میں معذب ہوتی ہیں کبھی وہ بھی اور کبھی ان کا عذاب بھی لوگوں کو محسوس ہو جاتا ہے
۱۴۸	دار الجزاء کامل تو عالم آخرت ہے مگر قدرے اس دار دنیا میں بھی جزا و سزا الٰہی جاری ہوتی ہے
	یہ دار العمل ہے مرنے کے بعد سے جزاء و سزا کا زمانہ شروع ہوتا ہے عالم برزخ میں
	جزا و سزا ملتی ہے مگر اعمال باقیہ کا بھی سلسلہ عمل میں شمار ہوتا ہے اسلئے برزخ میں اس عالم سے بھی گونہ تعلق باقی رہتا ہے ✣
۱۴۹	حاشیہ۔ اس قسم کے تعلقات سے اوہام عامہ نے صدہا بدعات اختراع کر کے جزء مذہب بنا لیے ہیں اور مسئلہ ایصال ثواب کو بھی لپیٹ دیا ہے
۱۵۰	فصل (۹) قیامت اور عالم آخرت کے حالات و اسرار۔
۱۵۱	جنت و دوزخ کی حقیقت پر بحث اور ان کے اہل کے طبقات و درجات انہار و حور و قصور و غلمان و فواکہ اور طوق زنجیر و قوم کے اسرار۔ مخالفوں کے اعتراضات کے جوابات
۱۵۵	الہامی نجات کی حقیقت مخالفوں کے سوالات کا رد ✣
۱۵۶	فصل ۱۰۔ نبوت اور الہام پر بحث الہام و وحی کے مراتب۔ اعلیٰ درجہ کا الہام

صفحہ	مضمون
	انبیاء کا الہام ہوتا ہے۔ نبوت کی حقیقت اور ضرورت اور اس سلسلہ کا حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم پر ختم ہو جانے کا سر
۱۵۹	انبیاء میں دو جہت ہوتی ہیں تحتانی جو انسانیت سے تعلق رکھتی ہے اس میں وہ اور افراد انسانی کے ساتھ مہذب طور پر شریک ہیں۔ توالد تناسل نکاح کھانا پینا۔ سونا وغیرہ دوسری فوقانی جو ملکیت سے عبارت ہے اس قوت کے ذریعہ سے وہ بسبب تجرد کے خدا سے ہمکلام ہوتے ہیں اور انپر کبھی بغیر واسطہ فرشتہ کے کبھی بواسطہ
۱۶۰	وحی ہوتی ہے اور اس قوت سے وہ جبرئیل اور دیگر روحانیات میں ایسا ہی امتیاز کرتے ہیں کہ جیسا ایک سلیم الحواس محسوسات میں کرتا ہے ان کے ادراک روحانی میں کسی قسم کی غلطی کا دخل نہیں ہوتا اور یہی وجہ عصمت فی التبلیغ
۱۶۱	ہے۔ اجتماع (۱) انکی صداقت کا گواہ معجزات ہوتے ہیں۔ جو انکی روحانی قوت کا ایک کام فوق القدرت ہوتا ہے۔ خرق عادت کے اقسام اور انمیں امتیاز۔
۱۶۲	معجزات کے دو قسم ہیں ایک عالم حسی کے تصرفات مردہ زندہ کر دینا وغیرہ دوم وہ جو اثبات

toobaa-elibrary.blogspot.com

صفحہ	مضمون
	میں تصرفات انسانی جمائع میں تغیر پیدا کردینا یہہ قسم اول سے بدرجہا فوق تر ہے ۔
۱۶۳	خرق عادات جسکو عوام خیال بلکہ فلسفہ محال محال اور خلاف قانون قدرت کہتا ہے اسپر محققانہ بحث
۱۶۴	مخالفین کا اعتراض اور نبی اور فرشتہ اور الہام اور مرنے کے بعد کی نعمتوں باغ حور قصور نہروں میووں اور معجزات کی تاویل
۱۶۵	ان تاویلات رکیکہ کا اجمالی جواب محققانہ پھر جواب تفصیلی۔
۱۷۰	انبیاء علیہم السلام اپنی قوت عملیہ اور نظریہ دونوں میں معصوم ہیں۔ اسپر دلیل عقلی پھر نقلی۔ آنحضرت کے بعض معجزات کا ذکر
۱۷۲	وما منعنا ان نرسل بالایات الا ان کذب بہا الاولون۔ کا جواب۔ انبیاء علیہم السلام کی عصمت پر مسلمات اسلام سے گنا ہونکا صدور ثابت کرکے انکی عصمت پر اعتراض۔ اوسکا جواب
۱۷۶	آنحضرت صلعم پر بے تعداد عورتیں رکھنے ۔ اور لوگونکی بہو بیٹیوں کو لونڈی بناکر کام میں لانے اور لوٹ مار کرنے اور لوگوں کو قتل کرنے ۔ وغیرہ۔ مخالفونکے اعتراضات انکے جواب تحقیقی والزامی +
۱۸۲	آنحضرت صلعم پر یہہ الزام کہ قرآن سے ان کا گناہگار اور گمراہ ہونا ثابت ہے جسپر انکو مغفرت مانگنے کا حکم ہے اسکا تحقیقی والزامی جواب۔
۱۸۴	جملہ انبیاء کی عصمت پر دلیل اور آنحضرت صلعم کی شرح صدر اور وضع وزر کا بیان۔
۱۸۶	عصمت کی حقیقت
۱۸۷	جملہ انبیاء علوم و معارف و احکام نظریہ میں متفق ہیں انمیں ترمیم و تنسیخ ہرگز نہیں البتہ بلحاظ وقت و مناسبت اہم بعض احکام جزئیہ میں ضرور نسخ واقع ہوا ہے اور ہونا ہی چاہیئے توریت اناجیل سے بھی ایسا نسخ ثابت ہے (جوابجات)
۱۸۸	تمام انبیاء کا ایک ہی دین ہے پھر ملانبی دلکا مؤید ہے۔
۱۸۵	انبیاء میں باہم ایک کو دوسرے پر بلحاظ کمالات نبوت و رسالت ضرور تفاضل ہے +
۱۹۰	آنحضرت صلعم کی فضیلت کا ثبوت ہر ملک ہر قوم میں انبیاء یا ان کے نائب آئے ہیں۔
۱۹۱	ہنود کی کتب سلمہ بعد غور و نظر تعمق کہے دیتی ہیں کہ وہ الہامی اور انبیاء پر نازل نہیں ہوئیں ہیں یہ ممکن ہے کہ ان میں کچھ مضامین الہامی پائے جاتے ہوں جو سلسلۂ انبیائی سے لیکر

toobaa-elibrary.blogspot.com

صفحہ	مضمون
	جمع کئے گئے ہوں نہ موجودہ توریت و انا جیل اصل توریت و انجیل ہیں +
۱۰۲	الہام اور وحی کے معنے اور انکی حقیقت اور اقسام۔ آنحضرت صلعم پر کیونکر الہام ہوا کرتا تھا
۱۹۴	مخالف کا جواب۔ سوال۔ اسکا جواب۔
۱۹۵	الہامی اور وحی کا فرق لغوی۔
۱۹۶	اصلاحی معنے کی تحقیق اور اسکے اقسام۔
۱۹۷	نبی اور رسول کا فرق۔ الہام انکی زبان میں ہوتا تھا۔
۱۹۸	موجودہ کتابوں پر جنکو لوگ الہامی کہتے ہیں اجمالی بحث۔
۱۹۹	ویدوں اور فرشتہ آریہ کی بابت بحث اجمالی
۲۰۰	آریہ نے جو الہام کی تعریف کی ہے اسپر اجمالی ردوقدح +
۲۰۶	**باب دوئم فصل اول** آنحضرت صلعم کی بعثت اور زمانہ کا گمراہیوں سے تاریک ہونا آپ کی بعثت پر پہلے سے انبیا علیہم السلام پیشین گوئیاں کرتے چلے آئے ہیں۔
	بشارت اول۔
۲۰۷	بشارت دوئم
۲۰۸	بشارت سوم۔ چہارم۔
۲۰۹	آنحضرت صلعم کی بعثت کے دنوں میں دنیا میں

صفحہ	مضمون
	عجائب و غرائب امور ظاہر ہوئے خصوصاً بوقت تولد
۲۱۱	آنحضرت صلعم کا نسب نامہ مخالف کے اعتراض کا جواب۔
	کعبہ کی بنیاد اور اسکی تولیت حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اولاد میں آنحضرت کے جد امجد تک
۲۱۲	آنحضرت صلعم کا مختصر وقائع عمری۔
۲۱۴	بحیرا راہب کا جو مدت سے آپکے ظہور کا منتظر تھا ایمان لانا +
۲۱۵	حضرت خدیجہ سے آنحضرت صلعم کی شادی اور اولاد پیدا ہونا۔
۲۱۶	قبل بعثت کا طریقہ عبادت و روش۔
۲۱۷	غار حرا میں آپ پر وحی ہونا اور لوگوں کا ایمان لانا۔ بت پرستی کی مذمت سے کفار قریش کا غضب ہو کر آنحضرت اور آپکے ساتھیوں کو بعید ایذائیں پہونچانا۔
۲۱۸	چند صحابہ کا مکہ چھوڑ کر حبشہ کیطرف چلا جانا اور شاہ حبشہ نجاشی کا ایمان لانا حضرت عمر کا ایمان لانا۔ نبوت کے دسویں سال ابی طالب اور خدیجہ کا انتقال اور آنحضرت کا یخ دکھا
۲۱۹	نبوت کے بارہویں سال معراج ہونا مدینہ کے لوگوں کا حج میں آنا اور آنحضرت پر ایمان لانا

toobaa-elibrary.blogspot.com

صفحہ	مضمون
	اہل مدینہ میں اسلام کی شہرت ہونا۔
۲۲۱	حضرت کا مع ابوبکر مکہ چھوڑ کر مدینہ جانا کافروں کا تعاقب اور معجزہ کا ظہور۔
۲۲۳	اہل مدینہ کا آپکی تشریف آوری کا انتظار۔ اور تشریف آوری پر مسرت کا اظہار۔
۲۲۴	مدینہ میں عبداللہ بن ابی کا رشک و حسد کرنا اور یہود کے قبائل بنی قریظہ و بنی نضیر سے سازش کرنا اور درپے عداوت ہوجانا۔
۲۲۵	ہجرت کے دوسرے سال بمقام بدر قریش سے جنگ ہونا اور سردار ان قریش کا چند تہی دست مسلمانوں سے مقہور و قتل ہونا۔
۲۲۶	کفار قریش کا مدینہ پر چڑھ آنا۔ اور اُحد پہاڑ کے دامان میں جنگ ہونا۔ پھر بہت سے قبائل کو لاکر مدینہ کا محاصرہ کرنا +
۲۲۷	حضرت کا بقصد عمرہ مکہ کا جانا اور بمقام حدیبیہ قریش کا روکدینا اور باہم صلح نامہ لکھا جانا۔ نقض عہد پر آنحضرت کا مکہ پر چڑھائی کرکے فتح کرلینا۔
۲۲۸	آنحضرت کا شاہان وقت کو دعوت اسلام دینا
	عرب میں عموماً اسلام پھیل جانا +
	ہجرت کے دسویں سال آنحضرت کا آخیر حج کرنا۔
۲۲۹	حج سے واپس آکر تیسرے مہینے میں دنیا سے تشریف لیجانا اور لوگوں کے دلوں پر داغ فرقت

صفحہ	مضمون
	لگا جانا +
	حضرت صلعم کے اخلاق و شمائل۔
۲۳۳	آپ کا حلیۂ مبارک۔
۲۳۵	آنحضرت پر مسئلہ جہاد سے جو الزام لگایا جاتا ہے اسپر محققانہ بحث
۲۳۷	آنحضرت صلعم پر تعدد ازواج سے جو الزام لگایا جاتا ہے اسپر بحث اور الزامی جواب
۲۳۸	آپ کو چند بیویاں کرنے کی کیا ضرورت پیش آئی جبکہ آپکا سن مبارک بھی جوانی کی حد سے تجاوز کرچکا تھا۔ اول مصلحت دوم مصلحت۔
۲۴۰	تعدد ازواج پر عقلی بحث۔
۲۴۱	تعدد ازواج میں اسلام کا کیا حکم ہے اور تعدد بضرورۃ مع رعایت شرائط صرف جائز رکھا گیا ہے +
۲۴۴	جواز پر عقلی دلائل اور عدم جواز کے مفاسد
	فصل ۲۔ دشمنوں کے آپ کی سیرت اور مذہب پاک پر متعصبانہ اعتراضات
۲۴۹	ان کے جواب
۲۵۷	اعتراض کے دوسرے حصہ کا جواب جس مسلمانوں کی معاشرت اور رسم و رواج کے متعلق ہے
۲۵۸	عیسائی محققوں کی آنحضرت اور اسلام پر شہادتیں +

toobaa-elibrary.blogspot.com

صفحہ	مضمون	صفحہ	مضمون
۲۶۳	آپکے جانشینونکی سیرت جو آپ کی تعلیم کا عمدہ نتیجہ تہا۔	۳۱۵	یہانتک کیانی دور تہا اس کے بعد ساسانی دور آیا۔ ساسانی فرقہ کا بیان۔
۲۶۷	فصل ۳۔ نزول قرآن اور اسکی ترتیب وجمع	۳۱۶	ثنویہ و مانویہ فرقہ کا حال
۲۷۰	اعتراضات۔	۳۱۷	مزدکیہ فرقہ کا بیان۔
۲۷۱	ان کے جوابات	۳۱۸	اہل ہند کے فرقے اول بت وعناصر دیوتا
۲۷۵	فصل ۴۔ اختلاف قرأت کے بیان میں		پرست فرقہ جو ویدکو ہرم سے موسوم ہے۔
۲۷۷	قرأت کے طبقات اور سات قرأت کا بیان	۳۱۹	ان کے رسوم ودستورات مذہب۔
۲۷۸	معوذتین جمہور کے نزدیک جزء قرآن ہیں۔	۳۲۰	پیران کے بہت فرقے ہیں۔
۲۸۱	آیات پر وقف کے نشان۔	۳۲۱	دوئم وہ جو خدا کو نہیں مانتے پیران کے
۲۸۱	وقف اور اوسکے اقسام۔		بھی بہت فرقے ہیں جنکو دہریہ کہا جاتا
۲۸۲	علامات وقف وعدم وقف۔		ہے مگر ان میں دو فرقے بہت مشہور ہیں
۲۸۵	فصل ۵۔ آیات اور سورتوں کی ترتیب		اول بودہ مت۔
۲۸۷	فصل ۶۔ نزول قرآن کے وقت دنیا کی حالت۔	۳۲۷	بودہ مذہب کا بیان
۲۸۸	عرب کی حالت۔ عرب محصلہ وحطلہ کا بیان	۳۲۸	دوسرا جینی فرقہ پہر اسکی تفصیل اور انکے مذاہب۔
۲۹۵	دیگر اقوام ومذاہب کی حالت۔	۳۳۰	تیسرا گروہ جاہلوں کا جنکا مذہب اوہام پرستی ہے۔
۲۹۶	انقسام مذاہب۔ حکماء کے فرقونکا بیان۔		
۲۹۹	یہودی مذہب کی حالت۔	۳۳۱	ایسے پر ظلمت زمانہ میں آفتاب صداقت
۳۰۱	عیسوی مذہب کی حالت۔		کا طلوع یعنے آنحضرت صلعم کی بعثت اور
۳۰۲	ان مذاہب کا جو کچہ نقشہ بگڑا ہوا تہا۔ اسکا قرآن میں جابجا عمدہ اسلوب سے رد۔		قرآن کا نزول جسمیں انسانی سعادت کا پورا نقشہ دکہایا گیا ہے
۳۱۱	مجوسی مذہب کی خراب حالت اور اسکے فرقونکا بیان	۳۳۲	فصل ۷۔ قرآن کے علوم اول نظریات

toobaa-elibrary.blogspot.com

صفحہ	مضمون
	اور ان کی تفصیل۔
۳۳۸	دوئم علوم عملی۔ انمیں سے علم تہذیب النفس جو قرآن نے بیان فرمایا نجاست ظاہری اور باطنی سے دور رہنا۔
۳۳۹	نجاسات ظاہریہ وباطنیہ کا بیان۔ جسمیں جملہ گناہ شامل ہیں۔
۳۴۱	ف گناہ کی حقیقت۔
۳۴۲	جملہ گناہ ہونگا اجمالی بیان قوی شہوانیہ وغضبیہ قوی نفسانیہ کا بیان جو گناہ ہونگا مبدار ہیں۔
۳۴۶	علم تہذیب النفس کی دوسری شاخ علم التحلیہ یعنے علوم وملکات فاضلہ سے برس ہونا جس کے اول شاخ کا نام علم التزکیہ تھا۔ اس میں مقصود بالذات مبدار النور حق سبحانہ کے ساتھ عبادات روحانیہ وبدنیہ ومالیہ سے تقرب حاصل کرنا تاکہ آئینہ صافی میں انوار حق متجلی ہوں ان میں سب سے اول نماز ہے۔ نماز کی حقیقت اور اوسکا اجمالی بیان۔
۳۵۱	دوئم روزہ۔ روزہ کی حقیقت اور اس کے اسرار واحکام۔
۳۵۲	سوئم زکوۃ۔ اسکی حقیقت واسرار واحکام

صفحہ	مضمون
۳۵۵	چہارم حج اسکی حقیقت واحکام۔
۳۵۸	دیگر اذکار (۱) (۲) (۳) (۴) (۵)۔
۳۶۱	پانچوان رکن اسلام ادائے شہادت توحید ورسالت ہے۔
۳۶۲	ان علوم نظریہ وعملیہ کے سوا قرآن میں اور بھی علوم واحکام ہیں از انجملہ ذکر الہی کی کثرت (۲) آیات قدرت میں غور وتدبیر کرنا ہر کام اور شان میں اسپر توکل کرنا (۴) اسکی نعمتوں کا شکر کرنا (۵) مصائب پر صبر کرنا (۶) صدق ورستی کا پابند رہنا۔ (۷) زہد وتقوی اختیار کرنا دنیا کے لذات ومدوتجملات پر دل نہ لگانا۔ دنیا کی بے ثباتی کی مثال۔
۳۶۷	(۸) گزشتہ واقعات سے عبرت ونصیحت پکڑنا اسلئے قرآن نے کچھ گزشتہ واقعات بھی بطور نظیر کے بیان فرمائے ہیں اسپر مخالفوں کے اعتراض پر ان کا جواب
۳۶۸	ان واقعات کے بیان کرنے میں ان چند امور کو ملحوظ رکھا ہے (۱) (۲) (۳) (۴) (۵)۔
۳۶۹	مخالفوں نے اسمقام پر دو قسم کے اعتراض کیئے ہیں اول یہ کہ یہ کتب مقدسہ کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

صفحہ	مضمون
	خلاف ہیں یا ان میں نہیں۔
۳۷۰	اس قسم کے اعتراضات اور ان کے جوابات
۳۷۶	دوسری قسم کے اعتراضات یہ کہ خلاف قانون قدرت ہیں ان کے جواب۔
۳۸۱	(۹) تواضع و فروتنی سے پیش آنا۔
۳۸۲	امر بالمعروف ونہی عن المنکر کرنا۔
	(۱۰) گناہوں کی خدا سے مغفرت مانگنا۔
۳۸۳	(۱۱) خدا سے رحمت کا امیدوار رہنا۔
	(۱۲) اس سے ڈرتے رہنا وغیرہ۔
۳۸۴	یہاں تک علم تہذیب النفس کے علوم کا قرآن نے بیان کیا ہے دوسرا علم تدبیر المنزل بھی بہت کچھ بیان فرمایا ہے۔ اسکی بہت شاخیں ہیں (۱) ماں باپ کے ساتھ سلوک کرنا۔
۳۸۵	(۲) دیگر اقارب کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آنا۔ (۳) جرائم قتل تمدن کی ممانعت جیسا کہ چوری۔ زنا ڈکیتی قتل وغیرہ۔ (۴) صداقت وسخاوت وغیرہ اخلاق حسنہ سے پیش آنا جو اصول تمدن ہیں (۵) معاملات بیع وشراء نکاح وغیرہ حدود وقصاص وغیرہ کے قوانین جنپر تمدن موقوف ہے +

صفحہ	مضمون
۳۸۶	معاہدات کی پابندی فیصلہ اور ادائے شہادت میں عدل انصاف وصیت ولایت۔ اور ادائے امانت کے احکام
۳۸۷	(۷) خودداری اور کسب روزی حلال اور جان ومال وآبرو کے تحفظ اور انتقام کے احکام (۸) بحری وبری سفر کی ترغیب تاکہ اولوالعزمی پیدا ہو (۹) علم واشاعت تہذیب ودین کی ترغیب (۱۰) سخاوت وکفایت شعاری میں میانہ روی کی ترغیب (۱۱) لغو باتوں اور کاموں سے جو تخریب قوم وعزت قومی کا باعث ہیں ممانعت (۱۲) قمار بازی وشراب خوری وغیرہ سے جو تمدن میں خلل انداز ہیں
۳۸۸	ممانعت۔ (۱۳) معمولی برتاوے کی چیزوں سے دریغ کرنے کی ممانعت جو باہمی اتحاد وسلوک کے منافی ہیں سود کی حرمت (۱۴) بدگوئی اور بدکلامی و بدگمانی تفاخر تعلی وطعنہ زنی وغیبت واتہام کی مذمت کیونکہ یہ تمدن اور باہمی اتحاد کے لیئے بیخ کن ہیں (۱۵) حقوق انسانی کی مساوات وغیرہ۔
۳۸۹	علم سیاست مدن کا بیان۔ اس کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

صفحہ	مضمون	صفحہ	مضمون
	متعلق اسقدر علوم کا بیان (۱) بادشاہ کو خزانہ سلطنت میں جو قومی خزانہ ہے اسکے مصارف کے سوا اور کوئی حق فضول خرچی کا نہیں اسکے موافق الخضرت صلعم اور خلفاً کا عمل درآمد رہا ہے۔		انصار و مہاجرین کے محامد و مناقب بھی ذکر فرمائے ہیں۔
۳۹۱	اسکی نظیر کے لیئے چند واقعات کا بیان (۱) (۲)	۳۹۵	سیاست کے متعلق ان باتوں کا بھی قرآن میں بکثرت ذکر ہے (۱) قوم کو ہر قسم کے سامان و اسلحہ سے تیار رہنا۔
۳۹۲	(۳) بادشاہ کے اختیارات محدود کرکے قوم کو اسکی اطاعت کا حکم دیا (۳) قوم کو جان و مال سے بقاء دولت و سلطنت اسلامیہ میں کوشش کرنے کا حکم اور قوت مقابلہ سخت اور مضبوط رہنے کی تاکید (۴) ظاہر و باطن میں یکساں رویہ رکھنے کی تاکید نفاق اور منافقوں کی مذمت کیلئے کہ نفاق قومی شوکت کا برباد کنندہ ہے (۵) قوم کو دشمنوں کے داؤ و چیل سے آگاہ کرکے مقابلہ پر آمادہ رہنے کی تاکید و ترغیب اسلیئے قرآن نے اسوقت کے دشمنوں یہود عیسائیوں منافقوں مشرکوں کے اقوال و عقائد باطلہ پر بھی جابجا سرزنش فرمائی ہے۔ اور نبی آخر الزماں صلعم کی جانباز گروہ	۳۹۶	قوم کو نامردی اور بزدلی اور کاہلی سے مختلف پیرایوں سے باز رکھا ہے۔
		۳۹۷	فوائد۔ ان علوم و احکام کے متعلق جو کچھ آحادیث میں آیا ہے وہ قرآن کی اصل تفسیر و شرح ہے۔
			(۲) جو لوگ اپنی کتابوں کو جو بالفعل ان کے پاس موجود ہیں الہامی اور جملہ اقوام کے لیئے قابل عمل تبارہے ہیں انکو لازم ہے کہ علوم و احکام مذکورہ بالا کا ان کتابوں سے صاف لفظوں میں نشان دیں ورنہ دعوی باطل ہے حالانکہ وہ کتابیں ان سے بالکل خالی ہیں۔ یا بہت ہی ناکافی طور پر ان میں یہ علوم قدر قلیل ہیں (۳) احکام اور قانون کی شان خود بتا دیا کرتی ہے کہ یہ انسانی احکام و قوانین ہیں کہ جنمیں برہمن چھتری بیش۔ شودر۔ بنی اسرائیل۔ یورپین کی
		۳۹۸	

toobaa-elibrary.blogspot.com

صفحہ	مضمون	صفحہ	مضمون
	جانب داری ہے یا یہہ اس رب العالمین کے احکام ہیں جو جملہ بنی آدم کا ایک سا خدا ہے	۴۰۸	اسی حلاوت کے سبب جو قدرتاً قرآن کے الفاظ میں رکھی گئی ہے جو لوگ اس کے معنے بھی نہیں سمجھتے وہ بھی اسکو اس آسانی اور اس مدت میں حفظ کر لیتے اور حفظ کے بعد یاد رکھتے ہیں جو دوسری کتاب کو یاد نہیں کر سکتے اسلئے ابتدا سے اب تک قرآن کے بیشمار حافظ ہر ملک میں پائے جاتے ہیں برخلاف اور کسی کتاب کے۔
	فائدہ چہارم جن جن علوم کا ہم بحوالہ آیات ذکر کرتے آئے ہیں علماء اسلام نے ہر ایک کو ایک جدا علم قرار دیکر انمیں عمدہ و مفید تصانیف بھی کیں ہیں۔ اسطرح پر انواع علوم کا ذکر۔	۴۰۹	قرآن میں وہ خاص باتیں بھی ہیں کہ جنکے سبب وہ حد اعجاز کو پہونچ گیا ہے (۱) یہ وہ ہر قوم کے مذاق پر نظم کا مزا دیتا ہے با ایہمہ نظم نہیں۔
۴۰۴	فصل ۸۔ قرآن کا طرز بیان جس میں یہ رعایتیں ملحوظ ہیں (۱) علوم و معانی مذکورہ بالا کو کس بلاغت و فصاحت کے سانچے میں ڈھالا ہے کہ انسانی قوت ڈھال نہیں سکتی اسلیے باوجود تقاضا اور عار دلانے کے فصحاء عرب ایک سورۃ کا دسواں حصہ بھی بنا کر پیش نہ کر سکے۔ پھر ایسی کتاب کا ایسے زمانہ میں ایسے شخص سے کہ جو علوم مروجہ سے آشنا بھی نہ ہو ظہور ایک امر خارق عادت اور کھلا ہوا معجزہ نہیں تو اور کیا ہے؟	۴۱۰	قرآن کے فواصل (اخیر آیت) میں ایک عجب صنعت رکھی ہے۔ فواصل کا بیان
۴۰۶	فصاحت کا بیان	۴۱۲	(۲) کلام کی ابتدا اور وسط اور اخیر میں ایک عجب شان و انداز ملحوظ ہے (۳) ہر ایک فصیح ایک خاص مضمون میں ید طولے رکھتا ہے برخلاف قرآن کے کہ وہ جملہ مضامین میں اعلیٰ سے اعلےٰ فصاحت پر ہے +
۴۰۷	بلاغت کا بیان۔	۴۱۳	شعراء کا میدان سخن محسوسات کی کیفیات اور بیجا مبالغہ اور مضمون فرضی ہوتا ہے
	حاشیہ۔ مخالف نے چند الفاظ جمع کر کے انکو فصاحت و بلاغت سے ساقط کر کے دکھایا ہے اس کا جواب		

toobaa-elibrary.blogspot.com

صفحہ	مضمون	صفحہ	مضمون
	برخلاف قرآن کے کہ اسنے خدا کی ذات وتقدس اور صفات ومکارم اخلاق وعالم روحانی کے حالات بیان کرنے میں اجمال دکھایا ہے (۵) ہر کلام میں متکلم کی طبیعت کا اثر نمایاں ہوتا ہے۔ قرآن سے پرہیزگاری خداپرستی دنیا سے بے التفاتی خدا کی محبت پیدا ہوتی ہے ✣	۴۱۹	(۲) مضادت (۳) استطراد (۴) حسن التخلص وغیرہ ہر ایک کا بیان آیات سے
۴۱۴	بعض مضامین تو عمدہ ہوتے ہیں مگر الفاظ میں کاکت نحش تشبیہ بھدے استعارے وکنایہ ہوتے ہیں برخلاف قرآن کے۔ (۷) ایک مضمون تکرار سے بے لطف ہوجاتا ہے مگر قرآن نے مضامین کو ایک حکمت سے مکرر بیان کیا اور ہر بار جدا مزا معلوم ہوتا ہے۔	۴۲۱	(۹) سورتوں کے فواتح ومقاطع میں ایک عجیب مناسبت رکھی ہے اسکی تشریح۔ سورتوں سے۔
		۴۲۵	سورتوں کی ابتداء دس قسم پر ہے اسکی تشریح۔
		۴۲۹	فائدہ سورتوں کی ابتداء کی بابت
		۴۳۰	فصل ۹۔ دیگر اسباب بلاغت وہ سو قسم کے بدائع ہیں مجاز استعارہ کنایہ ارداف۔ تمثیل تشبیہ ایجاز اتساع اشارہ وغیرہ انکا قرآن میں استعمال نہایت خوبی سے ہوا ہے انکی تشریح۔
۴۱۶	(۸) قرآن کے ہر جملہ کو دوسرے جملہ سے ابتداء کو وسط سے وسط کو انتہا سے وہ مناسبت ہے جو دوسرے کلام میں پائی نہیں جاتی۔ فائدہ۔ مناسبت کے معنے اور اسکا قاعدہ اگر ایک جملہ کا دوسرے پر عطف نہیں تو وہاں ان باتوں میں سے ضرور ایک نہ ایک بات ہوتی ہے۔ (۱) تنظیر		بلاغت کے متعلق اسناد۔ وصل فصل ایجاز۔ اطناب۔ قصر۔ حذف۔ ابدال وغیرہ جو عنصر بلاغت ہیں کس لطف سے استعمال کئے گئے ہیں محاورہ کی رعایت جسکے لیئے بہت سے قوانین الفاظ ترک کردیئے جاتے ہیں کس خوبی سے قرآن میں رکھی گئی ہے جسپر زبان کا ناآشنا الزام لگانے کو تیار ہوجاتا ہے۔ اس

toobaa-elibrary.blogspot.com

صفحہ	مضمون
	قسم کے اعتراضات اور ان کے جواب۔
۴۳۲	استعارہ و کنایہ کی بحث
۴۳۵	استعارہ اور اسکے ارکان و اقسام۔
۴۴۱	تشبیہ کے ارکان اور اوس کے اقسام۔
۴۴۳	قرائن تشبیہات میں ایجاز۔
۴۴۵	تمثیل کی بحث۔
	کنایہ کی حقیقت اور اقسام۔
۴۴۷	کنایہ و مجاز و استعارہ جسطرح مفردات میں ہوتا ہے اسیطرح مرکبات میں بھی ہوتا ہے قرآن سے ثبوت۔
۴۴۸	ذات و صفات باری کے بیان میں بھی استعارہ و کنایہ استعمال ہوا ہے۔ ان کے لفظی معنی مراد لیکر قرآن پر اعتراض کرنا جیسا کہ آریہ۔ عیسائیوں وغیرہ مخالفین نے کیا ہے سخت نادانی ہے۔
۴۵۰	(۲) اسیطرح ملائکہ کے بیان میں بھی استعمال ہوا۔ رسلا اولی اجنحۃ مثنٰی و ثلث و رباع وغیرہ اسپر بھی لفظی معنی سے اعتراض کرنا سفاہت ہے۔
	(۳) اسیطرح یفضل و ختم اللہ وغیرہ انتساب میں استعارہ کنایہ ہے۔ یہاں بھی اعتراض کرنا بیعقلی ہے۔
۴۵۱	(۴) اسیطرح احکام سعادت کی ترغیب میں بھی استعارہ و کنایہ کا استعمال ہوا ہے جیسا کہ من ذا الذی یقرض اللہ قرضاً حسنا اسپر بھی اعتراض کرنا جہالت ہے۔
	(۵) اسیطرح بُرے اعمال کی جزا میں بھی بطریق مشاکلت استعمال ہوا ہے جیسا کہ اکید کیداً واللہ خیر الماکرین اللہ یستہزء بہم یہاں بھی اعتراض نافہمی ہے و حاشیہ میں آریہ کے اعتراضات جاہلانہ کا جواب اور یہدی و یضل کی اصلی حقیقت پر بحث جو خدا کی طرف اسناد ہوا ہے۔ معترضوں کی غلط فہمی کا بیان۔
۴۵۲	واضح ہو تصریح چھوڑ کر کنایہ و تعریض کے چند اسباب ہوتے ہیں اگر کنایہ و تعریض نکی جائے تو کلام میں بیہودگی اور بدتہذیبی پیدا ہو جائے قرآن سے اسکی تشریح۔
۴۵۳	(۱) (۲) (۳) (۴)
۴۵۴	ایسے مقام پر توریہ و ابہام سے کام لینا عین بلاغت ہے۔ جسپر کوڑ مغز اعتراض پیدا کر لیتے ہیں (۵)
۴۵۵	فصل۔ بلاغت کے ایسے چند اصول ہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

صفحہ	مضمون
	کہ اگر انکی رعایت نہ کیجائے تو کلام بلاغت سے دور جا پڑے از انجملہ ایجاز و اطناب ہے ایجاز و اختصار کی قرآن سے مثال۔
۴۵۶	ایجاز حذف کا بیان اور قرآن میں اسکا ثبوت بحوالہ آیات۔
۴۵۹	مفسرین تفاسیر میں ایسے محذوفات توضیح مطالب کیلئے بیان کیا کرتے ہیں معاندین اسلام نے انہیں جملوں کو پیش کرکے قرآن کی بلاغت پر عیب لگایا ہے۔ جو بڑی نافہمی ہے۔
۴۶۰	ایسے بلیغ کلام کے جملے جو نہایت مربوط ہوتے ہیں کہ صاحب فہم سلیم و زبان ہی نہیں بلکہ زبان دانی سے خود سمجھ لیتا ہے کہ اس کے بعد یہ جملہ بولا جائیگا۔ اسلیئے ایک کاتب قرآن نے چند بار آنحضرت کے ارشاد میں وہ جملہ آپ بولا کہ جنکو آپ لکھوانے والے تھے تو اسکو گمان ہوا کہ یہ میرے کہنے سے لکھتے ہیں۔
	فصل ۱۱ بحث مجاز اور اس کے علاقے اور اسکے اقسام۔
۴۶۴	فصل ۱۲۔ فوائد۔ اول قرآن کے طریق استدلال کا بیان جو نہایت سہل الفہم

صفحہ	مضمون
	ہوتا ہے اسکی مثال (۲) احکام کے بیان کر لینے میں باب اوفصل کا انعقاد نہیں فرمایا۔ بلکہ ان طریقوں کا جو بڑے موثر تھے استعمال کیا۔ اور مطالب کو عام وخاص مذاق کے موافق مدلل بھی کیا ہے۔
	(۳) کبھی بجائے براہین و دلائل کے مذاق عرب کے موافق قسم کا استعمال ہے قسم اور مقسم علیہ و مقسم بہ کے اقسام اور وہ مطالب کہ جنپر قسم کھائی ہے اور وہ چیزیں کہ جنکی قسم کھائی انکا بیان۔ مخالفین کے لغو اعتراض کا جواب۔
۴۶۹	ان چھتیس جملہ کچھ خوبی رکھی ہے اجمالاً اسکی تشریح۔
۴۷۰	فصل ۱۳۔ نسخ کی بحث کن چیزوں میں نسخ ہونا چاہیئے انکا بیان اور مخالفوں کے اعتراضات کے الزامی و تحقیقی جواب۔
۴۷۷	فصل ۱۴۔ آیات احکام کی تعداد۔ احکام کے اقسام وجوب، و فرض و حرمت کے الفاظ۔
۴۷۹	فصل ۱۵۔ لفظ اپنے معنے پر کسطرح سے دلالت کرتا ہے۔ دلالت کے اقسام۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مضمون

۴۸۰	جملہ اپنے مطالب پر سطح سے دلالت کیا کرتا ہے۔ ظاہر۔ نص۔ مفسر۔ محکم پر بحث	۴۸۷	جب تک کوئی ان علوم سے ماہر نہو تفسیر نامقبول ہے اور نیز مفسر کی دیانت بھی شرط ہے۔
۴۸۱	اسطرح معنے کے سمجھنے میں کئی طور سے خفا ہوتا ہے۔ خفی۔ مشکل۔ مجمل۔ متشابہ کی بحث۔ کلام میں خفا ہونے کے وجوہ۔ ان کا بیان ✣	۴۸۸	علم تاویل پر بحث اور تحریف کا بیان تاویل باطل جو ایک قسم کی تحریف ہے اس کے چند اسباب ہوتے ہیں ان کا بیان۔
۴۸۲	اسطرح کلام میں اشکال پیدا ہونے کے بھی وجوہ متعددہ ہوتے ہیں۔ ان کا بیان۔ اجمال پیدا ہونے کے اسباب۔ مفسر کے فرائض منصبی ایسے موقع پر کیا ہیں۔	۴۸۹	بے دینوں مخالفوں زندیقوں وغیرہ نے جو جو قرآن کے معانی بدل دینے میں تاویلات کی ہیں انکا بیان اسطرح انہوں نے پیغمبر علیہ السلام کے نام سے جھوٹی حدیثیں بنا کر اسلام پر عیب لگانے میں کوشش کی ہے ان کا استدلال بشیر ایسی ہی تفاسیر اور آحاد سے ہے (حاشیہ میں فرقہ قرامطہ کا بیان)۔
۴۸۳	کلام میں تشابہ پیدا ہونے کے وجوہ۔ اور متشابہ میں علماء کے اقوال۔	۴۹۰	دوئم خیالات کا رجحان بھی بسا اوقات اس قسم کی تفسیر و تاویل کرنے کا باعث ہوا ہے اسکی تفصیل۔
۴۸۴	کلام کے مطالب پر دلالت کرنے میں اقسام عبارۃ النص۔ اشارۃ النص۔ دلالۃ النص اقتضاء النص کا بیان۔ یہ چاروں دلالتیں علماء کے نزدیک بالاتفاق معتبر ہیں۔ ان کے سوا مفہوم مخالف مفہوم الصفۃ وغیرہ میں کلام ہے۔	۴۹۲	تفسیر میں جو کچھ لوگوں نے بے اعتدالیاں کی ہیں بطور نظیر کے انکا بیان جن سے مخالفین اسلام استدلال کر کے اسلام پر عیب لگاتے ہیں۔
۴۸۵	فصل ۱۶۔ تفسیر اور تاویل کے معنی پر بحث اور ان کا فرق اور ہر ایک کی تعریف	۴۹۶	فن تفسیر کا موضوع۔ اور غرض اور اسکے مبادی
۴۸۶	علم تفسیر کے اجزاء اور اسکے مبادی علوم صرف ونحو وغیرہ کا بیان۔		

toobaa-elibrary.blogspot.com

صفحہ	مضمون
۴۹۷	طبقات مفسرین۔ طبقہ اولی کے لوگ۔ سوال۔ جب قرآن خود مبین و واضح ہے تو تفسیر کی کیا ضرورت ہوئی؟ اسکا جواب
۵۰۰	طبقہ ثانیہ کے لوگ۔
۵۰۱	تیسرے طبقہ کے لوگ اور انکی تفاسیر
۵۰۲	چوتھے طبقہ کے لوگ اور انکی تفاسیر
۵۰۳	پانچویں طبقہ کے لوگ اور انکی تفاسیر
۵۰۴	چھٹے طبقہ کے لوگ اور انکی تفاسیر
۵۰۶	ساتویں طبقہ کے لوگ اور انکی تفاسیر
۵۰۷	آٹھویں طبقہ کے لوگ اور انکی تفاسیر
۵۰۸	نویں طبقہ کے لوگ اور انکی تفاسیر
۵۱۲	علماء کرام نے مطالب قرآنیہ میں سے ایک ایک فن کو خاص کرکے اس میں کتابیں تصنیف کی ہیں
۵۱۳	شان نزول پر بحث اور اس کے معنی میں متقدمین و متاخرین کا اختلاف۔
۵۱۵	قرآن کے لوگوں نے مختلف زبانوں میں ترجمہ بھی کئے ہیں۔ ترجمہ و مترجم کے شرائط اور بعض تراجم کا بیان۔
۵۱۸	زمانہ حال میں جو خرابی پیدا ہوئی ہے۔ اسکا بیان۔
۵۱۹	فائدہ۔ مسلمانوں کے مسلمہ دلائل کا بیان۔ مناظر کو لازم ہے کہ بحث و مقابلہ میں وہی پیش کرے ورنہ مسلمانوں کے نزدیک سر سے وہ الزام یا ثبوت مقبول نہ ہوگا
۵۲۰	اجکل کے مخالفین اسلام ہنود۔ آریہ۔ عیسائی جو رد اسلام میں تصانیف کرتے ہیں انکو یہ بھی خبر نہیں کہ جن روایات اور جن کتابوں اور جن تفسیروں کے اعتماد پر وہ اسلام پر عیب لگا رہے ہیں وہ مسلمانوں کے نزدیک کس وجہ میں معتبر ہیں
۵۲۱	یورپ کے بعض مصنفوں نے معترضین کے اعتراضات کو انکی غلط فہمی۔ اور بدنفسی کا نتیجہ بتایا ہے۔ اسلام کی روز افزوں اشاعت کا بیان
۵۲۳	فصل ۱۷۔ اسلام کے برحق ہونے پر دلائل (۱) اعجاز قرآن۔ اسپر مخالفوں کے اعتراض ان کا جواب۔
۵۲۸	علاوہ فصاحت و بلاغت کے قرآن میں یہ بھی کمالات ہیں (۱) خدا کی ذات صفات مقدسہ کا برہان سے بیان (۲) عالم روحانی جنت و دوزخ اور اعمال نیک و بد کا نتیجہ جو وہاں ظہور میں آتا ہے اور نجات حقیقی کا وہ سچا نقشہ کھینچکر

toobaa-elibrary.blogspot.com

صفحہ	مضمون
۴۸۰	جملہ اپنے مطالب پر بطرق سے دلالت کیا کرتا ہے۔ ظاہر نص مفسر محکم پر بحث
۴۸۱	اسیطرح معنے کے سمجھنے میں کئی طور سے خفا ہوتا ہے خفی۔ مشکل۔ مجمل۔ متشابہ کی بحث۔ کلام میں خفا ہونے کے وجوہ۔ ان کا بیان +
۴۸۲	اسیطرح کلام میں اشکال پیدا ہونے کے بھی وجوہ متعدد ہوتے ہیں۔ ان کا بیان۔ اجمال پیدا ہونے کے اسباب۔ مفسر کے فرائض منصبی ایسے موقع پر کیا ہیں۔
۴۸۳	کلام میں تشابہ پیدا ہونے کے وجوہ۔ اور متشابہ میں علماء کے اقوال۔
۴۸۴	کلام کے مطالب پر دلالت کرنے میں اقسام عبارۃ النص۔ اشارۃ النص۔ دلالۃ النص اقتضاء النص کا بیان۔ یہہ چاروں دلالتیں علماء کے نزدیک بالاتفاق معتبر ہیں۔ ان کے سوا مفہوم مخالف مفہوم الصفۃ وغیرہ میں کلام ہے۔
۴۸۵	فصل ۱۶۔ تفسیر اور تاویل کے معنی پر بحث اور ان کا فرق اور ہر ایک کی تعریف
۴۸۶	علم تفسیر کے اجزاء اور اسکے مبادی علوم صرف ونحو وغیرہ کا بیان۔

صفحہ	مضمون
۴۸۷	جب تک کوئی ان علوم سے ماہر نہو تفسیر نامقبول ہے اور نیز مفسر کی دیانت بھی شرط ہے۔
۴۸۸	علم تاویل پر بحث اور تحریف کا بیان تاویل باطل جو ایک قسم کی تحریف ہے اس کے چند اسباب ہوتے ہیں ان کا بیان۔
۴۸۹	بے دینوں مخالفوں زندیقوں وغیرہ نے جو جو قرآن کے معانی بدل دینے میں تاویلات کی ہیں انکا بیان اسیطرح انہوں نے پیغمبر علیہ السلام کے نام سے جھوٹی حدیثیں بنا کر اسلام پر عیب لگانے میں کوشش کی ہے ان کا استدلال بیشتر ایسی ہی تفاسیر اور آحاد سے ہے (حاشیہ میں فرقہ قرامطہ کا بیان)۔
۴۹۰	دوئم خیالات کا رجحان بھی بسا اوقات اس قسم کی تفسیر و تاویل کرنے کا باعث ہوا ہے اسکی تفصیل۔
۴۹۲	تفسیر میں جو کچھ لوگوں نے بے اعتدالیاں کی ہیں بطور نظیر کے انکا بیان جن سے مخالفین اسلام استدلال کرکے اسلام پر عیب لگاتے ہیں۔
۴۹۶	فن تفسیر کا موضوع۔ اور غرض اور اسکے مبادی

toobaa-elibrary.blogspot.com

صفحہ	مضمون	صفحہ	مضمون
۵۵۵	اہل اسلام اسکا مصداق آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو قرار دیتے ہیں۔		کیونکہ یہ غیر محسوس ہیں اور کوئی غیر محسوس موجود نہیں صرف تہیوری ہے اسکا جواب
۵۵۶	عیسائیوں کی دلیل اور اسکا جواب۔	۵۶۴	(۲) اسلام نے تحقیقات جدیدہ و فلسفۂ
۵۵۷	قرائن اسبات کے کہ یہ کسی شخص آنے والے کی خبر ہے جسکا انتظار دوسری صدی عیسوی تک بھی عیسائیوں کو تھا جس پر مونٹانس نے دعوے کیا تھا کہ آنے والا فارقلیط میں ہوں۔		حال و ایزک و جغرافیہ۔ و ہیئت جدید کے برخلاف بہت سی باتوں کو بیان کیا ہے جیسا کہ زمین کا سکون اور بیل کے سینگ پر قائم ہونا سات آسمان اور آفتاب کا حرکت یومیہ سکندری اور قوم یاجوج ماجوج کی خبر دینا
۵۵۸	بشارت کے الفاظ۔ اور اپر بحث۔		زمین پر پہاڑوں کا میخ بنا کر رکھنے جلنے سے
۵۶۲	فصل ۱۸۔ مخالفین کے اسلام اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اور اصول مسائل اسلام پر گوناگوں اعتراضات اور ان کے جواب محققانہ (۱) اعتقادی باتوں پر فلسفۂ جدید کے اعتراضات کہ اسلام نے (خدا اور اسکے صفات اور ملائکہ و ارواح		تہام دینا۔ و دلدل میں آفتاب کا غروب ہونا آسمان میں پانی کے دریا رواں ہونا۔ جہالنے بارش ہونا بتایا جاتا ہے۔ قبر میں مردے کو عذاب و ثواب ہونا جو سراسر خلاف مشاہدہ ہے آسمان و پر پیغمبر علیہ السلام کا تھوڑی دیر میں چڑھ جانا۔
	دجن و مرنے کے بعد روح کا باقی رہنا اور اسپر اس عالم کے اعمال کا نیک و بد نتیجہ مرتب ہونا جسکو جنت و دوزخ کہا جاتا ہے پیروؤں کے کیفیات جو عالم جسمانی کے کیفیات ہیں جو اُس عالم قدس کے اگر تسلیم بھی کر لیا جائے تو سراسر خلاف ہیں) غلط مذہب کو قائم کیا ہے	۵۶۵	جسکو معراج کہا جاتا ہے ان سب کا جواب (۳) خلاف قانون قدرت انبیاء کا اعجاز ثابت کرنا اور قرآن میں ایسے ایسے الفاظ بیان کرنا کہ جنکو عقل سلیم اور فلسفہ حال تسلیم نہیں کر سکتا۔ سلیمان کے تخت کا ہوا میں اڑنا ہدہد پرند کا سوال و جواب کرنا بلقیس کا تخت دم بھر میں اڈرانگانا

toobaa-elibrary.blogspot.com

صفحہ	مضمون
	چیونٹوں کا کلام سننا وغیرہ۔ اُن کا جواب
۵۶۶	(۴) قرآن اور حضرت کی نبوت کے برحق ہونے پر کوئی دلیل نہیں اسکا جواب۔ (۵) قرآن کے مطالب پر اعتراض کہ اسمیں خدا کیلئے صفات ذمیمہ ثابت کئے گئے ہیں جیسا کہ اسکا عرش پر آرام کرنا۔ وہ لوگوں سے قرض مانگتا وہ کفاروں سے مگر اور تمسخر کیا کرتا
	ہے۔ اُسکو بعد وقوع واقعات علم ہوتا ہے اسلیے وہ آزمایش و امتحان کیا کرتا
۵۷۱	ہے وہ سخت بیرحم ہے کہ باوجود گریہ وزاری کے کافر و بیرحبکہ وہ جہنم میں ہونگے ذرا بھی رحم نہ کہا یگا۔ اس کے ہاتھ پاؤں مونہہ آنکھ پنڈلی بھی ہے۔ ان سب کا جواب۔
۵۷۲	(۶) باوجودیکہ بت پرستی سے منع کیا مگر خود ہی کعبہ پرستی کی تعلیم دی۔ اسنے خونریزی سکھائی لوگوں کے مال و زن و فرزند جبین لینا انکو لونڈی غلام بنانا سکھایا۔ اس نے جانوروں کے ذبح کا حکم دیا۔ گوشت خوری سکھائی ان سب کا جواب۔
۵۷۳	(۷) قرآن نے متعدد بیویاں اور بے عدد لونڈیں رکھنے کا حکم دیا جو صریح شہوت
۵۷۵	
۵۷۷	

صفحہ	مضمون
	پرستی ہے۔ اسکا جواب۔
	(۹) آنحضرت پر اعتراضات کہ زید کی بیوی زینب پر عاشق ہوگئے۔ اور اس سے چھوڑا ایسا۔ باوجودیکہ نکاح کرنا لازم تھا پھر اور مسلمانوں کے لیے تو چار بیوں تک اجازت دی اپنے لیئے کوئی حد بھی قایم نہ کی اسپر لونڈیاں مزید براں تھیں ان باتوں کا جواب
۵۷۱	(۹) قرآن کو دعویٰ تو فصاحت و بلاغت کا ہے بلکہ بے مثل ہونے کا بھی دعویٰ ہے مگر سینکڑوں غلط فقرے اور الفاظ خلاف قانون فصاحت اسمیں موجود ہیں۔
۵۷۲	(۱۰) توریت و انجیل پر تو تحریف کا الزام ہے مگر خود قرآن میں آیات منسوخ کرکے مسودہ میں سے نکالدی گئیں اور نیز بہت سی آیات بوقت جمع و ترتیب رہ ہی گئیں ان کا جواب۔
۵۷۳	**باب سوم فصل (۱)** توریت و انجیل پر بحث اور اہل کتاب کی کتب مسلمہ کی فہرست۔ عہد قدیم کی کتابیں۔ جنکے مجموعہ کو تورات و زبور وغیرہ کہا جاتا ہے
۵۷۵	عہد جدید کی کتابیں۔ اناجیل اربعہ وغیرہ
۵۷۷	قسطنطین اعظم جو چوتھی صدی میں عیسائی

toobaa-elibrary.blogspot.com

صفحہ	مضمون
	ہوا تا اسکو کتب مسلمہ نصاریٰ و مسئلہ تثلیث وغیرہ پر بحث کرنے کے لیئے شہر نائس میں کمیٹی قائم کرکے ان مسائل پر بحث کی اور اس کے بعد لوڈیسیا و کارتھیج وغیرہ مجالس ہوئیں جنمیں کتب مسلمہ ٹھہرائی اور گھٹائی گئیں۔
۵۷۹	فصل ۲۔ اصلی توریت اور اصلی انجیل کے گم ہوجانے کے اسباب۔ بخت نصر وغیرہ بادشاہوں کی چڑھائیاں اور بعض کتابیں انبیاء کی ایسی گم ہوئیں کہ ان کا نام و نشان بھی نرہا۔
۵۸۵	اسبات کے شواہد و دلائل کہ عہد قدم یعنے توریت و زبور وغیرہ کتابیں کہ جن کو یہود و عیسائی آسمانی کتابیں کہتے ہیں ان انبیاء کی کہ جنکی طرف منسوب کرتے ہیں تصنیف کیا بلکہ ان کے زمانہ میں بھی تصنیف نہیں ہوئیں۔ شاہد اول شاہد دوم۔ شاہد سوم۔
۵۸۵	اسبات کے دلائل کہ یہ کتابیں الہامی نہیں ہاں قسمے مضامین ان میں توریت وغیرہ اصلی کتابوں کے بھی ہیں۔ دلیل اول دوئم۔ سوئم۔ چہارم۔ پنجم۔ ششم۔ یہ دلائل دیگر

صفحہ	مضمون
	کہ جن سے ثابت کردیا گیا ہے کہ کتب مذکورہ میں خدا کی تقدیس کے خلاف مضامین ہیں
۵۸۹	پھر ان میں وہ بھی مضامین ہیں کہ جو ملائکہ کی شان کے برخلاف ہیں اسپر شواہد اول دوئم سوئم۔ چہارم۔ پنجم۔ ششم۔ ہفتم۔
۵۹۰	کتب مذکور میں مضامین متعارض بھی بہت سے ہیں جنکو مفسرین اہل کتاب لاچار ہوکر سہو کاتب کہدیا کرتے ہیں۔
۵۹۱	ان کتابوں کا طرز بیان بھی فحش اور غیر مہذب ہونے سے خالی نہیں اسکا ثبوت۔
۵۹۲	نیز محققین اہل کتاب کا ابتک انکے مصنفین اور زمانہ مصنفین میں سخت اختلاف ہے +
۵۹۵	عہد جدید کی کتابوں پر بحث اور اسبات کا ثبوت کہ وہ حضرت مسیح علیہ السلام کی تصنیف نہیں نہ انکے روبرو لکھی گئیں ہیں۔
۵۹۸	انجیل شریف کے گم ہوجانے کا سبب
۶۰۰	حواریوں کے خطوط بھی کہ جنکو انجیل کہتے ہیں اصلی انجیل اور الہامی نہیں ہوسکتے اسپر دلائل و براہین۔
۶۰۶	ان کتابوں میں بھی اسقدر الحاق ہوا ہے کہ جسکا شمار نہیں خود عیسائی مفسروں

toobaa-elibrary.blogspot.com

صفحہ	مضمون
	نے ایسے مقامات سیکڑوں ہزاروں گنوائے ہیں۔
۶۰۸	فصل ۳۔ قرآن کی آیات کہ جن سے ثابت ہوتا ہے کہ موجودہ کتابیں اصل نہیں۔
۶۱۰	اسباب کا بیان کہ جن جن مقامات میں قرآن نے توریت و انجیل کا ذکر فرما کر اہل کتاب کو الزام دیا یا انپر عمل کرنے پر تہدید فرمائی ہے وہاں ان کے اصل مطالب مقصود ہیں جو ان کتابوں میں بھی پائے جاتے تھے جو اہل کتاب کے ہاتھ میں بوقت نزول قرآن تھیں
۶۱۱	اہل کتاب بالخصوص لارڈ ولیم میئور وغیرہ نے جو ایسی آیات سے استدلال کر کے نزول قرآن کے وقت ان کتابوں کا موجود اور غیر محرف ہونا ثابت کیا انکے دلائل اور ان کے جواب۔
۶۱۴	اور جو دلائل فنڈر وغیرہ نے ان کتابوں کے الہامی ہونے پر بیان کئے ہیں ان کا بھی جواب۔
۶۱۵	فصل ۴۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے تھوڑے ہی دنوں بعد عیسائیوں میں سخت اختلاف ہو کر بہت سے فرقے پیدا ہو گئے جنکا اصول مذہب میں سخت اختلاف ہے۔

صفحہ	مضمون
۶۱۷	ان کے فرقوں کی تفصیل مع حوالہ کتب مسلمہ نصاریٰ۔
۶۲۶	حاشیہ یہہ اختلاف ان کے مذہب کی باطل ہونے کی دلیل ہے۔ اس مقابلہ میں جو اسلامی فرقوں کی فہرست پیش کیجایا کرتی ہے اسکا جواب اسلامی فرقوں کا قرآن اور ان امور دینیہ میں عقائد سے لیکر عملیات تک اختلاف نہیں جو آنحضرت صلعم کے عہد مبارک میں تھے اور بعض بعض باتوں میں اختلاف ہو کر صرف سات یا آٹھ فرقے باقی ہیں۔ پھر شاخ در شاخ ہو کر ان کی تہتر تک نوبت پہنچی۔ اگر ان کے موجد اور پیرؤں نے اصول دین قرآن و حدیث متواتر و اجماع قطعی کا انکار نہیں کر دیا ہے تو وہ سب مسلمان ہیں ہاں بدعتی ضرور ہیں اور جس سے یہہ جدا ہوئے ہیں وہ اہل سنت کا برحق فرقہ ہے جو ابتدا سے ابتک دنیا بھر میں وہی زیادہ ہے
۶۲۹	اب جو عیسائیوں کے زیادہ فرقے ہیں وہ صرف تین ہی ہیں اول گریگ چرچ یعنی یونانی کلیسیا۔ اس گروہ کی افسری کا دعوے شاہ روس کو ہے جو نائب مسیح سمجھکر دنیا

toobaa-elibrary.blogspot.com

صفحہ	مضمون	صفحہ	مضمون
	ہر پر بادشاہت کرنے کا مستحق اپنے		فرضی تقسیم جو باہم اور ملکوں کی بابت کر رہی ہے
	آپ کو سمجھتا ہے۔ اس کے ہم مذہب اکثر	۶۳۶	ان تدابیر پر بھی وہ اسقدر کامیاب نہیں ہوئے
	حضرت سلطان کی رعیت ہیں اس کے اشارہ		جیسا کہ باوجود نہونے کسی باقاعدہ مجلس کے
	سے ہر روز نئے فساد اور فتنہ پیدا کرتے		جو اشاعت اسلام میں سرگرمی کرتی ہو اسلام
	رہتے ہیں تاکہ دولت علیہ کی تمام کوشش		کی قدرتی وہ ترقی ہو رہی ہے کہ جسکی بابت
	اسیطرف مصروف رہے اور اسباب ترقی		پادری ایزک ٹیلر اپنی تقریر میں حیرت و تعجب
	بہم نہ پہونچا سکے دوئم۔ رومن کیتھولک یا رومی		ظاہر کر رہا ہے۔ اور ہندوستان کی قسمت کی
	کلیسیا ان کا افسر ملک اٹلی شہر روم میں		بھی بتا رہی ہے۔
	رہتا ہے اسکو پوپ کہتے ہیں وہ اپنے	۶۳۵	فصل ۵۔ ویدو پر بحث۔ اور قدیم اقوام
	آپ کو پیٹر یعنے شمعون پطرس حواری کا		ہنود کا ویدوں سے انکار۔ ویدوں کے
	نائب سمجھکر بہشت و دوزخ کا مالک سمجھتا		مصنفوں کی بابت پنڈتوں کے مختلف
	ہے اس کے پروانہ یعنے انڈل جنس بغیر		اقوال۔
	کوئی عیسائی بہشت میں نہیں جا سکتا۔	۶۳۷	ویدوں کے مصطلحات کا بیان۔ شرتی
	فرانس و اٹلی و یونان وغیرہ کے عیسائی		منتر۔ ورگ۔ ادھیا۔ اشٹک۔ سوکت
	اسی مذہب کے ہیں۔ تیسرا فریق پروٹسٹنٹ	۶۳۸	انوواک۔ منڈل۔ کانڈ۔ پنتک۔ پاٹھک
	جسکا بانی مارٹن لوتھر جرمانی تھا جو تخمیناً		سنگتہا براہمنا کا بیان
	چار سو برس آگے گزرا ہے۔ اس لفظ	۶۳۹	ویدوں کے زمانہ تالیف پر بحث۔ اور فرقہ
	کے انگریزی میں منکر کے معنی ہیں یعنے		آریہ جو قدیم کہتا ہے انکار۔
	رومی کلیسیا کا منکر یہ انگریزوں جرمنیوں	۶۴۵	فائدہ۔ ویدوں کی جمع و ترتیب۔ مہابھارت
	امریکہ کا مذہب ہے۔		یعنے کیروپانڈو کی عظیم جنگ کے بعد ویاس جی
۶۳۳	عیسائیوں کا باہمی اتفاق اور غیر لوگوں پر		کے اہتمام سے رگ یجر۔ سام۔ اتھر وغیرہ۔
	تسلط کرنے کے حیلہ اور تدابیر اور انکی		پنڈتوں سے ہوئی اور ویاس جی کی نسبت

toobaa-elibrary.blogspot.com

صفحہ	مضمون	صفحہ	مضمون
	دساتیر نامہ زرتشت میں تصریح ہے کہ وہ زرتشت سے بلخ میں مرید ہونے اور تعلیم پانے گئے تھے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ویدک دہرم پارسی لوگوں نے لیا گیا ہے۔ اب تک سنسکرت زبان میں اور زندی زبان میں اور بہت باتوں میں شرکت پائی جاتی ہے۔ نمونہ کے لئے یجروید باب کا ۲۹-۳۰۔ منتر مع ترجمہ۔	۶۵۱	آریہ نے جو اپنے خیالات کے الہام کی تعریف میں قید لگا کر ویس تعریف کی ہے جو انکے زعم میں بجز وید کے اور کسی الہامی کتاب پر صادق نہ آئے۔ اس تعریف پر جرح اور نیز یہ تعریف بھی وید پر صادق نہیں آتی۔ (حاشیہ) میں اسکی تشریح۔
		۶۵۲	آریوں کی الہام کے معنی سمجھنے میں غلط فہمی
		۶۵۳	ہندو دہرم کی مسلمہ کتابوں کی فہرست مع تشریح
۶۴۶	ویدوں کے مضامین پر بحث اور اسبات کا ثبوت کہ ان میں تینتیس کروڑ دیوتاؤں کی مبالغہ آمیز مدح کی سوا اور کچھ نہیں وید کے ممدوح دیوتاؤں میں سے اربع عناصر کوکب وسیارے اور ارواح غیر مرئیہ وہمی وخیالی اشخاص اندر وغیرہ بھی ہیں آریوں نے تاویلات کرکے عیب شرک سے پاک کرتے ہیں۔ بڑی کوشش کی ہے مگر جملہ پنڈت شارح ومفسر کہتے ہیں کہ ان کو الفاظ سے کوئی بھی تعلق نہیں +	۶۵۶	پرانوں کے مضامین کی قباحت جس لیئے آریہ نے انکو ناپاک کتابیں کہدیا۔
		۶۵۷	ویدوں کی شرحیں اور ترجمہ۔ اور آریہ کا انسے الیسا اختلاف کرنا کہ جس سے وہ کتابیں جڑ سے اکھڑ گئی معلوم ہوتی ہیں قابل تعجب ہے۔
		۶۵۸	فصل ۶۔ پارسیوں کے کتب مسلمہ کی فہرست اور اسپر بحث اور نتیجہ کہ یہ کتابیں کسیطرح سے الہامی نہیں ہوسکتیں۔
۶۴۷	آریوں کے اس دعوے کا رد کہ وید جملہ علوم وحقائق ومعارف کا سرچشمہ ہیں۔ براہین۔	۶۶۳	خاتمہ۔ خاص مذہب اسلام میں ابتک
۶۴۹	ویدوں کے ازلی وابدی ہونیکا بھی بطلان	۶۶۴	روحانی سلسلہ اور روحانی معلم ہیں نہ کسی اور میں اولیاء اللہ کا وجود جنمیں سے بعض کی زیارت سے مولف بھی مستفید ہوا ہے۔ اسلام کے برحق ہونے کی روشن دلیل ہے۔
			تمت

toobaa-elibrary.blogspot.com

حضرات ہمدردان اسلام

کیا اب بھی تم خواب غفلت میں ویسے ہی پڑے سوتے اور وقت گرانمایہ کھوتے رہوگے جاگو جاگو۔ اٹھو ہوشیار و بیدار ہو جاؤ آفتاب تمہارے سر پر آگیا ہے۔ بہت پیچھے کے قوافل بہت آگے نکل گئے ذرا سنو تو سہی یہ آواز کیا آرہی ہے؟ تمہارے پس ماندوں لنگڑے لولوں کا کارواں جا رہا ہے یہ آواز جرس اوسی کی ہے۔

جو مذاہب و اقوام صفحہ دہر سے حرف غلط کیطرح مٹا دیئے گئے تھے آج ان کو سرداری کا اور پیشروی کا دعویٰ ہے وہ اپنے عیبوں پر تاویلات کی پٹیاں باندھکر اپنی فرضی خوبی دکھاتے پھرتے ہیں خاکدان ہند سے باہر بھی اپنے مذہب کو بالخصوص شائستہ ملکوں میں پھیلاتے پھرتے ہیں انکی داعیان مذہب کی ہمت اور انکے ہمدردان اہل دولت کی جوانمردی پر تو غور کرو کہ داعی اپنا عیش و آرام چھوڑ کر کن کن دور دراز ملکوں میں جاتے اور کیا کیا تکالیف اٹھاتے ہیں ان کے اہل دول انکی کتابوں کے ترجمہ کرانے چھپوانے مصنفوں کی طمانیت و آرام کے لیئے زر تو کیا گھر دینے کو تیار ہیں ادہر تم حقیقی مذہب اور امت ملت کے لوگ (جن کے بزرگ ابھی تھوڑے دنوں پہلے برعرب سے نکل کر ادہر چین تک اسلام کا پھریرا اوڑاتے نکل گئے تھے ادہر جبل المطارق سے آگے تک اقصے الغرب میں مشعل اسلام ہاتھ میں لیئے تاریکی کو دور کرتے ہوئے نکل گئے تھے جنکی ٹمٹماتی ہوئی روشنی اب بھی نظر آرہی ہے) کس بے ہمتی غفلت باہمی نفاق جزئیات مسائل کی بحث میں پڑے ہوئے معمولی کاموں میں جنت خرید رہے ہو اب بھی وقت باقی ہے اس قسم کی کتابوں کو انگریزی جرمنی۔ فرنچ چینی۔ جاپانی۔ زبانوں میں ترجمہ کرا کر دعوت اسلام کا اس سرے سے اوس سرے تک غلغلہ ڈالدو تاکہ پھر وہی دینی و دنیاوی برکات آسمان پر سے نازل ہوں۔ اب میں منتظر ہوں کہ کسطرف سے اس دعوت کیلئے لبیک کی آواز آتی ہے۔ والسلام

(ابو محمد عبد الحق)

toobaa-elibrary.blogspot.com

غلط نامۂ البیان فی علوم القرآن

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۲	۶	کشفی	کشف
۵	۱۲	شاعی	شعاعی
۱۶	۱۱	ہتی	ہے
۲۰	۷	چیز	جزء
//	۱۲	کسی	کسی کی
۲۲	۳	جنکو	جن کی
۲۳	۱۱	ضعیفوں	کہ ضعیفوں
۲۵	۱۵	متخلیہ	متخیلہ
۲۶	۱۱	پہر یہہ ایک اگر	پہر اگر یہہ ایک
//	۱۲	تو	نہ
۲۸	۱۰	ہوتا	ہونا
۲۹	۲	(۱)	(۴)
//	۶	لطیفہ سران ..... اس کا	
//	۱۶	سکی	اسکی
۳۳	۱۹	کردیتا	کردیتا ہے
۳۶	۱۱	نقص	تفص
۳۷	۱	إدراک	قداک
۴۳	۱۲	مادی	مادہ

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۴۹	۷	ظلل	ظل
۵۲	۵	تنفقہ	متفقہ
۵۷	۶	ان	دیگر
۶۴	۱۹	لگائے	نکالتے
۷۳	حاشیہ	نتواں	نتوانست
۷۵	۱	احکام کی	احکام
//	۱۰	دہیمہ	بہیمیہ
//	۱۳	جب	حب
۷۹	۱	کس	کسی
۷۲	۵	مترتبات کا قانون	مترتبات قدرت کا قانون
//	۱۴	توجہات	توجیہات
۸۷	۱	ہوگا	ایک مبر ہوگا
۸۸	۲۱	ہوسکے	اسکے لیئے
۸۹	۵	اور اس	اس
۹۲	۲	قدرت نے	قادر نے
۹۵	۵	وہی	بہی
۹۸	۱۳	مسائل	مسائل پر
۹۹	حاشیہ	نکمیں	تکمیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۰۰	۱۹	تشخیصات	تشخصات
۱۰۱	۱۹	بھی	وہی
۱۰۲	۲۱	محسوسات	محسوسات کے
۱۰۳	۴	وجود کمال	وجود وکمال
۱۱۲	۱۳	الابصارھم	الابصار وھو
۱۱۳	حاشیہ کا آخر	اس صفحہ کا نہیں	بلکہ صفحہ ۱۱۴ کا
۱۱۴	۲۱	مخلوق سے	اور مخلوق سے جدا گانہ ہی
۱۱۵	۱۳	جانے	جانا
//	//	برکت دینے کا ذکر ہے	برکت دینا مذکور ہے
۱۱۸	۱۶	اور نہ	ورنہ
۱۲۱	حاشیہ کا سطر ۱۰	تھے	ہیں
۱۲۶	۱	پہونچایا	نہیں پہونچایا
۱۲۷	۹	عالم	نہ عالم
۱۲۸	۱۷	لگایا	لگادیا ہے
//	۲۰	نسمہ	نسمۂ
۱۲۹	۴	اسکے	اسکے لیئے
۱۳۲	۱	لذات	لذت
//	۴	اور مادیات	اور غیر مادیات
//	۲۰	متمائز	ممیز
۱۳۳	۱	آرام	آلام

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۳۳	۱۸	صدقات	صدقات کو
۱۴۰	//	پہونچتے	پہونچے
۱۴۴	۸	ہو	ہوا
۱۴۶	۱۸	کردیا	ہوگیا
۱۴۸	۱۴	سمجھتے ہیں	سمجھے
۱۴۹	۷	ہوتے	ہوجاتے
//	سطر ۴ حاشیہ	آتی ہے	آتا ہے
//	۵	ہوتی ہے	ہوتا ہے
۱۵۳	۳	ہوتا ہے	ہونا ہے
//	۳	ہمیشہ سے	دائمی
//	۱۶	صاف جاتا ہے	صاف ہوجاتے ہیں
//	۲۰	سہے	ہیں
۱۵۴	۱	گر	مگر
//	۳	عنایتہ	عقائد
۱۵۹	//	بنی آدم	بنی آدم میں
۱۶۱	۱۵	حرکت	حیرت
۱۶۲	۱۴	کردیا جاوے	کردے
۱۶۵	۱۳	اسلام	اسلامی
۱۶۶	۲	وہ تو	وہ
۱۷۱	۳	کوئی بنی	کوئی بھی

toobaa-elibrary.blogspot.com

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۷۵	۲	کا بقصد قتل	کا بلا قصد قتل
۱۷۷	۱	پہر عقل و نہیں کرتی الخ	مکرر
//	۵	جنبی	جوئی
۱۸۱	۱	باپ	پاپ
۱۸۲	۸	دلیل خود	خود
۱۸۴	۱۶	کن امھو	ترکن الیھم
۱۸۷	۹	نمٹی	لحاظ
//	۱۱	کیطرف	کے بئے
۱۸۸	۵	رسم	رسمی
//	۱۲	ہوجاتا ہے	ہوجاتی ہے
۲۰۱	۱۰	آفرینش	آفرنیش سے
//	۱۲	چڑھا ہوتا	چڑھتا
۲۰۵	۱۴	موسوخ	مرسوخ
۲۰۸	۱۸	کہتیاں	کہلسان
۲۰۹	۸	جاتا ہے	چاہتا ہے
۲۱۰	۱۴	شریف	شریف ہے بہی
//	حاشیہ (۱)	مقوس	مقوص
۲۱۱	۲	قہر	فہر
۲۱۲	۲	تین برس	تین سو برس
۲۱۴	۱۷	رہاصات	ارہاصات

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۲۲۱	۳	ار بقط	اُر بقط
//	۹	بیاہی	بیائی
۲۲۳	۱۷	اس کہ	اسلئے کہ
۲۲۷	۱۶	واہل نسل	بنی ہوازن
۲۲۸	۲	سواضع میں کہا	معاضع بہی
۲۲۹	حاشیہ	آئے	آیا
//	//	اسکے	ان کے
۲۳۶	۳	خبر	تحمیر
۲۴۱	۷	عقلاً ہے	عقلاً جائز ہے
۲۴۲	۲	ممنوع ہے	ممنوع ہے کہ
۲۴۴	//	چکے	چکیں
//	۱۷	گناہوکی منافی	گناہوکی معافی
۲۲۵	۱۲	فصیح و بلیغ	فصیح و بلیغ تہے
۲۴۷	۱۵	انکار نہیں کیا تہا	انکار کیا تہا
//	۷	مسلمانوں ہی سے	مسلمانوں میں
//	۱۱	خلانت	خلافت کی
۲۵۱	۲۰	بہادر	بہانہ
۲۶۲	۱۷	چہور	چہوڑ
۲۶۷	۵	بن	ترین
۲۶۹	۲	پہونچے	پہونچ

toobaa-elibrary.blogspot.com

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۲۷۳	۱۳	عالمی نے	عالمی نے بھی	۲۹۶	۷	(اور انضباط انکا)	کے
۲۷۴	۵	بھی نجات	جسطرح بنی زمانہ پر	″	۸	کے	(انضباط ان کا)
۴ ایمان لائے بغیر نجات ممکن نہیں ہے سطر ۴ از زیر پر ایمان لائے بغیر نجات ممکن نہیں ہے				″	۱۲	عام	عالم
۲۷۵	۱۲	حدیث	حدیث میں	۲۹۸	۳	علوم فقہ	علوم
۲۸۲	۴	ایک	آپ	″	۲۹	مجوسی	مجوس
″	۶	فکر	نہ کرو	۲۹۹	۳	بوس	بودہ
۲۸۶	۱	ہوجاتی	ہوجاتی ہے	″	۷	افلاک بقول	افلاک وعقول
۲۹۰	سطر ۴ حاشیہ	آتی	آتا	″	۱۲	سبعی	طبعی
″	″	برات ہے	بلاغت ہے	۳۰۱	۹	اپنے فیلسوف	
۲۹۲	۶	الشرکاتھم	شرکاتھم	″	۱۴	چوتنی	جوتنی
۲۹۳	۵	ہندیل	ہذیل	۳۰۲	۷	لیسکر سطر	۱۸ انکے اندعبادت سے
″	۱۲	ہرس	ہرس	۳۰۴	۱	میں	میں تین
۲۹۴	۹	بیتی	بیٹی	۳۰۶	۱۴	الشقوئے	النقوئے
″	۱۱	غیر موٹی	غیر مرئی	۳۰۷	۸	ضروریات	ضروریات سے
″	″	انہوں	انہیں	۳۰۸	سطر ۴ حاشیہ	یہ بھی تھے	یہ بھی تھا
″	۱۳	بنی ہی ہوتا	بنی ہونا	۳۰۹	۸	اس حکموں	دس حکموں
″	سطر ۵ حاشیہ	کہ ان کے	کہ نہ انکی	۳۱۰	۸	پاگئی انہیں	تہیں
۲۹۵	۱۶	تمیسنی	تمیمی	۳۱۱	۳	کہہ رہے ہیں	کررہے ہیں
″	″	صغواں	صفوان	″	سطر ۶ حاشیہ	آنے سے	آپ نے
″	۱۸	ایا دلسے	آباد لک	″	۱۲	جسمیں یہود	جسمیں عیسائی یہود

toobaa-elibrary.blogspot.com

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۳۱۱	۱۳	صابی	وہ صابی	۳۳۶	۶	کم فہم فہمون	کم فہموں
۳۱۲	۱	بادشاہان عجم	بادشاہان ایران بھی	۳۳۷	۲۱	انسان عقول	انسانی عقول
″	۵	کیا ہے	کیا	۳۳۹	۲۰	یاایھا الذین	یاایھا الذین اٰمنوا
۳۱۳	۱۶	اور اسمیں	تو اسمیں	۳۴۲	۱۵	قلب	منقلب
۳۱۶	۳	ثواب	ثوابت	۳۴۴	۷	رہے ہیں	رہتے ہیں
۳۱۷	۲	کانوشیرواں	انوشیرواں	۳۴۷	۱	پہراسنے	پہراسکے
″	۴	نقص	بغض	۳۴۹	۵ حاشیہ	ارادت وقلت	ارادت قلب
″	۵	بہی	ہی	۳۵۵	۸	باندنا	باندھا جاتا ہے
″	۱۳	ایکنے	ایک	″	۲۰	مردلفہ	مزدلفہ
″	۱۶	فارس تنہا	فارس میں تنہا	۳۵۷	۵	سفیفہ	سفیہہ
″	۱۹	اور لاکر	لاکر	″	۱۶	ماخذہ	مواخذہ
۳۱۸	۲۱	کہتے	کہتے ہیں	۳۶۴	۲۱	دہوپ میں	سایہ میں
۳۲۵	۱۴	ایسرا	اپسرا	۳۶۶	۳	تک	تک کا
۳۲۷	۵	باہر	ماہر	″	″	انتظار	انتظام
″	۱۵	جاتاہے	جاناہے	″	۶	خلدزاروں	خارزاروں
۳۲۸	۹	گہروں	گروؤں	۳۶۷	۳	نیاید	بتاید
۳۳۰	۴	گرتار	گرنار	″	۴	بسانزودے	بساتیرودے
″	″	نیموناتہ	نیمونا تہ	″	″	ماہاردی بہشت	ماہ اردی بہشت
″	۴ حاشیہ	نمبر۲	نمبر۳	″	۱۰	حاصل کرنا	حاصل نہ کرنا
۳۳۴	۱۸	آخرت	آخرت تک	″	″	سب طرح	جس طرح

toobaa-elibrary.blogspot.com

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۳۶۸	۱	انکو پیرونکے	انکے پیروں کو	۴۰۴	۴	تعدی	تحدی
〃	۳	ایکے واعظ	ایک واعظ سے سنکر	صفحہ	۱	۳۰۸	۴۰۸
۳۷۹	۴	غرق ہوجانا	غرق ہوجانیسے	۴۱۲	۸	دوسطر	دوسط
۳۷۳	۶	ایسا	با	۴۱۳	۱۵	قرآن	قرآن کے
〃	۱۵	پڑنا	مرنا	〃	۱۷	ہوتی ہے	ہوتا ہے
۳۷۴	۱۴	اوڑجاتا ہے	اوڑا جاتا ہے	۴۱۵	۳	زبان	زنا
۳۷۶	۱۱	وادی	داؤدوی	〃	۱۷	نقش	نفس
۳۸۰	۸	بھی	یہی	۴۱۶	۹	کرنہیں کہہ سکتا	کرنہیں سکتا
۳۸۲	۲	وغصفض	واغضض	۴۱۸	۱۱	رحمت	زحمت
۳۸۴	۸	حقوق	عقوق الوالدین	۴۲۴	۶	قرآن	قرآن کو
۳۸۵	۱۴	نسبتی	نسبی	۴۳۰	۱۱	راعۃ	براعۃ
۳۸۸	حاشیہ	ولا بغد	ولا یغتب	〃	۱۸	محارہ	محاورہ
〃	〃	ویل الکل	ویل لکل	۴۳۳	۶	اجل	رجل
۳۸۹	۸	کا	کی	۴۳۷	۳	ہے	تھا
۳۹۵	۱۳	(۱)	(۶)	۴۳۹	۱۰	ابجام کا	انجام کار
۳۹۶	۳	شاہد	شامل	۴۴۲	۵	شبہہ بھی	مشبہ بہ
۳۹۶	۱۰	(۲)	(۷)	۴۴۵	۱۰	کہ متردد	کہ کوئی متردد ہو
۴۰۳	سطر ۲ حاشیہ	علم مناظرہ	علم مناظر علم	〃	۲۱	کی کوئی بات	شے کوئی
		علم مقابلہ	جبر و مقابلہ			نہ کھیلنا	بات نہ کہنا
۴۰۵	سطر ۲ حاشیہ	ہنون	ہونی	۴۵۰	۲	جو دو دو	دو دو

toobaa-elibrary.blogspot.com

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۴۵۳	۳	چاک دامنی	پاک دامنی
۴۵۵	۲	فصل	فصل ۱۰
۴۶۰	۲۰	م	نام
۴۶۳	۴	معانیہ	معاتبہ
۴۶۷	۱	بھی	یا
۴۷۰	۲	فصل	فصل ۱۳
۴۷۱	۵	تو یہ	تو کیا یہ
۴۷۲	حاشیہ سطر ۳	تصنیف کے	تصنیف کے وقت
۴۷۷	۱۲	فصل	فصل ۱۴
۴۷۹	۱۲	فصل	فصل ۱۵
۴۸۴	۲۱	اقتباس و قیاس	وقیاس
۴۸۵	۱۱	فصل	فصل ۱۶
۴۸۶	۱۷		ان علوم کی حقیقت
۴۹۰	۶	اشیان ہے	بیان ہے
۴۹۵	۱	بنب سبع	بنت سبع
۴۹۷	۲۰	اس سے	اسلیئے
۵۰۱	۷	ہرانی	ہمدانی
۵۲۱	۸	ڈیوی	ڈیون
۵۲۶	حاشیہ سطر ۱	ان کا صحیح	انکا اجتہاد صحیح
۵۲۷	۶	معاوضہ	معارضہ
۵۳۲	۸	ہے	ہیں
۵۳۳	۱	برای	برائی کو
〃	〃	(۲۰)	(۱۹)
〃	۱۴	نہونے دینا	ہونے دینا
۵۳۵	۳	ہم ہیں سے	تم میں سے
〃	۱۳	کہتے تھے	کہنے لگتا ہے
۵۳۷	۲	اور بھی ہے	اور بھی خوبیت ہے
〃	۱۳	ہر گہرٹی	گہری
۵۳۸	۲	ہے	ہو
۵۴۰	۱۲	دنیا کے	دنیا کو
۵۴۵	۱	اد اولوالعزم	
۵۴۶	۷	دل	دلیل
۵۴۷	۱۵	آپ کے	
۵۴۸	۵	نکالکے	نکالنے کے
۵۴۹	۷	نہ آسکے	نہ آسکیں
۵۵۱	۵	اس لے	ان کے
۵۵۲	۳	اعمال	اعمال کا
〃	۴	(۲۲۱)	(۲۱)
۵۵۸	۱۳	مقولتس	مقوتس
۵۶۰	۲۰	پنکیٹ	پنکسیٹ

toobaa-elibrary.blogspot.com

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۵۶۲	۱	فریفتہ	طریقہ
//		فصل۱۸	فصل۱۹
۵۶۴	۷	خوار	خور
۵۷۷	۱۰	یہود	یہودا
۶۱۰	۱۰	وجوہ	وجود
۶۱۸	۱۰	بانکی	مانے کی
۶۱۹	۶	جنگا	جسکا
۶۲۲	۱۶	انتہابھی	آتناہی
۶۲۷	۶ حاشیہ	طرف سے	طرف
//	۸	اختلاف	اختلاف ہوکر
۶۳۸	۱۵	دید	رگوید
۶۴۰	۸	میں	بھی
۶۴۷	۱۹	شا	شام
۶۴۹	۹	ذائل	زائل
۶۵۰	۱۴	بعد ہے	قبل ہے
۶۵۱	۹	کبھی	کسی
۶۵۳	۶	ابدیت	ازلیت
۶۵۴	۱۱	دیبائی	دیہائے
۶۵۵	۱	ننائے	نیائے
//	۳	دیاس جی	دیاس جی نے
۶۵۶	۱	انہاس	اتہاس
//		ف	اسکو صفحہ ۶۵۸ پر لکھنا تھا

تمت بالخیر

HYDERABAD STATE LIBRARY

toobaa-elibrary.blogspot.com

مصنفہ موسیٰ ابو محمد عبدالحق صاحب

مصنف تفسیر حقانی شہر دہلی بازار لیماران

عقائد الاسلام

مخفی نہیں کہ خدا نے انسان کی نجات اور سعادت کے دو ہی بازو پیدا کیے ہیں جنسے اڑکر منزل مقصود تک جا سکتا ہے اول قوہ نظریہ یعنی عقائد اور علمی حصہ دوسرے قوہ عملیہ جو اعمال صالحہ کیطرف تحریک دلاتی ہے۔ حضرات انبیاء علیہم السلام اور شرائع و ادیان نہیں دونوں قوتوں کی اصلاح و تہذیب کے لیئے آئے ہیں جنکی یہ دونوں قوتیں ناقص رہیں وہ اس پیکر جسمانی چھوڑنے کے بعد قبر اور حشر میں معذب ہوں گی۔ مگر اول قوہ دوسرے سے اعلیٰ و اشرف ہے مرنیکے بعد انسان کے ساتھ رہتی ہے اگر یہ درست ہوگئی تو عذاب ابدی سے محفوظ رہیگا۔ قوۃ ثانیہ کا جو علم متکفل ہے اسکو فقہ کہتے ہیں جسمیں اردو میں بھی علماء نے بہت مفید اور عمدہ تصانیف رائج کیں اور قوہ نظریہ کی اصلاح کا متکفل علم کلام ہے جسکو علم العقائد بھی کہتے ہیں اسمیں اس خوبی اور اس ترتیب اور دلائل عقلیہ و نقلیہ کیساتھ صاف اور سلیس اردو میں اب تک کوئی کتاب تصنیف نہ ہوئی تھی کہ جس سے زمانہ حال کے موافق خاص و عام اپنے عقائد کو موجودہ کدورتوں سے۔ جو مذاہب مختلفہ اور فلسفہ جدید کی سبب پیدا ہوگئے ہیں اور اس آندھی نے زمانہ کو تاریک کر رکھا ہے صاف کرسکیں بس الحمد کہ کتاب عقائد الاسلام جو ۲۰×۲۶ کی تقطیع پر عمدہ اور صاف کاغذ اور چھپائی کے قالب میں اب پہر بار چہارم بہت سی ترمیم و اضافے کے بعد ظہور میں آئی۔ اسکی قبولیت کی یہ ایک ادنی دلیل ہے کہ ہزاروں جلدیں بار بار طبع ہوئیں زمانے کی دست قدرت نے انکو ہاتھوں پر اٹھالیا اور آنکھوں پر رکھ لیا جزو ایمان سمجھکر سینے سے لگایا۔ یہ کتاب مدارس اطفال اہل اسلام کے سلسلہ درس میں داخل ہوگئی اسکو بچوں اور مستورات کیلئے تعلیم میں کھنا زمانے کی ضرورتوں نے فرض و واجب کردیا۔ ہندوستان کا کوئی گوشہ باقی نہ رہا جہاں کے علماء و اعیان نے اسکو قدر دانی کی آنکھوں سے نہ دیکھا ہو۔ اس کتاب کی بنظر فاہ عام قیمت ہی کچھ زیادہ نہیں رکھی صرف ایک روپیہ چار آنے جسمیں محصول ڈاک ہمارے ذمے۔ اور تاجروں کے لیئے ایک خاص رعایت رکھی ہے جو جداگانہ طے ہوسکتی ہے۔

المشتہر

محمد عبدالقیوم و محمد ابوالحسن۔ کوٹھی نواب لوہارو دہلی

toobaa-elibrary.blogspot.com

اشتہار تفسیر حقانی

یعنی تفسیر

آٹھ جلدوں میں تمام ہوئی ہے۔ جلد اول مقدمہ ہے جسمیں جملہ مذاہب اور اسرار عالم آخرت مصطلحات قرآنیہ کی محققانہ بحث کے بعد جملہ مذاہب باطلہ اور معترضات فاسدہ کا نرم عبارت میں مگر سکین بخش الزامی و تحقیقی جواب ہے۔ پھر دوسری جلد میں پارہ الم کی تفسیر ہے جس میں خاص سورہ فاتحہ کے اسرار آٹھ سات جز تک اس خوبی سے بیان ہیں کہ منصف مزاج کو قرآن پر ایمان لانے میں بشرطیکہ توفیق بھی دستگیری کرے۔ ذرا بھی تامل نہیں ہو سکتا اور پھر جملہ کتب سابقہ کا اون کے اولین حصص کو نقل کر کے مقابلہ کر کے دکھا دیا ہے کہ الہامی اور آسمانی اسکو کہتے ہیں پھر بنی اسرائیل کی ابتدا سے لیکر آخر تک ایک ایسی مسلسل تاریخ بیان کی ہے جس سے مطالب قرآنیہ میں کوئی بھی گتھی باقی نہیں رہتی۔ اور اس کے ساتھ ہی بنی اسرائیل اور اُن کے مقامات کا جغرافیہ و نقشہ بھی کتب مسلمہ مخالفین سے دیا ہے۔

علی ہذا القیاس ہر جلد میں یہی التزام ہے۔ اول چند آیات کا جو ایک مطلب کے لیئے ہیں ہر صفحہ پر ایک نیا با محاورہ ترجمہ کیا ہے جو حال کے مترجمین کا وہی رہبر ہے اور اسی کو دیکھکر جس کسینے نیا ترجمہ کیا ہے اسمیں سے کاٹ چھانٹ کی ہے پھر ان آیات کی ترکیب نحوی اور مفردات الفاظ کی تشریح کی ہے پھر وجہ ربط اور سبب نزول بیان کر کے محققین مفسرین کے اقوال اور پھر احکام ہیں تو مذاہب مجتہدین کی تشریح اور انکی دلائل اور احکام کے اسرار کس خوبی سے بیان کیئے ہیں اور ہر ایک جملہ کو دوسرے سے ایسا ربط دیا ہے کہ جسکے دیکھنے کے بعد فوراً قرآن مجید کی حقانیت کا اقرار کرنا پڑتا ہے۔ اور پادریوں آریوں۔ برہموں نیچریوں کے شکوک کو دفع کر دیا ہے لطف یہ ہے کہ مذہب اہل حق کی حمایت رکھی ہے اور قصص و امثلہ احادیث و آثار صحیحہ سے اقتباس کیے ہیں وغیرہ وغیرہ اسکی خوبی و قبولیت کی ایک یہ بھی دلیل ہے کہ تفسیر کے تمام ہونے سے پہلے ہر ہر جلد بار بار طبع ہوئی اور تبرک کی طرح ہاتھوں ہاتھ بٹ گئی

جلد اول کی قیمت چار ہے پھر ہر ہر جلد کی قیمت للہ اور سکو ایک بار خریدنیکیواسطے مجموعہ ۳۰ میں مل سکتا ہے اور جو دس جلد مکمل تفسیر کی منگائی اسکے لیے فیصدی ۵ کمیشن ہے اور زائد کیلئے تحریر کیا جا سکتا ہے۔

المشتہر۔ محمد عبد القیوم و محمد ابو الحسن۔ کوٹھی نواب لہارو دہلی

toobaa-elibrary.blogspot.com